وغیرہ کی طرف سے پاس کیا گیا کوئی مقامی قانون ؛ ذیلی قانون ؛ قانونِ مخصوص ۔

by-line, n. (صحافت) ہم سطری ؛ اخبار یا رسالے میں خبر ، کالم یا فیچر کے ساتھ مصنّف کے نام کی اشاعت ۔

by-name, n. عُرف ؛ پیار کا نام ؛ چھیڑ کا نام ؛ اِسمِ ثانی ۔

by-pass, n. شکمی یا بغلی سڑک ؛ ضِمنی گُزرگاہ ؛ چھوٹا راستہ ؛ بھاپ نکلنے کا ضِمنی راستہ ؛ گیس لمپ کی چھوٹی نلکی ؛ گردش خون کو بحال کرنے کے لیے لگائی جانے والی نئی نالی ۔ (برق) لائن کی تبدیلی ۔

by-pass, v.t. ضمنی راستہ اختیار کرنا ؛ کسی رکاوٹ سے بچنا ؛ راہ مسدُود نہ ہونے دینا ؛ خون کی گردش کو ازسَرنو بحال کرنا ؛ جان بُوجھ کر نَظر اَنداز کر دینا ، جیسے اپنے سے بڑے کسی شخص کی خواہش یا فیصلے کو ۔

by-past, a. گُزشتہ یا گُزرا ہوا ۔

by-path, by-street, n. پگ ڈنڈی ؛ چھوٹا راستہ ؛ رہگُزر جو بڑی سڑک سے علیحدہ ہو ؛ ضِمنی سڑک ؛ کُوچہ ؛ گلی ؛ غیر معرُوف راستہ ۔

by-play, n. ضمنی ڈراما ؛ ڈرامے کا وہ حصّہ جس میں اصل کارگُزاری کے ساتھ ساتھ پہلو میں علیحدہ کارگُزاری یا مکالمے بھی جاری ہوں ؛ ڈرامے کا ضِمنی حصّہ ؛ جُزوی کردار ؛ ثانوی مَقصَد و مدعا ۔

by-product, n. ضمنی پیداوار ، جو اصل پیداوار یا شَے کے علاوہ ہو ؛ ضِمنی حاصل ؛ چھوٹی سی اڑچن جو نادانستہ طور پر معاملے میں پیدا ہو جائے ؛ نادیدہ حالات یا عواقب ۔

byre, n. (برطانوی) گایوں کا باڑا ؛ گئو شالہ ۔

by-road, n. ضِمنی سڑک ؛ چھوٹی سڑک ؛ چھوٹا راستہ ؛ قریب کا رستہ ؛ سُونی سڑک ؛ سڑک جو زیادہ مصروف نہ ہو ۔

Byronic, a. بائرنی ؛ انگریزی شاعر لارڈ بائرن (۱۷۸۸ء ۔ ۱۸۲۴ء) کا یا اس سے متعلّق ؛ بائرن کی خوبیوں یا اُس کے اسلوبِ شعر کا حامل ؛ افسُردہ ؛ تُند ؛ پُرجوش ۔

Byronically, adv. جذباتی ؛ بائرن کے انداز میں ۔

Byronism, n. بائرنیّت ؛ لارڈ بائرن کی کِرداریت ؛ بائرن کا اندازِ شاعری ؛ بائرن کی شاعری کی خصُوصیات ۔

byssus, n. کتانہ ؛ سَن کا درخت ؛ پرانے زمانے میں اس کے ریشوں یا کتان سے کپڑا بنایا جاتا تھا اور مصری اس سے ممّی جامہ بنایا کرتے تھے ؛ بعدہٗ ، سُوتی اور ریشمی کپڑا ۔ (حیوانیات) سِلکی ریشوں کا لَچھّا جس کے ذریعے صَدفِی کیڑوں جیسے گُھونگھے چٹانوں سے چمٹے رہتے ہیں ۔

bystander, n. ناظر یا تماشائی ؛ دیکھنے والا ؛ جو صرف تماشا دیکھے لیکن اِس میں کوئی حصّہ نہ لے ۔

byte, n. (کمپیوٹر) بائیٹ ؛ ثنائی اعداد کا سلسلہ جو اکائی کے طور پر کام کرے اور جو ہمیشہ ایک لفظ سے مختصر ہوتا ہے ۔

by the by, adv. بڑے راستے ، عام گزر گاہ یا شاہراہ کی بجائے ایک طرف سے ؛ اصل نُکتے یا اصل موضوع سے دُور ؛ اتفاقیہ طور پر ذکر کرتے ہوئے ؛ احیاناً تذکرے کے دوران ۔

by the way, adv. اتفاقیہ طور پر ؛ اچانک ؛ احیاناً ؛ ضمناً ؛ ذرا ہٹ کر گزرتے ہوئے ۔

by way, n. کم رواں راستہ ؛ عام رستے یا شاہراہ کے علاوہ کوئی دُوسرا راستہ ؛ ضمنی سڑک ؛ سُونا ، غیر آباد اور اُجاڑ راستہ ؛ کسی علم یا فن کا غیر معروف شُعبہ ۔

by word, n. ضَربُ المثل یا کہاوت ؛ زبان زدعام ؛ کوئی ایسا شخص یا ایسی شے جو اپنی انفرادیت کے لحاظ سے لوگوں کے زبان زد ہو جائے ، خصوصاً تمسّخر و تضحیک یا نفرت و حقارَت کے طور پر ؛ نفرت اور حقارت سے رکھا ہوا نام ، دیا ہوا لقب یا عُرف ؛ کسی خاص فن میں شہرت کی وجہ سے کسی شخص کے نام کی مقبولیت ۔

Byzantine, Byzantian, n. بزنطی ؛ بازنطینی ؛ بازنطینی سلطنت کے دارالحکومت بازنطین ، بزنطہ یا قُسطنطنیہ کا قدیم باشندہ یا وہاں کا رہنے والا ۔

Byzantine, Byzantian, a. بزنطی ؛ بازنطینی ؛ بازنطین کا یا اس سے متعلّق (قدیم شہر بازنطین بعد میں قسطنطنیہ کہلانے لگا خصوصاً بازنطینی سلطنت کے دارالحکومت کے طور پر) ؛ (موجودہ استنبول) ۴۷٦ء میں یہاں کی مغربی حکومت کے زوال کے بعد مشرقی حکومت کے قیام سے متعلّق یا اس کے تذکرے کے طور پر ؛ بازنطینی دور میں ترقی یافتہ فنّی اسلوب کی صفات/خوبیوں سے متعلّق ۔ (فنِ تعمیر) بازنطینی اور مشرقی سلطنتوں کے تحت فنِ تعمیر کی ترقّی یا اِس کی خوبیوں جیسے گول محراب ، صلیب ، دائرہ ، قُبّوں کے سہارے بنائے ہوئے گُنبد اور فرش، فروش کی زینت افزا پچی کاری کے متعلّق ۔ (مذہبیات) راسخ العقیدہ مشرقی یا یونانی کلیسا سے متعلق ، جیسے بازنطینی عقائد یا رسوم و رواج ۔

C

C,c, n. انگریزی حروفِ تہجّی کا تیسرا حرف اور دوسرا حرفِ صحیح ؛ اصلاً ''ک'' کی آواز ، لیکن اب e,i,y سے پہلے واضح ''س '' کی آواز ۔ (بڑا C) (موسیقی) عام جدید سرگم کے پہلے سُر کا نام ، اطالویوں کے do (ڈُو) اور فرانسیسیوں کے ut (اُت) کا مترادف ؛ بلحاظِ سلسلہ تیسرے نمبر پر ؛ امتحانی درجہ بندی کے نظام میں اوسط یا معمولی درجے کا مظہر نشان ؛ ۱۰۰ کے لیے رومی ہندسہ ۔ (چھوٹا c) کیلوری کا مخفف ۔ (ریاضی) تمام حقیقی اعداد کے سیٹ میں بُنیادی عدد ؛ سِرسہ ؛ تقریباً ۔

Caaba, n. کعبہ ؛ بیت اللہ ؛ اللہ کا گھر ؛

مُسلمانوں کے لیے سب سے بڑا مُقدّس مُقام ۔

cab, n. ٹیکسی ؛ کَیب ؛ یکّہ ؛ اِکاّ ؛ تانگا ؛ بگھّی ؛ کرایے پر چلنے والی مسافر موٹر گاڑی ، جس میں عموماً کرایہ کی رقم ظاہر کرنے کے لیے میٹر لگا ہوتا ہے ؛ مسافروں کے لیے کرائے پر چلنے والی گھوڑا گاڑی جیسے ٹم ٹم ؛ ریل گاڑی کے انجن میں انجینئر کے لیے مسقّف ڈِبّہ ؛ ٹرک میں ڈرائیور کے لیے چھت دار نشست گاہ ۔

cabal, n. خُفیہ جتھا بندی ؛ ساز باز ؛ سازشی گروہ ؛ ذاتی نظریے کی نشرو اشاعت یا اقتدار پر قبضہ جمانے کے لیے کسی سازش میں خُفیہ طور پر متّحدہ افراد کا گروہ ؛ ایسے گروہ کی عیاریاں اور منصوبے ؛ سانٹھ گانٹھ ؛ سازش ؛ اٹ سٹ ؛ گُشٹی ؛ جتھا ۔ (فعل لازم) سازشی گروہ بنانا ؛ ساز باز کرنا ؛ اَٹ سٹ کرنا ؛ کسی خُفیہ جماعت میں شریک ہونا ۔

cabala, cabbala, kabala, kabbala, n. کبالا ؛ سرّ؛ تَصوُّف کا سرّی نظام تَفسیر ؛ تصوُّف کا باطنی نظام جو مقدس صحائف کی صوفیانہ تفسیر پر مبنی ہے ؛ یہ نظام چھٹی صدی عیسوی میں یہودی رِبیّوں کے درمیان رائج ہوا اور سینہ بسینہ منتقل ہوتا رہا ؛ ازمنۂ وسطیٰ میں بعض عیسائی صوفیا نے بھی اِسے اختیار کر لیا تھا ؛ کسی بھی سرّی ، باطنی یا خُفیہ نظریے یا علم کا نام ۔

cabalism, n. سِرّیت ؛ کبالیت ۔

cabalist, n. سِرّی ؛ کبالی ۔

cabalistic, cabalistical, cabalic, a. کبالیہ ؛ سِرّیہ ؛ سِرّی ؛ کبالیانہ ۔

cabalistically, adv. سِرّی طریقے سے ؛ کبالی انداز سے ؛ سازشی یا خُفیہ طریقے سے ۔

caballero, n. [گُھڑ سوار] کبالیرو ؛ ہسپانوی مُعزّز شخص ۔ (جنوب مغربی امریکا میں) ایک گُھڑ سوار ؛ ایک محافظ ہم رکاب یا ہم سفر ۔

cabana, n. کبانہ ؛ حُجرہ ؛ کوٹھڑی ؛ کیبن یا چھوٹا سا مکان جیسے کسی صحت افزا گرمائی مقام پر؛ ساحل سمندر پر یا تیراکی کے تالاب سے مُلحق حمّام ۔

cabane, n. کبان ؛ اڑواڑ یا آڑی ترچھی سلاخوں کا چوکھٹا جو ابتدائی دَور کے ہوائی جہازوں کے پیٹ کے اُوپر طیّارے کے بازُو کو سہارا دینے کے لیے لگا ہوتا تھا ۔

cabaret, n. کیبرے ؛ مَیخانہ ؛ ریستوران جس میں تفریح کا انتظام ہو ؛ ریستوران یا نائٹ کلب کی طرف سے مہیّا کردہ تفریحی پروگرام ؛ شراب خانہ ؛ بھٹّی ۔

cabbage, n. [بڑا سر] گوبھی ؛ گوبھی کی ہر قسم ؛ کرم کلاّ ؛ بند گوبھی ؛ گوبھی کا پُھول ؛ گانٹھ گوبھی ؛ چہار برگ پودے کی مختلف کاشتنی اقسام میں سے کوئی ایک ؛ اسی کی مانند اور دوسرے پودے ؛ تاڑ کی بعض اقسام میں سِرے کا کلّہ ۔ (فعل لازم) گوبھی کی طرح کا (بڑاسر) بنانا۔

cabbage, n. (برطانوی) چُرائی ہوئی یا چُرا کر بچائی ہوئی چیز ، مثلاً درزی کا بچا کر چُرایا ہوا کپڑا ۔

cabbage, n. (عوامی) زرِ کاغذی ؛ کاغذی سکّہ ۔

cabbage butterfly, n. کلم تیتری ؛ سفید یا سفیدی مائل تتلی ، جس کا لاروا گوبھی کے پتّے کھا کر نشوونُما پاتا ہے ۔

cabbage palm, n. نخلِ بندی ؛ بندی تاڑ ؛ تاڑ خاندان کا درخت سابل تاڑچہ (Sabal Palmetto) جس کے پتّوں کی کونپلیں کھائی جاتی ہیں ۔

cabbage palmetto, n. سابل تاڑچہ ؛ نخلک بندی ؛ بندی تاڑچہ ؛ تاڑ کی ایک قسم جو امریکا کے جنوبی ساحلی علاقوں میں پیدا ہوتی ہے ۔

cabbage rose, n. صد برگہ گلاب ؛ گلاب کی ایک قسم جس کا پُھول بڑا ، گول ، گٹھا ہوا اور گلابی ہوتا ہے ؛ کلم گلاب ۔

cabbage town, n. (کینیڈا) کچیّ آبادی ؛ غلیظ جگہ ؛ پست اور کثِیف شہری علاقہ ۔

cabbage tree, n. بندی تاڑ ؛ نخلِ بندی ؛ تاڑ کی چند ایسی اقسام میں سے کوئی ایک جس کے سِرے پر کلّے کی شکل میں بڑے پتّے ہوتے ہیں اور گوبھی کی طرح کھائے جاتے ہیں ، جیسے آسٹریلیا کا لوسٹونا (Livistona) یا بے خار (inermis) یا جنوبی امریکا کا انوڈس (inodes) تاڑچہ ، جزائر غربِ الہند کا اوریوڈوکسا (Oreodoxa) ؛ بعض دیگر درخت اور پودے مثلاً آسٹریلشیا کے درخت نیوٹسیا فلوری بنڈا (Nuytsia floribunda) یا استوانی امریکی درخت ووآکیپوآ (Vouacapoua) ۔

cabbage worm, n. جھنجھا یا کملا ؛ پتنگے کا پہل رُوپ؛ گوبھی کی سُنڈی؛ ایک سُنڈی خصوصاً جس کا تعلق سفید تیتری سے ہے اور جو گوبھی کے پتّے کھاتی ہے ۔

cabbala, n. دیکھیے : Cabala ۔

cabby, n. (بول چال) گاڑی بان؛ بگھّی والا ؛ ٹیکسی ڈرائیور۔

caber, n. (اسکاٹش) صنوبری کُندا ؛ ڈنڈا یا چھوٹے درخت کا تنا جو بالخصوص اسکاٹ لینڈ کی ورزش یا کھیل میں طاقت کے مقابلہ کے لیے پھینکا جاتا ہے (جیسے کُندا پھینکنا tossing the caber) ۔

cabin, n. کیبن ؛ اُطاق ؛ حجرہ ؛ کوٹھڑی ؛ چھپّر؛ چھوٹا سا کچّا مکان ؛ جھونپڑی یا کُٹیا ؛ چھوٹا کمرہ یا احاطہ ؛ عارضی کمرہ یا کوٹھڑی ؛ ہوائی یا بحری جہاز میں مسافروں یا افسروں کے لیے چھوٹا کمرہ ؛ جہاز میں مسافروں کے استعمال کا حصّہ جو بعض اوقات رہایش کی خوبی اور سہولتوں کے اعتبار سے پہلا یا دوسرا درجہ کہلاتا ہے ؛ کیبل کار یا ہوائی ٹراموے میں مسافروں کے بیٹھنے کی جگہ ؛ موٹل کے کمرے یا رہایشی حصّے کا دَالان ؛ بیرونی حصّہ (اُطاق) ۔

cabin, v.t. کوٹھڑی میں ڈالنا ؛ محدود جگہ میں روکنا یا قید کرنا ۔ (فعل لازم) کمرے یا کوٹھڑی میں رہنا ۔

cabin boy, n. کیبن بوائے ؛ جہازی خدمت گار ؛ جہاز میں افسروں اور مسافروں کی خدمت پر مامور لڑکا ؛ جہازی ٹہلوا ؛ جہازی بیرا ۔

cabin class, n. کیبن کلاس ؛ کیبن درجہ ؛ بعض جہازوں میں مسافروں کے لیے کم کرائے اور اوّل درجہ کی نسبت کم سہولتوں کی فراہمی پر مشتمل رہایش کی ایک قسم ۔

cabinet, n. کیبنٹ ؛ الماری ؛ کابینہ ؛ فرنیچر کا ایک جُزو جو الماری یا صندوق کی شکل میں ہو اور اس میں دراز اور دروازے لگے ہوئے ہوں ؛ خانوں اور دروازوں والی الماری ؛ گولکی ؛

صندوقچہ ؛ چھوٹی الماری ؛ نعمت خانہ یا برتنوں کی الماری جس میں طاقچے اور پَٹ ہوتے ہیں ؛ دیوار سے لگی ہوئی میز یا الماری جس میں ٹیلی وژن یا ریڈیو رکھنے کی جگہ بھی ہوتی ہے ؛ حکومت کے چنیدہ وزرا کی مجلس ۔ (بڑے C کے ساتھ) تمام وزرا کی کابینہ/تنظیم جو کسی قوم یا ملک کی حکومت کا نظام چلاتی ہے ؛ اس تنظیم کا نام کیبنٹ اس لیے پڑا کہ وزرا ایک چھوٹے کمرے میں بیٹھ کر مشورت کرتے تھے ؛ اُطاق کابینہ ۔ (صفت) سیاسی کابینہ سے متعلّق ؛ نجی ؛ صیغۂ راز میں ؛ خوبصورتی یا قدروقیمت کے باعث الماری کے لیے موزوں ؛ یا بلحاظِ جسامت ایک چھوٹے نجی کمرے کے لیے مناسب ؛ کیبنٹ کا ، کیبنٹ سے متعلّق ، کیبنٹ کے استعمال یا کیبنٹ بنانے کے لیے مناسب ۔

cabinet maker, n. کیبنٹ ساز ؛ ترکھان ؛ نجّار ؛ بڑھئی ؛ وہ شخص جس کا پیشہ فرنیچر بنانا ہو۔

cabinet making, n. کیبنٹ سازی ؛ فرنیچر سازی ۔

cabinet work, n. کیبنٹ کاری ؛ لکڑی کا بڑھیا کام جیسے فرنیچر سازی اور شیلف بنانے میں۔

cabin pressure, کیبن دباؤ ؛ ہوائی جہاز کے کمرے میں ہوا کا دباؤ۔

cable, n. تار ؛ طناب ؛ رسّی ؛ بحری تار ؛ جہازی رسّہ ؛ لنگری زنجیر ؛ سَن کی مضبوط موٹی رسّی جس کی موٹائی دس انچ سے زیادہ ہو ؛ لہاس ؛ تار کی موٹی رسّی ؛ زنجیر یا رسّہ جو جہاز کو لنگر انداز کرنے یا معلّق پُل کی سڑک کو سہارا دینے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ برقی موصل جو علٰیحدہ علٰیحدہ چند حاجز تاروں کو بٹ کر بنایا جاتا ہے ؛ زیر آب برقی تار جو تلغرافی پیغام رسانی کے لیے استعمال ہو ؛ کیبل گرام یا تار ؛ جہاز رانی میں پیمایش کی اکائی ؛ کوئی چیز جس کی ساخت میں رسّی کے بل کی خصوصیت ہو ؛ بل دار کیبل ۔

cable, v.t. رسّی یا تار مہیّا کرنا ؛ کیبل سے یا کیبل کی طرح سے باندھنا ؛ زیر آب تلغرافی تار کے ذریعے پیغام رسانی کرنا یا بھیجنا ۔ (فعل لازم) زیر آب تلغرافی تار کے ذریعے پیغام بھیجنا۔

cable car, n. کیبل کار؛ تار گاڑی؛ طنابی گاڑی ؛ مسافر گاڑی جو تاروں کے رسے کے سہارے چلتی ہے ۔

cable gram, n. کیبل گرام ؛ بحری تار ؛ تلغرافی پیغام جو سمندر پار زیر آب تار کے ذریعہ بھیجا جائے ۔

cable-laid, hawser-laid, a. رسیّ بَل ؛ رسیّ کا ایک نمونہ جو تین سُوت سے بنی تین رسیّوں کو بائیں ہاتھ کی طرف بَٹ کر بنایا جاتا ہے ۔

cable length, cable's length, n. تار لمبائی ؛ کیبل طُول ؛ بحری فاصلے کے ناپ کی اکائی جو ۱۰۰ یا ۱۲۰ فیدم یا انگلینڈ میں ۶۰۸ فٹ اور امریکا میں ۷۲۰ فٹ طویل ہوتی ہے ۔

cable rail-road, n. طنابی پٹڑی ؛ ریل کی ایک پٹڑی جو خصوصاً ڈھلوانی راستے پر چڑھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ، اس پر گاڑیاں متحرک اور مدوّر تار کی گرفت سے چلتی ہیں ، یہ تار پٹڑیوں کے نیچے ہوتا ہے اور اسے ایک جگہ قائم موٹر انجن سے طاقت ملتی ہے ۔

cable-stitch, n. رسّی ٹانکا ؛ بُنائی کا ایک ٹانکا یا پھندا جس سے اُبھری ہوئی ، بَل دار اور بٹی ہوئی رسّی جیسی شکل بن جاتی ہے ۔

cable way, n. طنابی راستہ ؛ مال یا مسافروں کی ترسیل کا ایک آلہ جس میں ایک یا دو تاریں دو سہاروں کے درمیان معلّق رہتی ہیں اور ایسا بالائی راستہ بناتی ہیں جس پر وہ گاڑیاں کھینچی یا چلائی جاتی ہیں ۔

cabob, n. کباب ۔ دیکھیے : Kabab ۔

cabochon, n. کبوشون ؛ قبّہ جوہر ؛ قیمتی پتھر جو محدّب (اُبھرا ہوا) اور گول ہو ، جسے صیقل کر کے چمکایا گیا ہو لیکن تراش کر پہلو نہ بنائے گئے ہوں ؛ اس سے مشابہ چھوٹا (امتیازی کلمہ یا نشان) جو ایک خاص عہد کے فرنیچر پر بطورِ آرایش کَندہ کیا جاتا تھا ۔

caboodle, n. (عوامی) سارے کا سارا ؛ غول ؛ ہجوم ؛ کھیپ ؛ ذخیرہ ۔

caboose, n. [باورچی خانہ] جہازی باورچی خانہ ؛ مال گاڑی کا آخری ڈبّہ جس میں زیادہ تر عملہ یا کارکُن بیٹھتے ہیں ۔ (برطانوی) بحری جہاز کی گیلی خصوصاً جہاں کھانا پکانے کا انتظام ہو ؛ جہاز کے عرشہ پر بنا ہوا باورچی خانہ ۔

cabotage, n. کبوتاژ ؛ کنارے کنارے کشتی رانی یا ساحل کے ساتھ ساتھ جہاز رانی ۔ (ہوا بازی) سامان/مسافروں کو قانونی پابندی کے مطابق کسی ملک کی حدود میں لے جانے/سفر کرانے کا عمل ۔

cabretta, n. کبریٹا ؛ بھیڑ کھال ؛ مضبوط قسم کا پوستِ گوسفند یا بھیڑ کا چمڑا جو جوتے اور دستانے بنانے کے کام آتا ہے ۔

cabrilla, n. سمندری بکری ؛ سمندری کانٹے دار مچھلی کی متعدّد قسموں میں سے کوئی ایک خصوصاً مثیل برسحاب (Epinephelus analogous)۔

cabriole, n. [بکری کی لپکتی ٹانگ سے مشابہ] جنگلہ ؛ فرنیچر کا خمدار خوبصورت پایہ جو اکثر کسی جانور کے کُھر یا پنجے یا کسی اور آرایشی شکل میں ہوتا ہے ؛ بیلے رقص یا ناٹک ناچ کی جست ۔

cabriolet, n. بگھی ؛ ٹم ٹم ؛ یکّہ ؛ کالسکہ ؛ اصلاً ایک ہلکی ، دو پہیّوں ، ایک نشست اور چھت والی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جوتا جاتا ہے ؛ کیب یا ٹیکسی ؛ ایک قسم کی موٹر گاڑی جس کی چھت موڑ کر تہ کی جا سکتی ہے ۔

cab-stand, n. ٹیکسی اڈّا ؛ وہ جگہ جہاں کرایہ پر چلنے والی گاڑیاں (ٹیکسیاں) مسافروں کے انتظار میں کھڑی رہتی ہیں ۔

ca'canny, n. (برطانوی ، عوامی) کاکنی ؛ مزدوروں کی طرف سے بطور احتجاج جان بوجھ کر پیداوار یا کام کی رفتار میں کمی ۔

cacao, n. کوکو ؛ جنس کوکو (Theobroma Cacao) کا چھوٹاسدا بہار پودا ؛ منطقۂ حارّہ کے امریکی ملکوں کا مقامی درخت جس کی کاشت اس کے بیجوں کے لیے کی جاتی ہے جس سے کوکو اور چاکلیٹ بناتے ہیں ؛ اِس درخت کے بیج ۔

cacao butter, n. کوکو مکھّن ؛ کوکو سے بننے والا مکھّن ۔

cachalot, n. قیطس ؛ عنبر ماہی ؛ کشالو ؛ ایک قسم کی وھیل مچھلی جس کا بہت بڑا سَر ہوتا ہے ، سَر کے ایک

بڑے خانہ میں کافوری موم یعنی ایک سفید روغنی مادّہ بھرا ہوتا ہے : روغنِ قیطس اور کچّا عنبر اس مچھلی سے حاصل ہوتا ہے ۔

cache, n. دفینہ ؛ چُھپانے کی جگہ ؛ زمین کے اندر وہ جگہ جہاں کھانے پینے کی چیزیں چُھپائی جائیں یا ذخیرہ کی جائیں ؛ خُفیہ ذخیرہ گاہ ؛ کھانے پینے کی چیزیں اور دیگر اشیا جو چُھپا کر رکھی گئی ہوں ؛ چور خانہ ۔

cache, v.t. دفینہ بنانا ؛ خُفیہ ذخیرہ گاہ میں رکھنا ؛ چُھپانا ۔

cache pot, n. پودے لگانے کا آرایشی برتن جس کی شکل نلکی نُما ہوتی ہے اور اِتنا بڑا ہوتا ہے کہ اس میں ایک گُلدان سما سکتا ہے ؛ ایک قسم کا گملا ۔

cachet, n. مُہر ، جو خط پر لگائی جائے ؛ خصوصی نشان جس سے عزوافتخار کا اظہار ہوتا ہو ؛ پیغام یا نقش جو لفافہ پر ڈاک یا ڈاک ٹکٹوں سے متعلّق کسی واقعہ کی نشانی کے طور پر لکھا یا بنایا جائے ؛ نعرہ یا کلیدی فقرہ جو ڈاک کی تنسیخ کا حصّہ ہو ؛ (ادویہ سازی) ٹکیہ یا پُڑیا جس میں بدمزہ دوا رکھی جائے ۔

cacholong, n. دُودھیا گار ؛ لعلِ سفید ؛ قشلون ؛ ایک قسم کا اوپل یا دُودھیا رنگ کا قیمتی پتّھر ۔

cachou, n. کتّھا ؛ مُنہ میں گُھلنے والی میٹھی گولی یا ٹکیہ جو سانس کی خوشبو کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

cachucha, n. ایک تیز ہسپانوی رقص جو انفرادی ہوتا ہے اور تین تال پر کیا جاتا ہے ، یہ رقص بولیرو ناچ سے مشابہ ہوتا ہے ؛ اس رقص کی موسیقی ۔

cacique, n. اوریل ؛ میکسیکو یا جزائر غرب الہند کا انڈین سردار ؛ اسپین اور جنوبی امریکا میں مقامی سیاسی سربراہ ؛ امریکا کے گرم علاقوں کا سیاہ و زرد پروں والا دیس بَدَل یا موسمی پرندہ ۔

cackle, v.i. کُڑکڑانا ؛ تیز اور پُرشور چیخ مارنا جیسے اکثر انڈا دینے کے بعد بطخ یا مُرغی کی چیخ ہوتی ہے ؛ ٹوٹتی آواز سے قہقہہ مارنا جس طرح بطخ قیں قیں کرتی ہے ؛ بدتمیزی سے ہنسنا ؛ بک بک کرنا ؛ بُڑبُڑانا ؛ گپ مارنا ۔ (اسم) قاقا ؛ کُٹ کُٹ ؛ کُڑکُڑ ؛ بڑبڑ ؛ بَک بک ؛ گپ شپ ؛ احمقانہ بکواس ۔

cackler, n. بکّی ، گپّی ۔

cacoethes, n. اضطرار یا اجبار شدید ؛ خبط ؛ بری عادت مثلاً مسلسل بولتے رہنے کی ؛ بُری لت ، بان ، یاخُو ۔

cacogenesis, n. نسلی انحطاط جو خصوصاً گھٹیا موروثی خصوصیات رکھنے والے افراد کی افزایشِ نسل سے ہوتا ہے ۔

cacography, n. ہاتھ کی خراب لکھائی ؛ بد خطی بمقابلہ خوش نویسی یا خطّاطی ؛ غلط املا بمقابلہ املاء صحیح یا درست نویسی ۔

cacographer, n. بد خط ۔

cacographic, cacographical, a. بدخطی ۔

cacology, n. الفاظ کا ناقص انتخاب ؛ ناقص طرزِ بیان یا اسلوب ؛ خراب تلفّظ ؛ غلط تلفّظ ۔

cacomistle, cacomixl, n. ایک گوشت خور جانور یا درندہ جو میکسیکو اور جنوب مغربی ریاستہائے متّحدہ امریکا میں پایا جاتا ہے ، خرسک سے مشابہ لیکن اس کی بہ نسبت دُبلا ، اس کی تھوتھنی نکیلی اور دُم زیادہ لانبی ہوتی ہے ؛ اس کی اُونی کھال ؛ چھلّے دار دُم والی بلّی ۔

cacophonist, n. نامتجانس ؛ متنافر سُروں کی موسیقی کا ترتیب دہندہ یا مدّاح ؛ کرخت آواز آدمی ؛ بے سُرا شخص ۔

cacophonous, a. کریہہ الصوّت ؛ بد آواز ؛ متنافر/نامتجانس آواز والا ؛ بے سُرا ۔

cacophonously, adv. بے سُرے انداز میں ۔

cacophony, n. کرخت آوازی ؛ کریہہ الصوتی ؛ متنافر/نامتجانس آواز ؛ بے سُرا پن ؛ غیر ہم آہنگ آوازوں کا میل ۔ (موسیقی) بے آہنگ سُروں کا بالتکرار استعمال ۔

cactaceous, a. تھوہر یا ناگ پھنی کی قبیل کا (پودا) ؛ تھوہر کی طرح ۔

cactoid, a. تھوہر نُما ؛ تھوہر سے مماثل یا ملتا جلتا ۔

cactus, n. ناگ پھنی ؛ تھوہر ؛ ناگ پھنیہ یا صبّاریہ قبیل کے پودوں میں سے کوئی ایک ، یہ پودا عموماً ڈنٹھل دار بے برگ اور خار دار ہوتا ہے، اس کے پُھول اکثر (خصوصاً گرم و خشک علاقوں میں) خوش نُما ہوتے ہیں ۔

cacuminal, a. (صوتیات) قمّی : ایسی آواز جو زبان کی نوک کو موڑ کر تالو سے لگانے پر نکالی جاتی ہے یا نکلتی ہے ۔ (اسم) قمّی آواز ۔

cad, n. ادنیٰ ؛ رذیل ؛ کمینہ ؛ سفلہ ؛ پاجی ؛ غیر شریف یا بدتمیز آدمی خصوصاً عورتوں کے سلسلہ میں ؛ شہدا ۔ (برطانوی) پہلے زمانے میں آکسفورڈ یونیورسٹی میں شہری (بمقابلہ مضافاتی یا دیہاتی) کو کیڈ بھی کہتے تھے ۔

cadastre, cadaster, n. رجسٹر مالگزاری ؛ سرکاری رجسٹر ، مسل یا مجمل مطالعہ جس میں کسی علاقہ کی جائیداد غیر منقولہ کی قیمت ، ملکیت وغیرہ ، محصول کا تعیّن کرنے کے لیے درج ہو ۔

cadastral, a. مالگزاری کا : جائیداد غیر منقولہ کے متعلّق ۔

cadaver, n. نعش ؛ لاش ؛ خصوصاً مُردہ اِنسانی جسم جو تجزیہ و تشریح یا چیر پھاڑ کے لیے ہو ۔

cadaveric, a. لاش یا مُردار سے متعلّق ۔

cadaverous, a. مُردارگوں ؛ مُردہ وَش ؛ مُردہ جسم سے متعلّق ؛ خصوصاً مُردہ انسانی جسم سے مشابہ یا ہمرنگ ؛ زرد ؛ کمزور ؛ ڈراؤنا ؛ مریل سا ۔

caddie, caddy, n. چوب بردار ؛ گالف چاکر ؛ کیڈی ؛ گالف کھیلنے والے کا اُجرتی مددگار یا خادم جو اس کی چھڑیاں لے کر چلتا ہے ۔ (اسکاٹ بولی) چھوٹے موٹے کام کرنے والا ؛ پیغام بر لڑکا ؛ چھوٹی گاڑی جو ایسے لادو سامان کو لے جانے کے لیے استعمال کی جائے جسے بہ آسانی ہاتھوں میں اٹھا کر نہ لے جایا جا سکے ۔

caddie, v.i. چوب برداری کرنا ؛ کیڈی کی حیثیت سے خدمت کرنا ۔

caddis, caddice, n. کُھردرا اُونی کپڑا ؛ کاتی ہوئی اُون ؛ اُونی فیتہ یا ڈوری ؛ کیڈس کرم یا کیڑا ۔

caddisfly, n. کیڈس مکھّی ؛ شعری پرّاں (Trichoptera) قبیل کی مختلف اقسام میں سے کسی بھی قسم کا پروانہ نُما کیڑا جس کی چار جِھلّیاں اور تھوڑے بہت روئیں دار پَر ہوتے ہیں : یہ اصطلاح

عموماً بالغ کیڑوں کے لیے استعمال ہوتی ہے تا کہ کیڈس کِرم سے اُن کا امتیاز ہو سکے ۔

caddish, a. بے اُصولا ؛ غیر شریف ؛ شُہدے کی طرح ؛ کمینہ ؛ بدمعاش ؛ رذیل ۔

caddishly, adv. غیر شریفانہ ۔

caddishness, n. کمینگی ؛ رذالت ۔

caddisworm, n. کیڈس دوده ؛ کیڈس مکھی یا پتنگے کا گیلا لاروا یا حشرہ جسے مچھلی کے شکار میں بطور ترغیبی غذا یا چارا استعمال کیا جاتا ہے ، یہ حشرہ ریت یا درختوں سے گرے ہوئے پتّوں اور شاخوں کے درمیان ریشمی خول بنا کر رہتا ہے ۔

caddy, n. چھوٹا بکس ؛ کُپّا یا پٹاری جس میں چھوٹی موٹی چیزیں رکھی جاتی ہیں خصوصاً چائے کی پتّی وغیرہ کے لیے ؛ ڈبیا یا ڈبّا ۔

cade, n. صنوبر کی بڑی جھاڑی ؛ جنسِ عُرعُر (Juniperus) کا ایک گھنا صنوبری پودا جو بحیرۂ رُوم کے علاقہ میں پیدا ہوتا ہے ، اس کی لکڑی سے بادامی رنگ کا روغن حاصل ہوتا ہے جس سے جِلدی بیماریوں کا علاج کیا جاتا ہے ۔

cade, a. کیڈ ؛ انسان کا پالا ہوا جانور کا بچّہ ؛ جانور کا وہ بچّہ جسے اُس کی ماں چھوڑ دے اور جو انسان کے ہاتھوں پرورش پائے مثلاً کیڈ میمنہ ۔

cadelle, n. سیاہ بھونرا خصوصاً ماریطانیہ کا ظُلمت بھونرا (tenebroides) جو ذخیرہ شُدہ اناج کھاتا ہے ۔

cadence, n. لَے ؛ زیروبم ؛ خطابت یا شاعری میں الفاظ یا اصوات کا ہموار اور ہم آہنگ تسلسل ؛ مارچ کرنے میں حرکت ، توازن اور قدم زنی میں یکسانیت ؛ تال یا تھاپ ؛ پڑھنے یا خوش خوانی میں عام لَے یا آواز کا زیروبم ؛ لحن کا آہستہ اُتار ۔ (موسیقی) سُروں یا ساز کے تاروں کا مختصر بڑھاؤ جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ موسیقی کا فقرہ یا حصّہ اختتام کو پہنچ رہا ہے ؛ آخری الاپ ۔

cadent, cadenced, a. لحن و آہنگ سے متّصف ؛ لَے یا الاپ کا حامل ۔

cadenza, n. (موسیقی) اُتار ؛ آخری الاپ یا موسیقی کا وہ تفصیلی حصّہ جو سنگیت میں موسیقار انفرادی فنّی مظاہرے کے لیے کسی حصّے کے اختتام کے قریب پیش کرتا ہے ۔

cadet, n. [قائد] کیڈٹ ؛ فوجی طالبِ علم ؛ فوجی یا بحری اکیڈمی میں افسر بننے والا طالبِ علم جو زیرِ تربیت ہو؛ انّاپولس میں امریکی بحری اکیڈمی کے ایسے طالبِ علم کو مڈشپ مین کہتے ہیں ؛ معزز خاندان کا چھوٹا لڑکا ؛ چھوٹا یا سب سے چھوٹا بیٹا ؛ چھوٹا بھائی ؛ برادرِ خورد ۔ (عوامی) دلاّل ؛ دیّوث ؛ بھڑوا ۔

cadetship, n. کیڈٹ شِپ ؛ عسکری کار آموزی کی حالت ؛ کیڈٹ ہونے کی حالت ؛ کیڈٹ کا عہدہ یا منصب ۔

cadge, v.t. مفت خوری کے ارادے سے دوسرے کے خرچ پر کھانے پینے کی اشیا اور دیگر لوازمات حاصل کرنا ۔ (فعل لازم) کسی کی مہمان نوازی یا فیّاضی سے فائدہ اُٹھانا ؛ مفت خوری کرنا ؛ بھیک مانگنا ۔

cadger, n. مُفت خور ؛ دوسروں پر بار ڈالنے والا ؛ طفیلی ۔

Cadmean, a. کیڈمس سے متعلّق یا منسوب ؛ (کیڈمس ، قدیم یُونان کا افسانوی شہزادہ ، جس نے شہر تھی بیس (Thebes) بسایا تھا اور یُونانی حرُوفِ تہجّی کے سولہ سادہ حرُوف ایجاد کیے تھے جو کیڈمین حرُوف کہلاتے ہیں)۔

Cadmean victory, n. کیڈمی فتح ؛ وہ فتح جس کے نتیجہ میں فاتح اور مفتوح دونوں کُشت و خون کی مصیبت و اذیّت اُٹھاتے ہیں ؛ فتحِ عظیم ۔

cadmium, n. (کیمیا) کیڈمیم ؛ ایک سفید ، نرم اور لچکدار دھات جو رانگ یا قلعی سے مشابہ ہوتی ہے : بعض معدنی مرکّبات بنانے کے کام آتی ہے ، زنگ سے محفوظ رکھنے کے لیے دھاتوں اور ان کے تاروں کی قلعی کرنے میں استعمال ہوتی ہے ، نکل اور کیڈمیم کا مرکب بیٹری کا خول بنانے میں کام آتا ہے ، نیوکلیائی فِشن (شکست و ریخت) کو کنٹرول کرنے کے لیے یہ دھات رکاوٹ کا کام کرتی ہے اور متفرق مصنوعات میں بھی استعمال ہوتی ہے ۔

cadre, n. کاڈر ؛ مستقل جمعیت ؛ خصوصی تربیت یافتہ کلیدی عملہ جس کے ارکان دیگر افراد کی رہنمائی و تربیت کی اہلیت رکھتے ہوں ۔ (عسکری) عسکری تنظیم کا ڈھانچا ؛ افسروں کا مرکزہ یا مرکزی حلقہ ۔

caduceus, n. عصائے نقیب ؛ طِبّی پیشہ کی امتیازی علامت اور امریکا میں فوج کے طِبّی دستے کا نشان ۔ (اساطیری) قلمِ عطارد : وہ عصا جو عطارد یا دبیرِ فلک کے ہاتھ میں دیوتاؤں کے قاصد کے طور پر ہوتا ہے ۔

caducean, a. عصا بردار ؛ قلم بردار ۔

caducity, n. زُودریزی ؛ گِرنے کا رُجحان ؛ نقاہت ؛ کمزوری ؛ کہن سالی کی معذوری ؛ ضعیفی : ناپائیداری؛ فنا پذیری ؛ پت جھڑ۔

caducous, a. زود ریز ؛ فنا پذیر ؛ جلد گرنے کا رُجحان لیے ہوئے ؛ یہ لفظ خصوصاً جانوروں کے ایسے اعضا اور اُن پودوں کے لیے استعمال ہوتا ہے جو جَلد اور آسانی سے گرتے یا جھڑتے ہیں ، مثلاً شاخیں اور پُھولوں کی پنکھڑیاں ؛ ناپائیدار؛ جھڑاؤ ؛ جلد زائل ہونے والا ۔

caenogenesis, n. دیکھیے : Cenogenesis —

caesalpiniaceous, a. جنس املتاس (Caesalpiniaceae) سے متعلّق ، یہ پھلی دار پودوں کی ایک قسم ہے جس میں دار چینی ، سنا ، کرات ، شجر جوڈاس یا ارغوان ، خروب ، برازیلی بلسان ، بقّم اور املی شامل ہیں ۔

Caesar, n. [جولیس سیزر (۱۰۰-۴۴ ق ۰ م) کی نسبت سے] قیصر ؛ سیزر ؛ آگسٹس سے ہڈریان تک رُومی شہنشاہوں کا لقب ؛ بعد میں تخت کے دعویدار ولی عہدوں کا لقب ؛ کوئی بھی شہنشاہ یا مطلق العنان حُکمران ۔

Caesarean, Caesarian, a. قیصری ؛ سیزر کا یا سیزر سے متعلّق ۔

caesarean operation, (جرّاحی) سیزری اپریشن ؛

caesarean section, n. قیصری عملیہ ؛ عمل جرّاحی جس کے ذریعہ پیڑو (پیٹ) اور بچّہ دانی (رحم) کی دیواروں کو چاک کر کے جنین (بچّہ) کو نکالا جاتا ہے ؛ جولیس سیزر اِسی قسم کے عملِ جرّاحی سے پیدا ہوا تھا ۔

Caesarism, n. قیصریت ؛ شخصی حکومت ؛ مطلق العنان حکومت ؛ شہنشاہیّت ؛ استعماریت ؛ استبدادیت ۔

Caesarist, n. استعمار پرست ؛ مطلق العنان ۔

caespitose, a. دیکھیے : Cespitose —

caesura, n. وقفِ شِعری ؛ تقطیع ؛ سبب خفیف ؛ شِعر میں درمیانی وقفہ یا ٹکڑوں میں شِعر کی تقسیم ؛ لفظ کے خاتمے یا معنوی وقفے کے ذریعے آہنگ سے مربوط ارکانِ ہجا کی علیحدگی ؛ تحت اللفظی ۔

cafard, n. (بول چال) اُداسی کی کیفیت ؛ شدید مریضانہ اُداسی یا پژمردگی کا عالم ؛ اُداسی کی ایسی کیفیت جس میں ماحول اور فرائض سے لاتعلقی یا بیزاری اور ناقابل برداشت تھکن کا احساس ہوتا ہے ؛ یہ اُداسی خصوصاً سپاہیوں اور ان کاکیشیائی (کوہ قاف کے) باشندوں پر طاری ہوتی ہے جو گرم علاقوں میں رہنے لگتے ہیں ؛ اداسی کے مرض میں مبتلا شخص ۔

cafe, n. کیفے ؛ کافی ہاؤس ؛ ریستوراں ؛ قہوہ خانہ ؛ شراب خانہ ؛ نائٹ کلب ؛ کافی ۔

cafe au lait, n. دودھ ملی کافی ؛ گہرا خاکی رنگ ؛ خاکستری رنگ ۔

cafe noir, n. سیاہ کافی (دودھ یا کریم کے بغیر) ۔

cafeteria, n. کیفے ٹیریا ؛ ایک قسم کا ریستوراں جس میں (بیرا نہیں ہوتا) گاہک خود ہی اشیائے خوردونوش میز پر لے جاتا ہے ۔

caffeine, n. جوہرِ قہوہ ؛ قہوین ؛ کافین ؛ کافی اور چائے میں پایا جانے والا ذرا تلخ قلوی مادّہ جو محرک اور پیشاب آور ہوتا ہے اور اس کا زیادہ استعمال زہر کا اثر رکھتا ہے ۔

caftan, kaftan, n. ترکی چوغہ ؛ قفتان ؛ ایک لمبا ڈھیلا ڈھالا اور پُوری آستینوں والا لباس (چوغہ) جو کمر پر پیٹی یا پٹکے سے باندھا جاتا ہے ، یہ لباس مشرقِ قریب کے مُلکوں میں پہنا جاتا ہے ۔

caftaned, a. قفتان پہنے ہوئے ؛ قفتان دربر ؛ قفتان میں ملبوس ۔

cage, n. پنجرا ؛ قیدخانہ ، کٹہرا ، قفس ؛ بندی خانہ ؛ تاروں یا سلاخوں سے بنی ہوئی کوئی بکس نُما چیز جس میں پرندوں یا دوسرے جانوروں کو بند کیا جا سکے ؛ قید خانہ یا قید میں رکھنے کی جگہ ؛ حوالات ۔ (مجازاً) بند کرنے یا قید کرنے والی کوئی چیز ؛ کوئی بھی شے جس پر شکل یا مقصد کے لحاظ سے پنجرے کا گُمان ہو ؛ محصور ، محدود یا محفوظ کرنے والا ڈھانچا یا حصار ؛ بالا بر (لفٹ ، ایلی ویٹر) کا بند ڈبہ یا پلیٹ فارم ۔ (بیس بال) بیٹنگ یا بَلّے بازی کی مشق کے لیے متحرک پس روک ۔ (باسکٹ بال) باسکٹ یا گیند ڈالنے کی جالی ۔ (ہاکی) گول کا چوکھٹا ۔ (کان کنی) کان کی عمودی سرنگ کو اوپر اٹھانے والا (بالا بر یا ایلی ویٹر) ۔

cage, v.t. بند کرنا (پنجرے یا پنجرے جیسی چیز یا جگہ میں) ۔

cager, n. (بول چال) باسکٹ بال کا کھلاڑی ۔ (کان کنی) مشین جو کان کے (کیج) پر گاڑیاں چڑھانے اور وہاں سے اتارنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

cagey, a. (عوامی) پُرفن ؛ چالاک ؛ محتاط ؛ ہوشیار ؛ مکّار ۔

caginess, n. عیّاری ؛ چالاکی ؛ احتیاط ۔

cagily, adv. چالاکی سے ۔

cahier, n. کاغذ کے تاؤ (تختے) یا کتاب کے اوراق جو (جلد بندی کے لیے) یکجا رکھّے جائیں ؛ تھاک ؛ کسی بھی جماعت (مثلاً مُقنّنہ) کی کارروائی کی روداد یا رپورٹ ۔ (فرانسیسی) نوٹ بک یا رسالہ ؛ اخبار یا روزنامچہ ؛ پیپر بیک کتاب ۔

cahoot, n. (عوامی) شرکت یا ملی بھگت ؛ رفاقت ؛ اِتّحاد ؛ سانٹھ گانٹھ یا سازش (عموماً in کے بعد استعمال ہوتا ہے) ۔

caiman, cayman, n. ناکا ؛ وسطی اور جنوبی امریکا میں پائے جانے والے نہنگوں سے مشابہ مگرمچھ کی ایک قسم ۔

caique, n. قائق ؛ لمبی اور تنگ سی ڈونگی یا چپّو سے چلانے والی چھوٹی کشتی جو باسفورس میں استعمال ہوتی ہے ؛ لبنانی بحری جہاز یا بڑی کشتی ؛ بحیرۂ رُوم کے مشرقی کنارے چلنے والا جہاز ؛ قلزمی جہاز ۔

cairn, carn, n. لوحِ مزار ؛ سنگِ گور ؛ سنگورا ؛ پتھروں کا ڈھیر جو یادگار ، قبر کے پتھر یا سرحد کے نشان کے طور پر لگایا جاتا ہے ۔

cairngorm, cairngorm stone, smoky quartz, n. دودی گار ؛ بلوریں سنگ ؛ سنگِ زرد ؛ کائرن گورم ؛ بلوریں سنگ مُردہ کی ایک قسم جس کے رنگ ، زرد سے گہرے کتھئی تک ہوتے ہیں ، اسکاٹ لینڈ کے کیرین گارم پہاڑ سے نکلتا ہے اور قیمتی پتّھر کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

cairn terrier, n. پستہ قد ، چھوٹی ٹانگوں والا اسکاٹی کُتّا جس کی جِلد پر لمبے موٹے بال ہوتے ہیں ۔

caisson, n. کوٹھی ؛ آب بند کیسنگ جو زیر آب تعمیر کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کشتی نُما تیرتا تختہ جو عرشے کے دروازے کا کام دے ؛ صندوقِ غوّاصی ؛ ایک تیرتا ڈھانچا جو بعض اوقات کیمل (اونٹ) کہلاتا ہے اور ڈوبے ہوئے جہازوں کو اوپر اٹھانے کے کام آتا ہے ؛ ایک ڈھانچا جو قابل مرمت بحری جہاز کو آب بند کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔ (عسکری) گولہ بارُود سے بھرا ڈبّہ جو بطور مائن یا سرنگ استعمال ہو ؛ گولہ بارُود کا صندُوقچہ یا گاڑی ؛ صندوقِ گولہ بارُود ۔

caisson disease, n. (امراضیات) غوصی تشنّج ؛ کائسن مرض ؛ ایک اذیت ناک معذورکُن اور بعض اوقات مُہلک بیماری جو ہوا کے دباؤ میں تیزی سے کمی کے باعث پیدا ہوتی ہے مثلاً آب بند ڈبّہ یا غوطہ خوری کے لباس کی دبی ہوئی آکسیجن سے کُھلی فضا میں آنے سے ہوا کے دباؤ میں یکایک کمی کے سبب یہ بیماری ہو سکتی ہے کیونکہ حل شدہ نائٹروجن بُلبُلوں کی صورت خُون کی شریانوں میں چلی جاتی ہے ؛ خم یا موڑ ۔

caitiff, n. ذلیل ؛ نابکار ؛ اوباش ؛ بدبخت و بدحال شخص ؛ کمینہ و سِفلہ ؛ پاجی یا پجوڑا ؛ لُقّا ۔

caitiff, a. کمینہ ؛ بُزدل ؛ قابلِ نفرت ؛ بدمعاش ۔

cajeput cajaput, cajuput, kajeput, n. کایا پُٹ ؛ کایا پتّی تیل ؛ مشرقی ہند کا ایک درخت ، کالا چٹا درخت (Melaleuca leaucadendron) جس سے خوشبُودار تیل حاصل ہوتا ہے ، یہ تیل طبّی طور پر مُحرّک ہے ، تشنّج کے علاج نیز پسینہ لانے اور بعض جلدی بیماریوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کیلیفورنیا لارل یا کیلیفورنیا میں پیدا ہونے والا چمک دار پتّوں کا پودا ۔

cajole, v.t. دانستہ خوشامد کے ذریعہ راضی کرنا ؛ تملّق کرنا ، پُھسلانا یا ترغیب دینا ؛ خوشامد سے اینٹھ لینا ؛ میٹھی میٹھی باتیں بنانا ؛ للّو پتّو سے راضی کرنا ؛ پُھسلانا ؛ ورغلانا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ جھوٹے وعدوں سے دھوکا دینا ؛ چکنی چُپڑی کرنا ۔

cajolement, n. خوشامد ؛ فریب ؛ للّو پتّو ؛ تملّق ۔

cajoler, n. خوشامدی ؛ دھوکے باز ؛ فریبی ؛ چاپلُوس ؛

کاسہ لیس ۔

cajolery, n. خوشامد ؛ فریب ؛ دغا ؛ دم ؛ چرب زبانی ۔

cajolingly, adv. خوشامدانہ ؛ چرب زبانی سے ؛ پُھسلا کر ۔

Cajun, Cajan, Cajin, n. کاجُون ؛ اکادی فرانسیسیوں کی لوزیانی نسل کا فرد ؛ جنوب مغربی الاباما اور مسی سیپی کے نواحی علاقوں میں سفید فام ، حبشی اور انڈین کی مِلی جُلی نسل کا شخص ؛ اکادی لہجے کی زبان ۔

cake, n. چپاتی ؛ نان ؛ کُلچہ ؛ کیک ؛ روٹی سے مشابہ میٹھی غذا جو گُندھے ہوئے یا پھینٹے ہوئے آٹے کو پسندیدہ شکل میں پکا کر بناتے ہیں ، بعض اوقات اس پر کسی میٹھی چیز کی تہ بھی جماتے ہیں جیسے پرت دار کیک یا ثمر کیک پر ؛ پتلی اور چپٹی روٹی خصوصاً غیر خمیری چپاتی ؛ فطیری ؛ توے پر یا فرائی پان میں پکی ہوئی روٹی ؛ دیگر غذائیں جو کسی خاص شکل میں یا سانچے میں ڈھالی ہوئی صورت میں پکائی یا تلی جائیں مثلاً مچھلی کیک یا گوشت کیک (کباب) ؛ کوئی بھی مخصوص شکل کی ، سانچے میں ڈھلی ہوئی یا فشردہ چیز مثلاً صابن کی ٹکیہ یا برف کی سِل ۔

take the cake, (بول چال) بازی لے جانا ، امتیاز حاصل کرنا ، غیر معمولی (عجیب و غریب) انداز کے باعث نظروں میں آ جانا : (یہ فقرہ عموماً طنزیہ استعمال ہوتا ہے) مثلاً وہ بُخل میں بازی لے گیا His stinginess takes the cake ۔

cake, v.t. کسی چیز کو کیک کی شکل یا دوسری بستہ صورت دینا ۔

cake, v.i. کیک ، پیسٹری ، پرت یا کوئی اور بستہ شکل اختیار کرنا ۔

cakes and ale, (برطانوی بول چال) زندگی کی خوشیاں ؛ بہارِ زیست ؛ مسّرت و شادمانی ؛ رنگ رلیاں ؛ مجلسِ عیش و نِشاط ؛ مادّی وسائلِ عیش ؛ شغلِ شراب و کباب ؛ نُقل و شرب ۔

cake walk, n. مٹک چال ؛ امریکی حبشیوں کا رقص ؛ پہلے زمانے میں چہل قدمی ، گھوڑا گاڑی میں بیٹھ کر سیر یا امریکی حبشیوں سے منسوب خوش خرامی یا مٹک چال کا مقابلہ جس میں حبشی جوڑے ساز کی تال پر تماش بینوں کے سامنے اور ججوں کی نگرانی میں مٹک مٹک کر چلا کرتے تھے ، سب سے زیادہ طرح دار انوکھے اور خرامیدہ قدموں سے چلنے والا جوڑا کیک کے انعام کا مستحق ٹھہرتا تھا ؛ اس تاریخی مٹک چال سے ماخوذ ایک رقص ؛ اس رقص کی موسیقی ۔

cake walk, v.i. مٹک چال سے چلنا ؛ کیک واک رقص کرنا ۔

Calabar bean, n. [افریقی علاقے کالا بار کے نام پر] کالا بار پھلی ؛ ایک افریقی بیل کا شدید زہریلا بیج زیرہ گِیرمسوم (Physostigma Venenosum)، اِس بیج سے فائسو سٹگمائن حاصل ہوتا ہے جو طبی طور پر ، خصوصاً اس کی صفصافی (Salicylate) شکل میں ، ایک عارضۂ چشم کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے ، قُدرتی شکل میں بھی افریقہ کے باشندے اسے جادو ٹونے کے کاموں میں استعمال کرتے ہیں ۔

calabash, n. لوکی ؛ کدّو یا تونبے کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ، خصوصاً بوتل تُونبا ؛ جنگلی تُونبا (Lagenaria vulgaris) ؛ کوئی بھی پودا جس میں یہ پھل لگتے ہوں ؛ اس درخت کا پھل ؛ امریکا کے گرم علاقوں کا ہِلالی کجیٹ (Crescentia cujete) کھوکھلا تُونبا جو برتن یا کسی اور حیثیت سے استعمال ہوتا ہو ؛ بوتل ؛ کیتلی ؛ تمباکو کے پائپ کا پیالہ یا ایسی ہی دیگر اشیا جو تونبے کے چھلکے سے بنائی جائیں ؛ کچکول ؛ کشکول ؛ کلاباش ۔

calabazila, n. ایک جنگلی پُھوٹ یا فوٹی ڈشیا کدو (Cucurbita foetidissima) جو میکسیکو اور جنوب مغربی امریکا میں پیدا ہوتا ہے ، اس کے پھل کا کچّا گُودا صابن کے مُتبادل کے طور پر استعمال ہوتا ہے ، اس کی جڑ بہت زیادہ بڑی ہوتی ہے جس کا محلول دوا کے طور پر کام آتا ہے ۔

calaboose, n. (بول چال) حوالات ؛ جیل ؛ زنداں ؛ قیدخانہ ؛ سِجن ۔

caladium, elephant's ear, n. فیل گوش ؛ کلاڈیم ؛ گرم علاقوں میں اراسی قبیل کے پودوں میں سے کلاڈیم جنس کا ایک پودا جس کے پتّے بڑے،خوبصورت اور رنگ برنگے ہوتے ہیں ، یہ پودا اپنے خوبصورت پتّوں کی وجہ سے گملوں میں لگایا جاتا ہے ۔

calamander, n. کارومنڈلی لکڑی ؛ خرماندو چوب ؛ ایک نہایت سخت لکڑی کی قسم جو شرق الہند کے ممالک میں اُگنے والے جنس املوک (Diospyros) کے درخت سے حاصل ہوتی ہے ، جو درختوں کے آبنوسی خاندان کی قسم ہے ، یہ سیاہ دھاری دار اور گہرے کتھئی رنگ کی لکڑی ہوتی ہے ، آبنوس اور روز وُڈ سے مشابہ یہ لکڑی فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے ۔

calamine, n. کج دھات جست ؛ سلیمانی پتّھر ؛ گلابی رنگ کا سفوف جو پانی میں حل نہیں ہوتا ، یہ زِنک آکسائڈ اور کم مقدار میں فیرس آکسائڈ کا مرکّب ہوتا ہے جو جِلدی بیماریوں کے علاج کے لیے لوشن اور مرہم میں ڈالا جاتا ہے ؛ جست ، سیسہ اور قلعی کا مرکّب جو پہلے زمانے میں لوہے کو زنگ سے محفوظ رکھنے کے لیے بطور قلعی استعمال ہوتا تھا ۔ (معدنیات) سلیمانی پتّھر ۔ (برطانوی) کج دھات ۔

calamint, basilthyme, n. باد رنجبویہ ؛ فرنجمشک ؛ سٹوریجا (Satureja) خاندان سے تعلّق رکھنے والے پودوں میں سے کوئی ایک ؛ جنسِ نعناع کی خصوصی قبیل فرنجمشک (Calamintha) جو یورپ اور ایشیا میں پیدا ہوتی ہے ۔

calamitous, a. منحُوس ؛ پُراندوہ ؛ تکلیف رساں ؛ آفت آفرین یا آفت سے پیدا ہونے والی صورت ؛ مُصیبت لانے والی؛ تکلیف دہ ؛ تباہ کُن ؛ غم زدہ ؛ مضرت رساں ۔

calamitously, adv. نحوست سے ؛ آفت آورانہ ؛ آفت رساں طریقہ سے ۔

calamitousness, n. آفت ، نحوست ، مصیبت ۔

calamity, n. آفت ؛ نکبت ؛ بدبختی ؛ بِپتا ؛ قہر ؛ گزند ؛ کوئی بھی بڑی بدبختی یا وجۂ مصیبت ؛ تباہی و نکبت جس میں بڑے پیمانے پر برائیاں شامل ہوں ؛ بدقِسمتی ؛ حادثہ ؛ صدمہ ؛ آفتِ سماوی ؛ آسمانی سلطانی ۔

calamondin, n. لیموں کا درخت ؛ جنسِ نارنج کا درخت یا جنسِ نارنجِ ملائم (Citrus mitis) جو فلپائن میں پیدا ہوتا ہے ، اس درخت کا پھل نارنگی سے مشابہ ہوتا ہے ۔

calamus, n. کِلکؔ ؛ نرسل یا بید ؛ شریں پرچم نام کا درخت گوراوجا (Acorus calamus) یا اس کی خوشبُودار جڑ ؛ جنسِ بید کا کوئی بھی تاڑ جس سے چھڑیاں یا بید حاصل ہوتے ہوں ؛ کِلکِ پَر ۔

calando, a., adv. (موسیقی) آواز یا ساز کا سُر تدریجاً

مائل به نرمی و آہستگی ؛ بتدریج آہستہ اور نرم ہوتا ہوا ؛ گھٹتا یا کم ہوتا ہُوا یا ہونے والا ۔

calcaneus, calcaneum, n. (تشریح الاعضا) عقبیتہ ؛ ایڑی ؛ ایڑی کی ہڈّی؛ مُشطُ القدم یا کف پا کی سب سے بڑی ہڈّی ؛ وہ ہڈّی جو آدمی کی ایڑی بناتی ہے ۔

calcaneal, calcanean, a. عقبیتی ؛ ایڑی سے متعلّق ۔

calcar, n. (حیاتیات) مہماز ؛ مہماز الطّیر ؛ پرندے کی ٹانگ پر نکلا ہُوا خار ؛ چھڑی ؛ ابرہ پا ؛ خارِ گُلبرگ ؛ پنکھڑی کی نچلی سطح سے شروع ہونیوالی کھوکھلی نمو۔

calcarate, a. (حیاتیات) مہمازدار ، رکاب دار جیسے تیتر کا پنجہ یا ہالم پودے کا کاسۂ گُل ۔

calcar, n. چُونا بھٹّی ؛ ایک قسم کا تنور یا دہکتی ہوئی پُرشور بھٹّی (آوا) جس میں شیشہ سازی کے لیے ریت اور پوٹاش کے نمک کو بہم پگھلا کر چونا بنایا جاتا ہے اور اجزا کو شیشے کے مرکّب میں تبدیل کیا جاتا ہے ۔

calcareous, a. کِلسی ؛ آہکی صفت ؛ چُونے کا چُنیلا ؛ چونا رکھنے والا ۔

calceiform, a. (نباتیات) کِلس نُما ؛ جوتے یا سلیپر کی شکل سے مشابہ ، جیسے بعض ثعلبی بوٹیوں کے کفش نُما پتّے ۔

calceolate, a. دیکھیے : Calceiform ۔

calces, n. Calx کی جمع بمعنی معدنی سفوف ۔

calcic, a. آہکی ؛ کیلسیمی ؛ چُونے کا یا چونے سے متعلّق ؛ کیلسیم دار ۔

calciferol, n. (حیاتی کیمیا) حیاتین د٢ ، ایک چربی حل کرنے والا قلمی مرکّب جو قُدرتی طور پر دُودھ اور مچھلی کے تیل میں پایا جاتا ہے ۔

calciferous, a. آہک دار ، کِلس بَردار ؛ جس سے کیلسیم کاربونیٹ ، خصوصاً کلسائٹ ، پیدا ہوتی ہے یا جس میں وہ موجود ہوتی ہے ۔

calcific, a. کِلس دار ؛ آہک زا ؛ کِلس زا ؛ کیلسیم نمک خصوصاً کیلسیم کاربونیٹ بناتے ہوئے ؛ مُکلّس ؛ چوُنا بناتے ہوئے ؛ آہکی ۔

calcification, n. تکلّس ؛ چُونا جمع ہو جانے سے کسی مادّے کی تبدیلی کا عمل ۔

calcifuge, n. کِلس گُریز ؛ وہ پودا جو چونے کے پتّھروں والی زمین یا چُونا بھری مٹّی میں پروان نہیں چڑھ سکتا ۔

calcify, v.i. مُکلّس کرنا ؛ چُونے کے نمکیات کے جمع ہونے یا اخراج کے باعث بتدریج پتّھریلی حالت میں تبدیل ہونا ۔

calcify, v.t. مکلّس بنانا ؛ کیلسیم نمکیات سے پتّھریلا بنانا ۔

calcimine, n. سفیدی ؛ سفید یا ہلکے رنگ کی پُتائی جو چونے میں سریش اور پانی ملا کر تیّار کی جاتی ہے ، یہ اندرونی چھت اور دیواروں کو پوتنے کے کام آتی ہے ، پانی پڑنے سے خراب ہو جاتی ہے ۔

calcimine, v.t. سُفیدی کرنا ؛ سفیدی سے پُتائی کرنا ۔

calcine, v.t. کُشتہ بنانا ؛ کُشتہ مارنا ؛ بِریاں کرنا ؛ حرارت کے عمل سے سفوف بنانا یا تلنے کی حالت میں لانا ؛ تپش کے عمل سے اڑ جانے والا مادّہ خارج کرنا جیسے چُونے سے کاربونک تیزاب اور لوہے سے گندھک ؛ تکسید کرنا یا دھات کا سفوف بنانا ؛ تصعید کرنا ۔ (فعل لازم) حرارت کے عمل سے سفوف یا تلنے کی حالت میں تبدیل ہونا؛ صعود کرنا ۔

calcination, n. تصعید ؛ تکسید یا بِریاں حالت میں تبدیلی ۔

calcite, n. کلسی بلّور ؛ کلسائٹ ؛ کیلسیم کاربونیٹ جو بہت سی قلمی شکلوں میں بشمول چُونا ، سنگِ مرمر ، کھریا مٹّی (چاک) اور آئس لینڈ سپار (بلّور کی ایک قسم) کی صورت میں پایا جاتا ہے ۔

calcium, n. (کیمیا) کیلسیم ؛ زمین کا ایک دو گرفتہ قلویعنصراجودھاتوں اور اُن کے مرکّبات بنانے میں کام آتا ہے ، خالص شکل میں خاصا نرم ، قَلمی اور سفید ہوتا ہے ، اس کی قُدرتی حالت مرکّب ہوتی ہے ، مثلاً چُونے یا چاک (کھریا مٹّی) میں شامل ہوتا ہے اور ہڈّی ، دانت نیز گھُونگھوں کا لازمی جُز ہوتا ہے ۔

calcium carbide, n. (کیمیا) کیلسیئم کاربائڈ ؛ ایک مرکّب جو پسے ہوئے چونے اور کوئلے کو برقی بھٹّی میں ڈال کر تیّار کیا جاتا ہے ، اس میں پانی ملانے سے فوری کیمیائی عمل ہوتا ہے اور ایسی ٹلین (acetylene) بے رنگ گیس بنتی ہے جسے کارخانوں میں اور آب چُوس عامل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

calcium carbonate, n. (کیمیا) بُجھا چونا ؛ کیلسیم کاربونیٹ ؛ بے رنگ ، قِلمی یا بُھورے رنگ کا سفوف جو کلسائٹ (چونے کا کچّا کاربونیٹ) ، چونے کے پتّھر ، سنگِ مرمر اور دوسری چیزوں میں قدرتی طور پر پایا جاتا ہے ، رنگ اور تُرشہ شکن کے طور پر استعمال ہوتا ہے نیز منجن ، خمیرِ سفوف ، چُونا اور پورٹ لینڈ سیمنٹ بنانے کے کام آتا ہے ۔

calcium chloride, n. (کیمیا) کیلسیم کلورائڈ ؛ سفید ، جاذِب ، ڈھیلوں کی شکل میں ، بلّوری یا قَلمی نمک ، جو کیلسیم کاربونیٹ سے حاصل ہوتا ہے ؛ خشک کرنے یا محفوظ رکھنے والے عامل کے طور پر استعمال ہوتا ہے نیز گردوغبار سے محفوظ رکھنے اور برف اور یخ کو پگھلانے کے کام آتا ہے ۔

calcium cyanamide, n. (کیمیا) کیلسیم سینامائڈ ، بُھورا سیاہ ، ڈھیلوں کی شکل میں ٹھوس یا بستہ مادّہ ، جو کیلسیم کاربائڈ اور نائٹروجن سے حاصل کیا جاتا ہے ؛ بُنیادی طور پر بطور کھاد اور جڑی بُوٹی تلف کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، نیز نائٹروجن کے مرکّبات تیّار کرنے میں درمیانے عامل کے طور پر کام آتا ہے ۔

calcium cyclamate, n. (کیمیا) کیلسیم سائیکلامیٹ ؛ ایک سفید قَلمی سفوف : بعض اوقات مصنوعی میٹھے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اِس کی مٹھاس چینی سے تیس گنا زیادہ ہوتی ہے ؛ سوڈیم سائی کلیمیٹ سے متعلق ہونے کے باعث غذا میں استعمال ہوتا ہے۔

calcium hydroxide, n. (کیمیا) چُونے کا پانی ؛ کیلسیم ہائیڈروکسائڈ ؛ ایک سخت قسم کی القلی جو سفوف کی شکل میں ہوتی ہے اور کیلسیم ہائیڈریٹ کہلاتی ہے ؛ محلول کی شکل میں اسے لائم واٹر کہا جاتا ہے؛ چونے کے گارے ، پلاسٹر اور سیمنٹ میں استعمال ہوتی ہے ۔

calcium light, lime light, n. کیلسیئم روشنی؛ بہت چمکیلی سفید روشنی جو چُونے کو آکسی ہائیڈروجن یا کسی اور

لیے جداول ریاضیہ کا سیٹ ۔

calculous, a. کنکریلا ؛ کنکر کی طرح سخت ؛ کُرکُرا ۔ (امراضیات) پتّھری سے متعلق ، اس مرض میں مستعمل یا اس سے متاثّر ؛ حصاتی۔

calculus, n. (ریاضی) علم الاحصا ؛ طریقۂ عمل میں فرق یا تمیز کا مطالعہ جس کے لیے الجبری علامتوں کا ایک خصوصی سیٹ اور حساب کا باقاعدہ طریقہ استعمال ہوتا ہے جس کی عموماً تین ذیلی قسمیں ہیں : تمیزی احصا ، تفریقی احصا اور تکملی احصا ۔ (امراضیات) سنگ گردہ ؛ پتھری ؛ حصات ؛ سنگ نُما مادّہ جو بعض اوقات پتّہ ، گُردوں یا جسم کے دیگر اعضا یا نالیوں میں پیدا ہو جاتا ہے ۔

caldera, n. کلدرُا ؛ پہاڑ کی شدید آتش فشانی سے بننے والا قوس نُما گڑھا یا دہانہ جب آتش فشاں پہاڑ کے مخروطے کی چوٹی بھک سے اُڑ جائے ؛ آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ جو اندرونِ زمین توڑ پھوڑ کی قوّتوں کے عمل سے وسیع ہو گیا ہو ؛ کاسُ البَرکاَن ۔

caldron, n. دیکھیے :Cauldron ۔

caleche, calash, n. کلیش ؛ کیوبک ، کینیڈا میں دو پہیوں کی گھوڑا گاڑی جس میں دو مسافر بیٹھ سکتے ہیں اور سامنے گاڑی بان کی نشست ہوتی ہے ؛ تانگہ ؛ اکّا ۔

calefacient, a. گرم ساز ؛ گرم کُن ؛ حار ؛ گرم ؛ مولدِ حرارت ؛ حراّق ۔ (اسم) وہ شے جو حرارت پُہنچائے یا گرم کرے ۔ (طب) حارّہ یا وہ دوا جو بدن کے اُس حصّے پر قدرے حرارت پیدا کرے جہاں لگائی جائے مثلاً کڑوا تیل یا کالی مرچ ۔

calefaction, n. گرمایش ؛ گرم کرنے یا حرارت پہنچانے کا عمل ؛ گرم ہونے کی حالت ۔

calefactive, calefactory, a. مولدِ حرارت ؛ حارّہ ۔

calefactory, n. عیسائی خانقاہ میں نَشِست کا گرم کمرہ ۔

calendar, n. جنتری ؛ تقویم ؛ نظامِ تقویم ؛ کیلنڈر ؛ سال کا رجسٹر جس میں مہینے ، ہفتے اور دن ترتیب سے لکھے جاتے ہیں ؛ ایک باترتیب جدول یا اشخاص ، اشیا یا دیگر باتوں کا شمار ، مثلاً جرائم کے ایسے اسباب کی فہرست جو قابلِ مقدمہ ہوں ؛ فہرست ؛ مضمون وار اور حروفِ تہجّی کی ترتیب سے فہرستِ کامل ؛ رجسٹر۔

calendar, v.t. کیلنڈر میں اندراج کرنا ؛ رجسٹر کرنا ؛ فہرست بنانا ۔

calender, n. کیلنڈر ؛ بیلن مشین ؛ ایک مشین جس میں دو یا زیادہ بیلن ہوتے ہیں جو ایک دوسرے کو تقریباً چھوتے ہوئے گھومتے ہیں اور اپنے درمیان کپڑے یا کاغذ کو دبا کر ہموار اور چکنا کر دیتے ہیں ۔

calender, v.t. کیلنڈر میں استری کرنا یا اختتامی عمل کے طور پر دبانا یا چکنا کرنا ۔

calenderer, n. کیلنڈر کرنے والا ؛ دبانے والا ؛ استری کرنے والا ۔

calendrical, a. نظامِ تقویم سے یا نظامِ تقویم کی اکائیوں سے متعلّق ۔

calends, kalends, n. رُومی تقویم میں مہینے کی پہلی تاریخ ۔

on the Greek calends, اُس دن ، جو کبھی نہیں

شُعلے سے گرم کرنے کی صورت میں پیدا ہوتی ہے ۔

calcium phosphate, n. (کیمیا) کیلسیم فاسفیٹ ؛ کیلسیم اور فاسفورس کے کئی مرکّبات میں سے کوئی ایک : جو دوسری چیزوں سے مل کر کھاد اور جانوروں کی غذا میں استعمال ہوتا ہے ، خالص شکل میں خمیرہ سفوف بنانے ، کُوزہ گری ، مینا کاری اور دُودھیا شیشہ بنانے میں کام آتا ہے نیز منجن میں دانتوں کو چمکانے والے جُز کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

calcsinter, n. کلسی گاد ؛ کلسائٹ یا چُونے کے کاربونیٹ کا تہ نشین مادہ ؛ ہلکا زرد تعمیری پتّھر ؛ چُونے کے چشمہ کی تہ نشین مٹّی ؛ تُوفا، خانے دار ساخت کی سخت چٹان ۔

calc-spar, n. کلسائٹ ؛ کِلسی بِلّور۔

calc-tufa, calc-tuff, n. کِلسی رسُوب ؛ دریا یا سیلاب کی جمع کردہ کیلسیم کاربونیٹ ۔

calculability, n. شُمار پذیری ؛ تخمین پذیری ؛ شمار یا پیمایش کی قابلیت ؛ حساب و شمار کے ذریعہ تعیّن کی صفت ۔

calculable, a. شُمار پذیر ؛ تخمین پذیر ؛ قابلِ شمار ؛ قابلِ پیمایش ۔

calculableness, n. شُماریت ؛ حساب یا شُمار کی قابلیت ۔

calculably, adv. شُمار پذیرانہ انداز سے ؛ حسابی طریقے سے ۔

calculate, v.t. شمار کرنا ؛ تخمینہ لگانا؛ اندازہ کرنا ؛ حل کرنا ؛ ریاضی کے طریقوں سے معلُوم کرنا یا پتہ چلانا ؛ حساب لگانا ؛ شُمار میں لانا ؛ حسابی طریقوں سے قطع نظر ، عقل سلیم کے ذریعہ اندازہ لگانا؛ پیشگی منصوبہ بندی کرنا یا آگے کی سوچنا ؛ کسی مقصد کے لیے اختیار کرنا یا موزوں بنانا (جیسے : Calculated to excite جذبات برانگیختہ کرنے یا اشتعال دینے کے مقصد سے) ۔ (بول چال) ارادہ کرنا ؛ سوچنا یا قیاس کرنا ۔ (فعل لازم) حساب لگانا ۔

calculate on, (کسی شخص یا چیز پر) تکیہ کرنا ، بھروسہ کرنا ۔

calculated, a. شُمار کردہ ؛ تخمین شدہ ؛ حل کردہ ؛ ریاضی کے طریق کار سے تعیّن کیا ہوا ؛ ناکامی کے امکانات کی جانچ کے بعد آغاز کردہ مثلاً Calculated risk ؛ سوچا سمجھا ہُوا ؛ ہوشیاری یا احتیاط سے بنایا ہوا منصوبہ ؛ بالعمد ؛ دانستہ ؛ اِختراع کردہ ۔

calculatedly, adv. سوچ سمجھ کر ؛ عمداً ۔

calculating, a. شُمارندہ ؛ حساب کردہ ؛ ریاضی کے حساب کتاب کی اہلیت رکھنے والا/والی جیسے حسابی مشین ؛ پیش بینی اور ہوشیاری سے تجزیہ کا عادی ؛ خود غرضی اور سرد مزاجی سے تدبیر کرنے والا ؛ کائیاں ۔

calculation, n. شُمار ؛ گنتی ؛ حل ؛ ریاضی کے حساب کتاب کا عمل یا نتیجہ ؛ حسابات ؛ اندازہ ؛ تخمینہ ؛ کسی معاملے کے مختلف حقائق اور حالات کی بُنیاد پر تخمینہ یا اندازہ ؛ محتاط پیشگی منصوبہ بندی ؛ سرد مزاجی اور بے مہری کے ساتھ منصوبہ بازی ۔

calculative, a. حسابی ؛ سوچا سمجھا ہوا ؛ سوچ سمجھ کر کام کرنے والا ؛ محتاط ۔

calculator, n. شمار کُنندہ ؛ حساب گیر ؛ تخمینہ کار ؛ وہ شخص جو حساب لگاتا ہے ؛ حساب و شمار کرنے والی مشین ؛ وہ شخص جو اس مشین کو چلاتا ہے ؛ حساب میں تیزی اور آسانی کے

آئے گا کیونکہ یُونانیوں میں تقویم رائج نہیں تھی ؛ کبھی نہیں ؛ قیامت تک نہیں ۔

calendula, n. گیندا ؛ صد برگ ؛ جنس گیندا (Calendula) کا کوئی بھی پودا خصوصاً صد برگ (officinalis) یا عام گیندا ؛ اِس پودے کے پُھول کی سُکھائی ہوئی پنکھڑیاں جو زخم بھرنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں ۔

calenture, n. (امراضیات) حارّی بخار ؛ لُو ؛ ایک قسم کا سرسامی بخار جو گرم علاقوں میں گرمی لگنے سے ہوتا ہے ؛ تپ شمسی ؛ ملاّحی بخار ۔

calescence, n. حَرِیّت ؛ بڑھتی ہوئی گرمی یا حرارت ؛ شدّتِ تپش ۔

calf, n. گوسالہ ؛ گائے یا دیگر بیل کی قسم کے جانور کا بچھڑا ؛ بعض دُوسرے جانوروں کے بچّے مثلاً ہاتھی ، سیل ، وھیل ؛ بڑے جزیرے کے نزدیک چھوٹا جزیرہ ؛ برف کا تودہ جو گلیشیر یا برفشار سے الگ ہو گیا ہو ۔ (بول چال) بھونڈا ؛ احمق ؛ لڑکا ؛ بچھڑے کی کھال کا چمڑا ؛ چرمِ گوسالی ۔

calf, n. پنڈلی ؛ ساقِ پا ؛ آدمی کے گُھٹنے کے نیچے گوشت والا حصّہ ؛ ساقِ موزہ ۔

calf love, puppy love, n. طفلانہ محبّت ؛ جنسِ مخالف کے فرد سے لڑکے یا لڑکی کا عارضی اُنس یا جذباتی محبّت ۔

calf's-foot jelly, n. جیلی یا رُب جو بچھڑے کے پائے اُبال کر اس کے جلاٹین یا لیس دار مادّے سے بناتے ہیں اور اس میں کوئی خوشبو کا جُز مثلاً شراب وغیرہ ملاتے ہیں ؛ ایک قسم کے پائے ۔

calf skin, n. بچھڑے کی کھال یا چمڑا یا تیماج ؛ بچھڑے کی کھال سے بنایا ہوا چمڑا ۔

Calgary red eye, n. (عوامی ، کینیڈا خصوصاً البرٹا) بیئر اور ٹماٹر کا رس مِلا کر بنایا ہوا مشرُوب ۔

Caliban, n. پست اور درندہ فطرت آدمی ؛ خصوصاً وہ جس کی شکل و صورت بھی خوفناک ہو ؛ حیوان صفت انسان ۔

caliber, calibre, n. [عربی لفظ قالب سے] قُطریہ ؛ درونہ ؛ وجاہت ؛ جسامت ، جیسے ستون یا گولی کا قُطر ؛ خصوصاً بندوق یا توپ کی نالی کا اندرونی قُطر ۔ (مجازاً) دماغی صلاحیّت یا قابلیت ؛ قدروقیمت ؛ لیاقت ؛ ذہانت یا فضیلت کا درجہ (جیسے : a person of high caliber) ؛ پایہ ؛ وقعت ۔

calibrate, v.t. قُطریہ درجہ دار کرنا ؛ پیمانہ بندی کرنا ؛ در قُطر ناپنا ؛ (کسی جسامت) کے قُطر کا تعیّن کرنا یا (کسی شخص) کی قابلیت و فضیلت کا اندازہ لگانا ؛ کسی آلۂ پیمایش کی پڑتال اور درستی کرنا ؛ ہدفی حد کا تعیّن کرنا ۔

calibration, n. قُطریہ درجہ داری ؛ قُطر سنجی ؛ پیمانہ بندی ؛ قُطریہ پیمائی ؛ تعیین کا عمل یا طریق کار ، خصوصاً تھرمامیٹر (مقیاسُ الحرارت) کی نلی کے اندرونی قُطر کا تعیّن تا کہ اُس پر ایک پیمانے کے مطابق درجہ بندی کی جا سکے ۔

calices, n. Calix کی جمع ۔

caliche, n. چِلّی کا شورہ ؛ مختلف معدنی ذخیروں میں سے کوئی ایک ، مثلاً چِلّی میں قلمی شورہ جس میں ۴۸ سے ۷۵ فی صد تک سوڈیم نائٹریٹ یا شورہ ہوتا ہے ۔

calico, n. [ہندوستانی بندرگاہ کالی کٹ کے نام پر] کالیکو ؛ لٹھّا ؛ چھینٹ ؛ اصلاً سُوتی کپڑا جو ہندوستان سے درآمد کیا جاتا تھا ۔ (امریکا) چھینٹ ؛ یکطرفہ چھپائی والا سُوتی کپڑا ۔ (برطانوی) سادہ سفید سُوتی کپڑا ؛ لٹھّا ۔ (صفت) کیلی کو سے بنا ہُوا ؛ چھینٹ سے مشابہ ؛ چھینٹ دار ؛ جس پر گھوڑے یا دوسرے جانوروں کی طرح مختلف رنگوں کے نقش و نگار چھپے ہوئے ہوتے ہیں ۔

calico bass, n. کالیکو کٹیرنا ؛ مشرقی وُسطی امریکا کے تازہ میٹھے پانیوں کی پوموکسس سپارائیڈس (Pomoxis sparoides) قیمتی مچھلی ؛ اسی نسل کی سیاہ کریپی (مچھلی) ۔

calico bush, calico tree, n. کالمیا ؛ غار کوہی ؛ پہاڑی لارل یا چمکدار پتّیوں کا پودا ؛ کبینیا لیتی فولیا (Kabnia latifolia) ۔

calico printing, n. چھینٹ چھپائی ؛ کالیکو چھپائی ؛ سُوتی کپڑے پرشوخ رنگ چھاپنے کا عمل ۔

caliculus, n. کاسہ ؛ کہامچہ ؛ کوئی چھوٹی پیالہ نُما چیز ۔

California laurel, n. غارِ کیلے فورنیا ؛ امریکا کے مغربی ساحلی علاقوں میں اُگنے والا غاری قبیلے کا ایک چھتریلا سدا بہار درخت جس کی پتّیاں خوشبُودار ہوتی ہیں ۔

California poppy, n. لالۂ کیلے فورنیا ؛ گُلِ لالہ جنس کا ایک پودا جو اپنے شوخ نارنگی زرد رنگ پھولوں کی وجہ سے وسیع پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے ؛ کیلے فورنیا کا قومی پُھول ۔

California rose-bay, n. کیلیفورنیا کنیر ؛ امریکا کے مغربی ساحلی علاقوں میں اُگنے والا سُرخ خرزہرہ یا کنیر : واشنگٹن کا ریاستی پُھول ۔

californite, n. کیلفورنائٹ ؛ ایک دھات ؛ یشمِ سبز سے مشابہ ویسوویانائٹ (سبز یا بادامی معدنی شے جو سب سے پہلے ویسو ویس آتش فشاں پر پائی گئی) ۔

californium, n. (کیمیا) کیلی فورنیم ؛ ایک تابکار مصنوعی عُنصر ۔

calipash, callipash, n. کلی پش ؛ ایک سبزی مائل لیس دار مادّہ جو کچھوے کے اوپری خول کے نیچے ہوتا ہے : کچھوے کی یخنی کی صورت میں اسے نہایت عُمدہ اور لذیذ غذا سمجھا جاتا ہے ۔

caliper calliper, n. کیلیپر ؛ سرل چاپ ۔ (عموماً جمع) اشیا کی موٹائی اور اندرونی و بیرونی قطر کی پیمایش کرنے کا دو پائی پرکار نُما آلہ ۔ (فعل متعدی) کیلیپر کے ذریعے پیمایش کرنا ؛ چاپ کرنا ۔

caliper rule, n. چاپ کَش ؛ کیلیپر رُول یا خط کش جس میں درجہ بند سَرکواں پیمانہ آگے نکلے ہوئے پائے پر لگا ہوتا ہے جو بیرونی قطر کی پیمایش کے لیے بطور کیلیپر استعمال ہوتا ہے ۔

caliph, calif, kaliph, kalif, khalif, n. خلیفہ ؛ لقب جو حضرت مُحمّد صلی اللہ عَلیہِ وآلِہٖ وسلّم کے مسلّمہ جانشینوں کو دیا جاتا تھا جنہیں اُمّتِ مسلمہ مذہبی اور سماجی امور میں انتہائی عظمت و اقتدار کا حامل سمجھتی ہے ۔

caliphate, califate, n. خلافت ؛ خلیفہ کا عہدہ یا منصب ؛ خلیفہ کی حکومت ۔

calisthenics, n. (جمع لیکن ساخت میں واحد) خُوش خرامی ، توانائی ، تندرستی اور چال ڈھال کو عمدہ رکھنے کی ورزشیں ؛ حسن افزا کسرت ۔

calisthenic, a. ورزشی ؛ حُسن افزا ۔

calix, n. کاسہ ؛ پیالہ نُما حصّہ یا عُضو ۔ (نباتیات) کہامۂ گُل یا پُھول کٹوری (calyx) ۔ (رومن کیتھولک کلیسا) عشائے ربانی کا جامِ شراب ۔

calk, n. کاک ؛ گھوڑ نعل کا آگے نکلا ہوا حصّہ جو پھسلن روکنے کے لیے ہوتا ہے ؛ نعل سے مشابہ ساخت کی چیز جو ایڑی یا جُوتے کے تلے میں لگی ہوتی ہے ۔ (فعل متعدی) کاک بندی کرنا (گھوڑے کی نعل کی طرح) ؛ کاک سے زخمی کرنا ۔

call, v.t. بُلانا ؛ پُکارنا ؛ زور کی آواز نکالنا ؛ بآواز بلند پڑھنا ؛ حاضری لگانا ؛ ڈھنڈورا پیٹنا یا اعلان کرنا ؛ کسی کی توجہ اپنی طرف مبذول کرانا ؛ نیند سے جگانا ؛ غلط اندازہ لگانا یا قدروقیمت آنکنا ، جانچنا ، بچارنا ؛ فُون کرنا ؛ سرزنش کے طور پر بُلانا ؛ یاد کرنا ۔

call, v.t. طلب کرنا ؛ آنے کے لیے حُکم دینا یا استدعا کرنا ؛ بذریعہ سمن یا حُکماً بلانا ؛ کشش سے یا لبھا کر بلانا (جیسے ایک مخصوص آواز سے جنگلی پرندوں یا جانوروں کو) ؛ کسی کام کے لیے کہنا ؛ حاضر ہونے کے لیے کہنا مثلاً جج نے اگلا مقدمہ پیش کرنے کو کہا ؛ قرض کی ادائیگی یا وعدے کے ایفا کا مطالبہ کرنا ؛ بانڈ یا عہد کی پیش کاری یا انفکاک/ادائیگی چاہنا ؛ نام دینا (جیسے Call him Spike) ، تسمیہ کرنا ؛ کسی بات کے لیے صلائے عام دینا (جیسے ہڑتال کی کال) ۔ (پوکر) مخالف کی شرط کے برابر رقم داؤ پر لگا کر اُس سے مطالبہ کرنا کہ اپنے ہاتھ کے پتّے دکھائے ؛ بولی دینا ۔ (کھیل) اندھیرے یا خراب موسم کئی وجہ سے کھیل ختم کرنے کا اعلان کرنا ؛ متنازع کھیل میں امپائر کا فیصلہ دینا ،(جیسے : to call a player safe ، کسی کھلاڑی کو محفوظ قرار دینا)۔(پاکٹ بلیرڈز) کسی شاٹ کے متعلق پیش گوئی کرنا ۔

call it quits, (بول چال) تعطّل کا شکار کرنا ؛ عارضی طور پر کارروائی بند کرنا یا کام ختم کرنا (جیسے : The workmen called it quits for the day) ؛ کسی خاص مقصد کے حصول کی کوشش ترک کر دینا (جیسے They called it quits when their efforts to compromise were unsuccessful) ؛ کوئی تعلّق قطع یا ختم کرنا مثلاً دوستی ، شادی یا کاروباری شرکت ۔

call, v.t. حکم دینا (گویا کہ یہ امر الٰہی ہو) ؛ مقرر کرنا یا مبعُوث کرنا (جیسے : Joan of Arc was called to lead the French armies) ؛ نام لے کر التجا یا اپیل کرنا یا بلانا (جیسے : I call heaven and earth to witness against you") ۔ (توریت کی چوتھی کتاب ۔ ۲۶) ؛ میٹنگ یا مجلس کا شروع کرنا یا بُلانا ؛ دفتر یا فرض کی ادائیگی کے لیے حُکماً طلبؒ کرنا ؛ پادریوں کی جماعتی مجلس میں شرکت کی دعوت دینا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ کسی مخصوص چیز کا تعین کرنا ؛ یاد دلانا (جیسے : That song calls an event to mind) ۔

call, v.i. زور سے بولنا تاکہ توجّہ مبذول ہو ؛ چیخنا ؛ چلّانا ؛ مطالبہ کرنا ؛ مختصر وقت کے لیے آنا ؛ کام دھندے یا پیغام رسانی کی غرض سے کسی جگہ مُختصر قیام کرنا ؛ درخواست کرنا مثلاً تاش کے کھیل میں ترُپ کے پتّے کے لیے ۔ (پوکر) ہاتھ کے پتّے دِکھانے کا مطالبہ کرنا ۔

call, n. طلب ؛ بُلاوا ؛ طلبی ؛ کال ؛ بُلانے کا عمل ؛ حاضری لگانے کا عمل ؛ چلّاہٹ یا چیخ ؛ سمن یا حکم ؛ درخواست یا دعوت ؛ کسی خاص پیشے کو اختیار کرنے کی دلی خواہش ؛ پیشہ یا کام ؛ کسی خاص جگہ کی کشش ؛ ابلاغ بذریعہ ٹیلیفون ؛ مختصر مُلاقات یا رسمی مُلاقات ؛ کام دھندے کے سبب کسی جگہ قیام ۔ (پوکر) ہاتھ کے پتّے دِکھانے کا مطالبہ ۔

call, n. پرندے یا دوسرے جانور کی چیخ یا آواز ؛ اس آواز کی نقل کرنے والا آلہ ؛ شکاری کُتّوں کا حوصلہ بڑھانے کے لیے سنکھ پُھونک کر نکالی گئی آواز ؛ بِگل بجا کر دیا گیا اشارہ ؛ بُلاوا ؛ اشارے کے لیے بجائی گئی سیٹی ؛ قرض کی بازیابی کے لیے مطالبہ یا دعوی ؛ ادائیگیٔ فرض کی دعوت ؛ درخواست ؛ رقص محلی یا فرشی میں ایک ہدایت ۔ (کھیل) ریفری کا فیصلہ ۔ (بازارِ حصص) مقررہ وقت میں کسی اسٹاک (جمع شُدہ شے) کی مقررہ مقدار ایک مخصوص قیمت پر خریدنے کا استحقاق ۔

calla, n. سفید سوسن (Calla palustris) ؛ یورپ اور امریکا کی سرد دلدلوں میں اُگنے والا پودا جس کے پتّوں کی شکل دل جیسی ، پُھول کُھلے سفید غلافی اور پھل چھوٹے گوندنی جیسے سُرخ ہوتے ہیں ؛ اس کی قریبی جنس کا جانا پہچانا پودا رچرڈ یا خصوصاً اس کی ایتھوپیائی قسم جو افریقہ میں ہوتی ہے ، اس کے پُھول بڑے سفید اور غلافی ہوتے ہیں اور ان کے اندر زرد زیرہ ہوتا ہے ۔

callable, a. قابلِ طلب ؛ پابندِ حکم ؛ بلائے جانے کا اہل ؛ بُلانے کے قابل ؛ اذن یا طلبی کا پابند ؛ عندالطّلب ادائیگی کا پابند ، مثلاً قرض کی ادائیگی ؛ نوٹس ملنے پر بیباق کرنے کا پابند ۔

call back, n. باز طلبی ؛ صنعت کار کی طرف سے ناقص پیداوار کی باز طلبی ۔

call board, n. تختۂ اطلاع ؛ اِطلّاعات کا بورڈ یا تختہ جو تھیٹر میں دیوار پر لٹکا ہوتا ہے ، اس پر ریہرسل وغیرہ کے اوقات یا ڈرامے کی کاسٹ (شریک اداکار اور اُن میں کام کی تقسیم) میں تبدیلیوں کے متعلّق اِطلّاعات درج ہوتی ہیں ۔

call boy, n. تھیٹر بچّہ ؛ بُلارا ؛ وہ لڑکا جس کا کام یہ ہوتا ہے کہ مقررہ وقت پر اداکاروں کو اسٹیج پر بلائے ؛ گھنٹی بجانے والا لڑکا ۔

call down, v.t. ملامت کرنا ؛ الغیاث الغیاث پُکارنا ؛ غیبی مدد کے لیے پکارنا ۔ (اسم) سخت سرزنش ؛ شدید تنبیہہ ۔

caller, n. نَقیب ؛ بُلانے والا ؛ مختصر ملاقات کے لیے آنے والا ؛ فرشی رقص کا ہدایت کار ۔

callet, n. (برطانوی) طوائف ؛ لڑاکا ؛ زبان دراز ؛ دریدہ دہن عورت ۔

call for, v.t. جا کر لانا ؛ مطالبہ کرنا ؛ بُلا بھیجنا ؛ طلب کرنا ؛ فرمایش کرنا ؛ مانگنا ۔

call girl, n. قحبہ ؛ کال گرل ؛ طوائف جس سے وقت و جگہ کے تعیّن کے لیے ٹیلیفون پر رابطہ کیا جا سکتا ہے ۔

call house, n. کال ہاؤس ؛ وہ مکان یا کمرہ جو طوائفیں

فُون سننے یا ملاقاتیں طے کرنے کے لیے استعمال کرتی ہیں ؛ کمرہ ملاقات ۔

calligrapher, calligraphist, n. خُوش نَویس ؛ خطّاط ؛ وہ شخص جو خُوشخط لکھے ؛ خوش قلم ؛ مسودے نقل کرنے والا ؛ پاک نویس ۔

calligraphy, n. خطّاطی ؛ ہاتھ کی خوبصورت لکھائی ؛ خوش نَویسی ؛ عام طور پر ہاتھ کی لکھائی ؛ قلم کاری ۔

calligraphic, a. خوش نویسانہ ۔

calling, n. کام ؛ کسب ؛ حرفہ ؛ پیشہ ؛ دھندا ؛ معمول کا شغل یا روزگار ؛ مجموعی طور پر وہ اشخاص جو ہم پیشہ ہوں ؛ غیبی حکم یا ہدایت کے زیر اثر ہونے کی حالت ؛ اضطراری یا اجباری اندرونی طاقت ؛ اجلاس طلبی ؛ بُلاوا /طلبی جیسے کانگرس کے اجلاس کی ۔

calling card, n. تعارفی کارڈ : ایک چھوٹا کارڈ جس پر کسی شخص یا جوڑے (میاں بیوی) کا نام پتّہ درج ہو اور جسے ملاقات کی پیشگی اطلاع یا تحفہ دینے والے کی شناخت کے لیے استعمال کیا جائے ؛ تعارفی رقعہ یا پرچی ۔

calliope, n. کلیبی : ایک تیز آواز آلۂ موسیقی جس کی کلیدیں چلانے پر بھاپ سیٹیوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے ۔ (بڑے C سے) فصاحت اور رزمیہ شاعری کی دیوی (میوز) ۔

calliopsis, n. کالی اوپسِس ؛ جنسِ کوری اوپسِس (Coreopsis) کا فصلی پودا ۔

Callisto, n. (فلکیات) کیلسٹو ؛ مُشتری کے بارہ سیّاروں میں سے ایک بڑا سیّارہ ۔ (اساطیری) آرکیڈیا کی حسین دیوی جس سے زیوس کو محبّت ہو گئی تھی ، زیوس کی بیوی نے رقابت میں اُس کو ریچھ بنا دیا اور زیوس نے اسے دُبِّ اکبر کی صورت میں ایک مجمع النّجوم بنا دیا ۔

call loan, demand loan, n. عِندُالطّلب قرضہ ؛ طلبی قرضہ ؛ سٹّہ بازار یااسٹاک مارکیٹ کا قرض جو ہُنڈیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے اور جسے قرض دہندہ یا مقروض کسی بھی وقت ختم کر سکتا ہے ۔

call market, n. بازار قرضہ جات عِندُالطّلب ؛ وہ بازار جہاں طلبی قرضوں/عِندُالطّلب قرضوں کا لین دین ہوتا ہے ۔

call money, n. زرِ عِندُالطّلب ؛ وہ روپیہ جو طلب پر قرض دیا جائے یا طلبی قرضوں کے لیے مل سکتا ہو ۔

call number, n. (لائبریری سائنس) طلب نمبر ؛ ایک درجۂ بند نمبر جو عموماً حروف اور ہندسوں پر مشتمل ہوتا ہے اور اس سے موضوع اور مصنّف کی وضاحت اور کتب خانہ میں متعلقہ الماری وغیرہ کی نشان دہی ہوتی ہے ۔

call off, v.t. بُلانا یا لے جانا ؛ توجّہ ہٹانا ؛ منسوُخ کرنا ، جیسے کسی طے شدہ منصوبے کو ؛ اونچی آواز میں بولنا یا پڑھنا جیسے فہرست سے نام پُکارنا ۔

callose, n. (نباتیات) صلابتی مادّہ ؛ کیلوس ؛ کبھی کبھی جمع ہونے والا کاربو ہائیڈریٹ یا پودے کے خلیوں کی دیواروں کا میعادی جُز ، جو چھال کے اندر مسام دار تھوں میں کیلوس بناتا ہے ۔ (صفت) برگ/پتّے کی طرح سخت اور جما ہوا مادّہ لیے ہوئے ؛ صلابت دار ؛ مصلّب ۔

callosity, n. صلابتِ جلد ؛ سخت ہونے کی حالت ؛ جلد اور دیگر خلیوں کی غیر معمولی سختی اور موٹائی ؛ سخت ہوتی ہوئی موٹائی ؛ پودے کا کوئی بھی حصّہ جو غیر معمولی طور پر سخت ہو ۔ (مجازاً) بے حسی ۔

callous, a. صلابت دار ؛ مصلّب ؛ سخت جیسے کھال ؛ سخت اور بے حس ، جیسے کھال کے رگڑ کھائے ہوئے حصّے ؛ گٹّے ۔ (مجازاً) سنگ دل ؛ ظالم ؛ بے رحم ؛ بے حس ۔ (فعل لازم و متعدی) سنگ دِل یا بے حِس بنانا یا ہونا ۔

calloused, a. سَنگ دِل یا سخت مزاج بنایا ہوا ۔

callously, adv. سَنگدلی سے ۔

callousness, n. سَنگدلی ؛ سختی ؛ دُرشتی ؛ بے رحمی ۔

callow, a. بے بال و پر ؛ مُنڈا ، جیسے نوزائیدہ پرندہ ؛ ناپُختہ ؛ بہت چھوٹا ؛ نابالغ ؛ غیر مہذّب ؛ ناتجربہ کار ۔

call rate, n. عِندالطّلب شرحِ سُود ؛ سود جو عِندالطّلب قرض پر لیا جائے ۔

call sign, n. تعارفی نشان ؛ خطابی اشارہ : دوست عسکری طاقتوں کو اپنی شناخت کرانے کے لیے ایک نشان جو جہاز ریڈیائی پیغام کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

call to quarters, n. بیرک طلبی/بیرکوں میں واپسی کا بگل ؛ روشنیاں گُل ہونے سے پہلے سپاہیوں کو بیرکوں میں واپس بُلانے کے لیے بِگل کی آواز ۔

call-up, n. فوجی بُلاوا : عملی فوجی خدمات کے لیے حاضری کا سرکاری نوٹس؛ مقررہ مدّت کے دوران فوجی خدمات کے لیے طلب کیے گئے سپاہیوں کی کل تعداد ۔

call up, v.t. فون/ٹیلیفون کرنا ؛ بحث کے لیے پیش کرنا ؛ مُسلَح افـواج میں نوکـری کے لیے (امیدواروں کو) مُنتخب کرنـا (جیسے to call up the army reserves) ۔

callus, n. جِلد کی سختی ؛ گٹّا ؛ جلد کا وہ حصّہ جو سخت یا موٹا ہو گیا ہو ؛ دبازت ؛ پودے پر بن جانے والی سخت گرہ ؛ وہ مادّہ یا خلیے جو پودے کے کٹے ہوئے حِصّہ پر بن جائیں اور اندرونی خلیوں کی حفاظت کریں اور اس طرح اندمال میں مدد دیں ؛ ٹُوٹی ہوئی ہڈّیوں کے سروں کو جوڑنے کے لیے دونوں سِروں پر نئے استخوانی مادّے کی پیدایش ۔ (فعل متعدی) سختی و موٹائی پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) سخت اور موٹے مادّہ کا جمع ہونا ، جیسے کسی درخت یا پودے کے کٹے ہوئے حصّہ پر ۔

calm, n. خاموشی ؛ ٹھہراؤ ؛ سُکوُت ؛ بے حرکتی ؛ سکوُن ؛ حرکت اور ہلچـل سے خالی ؛ تیز ہوا کی غیر موجـودگی ؛ ہیجـان ، برانگیختگی اور جذبـاتی اضـطراب سے آزادی ؛ دل جمعی ؛ قرار ؛ اطمینان ؛ آسایش ۔

calm, a. خاموش ؛ ٹھہرا ہوا ؛ بے حرکت ؛ ساکت ؛ چُپ چاپ ؛ آندھی کے بغیر ؛ بے آشوب ؛ بے باد ؛ پُرسُکون ؛ برانگیختگی یا جذباتی ہیجان کے بغیر ؛ مطمئن ؛ دل جمع ۔

calmly, adv. سُکوُن سے ؛ خاموشی سے ۔

calmness, n. سُکوُت ؛ سُکوُن ، خاموشی ؛ قرار ؛ قیام ۔

calm, v.i. پُرسُکوُن یا خاموش ہونا ؛ آرام کرنا ؛ دھیمے ہونا/اُتر جانا (عموماً down کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (فعل

گوراوجی ؛ زسلیا ؛ چوپک ؛ تمباکو کا لمبا اور مزیّن پائپ جسے شمالی امریکا کے انڈین رسمی مواقع پر خصوصاً امن کے علامت کے طور پر استعمال کرتے تھے ۔

calumniate, v.t. اتہام لگانا ؛ کسی کے متعلق مخاصمانہ اور جھوٹی باتیں کہنا ؛ بدنام کرنا ؛ بُرا کہنا ؛ کلنک لگانا ؛ افترا باندھنا ۔

calumniation, n. بُہتان ؛ اتہام ۔

calumniator, n. اِفترا پرداز ؛ بُہتان تراش ؛ غِیبَت کرنے والا ۔

calumniatory, a. تُہمت آمیز ؛ مُخاصمانہ ؛ کلَنکی ؛ اَلزامی ؛ تُہمتی ؛ پُر اِفترا ۔

calumnious, a. تُہمت آمیز ؛ اِفترا پرداز ؛ جس میں تُہمت شامل ہو ؛ تُہمت تراش ؛ تُہمت سے کام لینے والا ؛ ہَتک آمیز ؛ مُفسدانہ ؛ الزام تراش ۔

calumniously, adv. تُہمت انگیزانہ؛ مُفسدانہ ۔

calumny, n. تُہمت ؛ افترا ؛ مخاصمانہ دروغ بیانی جو بدنام کرنے کے لیے ہو ؛ کلنک ؛ تُہمت آمیز رپورٹ ؛ بُہتان ؛ لِم ۔

calvados, n. کلوڈس ؛ برانڈی شراب جو سیب سے کشید کی جاتی ہے ، یہ سب سے پہلے فرانس میں صوبہ نارمنڈی کے ضلع کالویڈوس میں بنائی گئی ۔

Calvary, n. گول گوتھا ، وہ جگہ جہاں حضرت عیسیٰ مسیح کو صلیب پر چڑھایا گیا (لوقا : ۲۳-۳۳) ۔ (چھوٹے c سے) صلیب کے منظر کا مجسّمہ جو کُھلی جگہ یا گرجا میں نصب کیا جائے ؛ شدید تکلیف ، خصوصاً ذہنی اذیّت کا تجربہ ۔

calve, v.i. بیانا ؛ بچھڑے کو جنم دینا ؛ گلیشیئر یا آئس برگ کے ٹکڑے کا الگ ہو جانا ۔ (فعل متعدی) بچھڑے کو جنم دینا ؛ سامنے لانا ؛ دے دینا ۔

Calvinism, n. کالونیّت ؛ مشربِ کالون ؛ جان کالون کی مذہبی تعلیمات جن میں خدا کے اقتدارِ اعلیٰ ، تقدیر اور ابتدائی گُناہ پر زور دیا گیا ہے ۔

Calvinist, n. جان کالون کا مقلّد ؛ کالون کی تعلیمات قبول کرنے والا ؛ کالونیّت پسند ۔

calx, n. کلس ؛ چونا ۔ (فلزّیات) دھات کا کُشتہ ؛ پُھکی ہوئی دھات ؛ خاکستر ؛ آکسائڈ یا خاکستر مادّہ جو دھات یا معدنیات کے پوری طرح جل جانے کے بعد باقی رہ جاتا ہے ؛ دوبارہ پگھلانے کے لیے ٹوٹے پُھوٹے شیشے ۔ (تشریح الاعضا) ایڑی ؛ عقبیّہ ۔

calycle, n. (نباتیات) کہامۂ گل ؛ پُھول کے نیچے مُڑے ہوئے چھوٹے پتے جو باہر سے پُھول کٹوری جیسے نظر آتے ہوں ؛ بیرونی مسند گل ؛ کمیمہ ۔

calycular, calyculate, a. کہامہ نُما ؛ پُھول کٹوری جیسا ؛ کہامہ بردار ؛ کہامی ۔

calypso, n. کلپسو ؛ جزائر غرب الہند میں رائج ایک قسم کی موسیقی جس میں جاز کی سی تال پر طنزیہ اور اکثر برجستہ گیت گائے جاتے ہیں ۔

calyptra, n. (نباتیات) ٹوپا ؛ بُرقعہ ؛ پُھول ٹوپی ؛ ایک ٹوپی نُما ڈھکنے والا حصّہ جو پُھول لانے والے پودوں میں پھل لانے والے اعضا سے جُڑا ہوتا ہے ؛ کائی میں تخم میکروب کے گُچھوں کو

متعدی) پُرسُکوُن یا خاموش کرنا ؛ تسلّی دینا ؛ آرام دینا ، تسکین دینا ۔

calmative, a., n. مسکّن ؛ تسکین بخش ؛ تسکین آور ؛ سُکوُن آور ۔

calomel, n. (علمِ ادویہ) رس کپور ؛ کیلو مل ؛ مرکری کلورائڈ ، ایک جُلاب آور سفید ، بے مزہ اور ٹھوس مادّہ ؛ ایک مُسہل ۔

calorescence, n. (طبیعیات) حَرَنُوریّت ؛ حَرَنُورانیّت ؛ زیر احمریں روشنی یا حرارت کی روشنی کی دکھائی دینے والی شُعاعوں میں تبدیلی ، یہ تبدیلی بالواسطہ کسی چیز یا جسامت میں کافی حرارت جذب ہونے کے بعد رُونما ہوتی ہے ۔

caloric, n. (کیمیا ، طبیعیات) کیلورک ؛ حراری ؛ اصل حرارت ؛ متروک اصطلاح جو ایک خیالی رقیق مادّے کے لیے استعمال ہوتی تھی جس کے متعلّق یہ فرض کر لیا گیا تھا کہ حرارت و احتراق اُس کے سبب سے ہیں ۔

caloric, a. کیلورک ؛ حراری ؛ کیلوری یا حرارت سے متعلّق ۔

calorie, calory, n. (طبیعیات) حرارہ ؛ کیلوری ؛ حرارت کی مقدار جو معمُول کے کرۂ بادی دباؤ میں ایک گرام پانی کا درجۂ حرارت ایک ڈگری سینٹی گریڈ بڑھانے کے لیے درکار ہوتی ہے ؛ حرارت کی اکائی ۔

gram calorie, small calorie, (طبیعیات) گرام کیلوری ؛ گرام حرارہ ؛ چھوٹا حرارہ ؛ چھوٹی کیلوری ؛ ایک ہزار گرام کیلوریز کے برابر حرارت کی مقدار ۔

kilo calorie, large calorie, (فعلیات) کلوکیلوری ؛ بڑی کیلوری ؛ کلو حرارہ ؛ بڑا حرارہ ؛ غذا پیما اکائی جو ایک بڑی کیلوری کے برابر توانائی کی مقدار ظاہر کرتی ہے ۔

calorific, a. حرارت زا ؛ حراری ؛ حرارت پیدا کرنے کی اہلیت رکھنے والا ؛ حرارت کا مُسبب ؛ گرمانے والا ۔

calorimeter, n. کیلوری میٹر ؛ حرارہ پیما ؛ اُن چند آلات میں سے کوئی ایک جو کسی جسم میں حرارت کے انجذاب یا اس سے حرارت کی پیدائش ناپنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں ۔

calorimetric, a. کیلوری میٹر کا یا اس کے استعمال سے متعلّق ۔

calorimetry, n. حرارہ پیمائی؛ کیلوری میٹر کے استعمال کا طریق کار ۔

calory, n. کیلوری ۔ دیکھیے : Calorie

calotte, n. وہ ٹوپی جو پادری پہنتے ہیں ؛ کُلاہِ کلیسائی ۔ (فن تعمیر) قُبّۂ صغیر ؛ چھوٹا گُنبد ؛ قُبّہ یا مینار کی چوٹی پر دھات کا خول یا کلس ۔

caltrop, caltrap, calthrop, n. (نباتیات) بھکھڑ ؛ گوکھرو ؛ خار خسک ؛ ایسے پودوں میں سے کوئی ایک جن کے کانٹے دار یا نوک دار پتّے یا پھل ہوتے ہیں مثلاً تارا گھوکھرو (Star thistle) ۔ (عسکری) چومیخا ؛ پاگیر ؛ چار میخیں لگا ہوا لوہے کا گولہ ، اس طرح بنا ہوا کہ جب وہ زمین پر رکھا جائے تو ایک میخ کا رُخ اُوپر کی طرف ہو : پہلے زمانے میں ایسے گولے دُشمن کی گُھڑ سوار اور پیدل فوج کے راستے میں رکاوٹ ڈالنے کے لیے استعمال ہوتے تھے ۔

calumet, n. کلیامت ؛

ڈھکنے والی ٹوپی ۔

calyx, n. (نباتیات) پُھول کا بیرونی ، عموماً سبز غلاف ؛ مسندِ گُل کا ایک جُز؛ کہامہ ؛ کہامہ ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات) پیالہ نُما حصّہ ۔

calyciform, calycine, a. مسندِ گل کی شکل کا ؛ کہامہ نُما ؛ کہامہ صورت ۔

cam, n. (مشین) کیم : ایک آلہ جس سے مسلسل دائری حرکت کو غیر مسلسل دائری یا آگے پیچھے کی دائری حرکت میں تبدیل کرتے ہیں ؛ اس ترکیب کی مشینی ساخت میں عموماً بیضوی ، دل کی بناوٹ کا یا کسی دوسری خاص بناوٹ کا ہموار ٹُکڑا یا خارج المرکز رکابی استعمال ہوتی ہے جو ایک دُھرے سے منسلک ہوتی ہے اور اس پر گھومتی ہے نیز مشینی نظام کے دیگر حصّوں سے بھی اس کا تعلّق ہوتا ہے ۔

camaraderie, n. کامریڈری ؛ ساتھی پن ؛ دوستانہ ساتھ ؛ رفاقت ؛ کامریڈ شپ ۔

camarilla, n. [کمرہ سے] نجی اور شاید خُفیہ مشیروں اور صلاح کاروں کی جماعت ؛ منڈلی ؛ سِرّی گروہ ۔

camass, camas, n. جنسِ سُوسن (کماسیا Camassia) کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک خصوصاً کماسیا کو آماش (C. quamash)مغربی شمالی امریکا کی ایک سوسن جس کے ڈوڈے میٹھے اور خوردنی ہوتے ہیں ۔

camber, v.t., v.i. کمان کی طرح قدرے خمدار کرنا ؛ مُحدّب بنانا ؛ درمیان سے اُوپر کی طرف خَم لانا یا موڑنا ۔

camber, n. خَم ؛ کُب ؛ تَحدُّب ؛ اُوپر کی طرف خمیدگی یا محدّب پن (جیسے عرشہ جہاز کا)؛اُبھار ؛ قدرے خَمدار شہتیر ؛ خمدار کڑی ۔ (طیرانیات) ہوا کی تہ کی جھوک ۔

cambist, n. ماہر مبادلات ؛ تبادلۂ زر کا ماہر ؛ ہُنڈی کا بیوپاری ؛ مہاجن ؛ صرّاف ؛ مبادلات نامہ ، رسالہ یا دستی کتاب جس میں مختلف مُلکوں کا زرِ رائج الوقت (کرنسی) اوزان ، پیمانے وغیرہ اور ان کے متبادل درج ہوتے ہیں ۔

cambium, n. (نباتیات) فارقہ ؛ نوزا ؛ درختوں اور جھاڑیوں میں چھال اور لکڑی کے درمیان نرم جوف دار تہ یا خَشبَہ (چوب ریشہ) جس سے نئی چھال اور نئی لکڑی بنتی ہے ؛ برسا پرت ۔

Cambodian, a. کمبوڈیائی ؛ کمبوڈیا کا ؛ کمبوڈیا کے تمدّن اور لوگوں سے مخصوص : ایک مُلک جو جنوب مغربی ایشیا میں خلیج سیام پر تھائی لینڈ کے جنوب میں واقع ہے ، اس ملک کا بدلا ہوا نام کمپوچیا ہے ۔ (اسم) کمبوڈیا کا باشندہ ۔

camboose, n. (کینیڈا)(لکڑ ہاروں کے کیمپ میں)لکڑہاروں کے کوارٹر یا جھونپڑیاں ۔

Cambrian, a. کیمبری ؛ کیمبر لینڈ یا ویلس کا ؛ ارضیاتی ارتقا کے عہد سے متعلّق ؛ سِلوری عہد سے پہلے کے چٹانی نظام سے متعلق جو قدیم حجری عہد کی اولین تقسیم ہے ۔ (اسم) ویلس کا باشندہ ۔ (ارضیات) کیمبری عہد یا نظام ۔

cambric, n. [شمالی فرانس کے قصبے کیمبرائی کے نام پر] کیمرک ؛ نفیس اور مہین کتان یا سُوتی کپڑا ۔

cambric tea, n. کیمبرائی چائے ؛ گرم پانی ، دُودھ ، چینی اور بعض اوقات قدرے چائے کا آمیزہ ۔

Cambridge cockpit, n. (طیرانیات) نقلی کاک پٹ ؛ ہوائی جہاز کا نقلی کاک پِٹ جس میں اصل ہوائی جہاز چلانے کے آلات نَصب ہوتے ہیں اور جن کے ذریعے زیرِ تربیت ہوا باز کی اہلیت کا امتحان لیا جاتا ہے ۔

came, n. کیم ؛ سِیسہ کی نازک جھری دار سلاخ جو جالی دار یا رنگین شیشہ کی کھڑکیوں میں شیشہ کے ٹکڑوں کو ایک دوسرے سے جوڑے رکھتی ہے ۔

camel, n. اُونٹ ؛ شُتر ؛ ناقہ ؛ جمل ؛ جمال ؛ جنسِ شُتریہ (camelus) سے متعلّق دو بڑی جسامت کے جگالی کرنے والے چوپائے : اوّل جملِ عربی (C.dromedarius) جس کا ایک کوہان ہوتا ہے ، دوم شتر باختری (C.bactrianus) جس کے دو کوہان ہوتے ہیں ، دونوں چوپائے باربردار ہیں؛ آب روک یا آب بند اُچھال دار ڈھانچا جو جہاز کے گرد یا پہلو میں لگا کر جہاز کو (پانی میں) اُٹھاتے ہیں ۔

camel back, n. غلاف بندی ؛ ربڑ کی پٹی جو ٹائر کی روکشی یا ری ٹریڈنگ کے لیے استعمال ہو ؛ اونٹ کے کوہان سے مشابہ کرسی کی پشت/کوہان پشت ۔

cameleer, n. اونٹ بان ؛ شُتر سوار سپاہی ؛ ساربان ؛ شُتر بان ۔

camelia, n. [موراوی مشنری کمیل کے نام پر] کمیلیا ؛ ایک جاپانی چائے کی طرح Thea کا پودا Camellia japonica جس کے پتّے چمکدار اور سدا بہار اور پُھول سفید اور سرخ ، مومی اور گُلاب سے مشابہ ہوتے ہیں ؛ یہ پُھول عموماً ہار/گجرے وغیرہ بنانے میں کام آتے ہیں ۔ اس پودے کی کاشت عام ہے ۔

camelopard, n. (قدیم) زرّافہ ؛ شُتر گاؤ ۔ (بڑے C سے) (فلکیات) ستاروں کا شمالی جُھرمٹ کوکبۂ زرّاف (Camelopardalis) ۔

camel's hair, camel hair, n. پشمِ شُتر ؛ اُونٹ کی اُون ؛ اُون جس سے مخصوص شُتری رنگ کا کپڑا اور موقلم (پینٹ برش) بنائے جاتے ہیں ؛ اُونٹ کی اُون سے بنا ہوا کپڑا ۔

Camembert cheese, n. نارمن پنیر ؛ ایک پنیر جو کیمبرٹ گاؤں (صوبہ نارمنڈی ، فرانس) کے نام سے مشہور ہے ، یہ خوش ذائقہ ، نرم اور نافشردہ ہوتا ہے ، اس میں پَھپُھوندی سی ملا کر کُھمبی جیسی خوشبو اور ذائقہ پیدا کیا جاتا ہے ۔

cameo, n. پتّھر پر اُبھرواں نقش ؛ کیمیو ؛ نگینے یا پتّھر پر اُبھری ہوئی کندہ کاری خصوصاً ایسی کندہ کاری جس میں پتّھر کی رنگا رنگ پَرتیں اِس طرح استعمال کی گئی ہوں کہ ایک رنگ کی پَرت زمین یا سابقہ کا کام دے تو دوسرے رنگ کی پرت نقوش ظاہر کرے ؛ اس طرح کندہ کردہ پتھر یا جواہر ؛ چھوٹے نقوش یا تصویروں کو کندہ کرنے کا فن ۔

cameo, n. کیمیو ؛ ایک مختصر لیکن واضح ادبی خاکہ یا تھیٹر کا کوئی کردار ، مؤخرالذکر اکثر کسی مخصوص اداکار کی صلاحیت کا مظاہرہ کرنے کے لیے تحریر اور اسٹیج کیا جاتا ہے ۔

camera, n. [یونانی لفظ کمرہ سے مشتق] کیمرا ؛ عکس آلہ ؛ تصویر کشی یا فوٹو کھینچنے کا آلہ ، یہ ایک ضیا روک/روشنی بند ڈبہ ہوتا ہے جس میں عدسے لگے ہوتے ہیں ، جس شکل/منظر کی تصویر کشی مقصود ہو اُسے عدسے کے ماسکہ (فوکس) میں لے کر ایک پَل کے لیے عدسے پر سے ڈھکن ہٹاتے ہیں تاکہ مطلوبہ شکل/منظر کا عکس روشنی سے

حساس پلیٹ یا لوح پر مرتسم ہو جائے ؛ ٹیلی وژن کے ترسیلی نظام میں ایک ترکیب جس سے ترسیل کیے جانے والے مناظر پہلے بصری عدسے میں تشکیل پاتے ہیں ، پھر ایک برقیاتی ٹیوب/نلی میں منتقل ہو کر برقی اشارے بن جاتے ہیں ؛ تاریک عکّاسہ/کیمرا ۔ (جمع : camras) ۔ خلوت گاہ ؛ خصوصاً جج کا کمرہ ۔ (جمع comarae) ۔

in camera, (قانون) جج کے نجی کمرے یا دفتر کی خلوت میں ؛ خفیہ طور پر ؛ درپردہ ۔

cameral, a. سرکاری مالیات یا محاصل سے متعلّق ؛ عدالت یا مقننہ کے چیمبر سے متعلّق ۔

cameralism, n. نظریۂ مالیاتی ؛ سترھویں اور اٹھارویں صدی عیسوی کے یورپ میں معاشیات کا تجارتی نظریہ جو حکمرانوں کی حیثیّت مضبوط کرنے کی پالیسیوں کا حامی تھا ؛ تجارتی اصول جو اقتصادی حکمتِ عملی میں دولتِ زر پر زور دیتا ہے ۔

cameralist, n. ماہرِ مالیات ؛ تجارتی نظریہ کا حامل ۔

cameralistic, a. مالیاتی ؛ نظریۂ تجارت کا یا نظریۂ تجارت سے متاثّر ۔

cameralistics, n. علمِ مالیات ؛ سرکاری مالیات کا علم ۔

camera lucida, n. منوّر کیمرا ؛ روشن عکساله ؛ کیمرا لوسیڈا ؛ ایک بصری آلہ جس میں منشوری شیشہ یا آئینہ اور اکثر خوردبین نصب ہوتی ہے جس کے ذریعہ مطلوبہ خارجی شے کا عکس کاغذ کے صفحہ پر اِس لیے ڈالا جاتا ہے تا کہ اس کی خاکہ کشی ہو سکے ۔

camera man, n. کیمرا مین ؛ عکس کار : کیمرے سے فوٹو کھینچنے والا شخص خصوصاً متحرّک تصاویر لینے والے کیمرے سے ۔

camera obscura, n. مُظلمہ کیمرا ؛ تاریک عکساله ؛ کالا ڈبّہ ؛ تاریک ڈبّہ نُما عکّاسہ جس میں خارجی اشیا/مناظر کے عکس ان کے قدرتی رنگوں سمیت محدّب عدسے سے ڈھکن ہٹا کر ایک سطح یا پردے پر ڈالتے ہیں ، یہ عکّاسہ تصویری خاکہ نگاری یا نمایش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

camerlengo, camerlingo, n. کیمرلنگو ؛ پوپ کا خزانچی ۔ (رومن کیتھولک چرچ) کارڈنیل یا اسقف جو پوپ کا خزانچی ہو ۔

camino real, n. شاہراہ ؛ جرنیلی سڑک ؛ خیابان اعظم ۔

camion, n. ٹھیلا ؛ ٹرک ؛ گڈا ؛ چھکڑا ؛ وزنی سامان کے نقل و حمل کے لیے مضبوط بنی ہوئی گاڑی یا ویگن ؛ فوجی سامان لے جانے والا ٹرک ۔

camise, n. [عربی : قمیص] قمیص ؛ ڈھیلی قمیض ، کُرتا یا چوغہ ۔

camisole, n. بغیر آستین کا زیر لباس پہننے والا زنانہ شلوکا جو عموماً جھالر دار اور مزیّن ہوتا ہے ؛ عورتوں کا چھوٹا ڈریسنگ گاؤن یا ڈھیلا ڈھالا گھریلو لباس ؛ شمیض ۔

camlet, n. [عربی: خملات] کملات ؛ ایک بیش قیمت کپڑا جو اصل میں بکرے کی اُون سے بنتا تھا اور پہلے زمانے میں استعمال کیا جاتا تھا ؛ اُونٹ کی اُون اور ریشم کا بنا ہوا کپڑا ؛ ایک پائیدار آب روک کپڑا جو عبا/چوغہ یا برساتی بنانے کے کام آتا ہے ۔

camomile, chamomile, n بابونہ ؛ جنس گُل بابونہ (Anthemis Nobilis) سے تعلق رکھنے والا کوئی بھی پودا (یورپ اور دیگر علاقوں کے باغات کا عام بابونہ) ؛ ایک بُوٹی جس کے پتّوں اور پُھولوں سے تیز خوشبو آتی ہے اور جو دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے ؛ اِس جنس کے دیگر پودے مثلاً میٹری کاریا (Matricaria) بابونہ یا جرمن بابونہ ۔

Camorra, n. نیپلز کی ایک خُفیہ جماعت جو ۱۸۲۰ء میں پہلی مرتبہ منظرِ عام پر آئی ، یہ بلیک میل اور ڈاکہ زنی کے لیے مشہور تھی لیکن ایک طاقتور سیاسی تنظیم کی صورت اختیار کر گئی ۔ (چھوٹے c سے) اس سے مشابہ جماعت یا گروہ ۔

camouflage, n. کیموفلاژ ؛ تلبیس ؛ فوجی دستوں ، اسلحہ اور سازوسامان کو پینٹ ، دُود پردہ یا شاخوں اور پتّوں سے چُھپانے کا عمل ؛ اِس چُھپانے کے عمل میں استعمال ہونے والی چیزیں ؛ فریب دینے کے لیے استعمال ہونے والے حیلے ، بہروپ ، طریقے یا منصوبے ۔

camouflage, v.t., v.i. بھیس بدلنا یا چُھپانا ؛ تلبیس کرنا ؛ کیموفلاژ کرنا ؛ بھیس بدلنے یا چُھپانے کی مشق کرنا ؛ بہروپ بھرنا ؛ سوانگ رچانا ۔

camouflager, camoufleur, n. ملبّس ؛سوانگ بھرنے والا ؛ بھیس بدلنے یا چُھپانے کی مشق کرنے والا شخص ؛ بہروپیا ۔

camp, n. کیمپ ؛ خیمہ ؛ خیمہ گاہ ؛ چھاؤنی ؛ پڑاؤ ؛ وہ جگہ جہاں فوج یا اسی قسم کے لوگوں کا گروہ اُترا ہُوا ہو ؛ فرود گاہ ؛ سپاہیوں کی بیرکیں وغیرہ ؛ وہ لوگ جن کو پناہ دی گئی ہو ؛ دستہ کے سپاہی وغیرہ جو ایک ساتھ پڑاؤ اور سفر کریں ؛ عارضی مسکن جو مچھلی پکڑنے یا شکار وغیرہ کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ کہیں باہر خیمہ زنی یا پڑاؤ ؛ گروہی پڑاؤ ڈالنے کے لیے تفریحی علاقہ جو عموماً مضافات میں ہو اور جہاں کھیل کود نیز دستکاری کی آسانیاں فراہم ہوں ، جیسے بچوں کے لیے گرمائی کیمپ ؛ کان کنی یا جنگل کاٹنے کے علاقوں میں مزدوروں کی نئی اور عموماً عارضی بستی ؛ کسی عقیدے یا نظریے کا مخلص حمایتی گروہ جیسے کوئی سیاسی کیمپ ۔

day camp, یومیہ کیمپ ؛ گرمائی کیمپ جہاں صرف دن بھر کے لیے بچّوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے ۔

camp, v.t., v.i. کسی کو کیمپ یا عارضی پڑاؤ میں رکھنا ؛ پناہ دینا ؛ پڑاؤ ڈالنا ؛ کیمپ قائم کرنا ؛ کیمپ میں اُترنا ؛ عارضی طور پر ٹھہرنا ؛ عارضی کوارٹر لینا ؛ خیمہ یا خیموں یا کسی چھت کے سائے میں عارضی طور پر رہنا جیسے گھر کے باہر تفریحاً رہتے ہیں (عموماً out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

camp, n. یہ جمالیاتی نظریہ کہ کسی معمولی ، عامیانہ نمایشی یا ناگوار حد تک حدِ اعتدال سے متجاوز عمل ، بات یا چیز سے اس کے فنی اسلوب کے باعث لطف اٹھایا جا سکتا ہے ؛ کوئی چیز جو اِس نظریے کے حامل لوگوں کو اپیل کرتی ہے یا اچھی لگتی ہے ؛ حد سے زیادہ نمایشی تصنّع کی خوشی خصوصاً جب اس کا اظہار معمولی یا غیر اہم باتوں پر کیا جائے ؛ کسی ایسی چیز کی طنزیہ یا مزاحیہ تعریف جو پہلے کمتر یا گھٹیا سمجھی جاتی ہو مثلاً پرانی مزاحیہ کتابیں ۔

campaign, n. حرب ؛ جنگ ؛ کارزار ؛ پیکار ؛ معرکہ ؛ مُہم ؛ جدّوجہد ؛ کسی ایک موسم یا مُہم کے دوران میدان میں فوج کی

جنگی کارروائیاں ؛ کوئی بھی جارحانہ راہ عمل ، جیسے وہ عمل جو انتخابات کے دوران رائے دہندگان پر اثرانداز ہونے کے لیے اختیار کیا جائے ؛ انتخابی مُہم ؛ مُہم بازی ؛ مُبارِزہ ؛ معرکہ آرائی ۔ (فعل لازم) کسی مہم میں کام کرنا یا مُہم پر جانا ؛ مہم چلانا ۔

campaigner, n. مُبارِز کوش ؛ مُہم جُو ۔

campaign ribbon, n. فِیتۂ معرکہ ؛ امتیازی رنگوں کے کپڑے کی پٹّی یا فیتہ جو فوجی وردی کے بائیں سینہ پر لگایا جاتا ہے اور جس کے مختلف رنگوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وردی پوش نے کن جنگوں میں حصہ لیا ہے اور کیا کیا تمغے حاصل کیے ہیں ۔

campanile, n. (فن تعمیر) گھنٹہ گھر ؛ گھنٹہ مینار : یہ اصطلاح اٹلی کے کُچھ علاقوں میں خصوصاً ایسی علیحدہ عمارتوں کے لیے مختص ہے جو گھنٹہ نصب کرنے کے مقصد سے بنائی گئی ہوں ، یہ عمارت عموماً گرجا گھر کی تعمیرات کا حصّہ ہوتی ہے ، پیسا کا خمیدہ مینار بھی کمپینیلی ہے ۔

campanology, n. جرسیات ؛ علم الاجراس ؛ گھنٹہ بجانے یا ڈھالنے کا فن یا اصول ؛ اِس فن کا مطالعہ ۔

campanologist, n. ماہر جرسیات ؛ گھنٹہ بجانے یا ڈھالنے کے فن کا ماہر ۔

campanula, n. (نباتیات) جرسی پودا یا جرسی جنس کا کوئی پودا مثلاً خرگوش جرس یا کنٹربری جرس ؛ جرسی پُھول ۔

campanulaceous, a. (نباتات) جریسہ ؛ جرسی جنس کے پودوں سے متعلّق ۔

campanulate, a. جرسی ؛ جرس نُما ؛ جرس صورت ؛ گھنٹہ نُما ، عموماً پُھول کی پنکھڑیوں کی وضاحت کے لیے بولا جاتا ہے ۔

Campbellite, n. [بانی الیگزنڈر کیمبل (۱۷۸۸۔۱۸۶۶) کے نام پر] عیسائیوں کی تنظیم (Disciples of Christ) ''مریدانِ عیسیٰ'' کا رکن ۔

camper, n. خیمہ زن : بالعموم موسم گرما میں کسی تفریحی مقام پر جا کر خیمہ زن ہونے یا قیام کرنے والا شخص ؛ گرمائی کیمپ میں شریک لڑکا یا لڑکی ؛ کسی مخصوص کام کے لیے لگائے گئے کیمپ کے پروگرام یا اجلاس میں شریک ؛ سفری گاڑی ؛ سونے اور کھانے کے انتظام کی حامل اور تفریحی مقاصد کے لیے استعمال میں آنے والی گاڑی ۔

campestral, campestrian, campestrine, a. میدانی ؛ کُھلے میدانوں یا دیہاتی پسِ منظر سے متعلّق ؛ کِشت زاری ۔

camp fire, n. کیمپ فائر ؛ کیمپ میں تاپنے یا کھانا پکانے کے لیے آگ ؛ سپاہیوں یا اسکاؤٹوں کا اجتماع ؛ آتشِ خیمہ گاہ ؛ الاؤ ۔

camp fire girl, n. کیمپ فائر گرل ؛ کیمپ فائر گرلز انکارپوریشن کی رکن لڑکی : یہ تنظیم خوش کرداری ، اچھی شہریت اور عُمدہ صحت کے اصولوں کو فروغ دینے کے لیے وقف ہے ۔

camp follower, n. باقاعدہ سرکاری تعلق کے بغیر کسی کیمپ یا فوج کے پیچھے پیچھے جانے والا یا پیروی کرنے والا جیسے طوائفوں کا ٹولا ؛ کسی گروہ سے رسمی تعلّق یا عملی سرگرمی رکھے بغیر اس کے مقاصد سے ہمدردی رکھنے والا ؛ مقلّد ؛ پیروکار ۔

camphene, n. (کیمیا) کافُورین ؛ کافُور سے تعلّق رکھنے والے کئی تارپین مرکبّات ؛ ایک بے رنگ قلمی مادّہ جو بعض ضروری روغنوں میں پایا جاتا ہے اور خصوصاً کافُور کے متبادل کے طور پر استعمال ہوتا ہے یا کیمیاوی طریقے سے بنائے ہوئے کافُور میں درمیانی مرکّب ہوتا ہے ۔

camphine, camphene, n. روغنِ کافُور ؛ ملاوٹوں سے پاک کیا ہوا خالص تارپین کا تیل یا تارپین اور الکحل کا آمیزہ جو پہلے زمانے میں چراغوں کے لیے تیل کا کام دیتا تھا ۔

camphol, n. (کیمیا) بورنیو کا کافُور ؛ کافُول ۔

camphor, n. کافُور ؛ کافُول ؛ کپور ؛ سفید ، نیم شفّاف ، اُڑ جانے والا ، خُوشبودار ، قلمی مادّہ جو زیادہ تر شجرِ کافُور (Cinnamomum Camphora) سے حاصل کیا جاتا ہے : مُمسّک اور سوزش آور دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ۔

camphoraceous, a. کافوری ۔

camphorate, v.t. کافُور میں بسانا ؛ کافُور سے مملو یا معمُور کرنا ۔

camphorate, n. (کیمیا) کافُوری تیزاب کا نمک ۔

camphoric, a. کافُوری ؛ کافُور کا ؛ کافُور رکھنے والا یا کافُور سے ماخوذ یا نکالا ہُوا ، جیسے کافُوری تیزاب ؛ دو اساسی اور قَلمی تیزاب جو کافُور جلا کر حاصل کیا جائے ۔

camphorous, a. کافُور کی طرح ؛ کافُورگُوں ۔

camphor glass, n. دُودھیا سفید شیشہ جس کا رنگ گُوند یا کافور سے ملتا ہے ۔

camphorice, n. کافُوری مرہم ؛ ایک مرہم جو کافُور ، سفید موم سپرمیسیٹی (وھیل مچھلی کا دماغی روغن) اور کیسٹرآئل (بید انجیر) کے تیل سے بنتا ہے ، داغدار یا پھٹی ہوئی جلد کے علاج میں کام آتا ہے ۔

camphor tree, n. شجرِ کافُور ؛ کافُور کا درخت ؛ شجرِ دار چینی : جاپان ، چین وغیرہ کا سدابہار درخت جس سے تجارتی مقاصد کے لیے کافُور حاصل ہوتا ہے ؛ اسی قسم کے درختوں میں سے کوئی خوشبودار درخت جن سے بورنیول یا بورنیو کا کافُور حاصل ہو ۔

campilotropus, a. خم رُخا ۔

campimeter, n. کیمپی میٹر ؛ شبکیہ کی رنگ حساسیت اور بصری خصوصیات کی حدود ناپنے کا آلہ ؛ میدانِ چشم پیما ۔

campion, n. کَمپیا ؛ دردہ ؛ گلابی قبیلے کے بعض پودوں میں سے کوئی ایک ، مثلاً اکلیلِ دردہ (Lychnis coronaria) یا گلاب کمپیا : ایک کاشتنی پودا جس پر گُلابی یا سُرخ پُھول کھلتے ہیں ۔

camp meeting, n. مجلسِ خیمہ گاہ ؛ کیمپ اجتماع ؛ چند روزہ مذہبی اجتماع جو خاص اسی غرض کے لیے کسی مخصوص خیمہ گاہ میں منعقد کیا جائے ۔

campo, n. گیاہی میدان ؛ جنوبی امریکا کا وسیع سبزہ زار ۔

campong, n. دیکھیے : Kampong ۔

camporee, n. کمپُوری ؛ کسی خاص علاقے یا حلقے کے اسکاؤٹ لڑکوں یا لڑکیوں کا کیمپ اجتماع (جمبوری کے برعکس جو قومی یا بین الاقوامی سطح پر اسکاؤٹوں کا اجتماع کہلاتا ہے) ۔

camposanto, n. [اطالوی ، ہسپانوی : مقدس میدان] آخری آرامگاہ ؛ دفن کرنے کی جگہ ؛ قبرستان ؛ گورستان ؛ شمشان بُھومی ۔

campstool, n. ٹھپ کُرسی ؛ ٹھپ اسٹُول ؛ لِپٹواں کُرسی : ہلکی اور تہ ہو جانے والی نشست یا کُرسی ۔

campus, n. احاطۂ کالج ؛ کیمپس ؛ کسی کالج یا اسکول کی زمین یا احاطہ ؛ تعلیمی ماحول جو اعلیٰ تعلیمی ادارے کی پہچان ہو ۔

campus, v.t. (عوامی) کیمپس کا پابند کرنا ؛ تادیب کرنا
(جیسے اصلاح ونظم کے لیے طالبعلم کو بعض مراعات سے محروم کر کے یا کیمپس سے نکلنے پر پابندی لگا کر)۔

campy, a. کیمپ کی خصوصیات کا حامل ؛ مضحکہ خیز حد تک بناوٹی ، ڈرامائی یا تھیٹری خصوصاً چھوٹی چھوٹی باتوں میں ؛ زنانہ حرکتیں کرنے والا مرد ؛ خواجہ سرا ؛ ہیجڑا ۔

camshaft, n. (مشین) کیم دُھرا ؛ کیم شافٹ ؛
وہ دُھرا جس پر کیم دوسرے میکانکی پرزوں کو حرکت میں لانے کے لیے نصب کی جائے ۔

can, aux. v. سکنا ؛ قابل یا لائق ہونا ؛ مُمکن ہونا ؛
ہو سکنا ؛ کر سکنے کا علم ہونا (جیسے : He can drive) ؛ (کرنے کی) قابلیت ، طاقت ، حق ، اہلیتی صفات یا ذرائع رکھنا ؛ اختیار رکھنا ؛ وسیلہ یا ذریعہ رکھنا ؛ (کام کا) ضروری حوصلہ رکھنا (جیسے : He can accept his failure) ؛ ضمیر سے اجازت پانا (جیسے : I can forgive him) ؛ حالات کے تقاضے تلے ہونا (جیسے I could shout for joy) ؛ (کسی چیز کا) سزاوار ٹھہرنا (جیسے : He can be sued for that) ؛ گُنجایش کے مطابق بنایا جانا (جیسے : It can hold two gallons) ۔ (بول چال) اجازت دینا یا اجازت پانا (جیسے : You can leave now) ۔

can, v.t. کُپےّ/کُپیّ یا پیپے میں رکھنا یا محفوظ کرنا ؛ ڈبہ بند کرنا۔
(بول چال) ڈالنا ، جیسے گالف کی گیند کا سوراخ میں ؛ ثبت کرنا ، جیسے آواز کا ٹیپ یا ڈسک (رکارڈ) پر ۔ (عوامی) خارج یا برطرف کرنا ، مثلاً نوکری سے ؛ ختم کرنا ؛ روکنا (جیسے : Can the uproar) ۔

can, n. ڈولچہ ؛ ڈول ؛ بالٹی ؛ کُپّا ؛ کُپّی ؛ کلسا ؛ ڈبہ؛
ڈونگا ؛ کین ؛ برتن جو مائعات رکھنے یا لے جانے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور جسے اب عموماً ٹین ، فولاد یا ایلومینم سے بنایا جاتا ہے ؛ پینے کا برتن ؛ ٹین کا بنا ہوا محتوی یا ظرف جس میں جلد خراب ہونے والی غذا یا دیگر اشیا محفوظ رکھنے کے لیے بند یا مہر بند کر دیتے ہیں ۔(عوامی) غسل خانہ یا بیت الخلا ؛ جیل؛ چُوتڑ۔ (عسکری ، عوامی) گہرا حملہ (دشمن کے علاقہ میں حملہ کرتے ہوئے دوز تک جانا) ؛ تباہ کن بحری جہاز۔

can, n. (طیرانیات) ٹربوجیٹ کے انجن میں ایندھن جلانے والے خانوں میں سے کوئی ایک احتراق خانہ ۔

Canaan, n. کنعان ؛ فلسطین کا عبرانی نام ؛
قدیم فلسطین کا وہ علاقہ جو اردن ، بحرمُردار اور بحرِ روم کے درمیان واقع ہے ؛ وہ زمین جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم سے کیا تھا (توریت کا پہلا باب ۔ کتاب تخلیق :۱۲) ۔ (مجازاً) کوئی بھی موعودہ سرزمین ؛ جنت ۔

canaanite, n. کنعانی ؛ کنعان کا سامی باشندہ :
کنعان قدیم فلسطین اور فونیقیہ پر مشتمل تھا ۔

canada, n. مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا
میں ایک گہری تنگ وادی ؛ دریا کی خشک تہ ۔

Canada balsam, n. کناڈی بلسان : ایک قسم کا رال
جسے بلسان درخت سے حاصل شدہ (بخارین کے) اُڑنے والے تیل میں ملا کر شفّاف سیمنٹ (جوڑنے کا مسالہ) بناتے ہیں جو خصوصاً خوردبین کی سلائڈوں پر تہ جمانے کے کام آتا ہے ؛ کناڈی بلسام۔

Canada goose, n. کناڈی ہنس ؛ بڑا اور جنگلی ہنس شمالی
امریکا کا کناڈی سرخاب (Branta canadensis) جس کا سر اور گردن سیاہ ، گلا سفید اور جِسم کے پر خاکی /مٹیالے ہوتے ہیں ۔

Canada grouse, n. دیکھیے : grouse ۔

Canada hemp, n. ہندوستانی سَن ؛ کناڈی سَن ۔

Canada jay, lumber jack whisky-jack, venison hawk, moose-bird, camp robber, n. کناڈی زُریق ؛
شمالی امریکا کا ایک غیر موسمی مقامی (نقل مکانی نہ کرنے والا) پرندہ ، کینیڈا کا پیری سوریس (Perisoreus) جس کے پر سیاہ اور بھورے ہوتے ہیں اور کلغی نہیں ہوتی ۔

Canada rice, n. کناڈی چاول ؛ مرغابی کھاجا ؛ ایک پودا
جو کینیڈا اور شمالی امریکا میں گہرے پانیوں کے اندر اُگتا ہے ، امریکی انڈین لوگوں کی زیادہ تر غذا اس پودے کے بیج ہوتے تھے اور یہ آج بھی مرغابیوں کا من بھاتا ہے ۔

Canada robin, n. صنوبری پرندہ ۔

Canada thistle, n. کناڈی جھاڑ ؛ ایک یورپی
خار دار جھاڑی ، فصل کُش Cirsium arvense اس پر چھوٹے سُرخ یا سفید پُھول لگتے ہیں ، یہ جھاڑی شمالی امریکا میں بھی پیدا ہونے لگی ہے اور اب اُن کے لیے مصیبت بنی ہوئی ہے ۔

Canadian, a. کناڈی ؛ کینیڈی ؛ کینیڈا کے لوگوں اور
ملک سے متعلّق : کینیڈا شمالی امریکا میں واقع ہے ، اس کی جنوبی سرحد امریکا سے ملتی ہے ، یہ برطانوی دولتِ مشترکہ کا سب سے بڑا ملک ہے ۔ (اسم) کینیڈا میں پیدا ہونے والا یا کینیڈا کا باشندہ ؛ کینیڈا کے مختلف صُوبوں کی مخصوص زبانیں ۔

Canadian bacon, n. ہڈّی کے بغیر سُور کی کمر کا دُودی
(دھوئیں میں پکا ہوا) گوشت جس میں ہیم (سور کی ران) کا ذائقہ ہوتا ہے ۔

Canadian French, n. کناڈی فرانسیسی ؛ فرانسیسی زبان کا کینیڈی
لہجہ ، خصوصاً کیوبک صوبے میں رہنے والوں کی فرانسیسی زبان ؛ کینیڈا کے فرانسیسی بولنے والے علاقوں کے باشندے جو فرانسیسی آبادکاروں کی اولاد ہیں ۔ (صفت) فرانسیسی نسل کے کینیڈی باشندوں اور ان کی زبان کے متعلّق ۔

Canadian Shield, Laurentian Shield, n. (ارضیات) کناڈی تہ ؛
قبل کیمبری دور کی گرینائٹ تہ رکھنے والا ارضی علاقہ جو کینیڈا میں بڑی جھیلوں کے شمال میں واقع ہے اور سونا ، نکل اور لوہے کے وافر ذخائر کے لیے مشہور ہے ۔

canaigre, n. ترشک یا ڈاک نامی بوٹی کی ایک قسم ،
غشائی ، بیج بند (Rumex hymenosepalus) جو جنوب مغربی امریکا میں پیدا ہوتی ہے اور جس کی جڑوں سے کسّا ، ٹینین یا چمڑا کمانے میں کام آنے والا مادّہ حاصل ہوتا ہے ۔

canaille, n. ہمہ شُما ؛ رذیل لوگ ؛ بِھیڑ ؛ ہجوم ؛
کمینے ؛ ارذل ۔

canal, n. نالی (غذا یا ہوا کی) ؛ قنال ؛ قنات ؛
نہر ؛ آبنائے ؛ پانی کا مصنوعی راستہ جو خصوصاً کشتیوں اور جہازوں کے گزرنے کے لیے بنایا گیا ہو ۔ (فن تعمیر) راہ یا نالی (رُخ موڑنے کے لیے) ؛ نال یا بانسری ۔ (تشریح الاعضا) جسم میں کوئی بھی نالی جس میں سے ٹھوس یا رقیق غذا ، ہوا یا بعض ریشے گزریں ؛ رگ ؛ نلکی ۔ (حیوانیات) نال یا نالی جو بعض یک صمامی صدفیوں کے مختلف

حصوں میں ہوتی ہے ۔ (فلکیات) سیارہ مریخ پر طویل ، مبہم اور تنگ نہر نُما نشانات ۔

canal, v.t. نہر جاری کرنا ؛ کسی علاقے کو نہری بنانا ؛ رگیں بنانا ۔

canal boat, n. نہری کشتی ؛ کینال بوٹ ؛ موٹر بوٹ : ایک لمبی اور تنگ سی کشتی جو نہروں میں استعمال ہوتی ہے اور ہاتھ چپّو یا موٹر انجن سے چلائی جاتی ہے ۔

canaliculate, canaliculated, a. نہری ؛ نالی دار ؛ جھری دار ؛ سیاڑہ ہوا ۔

canaliculus, n. (تشریح الاعضا، حیوانیات) اُبنُوب ؛ ہڈّی میں نلکی یا نالی نُما راستہ ؛ قناتِ صغیر ۔

canalicular, a. اُبنُوبی ؛ نلکی دار یا کھوکھلی (ہڈّی) ۔

canalization, n. انہار سازی ؛ نہر بنانے کا عمل ؛ گزرگاہوں کا نظام ؛ نہری نظام ۔

canalize, v.t. نہر بنانا ؛ نہر میں تبدیل کرنا ؛ نہری نظام مہیّا کرنا ؛ گزرگاہوں میں موڑنا یا نکاس مہیّا کرنا ۔

canape, n. ٹوسٹ ، روٹی یا کریکر بسکٹ کا پتلا اور چھوٹا ٹُکڑا جس پر مچھلی ، گوشت ، پنیر یا کوئی اور موسمی مسالا رکھّا یا لگایا گیا ہو ؛ فرنیچر کی قبیل میں ۱۸ ویں صدی عیسوی کا فرانسیسی طرز کا صوفہ اور کرسیاں ؛ برج کے کھیل کا ایک طریقہ جس میں ہاتھ کے زیادہ پتّوں والے رنگ سے پہلے کم پتّوں والے رنگ کی بولی دیتے ہیں ۔

canard, n. اختراعی رپورٹ ؛ من گھڑت کہانی ؛ بنائی ہوئی کہانی یا رپورٹ جسے سچّا کہہ کر پھیلایا جائے ؛ دھوکا ؛ جھانسا ؛ گھڑی ہوئی بات ۔ (طباخی) بطخ ؛ مُرغابی ۔

canard, n. (طیرانیات) ہوائی جہاز جس کے پرواز مستحکم کرنے اور اٹھانے والے حصّے اس کے بازو کے سامنے لگے ہوئے ہوں ۔

canary, n. بُلبلِ زرد ؛ کینیری ؛ ایک چھوٹا گانے والا پرندہ جسے اکثر لوگ پالتے بھی ہیں ، یہ کینیری جزائر میں پیدا ہوتا ہے ، چھوٹی چڑیوں کی جنس سے تعلّق رکھتا ہے ، عموماً زرد رنگ کا ہوتا ہے لیکن اس کی جسامت ، شکل اور رنگ میں فرق بھی ہوتا ہے ؛ میٹھی سفید شراب جو کنیری جزائر میں بنتی ہے ؛ ایک قدیم رقص جو کینیری جزائر سے یورپ پہنچا ۔ (عوامی) مخبر ؛ گانے والی عورت جس کے ساتھ ناچنے والوں کا طائفہ بھی ہو ۔

canary yellow, n. ہلکی اور واضح پیلاہٹ ۔

canasta, n. کناسٹا ؛ تاش کا ایک مقبُول کھیل جو ارجنٹائن سے شروع ہوا ، یہ بید کی چھوٹی ٹوکری ، کیناسٹا سے منسوب ہے جس میں ارجنٹائن کے کھلاڑی تاش رکھا کرتے تھے ۔

cancan, n. کانکان : فرانسیسی رقص جو دل بہلانے والی عورتیں ناچتی ہیں ؛ شدید پاکوبی اس رقص کی خصوصیت ہے ، یہ پاکوبی عموماً اس وقت کی جاتی ہے جب کہ سامنے کے جھالر دار دامن کو اُوپر اُٹھایا ہُوا ہوتا ہے ، یہ رقص ۱۸۳۰ء میں پیرس کے عوامی ناچ گھروں میں رائج ہوا ۔

cancel, v.t. قلم پھیرنا ؛ قلم زد کرنا ؛ مٹانا ؛ لکیر سے کاٹ کر حذف کرنا ؛ میٹنا ؛ کاٹنا ؛ چھیکنا ؛ کسی چیز کے جائز یا باضابطہ ہونے کی تنسیخ کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ فسخ یا رد کرنا ؛ نفی کرنا ؛ چھپی ہوئی عبارت کے کسی حصّہ کو حذف کرنا ؛ رگڑ کر مٹانا ، نشان لگانا یا گھسنا تاکہ استعمال کے قابل نہ رہے ، مثلاً ڈاک ٹکٹ ، چیک یا ٹکٹ ۔ (ریاضی) کسور کے مشترک اجزائے ضربی کو یا مساواتِ ریاضی کی طرفین سے مشترک اجزا کو قلمزد کر کے نکال دینا ؛ نسب نُما و شمار کُنندہ کو کاٹنا ۔ (حسابداری) واجب الادا رقوم کی ادائیگی کر کے یا کسی کے کھاتے میں ڈال کر حساب کا بند کرنا ؛ ادھار چھیکنا ۔ (فعل لازم) کھاتا ملانا ؛ ایک دوسرے کے لیے تلافی کرنا ؛ دوسرے کی قوّت کو بے اثر کرنا ؛ منسوخ ہونا ۔

cancel, n. تنسیخ ؛ منسوخی ؛ محذوف حصّہ ؛ قلم زدہ ؛ رد کردہ ۔ (طباعت) کسی عبارت یا صفحے کا حک و حذف یا اخفا ؛ محذوف و منسوخ مواد کی جگہ چسپاں کردہ نئی سلپ یا نیا ورق ۔

cancelable, cancellable, a. قابلِ حذف ؛ تنسیخ کے قابل ؛ رد کیے جانے کے لائق ؛ قابلِ تنسیخ ۔

canceler, canceller, n. ناسخ ؛ منسوخ یا حذف کرنے والا ؛ رد کُنندہ ۔

cancellate, cancellated, a. مسام دار ؛ جالدار ؛ جالی دار کام کی طرح آڑی ترچھی لکیروں کا حامل ؛ خانے دار ۔ (تشریح الاعضا) مشبک/اسفنجی یا مسامدار ساخت کا (سوراخ دار ساخت یا ڈھانچا) ۔

cancellation, n. قلم زدگی ؛ فسخ ؛ اختصار ؛ کاٹ ؛ تنسیخ ؛ منسوخی ؛ موقوفی ؛ حذف ؛ ناجائز ٹھہرانے کا عمل جیسے کسی معاہدے کا یا باہمی مصالح سے چھٹکارا ؛ تنسیخ کا نتیجہ ، جیسے کسی چیز کی تنسیخ کے ساتھ اس پر بنے ہوئے نشانات یا اس کے لوازم کی منسوخی ؛ بیمہ کرنے یا کرانے والے کی طرف سے بیمہ پالیسی کی توقیف یا تنسیخ ؛ استرداد ؛ تعدیل ۔

cancer, n. [کیکڑے یا سرطان (جانور) کے نام پر] (امراضیات) سرطان ؛ راج پھوڑا ؛ مغلیہ پھوڑا ؛ بندرگھاؤ : ایک خبیث اُبھار یا پھوڑا جو خصوصاً سَرخلمہ سے شروع ہوتا ہے اور غیر معمولی خلیاتی اضافہ کی خصوصیت کے باعث جسم کے دوسرے حصوں تک پھیل جاتا ہے ؛ کوئی بھی برائی ، یا خراب عادت جسے خبیث اور جاں گسل ناسور سے تشبیہہ دی جائے ؛ لَت ۔ (بڑے C سے) (فلکیات) سرطان یا کیکڑا ، ستاروں کا شُمالی بُروجی جُھرمٹ یا مجمع النجوم ۔ (نجوم) منطقہ البروج کا چوتھا بُرج ؛ بُرج سرطان ؛ طالع عالم ۔

cancerous, a. سرطان کی طرح ؛ سرطان سے متاثّر ؛ سرطانی ؛ ناسُوری ؛ ناسور دار ۔

cancerate, v.i. سرطان زدہ ہونا ؛ سرطان سے متاثر ہونا ؛ سرطانی ہونا ؛ سرطان کا شکار ہونا ۔

canceration, n. سرطانیّت ؛ ناسُوریّت

cancrizans, a. [کیکڑے کی مانند پیچھے کو چلنا] پیچھے سرکنا ۔ (موسیقی) مقلوب ترجیحی سُر یا موضوع نغمہ کے اصول کی ایسی تعین جس سے نغمے کو آگے بڑھانے کی بجائے پیچھے کی طرف دُہرایا جائے ؛ امروبی ؛ پس خرام ؛ مقلوب ۔

cancroid, a. سرطان نما ؛ سرطانیہ ؛ جلدی سرطان ؛ سرطان گوں ؛ کیکڑے کی طرح ؛ ناسوری ؛ سرطانی ۔ (امراضیات) سرطان سے مشابہ جیسے بعض پھوڑے ؛ ناسور ۔ (اسم ، امراضیات) جِلدی سرطان کی ایک شکل ۔

candelabrum, n. فرشی جھاڑ ؛ چِل چراغ ؛ قندیل جھاڑ ؛

بیٹھکی جھاڑ ؛ عمدہ قسم کا مزیّن شاخ دار شمع دان ۔

candent, a. (قدیم) سفیدی کی حد تک گرم کیا ہوا ؛ سفید آگ کی طرح تاباں ؛ بُرّاق ۔

candescence, n. (شاذ) گرم تابانی ؛ بُرّاقی ۔

candescent, a. (شاذ) گرم تاباں ؛ بُرّاق ۔

candid, a. راستباز ؛ صاف گو ؛ بے لاگ ؛ صاف دل ؛ واضح ؛ سادہ ، غیر رسمی ؛ کُھلا ، صاف باطن ؛ مخلص ؛ ایماندار ؛ دو ٹوک ؛ کھرا ؛ غیر جانب دار ؛ صاف صاف کہنے والا ؛ بے تکلّف ؛ بے ساختہ یا بے تصنُّع (جیسے a candid photograph) ؛ اخلاص مند ؛ مخلص ؛ صادق ۔

candidly, adv. صاف دلانہ ؛ صاف باطنی سے ؛ اخلاص سے ؛ صداقت سے ؛ لاگ لپیٹ کے بغیر ۔

candidness, n. خلوص ؛ صاف دلی ؛ صاف گوئی ؛ اخلاص ؛ صداقت ؛ راستبازی ۔

candidacy, candidature, n. امیّدواری ؛ انتخاب وغیرہ کے لیے امیّدوار کی حیثیّت سے کھڑے ہونے کی حالت یا عمل ۔

candidate, n. امیّدوار ؛ وہ شخص جو کسی تقرر ، عہدے یا اعزاز کے لیے کوشش کر رہا ہو یا جس کا نام تجویز کیا گیا ہو ؛ آرزو مند ؛ کسی منزل تک پہنچنے یا مقصد حاصل کرنے کے امکانات کا حامل شخص ؛ خواہاں ۔

candid camera, n. صاف کیمرا ؛ طاقتور عدسے اور تیز ڈھکنے والا چھوٹا دستی کیمرا جو فطری ، بے تصنّع اور متحرّک حالت میں بھی تصویر کھینچ سکتا ہے ۔

candied, a. قندی ؛ شیریں ؛ مصری یا قند ملا ہوا ؛ (گلنے سڑنے سے) محفوظ کیا ہوا ؛ شکر میں پکایا ہوا ؛ چمکایا ہُوا ؛ چمکدار ۔ (مجازاً) شہد (مکھن) لگایا ہوا ؛ قند اندود ؛ چکنی چپڑی ؛ خوشامدانہ ؛ للّو پتّو ۔

Candiot, Candiote, n. کینڈیا یا کریٹ کا پیدائشی یا باشندہ ؛ کریٹی ۔

candle, new candle, candela, n. قندیل ؛ کینڈل ؛ شمعیّہ ؛ شمع ؛ دیا ؛ موم بتّی ؛ چربی یا موم سے بنا ہوا ٹھوس اُسطوانہ یا پتلا بیلن جس کے اندر کی بتّی کو جلا کر روشنی کی جاتی ہے ؛ شکل یا مقصد میں موم بتّی سے مشابہ کوئی چیز جو روشنی دیتی ہے ، خوشبو پھیلاتی ہے یا دوا دارو کے کام آتی ہے ۔ (بصریات) روشنی کی پیمائش کے لیے بین الاقوامی معیاری اکائی ۔

not hold a candle to, خوبی میں کوئی نسبت نہ رکھنا یا خاک پا بھی نہ ہونا ؛ چہ نسبت خاک را با عالم پاک ؛ کسی کے آگے پانی بھرنا ؛ مقابلے کے قابل نہ ہونا ۔

candle, v.t. پرکھنا ، جانچنا (جیسے انڈے کو شمع کی روشنی اور آنکھ یا کسی اور تیز روشنی کے درمیان رکھ کر اس کی تازگی جانچتے ہیں) ۔

candle berry, candle nut, n. کائپھل ؛ مومی درخت ؛ موم آور جنس کائپھل (Myrica cerifera) ؛ مومی درخت کے گوندنی جیسے پھل جن سے موم بتی بنائی جاتی ہے ؛ پولینیشیا کا ایک درخت ، الورائٹس مولیوکانا (Aleurites moluccana) ۔

candle fish, eulachon, n. قندیل ماہی ؛ شمالی امریکا کے شمال مغربی ساحلی سمندر میں سمیلٹ مچھلی جیسی پائی جانے والی اوقیانوسی تھیلک تِھس (Thaleichthys) ، خوردنی مچھلی جس کا گوشت اتنا روغنی ہوتا ہے کہ اُسے خشک کر کے اس میں بتی جلائی جائے تو مومی شمع کی طرح جل اُٹھتی ہے ۔

candle-foot, n. کینڈل فٹ ؛ ایک فٹ کے فاصلے سے ایک مربّع فُٹ سطح پر موم بتّی کی روشنی کی مقدار یا اکائی ۔

candle ice, candled ice, n. (کینیڈا) وہ دریا اور جھیلیں جو برف پگھلنے سے موم بتیّوں کی شکل اختیار کر جائیں ۔

candle light, n. چراغ جلے ؛ دیے بتّی کا وقت ؛ شمع یا موم بتّی کی روشنی ؛ مدّھم مصنوعی روشنی ؛ مغرب کا وقت یا شام جبکہ شمعیں روشن کی جاتی ہیں ۔

candle lighting, n. شمع روشن کرنے کا عمل ؛ شمع افروزی ۔

Candlemas, n. عیسائیوں کا ایک مذہبی تہوار جو ہر سال ۲ ۔ فروری کو نومولود حضرت عیسیٰ کو گرجا گھر میں پیش کرنے اور کنواری حضرت مریم کے چلّہ نہانے کے دن کی یاد میں شمعیں جلا کر منایا جاتا ہے ۔

candle pin, n. کینڈل پن ؛ گیند کھیلنے کی قدرے مخروطی بَلّی جو نازک موم بتّی سے مشابہ ہوتی ہے ۔

candle pins, n. (جمع لیکن ساخت میں واحد) گیند پھینکنے کا مختلف انداز جس میں کینڈل بَلیّاں استعمال ہوتی ہیں ، یہ کھیل خصوصاً شمال مشرقی ریاستہائے متحدہ امریکا میں کھیلا جاتا ہے ۔

candle power, n. قندیلی طاقت ؛ معیاری شمع کی تنویری طاقت : جو روشنی کی پیمائش کے لیے اکائی مانی جاتی ہے ؛ قندیلہ ۔

candlestick, n. شمع دان ؛ کوئی جوف یا نوک دار چیز جس پر جلانے کے لیے موم بتّی کو ٹکا دیا جاتا ہے ۔

candlewick, n. قندیل بتّی ؛ شمع کی بتّی یا فتیلہ ؛ فتیلِ شمع ۔

candle wicking, candlewick, n. کشیدہ کاری کے لیے ڈھیلا بٹا ہوا سُوتی ڈورا جو شمع کی بتی سے مشابہ ہوتا ہے ؛ کشیدہ کاری ، عموماً ململ کے پلنگ پوش پر ، جس میں سُوتی ڈورے کے لچّھے استعمال ہوتے ہیں ۔

candlewood, n. مشعل چوب ؛ کوئی بھی رال دار لکڑی جو مشعل یا شمع کے متبادل کے طور پر استعمال کی جائے ؛ ایسے درختوں یا جھاڑیوں میں سے کوئی ایک جن سے ایسی لکڑی حاصل ہو ۔

candor, (Brit.) candour, n. کھلا ، صاف گو اور بے لاگ ہونے کی خاصیت ؛ غیر جانبداری ؛ غیر جانبدارانہ انصاف یا پرکھ ؛ کھرا پن ؛ اخلاص مندی ؛ راستی ؛ صفائی ؛ صاف دلی ؛ صاف باطنی ؛ راستبازی ؛ ناطرفداری ۔

candy, n. قندی ؛ کینڈی : ایک مٹھائی جو شکر کے قوام کو ٹھوس بنانے کی حد تک جوش دے کر بناتے ہیں ، اس میں خوشبو یا میوہ جات مِلا کر دلکش شکلوں کے قتلے بنا لیتے ہیں ؛ مختلف اقسام کے میٹھے ٹُکڑے مثلاً ٹافی ، فیوج ، سوختہ شکر یا بون بون ؛ میٹھی چیز کا ٹُکڑا ؛ مربّہ ؛ قند کی قلمیں ؛ مصری ۔

candy, v.t. قندی بنانا ؛ بتاشے بنانا ؛ مصری بنانا ؛

قند کی ته چڑھانا ؛ قند اندود کرنا جیسے گاڑھے قوام میں گاجر کو مربه بنانے کے لیے کرتے ہیں ؛ قند کے قلم بنانا ؛ قند کے قوام میں رکھنا ۔ (فعل لازم) چینی کی ته چڑھنا؛ پسندیدہ بنانا ؛ میٹھا ہونا ؛ قند اندود ہونا ؛ مصری بننا ؛ دانه دار چینی بن جانا ۔

candy striper, n. (بول چال) ہسپتال میں رضاکار دوشیزہ جسے اس کی گُلابی یا سُرخ و سفید دھاریوں والی وردی کے باعث یوں موسوم کیا جاتا ہے ۔

candy tuft, n. قند خوشه ؛ کینڈی ٹف : ایک گُچّھے دار سدا بہار فصلی پُھول جو کینڈیا کے جزیرے سے لایا گیا تھا ؛ آئی برسس (Ibersis) جنس کے سرسوں قبیلے سے تعلق رکھتا ہے ؛ کریٹ ٹف ۔

cane, n. گنا ؛ بید ؛ نَے ؛ چھڑی ؛ بعض تاڑ کے درختوں ، اُونچی گھاس اور دیگر پودوں کے تنے جیسے بانس اور گنا ؛ دستی چھڑی ؛ مار کٹائی کا لٹھ ؛ بید کی چیری ہوئی لکڑی جو غیر رسمی اور وقتی طور پر استعمال کیے جانے والے فرنیچر بنانے کے کام آئے ؛ جریب ؛ عصا ؛ قمچی ۔

cane, v.t. قمچی رسید کرنا ؛ بید یا دستی چھڑی سے مارنا ؛ بید مہیّا کرنا یا بید سے بُننا جیسے کُرسیاں ۔

cane brake, n. بید کی گھنی روئیدگی ؛ گھاس کی ایک قسم ۔

canella, n. سفید دار چینی ؛ جزائر غرب الہند کے درخت کینیلا ونٹرانا (Canella winterana) کی دار چینی سے مشابه چھال جو مسالے کے طور پر نیز دواؤں میں استعمال ہوتی ہے ۔

canellaceous, a. سفید دار چینی سے متعلّق ؛ دار چینیه (Canellaceae) سے تعلّق رکھنے والا : یه درختوں کی ایک قبیل ہے جس میں جنس دار چینی بھی شامل ہے ۔

caner, n. بید بُننے والا خصوصاً کُرسیوں کی نشست اور پُشت کی بید کے ساتھ بُنائی کرنے والا ۔

canescent, a. سفیدی مائل بالوں والا ۔ (نباتیات) سفیدی مائل غلاف یا خول والا ؛ سفیدی مائل ؛ اُجلا ۔

cane sugar, n. چینی ؛ کھانڈ ؛ گنّے سے حاصل شُدہ شکر ؛ گنّے کی شکر ؛ گڑ ؛ قندِ نیشکر ؛ سکروز ۔

Canicula, n. سگ ستارا ، کَلبُ الجبّار ؛ شِعرائے یمانی (ستارہ) ۔

canicular, a. شِعرائی ؛ کلبی ؛ باخُوری ؛ سگ ستارے کا ؛ شِعرائے یمانی یا اس کے طلوع سے متعلّق مثلاً ایام باخُور یا سگ ایام سے متعلّق ۔

canicule, n. سگ ایام ، ایامِ باخُور ؛ تپتے دن جیسے جولائی اور اگست کے مہینوں کے دن ۔

canine, a. متعلّق به سگ ؛ کلبی ؛ کُتّے کا یا کُتّے کی طرح ؛ کُتّوں سے متعلّق یا ان سے مخصوص (جیسے ہلکاؤ Canine Madness) ؛ کُتے سا ۔ (تشریح الاعضا، حیوانیات) ناب ؛ کُچلی دانت ؛ چار نوکدار دانتوں سے متعلق جو خاص کر کُتّوں میں نمایاں ہوتے ہیں ، ہر جبڑے کے دونوں طرف ایک ایک کُچلی دانت سامنے کے کاٹنے والے دانتوں سے ملحق ہوتا ہے ۔

canine, n. کُچلی ؛ حیوان کلبی ؛ سگ ؛ کلب ؛ کُتّا ؛ سگ قبیل کا کوئی بھی جانور ؛ کُتّے سے متعلّق کوئی امر ؛ کُچلی دانت ۔

caninity, n. سگ فطرتی ؛ کاٹنے کی جبلّت ؛ کلبیّت ۔

Canis Major, n. (فلکیات) کلبِ اکبر : جنوب میں ستاروں کا جھرمٹ جو جوزا (سات ستاروں کی ایک صورت) کے عقب میں واقع ہے اور جس میں سب سے زیادہ چمکدار ثابت ستارہ ، سائرس یا ستارۂ سگ شامل ہے ۔

Canis Minor, n. کلبِ اصغر : ستاروں کا جھرمٹ جو متھن یا جوزا کے جنوب میں واقع ہے اور جسے کہکشاں کلبِ اکبر سے جُدا کرتی ہے ، اِس جھرمٹ میں سب سے زیادہ چمکدار ستارہ غُمیضا یا شِعرائے شامی ہے ۔

canister, n. کنستر؛ پیپا ؛ ڈِبّه ؛ چائے ، کافی یا دیگر خشک چیزیں رکھنے کے لیے ٹین ، پلاسٹک یا ایسی ہی کسی چیز سے بنا ہوا چھوٹا ڈبّه ؛ ٹین کا بکس ۔ (عسکری) ڈِبّه جس میں پھٹنے والا گوله بارُود ہو ؛ گوله بند ڈِبّه ۔

canker, n. گُھن ؛ پَت روگ؛ حیوانات یا درختوں میں ایک قسم کا سرطانی یا ناسُوری زخم یا مرض ؛ کھانے یا گُھن کی طرح لگنے والا کوئی بھی عامل جو زخم یا ناسور پیدا کرے اور جس کی وجه سے سڑنے گلنے کا عمل شروع ہو جائے ؛ کوئی بھی چیز جو اندر ہی اندر یا مُستقل طور پر تباہی ، بربادی ، دُکھ اور پریشانی کا موجب بنے جیسے فکر ، غم ، تکلیف ، جھنجھلاہٹ ، صدمه یا درد ؛ اثر بد ؛ درخت خور کیڑا ؛ آکله ؛ گوشت خورہ ۔

Canker rose, ترش گلاب ؛ گُل سگ (Rosa canina) ۔

canker, v.t. حقیقتاً یا مجازاً گُھن کا مرض لگانا؛ اندر سے کھا جانا ؛ گھن کی طرح لگنا یا بگاڑنا ؛ سرطانی یا بدمزاج بنانا ۔ (فعل لازم) بگڑنا؛ کینکر (گُھن وغیرہ) کی چُھوت سے متاثر ہونا یا دیگر زہریلے اور مضر اثرات قبول کرنا ؛ خبیث ہونا یا ہو جانا ۔

cankerous, a. گھن لگا دینے والا ؛ گُھن لگا ہوا ؛ پت روگی ؛ آکله خُوردہ ؛ کِرم خُوردہ ؛ چڑچڑا ۔

canker sore, n. قانقرایا ؛ ہونٹوں یا مُنه کی جِھلّی کا ناسوری زخم ؛ منه کا ایک مرض ؛ گھوڑے کا مرضِ پا ۔

cankerworm, n. گُھن ؛ کِرمِ درخت خور ؛ کیڑا یا لاروا جو درختوں اور پودوں کے لیے تباہ کن ہو ؛ دیمک ۔

canna, n. خیزران ؛ گُل تسبیح ؛ گرم علاقوں میں پیدا ہونے والا جنس و قبیلِ خیزران ہندی (cannaceae) کا پودا ، جس کی مختلف قسمیں بڑے پتّوں اور خوبصورت پُھولوں کی وجه سے کاشت کی جاتی ہیں ۔

cannabin, n. قُنب ؛ زہریلی رال جو ہندوستانی سَن سے نکالی جاتی ہے ؛ بھنگ ؛ گانجا ؛ حشیش ۔

cannabism, n. حشیشی سمیّت ؛ افسُردگی یا مریضانه حالت جو ہندوستانی حشیش زیادہ چبانے یا اس کا دُھواں لینے سے پیدا ہو جاتی ہے ۔

cannabis, hashish, hasheesh, n. بھنگ ؛ گانجا ؛ حشیش ؛ ہندوستانی بھنگ کی پُھول پتیّاں جو نشه یا سُکر لانے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں ۔

canned, a. ڈبه بند؛ ٹین کے ڈِبّے یا شیشے کے جار میں محفوظ کیا ہوا ؛ کسی دھات کے بکس میں رکھی ہوئی جیسے متحرک فلم ؛ ریکارڈ کیا ہوا ٹیپ جو ریڈیو یا ٹیلی وژن پر فوری استعمال کے لیے

دستیاب ہو ؛ پہلے سے ریکارڈ شُدہ جیسے ریکارڈ کی ہوئی تقریر۔ (عوامی) نشے میں دُھت ؛ نوکری سے برطرف کیا ہوا ۔

cannel coal, n. نَفتی کوئلہ : ایک چمکدار ، بُھورا سیاہی مائل سخت اور رال دار کوئلہ جو شمع کی طرح جلتا اور روشنی دیتا ہے ؛ رال کوئلہ ۔

cannelloni, n. (طبّاخی) کنالونی ؛ ایک قسم کا سموسہ یا پیٹیس : گُندھے ہوئے میدے یا آٹے کے بنائے ہوئے بیلن نُما ورقوں میں خشک قیمہ ، گوشت یا پنیر بھر کے انھیں ٹماٹر چٹنی (ساس) یا مکھّن میں پکاتے ہیں ۔

canner, n. ڈِبّے میں بند/محفوظ کرنے والا ؛ وہ شخص جو گوشت ، مچھلی ، پھل وغیرہ کو محفوظ کرنے کے لیے ڈِبّوں میں بھرتا ہے ۔

cannery, n. کینری : تنظیم یا کارخانہ جہاں گوشت ، مچھلی ، پھل وغیرہ کو ٹین کے ڈبّوں یا شیشے کی بوتلوں/برتنوں میں کیمیاوی اور ہوابستگی کے طریقوں سے بند کر کے محفوظ کرتے ہیں ۔

cannibal, n. مردم خور ؛ ہم نوع خور ؛ آدم خور ؛ وہ آدمی خصوصاً وحشی ، جو آدمی کا گوشت کھائے ؛ کوئی بھی جانور جو اپنے ہی ہم نوع کو لقمہ بنائے ۔ (صفت) آدم خور یا ہم نوع خور سے متعلّق یا مخصوص ؛ آدم خوری یا ہم نوع خوری کا عادی ؛ خُوگرِ ہم نوع خوری ۔

cannibalism, n. آدم خوری ؛ مردم خوری ؛ ہم نوع خوری ؛ اپنی نوع کا گوشت کھانے کی رسم ، ریت یا رواج ۔

cannibalistic, a. آدم خورانہ ؛ ہم نوع خورانہ ؛ مردم خورانہ ۔

cannibalize, v.t. آدم خوری یا ہم نوع خوری کا ہدف یا معمول بنانا ؛ نکالنا ، جیسے ایک وحدت (مشین یا جسم) کے حصّوں یا اجزا کو دوسری وحدت کی تکمیل یا مرمت کے لیے (جیسے : The mechanic cannibalized one motor to repair the other)(فعل لازم) پُرزے پُرزے ہونا ؛ ٹُکڑے ٹُکڑے ہونا ۔

cannikin, n. چھوٹا ڈِبّہ ؛ پیالہ ؛ لکڑی کی چھوٹی بالٹی ؛ ڈولچی ؛ چھوٹا کُپّا ۔

cannily, adv. ہوشیاری یا چالاکی سے ؛ عیاری سے ۔

canniness, n. ہوشیاری ؛ چالاکی ؛ عیاری ۔

cannon, n. توپ؛پھٹنے والے گولے چلانے یا داغنے کے لیے (بُرج یا گاڑی پر) چڑھائی ہوئی توپ ؛ تپک ؛ ذخیرۂ اسلحہ یا توپ خانے کا ایک ہتھیار ؛ بندوق ، دُور انداز توپ یا چھوٹی توپ ۔ (میکانیات) مجوّف اُسطوانہ یا کھوکھلا بیلن جو ایک دُھرے پر رکھّا ہو اور خود بخود گُھوم سکے ۔ (حیوانیات) بڑی کھوکھلی ہڈّی ، توپ ہڈّی، ران نلی ، دوحی ۔ (عوامی) روالور یا پستول ؛ جیب کترا ؛ دھاتی آنکڑا جس سے گھنٹی لٹکائی جاتی ہے ؛ گھوڑے کی لگام کا ایک حصّہ ۔ (برطانوی) بلیرڈ کے کھیل میں ایک وار سے دو گیندوں کی مار ۔

cannon, v.t., v.i. توپ چلانا ۔ (برطانوی) بلیرڈ میں کیرم بنانا یعنی دو گیندوں کو ایک ہی مار کا نشانہ بنانا ؛ گیند کو ٹکرا کر واپس لانا ؛ شدت کے ساتھ تصادم ہونا ۔

cannonade, n. توپ کی مسلسل گولہ باری ؛ توپوں کی باڑھ خصوصاً حملے کے وقت ؛ گولہ باری؛ گولہ اندازی ۔

cannonade, v.t., v.i. توپیں داغنا/چھوڑنا/مارنا/چلانا ؛ گولے مارنا یا پھینکنا ؛ گولہ اندازی کرنا/ہونا ؛ توپ سے حملہ آور ہونا یا توپ چلانا ؛ گولوں کی بُوچھاڑ کرنا/ہونا ؛ آگ برسانا ۔

cannonball, cannon ball, n. توپ کا گولہ ؛ گول موشک یا ٹھوس ؛ گولہ ؛ پرتابہ (پھینکنے والی چیز) جسے توپ سے چلایا جائے ؛ تیز رفتار ریل گاڑی ۔ (ٹینس) زور کی سروس جس میں گیند قوس نہ بنائے یا بہت کم قوس بنائے ۔ (صفت، تیراکی)غوطہ خوری میں بازوؤں کو اپنے گُھٹنے سے سینے پر چپکا کر گولے کی شکل میں غوطہ لگانے کا انداز ۔ (فعل لازم) توپ گولے کی طرح تیز رفتاری سے حرکت کرنا یا جانا ۔

cannon bone, n. (حیوانیات) عَظم دوحی؛ ران کی نلی؛ سُم دار چوپائے کی وہ ہڈّی جو گُھٹنے کے جوڑ کو ٹخنے کے جوڑ سے ملاتی ہے ۔

cannoneer, n. گولنداز ؛ تپکچی ؛ توپچی ؛ توپ خانے کی کوئی بھی توپ یا بندوق چلانے والا ۔

cannon fodder, n لقمۂ توپ ؛ توپ کا ایندھن ۔ (بول چال) جنگ میں کسی فوجی مقصد کے حُصُول کے لیے کام آنے والے سپاہی ۔

cannonry, n. توپ چلانے کا عمل ؛ گولہ اندازی ؛ توپ خانہ ۔

cannot, aux. v. can not کی عام صورت : نہ کر/ہو سکنا؛ ناقابل ہونا ؛ ناممکن ہونا؛ مجاز نہ ہونا؛ نہ ہو سکنا ۔

cannula, canula, n. (جراحی) پچکاری ؛ جرّاحی نلکی ؛ میل جرّاحی ؛ قنوُلہ ؛ دھات یا کسی مشابہ چیز سے بنی ہوئی چھوٹی نلکی جو جسم سے رقیق مادّہ نکالنے یا جسم میں دوا پہنچانے کے کام آتی ہے ۔

cannular, a. نلکی نُما ؛ سوراخ دار سوئی والی ۔

cannulate, cannulated, a. کھوکھلا یا نلکی نُما ، مثلاً کھوکھلی سوئی ؛ جرّاح یا سرجن کی کھوکھلی سوئی ؛ جراحی نلکی نُما ؛ سوراخ دار ۔

canny, a. ذی علم ؛ نُکتہ دان ؛ سیانا ؛ دانشمند ؛ چالاک ؛ ہوشیار ؛ ماہر ؛ کائیاں ؛ چوکس ؛ مختار ؛ کم خرچ؛ کفایت شِعار ؛ مُحتاط ؛ حلیم ؛ خاموش ۔

canoe, n. چھوٹی کشتی ؛ ڈونگی ؛ ڈینگی ؛ ڈونگا ؛ کُھلی ہلکی کشتی جسے چپُّوؤں سے چلاتے ہیں ، اس کا ڈھانچا ہلکا ہوتا ہے جسے چھال ، کھال ، ٹاٹ یا کینوس سے ڈھانکتے ہیں ، یہ کشتی لٹھے کو کھوکھلا کر کے بھی بنائی جاتی ہے ، ابتدا میں شُمالی اور جنوبی امریکا کے انڈین استعمال کرتے تھے اور ہلکا پھلکا ہونے کی وجہ سے اسے عام شکاری اور مچھلی کا شکار کھیلنے والے پسند کیا کرتے تھے ۔

canoeist, n. ڈونگی چلانے والا ؛ ڈونگیا ؛ کھویّا ؛ ڈونگی بان ؛ کشتی بان ؛ ڈونگی کے فن (بنانے اور چلانے) کا ماہر ۔

canoe, v.i. ڈونگی کھینا ؛ ڈونگی سے سفر کرنا ۔ (فعل متعدی) ڈونگی میں لے جانا ۔

canoe tilting, n. ٹیڑھ ڈونگی کھیل : ایک کھیل جس میں ڈونگی جھکانے کا مقابلہ ہوتا ہے ۔

canon, n. [معیار ، درّہ، ضابطہ] قانون ؛ شرع ؛ معیار ؛ مذہبی فتویٰ ؛ اصول ؛ مجلسِ کلیسا کا وضع کردہ مذہبی قاعدہ یا

قانون ؛ مذہبی قوانین کا مجموعه ؛ عام قاعدہ یا قانون؛ بُنیادی اصول ؛ معیار یا کسوٹی؛ انجیل : مُقدّس صحیفه جسے عیسائی کلیسا اصلی اور الہامی تسلیم کرتا ہو ؛ کلیسا کی مُسلّمه فہرستِ اناجیل ؛ مُقدّس کتابوں کا کوئی بھی تسلیم شُدہ مجموعه؛عشائے ربّانی کی نماز کا وہ حصّه جو مناجات کے آخری الفاظ اور مخصوص دعائے ربّانی کے درمیان ہوتا ہے ؛ کلیسا کی تسلیم شدہ فہرست اولیا ـ (طباعت) چھپائی کا ۴۸ پوائنٹ ٹائپ ـ (موسیقی) ایک راگ جس میں حصّه لینے والے مختلف گائیک ایک ہی آہنگ کو ایک یا مختلف سُروں میں یکے بعد دیگرے مقررّہ وقفوں سے الاپیں ؛ دَوری گیت از قسم قوالی ـ

canon, n. (کلیسیات) پادریوں کی ایک جماعت جو کسی کلیسا یا تعلیمی گرجا سے منسلک ہو ؛ بعض رومن کیتھولک مذہبی فرقوں (تنظیموں) کا رکن یا ''Canon regular'' ـ

canon, n. دیکھیے : Canyon ـ

canoness, n. (کلیسیات) اُس نسوانی جماعت کی رکن جو قاعدے کے تحت رہتی ہو لیکن کسی عہد و پیمان یا قَسم کی پابند نه ہو ـ

canonic, a. قانُونی ؛ کلیسائی ؛ آئینی ؛ شرعی ؛ موسیقی کے اصول یا قاعدے سے متعلّق ؛ دوری گیت کی طرز کا ؛ مذہبی قاعدے کے تحت زندگی بسر کرنے کے متعلّق ؛ دینی ؛ مستند ؛ مسلّم ؛ میعادی ؛ پادریوں کی مجلس یا اس کے رکن کے متعلّق ـ

canonical, a. دینی ؛ مذہبی ؛ آئینی ؛ کلیسائی ؛ شرعی ؛ قاعدے/ضابطے یا قواعد و ضوابط سے متعلّق ، اُن کا قائم کردہ یا اُن کے مطابق ؛ تفویض کردہ ، تسلیم شدہ یا منظور شُدہ ؛ اُس پادری سے متعلّق جو کینن (کسی گرجا کا رُکن) ہو ـ

canonicity, n. پایۂ تقدیس ؛ رتبۂ تقدیس ؛ باضابطگی ؛ باقاعدگی ؛ مقدس کتاب کی سی حیثیّت یا پایه ؛ فقه ـ

canonical, n. (ریاضی) موزوں صُورت ؛ کسی مساوات یا محدّد کی انتہائی ساده اور مُوزوں صُورت ـ

canonical hours, n. (کلیسیات) دن کے بعض اوقات جنھیں عبادت اور خُدا کی یاد کے لیے مخصوص کیا گیا ہو ـ

matins, علی الصباح ثنا اور تسبیح ـ

prime, طلوعِ آفتاب یا دن کے پہلے گھنٹے کی عبادت ـ

terce, دن کے تیسرے گھنٹے کی عبادت ـ

sext, دوپہر کی عبادت ـ

nones, سه پہر کی عبادت ـ

vespers, شام کی عبادت ـ

compline, رات کی عبادت ـ

(برطانوی) صبح آٹھ بجے سے سه پہر تین بجے تک کا وقت جبکه گرجاؤں میں قانُونی طور پر شادیاں طے پاتی ہیں ـ

canonicals, n. پادریوں کی وردی : مذہبی ہدایت کے مطابق پادری کا رسمی لباس اور اس کے لوازمات جب وہ گرجے میں کسی پادری کی قائم مقامی کر رہا ہو ـ

canonist, n. فقیہه ؛ مذہبی فقه کا ماہر؛ مذہبی قانون جاننے والا ـ

canonistic, canonistical, a. فقیہانه ؛ فقہی ؛ مذہبی ؛ شرعی ؛ اصول سے متعلّق ؛ دینی ؛ اسنادی ؛ مُسلّمه ؛ میعادی یا میعاد سے متعلّق ؛ کلیسائی ـ

canonization, n. فتویٰ دینے یا فقه کے نفاذ کا عمل ؛ سینٹ یا ولی کے رتبه پر ترقی دینے کا عمل؛ ولیوں میں نام چڑھانے کا عمل ؛ ولی گردانے کا عمل؛ اولیا کی فہرست میں باقاعدہ داخل کرنے یا سمجھنے کا عمل؛ جوازِ دینی ـ

canonize, v.t. ولیوں کی فہرست میں نام لکھنا ؛ اعزاز دینا یا تعظیم و تکریم کرنا ؛ قانونِ فقه میں شامل کرنا ؛ ولیوں میں نام چڑھانا؛ ولی گرداننا ؛ مذہبی جواز مہیّا کرنا ـ

canon law, n. کلیسیائی قانون ؛ شریعت ؛ قوانین کا مجمُوعه جو کسی کلیسا نے اپنی ہدایات اور طریقِ عمل کے لیے مرتّب کیا ہو ؛ خصوصاً رومن کیتھولک چرچ کے قوانین ـ

canon regular, n. رکنِ کلیسا؛ مختلف رومن کیتھولک مذہبی اداروں میں سے کسی ایک ادارے کا پادری جو عموماً آگسٹنی احکام کے مطابق معاشرے میں زندگی بسر کرتا ہو ـ

canonry, canonship, n. پادریوں کی چھوٹی مجلس ؛ کینن سینٹ یا ولی کا عہدہ یا کلیسیائی وقف کی جاگیر ـ

Canopic, a. کنوپی ؛ سُہیلی ؛ مصر کے قدیم شہر کینوپس کا یا کینوپس سے ؛ ایک قسم کے ظرف سے متعلّق جو مسالا لگی ہوئی لاش کی انتڑیاں رکھنے کے لیے استعمال ہوتا تھا : اب اس لفظ کا اطلاق اُن ظروف پر بھی ہوتا ہے جو مُردے کی خاک رکھنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں ـ

Canopus, n. (فلکیات) سُہیل ؛ ناؤ ؛ اگستیا ؛ ستاروں کے کیرنیا یا لنگر سفینه نامی جُھرمٹ کا ایک ستارہ جو آسمان کا دوسرا سب سے روشن ستارہ ہے ـ

canopy, n. بُنگاہ ؛ شامیانه ؛ منڈپ ؛ چھتر ؛ چتر ؛ اُٹھ کھمبا ؛ آفتاب گیر ؛ چھتری ؛ وہ سایه کرنے والی چیز جو تخت یا چھپرکھٹ پر کسی چیز سے لٹکی ہو یا کھمبوں کے سہارے کھڑی ہو یا کسی باعظمت شخص یا مقدّس شے پر اس سے سایه کیا جائے، اس لیے اوپر لٹکنے والا سایه یا چھت ؛ نمگیرا ؛ مسطّح حاشیه ؛ اکثر آسمان مراد ہوتا ہے ـ (فنِ تعمیر) آگے نکلا ہوا سقف نُما سجاوٹی چھجّا یا سایه کرنے والی چیز ؛ طَاق کا چھجّا ؛ سائبان ـ (طیرانیات) ہوائی جہاز میں پائلٹ کی نشست کے اُوپر شفّاف ڈھکن یا غلاف ؛ پیرا شوٹ (فضا سے نیچے اترنے والی چھتری) کا ایک حصّه ـ

canopy, v.t. چھتری سے یا چھتری کی طرح ڈھانکنا یا سایه کرنا ؛ شامیانه وغیرہ بنانا ؛ نمَگیرا مہیّا کرنا ـ

canorous, a. نغمگیں ؛ موسیقی کا ؛ رسیلی (آواز)؛ سُریلا ؛ خوش الحان ـ

canorously, adv. خوش الحانی سے ؛ سُریلے پن سے ؛رسیلے انداز میں ـ

canorousness, n. موسیقیت ؛ نغمگی ؛ خوش الحانی؛ سُریلا پن؛ رسیلا پن ـ

cant, n. ریا کاری ؛ ظاہرداری؛ ظاہرداری ؛ بناوٹ ؛ مکاّری ؛ بازاری زبان ؛ منافقت ؛ پیش پا افتادہ یا فرسودہ بات کی بے سمجھے بوجھے تکرار ؛ رسمی جذباتیت مثلاً بلند نصبُ العین اور نظریات کے لیے مصنوعی جوش کا اظہار ؛ فقیروں کی طرح روتے جھینکتے اور الاپتے انداز میں بات چیت؛ مخصوص

گروہوں ، مثلاً خانہ بدوشوں کی خُفیہ بولی ؛ کسی خاص جماعت پیشے یا فرقے کے لیے مخصوص فقرے یا بولی ؛ بناوٹی اور اُوپری دل سے مذہبی باتوں یا مذہبی زبان کا استعمال ۔

cant, v.i. فقیر کی آواز میں روتے جھینکتے اور گڑگڑاتے ہوئے بولنا ؛ بھیک مانگنا ؛ بن بن کے بولنا یا رسمی طریقے سے باتیں کرنا ، خصوصاً بناوٹی مذہبی فقرے ریاکارانہ انداز سے بولنا ۔ (فعل متعدی) کسی سے رسمی زبان یا ریاکارانہ انداز میں بات کرنا ۔

canter, n. بناوٹی اور ریاکارانہ گفتگو کرنے والا ؛ ظاہر دار ؛ ریاکار ۔

cant, n. خاص یا نُمایاں زاویہ ؛ ترچھی لکیر یا سطح ، جیسے مربّع یا مُکعب کا کونا کاٹنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ پہلو ؛ ضلع ؛ کسی بھی چیز کی ڈھلواں یا ترچھی سطح ؛ ڈھلان ؛ ترچھی یا جھکی ہوئی حالت ؛ جھکاؤ یا میلان ؛ اچانک حرکت جس سے کوئی چیز جھک جائے ؛ کوئی اِتّفاقی پھینک یا اچھال ؛ دھکا ۔ (صفت) ٹیڑھا ؛ جھکتا ہوا ، ترچھے کونوں یا اطراف والا ۔

cant, v.t. ڈھلوان کرنا ؛ منحرف کرنا ؛ زاویہ بنا دینا ؛ الٹ دینا ؛ ٹیڑھا کرنا ؛ ڈھال بنانا ؛ کسی چیز کی سطح ڈھلواں کرنا ؛ ترچھی حالت میں رکھنا ؛ جُھکانا ؛ اُلٹنا ؛ جھٹکے کے ساتھ پھینکنا ؛ دھکّا دینا ۔ (فعل لازم) جُھکی ہوئی حالت اختیار کرنا یا جُھکنا ؛ مڑنا ؛ ڈھلواں ہونا ؛ زاویہ بننا ؛ الٹ جانا ؛ ٹیڑھا ہونا ؛ مائل ہو جانا ؛ مائل وضع اختیار کرنا ۔

cant, a. (برطانوی بولی) جوشیلا ، مضبوط ، ہٹّا کٹّا ۔

can't, (بول چال) cannot کی مختصر شکل/ترخیم ۔

cantabile, a. (موسیقی) لے دار اور رواں ؛ مُترنّم ؛ پُر آہنگ تسلسل والا ۔ (اسم) پُر آہنگ اور رواں انداز کی عبارت یا ٹُکڑا ۔

Cantabrigian, a. کیمبرجی ؛ کیمبرج (انگلینڈ) یا جامعہ کیمبرج کا یا اس سے متعلّق ؛ میسا چوسٹس کے جامعہ کیمبرج یا جامعہ ہارورڈ کا یا اس سے متعلّق ۔ (اسم) کیمبرج (انگلینڈ) کا پیدایشی یا باشندہ ؛ جامعہ کیمبرج کا رُکن یا تعلیم یافتہ (مخفف: کینٹب cantab)

cantaloup, cantaloupe, n. [روم کے قریب پوپ کی سابقہ جاگیر کے نام پر] کینٹالوپ ؛ ایک قسم کا چھوٹا بھینی خُوشبو والا خربُوزہ جس کے چھلکے پر اُبھری ہوئی نسیں ہوتی ہیں ، اس کا گودا میٹھا اور نارنجی رنگ کا ہوتا ہے ۔

cantankerous, a. کنکالی ؛ کائیاں ؛ کائیں کائیں کرنے والا ؛ بدمزاج ؛ ڈنک مار ، جھگڑالو ؛ تکراری ؛ حُجتی ۔

cantankerously, adv. حُجّت یا تکرار کے ساتھ ؛ بدمزاجی سے ؛ کائیاں پن سے ۔

cantankerousness, n. کٹ حُجّتی ؛ بدمزاجی ؛ جھگڑالو پن ۔

cantata, n. (موسیقی) راگ نامہ ، نشید مل کر گانے کے لیے ترتیب دیا گیا نغمہ جو مذہبی ہو تو بھجن کی طرح گایا جاتا ہے اور اگر غیر مذہبی ہو تو اس میں غنائیہ ڈرامے کی موسیقی تو شامل ہوتی ہے لیکن اداکاری کا عُنصر نہیں ہوتا ، اصلاً یہ ایک منظوم بیانیہ ہوتا تھا جسے لے کے ساتھ پڑھنے یا کچھ پڑھنے اور کچھ گانے کے لیے لکھا جاتا تھا ، اس کی ادائیگی میں عموماً ایک ہی آواز اور ایک یا دو ساز استعمال ہوتے تھے ۔ (کتھا ؛ راماین یا مہا بھارت کا پاٹھ) ۔

cantatrice, n. گانکہ ؛ گانے والی عورت خصوصاً پیشہ ور مغنیّہ ۔

canteen, n. کینٹین ؛ فوجی کیمپ یا چھاؤنی میں وہ جگہ جہاں عسکری نظم و ضبط کے تحت خوردونوش کی اشیا نیز استعمال کی دیگر چیزیں فروخت ہوتی ہیں اور کبھی کبھی فوجیوں کے لیے تفریح کی سہولتیں بھی مہیّا کی جاتی ہیں ؛ چھوٹا برتن یا کُپّی ، (ٹین یا کسی اور دھات کی بنی ہوئی) جسے سپاہی اور دوسرے لوگ پینے کا پانی یا کوئی اور سیال لے جانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ کھانے کے برتنوں والی الماری یا صندوق ؛ فوجیوں کے لیے نقل و تفریح کا مخصوص کمرہ جس کا انتظام غیر فوجیوں کے ہاتھ میں ہوتا ہے ؛ بارکوں میں رسد و شراب کی دُکان ۔

canter, n. پویہ ؛ گھوڑے کے چلنے کا انداز جو سرپٹ کی بہ نسبت آہستہ اور آسان ہوتا ہے ؛ میٹھا پویہ ۔ (فعل لازم) پویہ رفتار سے آگے بڑھنا یا گھوڑے پر پویہ رفتار سے جانا ۔ (فعل متعدی) گھوڑے کو پویہ رفتار سے چلانا ۔

canterbury, n. کینٹر بری ؛ راگ پتر کی گھوڑی ؛ ایک قسم کی خانوں والی گھوڑنچی یا گھوڑی جس میں موسیقی کے آلات اور کاغذات رکھے جاتے ہیں ؛ خاطر تواضع کے لیے خانہ دار طباق یا سینی جس میں طشتریاں ، رکابیاں اور کانٹے ، چھری ، چمچے وغیرہ رکھے جائیں ۔

canterbury bell, n. ایک پودا جرسی عُنقہ (Campanula trachelium) جس کے پُھول گھنٹی کی شکل کے ہوتے ہیں ، کینٹربری (انگلینڈ) کے نواح میں پائے جانے کے سبب اس کا نام کینٹربری بیل پڑ گیا ۔ جرسیہ کی کچھ دوسری قسمیں خصوصاً میانہ جرسی خوبصورت سجاوٹی پُھولوں کی وجہ سے بہت کاشت کیا جاتا ہے ۔

cantharis, n. کینتھرس ؛ ذُراح ؛ آبلہ مکھّی ؛ تیلنی مکھّی ؛ ہسپانوی مکھّی ؛ ایک قسم کی مکھّی جس سے لیپ یا پلاسٹر بنتا ہے ؛ ایک مادہ جو خشک اور پسی ہوئی تیلنی مکھیّوں سے حاصل ہوتا ہے ، یہ مادّہ بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے (خصوصاً جلد پر چھالے ڈالنے کے لیے) پہلے مُمسک کے طور پر بھی استعمال ہوتا تھا ۔

cantharidism, n. سمیّتِ ذُرّاحی ؛ کینتھرس کے استعمال سے پیدا ہونے والی افسردگی یا مریضانہ حالت ۔

cantharidize, v.t. کینتھرس سے علاج کرنا ۔

cant hook, n. اُلٹاؤ کانٹا ؛ لکڑی کا لیوَر یا بیرم جس کے نچلے سِرے پر لوہے کا ہُک (کانٹا یا آنکڑا) لگا ہوتا ہے جس سے لٹھوں کو گرفت میں لے کر اُلٹنے پلٹنے کا کام لیا جاتا ہے ۔

canthus, n. (تشریح الاعضا) گوشۂ چشم ؛ وہ زاویہ یا کونا جو اُوپر اور نیچے کے پپوٹے ملنے سے آنکھ کے دونوں طرف بنتا ہے ۔

canticle, n. نغمۂ سلیمان ؛ سلیمان کا گیت یا بھجن ؛ مختصر مناجات ؛ گیت خصوصاً جو بحریاوزن کی قید سے آزاد ہو ، کسی مُقدّس صحیفے سے ماخوذ ہو ، گا کر پڑھنے کے لیے تیّار کیا گیا ہو اور اسے چرچ سروس (کلیسائی عبادت) میں قرأت سے پڑھا جائے ۔

cantilever, cantalever, n. قنطروس ؛ برآمدہ بیرم ؛ توڑا ؛ شہتیر یا عمارتی حصّہ جو ایک سرے پر کسی واحد سہارے سے آگے نکلا ہوا ہو ؛ شہتیر جو دونوں طرف ستُونوں یا پیل پایوں سے نکل کر درمیان

Canuck, Canuk, n. فرانسیسی کینیڈی ، عموماً یہ اصطلاح بطور حقارت استعمال کی جاتی ہے ۔

canular, a. دیکھیے : Cannular ۔

canulate, a. دیکھیے : Cannulate ۔

canvas, n. پلاس ؛ کرمچ ؛ ترپال ؛ سن ، ٹاٹ ، کِرمچ یا روئی سے بنا ہوا گچھی بُنت کا بھاری کپڑا جو خیموں اور بادبانوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ بادبانی کپڑا ؛ بادبان مجموعی طور پر ؛ ایک خیمہ یا خیمے مجموعی طور پر ؛ کسی خاص مقصد کے لیے کینوس کا ٹُکڑا جیسے روغنی رنگوں سے تصویر کشی کے لیے ؛ روغنی رنگوں سے بنی تصویر ؛ مختلف کپڑوں میں سے کوئی کپڑا چیسے سُوت یا لیلن کا کُھردرا اور کُھلا بُنا ہوا کپڑا جو کھیل کے لباس یا کشیدہ کاری کی سطح کے لیے برتا جاتا ہے ؛ دوڑ کی کشتی کا چھت دار کنارا ۔ (مکّے بازی اور کُشتی) اکھاڑے کا فرش ۔

under canvas, درونِ خیمہ ؛ خیموں میں خصوصاً فوجیوں یا سرکس والوں کے خیموں میں ۔

canvasback, n. کِرمچ پُشت ؛ پلاس پُشت ؛ شمالی امریکا کی ایک کِرمچی پشت جنگلی بط ، ایتھیاویلس نیریا(-Aythya vallis naria)جس کے نر کی سُفید پُشت کی مناسبت سے یہ نام رکھا گیا ، اس کا گوشت لذیذ نعمت سمجھا جاتا ہے ۔

canvass, v.t. بحث مباحثہ کرنا ؛ گفت و شنید کرنا یا بحث کر کے احتیاط سے جانچ پرکھ کرنا ؛ رائے ، ووٹ یا چندہ لینا جیسے انتخابی مہم کے دوران ہوتا ہے ؛ حصول رائے کے لیے جدوجہد کرنا؛ اپنی طرف توجہ منعطف کرانا ؛ووٹ پکے کرنا ۔ (فعل لازم) بحث مباحثہ کرتے پھرنا ۔ (اسم) گفت و شنید ؛ قائل کرنے کا عمل ؛ استفسار یا پُوچھ گچھ کے ذریعے تحقیق ؛ ووٹ یا (خرید و فروخت کے) آرڈر وغیرہ کے لیے درخواست و اصرار ۔

canvasser, n. کنویسنگ یا بحث و مباحثہ کرنے والا ؛ طالب رائے ؛ رائے جُو ؛ رائے خرید ؛ خریدارِ رائے ۔

canyon, canon, n. تنگ اور گہری وادی جو کٹاؤ سے بنتی ہے ؛ درّہ ؛ آب درّہ ؛ گھاٹی ؛ آبی کھڈ ؛ وادیٔ عمیق ؛ درّۂ تنگ ؛ عمیق درّہ جس میں چشمہ بہتا ہو ۔

canzone, n. کنزون ؛ غنائی نظم کی ایک شکل جو دیہاتی اضلاع میں خصوصاً اطالوی شاعروں نے رائج کی ؛ ٹروبیڈورس (troubadours) کے عہد سے رائج شُدہ مختصر گیت ۔ (ٹروبیڈورس سے مراد ۱۱ سے ۱۳ صدی عیسوی تک کے جنوبی فرانس ، جنوبی ہسپانیہ اور شمالی اٹلی کے وہ لوک شُعرا ہیں جو دیہاتی زبان میں خصوصاً رجزیہ گیت گاتے تھے) ۔

canzonet, n. (موسیقی) چھوٹا مختصر گیت ، ٹھمری ؛ ٹپّہ ؛ سرود ؛ ماہیا ؛ خصوصاً ایسا گیت جو ہلکا پُھلکا ہو ۔

caoutchouc, n. کاؤشوک ؛ ربڑ ؛ قدرتی ربڑ ؛ بعض اوقات ہندی ربڑ بھی کہتے ہیں ؛ لچکیلا گُوند ۔

cap, n. کُلاہ ؛ ٹوپی ؛ سر کی پوشش جو خصوصاً سر کے ناپ کی ہو اور ہیٹ کے مقابلے میں زیادہ نرم کپڑے کی بنی ہوئی ہو اور چھجّے کے بغیر یا بہت چھوٹے چھجے والی ہو ؛ سَر کی خاص پوشش جس سے عہدہ ، پیشہ وغیرہ ظاہر ہوتا ہو ؛ کوئی چیز ، حصّہ یا ٹکڑا جو سر کی ٹوپی سے شکل ، استعمال یا پوزیشن میں مشابہ ہو ؛

میں جا ملیں اور اس طرح توڑے دار پل کا راستہ بنائیں ؛ بالکونی ، وزنی طاقچہ یا کارنس کو سہارا دینے کے لیے ، بریکٹ یا توڑا ؛ چھجّا سنبھالنے کے لیے دیوار میں لگا ہوا بیرم ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کے بازو کے لیے ایک قسم کا سہارا جس کی وجہ سے خارجی سہارے یا جکڑ کی ضرورت نہیں رہتی ۔ (فعل متعدی) توڑے یا بریکٹ کے انداز میں تعمیر کرنا ۔ (فعل لازم) توڑے کے شہتیر کی طرح باہر کی طرف نکلا ہُوا ہونا ۔

cantillate, v.t., v.i. موسیقی کے سُروں میں خوش خوانی کرنا ؛ گُنگنانا یا لَے سے پڑھنا جیسے کلیسا میں دعاؤں کی کتاب سے پڑھتے ہیں ۔

cantillation, n. خوش خوانی ۔

cantina, n. (جنوب مغربی ریاستہائے متحدّہ امریکا میں) ایک سجا ہوا بڑا کمرہ ، شراب خانہ ؛ بٹوہ ، تھیلا یا بیگ جو گھوڑے کے زین سے لٹکا ہوا ہو ، خورجین ۔

cantle, n. گوشہ یا کونا ؛ جزو یا ایک حصّہ ؛ ایک ٹُکڑا ؛ پارہ ؛ قاش ؛ زین کا پیچھے کی طرف نکلا ہوا اُبھرواں حصّہ ۔

canto, n. کینٹو ؛ طویل نظم کا ایک حصہ یا ایک باب ؛ فصل ؛ کھنڈ ۔

canton, n. قوم ؛ فرقہ ؛ ایک چھوٹا علاقائی ضلع ؛ سِوٹزرلینڈ کے وفاق کی ایک ریاست ؛ فرانس میں انتظامی وحدت کی ذیلی قسمت ؛ صوبہ ؛ چین کی ایک بندرگاہ ۔ (فعل متعدی) ٹکڑوں یا حصّوں میں تقسیم کرنا ؛ کینٹونوں یا علاقائی ضلعوں میں تقسیم کرنا ؛ کوارٹر یا مکان تفویض کرنا ، جیسے سپاہیوں کو ؛ سپاہی کو کوارٹر دینا ؛ چھاؤنی ڈالنا ۔ (فعل لازم) سپاہیوں یا بحری جہاز رانوں کا کوارٹروں کو قبضے میں لینا یا کوارٹروں میں سکونت اختیار کرنا ۔

Canton crepe, n. کینٹی کریب ؛ لباس کے لیے ریشم یا ریان کا نرم اور چمکدار کپڑا جو چینی کریب سے بہتر ہوتا ہے ۔

Cantonese, a. کینٹنی ؛ چینی شہر کینٹن کا یا اس سے متعلّق ، اس کے باشندے یا ان کی بولی ۔ (اسم) کینٹن کا پیدائشی یا وہاں کا باشندہ ؛ چینی زبان کا لہجہ جو کینٹن اور اس کے گِردونواح میں رائج ہے ۔

Canton flannel, cotton flannel, n. سُوتی فلالین ؛ کینٹن کا فلالین ؛ نرم ، گرم سُوتی کپڑا جس کی سطح ایک طرف سے روئیں دار ہوتی ہے ، زیر جامہ ، شب خوابی کے لباس اور بچّوں کی پوشاک کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

cantonment, n. صدرکمپ ؛ اُردو ؛ چھاؤنی ؛ معسکر ؛ لشکر ؛ صدر ؛ عارضی فوجی مسکن ، خصوصاً سرمائی یا تربیّتی کوارٹرز ، ان کوارٹروں میں فوجوں کی سکونت ۔ (برصغیر) فوجی چوکی ؛ چھاؤنی ۔

cantor, n. (کلیسیات) کلیسیائے کبریٰ یا دیگر گرجاؤں میں گانے والے طائفے کا سربراہ ؛ راگ اُٹھانے والا ؛ مناجات گانے والوں کا اگُو ۔ (صیہونیّت) یہُودی کنیسے میں عشائے ربّانی کی نماز اور دعا کو انفرادی طور پر الاپنے والا شخص ۔

cantus, n. ایک قسم کا کلیسائی گیت ؛ گیت یا راگ ، خصوصاً موسیقی کی کثیرالاصوات ترکیب کا جُزواعظم ۔

cantus firmus, n. (موسیقی) بُنیادی نغمہ یا راگ جس کے مقابل کوئی جوڑ لگایا جائے ۔

ٹوپی کی طرح کا غلاف یا ڈھکنا ؛ اسلحہ آتشیں کی ٹوپی عموماً سب سے اُوپر کا حصّہ ؛ نصف النہار یا عروج ؛ کاغذ کے چند بڑے پیمایشی سائزوں میں سے کوئی ایک ، مثلاً فل سکیپ کاغذ ۔

set one's cap for, سوئمبر رچانا ؛ (عورت کا) کسی مرد کو بطور شوہر چننے کی کوشش کرنا ؛ شوہر جوئی کرنا

with cap in hand, کاسۂ طلب لے کر ؛ عاجزی ، منت سماجت سے ؛ انکساری سے ؛ انکسارانہ ؛ عاجزانہ ؛ گڑگڑا کر ۔

cap, v.t. ٹوپی پہنانا ؛ ٹوپی چڑھانا ؛ ٹوپی سے پوشش کرنا یا ٹوپی کی طرح ڈھانکنا ؛ چوٹی یا سرے کو ڈھانکنا ؛ ڈھکن بند کرنا ؛ سرکاری امتیاز یا پیشہ ورانہ اعزاز کے طور پر کسی کے سر پہ ٹوپی رکھنا ؛ اختتام کرنا ؛ تکمیل یا اتمام کرنا ؛ تاج پہنانا یا کامیابی سے پورا کرنا ؛ سند عطا کرنا ؛ دستار باندھنا ؛ ماضی کے قول و فعل کی بہ نسبت کسی زیادہ غیر معمُولی چیز کو بروئے کار لانا ۔

cap the climax, نقطۂ عُروج یا آخری حد سے بھی ماورا یا آگے جانا ۔

capability, n. قابلیت ؛ لیاقت ؛ بَل ؛ زور ؛ طاقت ؛ مقدُور ؛ جوہر ؛ صلاحیّت ؛ شکتی ؛ وُسعت ؛ قابل یا لائق ہونے کی صفت ؛ استعداد ؛ اہلیت ؛ کسی خاص سلوک کو قبول یا برداشت کرنے کی صلاحیت ۔ (جمع) خصوصیات اور مضمر صلاحیتّیں جن کو ترقی دی جا سکے یا استعمال کیا جا سکے ۔

capable, a. لائق ؛ قابل ؛ اہل ؛ لینے کی قابلیت رکھنے والا ؛ اثرات پذیر ؛ اثر پذیر ؛ تاثر قبول کرنے والا ؛ حسّاس ؛ قبول کرنے والا جیسے درد کو (of کے ساتھ) ؛ کافی طاقت ، مہارت اور قابلیّت والا (of کے ساتھ) ؛ ضروری اہلیت سے متصف ۔

capableness, n. مقدور ؛ اہلیت ؛ لیاقت ؛ قابلیت ؛ جوہر ۔

capably, adv. اہلیت کے ساتھ ، ماہرانہ طریقے سے ؛ قابلیت سے ؛ لیاقت سے ۔

capacious, a. کُشادہ ؛ فرّاخ ؛ جسمانی یا ذہنی اعتبار سے زیادہ رکھنے یا سمونے کی استعداد والا ؛ بڑا ؛ چوڑا ؛ چکلا ؛ وسیع ؛ پھیلا ہوا ؛ ہمہ گیر ؛ لمبا چوڑا ؛ کُھلا کُھلا ۔

capaciously, adv. فرّاخی سے ؛ وُسعت کے ساتھ ؛ کُشادگی کے ساتھ ۔

capaciousness, n. کُشادگی ؛ فراخی ؛ وُسعت ۔

capacitance, n. (برق) ظرفیّت ؛ مؤثر گُنجایش ؛ برقی مواصل اور مفاصل کے ایک نظام کی خصوصیّت جس کے ذریعے مواصل کے درمیان قوتِ مضمرہ کا فرق موجود ہونے کی صورت میں برقی رو ذخیرہ کی جاتی ہے ؛ مواصل کے دونوں جوڑوں کے درمیان قوتِ مضمرہ کے فرق کے برقی رو سے تناسب کی خاصیّت کا پیمانہ ۔

capacitate, v.t. گُنجایش پیدا کرنا ؛ اہل بنانا ؛ قابل کرنا ؛ اہلیت پیدا کرنا یا قابل بنانا ؛ لائق بنانا ؛ حق دار بنانا ۔

capacitive, a. (برق) برقی رو ذخیرہ کرنے کے نظام یا ترکیب سے متعلق ، مثلاً وہ استعدادی زوج جو آلۂ تکثیف کے ذریعے برقی رو کے راستوں کو ملاتا ہے ۔

capacitively, adv. استعداد کے ساتھ ؛ قابلیّت سے ۔

capacitor, n. (برق) برقی کنڈنسر ؛ آلۂ تکثیف ۔

capacity, n. وسعت ؛ سمائی ؛ فرّاخی ؛ سکت ؛ گُنجایش ؛ لینے اور رکھنے کی گُنجایش ، خصوصاً ٹھیک مقدار کے حساب سے گُنجایش ؛ مُکعبی ضخامتِ سامان ؛ ذہنی وسعت یا ہمہ گیری ؛ افکار یا علم حاصل کرنے کی استعداد ؛ اثرپذیری کی قابلیت ؛ سمجھ ؛ پہنچ ؛ حیثیت ؛ قبول کرنے کی صلاحیت ؛ فعّال قُوّت ؛ قابلیت ، جیسے کسی شخص میں جانچنے پرکھنے کی قابلیت ؛ اخلاقی یا قانونی اہلیت یا جواز داری ؛ حیثیت (جیسے : to give advice in the capacity of a friend) ؛ امکانی طور پر زیادہ سے زیادہ پیداوار ۔ (برقی سکونیات) مشین یا آلہ پر انتہائی بوجھ ؛ استعداد ۔

cap-a-pie, adv. سروپا ؛ سر سے پا تک ؛ پورے جسم پر ؛ از سر تا پا ؛ کُل ؛ تمام ۔

caparison, n. زین پوش ؛ جھول ؛ گھوڑے کا ساز ؛ گھوڑے پر ڈالنے کے لیے نہایت مزیّن کپڑا ، خصوصاً اسپِ شاہی کے لیے ؛ تزئین کے لوازمات ۔ (فعل متعدی) سجاوٹی کپڑے سے ڈھانکنا ، جیسے گھوڑے پر مزین جھول ڈالنا ؛ قیمتی حسین لباس سے آراستہ کرنا ۔

cape, n. راس ؛ بینئ کوہ ؛ گردنِ زمین ؛ سمندر یا جھیل میں زمین کا ساحل سے آگے کو نکلا ہوا حصّہ ؛ خُشکی کا بلند حصّہ جو سمندر میں آگے تک چلا جائے ۔

the Cape, راس ؛ راس اُمّید ، راس کوڈ ۔

cape, n. بے آستین کی قبا ؛ بغیر آستین کا لباس جو گردن کے آس پاس چُست لیکن شانوں کے نیچے ڈھیلا ہوتا ہے ؛ علیحدہ یا کوٹ کے ساتھ پہنا جاتا ہے ۔

caped, a. بے آستین کی قبا پہنے ہوئے ۔

Cape Cod, a., n. (فن تعمیر) لکڑی کا پُختہ مکان جس کی چھت بالائی تکونے حصّے والی ہو اور اس کے وسط میں بڑی چمنی (آتش دان) لگی ہو : یہ طریقہ ۱۸ویں اور ۱۹ویں صدی کے اوائل میں نیو انگلینڈ میں مروّجہ ڈیزائن سے نکالا گیا ۔

Capelin, caplin, n. کیپلن ؛ ایک چھوٹی خُوردنی مچھلی میلوٹس وِلّوسس (Mallotus villosus) ، جو سمیلٹ مچھلی کے خاندان سے تعلّق رکھتی ہے : کاڈ مچھلی کے شکار میں طعمہ کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

capella, n. عیُوق ستارہ ؛ بہت چمکدار زرد رنگ کا ستارہ ، اوریگا یا مُمسک الاعنّہ ستاروں کے جُھرمٹ میں سب سے زیادہ روشن ستارہ ۔

caper, n. اُچھل کُود ؛ کُود پھاند ؛ کلیل ؛ جست ؛ شرارتی جست یا کھلنڈری پھلانگ ؛ موجی کام ؛ دل لگی یا بہت غیر ذمہ دارانہ حرکت ؛ عجیب و غریب کارروائی ۔ (عوامی) غیر قانونی فعل ۔ (فعل لازم) کھلنڈرے پن میں اِدھر اُدھر کُودنا پھاندنا ؛ چھلانگیں لگانا یا اُچھل کود کرنا ۔

cut a caper, چال بازیاں یا چالاکیاں دکھانا ؛ کھلنڈری حرکتیں کرنا ؛ اچھلنا ؛ کودنا ؛ ناچنا ؛ کدکڑے مارنا ۔

caper, n. کبار ؛ کبر ؛ کریل ؛ ساحل سے دور علاقوں کی کبا برنا (capparis spinosa) نامی جھاڑی یا اس کی کلیاں جو خاردار ہوتی ہیں اور بطور چٹنی مسالا استعمال کی جاتی ہیں ۔

capercaillie, capercailzie, n. جنگلی مرغ ؛ جنگلی گراوز یا پاموزپرندہ (Tetrao urogallus) شمالی یورپ میں اس قسم کا سب سے زیادہ شکار کیے جانے والا پرندہ ؛ قطاۃ کبیر ۔

capeskin, n. کیپ کھال ؛ چرمِ بُز ؛
چمڑا جو جنوبی افریقہ کے ضلع کیپ کی بکریوں کی کھال سے بنایا جاتا ہے اور جس سے عموماً دستانے بنتے ہیں ؛ اسی شکل کا دوسرا چمڑا جو خصوصی طریقے سے کماتے ہوئے مختلف بھیڑوں یا میمنوں کی کھال سے بنایا جاتا ہے۔

Capetian, a. کاپیٹس کے شاہی سلسلۂ خاندان سے متعلّق ،
اس سلسلے کی ابتدا دسویں صدی عیسوی کے اواخر میں ہوئی جب ہیو کاپیٹ فرانس کے تخت پر بیٹھا۔

capias, n. (قانون) حکمِ حراست ؛ وارنٹ ؛ حراست نامہ ؛
حکم نامۂ گرفتاری ؛ گرفتاری کا پروانہ ؛ عدالتی یا شاہی فرمان جس کے ذریعے کسی شخص کو گرفتار کرنے یا کسی کی ملکیّت قبضے میں لینے کا اختیار دیا جائے۔

capillarity, capillary action, n. قُوّتِ شعری ؛
شَعریّت ؛ کیفیت شَعری ؛ کسی مائع کی سطح پر کے سالموں کی کشش یا تنفُر کی حالت جس کی وجہ سے وہ سیّال مادّہ تنگ نلی یا ریشے میں اوپر نیچے اٹھتا گرتا ہے یا کسی ٹھوس چیز کے کسی سیّال میں بھیگنے پر ایسی حالت پیدا ہوتی ہے ، جیسے جذب کرنے کا عمل ؛ جذب الانابیت۔

capillary, a. مثل شَعر یا بال کے ؛ بال سا ؛ مُوئی ؛ شَعری ؛
بال کا یا بال سے متعلّق ؛ بال سے مشابہ ؛ بہت نازک ؛ بہت تنگ سُوراخ نلی یا نلکی والا ؛ تنگ و نفیس سُوراخ کی نلی سے متعلّق یا اُس نلی کے اندر ہونے والا (عمل) ، جیسے شعری عمل۔ (تشریح الاعضا) بالوں یا باریک ریشوں سے متعلق۔

capillaceous, a. مُوئی ؛ شَعری ؛ شَعریاتی ؛ بالوں جیسا۔

capillary, n. عِرق شعری ؛ رگِ شعری ؛ شعریّہ ؛ بہت تنگ
سوراخ کی نلی۔ (تشریح الاعضا) شریانوں کے اختتام اور رگوں کے آغاز کے درمیان خُون کی بہت چھوٹی وریدیں۔

capillary attraction, n. کششِ شَعری ؛ کَشش اِتّصال ؛
نلی کِھچاؤ ؛ جذبِ شَعری؛جاذبۂ شعَریہ ؛ کششِ شَعری کی بنا پر کسی، مائع اور جامد شے میں پائی جانے والی بدیہی کشش (بمقابلہ تنافرِ شعَری)۔

capillary action, n. دیکھیے : Capillarity ۔

capillary water, n. جذب شدہ پانی ؛ کشش ثِقل کے
باعث ڈھلان کی طرف پانی بہ جانے کے بعد مٹّی میں جذب ہو کر رہ جانے والا پانی ، یہ پانی شعَری عمل سے حرکت کرتا ہے اور مٹّی کے ذرّوں پر تہ کے طور پر چڑھ کر باقی رہ جاتا ہے۔

capital, a. بڑا ؛ کلاں ؛ کبیر؛
سر یا چوٹی سے متعلّق ؛ زندگی کے زیاں کا موجب (جیسے : capital punishment) ؛ فاش یا سنگین جیسے غلطی ؛ بڑے یا جلی حروف کا یا ان سے متعلّق جنھیں فقرہ شروع کرتے وقت باقاعدہ استعمال کیا جاتا ہے یا اسمِ معرفہ کا پہلا حرف جو بڑا ہوتا ہے ؛ کسی ملک یا ریاست کا سرکاری دارُالحکومت ؛ عموماً بمعنی خاص ، ممتاز یا اعلیٰ ؛ انتہائی اہم ؛ سب سے عمدہ یا اول درجہ (جیسے what a capital idea) ؛ مالی سرمائے سے متعلّق ، اصل سرمائے کا (جیسے : capital stock) ۔

capital, n. شروع کا حرف جلی یا بڑا حرف ؛ وہ شہر جو کسی
ملک یا ریاست کا دارالحکومت ہو ؛ راجدھانی ؛ دارالسلطنت ؛ دارُالخلافہ ؛ پایۂ تخت ؛ صدر مقام۔

capital, n. (فنِ تعمیر) راس ؛ عمود ؛ ستون کا بالائی حصّہ ؛
کارنس ؛ ستون یا کھمبے کا سر یا سب سے اُوپر کا حصّہ ؛ سرِ ستون۔

capital, n. راس المال ؛ زرِ اصل ؛ اصل زر ؛ سرمایۂ ابتدائی ؛
ابتدائی پونجی ؛ سرمایہ ؛ دولت کی کوئی بھی شکل جو مزید دولت پیدا کرنے کے لیے لگائی جائے ؛ اِس طرح لگائی جانے والی دولت ، خواہ وہ کسی تجارتی یا صنعتی کاروبار میں لگے یا صنعتی سامان ، نقدی ، ذخیرہ یا ہُنڈی یا نسبتاً مستقل اثاثوں یا املاک (مثلاً مشینری ، عمارات) کی شکل میں ہو۔ (حسابداری) اثاثوں کا واجب الادا رقُوم یا قرضوں سے زیادہ ہونا ؛ جمع پونجی۔

capital account, n. سرمایہ کھاتہ ؛ حساباتِ سرمایہ ؛
حساب یا کھاتہ جس میں کسی فرد یا حصّہ دار کی کاروبار میں مالی نفع و نقصان کی کیفیّت درج ہو ؛ کسی کاروبار کے مالی اثاثوں کا گوشوارہ۔

capital assets, n., pl. اصل اثاثہ ؛ سازوسامان اور
موجودہ نقدی ؛ اصل سرمایۂ اثاثات ؛ کاروباری اثاثے جو مستقل قسم کے ہوتے ہیں اور ان کی خرید و فروخت عام طور پر یا معمولاً نہیں ہوتی۔

capital expenditure, n. مصارفِ اصلی ؛
ایسے اخراجات جن سے صنعتی کاروبار میں طویل المیعاد ترقیّات و اصلاحات مقصود ہوں مثلاً نئے کارخانے کا قیام یا نئی مزدور بستی کی تعمیر۔

capital gain, n. منافع سرمایہ ؛ مالی اثاثوں کی
فروخت سے ہونے والا فائدہ یا فائدے۔

capital intensive, a. جاذبِ سرمایہ ؛ مال کی پیدایش سے
متعلّق جس میں محنت کی بہ نسبت سازوسامان یا کسی اور مد میں سرمایہ کاری کا تناسب بہت زیادہ ہو۔

capital investment, n. سرمایہ کاری ؛
صرفِ اصل زر ؛ طویل المیعاد سرمایہ کاری جو منافع کی توقع میں کاروبار کے مادّی اثاثوں جیسے مشینری ، اوزار ، غیر منقولہ جائیداد وغیرہ کے لیے ہو۔

capitalism, n. نظامِ سرمایہ داری ؛ اصل شاہی ؛
اصولِ سرمایہ داری ؛ سرمایہ داری ؛ سرمائے کی ملکیّت۔ (سیاسی معاشیات) ایک نظام جس کے تحت پیداوار اور سامان و خدمات کی تقسیم نجی طور پر ہوتی ہے ؛ آزاد تجارت یا کاروبار۔

capitalistic, a. سرمایہ دارانہ ؛ سرمایہ داری کا
یا سرمایہ داری سے متعلّق ؛ مہاجنی ؛ ساہوکارانہ۔

capitalist, n. سرمایہ دار ؛
پُونجی والا ؛ مہاجن ؛ ساہوکار ؛ کوٹھی وال ؛ سیٹھ : جس کے پاس سرمایہ ہو ، خصوصاً وہ شخص جس نے وسیع پیمانے پر کاروبار میں سرمایہ لگا رکھا ہو۔

capitalization, n. سرمایہ کاری ؛ سرمایہ سازی ؛ سرمایہ بندی ؛
تشخیصِ قیمت ؛ مال بندی ؛ نقدی کرنے کا عمل ؛ روپیہ کھرا کرنے کا رُجحان یا میلان ؛ اصل بنانے کا عمل ؛ سرمایہ کاری کا عمل ؛ کسی کارپوریشن کا سرمایہ کار اثاثہ ؛ بعض اثاثوں کو سرمایہ کار اثاثوں میں بدلنے کا عمل ؛ مستقبل کی ادائیگیوں کی موجودہ قدروقیمت آنکنے کا

کام ـ

capitalize, v.t. بڑے یا جلی حروف سے لکھنا یا چھاپنا ، یا پہلا حرف بڑا لکھنا ـ (مالیات) سرمائے میں بدلنا یا بطور سرمایہ استعمال کرنا ؛ سرمایہ مہیا کرنا ؛ بالاقساط یا یَکمُشت رقم ادا کر کے رقم کو سرمائے میں تبدیل کرنا ؛ سرمایہ کاری اثاثے کے حصص جاری کرنے کے لیے کسی کارپوریشن کے سرمائے کی رقم متعین کرنا ؛ اپنی ذہانت یا اچھے موقع سے فائدہ اُٹھانا (بعد میں on لگاتے ہیں) ؛ نقدی کرنا ؛ روپیہ کھرا کرنا ؛ سرمایہ سازی کرنا ؛ تجارت میں روپیہ لگا کر مالی فائدہ اٹھانا ؛ مال وغیرہ بیچ کر روپیہ رکھنا ـ

capital levy, n. محصول سرمایہ ؛ سرمایۂ باج ؛ ضربیہ باج ؛ انکم ٹیکس کے علاوہ سرمایہ کاری اثاثوں پر محصول ـ

capitally, adv. بہترین ، قابلِ تعریف طریقے سے ؛ بہ طریق احسن ؛ بآئین شایستہ ـ

capital punishment, n. سزائے موت ؛ انتہائی سزا ؛ پھانسی ؛ سزائے قتل ؛ مجرم کے لیے سزائے موت ـ

capital ship, n. بڑا جنگی جہاز ؛ بڑا مسلّح جہاز ؛ جنگی جہاز جو جسامت میں سب سے بڑے جہازوں کی قسم سے تعلّق رکھتا ہو اور اعلیٰ درجے کے اسلحہ سے لیس ہو ـ

capital stock, n. (بازار حصص) پُونجی ؛ سرمایۂ حصص ؛ أصل سرمایہ ؛ کارپوریشن یا کمپنی کا سرمایہ ظاہر کرنے والے مجموعی اثاثی حصص ـ

capitate, a. (نباتیات) راسی ؛ سَر شکل ؛ گھنڈی دار ؛ سَر نُما ؛ چوٹی والا یا چوٹی بناتا ہُوا ؛ گُچھے دار ـ (حیوانیات) لمبوترے اور سَر کی شکل کے سِرے والا ـ

capitation, n. سر گنتی ؛ سر شماری ؛ عام محصول ؛ فی کس مقررہ رقم کی ادائیگی یا فیس ؛ سرداری محصول ؛ فی کس محصول ؛ راس دار محصول ؛ سرمحصول ؛ جزیہ ـ

Capitol, n. کیپٹول ؛ اجلاس گاہِ کانگرس ؛ اجلاس گھر ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں کانگریس (مقننّہ) کی عمارت جو واشنگٹن ڈی سی میں واقع ہے ـ (اکثر چھوٹے c سے) اسٹیٹ ہاؤس : کوئی عمارت جس میں ریاستی حکومت کا مرکز واقع ہو ؛ روم میں مُشتری کا قدیم مندر جو کیپی ٹولائن پہاڑ کی چوٹی پر واقع ہے ؛ کیپیٹل ؛ مُعبدِ مُشتری ؛ مُشتری مندر ـ

capitular, n. مذہبی یا کلیسائے کُبریٰ کی جماعت کا ممبر ؛ مذہبی جماعت کا قانون یا قاعدہ ـ (صفت) مذہبی جماعت سے متعلّق ، پادریوں کی انجمن سے متعلّق ـ (نباتیات) سرَ یا گُچھے والا ـ

capitulary, n. (عموماً جمع استعمال ہوتا ہے) مذہبی یا مدنی فرمان ، خصوصاً فرانسیسی بادشاہوں کے نافذ کیے ہوئے ؛ مجموعۂ قوانین ؛ فرامین ؛ قوانین ، بالخصوص فرنگی بادشاہوں کے ؛ جماعت ، خصوصاً مذہبی جماعت کا رُکن ـ (صفت) جماعت خصوصاً مذہبی یا پادریوں کی جماعت سے متعلّق ـ

capitulate, v.i. اطاعت قبول کرنا ؛ ہتھیار ڈال دینا؛ قلعہ دے دینا؛ ہتھیار دھر دینا؛ جُھک جانا ؛ دباؤ میں آکر مان جانا ؛ ہار مان لینا یا مجبوراً قبول کر لینا ؛ بلا شرط یا شرطوں کے ساتھ ہتھیار ڈال دینا ـ

capitulation, n. مشروط اطاعت ؛ دباؤ تسلیم کرنے یا ہار ماننے کا فعل ؛ دستاویز جس میں ہتھیار ڈالنے کی شرائط درج ہوں قرار داد ؛ معاہدہ ؛ کسی موضوع کے خاص حصوں کی تلخیص یا تعدید ؛ عنوان بندی ـ (عموماً جمع) ملکی قانون سے بالا وہ حقوق و مراعات جو معاہدے کے تحت ایک ملک دوسرے ملک کے شہریوں کو دیتا ہے ، ایسی مراعات پہلے زمانے میں سلطنتِ عُثمانیہ کے سلاطین نے یورپی سیّاحوں اور حکومتوں کو دے رکھی تھیں ؛ مراعاتِ خصوصی ؛ امتیازاتِ خصوصی ـ

capitulum, n. (تشریح الاعضا) ہڈّی کا سَر یا سِرا ـ (نباتیات) سَر گُل ؛ بے ساقہ یا چسپیدہ پُھولوں کا گُچھا ہُوا سر؛ پھول کا سر ؛ گُھنڈی ؛ سرِ عَظم ـ

capling, n. دیکھیے : Capelin ـ

capon, n. خصّی مُرغا ؛ نر چُوزہ یا مُرغا جس کو کھانے کی غرض سے موٹا کرنے کے لیے خصّی کیا گیا ہو ـ

caponize, v.t. (مُرغے کو) خصّی کرنا ـ

caponette, n. کیمیاوی طریقے سے خصّی کیا ہوا (مُرغا) ـ

capote, n. لبادہ ؛ چوغہ ؛ لانبی قبا یا جُبّہ جس کے ساتھ سر اور گردن کی پوشش یا ٹوپی جڑی ہوتی ہے ؛ تنگ ٹوپی نُما کُلاہ یا پوشش جو عورتیں اور بچّے پہنتے ہیں ؛ کُلاہ دار لبادہ ؛ عبا ؛ ٹورافگن کی ٹوپی ؛ کسی گاڑی ، مثلاً بگھّی کی ہٹائی جا سکنے والی چھت ـ

capped, a. ٹوپی پہنے یا رکھّے ہوئے ؛ کُلاہ پوش ، دستار بند (جیسے : white-capped) ـ

capper, n. وہ جو اوپر (نقطہ یا چوٹی پر) جائے یا لے جایا جائے ـ (عوامی) جُوئے میں دوسروں کو پھانسنے والا جُوئے باز ؛ نیلامی میں بولی چڑھانے کے لیے جُھوٹی بولی دینے والا ـ

capping, n. کسی غلاف کار کا عمل یا کسی شے کا عملِ غلاف کاری ؛ وہ چیز (ٹوپی یا رومال) جس سے کچھ ڈھکا جائے ـ (کان کنی) زائد بوجھ ـ

capric acid, n. (کیمیا) ایک بدبُودار چکنا تیزاب ، جو قُدرتی طور پر گلیسرائڈ جیسے تیلوں میں پایا جاتا ہے اور خوشبویات کے لیے ایسٹر (الکحل اور تیزاب کا انجمادی مرکب) بنانے اور مصنوعی مہک دینے نیز درمیانی نامیاتی واسطے کے طور پر استعمال ہوتا ہے ـ

capriccio, n. ترنگ ؛ وہم ؛ آزاد اور تخیلاتی موسیقی/خیال ـ

caprice, n. وسواس ؛ تلوُّن ؛ من کی موج ؛وہمی پن ؛ سنک ؛ گمان ؛ تلوُّن مزاجی ؛ کسی جواز اور مقصد کے بغیر خیال یا ارادے کی یکایک تبدیلی ؛ ترنگ ؛ وہم؛ محض تصّور ؛ بدلتے ہوئے یا وہمی محرّکات یا اضطراری کیفیّات سے اثرپذیری ؛ کوئی بات جو وہم یا اضطراری محرّک کا نتیجہ ہو ـ (موسیقی) کیپریچیو نغمہ یا آزاد اور تخیّلاتی دُھن/موسیقی/خیال ـ

capricious, a. وہمی ؛ وسواسی ؛ من موجیا ؛ سنکی ؛ متلوّن مزاج ؛ وہم و گمان کی خصوصیات کا حامل ؛ گھڑی گھڑی رائے بدلنے پر مائل ؛ مُتلوّن ؛ تبدیلی یا بے قاعدگی پر مائل ـ

capriciously, adv. تلوُّن مزاجی یا بے قاعدگی سے ـ

capriciousness, n. وہم ؛ ترنگ ؛ تلوُّن ـ

Capricorn, Capricornus, n. (فلکیات) بُرج جَدی ؛ قوس اور دلو کے درمیان منطقۃُ البروج (راس منڈل) کا ایک برج یا ستاروں کا جُھرمٹ ـ (نجوم) منطقۃُ البروج (راس منڈل) کا دسواں بُرج ـ

caprification, n. انجیر باروری ؛ انجیروں کی مصنوعی باروری کا ایک طریقہ جس کی رُو سے جنگلی انجیر کی پُھول دار شاخیں خوردنی انجیروں کے درختوں سے لٹکادی جاتی ہیں تاکہ ان پر بھڑیں ، مکھیاں وغیرہ جمع ہو کر زیرے کی مصنوعی باروری کر سکیں ۔

caprifig, n. خودرو انجیر ؛ بُز انجیر ؛ جنگلی انجیر : غیر کاشت شدہ عام انجیر (Ficus carica) جو کھانے کے ناقابل ہوتا ہے ۔

caprine, a. بُز صفت ؛ بُز صُورت ؛ بکری کی طرح ؛ مثل گوسفند ؛ بکری کی مانند ؛ بکری سا ۔

capriole, n. (بیلے ڈانس ، ناٹک ناچ) جست یا چھلانگ ؛ تماشے یا نمایش میں گھوڑے کی یکجائی جست ۔ (فعل لازم) جست لگانا؛ ایک ہی جگہ پر اُچھلنا کُودنا ۔

caproic acid, n. (کیمیا) بُز تُرشہ ؛ کیپرونک ایسڈ : ایک چکنا تیزاب جس میں کھٹے پنیر کی بُو ہوتی ہے ، دُودھ اور قُدرتی تیلوں میں پایا جاتا ہے ، تجزیاتی کیمیا نیز ربڑ ، وارنش ، رال اور ادویات بنانے میں کام آتا ہے ۔

caprylic acid, n. (کیمیا) کیپرایلک ایسڈ ؛ ایک روغنی تیزاب جو ناریل کے تیل سے حاصل کرتے ہیں ، کیمیاوی رنگ ، خوشبویات نیز کیڑے اور پَھپُھوندی ختم کرنے والی دوائیں بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

capsaisin, n. (کیمیا) عصارۂ فلفل : سخت جلن پیدا کرنے والا قلوی مادّہ جو سرخ مرچ کا بڑا جُزوِ محرّک ہے ۔

Capsian, a. کیپسین ؛ جنوبی یورپ یا افریقہ کے شمالی علاقوں میں قدیم حجری تہذیب کے عہد کے کسی دور کا یا اس سے متعلّق ۔

capsicum, n. فِلفِل خُونی ؛ سُرخ مرچ ؛ فِلفِل دراز ؛ جنوبی امریکا یا ایشیا میں پیدا ہونے والے چند پودوں کا جنسی نام ، اِن پودوں کی بہت سی قسمیں ان کے ڈوڈوں یا پھلیوں کے لیے کاشت کی جاتی ہیں ، جو کھانے میں بطور مرچ مسالا اور دواؤں میں سوزش پیدا کرنے والے یا مُمسک اجزا کے طور پر کام آتی ہیں ۔

capsid, n. خولیا : کسی وائرس کا لحمیاتی خول ۔

capsize, v.i., v.t. اوندھ جانا ؛ الٹنا ؛ الٹ جانا ؛ اوندھانا ؛ اوندھا کرنا ؛ پلٹنا ؛ اُلٹ پلٹ ہونا ؛ کشتی کا اُلٹنا ؛ اُلٹ پلٹ کرنا ۔

capstan, n. کیپسٹن ؛ لنگر چرخ ؛ آہنجہ ؛ ایک آلہ جو بوجھ اٹھانے کی چرخی سے مشابہ ہوتا ہے لیکن اس کا محور عمودی ہوتا ہے اور یہ وزن اٹھانے کے لیے ایک سلاخ یا بیرم کے ذریعہ گھمایا جاتا ہے ؛ چرخ طناب ۔

capstone, n. منڈیر ؛ کسی ڈھانچے یا عمارت کا اختتامی یا چوٹی کا پتّھر ۔

capsular, capsulary, a. ڈوڈیا ؛ کیسی ؛ غلافی ؛ غلاف ، لفافے یا ڈوڈے کا ، اس کے اندر یا اس سے متعلّق ؛ کیپسولی ؛ مُجوّف ؛ قُبّہ نُما ۔

capsulate, capsulated, a. کِیسہ بند ؛ مُجوف ؛ کیپسول میں بند کی ہوئی یا کیپسول بنی ہوئی (چیز) ؛ چھلکے دار ؛ غلاف دار ۔

capsulation, n. کِیسہ بندی ؛ کیپسول بندی ؛ غلاف بندی ؛ اِغلاف ۔

capsule, n. کیپسول ؛ چھوٹا کِیسہ ؛ لفافہ یا غلاف ؛ ڈاٹ لگی بوتل کی مہین دھاتی ٹوپی ۔ (طب) جھل ڈِبی جس میں دوا کی ایک خوراک بند ہو ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات) جِھلّی ، تھیلی یا گِلٹی ۔ (نباتیات) خُشک پھل یا بیج کا بُقچہ جس میں دو یا زیادہ خانے ہوتے ہیں اور پکنے پر کُھل جاتا ہے ؛ غشائی کِیسہ ؛ غشائی غلاف ؛ کائی کا کیسہ زر ۔ (کیمیا) چینی کی چھوٹی اُتھلی طشتری ؛ کٹوری ؛ دُرجک ۔

capsule, n. (طیرانیات ، فضائیات) چھوٹا ، ہوا بند اور فشار دار کیبن جس کا اندرونی ماحول بہت بلندی پر ، خلائی پرواز یا فوری بچاؤ کے وقت بھی زندگی کے لیے ساز گار ہوتا ہے ۔ (دیکھیے: ejection capsule) بڑا بکس یا محتوی جسے راکٹ یا خلائی جہاز کے ذریعہ اوپر بھیجا جائے اور جس میں ایسے اوزار رکھے گئے ہوں جنھیں خلائی پرواز کے بعد دوبارہ حاصل کرنا مقصود ہو ۔

capsule, a. بہت مُختصر ؛ خُلاصہ ؛ چھوٹا ؛ تصویرچہ ۔

captain, n. کپتان ؛ سپہ سالار ؛ ناخُدا ؛ سرخیل ؛ دوسروں پر اختیار رکھنے والا ؛ سردار ؛ قائد ؛ لیڈر ؛ کمانڈر ، خصوصاً فوجی کاموں کے لیے ، جیسے کمپنی کو اپنے تحت رکھنے والا فوجی افسر ؛ بحریہ کا خاص عُہدہ دار ؛ بحری افسر جس کے تحت جنگی جہاز ہو ؛ جہاز کپتان ؛ تجارتی بحری جہاز کا کمانڈر ، افسر اعلیٰ یا مالک ؛ کھیل میں ٹیم کی رہنمائی کرنے والا ؛ ہوائی جہاز چلانے والا ، پائلٹ ؛ ہوا باز ۔

captaincy, n. کپتانی ؛ کپتان کا رُتبہ ، عہدہ یا کمیشن ؛ سرداری ؛ قیادت ۔

captainship, n. کپتانی ؛ چیف کمانڈر یا کپتان کا عُہدہ ؛ عسکری امور کی مہارت ۔

captain, v.t. کپتانی کرنا ؛ قیادت کرنا ؛ ٹیم ، گروہ یا جہاز کی رہنمائی کرنا یا ان کو اپنے احکام کے مطابق چلانا ۔

caption, n. سُرخی ؛ عُنوان ؛ کَیپشن ؛ قانونی دستاویز کا وہ حصّہ جو دستاویز کی تکمیل یا اس پر عمل درآمد کا وقت ، مقام وغیرہ ظاہر کرے ؛ کسی دستاویز پر تصدیق یا منسلکہ صداقت نامہ ؛ باب یا مضمون کا عُنوان یا سرنامہ ؛ تصویر یا تشریح کے ساتھ مصوّر و مشرّح وضاحت ۔ (فعل متعدی) سرنامہ یا عنوان لکھنا یا فراہم کرنا ؛ تصدیق کرنا یا صداقت نامہ منسلک کرنا ۔

captious, a. پھانس لینے یا چکر میں ڈال دینے کی صلاحیّت لیے ہوئے جیسے دلائل میں ؛ بحث کے دوران پھانسنے یا پریشان کرنے پر مائل ؛ چھوٹی موٹی غلطیوں یا خامیوں پر نظر رکھنے اور ان کو بہت زیادہ اہمیّت دینے کا رُجحان رکھنے والا ؛ نُکتہ چین ؛ ناقدانہ یا معترضانہ رویے والا ؛ مُعترض ؛ تکراری ؛ حُجّتی ؛ حرف گیر ؛ عَیب جُو ؛ عَیب بِیں ؛ خُردہ گیرہ ۔

captiously, adv. ناقدانہ ، عیب جویانہ ، خُردہ گِیرانہ انداز میں ۔

captiousness, n. نُکتہ چینی ؛ عیب جوئی ؛ خُردہ گیری ۔

captivate, v.t. حسن و خوبی سے گرویدہ کرنا ؛ فریفتہ کرنا ؛ موہ لینا ۔ (متروک) مغلوب کرنا ۔

captivatingly, adv. لُبھانے والے انداز سے ۔

captivation, n. دِل رُبائی ؛ دِلبَری ؛ دِلفریبی ؛ سِحر انگیزی ۔

captivator, n. دِلرُبا ؛ دِلبَر ؛ سِحر انگیز ۔

captive, a., n. قیدی ؛ قیدی بنایا یا رکھّا ہُوا جیسے

جنگ میں ؛ اسیر ؛ گرفتار ؛ مفتون ؛ فریفتہ ؛ مُبتلا ؛ شیدا ؛ محبوس کیا ہُوا یا پابندیوں میں رکھّا ہوا ؛ محبّت یا کسی اور جذبہ کی وجہ سے غُلام بنایا ہوا ؛ گرفتار کیا ہوا ۔ (تجارت) تجارتی کارپوریشن جو دوسری بڑی کمپنی یا بُنیادی کمپنی کے ماتحت ہو اور اس کے فائدے میں کام کرے ۔

captive audience, n. پابستہ سامعین ؛ مَجبُور سامعین : ایسے لوگ جن کو کسی نشریے کے دیکھنے یا سننے سے مفر نہ ہو حالانکہ اس سے انہیں کوئی دلچسپی نہیں ہوتی کیونکہ نفس مضمون ان کے پلے نہیں پڑتا ۔

captive balloon, n. محبُوس غُبارہ ؛ زمین بستہ غُبارہ؛ مُسخَّر غُبارہ؛ مشاہداتی مقاصد کے لیے ایک جگہ معلّق غُبارہ ۔

captivity, n. اسارت ؛ قیدی ہونے کی حالت یا قید کی میعاد ؛ اسیری ؛ قید ؛ گرفتاری ؛ نظربندی ۔

captor, n. گرفتار کرنے والا ؛ قیدی بنانے والا ؛ پکڑنے والا ؛ انعام جیتنے والا ۔

capture, n. تسخیر ؛ قبضہ ، زور ، زبردستی یا کسی ترکیب سے حاصل کرنے کا عمل؛ یوں حاصل شُدہ شے ؛ مالِ غنیمت ؛ انعام ؛ قیدی ؛ بندی ۔

capture, v.t. زبردستی یا مکاری سے لینا ؛ پکڑنا ؛ سر کرنا ؛ جیتنا ؛ گرفتار کرنا ؛ مالِ غنیمت بنا لینا ؛ قید کر لینا ؛ قیدی بنا لینا ؛ بندی کرنا ۔

capturer, n. لینے والا ؛ جیتنے والا ؛ سَر کرنے والا ؛ پکڑنے والا ؛ فاتح ؛ گرفتار کُنندہ ۔

capture, n. (مرکزائی طبیعیات) مرکزے اور اضافی عناصری ذرّے ، خصوصاً نیوٹران ، کا وصل یا ملاپ ۔ (فعل متعدی) مرکزائی نظام کا اضافی ذرّے کو حاصل کرنا ۔

capture intelligence, n. اخذ کردہ معلومات و اطلاعات جو دُشمن کے سامان و دستاویزات کی جانچ پڑتال نیز اس کے جنگی قیدیوں ، فوجی بھگوڑوں اور شہریوں سے جرح کر کے حاصل کی جائیں ۔

capuche, n. قاپوچی ؛ کُلاہ یا قُبّہ ، خصوصاً کاپوش پادریوں کا لانبا اور نوکدار راہبانہ قُبّہ ۔

Capuchin, n. سینٹ فرانسِس کے پیرو پادریوں کا ایک گروہ جو ضابطہ پرست فرقے کی ایک اصلاح شُدہ شاخ ہے ، اس کے اراکین لانبی نوکدار ٹوپی پہنتے ہیں ؛ فَرغُل ؛ چوغہ ؛ لبادہ ۔ (چھوٹے c سے) عورتوں کے لیے قُبّہ دار قبا ؛ کبوتر کی ایک قسم جس کے سر پر پروں کی کُلاہ نُما کلغی ہوتی ہے ؛ کلغی دار کبوتر ؛ امریکا کے گرم علاقوں کا کلغی دار بندر (Cebus cepucinus) اس کا یہ نام اس لیے پڑا کہ اس کے سر پر بال نوکدار قُبّہ کی طرح ہوتے ہیں ؛ اس جنس کے دوسرے بندر ۔

capybara, capibara, n. [برازیلی نام] کپی بَرا ؛ امریکی مُوش خرگوش ؛ بَرا ؛ قارض ؛ ایک کترنے والا گوشت خور چوپایہ جانور ، آب باش کپی بَرا (Hydrochoerus capybara) ، جنوبی امریکا کے دریاؤں میں بکثرت پایا جاتا ہے ، سبزی ترکاری اور مچھلی کھاتا ہے ، قد میں گز بھر کا ، بے دُم ، کلاں سر ، بے نوک تھوتھنی ، کم جھلی دار پاؤں اور انگلیوں والا جانور جو اپنی جنس میں سب سے بڑا ہوتا ہے ۔

car, n. کار ؛ گاڑی ؛ موٹرگاڑی ؛ موٹر کار ؛ آٹو موبیل ، خُود کار گاڑی ؛ پٹڑیوں پر چلنے والی گاڑی ؛ غُبارے میں نشست کا حصّہ ، بَالا بر (لفٹ) یا اس قسم کی چیز جو مسافروں کو اوپر لے جائے ۔ (برطانوی بولی) پہیّوں والی گاڑی ۔ (شاعری) رتھ یا جلوسی بگھّی ، جنگی رتھ ، فتح کے جلوس کی گاڑی ۔

carabao, n. کَراباؤ ؛ مجمعُ الجزائر فلپائن میں جل بھینسا ؛ آبی بھینس ۔

carabineer, carabinier, n. قرابین والا سپاہی ؛ قرابینچی ؛ قرابین سے مُسلّح سپاہی ۔

caracara, n. [یہ نام اس کی چیخ کی بنا پر پڑا] کارا کارا ؛ امریکی کرگس ؛ امریکا کے نسبتاً گرم خِطّوں میں پائے جانے والے عُقابی خاندان یا خاندان کی ذیلی شاخ ، پولی بوری نا (Polyborinae) سے متعلّق کرگس نُما پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

carack, carrack, n. کاراک ؛ پندرھویں اور سولھویں صدی عیسوی کا ، خصوصاً ہسپانوی یا پُرتگالی ، بڑا اور مسلّح تجارتی بحری جہاز ۔

caracole, n. زینۂ پیچاں ؛ کاوہ ؛ چکردار زینہ ؛ تربیّت یافتہ زین سواری گھوڑے کا آدھا موڑ یا کاوہ کاٹنے کا عمل ۔ (فعل لازم) کاوہ یا موڑ کاٹنا ؛ پہیّے کی طرح گھومنا ؛ گھوڑے کا جست کرنا ۔

caracul, n. قراقُل ؛ بہت چھوٹی ایشیائی یا رُوسی بھیڑ کی سمُور کے طور پر تیار کی گئی کھال جو استرا خان سے مشابہ ہوتی ہے مگر اس کے بال دبے دبے اور کھلے گھونگھریالے ہوتے ہیں ۔

carafe, n. قرابہ ؛ شیشے کی صُراحی ؛ مِینا ؛ گُلابی ۔

caramel, n. سوختہ شکر ؛ جلی ہوئی شکر جو کھانے کو رنگ اور خوشبو دینے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ ایک قسم کی چبانے والی مٹھائی جو عموماً چھوٹی ٹِکیوں کی صُورت میں ہوتی ہے اور چینی ، مکھن ، دُودھ نیز کسی خُوشبُو کے آمیزے سے تیار کی جاتی ہے ۔

caramelize, v.t., v.i. جلی ہوئی شکل میں بدلنا یا بدلا جانا ۔

caramelization, n. شکر جلانے کا عمل ؛ شکر کو سوختہ کرنے کا عمل ؛ شکر سوختگی ۔

carangid, n. کرانگو ؛ اسی نام و جنس کی مچھلی یا اس سے مشابہ مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، اس خاندان میں کیولی ، پومپانو اور پائلٹ فش بھی شامل ہیں ۔ (صفت) مچھلی کے اس خاندان سے متعلّق ۔

carapace, n. کھپرا ؛ خولِ قِشریہ ؛ سخت اُستخوانی پوشش یا خول جو جانور کی پوری پشت پر یا اس کے ایک حصّے پر ہو ، مثلاً کچھوے کا خول ؛ سخت حفاظتی سطح ۔

carat, n. رتّی ؛ قیراط ؛ دو سو ملی گرام کے برابر وزن کا ایک معیاری پیمانہ جو سونا/جواہرات تولنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ دیکھیے : Karat ۔

caravan, n. [فارسی] کاروان ؛ قافلہ ؛ ایسے مسافروں کی جماعت جو غیر محفوظ علاقوں سے زیادہ تحفظ کے ساتھ گزرنے کے لیے اکھٹے سفر کریں ؛ گاڑیاں قطار میں یا جانور جو غول بنا کر سفر کر رہے ہوں ؛ بڑی بند گاڑی جو سفری نمایش کے سامان کی ترسیل کے لیے استعمال کی جائے ۔ (برطانوی) بڑی گاڑی میں پہیّوں پر رہایشی مکان ؛ خانۂ رواں ۔

caravansary, caravanserai, n. [فارسی] کاروان سرائے ؛ مشرقِ قریب اور اسلامی ممالک میں کاروان کی شب باشی کے لیے عمارت جو عموماً تمام تر سہولتوں سے مزیّن ہوتی تھی اور عمارت کے بیچ میں بڑا صحن ہوتا تھا ؛ بنجاروں یا جاتریوں کے اُترنے کی جگہ ۔

caravel, carvel, n. کرول ؛ چھوٹا بادبانی جہاز جو پہلے زمانے میں ہسپانوی اور پُرتگالی استعمال کرتے تھے ؛ مچھلیاں پکڑنے کا چھوٹا جہاز ؛ چھوٹا تیز جہاز ۔

caraway, n. سیاہ زیرہ ؛ کراوِیہ ؛ کَروِی ؛ ششماہی پھل کا پودا Carum Carvi جس کی جڑ گاجر کی طرح مخروطی ہوتی ہے اور بیج مختلف کھانوں میں مہک دینے کے لیے استعمال ہوتے ہیں ؛ زیرۂ کِرمانی ۔

carbamate, n. (کیمیا) کاربامیٹ ؛ کاربیمک تیزاب کا نمک ۔

carbamic, a. کاربَیمک ؛ ایک نامیاتی تیزاب سے متعلّق ، یہ تیزاب علیحدہ یا مجرّد صُورت میں نہیں ملتا ، البتہ نمکیات ، خصوصاً امونیم میں پایا جاتا ہے ۔

carbamide, n. (کیمیا) کاربامائیڈ ؛ مادّۂ پیشاب ؛ یُوریا ؛ بَولینا ۔

carbanion, n. (کیمیا) کاربائین ؛ ایک منفی باردار نامیاتی برق پارہ (آئن ion) جس میں مُقابل کے آزاد اصلیّہ کی بہ نسبت ایک برقیّہ زیادہ ہوتا ہے ؛ ایک مختصر عرصۂ حیات کا برق پارہ جو نامیاتی امتزاج کے عمل میں ایک اہم درمیانی واسطہ ہوتا ہے اور کاربونیم کے ساتھ پایا جاتا ہے ۔

carbazole, n. (کیمیا) کاربازول ؛ ایک سفید قَلمی ، حلقوی اور نامیاتی مرکّب جو تارکول سے حاصل ہوتا ہے اور رنگ ، پٹاخے ، کیڑے مار دوائیں نیز چکنائیاں تیّار کرنے میں کام آتا ہے ۔

carbide, n. کاربائیڈ ؛ دھات کے ساتھ کاربن کا مرکّب ؛ کاربن آمیزہ ؛ اوزار کی کاٹنے والی دھار یا نوک جو وزنی دھاتوں کے کاربنی مرکّبات سے بنائی جاتی ہے ؛ عموماً کیلسیم کاربائیڈ جس سے بائیسکل کے لیمپ جلتے ہیں ۔

carbine, carabine, n. کاربین ؛ کاربائن ؛ قرابین ؛ بندوق یا آتشیں اسلحہ جو عموماً گُھڑ سوار فوج استعمال کرتی ہے ، اس کی نالی پیادہ فوج کے سپاہی کی بندوق یا رائفل سے نسبتاً چھوٹی ہوتی ہے ؛ ہلکی ، خود کار فوجی رائفل ۔

carbinol, n. (کیمیا) کاربی نول ؛ میتھائل الکحل یا چوبی الکحل ؛ مشابہ قلمی ساخت کا کوئی بھی آئسوپروپائل الکحل (isopropyl alcohol) جیسے ڈائی میتھائل کاربی نول بھی کہہ سکتے ہیں ۔

carbocyclic compound, n. (کیمیا) کاربن حلقئی مرکّب ؛ مرکّب حلقۂ کاربن ؛ ان بہت سے نامیاتی مرکّبات میں سے کوئی ایک جو کاربنی ذرّوں سے بنی ہوئی حلقوی شکل رکھتے ہیں ، جیسے بینزین ۔

carbohydrate, n. (کیمیا) کاربوہائیڈریٹ ؛ کیمیائی مرکّب جو کاربن، ہائیڈروجن اور آکسیجن سے مل کر بنتا ہے ، دو مؤخرالذکر اجزا کا مقداری تناسب تقریباً وہی ہوتا ہے جو پانی میں پایا جاتا ہے یعنی H_2O ؛ بہت سے ایسے مرکّبات میں سے ایک جن میں شکر یعنی گلوکوز ، عام چینی یعنی سکروز ، کثیر سالمی مرکّبات (پالیمر) جیسے نشاستہ اور خلوی مادّہ اور کوئی خوردنی کاربوہائیڈریٹ شامل ہوتا ہے ؛ انسانوں اور جانوروں کی غذا کے بڑے ذرائع میں سے ایک ؛ نشاستہ دار غذا ۔

carbolate, n. (کیمیا) کاربولیٹ ؛ کاربالک ایسڈ کا نمک ۔

carbolated, a. کاربولیٹی ؛ جس میں کاربالک ایسڈ ہو ۔

carbolic acid, n. (کیمیا) فینائل ، کاربالک ایسڈ ؛ کاربالکی تیزاب ۔

carbon, n. (کیمیا) کاربن ؛ کوئلہ ؛ زغال ؛ فحم ؛ وسیع پیمانے پر پایا جانے والا ایک عنصر جو نامیاتی مرکبات بناتا ہے ، اس کی خالص شکلیں ہیرا اور گریفائٹ(سرمان) ہیں جب کہ غیر خالص صورت کوئلہ ہے؛ جُزوی طور پر کاربن سے بنی ہوئی سلاخ یا پلیٹ جو آرک لیمپ اور بیٹری میں استعمال ہوتی ہے ؛ کاربن کاغذ کا ٹُکڑا ؛ کاربن کاپی ۔

carbon 13, n. (کیمیا) کاربن ۱۳ ؛ کاربن کا کمیاب ہم جا (isotope) جو سرطان کی تحقیق اور زمانی مُطالعہ میں استعمال ہوتا ہے ۔

carbon 14, n. (کیمیا) کاربن ۱۴ ؛ تابکار کاربن جس کا کمیتّی عدد ۱۴ ہے ، یہ تجزیاتی تحقیق کے ایک آلے کے طور پر خصوصاً ارضیاتی اور آثارقدیمہ کے مادّہ کا زمانہ متعیّن کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

carbonado, n. کاربونیڈا : بکرے ، مُرغ یا مچھلی کے گوشت کا گود کر بُھونا ہُوا ٹُکڑا ۔ (فعل متعدی) گوشت کا گودنا اور بھوننا ۔

carbonado, n. کاربنی ہیرا ؛ غیر شفّاف ، سیاہ اور وزنی ہیرا جو عموماً برازیل میں پایا جاتا ہے اور سوراخ کرنے ، کاٹنے کے کام آتا ہے ؛ سیاہ ہیرا ۔

Carbonari, n. کاربونری : ایک خُفیہ انقلابی جماعت کے اراکین جو اٹلی کے کوئلہ جلانے والوں یعنی کاربونری کے درمیان پناہ لینے کی وجہ سے کاربونری کہلائے ، یہ لوگ انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں ہسپانیہ ، فرانس اور اٹلی میں فعّال تھے ۔

carbonate, n. (کیمیا) کاربونیٹ ؛ کاربونک تیزاب کا نمک ؛ نمک کاربونک ایسڈ ۔

carbonate, v.t. کاربونیٹ بنانا ؛ کاربونک ایسڈ گیس یا کاربن ڈائی آکسائڈ سے بھرنا ۔

carbonation, n. کاربونیٹ بنانے یا کاربن ڈائی آکسائڈ بھرنے کا عمل ۔

carbon bisulfide, n. کاربن بائی سلفائڈ ؛ کاربن ڈائی سلفائڈ ۔

carbon black, n. (کیمیا) کاجل ؛ کاربن کی عُمدہ اقسام میں سے کوئی ایک جو قُدرتی گیس یا پٹرول کے نامکمّل احتراق سے حاصل ہوتی ہیں ؛ قُدرتی و کیمیاوی ربڑ کو مضبوط کرنے نیز روشنائی بنانے میں کام آتی ہیں ۔

carbon copy, n. کاربنی نقل ؛ کسی بھی لِکھی ہوئی یا ٹائپ کی ہوئی تحریر کی نقل جو کاربن کاغذ کی مدد سے تیار کی گئی ہُو ؛ کسی شخص یا چیز کا تقریباً ٹھیک ٹھیک نقشِ ثانی ۔

carbon cycle, n. (کیمیا) کاربنی دَور ؛ وہ طریق یا عمل جس کے ذریعے پودے ہوا کی کاربن ڈائی آکسائڈ جذب

carbonizer, n. کاربن کار ؛ کاربن بنانے والا ؛ کاربن ساز۔

carbon monoxide, n. (کیمیا) کاربن مونو آکسائڈ : بے رنگ ، بے بو اور بہت زہریلی گیس جو زرد اور نیلے شُعلے کے ساتھ جلتی ہے ، یہ اس وقت بنتی ہے جب کاربن ہوا کی ناکافی مقدار میں جلتا ہے ، یہ گیس خصوصاً نامیاتی مرکبّات سازی اور فلزّیات میں استعمال ہوتی ہے۔

carbonous, a. (کیمیا) کاربنی ؛ زغالی ؛ کاربن کا ، کاربن کی طرح ؛ فحمی ؛ کاربن رکھنے والا ؛ کاربن دار۔

carbon paper, n. کاربن کاغذ ؛ نقل گیر کاغذ ؛ کاغذ جس کے ایک طرف کاربن یا کسی اور روشنائی کا مادّہ لگا ہوتا ہے اور جسے کاغذ کے دو سادہ ورقوں کے درمیان رکھا جاتا ہے تا کہ نیچے کے کاغذ پر وہ سب کچھ مرتسم ہو جائے جو اُوپر کے کاغذ پر لکھا یا ٹائپ کیا جائے۔

carbon process, n. کاربنی طباعت؛ کاغذ پر فوٹو گرافی یا تصویر کی چھپائی : اس چھپائی کے لیے کاغذ پر کاربن اور دیگر رنگوں کے حساس چپکاؤ مادّے کا لیپ کیا جاتا ہے۔

carbon tetrachloride, n. (کیمیا) کاربن ٹیٹرا کلورائڈ : ایک بے رنگ نا سوختنی رقیق مادّہ جو زہریلا ہوتا ہے اور جس میں سے بھاری بُخارات نکلتے ہیں ، بطور بارِد ، مُصفّی سیال ، دافع آتش اور محلل استعمال ہوتا ہے۔

carbonyl, n. (کیمیا) (اصلیّہ) کاربونائل ؛ ایک دو گرفتہ اصلیّہ یا جزوِ مستقل، جو ایک جوہر (ایٹم) کاربن اور ایک جوہر آکسیجن کا مرکب ہوتا ہے : نکل کاربونائل سے مرکب دھات۔

carborundum, n. (عموماً بڑے C سے) کاربورنڈم ؛ کرندہ؛ سلیکون کاربائڈ قسم کا خراشی مسالا : کاربن اور سلیکون کا مرکّب جسے رگڑ کر پالش کی جاتی ہے۔ (تجارتی نشان)۔

carboxyl, n. (کیمیا) کارباکسل ؛ یک گرفتہ اصلیّہ یا کاربن، آکسیجن اور ہائڈروجن کا مرکّب جو نامیاتی تیزابوں میں پایا جاتا ہے۔

carboxylate, n. (کیمیا) کارباکسلیٹ ؛ کارباکسلک تیزاب کا نمک۔ (فعل متعدی) کاربوکسِل اندازی کرنا ؛ کارباکسل یا کاربن ڈائی آکسائڈ کو کسی مرکّب کے ساتھ مِلانا ، جس کے نتیجے میں کارباکسلک ایسڈ دستیاب ہوتا ہے۔

carboxylation, n. کاربوکسل اندازی ؛ کارباکسلک تیزاب بنانے کا عمل۔

carboy, n. قرابہ ؛ کُپی ؛ شیشے کی بڑی اور مضبُوط بوتل جس پر چمڑے یا موٹے کپڑے کا غُلاف چڑھا ہوتا ہے اور جو قارض سیّال مادے مثلاً تیزاب ، سرکہ ، شراب وغیرہ رکھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

carbuncle, n. راج پھوڑا ؛ زہر باد ؛ شب چراغ ؛ دُنبل ؛ کاربنکل ؛ منسُوجات کی تکلیف دہ مقامی سوزش خصوصاً وہ پھوڑا جو گردن یا دھڑ کی پُشت پر اُبھر آئے ؛ سرخ ترشا ہوا یاقُوت جس میں پہلُو نہیں ہوتے ؛ بے پہلُو سُرخ یاقُوت ؛ تامڑا ؛ بہرمان۔

carbuncled, a. لال یا شب چراغ سے جڑا ہوا ؛ دُنبل دار ؛ زہربادی ؛ کاربونل پھوڑے میں مبتلا۔

carbuncular, a. کاربنکل سے متعلّق یا کاربنکل

کر کے اسے کاربوہائیڈریٹ میں بدلتے ہیں اور یہ کاربوہائیڈریٹ جانور کھاتے ہیں جو سڑ گل کر دوبارہ کاربن ڈائی آکسائڈ بنتی اور ہوا میں شامل ہو جاتی ہے۔ (طبیعیات) وہ طریقہ جس کے ذریعے سُورج اور دیگر ستارے ، از روئے علمی مفروضہ توانائی حاصل کرتے ہیں ؛ مرکزائی عمل و ردِ عمل کا سلسلہ اور کاربن ، ہائیڈروجن ، نائٹروجن میں تبدیلیاں جو ہیلیم بننے ، ذیلی مرکزائی ذرّوں کے نکلنے اور کاربن کی دوبارہ تخلیق کا باعث بنتی ہیں۔

carbon dating, n. (ارضیات) کاربنی تعیین زمان : وہ طریق کار جس کے ذریعے آثارِ قدیمہ اور ارضیاتی نمونوں کی عمر یا قدامت کاربن ۔ ۱۴ کی مقدار ناپ کر متعیّن کی جاتی ہے۔

carbon dioxide, carbonic-acid gas, n. (کیمیا) کاربن ڈائی آکسائڈ ؛ کاربانک ایسڈ گیس ؛ ایک وزنی ، بے رنگ ، بے بُو اور نہ جلنے والی (ناسوختنی) گیس جو فضا میں موجود ہوتی ہے اور تنفّس کے عمل سے بنتی ہے ، خصوصاً حباب دار مشروب بنانے اور بارد عامل کے طور پر استعمال ہوتی ہے ؛ ٹھوس یا جامد شکل میں خشک برف کہلاتی ہے۔

carbon disulfide, n. (کیمیا) کاربن ڈائی سلفائڈ ؛ کاربن بائی سلفائڈ ؛ شفّاف بے رنگ یا زردی مائل ، بہت جلد آگ پکڑنے والا ، زہریلا رقیق مادّہ ، لُزج مائع ریان (viscose rayon) سیلوفین اور کاربن ٹیٹراکلورائڈ بنانے میں کام آتا ہے نیز مختلف محلل اور کیڑے مار ادویات میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

carbon fin, n. (فضائیات) کاربن فِن کاربن کا بنا ہوا جٹ دیدبان جو براہ راست راکٹ کی جٹ دھار میں رکھّا جاتا ہے۔

carbonic, a. (کیمیا) کاربنی ؛ کوئلے کا؛ وہ جو کاربن کا بو یا کاربن رکھتا ہو، جیسے کاربونک ایسڈ ، کاربونک ایسڈ گیس؛ کاربن ترشہ گیس جو سانس کے ساتھ باہر نکلتی ہے اور عموماً کاربن کے جلنے سے پیدا ہوتی ہے۔

carbonic acid, n. (کیمیا) کاربونک ایسڈ ؛ کوئلے کا تیزاب ؛ ہلکا تیزاب ، جو اساسی عناصر پر کیمیاوی ردِ عمل سے کاربونیٹ (نمک) بناتا ہے اور پانی نیز کاربن ڈائی آکسائڈ میں فوراً تحلیل ہو جاتا ہے۔

carbonic-acid gas, n کاربانک ایسڈ گیس ؛ کاربن ڈائی آکسائڈ۔

carboniferous, a. کاربن خیز ؛ کاربن دار ؛ کاربن زا ؛ کاربنی ؛ کوئلے کا ؛ کوئلہ رکھنے والا۔ (بڑے C سے) زغالی یا کاربونی فیرس ارضیاتی عہد سے متعلّق ۔(اسم) کاربونی فیرس یا زغالی چٹان کا عہد جو ڈِوونی عہد کے بعد اور پرمیَن یا سُرخ ریتیلے پتّھر کے عہد سے پہلے تھا ؛ عصر فحمی ؛ کاربنی جُگ۔

carbonium, n. (کیمیا) کاربونیئم ؛ ایک مثبت برقی بار دار اور شدید ردِّعمل والا نامیاتی برق پارہ جس میں مقابل کے آزاد اصلیّہ کی بہ نسبت ایک برقیہ کم ہوتا ہے اور اس کا کیمیاوی ردِّعمل اس طرح ہوتا ہے کہ گویا کاربن ایٹم ہی مثبت برقی بار دار ہو : ایک مختصر عرصۂ حیات کا برق پارہ جو نامیاتی امتزاج کے عمل میں ایک اہم درمیانی واسطہ ہوتا ہے ، یہ کاربینین کے ساتھ پایا جاتا ہے۔

carbonize, v.t. نیم سوختگی سے کاربن میں تبدیل کرنا ؛ کاربن بنانا ؛ کاربن سے ملانا ؛ کوئلہ کر دینا ؛ کاربن سے ڈھانپنا ؛ کاربن سے مِلنا۔

carbonization, n. کاربن کاری ؛ کاربن بنانے کا عمل ؛ کاربن سازی۔

سے مشابہ ؛ سُوجا ہوا ؛ دُنبل آسا ؛ شب چراغی ؛ بزار چشمی ۔

carburet, n. (کیمیا) کاربائڈ ؛ کاربن آمیزی ؛ کاربنی بھرت ؛ کاربامیزی ۔ (فعل متعدی) کاربن سے مِلنا یا واصل ہونا ؛ ہائیڈروکاربن آمیز کرنا یا بھرنا ؛ کیمیائی طریقے پر کسی عنصر کا کاربن کے ساتھ ملانا ؛ کاربن سے بھرنا ۔

carburetant, n. ہائیڈروکاربن جو کاربن کی آمیزش کے لیے استعمال کی جائے ۔

carburetion, n. کاربن آمیزی ؛ کاربن کی آمیزش کا عمل ؛ دُرونی احتراق والے انجن میں ہوا کو طیران پذیر ہائیڈروکاربن یعنی پٹرول سے معمور کرنے کا عمل ۔

carburetor, n. کلساؤ ؛ کاربن کار ؛ کاربُوریٹر ؛ ایک آلہ جس میں بھاپ سے بنا ہوا ایندھن ہوا سے ملتا ہے تا کہ احتراقِ درونی والے انجن کو انفجاری قُوّت مہیّا کی جا سکے ۔

carburize, v.t. کاربن سے ملانا ؛ کاربن سازی کرنا ؛ کاربن آمیزی کرنا ۔

carburization, n. کاربن سازی؛ کاربن آمیزی ۔

carcajou, n. امریکی بِجُو ؛ کناڈی سیاہ گوش ؛ گُرگک ؛ گلٹن ؛ وُلوَرائن ؛ ایک امریکی گوشت خور جانور کا امریکی نام جو نیولے کا سا مگر اس سے بڑا ہوتا ہے ۔ غلطی سے بِجُو اور بَن بلاؤ کو بھی اس نام سے پکارتے ہیں ؛ کار کا جُو۔

carcanet, n. گلے کا ہار یا چمپا کلی ، گلوبند یا جواہر کا گیسو بند ۔

carcass, (Brit.) **carcase,** n. لاش ؛ لوتھ ، جانور کی بے سری لاش ؛ لاشہ؛ جانور کا مردہ جسم یا (بطور حقارت) انسان کی لاش ؛ حقارت یا طنز سے زندہ جسم کو بھی کہتے ہیں ؛ کوئی بھی چیز جس میں اس کا بنیادی محرک اصول یا روح موجود نہ ہو ؛ کسی چیز کی سڑی گلی باقیات ؛ ڈھانچا ؛ کسی مکان یا جہاز کا نامکمل چوکھٹا یا ڈھانچا ؛ بکس جس میں میزائل یا راکٹ کی طرح استعمال ہونے والا آتش گیر مادّہ رکھا ہو اور جس کا مقصد عمارتوں کو جلانا ہو ؛ توپ کا آتشی گولہ؛ گولے کا گھر یا خانہ؛ مزید استعمال کے قابل بنانے کے لیے ربڑ چڑھانے کی خاطر رکھا ہوا نئے یا گِھسے ہوئے ٹائر کا نچلا حصّہ ؛ ہوا بھرنے والی گیند (فٹ بال) کا اُوپری چرمی خول اور ربر کا اندرونی بلیڈر یا صرف اوپر کا خول یا غلاف ۔

carcinogen, n. (امراضیات) سرطانی مادّہ؛ ایک مادّہ جو سرطان پیدا کرتا ہے ؛ قرحی مواد ۔

carcinoma, n. (امراضیات) خبیث نسیجی پھوڑا جو پھیلتا ہے اور کاٹ دینے کے بعد پھر پیدا ہو جاتا ہے ؛ سرطان ؛ سرطانی سلعہ ؛ ورم سرطانی ۔

carcinomatosis, n. سرطانیّت ؛ کینسریّت ؛ انتشارِ سرطان ؛ وہ حالت جس میں اصل سرطانی پھوڑے سے کئی سرطانی پھوڑے بیک وقت پیدا ہو کر جسم میں پھیل جائیں ۔

card, n. تاش ؛ پتّا ؛ کارڈ ؛ پُٹھا ؛ دفتی یا سخت کاغذ کا ٹُکڑا جس پر مختلف نشان اور تصویریں بنی ہوتی ہیں ۔ (جمع) کارڈ کے ایسے ٹُکڑے تاش کے پتّے کہلاتے ہیں ، ان کے مجموعے سے مختلف کھیل کھیلے جاتے ہیں ؛ وہ کھیل یا کھیلیں جو تاش پتّوں سے کھیلی جائیں ؛ تاش کا کھیل ؛ سخت کاغذ یا پتلے پُٹھے کا عموماً مستطیل ٹکڑا جس سے مختلف کام لیے جاتے ہیں ؛ دیوار یا کھڑکیوں پر آویزاں کرنے کے لیے چھپا ہُوا یا لکھا ہوا اشتہار ؛ سخت کاغذ کا چھوٹا ورق جس پر پیغام یا نوٹ لکھا جائے ، مثلاً پوسٹ کارڈ ؛ پتلی دفتی یا موٹے سخت کاغذ کا ٹُکڑا جس پر دعوت نامہ تحریر ہو یا جو ٹکٹ کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ دفتی کا ٹُکڑا جسے خوبصورت پُھول بُوٹوں سے مزیّن کر کے تہنیّت یا مبارکباد کے لیے استعمال کیا جائے ، جیسے کرسمس کارڈ ؛ مُلاقاتی کارڈ ، پتلی دفتی یا کارڈ بورڈ کا ٹُکڑا جس پر ملاقات کے خواہاں شخص کا نام پتہ وغیرہ لکھا ہو ؛ تجارتی کارڈ ، جس پر اس شخص کے دھندے کی نوعیت اور مقام وغیرہ بھی درج ہو ؛ گوشوارہ ، نقشہ ، منصوبہ یا دائرے میں بنے ہوئے قُطب نُما کے سمتی درجوں کے ۳۲ نُقطے ؛ کسی اخبار میں دیا گیا مختصر نوٹس یا اشتہار ؛ کھیلوں کا پروگرام ، اوقات نامہ ، جیسے گھوڑوں کی دوڑ کا پروگرام ۔

in the cards, امکانی واقعہ ؛ ہونے والی بات (جیسے : Defeat was in the cards) ۔

card, v.t. کارڈ مہیّا کرنا ؛ کارڈ پر باندھنا ؛ کارڈ پر لکھنا یا ریکارڈ کرنا ۔

card, n. کھریرا ؛ کنگھا ؛ کُچ ؛ کُھرکنا ؛ تار کا دندانوں والا بُرش یا کوئی مشابہ اوزار جس سے اُون یا سَن کے ریشوں کو کتائی کی تیّاری کے لیے سُلجھایا جاتا ہے ؛ ایک قسم کا کھریرا ۔

card, v.t., v.i. برش یا کنگھے سے اُون یا سَن کے ریشوں کو کھولنا یا سلجھانا ؛ تومنا ؛ دُھننا ؛ دُھنکنا ۔

carder, n. دُھنیا ؛ دُھننے والی مشین یا آلہ ۔

card, n. (عوامی) بے تکلُّف حرکات سے خوش کرنے والا شخص ؛ پھبتی باز ۔ مسخرا ۔ پیشہ ور جُواری ، عموماً تاش کھیلنے والا ؛ نشہ آور دوا کا ایک حصہ ۔

cardamom, n. الائچی ؛ الاچی ؛ گجراتی الائچی (چھوٹی الائچی) ؛ بیل ؛ ادرک خاندان کے مُختلف پودوں میں لگنے والی خوشبودار پھلی جو ادویات نیز چٹنی ، اچار ، سالن ترکاری میں استعمال ہوتی ہے ؛ الائچی کا پودا ؛ پوربی الائچی (بڑی الائچی) ۔

card board, n. گتّہ ؛ سخت اور قدرے موٹا کاغذ یا پُٹھا ؛ مقوّا ؛ دفتی ۔ (صفت) کارڈ بورڈ یا اس جیسے کاغذ یا پُٹھے کا بنا ہوا ۔

card catalogue, n. کارڈ کیٹلاگ ؛ تفصیلی فہرست جس میں ہر اندراج ایک علیحدہ کارڈ پر کیا جاتا ہے اور کارڈوں کو حروفِ تہجّی یا کسی اور لحاظ سے ترتیب کے ساتھ الگ الگ بکسوں یا درازوں میں رکھا جاتا ہے ؛ کارڈوں کا فائل یا مِسل جس میں لائبریری یا کسی ذخیرۂ کُتب کی کتابوں کے نام درج ہوں ؛ کارڈ فہرست ۔

cardiac, cardiacal, a. قلبی ؛ فوادی ؛ متعلّق بہ قلب ؛ دل یا قلب سے متعلّق ؛ معدے کے واسطے سے دل میں برانگیختگی یا جوش آفرینی ۔

cardiac, n. عارضۂ قلب میں مبتلا شخص ؛ ایسی دوا جو دل میں تحریکِ عمل اور طبیعت میں جولانی پیدا کرے ؛ مقوّیٔ قلب ۔

cardialgia, n. (طب) وجع الفواد ؛ دردِ فمِ معدہ ؛ دل کی جلن ؛ دل کا درد ؛ سینے کی جلن ۔

cardigan, cardigan jacket, n. کارڈیگن ؛ کارڈیگن جیکٹ ؛ چُست ، کالر بغیر ، بُنی ہوئی ، سامنے سے کھلنے والی

قلب کے فعل میں رکاوٹ پیدا ہونے کی صورت میں مریض کا تنفّس اور دوران خون بحال کرنے کا ہنگامی طریقہ ۔

cardiovascular, a. (طب) قلب و عُروقی ؛ دل اور خُون کی وریدوں سے یا ان کے متعلّق ۔

carditis, n. (امراضیات) سوزش دل ؛ ورمِ قلب ؛ دل کے عضلات یا پٹّھوں کی سُوجن یا سوزش ۔

cardoon, n. کارڈُون ؛ کنیرا قلابی (Cynara cardunculus) ، بحرِ روم کے علاقوں میں پیدا ہونے والا ہاتھی چوک کی قسم کا ایک سدا بہار پودا جو سبزی ترکاری کے طور پر کھایا جاتا ہے ۔

cardsharp, n. پتّے باز ؛ تاش کے کھیل میں دھوکا کرنے والا ؛ وہ شخص جس کا پیشہ ہی تاش کے کھیلوں میں بے خبر لوگوں کو دھوکا دیکر لُوٹنا ہو ۔

care, v.i. متفکّر یا متردّد ہونا ؛ خیال یا لحاظ ہونا ؛ پروا ہونا ؛ اہمیّت دینا اور منفی طور پر تشویش یا افسوس کا اظہار کرنا ؛ تشویش یا افسوس کی بنا پر پریشان ہونا ؛ سوچ میں ہونا ؛ مائل ہونا ؛ بچّوں یا بیماروں کے لیے ملازم وغیرہ مہیّا کرنا ؛ تیمارداری کرنا ؛ چاہنا ؛ خاطر میں لانا ؛ خیال کرنا (نفی کے ساتھ یا نفی کے معنوں میں) التفات یا پسند کرنا ؛ محبت و رغبت رکھنا ؛ رضامند یا آمادہ یا خواہشمند ہونا ؛ (کسی چیز کا) مہیّا کرنا یا متلاشی ہونا ؛ التفات کرنا (عموماً نفی کے ساتھ) (بعد میں for لگاتے ہیں) ۔

care, n. پریشانی ؛ تشویش ؛ فکروتردّد ؛ سنجیدہ توجُّہ ؛ اِعتنا ؛ پروا ؛ اندیشہ ؛ غم ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ محافظت و ذمّہ داری ؛ تردّد و توجُّہ کے قابل (کوئی بات ، شخص یا چیز) ۔

careen, v.t. کسی چیز ، مثلاً جہاز ، کو ایک پہلُو کے بل کرنا تا کہ اس کی درزیں بند کی جا سکیں اور مرمّت یا صفائی ہو سکے ؛ اسی طرح کشتی کو پہلُو کے بل اُٹھا کر اس کی مرمّت یا صفائی کرنا ۔

careen, v.i. ایک طرف کو جُھکنا جیسے بادبان کے وزن سے جہاز کا یا موٹر کار کا ایک طرف کے دو پہیّوں کے بل پر موڑ کاٹنا ؛ اِدھر اُدھر جھوک کھاتے ہوئے یا لہراتے ہوئے چلنا ؛ لڑکھڑانا ۔

career, n. ذریعہ معاش ؛ مشغلہ ؛ پیشہ ؛ آدمی کا شغل ؛ زندگی کا کاروبار ؛ سریع اور متوازن چال ؛ پوری رفتار ؛ ترقّی ۔ (فعل لازم) بہت تیزی سے حرکت کرنا یا دوڑنا ؛ تیز چلنا ؛ اندھا دھند جانا ؛ بے دھڑک جانا ؛ دوڑ دُھوپ کرنا ۔

careerism, n. روزگار کے لیے ہر چیز یہاں تک کہ اخلاقی اصول اور خاندانی ذمّہ داریوں کو بھی قُربان کر دینے کا عمل ۔

careerist, n. جاہ طلب ؛ پیشہ ور ۔

carefree, a. بے فکرا ، فکر و تردّد سے آزاد ؛ اندیشوں سے مبرّا ؛ بے پروا ، لااُبالی ؛ خُوش باش ؛ بے اِعتنا ۔

careful, a. مُحتاط ، چوکس اور ہوشیار ؛ بہت زیادہ تردّد کرنے والا ؛ محنتی اور ذمّہ دار ؛ خبردار ؛ ہوشمند ؛ متردّد ؛ فکرمند ؛ آگاہ ۔

carefully, adv. احتیاط کے ساتھ ؛ ہوشیاری سے ؛ چوکسی کے ساتھ ؛ سنبھل کے ۔

carefulness, n. اعتنا ؛ احتیاط ، ہوشیاری ،

اونی صدری ؛ آستین دار یا بغیر آستین کے بنی ہوئی اُونی بڑی واسکٹ ۔

Cardigan, n. کارڈیگن ؛ ایک قسم کا کُتّا ؛ ویلش کا لمبی دُم اور گول کانوں والا کُتّا ۔

cardinal, n. کارڈینل ؛ کیتھولک عیسائیوں کا پادری ؛ رومن کیتھولک چرچ کا بڑا پادری جو پوپ سے ایک درجہ کم اور کارڈینلوں کے کالج کا ممبر ہوتا ہے ۔ (طیوریات) سہرۂ امریکی ؛ قُلّابی ؛ شمالی امریکا کی ایک چھوٹی چڑیا ، رچمنڈینا قلابی(Richmondena cardinalis)؛ اس کا نر چمکدار سُرخ بال و پر والا ہوتا ہے ، سر پر نُمایاں کلغی ہوتی ہے ، اسے سُرخ چڑیا بھی کہتے ہیں ۔

cardinal, a. رئیس ؛ اہم ؛ اصلی ؛ سردار ؛ سربراہ ؛ نمایاں ؛ اصولی ؛ بُنیادی ؛ سرخ رنگ سے متعلّق ۔

cardinalate, cardinalship, n. کارڈینل کا عُہدہ ، رتبہ یا عظمت

cardinal flower, n. سُرخ لوبیلیا پُھول ؛ لوبیلیا پُھول کی ایک قسم کا نام جو اسے لمبے اور گہرے سُرخ رنگ کے پُھولوں کی وجہ سے دیا گیا ہے ۔

cardinality, n. (ریاضی) وصف ؛ اعداد کے متناہی سیٹ میں عدد وصفی کی حیثیت سے پیش ہونے کی خصوصیّت ؛ ریاضی کے کسی سیٹ میں ضروری یا لازمی اجزا ۔

cardinal number, n. (ریاضی) عددِ وصفی مثلاً ایک ، دو یا تین وغیرہ بہ امتیاز عددِ ترتیبی جیسے پہلا ، دوسرا یا تیسرا وغیرہ ؛ وہ ہندسہ جو ایک مجموعے میں اکائیوں کا عدد ظاہر کرتا ہے لیکن ہر اکائی کا وہ ترتیبی مقام نہیں بتاتا جو اسے ترتیب سے رکھی گئی اکائیوں کے مجموعے میں حاصل ہے ۔

cardinal points, n. نقاطِ اصلیّہ ؛ چہار سمت ؛ قُطب نُما کے چار خاص نُقاط : شُمالی ، جنوبی ، مشرقی اور مغربی ۔

cardinal virtues, n. فضائلِ اخلاق ؛ صفاتِ اربع اصلیّہ ؛ بنیادی فضائلِ اربعہ ؛ افلاطون کی چار اخلاقی خوبیاں : عدل ، زیرکی ، اعتدال اور تحمّل ؛ بہ اضافہ تین دینی مذہبی خیر ''ایمان ، امیّد اور خیرات'' ۔

cardiogram, electrocardiogram, n. قلبی نگارش ؛ دِل نگارش ؛ کارڈیوگرام ؛ کارڈیوگراف یعنی آلہ ثبتِ ضربانِ قلب کے ذریعہ حاصل شُدہ قلب نگار یا دل کی دھڑکنوں کا نقشہ ۔

cardiograph, n. قلب نگار؛ دِل نگار ؛ کارڈیوگراف؛ ایک آلہ جو دل کے عمل کا خاکہ کاغذ پر مرتسم کرتا ہے ۔

cardiography, n. قلب نگاری ؛ قلبی نگارش ؛ دل نگاری ؛ کارڈیوگرافی ۔

cardioid, n. (ریاضی) خطِّ صنوبری ؛ قُطب نُما خطّ ؛ کارڈیائیڈ : دل کی شکل سے مشابہ ایک خمیدہ خط جو ایک دائرے کے محیط پر واقع اُس نقطے کا راستہ ہوتا ہے جو وہ دوسرے مساوی محیط پر چل کر بناتا ہے ۔

cardiology, n. (طب) قَلبیّات ؛ کارڈیالوجی ؛ علمِ اَمراضِ قَلب ؛ علمِ اَمراضِ دِل ؛ علمِ دل بشمول مطالعۂ اعمال و امراضِ قَلب ۔

cardiologist, n. مَاہر اَمراضِ قَلب ؛ قَلبیّات کا ماہر ۔

cardiopulmonary resuscitation, n. قَلبی ریوی احیا ؛

چوکسی ؛ فکرمندی ؛ تردّد ۔

careless, a. بے پروا ؛ غیر مُحتاط ؛ بے دھیان ؛ لااُبالی ؛ غافِل ؛ لاپروا ۔

carelessly, adv. بے پروائی سے ؛ بے احتیاطی سے بے فکری سے ؛ غفلت سے ۔

carelessness, n. بے پروائی ؛ بے دھیانی ؛ بے احتیاطی ؛ غفلت ۔

caress, n. قلبی لگاؤ کا اظہار ؛ پیار محبّت کے اظہار کا عمل ؛ لاڈ پیار ؛ دُلار ؛ چُمکار ؛ پیار جس کا اظہار ہاتھ سے تھپ تھپا کر یا بوسہ لے کر کیا جائے ؛ ناز برداری ۔

caress, v.t. لمس سے پیار دُلار کا اظہار کرنا ؛ چُمکارنا ؛ بوسہ لینا ؛ تھپتھپانا ؛ گلے لگانا ؛ نازبرداری کرنا ۔

caresser, n. لاڈ پیار کرنے والا ؛ **ناز بردار** ۔

caressingly, adv. پیار کرتے ہوئے ؛ ناز برداری سے ۔

caressive, a. پیار کرنے والا ؛ **نازبردارانہ** ۔

caret, n. خارجہ (ج) ؛ چُوک چنہ (^) ؛ نشان (^) جو لکھی ہوئی یا چھپی ہوئی سطر کے نیچے اس جگہ لگاتے ہیں جہاں سے لفظ چھوٹ گیا ہو ؛ نشان (^) جو کہیں سے چھوٹے ہوئے متن کو لکھنے کے لیے لگایا جاتا ہے ۔

caretaker, n. مُحافظ ؛ حفاظت کُنندہ ؛ نگران ؛ عمارت وغیرہ کی دیکھ بھال یا حفاظت کا ذمّہ دار شخص ؛ عارضی طور پر کسی کے بجائے کام کرنے والا یا کسی دوسرے کے سرکاری عُہدے سے متعلّق فرائض انجام دینے والا ؛ قائم مقام ۔ (برطانوی) دربان ؛ چوکیدار ؛ نگہبان ۔

care worn, a. ماندہ ؛ تفکّر گزیدہ ؛ **پریشان حال** ، جس کے حلیے سے تردّد اور پریشانی ظاہر ہو ؛ لمبے عرصے تک زیادہ کام کرنے کے باعث تھکن سے چُور ؛ نڈھال ؛ بے حال ۔

carfare, n. کرایہ ٹیکسی ؛ کرایہ پر چلنے والی گاڑی کا فی کس کرایہ ۔

cargo, n. جہاز کی بھرت ؛ بھرتی ؛ کھیپ یا لداونی ؛ بار جہاز ؛ کارگو ؛ بحری جہاز ، ہوائی جہاز یا کسی قسم کی گاڑی میں کرائے پر لادا ہوا سامان ؛ بار ۔

carhop, n. کاربیرا ؛ کار سمیت اندر چلے جانے کی سہولت والے ہوٹلوں میں گاہکوں کو کار ہی میں کھانا وغیرہ پہنچانے پر مامور خدمت گار ۔

Carib, n. کارب ؛ جنوبی امریکا میں شمال مشرقی انڈین قوم کا رُکن جو پہلے چھوٹے جزائر غرب الہند میں بکثرت بُودوباش رکھتے تھے ؛ کارب لوگوں کی زبان ۔

Cariban, n. کارب ؛ کارب نسل کے لوگ یا اُن کی زبان ۔ (صفت) کارب لوگوں کا یا ان سے متعلّق ۔

Caribbean, a. کریبی ؛ چھوٹے جزائر غرب الہند یا کریبین سمندر (چھوٹے جزائر غرب الہند اور جنوبی و وسطی امریکا کے درمیان سمندر) کا یا ان سے متعلق ۔

caribe, n. دیکھیے : piranha ۔

caribou, n. امریکی رینڈیر ؛ کریبُو ؛ شُمالی امریکا کی مختلف اقسام کے برنوں میں سے کوئی ایک ؛ رینڈیر کی ایک قسم ؛ شمالی امریکا کا برفستانی برن ۔

Caribou Eskimo, n. (کینیڈا) اسکیمو لوگوں کا ایک گروہ جو شمالی کینیڈا میں رہتا ہے اور کریبُو کے گوشت کی غذا پر گُزراوقات کرتا ہے ۔

caricature, n. مضحکہ تصویر ؛ کیریکچر ؛ بجو ، لولو ؛ خاکہ (تصویری یا بیانیہ) جس میں عام شناخت باقی رکھتے ہوئے کسی شخص یا چیز کی خصوصیات ، انوکھا پن یا خامیاں مبالغے سے بجوپہ انداز میں ظاہر کی جائیں ؛ کیری کیچر بنانے کا فن یا عمل ؛ کسی چیز یا شخص کی نہایت بے تکی یا مضحکہ خیز نقل ۔

caricaturist, n. تضحیکی خاکہ نگار ؛ خاکہ اڑانے والا ؛ ہزلیہ تصویر بنانے والا ۔

caricature, v.t. کسی شخص یا چیز کا خاکہ اُڑانا یا خاکہ بنانا ؛ مضحکہ خیز اور مبالغہ آمیز طریقے سے ظاہر کرنا ؛ تصویر یا بیان کے ذریعے لولو بنانا ؛ ہنسی اڑانا ۔

caries, n. بوسیدگیٔ عَظم ؛ ہڈّی ، دانت یا پودے کی نسیج کی بوسیدگی ؛ کرم خُوردگی ۔

carious, a. کِرم خُوردہ ؛ بوسیدہ ؛ سڑا ہوا (دانت یا ہڈّی) ۔

cariosity, cariousness, n. بوسیدگی ، کرم خُوردگی (دندان و استخوان) ۔

carillon, n. گھنٹو باجا ؛ گھنٹی باجا ، گھنٹیوں کا ساز جو ہاتھ سے یا بذریعہ کل بجایا جائے ؛ گھنٹیوں کے ساز (کیری لان) پر بجایا جانے والا گیت ؛ وہ دُھن جو ایسے باجے سے بجائی جائے ؛ موسیقی کا ساز یا ساز میں اضافہ جس سے گھنٹیوں کی آواز پیدا کی جا سکے ۔ (فعل لازم) کیری لان/گھنٹیوں کا ساز بجنا ۔

carilloneur, n. کیری لان بجانے والا ۔

carioca, n. کاریوکا ؛ جنوبی امریکا کا ایک رقص اور اس کی موسیقی ۔ (بڑے C کے ساتھ) برازیلی باشندہ ؛ ریوڈی جنیرو ، برازیل کا پیدایشی یا سکونتی باشندہ ۔

cariole, carriole, n. چھوٹا سا ایک کُھلا ٹھیلا ؛ چھت والی ایک گاڑی ۔

Carlist, n. تختِ فرانس پر ڈان کارلوس یا اس کے خاندان کے دعوے کا حامی ؛ فرانس کے چارلس دہم اور اس کے خاندان کا طرفدار ۔

carlism, n. کارلزم ؛ کارلسٹوں کے اصولوں اور نظریات کا مجموعہ ۔

carload, n. گڈابوجھ ؛ بوجھ یا وزن جو گاڑی خصوصاً کرایہ گاڑی میں ڈھویا جا سکے ؛ بذریعہ بحری جہاز ترسیل کے واسطے فی ڈبّہ سامان کی شرح میں رعایت کے لیے کم از کم ضروری ٹِنوں کی تعداد ۔ (برطانوی) بھاری چھکڑے پر لدا سامان ۔

Carlovingian, n., a. دیکھیے : Carolingian ۔

carmagnole, n. فرانس میں ۹۳ ۔ ۱۷۸۹ء کے انقلابی دور کا ایک رقص اور گیت ؛ فرانس کے انقلابیوں کی وردی ۔

Carmelite, n., a. کارملیٔ راہب/راہبہ ؛ آور لیڈی آف دی مونٹ کارمل کے رومن کیتھولک فرقے سے متعلّق دریوزہ گر راہب یا راہبہ ؛ کارملی سلسلے سے متعلّق ۔

carminative, a. کاسرِ ریاح ؛ دافع ریاح ، جسم سے ہوا خارج

رومن کیتھولک ملکوں میں اس تہوار کا جشن ؛ جشن عیش و عشرت ۔

carnivore, n. گوشت خُور جانور یا پودا ، خصوصاً گوشت خور (Carnivora) قبیل کے میمل جانور (دودھ پلانے والے جانور) درندے مثلاً بلّی ، شیر ، کُتّے ، ریچھ ، سیل مچھلی اور دیگر ۔

carnivorous, a. گوشت خوری پسند جیسے بعض جانور ؛ گوشت خور میمل جانوروں سے متعلّق ؛ گوشت خور پودوں کے متعلّق جو کیڑے مکوڑے ہڑپ کر جاتے ہیں ۔

carnivorously, adv. گوشت خوری پسندانہ انداز سے ، گوشت خورانہ انداز سے ۔

carnivorousness, n. گوشت خوری پسندی ۔

carnotite, n. [انیسویں صدی عیسوی کے فرانسیسی انسپکٹر جنرل کان کنی ، اے کارنوٹ (A. Carnot) کے نام پر] کارنوٹِٹ ؛ کولوریڈو میں پایا جانے والا زرد رنگ کا معدنی مرکّب ؛ زمینی و آبی وینڈیم کا نمک جس میں یورینیم؛ پوٹیشیم اور دیگر ریڈیائی مادّے شامل ہوتے ہیں ۔

carny, carney, carnie, n.: (عوامی) وہ شخص جو کارنیوال کا ملازم ہو ؛ کھیل تماشے کرنے والا ۔

carob, n. خروب ؛ خرنوب ؛ ایک درخت جو بحرِرُوم کے ساحلی ملکوں میں پیدا ہوتا ہے ، اِس کی گُودے دار پھلی جو شیریں اور غذا بخش ہوتی ہے ٹڈی پھلی کہلاتی ہے ؛ خروب کی پھلی جس کا گُودا آدمی اور جانور کھاتے ہیں ۔

carol, n. نغمۂ طرب ؛ سرود ؛ گیت ، خصوصاً ایسا گیت جس سے خوشی کا اظہار ہوتا ہو ؛ خوشی کا گیت خواہ انسان کا یا پرند کا ؛ خصوصاً عیسائیوں کا بڑے دن یا عید کا گیت ؛ نغمہ ؛ مذہبی نغمہ یا کرسمس کے **موقع** کے لیے جذباتی طویل نظم ۔ (فعل لازم) خوشی سے گانا یا تہوار کی خوشی میں گانا ؛ نغمہ سرا ہونا جیسے کرسمس میں ۔ (فعل متعدی) گیت یا نظم میں مدح کرنا یا مذہبی رسم یا جشن منانا ؛ حمدوثنا کرنا ؛ قصیدہ گوئی کرنا ؛ الاپنا ؛ نغمہ سرائی کرنا ۔

caroler, (Brit.) **caroller,** n. مغنّی ؛ ثنا گر ؛ خوشی کا گیت گانے والا ؛ الاپنے والا ؛ نغمہ سرا ؛ زمزمہ سنج ؛ گویّا ؛ قصیدہ گو ۔

Caroline, Carolinian, a. کارولینی ؛ شارل مینی یا شارل مان کے متعلّق ؛ چارلس نامی کسی شخص (خصوصاً چارلس اعظم (شارلیمین) یا انگلینڈ کے چارلس اوّل یا چارلس دوم) کا یا اس سے متعلّق ۔

Carolingian, Carlovingian, Carolinian, a. کارولنجی : فرانسیسی شاہی خاندان سے متعلّق جو ۷۵۱ء میں میرو ونگی خاندان کے بعد برسر اقتدار آیا اور فرانس میں ۹۸۷ء تک نیز جرمنی میں ۹۱۱ء تک حکمران رہا؛ کیرولنگی عہد کے تمدن سے متعلّق ۔

Carolingian, n. کارولنجی خاندان کا رکن یا اس خاندان کا حُکمران ۔

Carolinian, a. کارولنجی ؛ کارولینی ؛ چارلس نامی کسی شخص جیسے چارلس اعظم شارلیمین کا یا اس سے متعلّق ؛ کیرولینی ؛ کیرولینگنی ؛ شمالی اور جنوبی کیرولینا کی دونوں ریاستوں یا کسی ایک کا یا ان دونوں یا کسی ایک سے متعلّق ۔

کرنے والا ؛ نفخ روکنے والا ؛ ریاح سے نجات دینے والا ۔ (اسم) ریاح خارج کرنے والی دوا ۔

carmine, n., a. قِرمزی رنگ ؛ رنگنے والا خالص مادّہ یا قرمزی کیڑوں کا بُنیادی رنگ ؛ سُرخ یا قِرمزی رنگ (جو میکسیکو میں پائے جانے والے قِرمز فرنگی سے بنایا جاتا ہے) ۔

carnage, n. قتلِ عام ؛ انسانوں کی زبردست تباہی ؛ کُشت و خُون ؛ خون ریزی ؛ خون خرابا ۔

carnal, a. حیوانی ؛ نفسانی ؛ مادّی ؛ بدن اور بدنی نفسانیّت ؛ شہوت ، جذبات اور بھوک سے متعلّق ؛ کامی: انگی ؛ شہوت پرست ؛ شہوتی ؛ غیر روحانی ؛ شہوانی ؛ ناپاک ؛ بھوگی ۔

carnality, n. مستی ؛ شہوانیّت ؛ شہویّت ؛ شہوت پرستی ؛ نفسانی مستی کی حالت ؛ روحانیّت کا فُقدان ؛ بدنیّت ؛ بدنی شہوت یا خواہش ؛ ایسی شہوت میں ملوث ہونے کا عمل ؛ نفسانیّت ۔

carnally, adv. شہوت پرستانہ؛ شہوت پرستی سے ؛ نفسانی یا شہوانی طریقے سے ؛ بدن کی خواہش کے مطابق ؛ ہوس پرستانہ ۔

carnallite, n. [جرمن کان کن اہل کار آرفان کارنل (۱۸۰۳ء-۱۸۷۴ء) کے نام پر] کارنیلائٹ ؛ ایک معدنی مرکّب جو ہائیڈرس پوٹیشیم میگنیشیم کلورائڈ کہلاتا ہے اور پوٹیشیم حاصل کرنے کا قابلِ قدر وسیلہ ہے ۔

carnassial, a. (حیوانیات) قاطِع دانت ؛ گوشت توڑ ؛ کُچلیوں سے متعلّق ؛ ایسے دانتوں سے متعلّق جو گوشت چیرنے پھاڑنے کے لیے بنائے گئے ہوں بالخصوص بتیسی میں اوپر کی داڑھ سے پہلے اور نچلے جبڑے کی پہلی داڑھوں سے متعلّق ۔ (اسم) پہلی داڑھ ؛ گوشت توڑنے والے دانت ؛ کاٹ ڈالنے والے دانت ۔

carnation, n. کارنیشن پُھول ؛ گوشت رنگ ؛ گُلابی ؛ گُلنار (پُھول) ؛ اکثر سُرخ ؛ لونگیا گُلابی کی بے شمار اقسام میں سے کوئی ایک ، دوزہرہ قرنفل (Dianthus caryophyllus) ، جس کے پھول مُختلف رنگوں کے اور خوشبودار ہوتے ہیں ۔ (صفت) گوشتئ ؛ کارنیشن رنگ کا ؛ گُلنار ۔

carnauba wax, n. کرنابی موم ؛ کرناؤبا موم ؛ موم ، جو کارنوبا (برازیل) کے مومی تاڑ سے حاصل کیا جاتا ہے ، یہ سبزی مائل زرد رنگ کا ہوتا ہے ، پالش کی بُنیاد کے طور پر اور گراموفون کے ریکارڈ (رکابی) بنانے میں کام آتا ہے ۔

Carnegie unit, n. کارنیگی وحدت : ثانوی اسکول میں کسی درسی مضمون کے یک سالہ مطالعہ کی تکمیل پر عطا کیا گیا اعزاز ۔

carnelian, cornelian, n. عقیقِ احمر ؛ عقیق ؛ بلّوریں قیمتی پتّھر کی ایک قسم جس کا رنگ گہرا سُرخ ، خونیں یا سُرخی مائل زرد ہوتا ہے اور جو زیورات سازی میں مستعمل ہے ۔

carnival, n. کیتھولک عیسائیوں کی عید یا ہولی ؛ قرنوال ؛ کارنیوال ؛ موسم جولینٹ (ایسٹر سے پہلے کا چلّہ) سے قبل آتا ہے ، اٹلی اور دیگر ملکوں میں یہ موسم رنگ رلیوں اور رقص و سرود کے ساتھ منایا جاتا ہے ؛ اِس موسم یا تہوار کا جشن ؛ عام طور پر بڑے پیمانے پر جشنِ شادمانی ؛ سفری تماشا جس میں مختلف کھیل تماشے دکھائے جاتے ہیں ؛ خوش کن تماشا ؛ جشنِ مسّرت؛ میلا؛ رنگ رلیاں ؛

carpal, n., a. (تشریح الاعضا) کلائی کی کوئی ہڈی ؛ عظم ساعدی ؛ رُسغیہ ؛ رُسغی ہڈی ؛ پُہنچہ ۔

carpal joint, n., a. (تشریح الاعضا) انسان کی کلائی کا جوڑ ؛ ریڑھ کی ہڈی والے جانور کا اسی قسم کا عضوی جوڑ ۔

carpale, n. (تشریح الاعضا) رُسغیہ ؛ بندِ دست یا کلائی کی کوئی بھی ہڈی ؛ عَظم رُسغ ۔

carpel, n. (نباتیات) ثمر برگ ؛ پُھل پتّا ؛ بُقچۂ گُل ؛ پُھول کا سادہ بُقچہ یا مرکّب بُقچے کا کوئی ایک جُز ؛ جس کو بدلی ہوئی (جدید) پنکھڑی سمجھا جاتا ہے ۔

carpellary, a. بُقچوی ؛ بُقچی ؛ بُقچہ سے متعلّق یا بُقچہ کی طرح کا ؛ پھل پتیا ۔

carpellate, a. ثمر برگ دار ؛ بُقچہ دار ؛ جو بُقچے رکھتا ہو ؛ جس میں بُقچے ہوں ۔

carpenter, n. نجّار ؛ بڑھئی ؛ ترکھان ؛ وہ شخص جو لکڑی کا کام کرتا ہے ، لکڑی کے لٹّھوں کو شکل دیتا اور ان سے مختلف چیزیں بناتا ہے ؛ چوب کار ۔

carpentry, n. نجّاری ؛ بڑھئی کے پیشے کا عملی پہلو ؛ بڑھئی کا کام ؛ ترکھانا ۔

carpenter bee, n. آل ؛ درخت چھید مکھّی ؛ نجّار مکھّی ؛ ترکھان مکھی ؛ کوئی بھی اکیلی مکھی جو چوب تراش (Xylocopidae) خاندان سے تعلّق رکھتی ہو ، یہ نجّار مکھّی اس لیے کہلاتی ہے کہ درخت کو کھود کھود کر اپنے لیے رہنے کی جگہ بناتی ہے ۔

carpet, n. قالین ؛ غالیچہ ؛ گلیم ؛ دری ؛ چٹائی ؛ فرش ؛ بساط ؛ فرش اور زینے پر بچھایا جانے والا موٹا کپڑا ؛ چٹائی یا فرش سے مشابہ کوئی بھی ڈھانپنے والی چیز (جیسے a carpet of moss) ؛ کوئی بھی برقیاتی نوعیت کی ترکیب یا تراکیب کا نظام جس کو فضا میں لے جا کر راڈار کو جام کرنے یا ناکارہ بنانے کا کام لیا جائے ۔ (فعل متعدی) ڈھانپنا جیسے فرش سے ؛ قالینوں یا چٹائیوں کا فرش بچھا دینا ۔

be on the carpet, موضوعِ بحث و تنقید ہونا ؛ لعنت ملامت کا نشانہ بننا ؛ باز پرس ہونا ؛ ڈانٹ ڈپٹ سُننا ۔

carpetbag, n. خورجی ؛ چٹائی والے کپڑے کا بنا ہوا سفری تھیلا ؛ ہتھ تھیلا ؛ دستی بُقچہ ؛ ایسے تھیلے انیسویں صدی میں ریاستہائے متّحدہ امریکا میں عام طور پر استعمال ہوتے تھے ۔

carpetbag, v.i. کسی سیاسی فائدے کے لیے پرائی جگہ جا کر براجمان ہونا ۔ (صفت) کسی سیاسی فائدے سے متعلّق ۔

carpetbagger, n. امیدوارِ انتخاب ؛ پرائے گاؤں کا سیاسی ہنگامہ آرا ؛ خورجی بردار یا چٹائی کے تھیلے والا ؛ بقچہ بردار ؛ (تحقیری) وہ شخص جو کسی جگہ نجی فائدے ، جیسے کسی انتخابی عُہدے پر فائز ہونے یا قابل اعتراض غیر اخلاقی تجارت کو پروان چڑھانے کے لیے سکونت اختیار کرے ۔ (تاریخ ریاستہائے متّحدہ امریکا) شُمالی علاقے کا وہ باشندہ جو خانہ جنگی کے بعد جنوبی علاقوں میں صرف ایک خورجی بھر سامان کے ساتھ آیا اور جس نے بعد از جنگ تعمیر نو کے معاشرتی اور سیاسی انتشار سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نہ صرف انتخابی سرکاری عہدہ حاصل کیا بلکہ اس عہدے کی بدولت ناجائز فوائد حاصل کیے ؛ سفری یا گشتی بینکر (مہاجن) اور

Carolinian, n. شمالی یا جنوبی کیرولینا کا پیدایشی یا سکونتی باشندہ ۔

carom, n. (بلیئرڈز) کیرم ؛ گیند کو چھڑی کی ایسی ضرب جس سے گیند یکے بعد دیگرے دو گیندوں سے ٹکرائے ؛ اُس گیند جیسی حرکت جو چوٹ لگا کر لوٹ آئے ۔ (فعل لازم)(بلیئرڈز) کیرم بنانا ؛ چوٹ پڑنا ؛ ترچھی چوٹ لگا کر پلٹنا ۔

carotene, n. (کیمیا) کیروٹین ؛ جوزین ؛ ہائیڈرو کاربن کا نارنجی یا سُرخ مادۂ رنگ جو بعض سبزیوں اور جانوروں کی چربی میں پایا جاتا ہے اور جسے حیاتین الف (وٹامن اے) میں تبدیل کیا جا سکتا ہے ۔

carotenoid, carotinoid, n. (حیاتی کیمیا) کیروٹین شکلہ ؛ پودوں اور حیوانوں کی چربی میں پائے جانے والے کئی قدرتی زرد و سرخ رنگوں میں سے کوئی ایک ۔

carotid, a. شریان سباتی ؛ وداجی ؛ شاہرگ سے متعلّق ؛ طرفین گردن کی دو بڑی شریانوں کا یا ان سے متعلّق ، یہ شریانیں جوفِ قلب سے سر اور دماغ کو خون پہنچاتی ہیں ۔

carotid, n. شریان سبات ؛ وداج ؛ شاہرگ ؛ دو بڑی شریانوں میں سے کوئی ایک جن کے ذریعے خون دماغ تک پہنچتا ہے ۔

carousal, n. غل غپاڑے والی مے گساری ؛ بدمستی ۔

carouse, n. دور مے نوشی ؛ بادہ کشی ؛ بلا نوشی ۔

carouse, v.i. مے نوشی کے لیے جانا ؛ بہت شراب پینا اور اکثر پینا ؛ بدمست ہونا ؛ بلا نوش بننا ۔

carouser, n. شرابی ؛ سیہ مست ؛ بلا نوش ؛ بدمست ۔

carousel, carrousel, n. چکر کھانے والا جُھولا ؛ چرخِ چوں ؛ چکر پھیری کا کھیل ؛ ازمنۂ وُسطی میں کھیلا جانے والا ایک کھیل جس میں گُھڑ سوار گھوڑوں کو مہارت سے دائروں میں گھمانے کا مقابلہ کیا کرتے تھے ۔ (کینیڈا) اکثر ہوائی اڈوں یا ایرپورٹ پر دائرے میں گھومتا ہوا پلیٹ فارم جس پر آنے والے مسافروں کا سامان ایک مرکزی ڈھلوان (یا پھسلنے والی گاڑی) سے اُتارا جاتا ہے ۔

carp, n. کاپور ؛ سیم ماہی ؛ کارپ ؛ نرم پروں یا کھپروں والی میٹھے پانی کی مچھلی ، سہری نسل کارپیو (Cyprinus carpio) جو رکے ہوئے پانی اور تالابوں میں پائی جاتی ہے، اصلاً چینی مچھلی ہے ، بعد میں یورپ اور امریکا پہنچی ، یورپ میں اسے مرغوب غذا سمجھا جاتا ہے لیکن امریکا میں اس کی اتنی بہتات ہو گئی ہے کہ عذاب و آفات میں شمار ہونے لگی ہے ؛ سہرینی (Cyprinidae) خاندان کی کوئی بھی مچھلی مثلاً دریائی چھوٹی مچھلی اور سنہری مچھلی ۔

carp, v.i. عیب جُوئی ، حرف گیری یا بلاوجہ یا تنک مزاجی سے مین میخ نکالنا یا نُکتہ چینی کرنا ؛ خُوردہ گیری کرنا ؛ کھوٹ نکالنا (کبھی کبھی بعد میں at لگاتے ہیں) ۔

carper, n. عیب جُو ؛ حرف گیر ؛ نکتہ چیں ؛ خوردہ گیر ۔

carping, a. حرفِ گیر ؛ نُکتہ چیں ؛ عیب جُو ؛ بدمزاج ؛ تنک مزاج ؛ معترض ۔

carpingly, adv. بدمزاجی سے ؛ عیب جویانہ طور پر ؛ معترضانہ ۔

قدیم مغربی امریکا کے لوگوں کی مالی اعانت کرنے والا ؛ مغرب کو پروان چڑھانے والا جو اپنا روپیہ خورجی میں لیے سفر کیا کرتا تھا ۔

carpet beetle, n. قالین حشرہ ؛ غالی کھٹمل ؛ قالینی کیڑا : چچڑ (Dermistidae) خاندان کا کوئی بھی کیڑا یا حشرہ جو جانوروں کے ریشوں خصوصاً اُون سے بُنے کپڑوں کو کھاتا ہے ؛ ایسی خصلت کا کوئی بھی گھریلو حشرہ ۔

carpeting, n. غالیچہ ؛ فرشی کپڑا ؛ بساط یا غالیچے کا کپڑا ؛ بالعموم بساط یا غالیچہ ؛ فرش ۔

carpet weed, n. غالی گھاس : شمالی امریکا کا ایک پودا ، مُلوگوورٹی سلاٹا (Mollugo verticillata) جو زمین پر موٹی چٹائی کی طرح پھیلتا ہے ؛ فرشی گھاس ۔

carpology, n. عِلم الاثمار ؛ ثمریات ؛ پھلوں کا عِلم : نباتیات کی ایک شاخ جو بیجوں کی ساخت اور خلیوں کا مطالعہ کرتی ہے ؛ تُخمیات ۔

carpologist, n. ماہرِ ثمریات ؛ ماہرِ عِلمِ پھل ؛ ماہرِ تُخمیات ۔

carport, n. کار چھجا ؛ کارپورٹ ؛ موٹر گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ جو چھت والی ، اطراف سے کھلی اور عموماً مکان سے ملحق ہوتی ہے ۔

carpsucker, buffalo fish, n. کاپور مچھلی ؛ بھینسا مچھلی ؛ شمالی امریکا میں پیدا ہونے والی ، کاپور سے مشابہ ، اس جنس کی ذیلی قبیل (Ictiobinae) سے متعلّق ؛ میٹھے پانی کی کوئی بھی مچھلی ۔

carpus, n., a. (تشریح الاعضا) سَاعِد ؛ بند دست ؛ پُہنچہ : انسانی ڈھانچے میں بازو اور ہاتھ کا درمیانی حِصّہ ؛ کلائی ؛ مجموعی طور پر کلائی کی ہڈّیاں ؛ رسغ ؛ رسغ الید ۔

carrageen, carragheen, n. سمندری گھاس : شونڈرس کرسپس (Chondrus crispus) جو یورپ اور شمالی امریکا کے اوقیانوسی ساحل پر پیدا ہوتی ہے ؛ آئرلینڈی کائی ۔

carrageenan, n. سمندری گھاس سے نکالا ہوا لیس دار کاربوہائیڈریٹ یا نشاستہ جو کھانوں میں شیرہ بنانے والے جُز کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

carrel, carrell, cubicle, stall, n. گوشۂ مُطالعہ ؛ اُطاق ؛ چھوٹا پس گوشہ یا کنج خلوَت جو عموماً انفرادی مطالعہ کے لیے کُتب خانوں/لائبریری میں بنایا جاتا ہے ۔

carriage, n. لے جانے کا عمل ؛ نقل و حمل ؛ مُنتقلی ؛ باربرداری ؛ حمّالی ؛ ڈھلوائی ؛ تجارتی ترسیل یا اس کی لاگت ؛ لے جانے کا ذریعہ ؛ بگھّی ؛ ارابہ ؛ لوگوں کو لے جانے کے لیے پہیّوں والی گاڑی ؛ مسافروں کے لیے پہیّوں والی گھوڑا گاڑی خاص کر جو آرام دہ اور شاندار بنائی گئی ہو ؛ پہیّوں والا ٹھیلا جیسے توپ کے لیے ؛ کسی مشین وغیرہ کا وہ حصّہ جو کسی چیز کو ایک مقام سے دوسرے مقام پر لانے یا کسی چیز کو منتقل کرنے کے لیے بنایا گیا ہو ؛ چال ؛ پھسلنا حصّہ ؛ بارکڑی ؛ خرچہ باربرداری ؛ بھاڑا ۔

carriageway, n. (برطانوی) راستہ یا سڑک خصوصاً موٹر گاڑیوں کے لیے ۔

carriage trade, n. کسی دُکان یا ڈیزائن بنانے والے کا مالدار گاہک ؛ کسی تھیٹر (ناٹک گھر) کے سرپرست جو اعلیٰ طبقے سے تعلّق رکھنے والے ہوں ۔

carrier, n. قُلّی ؛ حمّال ؛ بارندہ ؛ مزدُور ؛ بارگیر ؛ کیریئر ؛ لے جانے والا ؛ باربردار ؛ بارکَش ؛ وہ شخص یا وہ چیز جو لے جائے ؛ شخص یا اشخاص کی جماعت جو کرایہ پر سامان کی ترسیل یا لوگوں کو منتقل کرنے کا ذمّہ لے (جیسے : a common carrier) ؛ وہ جو عوامی خدمت کے لیے سامان کا یا مسافروں سے کرایہ وصول کر کے انہیں ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کا کام کرے ؛ پیغام رساں کبوتر ۔ (مشین) مشینی ترکیب جس کے ذریعے کسی چیز کو اٹھایا جائے یا حرکت دی جائے ۔ (کیمیا) عمل انگیز عامل جو ایک عُنصر یا ذرّات کے مجموعے کو ایک مرکّب سے دوسرے میں منتقل کر دے ۔ (طبّ) وہ شخص جو دوسروں کو لگنے والے جراثیم لیے پھرے مگر خود ان کے مُضر اثرات سے محفوظ ہو ۔

carrier aircraft, n. حمّال ہوائی جہاز ؛ ہوائی جہاز جو طیّارہ بردار بحری جہاز پر ہو اور اس پر سے پرواز کرتا ہو ؛ ہوائی جہاز جو دوسرے ہوائی جہازوں کے لیے حمّال کا کام کرے ۔

carrier bag, n. (برطانوی) دیکھیے : Shopping bag ۔

carrier pigeon, n. قاصِد کبوتر ؛ چٹھی لے جانے والا کبوتر ؛ نامہ بر کبوتر ؛ وہ کبوتر جسے دُور سے تحریری پیغام گھر لانے کی تربیت دی گئی ہو ؛ گھریلو یا گھر لوٹنے والا کبوتر ؛ بڑا گل مچھے دار کبوتر ۔

carrier plane, n. جہازِ طیّارہ بردار ؛ کیریر پلین : ہوائی جہاز جو پہیّوں پر دوڑ کر اڑتا ہے اور جو بحری طیارہ بردار جہازِ پر اترنے کے لیے بنایا گیا ہو ، یہ ہوائی جہاز زمین اور سمندر پر اترنے والے طیّاروں سے مختلف ہوتا ہے ۔

carriole, n. دیکھیے : cariole ۔

carrion, n. لوتھ ؛ لاش ؛ مُردار ؛ مرا ہوا جانور ؛ جانوروں کا مُردہ اور سڑتا گلتا ہوا جسم یا سڑا ہوا گوشت ؛ اتنا خراب گوشت کہ کھانے کے قابل نہ رہے ۔ (صفت) گلے سڑے گوشت سے متعلّق ؛ خراب گوشت کھانے والے ؛ مُردار خور ؛ گدھ ۔

carrion crow, n. مُردار خور کوّا ؛ عام کوّا ، یہ نام اس لیے پڑا کہ وہ مُردہ جانوروں کا سڑا گلا گوشت بھی کھا جاتا ہے ۔

carronade, n. کرانی توپ ؛ بڑے دہانے کی چھوٹی توپ ؛ توپک ؛ چھوٹی توپ جو کم فاصلے تک مار کرتی ہے ، پہلے بحریہ کے استعمال میں تھی ۔

carron oil, n. کیرن آئل ؛ روغنِ بنولہ کا مرہم : ایک مرہم جو چُونے کے پانی اور زیتون کے تیل کو برابر برابر حصّوں میں ملا کر بنایا جاتا ہے اور جلنے سے پڑے ہوئے چھالوں اور سوزش کا علاج ہے ۔

carrot, n. گاجر ؛ گَزَر ؛ ایک پودا جس کی لمبی نارنجی رنگ کی جڑ کھائی اور بطور ترکاری پکائی جاتی ہے ، جانوروں کی غذا کے طور پر بھی استعمال ہوتی ہے ۔

carrot-top, n. (عوامی) سرخ بالوں والا شخص ؛ لال سرا ۔

carroty, a. گاجر کے رنگ کا ؛ لال ؛ رنگ میں گاجر کی طرح ؛ سُرخی مائل زرد ۔

carry, v.t. ڈھونا ؛ کسی چیز کو اُٹھا کر لے جانا یا منتقل کرنا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا ؛ ہانکنا یا چلانا ؛ گھسیٹنا یا لانا (جیسے to carry off a prisoner) ؛ تھامنا ؛ لے جانا ؛ جذبات سے بے قابو ہو جانا (عموماً away کے ساتھ) ؛ قبضہ کر لینا (جیسے : to carry a fortress) ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ مُنتقل کرنا ؛ تعیّن راہ کرنا ؛ کسی چیز کو اپنے پاس رکھ کر چلنا ؛ کسی خصوصیّت

کا حامل ہونا ؛ خود کو ایک خاص انداز سے لے کر چلنا (جیسے : She carries herself gracefully) ؛ کسی کا بوجھ سنبھالنا ؛ ثمر بار کرنا ، جیسے کسی اناج کی فصل کو ؛ سُر میں لینا (جیسے : to carry a tune) ؛ سامان تجارت ذخیرہ کرنا (جیسے : Our store carries exotic foods) ؛ پھل لانا ؛ زمان یا مکان یا درجے میں آگے بڑھانا یا جاری رکھنا ؛ فتح حاصل کرنا ؛ طباعت میں ظاہر ہونا یا چھپائی میں آنا یا طبع ہونا ؛ کھاتے میں درج رکھنا ۔ (گالف) ایک ہی ضرب سے آگے بڑھنا ۔ (جنوبی بولی) ساتھ لے کر چلنا ؛ جلو میں جانا ۔ (کشتی رانی) بادبان لہرانا یا اُوپر کرنا ؛ قلعہ فتح کرنا ؛ سبقت لے جانا ۔

carry, n. اُٹھان ؛ ترسیل ؛ کشتی رانی کے قابل پانیوں کو جدا کرنے والی حائل زمین جس پر سے کشتی یا ڈونگی کو اٹھا کر ہی لے جایا جا سکتا ہو ؛ بندوق کی مار کا فاصلہ ؛ وہ فاصلہ جو گالف کی گیند زمین پر گرنے سے پہلے طے کرتی ہے ۔ (فٹ بال) وہ فاصلہ جو کوئی کھلاڑی فٹ بال کو لے کر ایک ہی ہلّے میں طے کرتا ہے ؛ بیٹ سے ہونے کی حالت ؛ گربھ سے ہونے کی کیفیت ؛ پیٹ میں رکھنے کی حالت ۔

carry, v.t. (بازارِ حصص) گاہک کے کفیل تمسّک کی بنا پر غیر ادا شُدہ بقایا فراہم کرنا ؛ قیمت میں مُتوقّع اضافہ ہونے تک اشیا ، یا تمسکات کی صورتِ حال برقرار رکھنا ۔

carryall, n. گھوڑا گاڑی ؛ ہلکی چھت والی ، ایک گھوڑے کی چوپہیّہ گاڑی جس میں چار نشستیں ہوتی ہیں ؛ بند موٹر گاڑی یا بس جس میں نشستیں لمبائی میں ہوتی ہیں اور مسافر آمنے سامنے بیٹھتے ہیں۔

carryall, n. گنجایش دار تھیلا ؛ کُشادہ تھیلا ۔

carry a lot of weight, (عوامی) دولت ، عزّت ، شُہرت وغیرہ کی وجہ سے بہت زیادہ بااثر ہونا ؛ مُقتدر ہونا یا باعزّت ہونا ؛ وزن رکھنا ؛ مؤثّر ہونا ۔

carry a torch, (عوامی) محبوبہ سے ٹُھکرائے جانے کے سبب خاموش و اداس ہونا (بعد میں عموماً for آتا ہے) ۔

carrying charge, n. اقساطی منافع : اضافی قیمت جو قسطوں میں ادائیگی کے باعث اصل قیمت سے زیادہ وصول کی جائے ۔

carrying place, n. (کینیڈا) مقامِ باربرداری ۔

carry off- v.i. مارنا یا موت کا باعث بننا ؛ جیتنا ، جیسے انعام وغیرہ ؛ کامیابی سے کرنا ؛ لے بھاگنا ؛ اغوا کرنا ؛ ڈھٹائی سے سامنا کرنا ۔

carry on- v.i. انتظام کرنا ؛ چلائے رکھنا ؛ دقّتوں کے باوجود جاری رکھنا ؛ عجیب برتاؤ کرنا ۔ (بول چال) احمقانہ ؛ ناپُختہ اور صریحاً جذباتی رویّہ اختیار کرنا ۔

carry out- v.i. آخر تک جاری رکھنا یا انجام تک پُہنچانا ؛ پُورا کرنا ؛ ختم کرنا ؛ تعمیل کرنا ؛ نبٹانا ؛ کوئی منصوبہ ، عہد یا کام پورا کرنا ؛ بجا لانا ؛ عمل میں لانا ۔

carry over, v.i. اُٹھا رکھنا ؛ معمول کے وقت سے زیادہ عرصہ تک رکھنا یا رہنا ؛ تجارتی اشیا کا موسم فروخت کے لیے آیندہ پر اُٹھا رکھنا ؛ ملتوی کرنا ۔ (کھاتہ داری) میزانِ ما سبق ، نئے کالم ، نئے صفحے یا نئے حساب میں درج کرنا ۔ (حساب داری) خسارے یا غیر استعمال شُدہ رقم کو اگلے محصولی سال کی کل آمدنی میں شامل کرنا ؛ دوسرے عرصے میں یا دوسری نوعیّت کے کام میں جاری رہنا ۔

carry-over, n. نئی حسابی مُدّت یا نئے کھاتے میں درج کی جانے والی کوئی چیز جیسے غلّے کا ذخیرہ ، سامان یا مجرائی رقم ۔

carsickness, n. حرکتی مرض ؛ سواری روگ ؛ سفری متلی ؛ متلی یا مالش جو حرکت یا دھچکے کھانے سے خصوصاً کار میں سفر کرنے سے پیدا ہو ۔

carsick, a. حرکتی مریض ؛ سواری روگی ؛ سفری بیمار ۔

cart, n. ٹھیلا ؛ ہتھ گاڑی ؛ گڈا ؛ چھکڑا ؛ دو پہیّوں کی کمانیوں کے بغیر بھاری گاڑی جو وزنی سامان کی نقل و حمل میں استعمال کی جائے ؛ دو پہیّوں کی کمانی دار ہلکی گاڑی جو سیر و تفریح یا تجارتی مقاصد کے لیے استعمال ہو ؛ کوئی بھی چھوٹی گاڑی یا ٹھیلا جسے ہاتھ سے دھکیلا جائے ۔

cart before the horse, الٹا سمجھنا ؛ گھوڑے کے آگے گاڑی جوتنا ؛ گھوڑے کی دم میں لگام دینا ؛ ناموزوں یا غیر منطقی ترتیب دینا ؛ الٹی گنگا بہانا ۔

carter, n. گاڑی بان ؛ بہلی بان ؛ چھکڑے والا ؛ ٹھیلے والا ؛ گاڑی وان ۔

cartful, n. چھکڑا بھر ؛ گاڑی بھر ؛ پوری کھیپ ۔

cart, v.t. (کسی چیز یا شخص کو) گاڑی میں لاد کر لے جانا ۔ (فعل لازم) گاڑی چلانا ؛ گاڑی استعمال کرنا ؛ چھکڑے پر کام کرنا ۔

cartage, n. باربرداری کا خرچہ ؛ کرایہ ؛ گاڑی کے استعمال کا عمل ؛ چھکڑے کا کرایہ ؛ گاڑی کے استعمال کی لاگت یا کرایہ ۔

carte blanche, n. کورا چیک ؛ کُھلی چھٹی : دستخط شدہ سادہ کاغذ جسے دستخط کرنے والا کسی شخص کو اس لیے دے کہ وہ اس پر حسب مرضی شرائط لکھ لے ، تفویض مطلق ؛ فیصلہ کرنے کا مکمل اختیار یا اختیارِ کُلّی ۔

cartel, n. اتحاد تجّار ؛ کارٹل : تنظیم (اکثر بین الاقوامی) جو ایک ہی شے یا جنس کی پیداوار سے متعلّق کمپنیوں کی تجارتی پالیسی کنٹرول کرتی ہے ؛ معاہدۂ تبادلۂ اسیران ؛ برسرِجنگ مملکتوں کے درمیان معاہدہ جو عموماً جنگی قیدیوں کے تبادلے کے لیے ہوتا ہے ؛ مشترکہ مقصد کے لیے مختلف سیاسی گروہوں کا اِتّحاد ؛ تجارتی و سیاسی اِتّحاد ؛ اِتّحاد صنعتی ؛ رابطۂ تاجراں ۔

Cartesian, a. کارتیزی ؛ کارتیسی ؛ فلسفی و ریاضی داں ، رینے ڈیکارٹ سے یا اس کے فلسفے کے متعلّق ۔ (اسم) کارتیسی ؛ ڈیکارٹ کے فلسفے کو اپنانے والا ۔

Cartesianism, n. کارتیسیت ؛ ڈیکارٹ کا فلسفہ ؛ کارتیسی نظریات ۔

Cartesian coordinates, n.: (ریاضی) کارتیسی محدّد ؛ کارتیزی محدّد ایک نُقطے کا مقام جس کا تعیّن ایک دوسرے کو قطع کرنے (کاٹنے) والے دو خطوط مستقیم میں سے ہر ایک کے محور سے فاصلے کو دوسرے محور کے متوازی ناپ کر کیا جاتا ہے ؛ کارتیسی ربط یا خطوط مرتبّہ ۔

rectangular Cartesian coordinate, n. (ریاضی) مستطیلی کارتیسی محدّد ؛ مستطیل کارتیسی خُطوطِ مرتبہ : ایک نُقطے کا مقام جس کا تعیّن باہمی عمودی تین مستوی سطحوں میں سے ہر ایک سے فاصلے کو اُس خط پر ناپ کر کیا جاتا ہے جو دوسری دو مستوی سطحوں کے متوازی

کھینچا گیا ہو۔

Cartesian coordinate system, n. (ریاضی) نظام کارتیسی محدّد ؛ نظامِ کارتیسی خُطوطِ مرتَّبہ : خطوطِ مرتَّبہ کا جال نُما نظام جو مساواتِ ریاضی کے خمیدہ خط کو کھینچنے یا کسی ٹھوس چیز کی شکل کی وضاحت کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

Carthaginian peace, n. جبری امن ؛ امنِ اجباری : امن جو نہایت سخت اور بے رحمانہ شرائط پر کیا گیا ہو جیسا کہ پیونی یا کارتھیجی جنگوں کے نتیجے میں رومیوں نے کارتھیج شہر تاخت و تاراج کرنے کے بعد کیا تھا ؛ کارتھیجی امن۔

Carthusian, n., a. کارتُھوزی یا قرطاجنی فرقے کا رکن : راہبوں کا قرطاجنی سلسلہ جسے ۱۰۸۶ء میں راہب برونو نے بینیڈکٹ دورِ حکومت میں قائم کیا ؛ فرانس کے مقام چارٹروز میں قائم ہونے کی وجہ سے اس سلسلے کا نام قرطاجنی پڑ گیا ؛ لندن کے صومعے یا خانقاہ میں واقع چارٹر ہاؤس اسکول کا طالب علم۔

cartilage, n. کُرکُری ہڈّی ؛ غضروف ؛ لچکدار بافت یا خلیوں کی مضبُوط نسیج جس سے جنین کی حالت یا فقری جانوروں کا اوائل عمر میں زیادہ تر ہڈّی کا ڈھانچا بنتا ہے ؛ یہی بافت اعلیٰ فقری جانوروں میں ہڈّی بن جاتی ہے ؛ مُرمُری ہڈی ؛ چبنی ہڈّی۔

cartilaginous, a. غضروفی ؛ غضروف سے مشابہ ؛ کُرکُری ؛ غضروف والی ؛ مچھلی کی طرح پکی ہڈّی کے بجائے صرف غضروفی ڈھانچے والا۔

cartogram, n. نقشۂ شُماریات ؛ خریطہ ؛ رسمہ ؛ کارٹوگرام ؛ نقشۂ جو رنگوں اور نقطوں کے ذریعے سادہ و آسان طریقے سے اعداد و شمار کی معلومات فراہم کرے۔

cartographer, n. نقشہ نگار ؛ نقشہ کَش ؛ نقشہ نویس : نقشے یا چارٹ (جدول اعداد و شمار و معلومات) تیّار کرنے یا شائع کرنے والا ؛ نقشے یا چارٹ بنانے والا۔

cartography, n. نقشہ نویسی ؛ نقشہ نِگاری ؛ نقشہ کَشی : نقشے یا چارٹ بنانے کا فن یا مہارت۔

cartographic, cartographical, a. فنِ نقشہ کَشی سے متعلّق۔

cartographically, adv. نقشہ کَشی کے طریقے سے۔

carton, n. کارٹن ؛ گتّے کا ڈِبّہ ؛ پتلے پُٹھّے سے بنا ہوا ڈِبّہ ؛ ہدف کے مرکز میں سفید گول ٹکیہ ؛ اِس ٹکیہ پر پڑنے والا نشانہ ؛ چاند ماری کی تختی پر سفید قُرص۔

cartoon, n. کارٹون : خاکہ جو اکثر طنزیہ ہوتا ہے اور جس میں اہم سیاسی واقعات یا سماجی شخصیتوں کو پیش کیا جاتا ہے ؛ مزاحیہ چوکھٹے ؛ تصویری خاکہ جو موٹے کاغذ پر بطورِ مطالبہ اُسی سائز کی رنگین تصویر کَشی کے ارادے سے ، خصوصاً دیوار یا چھت پر فریسکو بنانے کے مقصد سے کھینچا جائے۔ (فعل لازم و متعدی) (کسی کا) کارٹون بنانا ؛ خاکہ نگاری کرنا۔

cartoonist, n. کارٹون نگار ؛ کارٹون بنانے والا ؛ خاکہ نگار ؛ کارٹون کَش۔

cartouche, cartouch, n. کارتوس ؛ بندوق کا کارتوس جس پر دبیز کاغذ منڈھا ہوتا ہے ؛ کارتوس یا بندوق کی گولیاں رکھنے کا ڈِبّہ ؛ کارتوس دان ؛ بیضوی حلقے جس پر شاہی نام اور القاب درج ہوں ، جیسے کہ مصری یادگاروں پر ہوتے ہیں۔ (فن تعمیر) ایک کندہ تزئین جو لپٹے ہوئے کاغذ کی کھلتی صورت میں نظر آئے جس پر تصویری خط میں مصری بادشاہوں کےنام اور خطاب درج ہوں ؛ ستون کی کارنس بر بیل ؛ تختی جس پر ستونی بیل بنی ہو یا جو اس انداز سے بنائی گئی ہو کہ اسے زیبایش یا کتبہ لکھنے کے لیے استعمال کریں ؛ بیاض ؛ بیل ؛ تختی۔

cartridge, n. کارتوس ؛ ٹوٹا ؛ کارٹرج ؛ دبیز کاغذ یا دھات کی بنی ہوئی ایک نلی جس میں بارُود اور دوسرے مسالے معیّنہ مقدار میں بھرے ہوں ؛ آتشیں اسلحہ کی گولی ؛ ڈبہ جس میں دھماکے سے اُڑانے کے لیے پھٹنے والے مادّہ کی مقررہ مقدار ہو ؛ ظرفِ کارتوس : ایک بدلا جانے والا یا دوبارہ بھرا جانے والا محتوی یا ڈِبّہ جس میں سیّال یا دوسرا کوئی مادّہ بھرا جائے اور جو اس سے بڑے مُحتوی میں رکھنے کے لیے بنایا گیا ہو ؛ کیمرے کے 'پیے بند فلم کا رول ؛ ریکارڈ پلیئر میں ایک چھوٹا (بوقت ضرورت لگائے یا نکالنے کے قابل) ڈبہ ، جس میں سوئی اور دیگر پُرزے ہوتے ہیں ؛ دھات کا نوکدار اُسطوانہ جِسے زمین میں نالی بنانے کے لیے ہل میں لگا کر چلایا جاتا ہے ؛ ہَل پَھل۔

cartridge paper, n. کارتوس بنانے کا کاغذ ؛ کارٹرج کاغذ : پایدار ، مضبوط اور دبیز کاغذ جو کارتوس بنانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ ڈرائینگ یا خاکہ نویسی کے لیے سستا کاغذ ؛ آفسٹ سنگی طباعت کے لیے غیر چکنا کاغذ۔

cartulary, n. مِسلوں کا دفتر ؛ رجسٹر ؛ قبالہ جات اور دیگر دستاویزات کا رجسٹر یا ریکارڈ ؛ ایسے ریکارڈ اور پرانی دستاویزات کا رکھنے والا ؛ طومار۔

cartwheel, n. چھکڑے کا پہیّہ ؛ گاڑی کا پہیّہ ؛ ایک نٹ کرتب جس میں جسم ترچھا کر کے اس طرح قلابازیاں کھائی جاتی ہیں کہ گھومتا ہوا پہیّہ معلوم ہوتا ہے ؛ ایک چوڑا اور اُتھلا زیبایشی ہیٹ یا ٹوپ۔ (بول چال) کوئی بھی بڑا سکّہ خصوصاً چاندی کا امریکی ڈالر۔

caruncle, n. گُومڑ ؛ لحمیہ ؛ گوشت پارہ ؛ تھوڑا سا اُبھرا ہوا زائد گوشت یا بد گوشت : کسی پرندے کے سر پر آماس یا گُومڑی کی شکل میں گوشت کا ابھار۔ (نباتیات) نافِ تُخم کے چاروں طرف اُبھرا ہوا مادّہ۔

caruncular, carunculous, a. زائد گوشت سے متعلّق یا اس کی شکل میں۔

carunculate, carunculated, a. زائد گوشت یا بد گوشت والا ؛ (ناف) دانہ دار۔

carvacrol, n. (کیمیا) روغنِ پودینہ ؛ ست پودینہ : ایک گاڑھا بے رنگ تیل ، عام طور پر جنگلی پودینہ یا مرزنگوش (ایک قسم کی خُوشبُودار گھاس) کے تیل سے نکالا جاتا ہے ، عموماً خوشبو اور کیڑے مار دواؤں کو پودینے کی مہک دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

carve, v.t. کاٹنا ؛ کسی ٹھوس مادّے کو کوئی چیز یا نقش بنانے کے لیے کاٹنا یا کندہ کرنا ؛ کاٹ کر بنانا یا شکل دینا ؛ تراش کر یا کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹُکڑے بنانا جیسے پسندے بنانا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ کترنا یا پھاڑنا ؛ کندہ کرنا ؛ تراشنا ؛ (تلوار یا خنجر سے) وار کر کے اڑا دینا ؛ میز پر گوشت کو چھوٹے ٹُکڑوں یا قتلوں میں کاٹنا ؛ تراش کر شکل بدل دینا ؛ نقش و نگار کھود کر مزیّن کرنا ؛ مُنبّت کاری کرنا ؛ کھاتے وقت گوشت کاٹنا۔

carve, v.i. سنگ تراشی یا کَندہ کاری کا پیشہ اختیار کرنا ؛ شکلیں کَندہ کرنا یا کاٹ کر بنانا ؛ میز پر گوشت کاٹنا۔

carver, n. کَندہ گر ؛ کَندہ کار ؛ مُنبّت کار ؛ سنگ تراش ؛

قشرخولان کی خُشک چھال جو مُلیّن قبض کُشا دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے ؛ حَبُ السّلاطین ۔

cascarilla, n. پوست خولان ؛ پوستِ جہال گوٹا : جزائرِ غربُ الہند میں پیدا ہونے والی جھاڑی جہال گوٹا (Croton eluteria) کی تلخ اور خُوشبو دار چھال جو مقوّی دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ؛ اس نام کی جھاڑی ۔

case, n. کوئی معاملہ ؛ وقوعہ یا حالت ؛ بیمار کی حالت یا ایسی صورتِ مرض کہ طبّی یا جراحی علاج کی ضرورت محسوس ہو ۔ (بول چال) وہ شخص جسے عجیب و غریب سمجھا جائے ، (جیسے : He is a peculiar case) ؛ امرِ واقعہ یا حقیقتِ حال ، (جیسے : that is not the case) ؛ صورت ، حالت یا کیفیّت ، یا وہ شخص جو اس میں مبتلا ہو (جیسے : a poverty case) ؛ ایسی صورت حال جس میں مسئلے پر مذاکرے/بحث یا فیصلے کی ضرورت ہو ؛ ایسی نوبت جس میں تحقیق اور عمل کی بذریعہ پولیس ضرورت پڑے ۔ (قانون) مُقدمّہ یا قانونی کارروائی ؛ چارہ جوئی ؛ دعویٰ ؛ دلیل کی حمایت میں حقائق یا گواہوں کا بیان جن پر فریق مُقدمّہ کو اپنی کامیابی کا یقین ہو ؛ دلیل کی حمایت میں حقائق پر مبنی بیان ؛ اخلاقی کردار کا سوال ، جیسے ضمیر کا معاملہ ۔ (گرامر) اسم ، ضمیر یا صفت کی ایسی حالت جس میں جُملے کے دوسرے الفاظ سے اس کے مختلف نحوی رشتے ظاہر ہوں ؛ اس قسم کا خاص تعلّق خواہ وہ تصریفی ہو یا دوسری زبان میں ؛ مجموعی طور پر ایسی حالتیں یا رشتے ۔

in any case, کسی بھی صورت میں ؛ ہر صورت میں ؛ کسی نہ کسی طرح ؛ بہر حال ؛ ہرچہ بادا باد ؛ کچھ بھی ہو جائے ۔

in case, اس صورت میں کہ ۰۰۰۰۰۰ دَر صورت ؛ مبادا ۔

in no case, کسی حال میں نہیں ؛کسی صورت نہیں ؛ ہر گز نہیں ۔

case, n. ظرف یا صندوق ، کسی چیز کو رکھنے یا بند کرنے کے لیے؛ میان ، غلاف یا حفاظتی خول (جیسے: a sword case, a watch case)؛ صندوق مع رکھی ہوئی چیزوں کے؛ صندوق میں رکھی ہوئی مقدار ؛ دروازے ، کھڑکی یا لکڑی کی سیڑھی کا ڈھانچا یا چوکھٹا ؛ چیزوں کا سیٹ یا مجموعہ (جیسے : a case of instruments) ۔ (جلد سازی) جلد میں اوراق کی سلائی کے لیے تیّار کتاب کی دفتی اور پُشتہ ۔ (طباعت) حروف دان ، عموماً لکڑی کی بڑی قاب یا ٹرے جس میں ہر حرف کے لیے ایک خانہ ہوتا ہے تا کہ مرتّب کو آسانی ہو ، یہ خانے دو حصّوں میں ہوتے ہیں ، اوپر کے حصّے میں بڑے اور نیچے کے حصّے میں چھوٹے حروف رکھّے جاتے ہیں ؛اسپرم وھیل کے سر کا وہ خلا جس میں موم یا سفید روغنی مادّہ ہوتا ہے ۔

case, v.t. کیس ، (صندوق ، بکس ، پیٹی ، ڈبہ ، ڈبیا ، غلاف ، میان) میں رکھنا یا بند کرنا ۔ (امریکی عوامی) عمداً یا اِرادتاً ڈاکہ ڈالنے یا دیگر جرائم کرنے کے سلسلے میں تیاری کے طور پر جائزہ لینا یا ٹوہ لگانا ؛ مضبوطی بڑھانے والے مرمتّی سامان (مثلاً گارا ، چونا سیمنٹ) کی تہ میں اضافہ کرنا (جیسے : To case a well) ؛ ایک کو دوسرے میں جذب کرنا ، جیسے مختلف رنگوں کے شیشوں کو ایک دوسرے میں ۔

caseate, v.i. پنیر کی طرح ہو جانا خصوصاً حیوانی رگ پٹّھوں یا نسیج کا خراب ہو کر پلپلا ہو جانا ؛ جُبنی ہونا ۔

caseation, n. (امراضیات) دق جیسی بیماریوں کے باعث پیدا

بُت تراش ؛ بُت ساز ؛ ہاتھی دانت ، لکڑی ، پتّھر یا ایسی ہی چیزوں کو تزئینی نقش و نگار یا شکلوں میں کاٹنے والا ؛ میز یا دسترخوان پر مہمانوں کے لیے گوشت کے قتلے کرنیوالا ؛ کاٹنے کا بڑا چاقو ؛ چھینی ؛ سکیّن ؛ کارد ۔

carvel, n. دیکھیے : Caravel ۔

carvel-built, a. (جہاز رانی) ہموار تختہ بندی ؛ ایسے جہاز یا کشتی سے متعلّق جس کے تختے ایک دوسرے کے اُوپر نہ ہوں بلکہ ہموار یا مسطّح جڑے ہوئے ہوں ، جیسے کہ جڑے ہوئے مضبوط تختوں کی کشتی میں ہوتے ہیں ۔

carving, n. نقّاشی ؛ کاٹ ؛ تراش ؛ مُنبّت کاری ؛ کَندہ کاری : سنگ تراشی کی ایک شاخ جو عموماً لکڑی یا ہاتھی دانت کے کام تک محدود ہوتی ہے ؛ کَندہ کیے ہوئے نقش و نگار یا شکلیں ۔

caryatid, n. [دیوی ڈیانا کی پُجارن کے نام پر] (فن تعمیر) زن ستون ؛ ستون پری ؛ عورت کا ستونی مجسمّہ ؛ لمبی عبا پہنے ہوئے عورت کا مجسمّہ جو سرِ ستون کا کام دیتا ہو ۔

caryopsis, n. (نباتیات) جَوزینہ ؛ ثمردانہ ؛ اناج دانہ ؛ غلّے کا دانہ ؛ چھوٹا اور ایک بیج کا خشک و بَستہ پَھل جس میں بیج ہمیشہ باریک یا پتلی تخم دانی سے چمٹا رہتا ہے ، جیسے کہ گندم یا دوسرے اناج میں ؛ ہر قسم کی گھاس یا اناج کا مخصوص پھل یا دانہ ۔

casa, n. مکان ، خصوصاً جنوب مغربی امریکا میں ۔

casaba cassaba, casaba melon, n. سردا : سردیوں کے موسم میں پیدا ہونے والا میٹھا ، جالی دار پیلے چھلکے کا خربُوزہ ۔

Casanova, n. [اطالوی شہوت پرست مہم جُو اور مصنف ، جیکوبوکیسانووادی سینگولٹ(۹۸ ـ ۱۷۲۵ء) کے نام پر] کیسا نووا؛ ہرجائی : ایسا شخص جو بہت سی عورتوں کا چاہنے والا ہو ؛ ڈان جوآن ۔

Casbah, Kasbah, n. قصبہ ؛ عرب آبادی کے شہروں کا قدیم حصّہ ، خصوصاً الجزائر میں ؛ شمالی افریقہ میں شہر کا وہ حصّہ جو قلعے کے اِرد گرد ہو ۔

cascabel, n. توپ پُھندنا ؛ بھرت کی توپ کے پچھلے حصّے میں موٹھ کی شکل کا اُبھار ؛ توپ کی پیندی کا پچھلا سِرا ؛ چھوٹی سُوراخ دار گھنٹی جس میں ڈھیلی سی گولی لگی ہوتی ہے ۔

cascade, n. آبشارک ؛ جھرنا ؛ جھال ؛ چھوٹا سا آبشار جو چٹان کے اُوپر سے یا کسی اور ڈھلوان سے گر رہا ہو ؛ اس قسم کے آبشاری سلسلے کا کوئی آبشار ؛ لیس یا دوسرے لپیٹے جانے والے کپڑے کی ایسی سِلائی کہ اس کی سلوٹیں لہریا طریقے سے ایک دوسرے پر گرتی ہوں ؛ کوئی بھی چیز جو آبشار سے مشابہ ہو ، جیسے بعض اقسام کی آتش بازی کا منظر ۔ (برقیات) درجات کا ایسا تواتر کہ ہر درجہ اپنے سے پہلے اور/یا بعد کے درجوں پر منحصر ہو جیسا کہ نشری نظام میں ہوتا ہے ۔

cascade, v.i. آبشار میں یا آبشار کی طرح گِرنا ؛ آبشاری شکل اختیار کرنا ۔

cascara, n. لفظ Cascara sagrada کا اختصار/مرخَم ۔

cascara buckthorn, n. کِسکارا ؛ قشرِ خولان : ایک جھاڑی جنس خولانیہ (Rhamnus purshiana) جو امریکا کے بحرالکاہلی ساحل پر پیدا ہوتی ہے اور جس سے جہال گوٹا (کسکارا سگردا) حاصل ہوتا ہے ۔

cascara sagrada, n. جہال گوٹا ؛ قشر مبارک ؛

اور خلیوں کا نسیج موٹے پنیر جیسے مادّے میں بدل جاتا ہے۔

case record, n. معاملہ نامہ : فرد یا افراد کے متعلّق جمع شُدہ معلومات جو ایک باقاعدہ ریکارڈ کی صورت میں رکھّی جائیں تا کہ اسے نفسیاتی سوانح کے طور پر سماجی کاموں ، نفسیاتی علاج ، طبّ اور عُمرانی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکے۔

case shot, n. کیس یا ڈبّے میں توپ کے چھوٹے گولوں کا ذخیرہ جیسے توپ میں استعمال کیا جائے ؛ چاقو چُھرے رکھنے کا ڈبّہ ؛ بم یا گولے کا ٹکڑا۔

case system, n. طریقِ استقرائی ؛ قانون کی تعلیم کا اِستقرائی طریقہ جو نصابی کُتب اور تبصروں کے بجائے گزشتہ مقدّمات کے مطالعے پر مبنی ہوتا ہے۔

case worker, n. تفتیش و تحقیق کرنے والا شخص جو معذُوروں ، ناآسُودہ لوگوں اور ضرورت مند خاندانوں سے اس لیے ملاقات کرتا ہے کہ ان کے کوائف معلوم کر کے حکومت یا نجی سماجی اداروں سے ان کے لیے امداد فراہم کر سکے۔

case work, n. سماجی مقاصد کے لیے استقرائی تحقیق و تفتیش۔

caseworm, n. غُلافی مگس ؛ خولی مکھّی ؛ کیڈس مکھّی کا لاروا یا حشرہ ، یہ نام اس لیے پڑا کہ حفاظت کے لیے یہ حشرہ جھلّی یا خول میں ہوتا ہے۔

cash, n. روکڑ ، خصوصاً زرنقد ؛ رائج سِکّہ (روپیہ ، ڈالر ، پونڈ وغیرہ) یا اس کا متبادل ، مثلاً چیک ، جو خریداری کے وقت ادا کیا جائے۔ (فعل متعدی) (کسی کو) زرِ نقد دینا یا (کسی کے لیے) چیک کو نقدی میں تبدیل کرانا۔

cash, n. نقدی ؛ برصغیر یا چین کے کم قیمت سِکّوں میں سے کوئی ایک سِکّہ ؛ سوراخ دار سِکّہ۔

cashbook, n. کیش بُک ؛ نقدی کھاتا ؛ روکڑ بہی ؛ رجسٹر نقدی ؛ وہ کتاب یا بہی کھاتا جس میں نقدی کی وصولی اور ادائیگی کا اندراج ہوتا ہے یا حساب رکھا جاتا ہے ؛ کتابِ حساب۔

cashew, n. کاجو ؛ ایک درخت ، جنس کا جو یہ (Anacardium occidentale) گرم علاقوں کی پیداوار ، جس سے مزے دار خوردنی گُردے کی شکل کے چھوٹے جوز حاصل ہوتے ہیں جو کاجوے کہلاتے ہیں، جو آڑو کے برابر اور اسی شکل کے خُوردنی گُودے والے جوف میں ہوتے ہیں انہیں کاجو سیب بھی کہتے ہیں؛ کاجو کے درخت کی چھال ادویات میں استعمال ہوتی ہے ، اس کا گوند کاجو یا کیشو گُوند کہلاتا ہے۔

cash flow, n. (تجارت) رودادِ کاروبار کے مطابق کسی تجارتی ادارے کی خالص آمدنی مع اُن رقوم کے جو ٹُوٹ پُھوٹ، اثاثوں کے اختتام یا قرضوں کی بے باقی پر خرچ ہوئی ہوں ؛ محفوظہ رقموں پر غیر معمولی اخراجات جو کھاتے داری کی مِنہائی قرار دیے جاتے ہیں۔

cashier, v.t. برخاست کرنا ؛ مُقتدر یا معتبر عُہدے سے بے عزتی کے ساتھ برطرف کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ معزول کرنا۔

cashier, n. روکڑمُنیم، روکڑیہ، خزانہ دار ؛ خزانچی ؛ تحویل دار ؛ خازن ؛ نقدی کا ذمّہ دار یا محافظ ؛ نقد سَودوں کا نگران، جیسے کسی بنک میں۔

cashier's check, n. کیشیرُز چیک : وہ چیک جو بنک نے اپنے ہی فنڈ سے نکلوانے کے لیے اپنے خزانچی کے دستخطوں سے جاری کیا ہو۔

cash in, v.t. ٹوکن دے کر بدلے میں نقدی لینا،

ہونے والی ایسی خرابی کہ متاثّرہ حصّے کے رگ پٹّھوں اور خلیوں کا نسیج نرم مُڑاتُڑا یا پلپلا سا مادّہ بن جائے۔ (حیاتی کیمیا) جُبنیّت ؛ پنیر یا دہی کی شکل اختیار کرنے کے لیے جمتے ہوئے دُودھ سے جُبنین (پنیر کی اصل) کی علیحدگی۔

case bay, n. (نجّاری) اُن حصّوں کے علاوہ جو سِرے کی دیواروں یا بالائی تکون سے ملحق ہوں ؛ چھت کا کوئی بھی حصّہ جو بیچ میں چھوٹے شہتیروں سے جُڑے ہوئے دو بڑے شہتیری تختوں پر مشتمل ہو ؛ فرش کا ایسا ہی حصّہ جو دو بڑے شہتیروں اور ان کو جوڑنے والی کڑیوں پر مُشتمل ہو۔

casebook, n. کتاب المرضیٰ : ایسے واقعات کے تفصیلی ریکارڈ پر مُشتمل کتاب جس میں وہ مواد ، نظیریں اور مثالیں موجود ہوں جنھیں تقریروں ، قانونی ہدایات ، نفسیات ، عُمرانیات اور طِب میں بطورِ حوالہ استعمال کیا جا سکے۔

caseharden, v.t. سطح سختانا ؛ فولاد یا دھاتوں کے مرکّب کی صرف سطح کو حرارت اور دوسرے مادّوں ، جیسے کاربن کے مِلے جُلے عمل سے سخت بنانا۔ (مجازاً) خارجی محرکات کے ردّعمل یا اثرات سے محفوظ کر دینا۔

casehardened, a. سخت سطح ؛ موٹی چمڑی ؛ بے حس۔

case history, n. تفصیلِ مرض ؛ رُودادِ معاملہ : فرد یا خاندان کی نجی تاریخ کا حقائق پر مبنی بیان یا ریکارڈ تا کہ اسے عُمرانی ، طِبّی یا نفسیاتی تجزیے میں استعمال کیا جا سکے۔

casein, n. (حیاتی کیمیا) کیسین ؛ جُبنین ؛ اصلِ پنیر ؛ ایک سفید، بے ذائقہ فاسفیٹی لحمیہ جو دُودھ کو دہی کی شکل میں جانے کے بعد بنایا جاتا ہے ، یہ پنیر اور کچھ پلاسٹکوں کا بُنیادی جُز ہے ، اِس کو مُنجمّد دُودھ سے تیزابوں کے ذریعے علیحدہ کر لیا جائے تو پینٹ اور سریش بنانے کے کام آتا ہے۔

caseinogen, n. (حیاتی کیمیا) جُبنین ؛ کیسی نوجن ؛ دُودھ کا خاص لحمیہ ، جو دہی کی موجودگی میں جُبنین کی شکل اختیار کرتا ہے۔

case knife, n. میان میں رکھّا جانے والا بڑا چُھرا یا خنجر ؛ باورچی خانے یا کھانے کے میز پر استعمال ہونے والی بڑی چُھری۔

case law, n. نظائری قانون ؛ نظائرِ عدالت ؛ نظائرِ قانونی ؛ وہ قانون جو مقدّمات کے فیصلوں کی نظیر پر مبنی ہو برعکس اس قانون کے جو مقنّنہ نے بنایا ہو۔

casemate, n. قلعے کے پُشتے یا مورچے میں محرابی چھت کا جھروکا یا جنگی جہاز پر وہ احاطہ جس میں اسلحہ نصب ہو اور توپیں داغنے کے لیے موکھے بنے ہُوئے ہوں۔

case mated, a. محرابی ، موکھے دار فصیل۔

casement, n. آئینہ دار کھڑکی ؛ جھروکا ؛ کھڑکی کا ساش (آئینہ دار پٹ) جو قلّابوں پر جُھول کر کُھلتا ہے اور قلّابے چوکھٹے کے اُوپر کی طرف لگے ہوتے ہیں ؛ جُھولنے والے آئینہ دار پٹ کی کھڑکی۔ (شاعری) کوئی بھی دریچہ یا کھڑکی ، سائبان یا چھت۔

casemented, a. ساش دریچہ دار ؛ ساش کھڑکی والا۔

caseous, a. جُبنینی ؛ پلپلا ، پنیر گُوں۔ (امراضیات) بیماری کے سبب پنیر گُوں : ایک قسم کی بیماری سے متعلّق جس میں رگ پٹّھوں

مثـلاً جُوئے میں جیتی ہوئی ٹکیاں یا گوٹیاں دے کر رقـوم وصـول کرنـا ۔ (فعـل لازم) کاروبـار سے ریٹـائر ہونا یا علیحدگی اختیار کرنـا (بعـد میں on لگـایا جاتـا ہے) ؛ کسی بات یا صورتِ حال سے مالی فائدہ اُٹھانا (جیسے : .to cash in on another's gullibility) ۔

cash items, n. (مالیات) سرکاری بانڈز ، تمسّکات ، بچت سرٹیفکیٹ ، بنک میں جمع کی ہوئی رقم وغیرہ جن کو سرکاری یا تجارتی اداروں کے بیانات میں نقدی کے مترادف سمجھا جاتا ہے ۔

cashmere, n. [کشمیر سے] کشمیرہ : کشمیر و تبّت میں پالی جانے والی بکریوں کی ایک قسم کے بدن کے نچلے حصّے کی نفیس و نرم اُون یا پَشمینہ ؛ اِس اُون سے بُنا ہوا قیمتی شال جس پر مخصوص نمونے اور رنگ ہوتے ہیں ؛ نفیس و نرم اُونی کپڑا جس کی سطح روئیں دار ہوتی ہے ؛ اِس اُون کا عمدہ دھاگا ، علیحدہ یا دوسری قسم کے بافتنی دھاگوں سے ملا ہوا ۔

cash register, n. کیش رجسٹر ؛ نقد نگار : خُوردہ فروشوں کے لیے ایک دستی یا برقی آلہ جو نقدی کا ریکارڈ رکھتا ہے اور وصول شُدہ نقدی جوڑ کر کل نقد رقم ظاہر کرتا ہے ، اِس کے ساتھ عموماً نقدی رکھنے کی دراز یا خانہ بھی ہوتا ہے ۔

casimere, casimire, n. دیکھیے : cassimere ۔

casing, n. کیسنگ : بند کر کے رکھنے والا یا حفاظتی خول یا غلاف ؛ قائم رکھنے والا چوکھٹا جیسا کہ دروازوں اور کھڑکیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے؛ ہوا دار ٹائر کا بیرونی محیط : مسالا لگا کر سڑنے گلنے سے محفوظ کیے گئے گوشت کو لپیٹنے کی نلکی نما جھلّی ۔

casino, cassino, n. کیسینو ؛ جلسوں کے انعقاد ، لہو ولعب ، رقص و سرود اور خصوصاً جوئے بازی کے لیے ایک بڑا کمرہ یا عمارت ؛ اٹلی میں دیہاتی مکان یا ٹھہرنے کی جگہ؛ تاش کے پتّوں کا ایک کھیل جس میں اینٹ کا دہـلا ''بـڑا کیسینو'' اور حُکم کی دُگی ''چھوٹا کیسینـو'' کہلاتے ہیں اور ان دونـوں پتّـوں کو خصوصی اعدادی قدروقیمت حاصل ہوتی ہے ؛ اسی طرح کے دوسرے پتّے ۔

cask, n. چوبی پیپا ؛ اسطوانہ چوبی پیپے کی مانند کشتی جو چوبی پٹّیوں ، رسّوں اور جکڑنے کے آہنی یا چوبی حلقوں سے بنائی جاتی ہے اور جس میں کوئی سیّال (مثلاً تیل) رکھا جاتا ہے ، یہ عام پیپے سے زیادہ بڑی اور مضبوط ہوتی ہے ؛ سیّال کی وہ مقدار جو اس پیپا کشتی میں سما سکے ؛ بڑا پیپا ، ۱/۲ 52 سرکاری گیلن یا ۱/۲ 51 معمولی گیلن کا سیّال ناپنے والا پیمانـہ ؛ چھوٹـا پیپا جس میں دس گیلن سے کم گنجایش ہوتی ہے ۔

casket, n. تابوت : امریکا میں تدفین کے لیے میّت رکھنے کا بکس یا تابـوت ؛ زیورات رکھنے کے لیے چھوٹـا ڈبّـہ یا صندوقچی ۔ (فعل متعدی) تابوت یا بکسے میں رکھنا ؛ ڈبیا میں بند کرنا ۔

Caslon, n. (طباعت) کیسلون ؛ پُرانے طرز کا ٹائپ جو ٹائپ کے موجد ولیم کیسلن (۱۶۹۲ء۔۱۷۶۶ء) کے طرز پر بنایا گیا ۔

casque, n. مِغفر ، ٹوپ ، خود یا چھجّے دار ٹوپی جو ازمنۂ وسطیٰ میں عموماً استعمال کی جاتی تھی ۔ (حیوانیات) ڈھانچے کے سر کی ایسی ساخت جس پر خود یا کُلاہ کا گُمان ہو ؛ کُلاہ سَر ۔

cassaba melon, n. دیکھیے : casaba ۔

Cassandra, n. [قدیم شہر ٹرائے کی پیش گوئی کرنے والی کسانڈرا جس کی پیش گوئیوں پر کبھی یقین نہیں کیا گیا لیکن جو بعد میں درست ثابت ہوئیں] پیش گوئی کرنے یا آنے والی آفات سے خبردار کرنے والا شخص ۔

cassation, n. (موسیقی) اٹھارویں صدی عیسوی کا ایک سازینہ جو کُھلی فضا میں مختلف حرکات ، ترت ، بھاؤ ، اور بدلتے ہوئے اسلوب سے بجایا جاتا تھا ؛ سرینیڈ ؛ نغمۂ شَبینہ ؛ فراقیہ گیت ۔

cassava, n. اَت کٹ ؛ کساوا ؛ کسابی ؛ ایک نازُک سیدھی کھـڑی رہنے والی جھاڑی ، جِنس کسافـہ (Manihof) اور دودھیا پودوں فرفیون (Spurge) کے خاندان سے متعلّق ، جزائرِ غربُ الہند افریقہ اور امریکا کے گرم علاقوں میں عام طور پر کاشت کی جاتی ہے ، اس کی جڑوں سے ماخوذ قُوّت بخش نشاستہ سے کیک اور روٹیاں بنتی ہیں جو کساوا روٹی کہلاتی ہیں اور ''ٹیپیو کا'' یعنی کسـاوا سوجی بھی بنتی ہے ؛ کساوا کی جڑوں سے حاصل شدہ قُوّت بخش نشاستہ ۔

casserole, n. ہنڈیا ؛ ہانڈی ؛ تلنے کا برتن ؛ ڈھکنے دار کڑھائی ؛ رکابی یا کڑھائی جس میں کھانا پکا کر پیش کیا جائے ؛ اس طرح کے برتن میں پکا ہوا کھانا ؛ چاول اور آلو کے آٹے میں قیمہ اور سبزی بھرے سموسے ؛ چھوٹی دستے دار رکابی جو کیمیائی تجربہ گاہوں میں استعمال ہوتی ہے ۔ (فعل متعدی) کیسیرول یعنی کڑھائی میں پکانا ۔

cassette, n. کیسیٹ ؛ ایک قسم کا ٹیپ کارتوس یا ٹیپ رکارڈنگ کا کیسٹ ۔ (عکّاسی) کیمرے میں پلیٹ دان یا فلم دان ۔

cassia, n. موٹی دار چینی ؛ املتاس ؛ تیج پات ؛ گرم علاقوں کا بقلی یا پھلی دار پودا جو جنس املتاس (Cassia) سے تعلّق رکھتـا ہے ، جس کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں ، ان میں درخت ، جھاڑیاں اور بوٹیاں شامل ہیں ، اِن میں سے اکثر کی پتّیوں کا سفوف سنا کی دست آور دوائی ہوتا ہے جب کہ بعض کی پھلیوں کی لُگدی جُلّاب کے کام آتی ہے ۔

cassia bark, n. دار چینی درخت (Cinnamomum cassia) کی چھال ، جس سے گھٹیا قسم کی دارچینی حاصل ہوتی ہے ۔

cassimere, casimere, casimire, n. کشمیرا ؛ سادہ یا دوسُوتی بُناوٹ کا اُونی کپڑا خصوصاً مردانہ لباس کے لیے ۔

cassino, n. دیکھیے : casino ۔

Cassiopeia, Cassiopea, n. (فلکیات) سنامُ النّاقہ ، کَفُ الثـرّیا ؛ ذاتُ الکُرسی ؛ شمالی نصف کرے میں ستاروں کا ایک جُھرمٹ (مجمع النجوم) جس کے پانچ ستارے W کی شکل بناتے ہیں ۔

Cassiopeian, Cassiopean, a. مجمعُ الکواکب کیسی اوپیا یا ذاتُ الکُرسی سے متعلّق ۔

Cassiopeia's Chair, n. [اساطیری کردار کیسی اوپیا سے ماخـوذ جو شاہِ حبشہ سیفیئس کی بیوی اور انڈرومیڈا کی ماں تھی ، موت کے بعد اسے ستاروں میں جگہ دی گئی] (فلکیات) ذاتُ الکُرسی ؛ صدرُ الکُرسی ؛ مجمعُ الکواکِب کیسی اوپیا کے چند ستاروں کا جُھرمٹ جو اس لیے ممتاز نظر آتا ہے کہ اس کی شکل کُرسی سے مشابہ ہے ۔

cassiterite, n. کچی قلعی : آکسیجن کے ساتھ قلعی کا

قُدرتی مرکّب ، جو قلعی کی دھات حاصل کرنے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے ۔

cassock, n. کُرتہ ؛ جُبّہ ؛ کاسک ؛ لباس کے اُوپر پہننے والے لمبے کرتے یا چوغہ نُما کپڑوں میں سے کوئی ایک جُبّہ ، جسے پہلے زمانے میں سپاہی ، اسپ سوار اور دوسرے لوگ پہنا کرتے تھے ؛ لمبا چست لباس جو پادری اور دوسرے لوگ کلیسا کی تقریبات میں پہنتے ہیں ؛ خصوصاً انگلینڈ کے کلیسا میں پادری کا عہدہ ؛ پادری ۔

cassocked, a. جُبّہ پوش یا کاسک پہنے ہوئے ۔

cassowary, n. کَسوَری ؛ کئی بڑے سہ انگشتے بےپروازنعامی (بے گول ہڈّی کے پوٹـوں والے) پرنـدوں میں سے کوئی ایک ، جو آسٹریلیائی علاقوں کی جنس کیسواری (Casuarius) سے تعلّق رکھتے ہیں ، یہ شُتر مرغ سے مشابہ لیکن ان سے ذرا چھوٹے ہوتے ہیں ؛ پیل مرغ ؛ فیل مرغ ۔

cast, v.t. پھینکنا ؛ دے مارنا ؛ پھینک کر یا گُھما کر مارنا ، اکثر off , away اور out کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ؛ براہ راست ، جیسے آنکھ سے دیکھنا یا نظر ڈالنا ؛ سبب بننا ، جیسے روشنی کا کسی شے یا کسی سمت پڑنے کا ؛ باہر کی طرف اُچھالنا ، جیسے مچھلی کی بنسی یا لنگر ؛ نیچے پٹخنا ؛ پُشت یا کروٹ کے بل گرانا ، جیسے جانور کو ؛ زمین پر پٹخ دینا ، جیسے کُشتی میں ؛ مقدّمے میں شکست دینا ؛ دُور یا فاصلے پر پھینکنا ؛ بچھڑنا/علیحدہ ہونا یا کھو دینا ؛ گرانا یا جھاڑنا ، جیسے بالوں یا پھلوں کو خصوصاً وقت سے پہلے ؛ باہر نکالنا یا جننا خصوصاً بذریعہ اسقاط ؛ آگے بھیجنا (دَل کی صورت میں) ، جیسے شہد کی مکھّی کا دَل آگے جانے ؛ پھینکنا یا ایک طرف کر دینا ؛ چھانٹی کرنا یا مسترد کرنا ؛ برطرف یا سبکدوش کر دینا ؛ اندر سے باہر پھینکنا ؛ نکالنا یا اخراج کرنا ؛ قے کرنا ؛ (مٹی کا پھاوڑے سے) اُوپر پھینکنا ؛ جلدی سے یا زور سے رکھنا ؛ ڈالنا جیسے ووٹ یا رائے کی پرچی کا ، ووٹ ڈالنا یا رائے کی پرچی بکس میں ڈالنا ؛ مرحمت یا عطا کرنا ؛ سنوارنا یا ترتیب سے رکھنا ۔ (ڈراما) اداکاروں کو ڈرامے کے پارٹ تفویض کرنا ؛ اداکار کو پارٹ دینا ۔ (فلزّیات) پگھلی ہوئی دھات کو سانچے میں ڈھال کر خاص شکل دینا یا اِس طریقے سے کسی چیز کو بنانا ؛ ڈھالے ہوئے ٹائپ کی پلیٹ یا تختی سے چھپائی کرنا یا برقی ٹائپ سے چھاپنا ؛ شُمار کرنا یا حساب کرنا ؛ اعداد کے کالم میں جمع کرنا ؛ زائچہ بنانا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ غور و فکر کرنا ؛ جتن کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ اختراع کرنا یا منصوبہ بنانا ؛ مروڑنا ؛ بل دینا ؛ ہٹنا ؛ موڑنا ؛ اینٹھ دینا ؛ ٹیڑھا کرنا ؛ (کشتی کو) چکر دینا ۔ (قدیم) ترازو کا پلڑا جُھکانا ؛ جانے دینا یا آزاد چھوڑ دینا ، مثلاً کشتی کو زنجیر دار لنگر کھول کر آزاد چھوڑ دینا ، اِن معنوں میں cast کے بعد loose یا off لگاتے ہیں ؛ پھینکا جانا ۔

cast, v.i. سانچے میں متشکل ہونا یا ڈھلنا ؛ شُمار میں آنا یا جمع ہونا ؛ قیاس میں آنا یا پیش گوئی ہونا ؛ غور ہونا ؛ منصوبہ یا اسکیم بننا ؛ ذہن میں آنا ، جیسے کسی عُذر یا بہانے کا (عموماً about کے ساتھ) ؛ اِدھر اُدھر تلاش میں ہونا خصوصاً جب شکار میں بُو کی سمت کھو جائے (about کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ ٹیڑھا ہونا ، جیسے لکڑی کا ۔ (جہاز رانی) کشتی کا یُوں مڑنا کہ اس کا مُنہ ہوا کے رخ نہ ہو ؛ جہاز کا رُخ پلٹنا ؛ جہاز کا لنگر کی زنجیر سے کُھل کر ڈھیلا ہو جانا (ان معنوں میں off کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ کینچلی اُترنا ۔

cast, n. ڈھلائی ؛ پھینکنے یا ڈھالنے کا عمل ؛ وہ چیز جسے پھینکا یا ڈھالا جائے ؛ وہ دُوری یا فاصلہ جس تک کسی چیز کو پھینکا یا ڈالا جائے ؛ پانسے کی پھینک ؛ مقدّر کا پانسہ ؛ تقدیر یا قسمت ؛ ڈھنگ ، ڈھب یا ترتیب ۔ (ڈراما) اداکـاروں کو ان کے مخصوص کاموں یا پارٹ کی سپردگی یا تفویض ؛ اداکار جنھیں ان کے پارٹ دیے گئے ہوں ۔ (فلزّیات) ڈھلائی ؛ دھات کو ڈھالنے کا عمل ؛ ایک وقت میں ڈھالی گئی دھات کی مقدار ؛ سانچے میں ڈھالی گئی کوئی چیز جب کہ وہ پگھلی ہُوئی یا لچکیلی حالت میں ہو ؛ سانچے میں ڈھالے ہوئے کسی مجسّمے کا مثنیٰ یا اس کی نقل ؛ کسی چیز کا سانچا ، ٹھپّہ ، قالب یا نقش ؛ سانچہ یا مُہر ؛ ہیئت یا ظاہری شکل ؛ قسم ؛ انداز یا وضع ؛ رُجحان یا جُھکاؤ ؛ مستقل خم ، ٹیڑھا پن یا آنکھ کا بھینگا پن ؛ خمیدگی ؛ کسـی رنـگ کی ہلکـی سی جھلـک ؛ لَون ؛ پرچھـائیں/سـایہ/عکس ؛ دکھاوا یا نمایش ؛ تھوڑی مقدار ، شمار یا حساب ؛ جوڑ ، جمع ؛ قیاس یا پیش بینی ؛ پیش گوئی ۔

castanet, n. کھڑتال ؛ قاشقک ؛ جھانجھا ؛ جھانجھ ؛ چوبی مجھیرے ؛ ہاتھی دانت یا سخت لکڑی کا چھوٹا مجوف چمچے کی شکل کا ٹُکڑا جسے انگوٹھے میں باندھ کر درمیانی انگلی کی ٹھوک سے بجاتے ہیں ۔ یہ ساز بعض ہسپانوی ناچوں میں بطور تال استعمال ہوتا ہے ۔

castaway, n آوارہ ؛ راندہ ؛ تباہ حال ؛ کشتی شکستہ ؛ وہ شخص یا چیز جسے خارج یا رَد کر دیا گیا ہو یا جس کا بیڑا غرق ہو گیا ہو ؛ وہ شخص جو مالی یا اخلاقی اعتبار سے تباہ ہو چکا ہو ۔

castaway, a. مردُود ؛ بیکار ؛ چھوڑا ہوا ؛ ترک کردہ ؛ گھر سے نکالا ہوا ۔

caste, n. ذات ؛ ذات پات ؛ سماجی امتیاز کی بُنیاد پر ممتاز موروثی انساب یا طبقات جن میں برہمنی قانون کے مطابق ہندو قوم بٹی ہوئی ہے ؛ دوسرے مُلکوں میں اسی قسم کا طبقہ بندی کا نظام ؛ معاشرتی رتبہ یا حیثیت ؛ سماجی حیثیت ؛ عُمرانی حشرات الارض یا کیڑے مکوڑوں میں مشابہ طبقات کے افراد ، مثلاً چیونٹیوں اور شہد کی مکھیوں میں ''کارکنوں'' کا طبقہ ۔

castellan, n. قلعے دار ؛ قلعے کا حاکم ؛ قلعے کا نگران ۔

castellated, a. (فن تعمیر) قلعہ نما ؛ حصنی ؛ قلعہ کی طرح برج اور مورچوں سے آراستہ عمارت ؛ قلعے کی طرز پر بنائی ہوئی عمارت ۔

caster, castor, n. کیسٹر ؛ چھوٹا پہیّہ ؛ ایک چھوٹا پہیّہ جسے عمودی محور کے ذریعے کرسی ، صوفہ یا میز کے پایوں سے لگا دیا جاتا ہے تا کہ انہیں اٹھائے بغیر حرکت دی جا سکے ؛ کھانے کی میز پر رکھی جانے والی چٹنی ، اچار یا سرکے کی چھوٹی شیشی یا بوتل ۔

caster, n. ڈھلیا ؛ ڈھالیا ؛ جو ڈھالے یا وہ چیز جو ڈھالی جائے ، جیسے مشین کے ذریعے چھاپے کے ٹائپ کی ڈھلائی ؛ ڈھلائی کرنے والا ؛ بھٹّی میں گلا کر ڈھالنے والا ۔

castigate, v.t. لعنت ملامت کرنا ؛ سرزنش کرنا یا اِصلاح کے مقصد سے سزا دینا ؛ سخت تنقید کرنا یا تادیب کرنا ؛ عبارت یا کتابت کی تصحیح کرنا ۔

castigation, n. سرزنش ، تادیب ۔

castigator, n. سرزنش یا تادیب کرنے والا ۔

castigatory, a. تادیبی ؛ اصلاحی (بطورِ سرزنش) ۔

Castile soap, n. کاسٹلی سوپ ؛ قشتالی صابن ؛ ایک قسم کا نفیس ، سخت ، سفید یا پچرنگی بُندکیوں والا صابن ، اس صابن کی

ابتد اسپین کے شہر قشتالیہ سے ہوئی تھی ۔

Castilian, n. قشتالی : اسپین کے شہر قشتالیہ کا پیدائشی یا باشندہ ؛ قشتالیہ کی زبان جو ہسپانوی زبان کی تسلیم شُدہ ادبی اور بول چال کی مہذّب شکل ہے ۔

castilian, a. قشتالی ؛ شہر قشتالیہ سے متعلّق ۔

casting, n. گھڑائی ؛ ڈھلائی ؛ سانچا ؛ قالب ؛ کالبد ؛ اس شخص کا عمل جو پھینکتا یا ڈھالتا ہے ؛ پھینکی یا ڈھالی گئی کوئی چیز خصوصاً سانچے میں ڈھال کر بنائی گئی ؛ مقلوب ؛ ڈھلواں ۔ (فلزّیات) ڈھلی ہوئی دھات کی بنی کوئی چیز ۔

casting vote, n. رائے فیصل : ووٹ برابر ہونے کی صورت میں صدر یا اسپیکر کا فیصلہ کُن ووٹ ۔

castiron, n. ڈھلواں لوہا ؛ ڈھلا ہوا لوہا ؛ سخت ، پھوٹک اور غیر خالص لوہا جو لوہے کے ڈلوں کو چونے کے پتّھر کے ساتھ پگھلا کر ڈھالا جاتا ہے ؛ لوہے کے ڈلے ۔

castiron, a. ڈھلواں لوہے کا ؛ ڈھلے ہوئے لوہے کا بنا ہوا ؛ ڈھلے ہوئے لوہے سے مشابہ ۔ (مجازاً) بے لچک یا نہ دبنے والا ؛ ضِدّی ؛ مضبوط ؛ سخت ؛ کڑا ؛ ہٹ دھرم ؛ ہٹیلا ۔

castle, n. قلعہ ؛ گڑھ ؛ کوٹ ؛ کوٹلہ ؛ گڑھی ؛ محل ؛ قصر : ایک عمارت یا ایک دوسرے سے ملحق عمارتوں کا سلسلہ جس کے چہار طرف دشمن سے بچاؤ کے لیے فصیل یا حصار تعمیر کیا گیا ہو ؛ قلعہ بند رہایش ، مکان یا محل ، جیسے کہ جاگیرداری دور میں شہزادوں کے لیے بنائے جاتے تھے ؛ بڑے رئیس یا بہت امیر شخص کی شاندار رہایش گاہ ؛ دفاع کے مقصد سے بنایا ہوا مینار یا بُرج ۔ (شطرنج) رُخ نامی، مُہرہ ۔

castle, v.t., v.i. (شطرنج) رُخ بندی کرنا ؛ بادشاہ کو دو میں سے کسی رُخ کی طرف دو خانے ہٹانا اور اس رُخ کو بادشاہ کے چھوڑے ہوئے خانے پر رکھنا ؛ رخ سے بادشاہ کو شہ دینا ۔

castled, a. قلعہ کی طرح بنا ہوا ؛ قلعہ بند ؛ حَصِین ؛ محصور ۔

castle in the air, castle in Spain, n. خیالی پلاؤ ؛ خیالی تُکے ؛ تصوّراتی منصوبہ ؛ ناقابل عمل اسکیم ؛ ہوائی قلعہ ۔

cast on, v.t. بُنائی یا بافت کی تیّاری کے طور پر بُننے کی سلائی کے اوپر دھاگے کے حلقوں کا ایک سلسلہ بنانا ۔

castor, castoreum, n. کستوری ؛ جندبیدستر ؛ سگ آبی ؛ ارنڈ ؛ بیدِ انجیر؛ سنجاب اودبلاؤ ؛ سنجابی ٹوپی یا اس سے مشابہ ٹوپی؛ ایک تیز بو دار مادّہ جو اودبلاؤ کے مخصوص غدودوں سے نکلتا ہے اور ادویات اور خوشبویات سازی میں استعمال کیا جاتا ہے؛ اوورکوٹ کے لیے بھاری اُونی کپڑا؛ دستانوں کے لیے عموماً بھورے رنگ کا نرم و نفیس چمڑا ۔

Castor, n. (فلکیات) مجمعُ النّجوم جوزا کے دو شُمالی چمکدار ستاروں میں سے کوئی ایک ۔ (یونانی اساطیری) لیڈا کے دو جڑواں بیٹوں میں سے ایک ۔

castor bean, n. ارنڈ یا رینڈی کے بیج ؛ کیسٹر آئل کے پودے ؛ بید انجیر کے بیج ۔

castor oil, n. کیسٹر آئل ؛ روغنِ بیدِ انجیر ؛ روغنِ ارنڈ ؛ لیس دار تیل جو رینڈی کے بیجوں سے نکالا جاتا ہے اسے دست آور دوا یا چکنائی کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

castor-oil plant, n. ارنڈ یا رینڈی کا درخت : ایک اونچا درخت بید انجیر (Ricinus communis) جو اصلاً برصغیر میں پایا جاتا ہے لیکن اب کئی ملکوں میں کاشت کیا جاتا ہے؛ اس سے رینڈی کے بیج اور رینڈی کا تیل حاصل کرتے ہیں ، کبھی کبھی بڑے پتّوں کی خوبصورتی کی وجہ سے بھی بویا جاتا ہے ۔

castrate, v.t. خصّی بنانا ؛ (نر کو) خُصیوں سے محروم کرنا ؛ آختہ کرنا ؛ (مادہ کو) بیضہ دانی یا بچّہ دانی سے محروم کرنا ؛ بیضہ دان نکالنا ؛ طاقت یا قُوّت ختم کر دینا ؛ نامرد کرنا ؛ کسی چیز سے کچھ کاٹ لینا ؛ تخریج کرنا ۔ (اسم) (انسان مرد) ہیجڑا ، نامرد ، خواجہ سرا ؛ مُخنّث ؛ خصّی ۔ (نر جانور) خصی بکرا ؛ بدھیا بیل ؛ آختہ گھوڑا ۔

castration, n. اِخصا ؛ آختہ کاری ؛ خصّی یا ہیجڑا کرنے کا عمل ؛ کتاب کی تنقیح ۔

castrator, n. خصّی کرنے والا ؛ آختہ ساز ۔

casual, a. اتفاقیہ ؛ حادثاتی ؛ اتفاقی ؛ ناگہانی ؛ قدرتی اسباب سے پیدا ہونے والا ؛ بے قاعدہ ہونے یا آنے والا ؛ کبھی کبھی ؛ اتفاقی واقعاتی ؛ غیر یقینی ؛ غیر واضح ؛ بے منصوبہ ؛ بے سوچے سمجھے ؛ بے خیالی سے ، فی البدیہہ ؛ وقت کے وقت ؛ بے ترکیب ؛ بے ڈھنگا ؛ بے پروا ؛ وقتی اور غیر مستقل (جیسے : a casual laborer) ؛ پُھٹکل یا چھوٹے موٹے کام کرنے والا ؛ بے قاعدہ ؛ بے تکلّف ؛ غیر رسمی (جیسے : casual clothing) ۔

casually, adv. اتفاقاً ؛ کبھی کبھار ؛ بے قاعدگی سے ؛ ناگاہ ؛ بلا ارادہ ۔

casualness, n. اتفاقیّت ؛ اتفاقی پن ؛ ناگہانی ؛ بے قاعدگی ۔

casual, n. (واقعہ ، چیز یا بات) جو اتفاقی ہو ؛ سپاہی جو زخمی ہونے یا چھٹی پر جانے کی وجہ سے اپنی رجمنٹ یا ساتھیوں سے علیحدہ ہو گیا ہو ؛ وقتی یا غیر مستقل مزدور ؛ کبھی کبھی سرکاری امداد لینے والا شخص ۔

casualism, n. ایسی صورت حال جس میں اتفاقی عُنصر غالب ہو ؛ یہ نظریہ کہ سب کچھ اتفاقی یا حادثاتی ہے ؛ اتفاقیّت ؛ مصادفیّت ۔

casualist, n. اتفاقیّت کے نظریہ پر یقین رکھنے والا شخص ؛ مصادفیّت پرست ؛ مُعتقدِ اتفاقیت ۔

casualty, n. سوءِ اتفاق (بدافتاد) ؛ حالت منتظرہ ؛ حادثہ ؛ سانحہ ؛ اتفاق ؛ اُفتاد ؛ کوئی ناخوشگوار واقعہ یا ماجرا خصوصاً جس میں کوئی زخمی ہو یا موت واقع ہو جائے ۔ (عسکری) وہ سپاہی یا افسر جو کسی وجہ سے ، جیسے موت ، چوٹ ، گرفتاری یا بھگوڑا ہونے کے باعث فوج کے لیے ضائع ہو جائے ؛ تلف شُدہ ۔

casualty insurance, n. حادثاتی بیمہ ؛ حادثاتی بیمہ کاری : بیمہ جو حادثات (جیسے موٹر گاڑی کا حادثہ ، چوری ، دھماکوں سے ہونے والا نقصان) کے لیے کرایا جائے لیکن اس میں زندگی ، آتش زدگی نیز بحری یا فضائی سفر کے حادثاتی بیمے شامل نہیں ہوتے ۔

casuist, n. سُخن ساز ؛ مفتی ؛ مجتہد ؛ فقیہہ ؛ وہ شخص جو فقہی مطالعہ سے ضمیر اور کردار کے مُعاملات طے کرتا ہے لہٰذا ایسے معاملات پر نہایت عیّارانہ اور دو رُخا طرزِ استدلال اپنانے والا ؛ تاویل باز ۔

casuistic, casuistical, a. تاویلی (فقہ یا مذہبی مسائل میں) اِس لیے سوفسطائی ، حُجّتی ؛ سخن ساز ۔

casuistically, adv. تاویلی ؛ سوفسطائی یا حُجتّی طریقے سے ۔

casuistry, n. علمِ و فنِ تاویل : ضمیر و کردار کے خاص معاملات یا حالات پر عام اخلاقی اصولوں کا اطلاق لہٰذا ان معاملات پر نہایت ادق گفتگو ؛ اِطناب سُخن ، لفّاظی استدلال یا درسی تقریر ۔

casuistics, n. استدلالیات ؛ تاویلیات ۔

casus belli, n. اسباب یا جواز جنگ ؛ اعلان جنگ کرنے کا سبب یا وجہ ۔

cat, n. بلّی ، گُربہ ؛ ہرّہ ؛ مانو ؛ دُودھ پلانے والے جانوروں کی قبیل کا ایک چھوٹا پالتو جانور جو گربہ (Felis catus) کی مختلف اقسام میں سے ہے ، اس کی قدر چوہے مارنے اور مانوس مزاجی کے باعث کی جاتی ہے ؛ بلّی کا فر یا بالوں سمیت چمڑا ؛ جنسِ گُربہ (Felidae) کی کوئی بھی قسم مثلاً ببر شیر ، دھاری دار شیر ، چیتا ، یا پالتُو بلّی ؛ وہ جو عمل یا شباہت میں بلی کی طرح ہو (جیسے : a polecat; a cat burglar) ؛ کوئی شخص (عموماً عورت) جو نفرت سے دوسروں کی برائی یا بدگوئی کرے ؛ لنگر کو شہتیر تک لے جانے والا اڑنگا ؛ نو تسموں کا گانٹھ کوڑا جو cat-O' nine tails کہلاتا ہے ؛ ایک بادبان والی کشتی ؛ بل/مونچھل مچھلی جو دریاؤں نہروں وغیرہ میں پائی جاتی ہے ؛ گیند کا ایک کھیل جس میں بلّے باز کے نمبر کے ساتھ نام بدلتا رہتا ہے (جیسے : One old cat, two old cat)(برطانوی) ایک کھیل جو tipcat کہلاتا ہے اور وہ لکڑی کا تختہ جو اس کھیل میں استعمال ہوتا ہے ۔ (عوامی) ٹریکٹر جس میں زمین اکھاڑنے کا پھل لگا ہو ۔ (عوامی) جاز موسیقار یا جاز موسیقی کا دلدادہ ۔ (عوامی) کوئی شخص یا آدمی ۔

let the cat out of the bag, راز افشا کرنا ، عموماً غیر ارادی طور پر ۔

cat, v.t. جہاز کے شہتیر تک لنگر اٹھانا ؛ نو تسموں کے تازیانے سے مارنا ۔

catabasis, katabasis, n. اُترائی یا واپسی ؛ فوجی پسپائی ۔ دیکھیے : anabasis ۔

catabolism, n. (حیاتیات) تفرُّق ؛ جاندار نامیاتی اجسام میں زیادہ پیچیدہ سالموں کا سادہ تر ذرّوں میں ٹوٹنا اور اس ٹُوٹ پُھوٹ سے توانائی کا اخراج ؛ فرودی یا انہدامی تحوّل ؛ برعکس تجمّع ؛ استحالۂ تکسرّی ؛منفی استحالہ ۔

catabolic, a. تفرُّقی ؛ تفرق سے متعلّق ۔

catabolically, adv. تفرُّق سے ۔

catachresis, n. تحریفِ لفظی ؛ الفاظ کا بے جا یا کشیدہ استعمال ، جیسے کسی بے ربط استعارے میں ؛ لفظی عناصر کا بے جا یا غلط استعمال ، جیسے کسی بگڑی ہوئی لفظی شکل میں ۔

catachrestic, a. تحریفی ؛ غلط لفظی استعمال کا یا اس سے متعلّق ۔

catachrestically, adv. تحریفانہ ؛ تحریفی طریقے پر ۔

cataclinal, a. (ارضیات) نواحی زمین کی پرتوں کے ساتھ وادی کا ڈھلان یا اُترائی ؛ عرضاً ۔

cataclysm, n. جل اُچھل ؛سیلاب ؛ طوفان ؛ پانی کا کناروں سے اُوپر بہاؤ ؛ طغیانی ؛ شدید اور اچانک طبعی عمل جس سے زمین کی سطح پر تبدیلیاں واقع ہوں ۔ (مجازاً) کوئی بھی متشدّد اُکھاڑ پچھاڑ ، خصوصاً معاشرتی یا سیاسی نوعیت کی ہلچل ۔

cataclysmal, cataclysmic, a. طُغیانی ، سیلابی ، زلزلہ یا کسی بھی طبعی یا سماجی شدید عمل سے متعلّق یا اس عمل کے نتیجے میں ؛ اس عمل کی نوعیت یا اس کا اثر رکھنے والا ۔

cataclysmically, adv. شدید (طبعی یا سماجی) عمل کے ساتھ ۔

catacomb, n. (عموماً جمع) تہ خانہ ؛ سردابہ ؛ دخمہ ؛ زمین کے اندر یا تہ خانے میں قبرستان جس میں غُلام گردشیں اور قبروں کے لیے کُھدے ہوئے گوشے یا خانے ہوتے ہیں ؛ زمین دوز قبرستان ۔

catadromous, a. ماہئِ تہ رَو ؛ میٹھے پانی کی ایسی مچھلیوں کے متعلّق جو دریا کے دہانے سے سمندر میں انڈے دینے کے لیے نیچے جاتی ہیں ۔ دیکھیے : anadromous ۔

catafalque, n. تابُوت گاڑی ؛ تابُوت گاہ ؛ اونچا چبوترہ یا اسٹیج جس پر کسی بڑے شخص کی لاش رکھی جائے یا اونچی تابُوت گاڑی جس پر لاش کو بڑے اہتمام سے لے جایا جائے ؛ اسی نوعیت کا اسٹیج جسے میّت یا باقیاتِ میّت کی عدم موجودگی میں دعائیہ رسوم کے لیے استعمال کیا جائے ۔

Catalan, a. قیطلونی ؛ قشتالی کے متعلّق جو پہلے شمال مشرقی ہسپانیہ میں ایک صوبہ تھا اور اب شمال مشرقی ہسپانیہ کے کئی صوبوں پر مشتمل ہے ؛ قیطلونہ یا قشتالیہ کے باشندوں یا ان کی زبان سے متعلّق ۔ (اسم) قشتالیہ کا پیدایشی یا سکونتی ؛ قیطلونہ کی لاطینی الاصل بولی یا زبان جو جنوب مشرقی فرانسیسی بولی سے قریبی تعلق رکھتی ہے ؛ قشتالی ۔

catalase, n. (کیمیا) کیٹالیز : ایک کیمیاوی خامرہ جو خون میں قدرتی طور پر موجود ہوتا ہے اور ہائیڈروجن پراکسائڈ کی اجزا شکنی کرتا ہے ،اسے جانوروں کے رگ پٹھوں اور خلیوں کے نسیج سے کشید کر کے غذا کو سڑنے گلنے سے محفوظ رکھنے نیز رنگ صاف کرنے یا کاٹنے کے عمل میں باقی ماندہ ہائیڈروجن پراکسائڈ کے دُور کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

catalectic, a., n. (شاعری) خارجِ بحر ؛ بے وزن ؛ عروضی اعتبار سے خام یا نامکمل ؛ سکتہ دار ؛ ٹُوٹا پُھوٹا ؛ جس کے آخری مصرع میں ایک یا دو سببِ خفیف کا فُقدان ہو ۔

catalepsy, n. غشی ؛ سکتہ ؛ اعصابی بیماری جس میں عارضی طور پر قوّتِ ارادی اور حواس معطّل ہو جاتے ہیں اور رگ پٹھوں میں تناؤ پیدا ہو جاتا ہے ۔

cataleptic, a., n. بیہوش ؛ سکتے میں ۔

catalog, catalogue, n. کیٹیلاگ ؛ فہرست یا رجسٹر : خصوصاً ایسی فہرست جس میں حروفِ تہجّی کے اعتبار یا کسی اور قاعدے کے تحت نام لکھے گئے ہوں ؛ شُمار کی ہوئی اشیا کی باقاعدہ تنظیم و ترتیب جس میں بیانیہ تفصیلات درج ہوں ؛ کتاب یا کتابچہ جس میں ایسی فہرست دی گئی ہو ؛ اس فہرست کا متن یا مواد ۔(فعل متعدی) فہرست میں درج کرنا یا شامل کرنا ؛ کیٹلاگ کرنا ۔ (فعل لازم)فہرست کے سلسلہ میں کام کرنا ؛ کیٹلاگ ہونا ۔

cataloger, catalogist, n. فہرست مرتّب کرنے والا ؛ مرتّب ؛ کیٹلاگ ساز ۔

catalogical, catalogistic, a. کیٹلاگ کے انداز میں ؛ فہرستی ـ

cataloging, cataloguing, n. کیٹلاگ سازی ؛ فہرست سازی ـ

catalpa, n. کیٹلپا ؛ جنس کیٹلپا سے تعلّق رکھنے والا ایک سخت قسم کا آرایشی درخت جو ایشیا اور شمالی امریکا میں پیدا ہوتا ہے اور اپنے دِل کی شکل خُوبصُورت پتّوں نیز شوخ گُچّھے دار ، لانبے اور قرنا جیسے پُھولوں کی وجہ سے مشہور ہے ـ

catalysis, n. (کیمیا) عمل انگیزی : وہ اثر یا عمل جو ایک شے دوسری اشیا میں کیمیاوی تغیّر پیدا کرنے کے لیے کرتی ہے لیکن خُود تاثّر قبول نہیں کرتی ؛ اشخاص یا معاشرتی قُوّتوں کے درمیان حملان کی تحریک کے باعث پیدا ہونے والی تبدیلی (جیسے : a con- troversial book) ـ

catalytic, a. عمل انگیز ؛ حملان ؛ اس عمل کے متعلّق ؛ حاملانہ ؛ حملانی ـ

catalytically, adv. عمل انگیزی سے ؛ عمل انگیزانہ ـ

catalyst, n. (کیمیا) عمل انگیز ، تماسی عمل انگیز ؛ حملان ؛ کیمیاوی تبدیلی میں وہ مادّہ جو حاملانہ کردار ادا کرتا ہے ؛ حملاتی عامل ؛ وہ عامل جو خُود متأثّر ہُوئے بغیر اشخاص یا واقعات کے مابین عمل و ردّعمل میں تبدیلی کی تحریک پیدا کرتا ہے یا تبدیلی لائے ـ

catalytic converter, n. مبدّل عمل انگیز ؛ مُبدل حملان ؛ حملانی بدل گر : آٹوموبائل میں استعمال ہونے والا ایک آلہ جو فاسد گیس کو کیمیاوی طور پر غیر فاسد شے میں تبدیل کر دیتا ہے ـ

catalyze, v.t. عمل انگیزی کرنا ؛ کسی چیز پر حملاتی عمل کرنا ـ

catamaran, n. چوبی کشتی ؛ لکڑ ناؤ ؛ لکڑی کے کنی لٹھوں یا تختوں کو باندھ کر بنایا ہوا ایک تنگ ٹھاٹھر یا بیڑا ؛ دوہری کشتی ؛ دو کشتیوں کے ڈھانچوں کو متوازی باندھ کر بنائی ہوئی ایک کشتی ـ (بول چال) جھگڑالُو عورت ـ

catamite, n. کونی ؛ لڑکا جسے لواطت کے لیے رکھا جائے ؛ گانڈو ؛ لونڈا ـ

catamnesis, n. (طبّ) مریض نامہ ؛ رُودادِ مریض ؛ مریض کی بیماریوں اور علاج کی روداد (تاریخ) جو بیماری کے دوران یا شفایابی کے بعد تحریر کی جائے ـ بمقابلہ anamnesis ـ

catamount, n. پہاڑی بلّی ؛ catamountain کا مخفف ؛ بلّی کے خاندان کا جنگلی درندہ ، مثلاً تیندوا یا بَن بلاؤ ـ

catamountain, n. پہاڑی بلّی ؛ تیندوا ؛ جنگلی بلّیوں میں سے کوئی ایک مثلاً شمالی امریکا کا پیوما ، یورپی جنگلی بلّی یا چیتا ؛ بَن بلاؤ ـ

cataplane, n. منجنیقی طیّارہ ؛ ہوائی جہاز جو منجنیق کے ذریعے اُڑانے کے لیے بنایا گیا ہو ـ

cataplasia, n. (حیاتیات) تَشکلِ معکوس ؛ خلیوں یا رگ پٹھوں کے نسیج میں ایسی تبدیلی کہ وہ موجودہ شکل سے پہلے کی یا ابتدائی اِسٹیج کی شکل اختیار کر لیتے ہیں ؛ معکوسیّت ـ

cataplastic, a. معکوسی ـ

cataplasm, n. (طب) ضِماد ؛ لبخہ ؛ پُلٹس ؛ دوا کی لپڑی ؛ لیپ ـ

cataplexy, n. جذباتی بے ہوشی ؛ سکتہ ؛ جذباتی صدمہ کی وجہ سے رگ پٹھوں کی طاقت کا اچانک مگر عارضی تعطُّل ؛ اضمحلالِ ناگہانی ؛ مسمریزم کے ذریعہ طاری شُدہ نیند کی ایک شکل ؛ مَکر موت ؛ سکتۂ جذباتی ـ

catapult, n. فلاخَن ؛ منجنیق ؛ قدیم فوجی آلہ جس کے ذریعہ پتّھر/گولے پھینکے جاتے تھے ؛ ایک قسم کی مشین جو ، عموماً بحری جہاز کے عرشہ سے ، ہوائی جہاز کو تیز رفتار سے اُڑانے میں استعمال کی جاتی تھی ـ (برطانوی) گوپھن ـ

catapult, v.t. فَلاخَن یا منجنیق سے مارنا ، پھینکنا یا اُڑانا ـ

catapult, v.i. فَلاخَن یا مَنجنیق سے پھینکا ہوا یا اچھالا ہوا ہونا ـ

cataract, n. آبشار ؛ پانی کی چادر ؛ اونچی چٹان سے گرنے والا پانی کا بڑا آبشار ؛ پانی کا جھرنا ؛ پانی کا کوئی بھی شدید بہاؤ یا زور سے گراوٹ ؛ ضبطالۂ آبی ـ (امراض چشم) موتیا بند ، آنکھ کی بیماری جس میں عدسے پر پردہ چھا جانے کی وجہ سے دکھائی نہیں دیتا ؛ نزول الما ء ـ

cataractal, a. آبشاری ؛ موسلادھار ؛ موتیا بندی ـ

catarrh, n. (امراضیات) زُکام ؛ نزلہ ؛ ایک بیماری جس میں تنفّس کی نالی کے غشائے مخاطی یا لعابی جھلّی پر ورم آ جاتا ہے اور ناک سے بہت زیادہ ریشہ یا لعابی مادہ خارج ہوتا رہتا ہے ـ

catarrhal, a. زکامی ؛ نزلی ـ

catastasis, n. [سببِ انجام] ڈرامے کا کلائمکس : ڈرامے میں نزُولِ مصیبت یا بدانجامی سے پہلے کا حِصّہ جس میں عمل کی تیزی اور ہلچل اپنے عروج پر ہوتی ہے ؛ ڈرامے کا نقطۂ عُرُوج ـ

catastrophe, n. [تبدیلی ؛ انقلاب عظیم] عام تباہی ؛ کوئی بھی بے پناہ تباہ کُن واقعہ ؛ سخت بد قسمتی یا ناکامی ؛ سخت قسم کی اچانک اُتھل پُتھل خصوصاً سطح زمین کی ؛ آخری واقعہ یا انجام ؛ ڈرامے کا نقطۂ گریز یا تغیّر جو انجام کو سامنے لائے ـ

catastrophic, a. تباہ کُن ؛ قیامت خیز ؛ آشوبی ـ

catastrophically, adv. تباہ کارانہ ـ

catastrophism, n. (ارضیات) نظریۂ آشوبیّت ؛ نظریۂ ابتلائے عظیم ؛ حادثہ فاجعہ ؛ پہلے زمانے کا نظریہ جس کی رُو سے زمین پر تمام ارضیاتی تبدیلیاں اچانک اور شدید پُر آشوب طبعی یا مادّی اسباب سے ہوتی ہیں نہ کہ یکساں اور تدریجی عمل سے جو موجودہ زمانے کا تسلیم شدہ نظریہ ہے ـ

catatonia, n. کیٹے ٹونیا ؛ غشی ؛ سکتہ ، جسمانی تحرّک کے تعطّل کی حالت جس میں مرضی سے حرکت کرنے کی طاقت سلب ہو جاتی ہے ؛ سکتے کی حالت ـ (نفسیاتی علاج) بلاہت متبادرہ یا پراگندہ ذہنی کی اجتماعی علامات میں سے ایک علامت جس میں مریض کے رگ پٹّھے سخت ہو جاتے ہیں اور اُس پر وقفے وقفے سے بیہوشی/غفلت اور بیجان کی کیفیت طاری ہوتی رہتی ہے ـ بدحواسی ؛ پراگندہ ذہنی ـ

catatonic, a., n. بلاہتی یا کیٹے ٹونی کیفیت ؛ بلاہت یا کیٹے ٹونیا کا مریض ـ

catawba, n. کٹابا ؛ انگور ، انگوری شراب ؛ انگور کی ایک قسم جو اوہایو اور نیویارک میں کاشت کی جاتی ہے ؛ اس قسم کے انگوروں سے بنائی ہوئی معمولی یا جھاگ دار سفید شراب ؛ شمالی یا جنوبی کارولینا کے سیوآن انڈین لوگ ـ (صفت) گہرا ارغوانی سُرخ رنگ یا گہرا اُودا سُرخ رنگ ـ

catbird, n. گُربانک ؛ امریکی دُج ؛ امریکی طوطی ؛ سیاہ کلغی کا اور سیاہی مائل بُھورا امریکی خوش الحان پرندہ ، کیرولینا کا ڈیومیٹیلا (Dumetella) ، امریکی،نقلیں اُتارنے والے پرندے کے خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ (آسٹریلیا) گربہ مُرغ (Ailuroedus) سے تعلّق رکھنے والے پرندوں میں سے کوئی ایک ، جو بِلّی کی طرح بولتے ہیں۔

cat block, n. (جہاز رانی) مَرفاع لنگر ؛ بھاری چرخی کا حصّہ جس میں لنگر کو اٹھانے کے لیے آنکڑا یا ہُک لگا ہوتا ہے۔

catboat, n. (جہاز رانی) مرفاعی کشتی ؛ یک بادبانی کشتی ؛ چوڑے تختوں اور ہلکے ڈھانچے کی مسافر کشتی جس کے وسط میں بیٹھنے کی جگہ ہوتی ہے اور کافی آگے کی طرف ایک مستول ہوتا ہے جس کا لمبا چوڑا بادبان نیچے کی لمبی لکڑی اور اُوپر (بادبان کے) ایک سِرے سے دُوسرے سرے تک لگے ہوئے لٹھے سے پھیلایا ہوا ہوتا ہے۔

cat brier, n. چوب چینی ؛ سبز جھاڑی ؛ عُشبہ جنس (smilax) سے متعلّق کئی پودوں میں سے کوئی ایک جیسے سبز جھاڑی (green brier)۔

catcall, n. میاؤں ؛ تیز ''میاؤں'' کی آواز یا سیٹی جس سے ناپسندیدگی ، حقارت یا نفرت کا اظہار ہوتا ہو ؛ آلہ جس سے ایسی آواز پیدا کی جائے۔ (فعل متعدی) ''میاؤں'' کی آواز سے ناپسندیدگی کا اظہار کرنا۔ (فعل لازم) میاؤں کی آوازیں نکلنا۔

catch, v.t. پکڑنا ؛ گرفت میں لینا یا گرفتار کرنا (خصوصاً تعاقب کے بعد) ؛ پھانسنا یا دام میں لانا جیسے مچھلی کو جال میں ؛ لپکنا ؛ یکایک آ لینا ؛ بے خبری میں آ لینا یا پتا لگا لینا (جیسے : they caught him cheating) ؛ دبوچ لینا یا چھین لینا (جیسے : She caught the youngster by the collar) ؛ چُنگل میں پکڑنا یا اُلجھانا (جیسے : the barbed wire caught his trousers) ؛ راستے میں روک کر پکڑنا یا اچک لینا (جیسے : to catch a ball) ؛ حرکت کرتی ہوئی کسی چیز کو جا لینا یا پکڑنے کے لیے وقت پر پہنچنا (جیسے : to catch a plane,) ؛ رکھنا یا سنبھال لینا (جیسے : a barrel to catch rain) ؛ روکنا یا اچانک جا لینا (جیسے : to catch one's breath) ؛ چُھونا ، پہنچنا یا ضرب لگانا ، (جیسے : the blow caught his rib cage) ؛ متعدی بیماری میں مبتلا ہونا یا وہ بیماری لگا لینا (جیسے : to catch mumps) ؛ کسی چیز سے متأثّر ہونا یا کسی چیز کا شکار ہونا (جیسے : The leaves caught fire) ؛ بریکٹ سے روک لگانا یا کسی پکڑ سے باندھنا ؛ حواس یا ذہن سے کسی چیز کو گرفت میں لینا ، پہچاننا یا سمجھنا ؛ حاصل کرنا (جیسے : He catches votes with wild promises) ؛ جاننا ، مطلب تک پہنچنا ؛ سمجھنا (جیسے : To catch a person's meaning) کسی شخص کا مطلب سمجھنا ؛ رجھانا یا لبھانا (جیسے : Her smile caught his fancy) ؛ مختصر وقت کے لیے پانا یا دیکھنا (جیسے : He caught sight of his friend)۔

catch, v.i. چُنگل میں پھنسنا یا الجھاوے میں پڑنا ؛ سہارا لینا ؛ بندھ جانا۔ (بیس بال) گیند پکڑنے والے کی جگہ پر کھیلنا۔

catch up, حرکت کرتی ہوئی چیز کو جا لینا ؛ عموماً تاخیر کے بعد آخر کار کسی معیار پر پورا اُترنا یا اُس سے آگے بڑھ جانا ؛ بہت تگ و دو کے بعد جا لینا یا کام کا مکمّل کرنا۔

catch, n. گرفت ؛ پکڑنے کا عمل؛ کوئی بھی چیز جو پکڑتی ہو ، جیسے باندھنے یا حرکت روکنے کا آلہ؛ وہ جو پکڑی جائے ، جیسے مچھلی کی اک مقدار ؛ پکڑنے کے قابل کوئی چیز ؛ حاصل کردہ شے ؛ تاش کے کھیل کا انعام ؛ موٹی اَسامی(سے شادی)؛ سونے کی چڑیا ۔ (موسیقی) لپک ؛ گیت کا ایک ٹُکڑا ؛ ایسا نغمہ جس میں الفاظ کی ترتیب سے مضحکہ خیز تأثّر پیدا ہو ۔ (کھیل) ایک کھیل جس میں ایک کھلاڑی گیند دوسرے کھلاڑی کی طرف پھینکتا ہے ؛ زمین پر گرنے سے پہلے،بَلّے سے ماری ہوئی یا پھینکی ہوئی گیند کی گرفت ۔ (بول چال) کوئی چیز یا بات جس میں چالاکی یا خامی ہو۔

catch-22, n. متناقض صورتِ حال جس میں ایک عامل دوسرے عوامل کو کالعدم کر دیتا ہے یا ان کے عمل کو ناممکن بنا دیتا ہے ، عموماً بطور طنز مستعمل [ناول Catch – 22 مصنفہ جوزف ہیلر کے نام پر]۔

catchall, n. زنبیل ؛ تھیلا ؛ ٹوکری یا کوئی اور ایسی ہی شے جس میں متفرق چیزیں رکھ لی جائیں ؛ پٹاری۔

catch-as-catch-can, n. کُشتی لڑنے کا ایک انداز جس میں کمر سے نیچے بھی حملہ آور ہونے کی اجازت ہوتی ہے ؛ ملاکھڑا ۔ (متعلّق فعل) پیشگی منصوبہ بندی کے بغیر یا بلا سوچے سمجھے زندگی گزارنا ؛ کام کرنا یا بجا لانا۔

catch basin, n. خس گیر ؛ ایک ظرف یا جالی جو نالی یا بدرو کے مُنہ پر لگی ہوتی ہے تا کہ ایسی چیزوں کو آگے جانے سے روکے جن کی وجہ سے نالیوں کے نظام میں رُکاوٹ پیدا ہونے کا احتمال ہو۔

catch crop, n. زُودرو فصَل ؛ جلد بڑھ کر پھولنے پھلنے والی فصل جو بڑی فصلوں کے درمیانی وقفہ میں کاشت کی جاتی ہے یا جسے کسی بڑی فصل کے خراب ہونے کی صُورت میں متبادل کے طور پر بویا جاتا ہے۔

catcher, n. پکڑنے والا ؛ وہ شخص یا چیز جو پکڑے ؛ گیرندہ ۔ (بیس بال) وہ کھلاڑی جو بلّے باز کے پیچھے پھینکی ہوئی گیند پکڑنے کے لیے کھڑا رہتا ہے۔

catchfly, n. مکھّی چوس ؛ مگس گیر ؛ مکھّی پکڑ ؛ جنس وردہ یا حشیشۃ السراج (Lychnis) اور قرنفل (Silene) کی مُختلف اقسام میں سے کوئی ایک ، جس کے تنے اور کہامیہ پر لیس دار/ چپچپا مادہ نکل کر جمع ہو جاتا ہے جس سے کبھی کبھی چھوٹے چھوٹے کیڑے چپک جاتے ہیں۔

catching, a. متعدی (مرض) ؛ اُڑنی ؛ دِلکش ؛ اسیر حسن کرنے والی ؛ دل رُبا ؛ مسحُور کُن۔

catchment, n. طاس ؛ آب گیرہ ؛ پانی لینے کا عمل ؛ جوف میں لانے یا بہاؤ کا طریقہ (نظام) جس سے پانی کو جھیل یا تالاب میں اکٹھا کیا جا سکے۔

catchment basin, n. (طبیعیات ، جُغرافیہ ، برطانوی) آبگیری علاقہ/طاس ؛ وہ رقبہ یا علاقہ جو کسی دریا یا دریائی نظام کی حدود میں ہوتا ہے۔

catch on, v.i. سمجھنا ؛ ذہن میں لانا ؛ مقبول ہونا ؛ چل پڑنا ؛ چل نکلنا۔

catchpenny, n., a. زربٹور ؛ ملمّع دار ، بھڑک دار ؛ کم قیمت اور گھٹیا چیز جو محض جلد فروخت کرنے کے لیے بنائی گئی ہو ؛ پائیداری اور افادیّت کا لحاظ کیے بغیر بنائی ہوئی شے جو محض

بیچنے کے لیے ہو۔

catchpole, catchpoll, n. شِیرف (کوتوال) کا نائب اور قُرق امین جس کا فرض قرض نادہندہ کو گرفتار کرنا ہوتا ہے۔

catchup, n. دیکھیے : Ketchup ۔

catch weight, n. (کھیل ، خصوصاً کُشتی) رعایتی وزن ؛ معاہدے کی رُو سے مقرّر وزن کے برعکس مقابلہ کرنے والے کے وزن کو قبول کر لینے کی رعایت دہی۔

catch word, n. زبان زد ؛ تکیۂ کلام ؛ کلمۂ رہنما ؛ اکثر دُہرایا جانے والا لفظ یا فقرہ جو کسی خیال ، گروہ یا ایجاد کا نشان بن جاتا ہے ، جیسے کوئی سیاسی یا تشہیری نعرہ ؛ تَرک ۔ (طباعت) صفحہ یا کالم کے اُوپر لفظ جو اس صفحہ کی پہلی یا آخری مد/خبر/مضمون کی نشاندہی کرتا ہے ؛ پُرانے زمانے کی کتابوں میں صفحہ کا پہلا لفظ جو اس سے پہلے کے صفحے کے آخر میں چھپا ہو۔ وہ لفظ جو ڈرامے کے ایکٹر یا اداکار کے لیے کنایتاً ہدایت ہو ، لفظی اشارہ ۔

catchy, a. دلکش ، آسانی سے یاد آ جانے والی (جیسے a catchy tune) ؛ مُغالطہ انگیز یا چکر میں ڈال دینے والا ؛ چکر میں لے آنے والا (والی) (جیسے a catchy sales premium) ؛ مُتلوّن ، بے بھروسا یا بے اعتبار (جیسے a catchy wind) ۔

cat distemper, n. گُربہ تپ ؛ بلیوں کی بیماری جو ایک قسم کے زہریلے مادّے سے پیدا ہوتی ہے ، اس بیماری میں بُخار ہو جاتا ہے ، جلاب آتے ہیں اور خُون کے سفید خلیوں میں کمی واقع ہو جاتی ہے ۔

catechesis, n. مکالمہ ؛ سوال و جواب ؛ بپتسمہ سے پہلے عیسائی مذہب اختیار کرنے والوں کو دی جانے والی زبانی ہدایات ؛ "کچّی روٹی"۔

catechetic, catechetical, a. مکالماتی تدریس ؛ بذریعہ سوال و جواب طریقۂ تعلیم (بشمول مذہبی تعلیم) کے متعلق ؛ سوالاً جواباً ۔

catechism, n. سوال جواب نامہ ؛ مذہب کی زبانی ہدایت ؛ درس بذریعہ سوال و جواب ؛ ایک کتاب جس میں مذہبی اصول اور عقیدے (خصوصاً وہ اصول اور عقیدے جو ایک خاص کلیسا کے ہوں) سوال و جواب کی صورت میں درج ہوں ؛ جامع تلخیص ؛ دیگر موضوعات پر ایسی ہی کتاب ؛ امیدواروں سے کیے جانے والے باضابطہ سوالات کا سلسلہ ۔

catechismal, a. مکالماتی طریقۂ درس یا بحث کے مُتعلّق ۔

catechist, n. مکالماتی مدّرس ؛ وہ شخص جو عیسائیت کے طلبگاروں/امیدواروں کو مکالماتی یا سوال و جواب کے طریقے سے پڑھانے کی تربیت پر مامور کیا گیا ہو۔

catechistic, catechistical, a. مکالماتی ؛ سوالاً و جواباً ۔

catechistically, adv. مکالماتی طریقے سے ۔

catechize, v.t. سوال و جواب کے ذریعے (خصوصاً عیسائی تعلیمات کا زبانی) درس دینا ؛ (عقیدے کے حوالے سے) چُبھتے ہوئے سوال کرنا یا جرح کرنا ۔

catechization, n. درس بذریعہ سوال و جواب ؛ مذہبی جرح ۔

catechizer, n. بذریعہ سوال و جواب درس دینے والا ؛ مذہبی جرح کرنے والا ۔

catecholamine, n. کیٹے کولا مین ؛ اعصاب میں منتقل کی جانے والی مختلف دواؤں یا ہارمونوں میں سے کوئی ایک مثلاً ایپی نیفرین (epinephrine) یا ڈوپامین (dopamine) ۔

catechu, n. کتھا ؛ خُشک ، زمینی ، رال صفت تیز مادّہ جو گرم ایشیائی علاقوں کے مختلف درختوں کی لکڑی سے تیار کیا جاتا ہے اور ادویات ، رنگ سازی نیز چمڑا کمانے کے کام آتا ہے ؛ خوشبو دار گولی ؛ کاتِ ہندی ۔

catechuic, a. کتھئی ۔

catechumen, n. نوآموز ؛ نومرید ؛ نومسیحی ؛ وہ شخص جو کلیسا کی رکنیّت کے دائرے میں داخلہ یا شمولیت سے پہلے عیسائی مذہب کی بُنیادی تعلیم حاصل کر رہا ہو ؛ کسی بھی موضوع/علم کی مُبادیات یا بُنیادی اصولوں کی تعلیم پانے والا ۔

categorical, a. مثبت/صریحی (تجویز یا بیان) ؛ غیر مشروط ؛ بے لاگ ؛ مطلق ؛ قطعی ؛ کسی شرط کے بغیر ؛ بلا شرط ؛ کسی نوع کا یا اس کے متعلّق ۔

categorical syllogism, (منطق) قیاسِ مطلق ؛ قطعی قیاس ؛ ایسا منطقی استدلال جس میں مطلق یا قطعی بیانات ہوں اور کسی شرط یا مفروضے کا پہلو نہ ہو۔

categorically, adv. قطعی طور سے ؛ مطلقاً ۔

categorical imperative, امرِ مطلق ؛ حُکمِ مطلق ؛ قطعی حُکم ؛ ضمیر کا حُکمِ آخر ؛ جرمن فلسفی کانٹ کا اخلاقی قانون جس کی رُو سے کسی شرط (رُو رعایت یا استثنیٰ) کے بغیر ہر شخص پر یہ پابندی عائد ہوتی ہے کہ وہ وہی کرے جو وہ مماثل حالات میں دوسروں کے لیے کرنا لازم سمجھتا ہو۔

categorize, v.t. زُمرہ بندی کرنا ؛ گروہوں میں تقسیم کرنا ؛ زمروں میں ترتیب دینا ؛ عنوانات کے ذریعہ نشاندہی کرنا یا عنوان دے کر شناختی تخصیص بیان کرنا ؛ تخصیص کرنا ؛ مَدوار کرنا ۔

categorization, n. زُمرہ بندی ؛ گروہوں ، مدّوں ، درجوں یا زُمروں میں تقسیم ۔

category, n. زُمرہ ؛ درجہ ؛ وسقہ ؛ طبقہ ؛ مقولہ ؛ مقولۂ منطقی ۔ (منطق) بُنیادی تصوّرات میں سے کوئی ایک تصوّر جس کے مطابق یا جس پر کسی معلوم حقیقت کو منطبق ہونا چاہیے ؛ درجہ بندی میں کوئی بھی عام یا جامع تقسیم ؛ طبقہ ؛ گروہ ؛ جماعت ۔

catena, n. زنجیر ؛ سلسلۂ متواصل ، خصوصاً کلیسا کے پادریوں کی تحریروں سے اقتباسات کا سلسلہ ؛ مُسلسل ، سلسلہ وار ، مجهول زنجیرہ ۔

catenary, n. (ریاضی) زنجیرہ ؛ لیزہ ؛ لیزم ؛ وہ منحنی جو لچکیلے تار یا زنجیر کو دو نقطوں سے لٹکانے پر بنے جب کہ وہ دو نقطے ایک ہی عمودی خط میں نہ ہوں ۔ (صفت) زنجیرہ نُما ؛ زنجیری ؛ لیزہ نُما ؛ زنجیرے کے اس قسم جیسا یا اس سے متعلّق ۔

catenate, v.t. زنجیری بنانا ؛ زنجیر دار کرنا ؛ حلقوں یا گانٹھوں کے سلسلے میں جوڑنا ؛ کڑیاں ملانا ، مربوط کرنا ۔

catenation, n. حلقوں کا تسلسل ؛ تسلسلِ حلقات ۔

catenulate, a. زنجیر آسا ؛ شکل اور بناوٹ میں زنجیر کی طرح ؛ زنجیری ؛ مُسلسل ۔

cater, v.i. حاجت رفع کرنا ؛ حسبِ دِلخواہ بنانا ؛ خواہش کے مطابق استعمال کی اشیا ، ضیافتِ طبع یا تفریح کا سامان فراہم کرنا ؛ خاص توجُّہ دینا یا خیال رکھنا (جیسے : to cater to a sick person,) ؛ خوراک ، غذائی اشیا اور تفریح کا سامان بہم پہنچانا (بعد میں for لگاتے ہیں) ۔ (فعل متعدی) کھانا اور دوسری چیزیں فراہم کرنا (جیسے : to cater a dinner) ۔

caterer, n. حاجت رساں ؛ فراہم کُنندہ ؛ وہ شخص جو فراہم کرے ؛ غذا اور دیگر اشیا مُہیّا کرنے والا یا بہم پُہنچانے والا ؛ کسی حاجت یا خواہش کو پورا کرنے والا ۔

cateress, n. فراہم کرنے والی ؛ عورت جو کھانا وغیرہ مہیّا کرے ۔

caterpillar, n. سُنڈی/جھانجھا/سُرفہ ؛ فِصفِصہ ؛ لاروا ؛ تتلی ، پتنگے یا مشابہ مَکھیوں ، مثلاً آرامکھی کا لاروا یا بہل رُوپ ؛ گاڑی جیسے ٹینک ، جس کے پہیے دونوں طرف دھات کی پیٹی میں ہوتے ہیں اور یہ ترکیب اسے ہر طرح کی ناہموار ، سخت یا نرم زمین پر چلنے کے قابل بناتی ہے ۔

Caterpillar Club, n. کیٹرپِلر کلب ؛ ہوائی عملے کے ایسے اراکین کے لیے ایک غیرسرکاری کَلَب جو نقصان رسیدہ اور خراب شُدہ ہوائی جہازوں سے بذریعہ پیراشوٹ (ہوائی چھتری) اُترنے میں کامیاب ہوئے ہوں ۔

caterwaul, v.i. مستانہ میاؤں کرنا ؛ پُرشور اور ناگوار آوازیں نکالنا جیسے بلّی جنسی مستی کے دوران نکالتی ہے ؛ بلّی کی طرح چیخیں مارنا ؛ اونچی آواز سے بحث یا خطاب کرنا ؛ شوروغُل میں مُنہمک ہونا ۔ (اسم) جنسی مستی کے عالم میں بلّی کی چیخ ؛ کوئی بھی اُونچی اور بلّی کی آواز سے ملتی جُلتی چیخ ۔

catfish, n. [بلّی کے سر سے مشابہ ہونے کے باعث] گُربہ ماہی ؛ کوئی بھی بغیر کھپروں کی مچھلی ، مثلاً فراخ سر (bull head) یا رُودباری گُربہ (channel cat) ، بڑی جسامت کی جنسِ فراخ گربہ ماہی (Ostariophysi) اور اس کی ذیلی قسم جنس قرموط (Siluroidea) جو زیادہ تر میٹھے پانی میں پائی جاتی ہیں اور بڑے سر ، لانبے گل مُچھوں کی خصوصیات رکھتی ہیں ۔

catgut, n. تانت ؛ رُودہ ؛ زہ ؛ بھیڑ یا دوسرے جانوروں کی آنتیں ، خُشک اور بَل دی ہوئی جن سے سازوں کے تار بنائے جاتے ہیں ۔

Catharine wheel, n. دیکھیے : Catherine wheel ۔

catharsis, n. [تنقیہ ؛ صفائی] (طِب) اسہال ؛ جذبات کے اظہار کا موقع جو فن یا ڈرامہ (مثلاً ایشی لس یونانی ڈرامے) کی صورت میں فراہم کیا جائے ؛ نفسیاتی تجزیہ کے ترکیبوں ، مثلاً آزاد ارتباط کے ذریعہ دبے ہوئے احساسات کا اخراج ؛ کیتھارسس ؛ تصفیہ ؛ تنقیہ ؛ تزکیہ؛ تہذیبِ نفس ۔

cathartic, a. (طِب) دست آور ؛ مسہل ؛ مُلیِّن ؛ معدے کی صفائی سے متعلق ۔ (اسم) جُلّاب ؛ اسہال ؛ سِنائی تیزاب ۔

Cathay, n. کیتھے ؛ خَتا ۔ چین کا شاعرانہ نام ۔

cathead, n. (جہاز رانی) مرفاع لنگر ؛ لنگر گیر ؛ لنگر بند ؛ مضبوط شہتیر جو جہاز کی اگواڑ کے اُوپر سے آگے کی طرف نکلا ہوا ہو جس کے ساتھ لنگر بندھا ہوتا ہے ۔

cathedra, n. [مسندِ اُستاد ؛ مَنصبِ اُستاد] تختِ اُسقف ؛ بڑے گرجے یا تعلُّقہ کے اُسقفی کلیسا میں بشپ یا اُسقف کا تخت یا مسند ۔

cathedral, n. بڑا گرجا ؛ کلیسائے اُسقف ؛ کلیسائے کُبریٰ ؛ بشپ کے تعلُّقہ میں بڑا گرجا جس میں بشپ کی مَسند یا تختِ اُسقف ہوتا ہے ؛ غیر اُسقفی فرقے یا نظام کے علاقے میں اہم گرجا ۔ (صفت) بشپ کی مسند یا تخت سے متعلّق ۔

cathedraled, a. کیتھیڈرل یا کلیسائے کبریٰ رکھنے والا (مقام) ؛ کیتھیڈرل کی طرح ۔

Catherine wheel, n. [اسکندریہ کی سینٹ کیتھرین کے نام پر جس کو دندانے دار پہیّے سے اذیّت دینے کی سزا دی گئی تھی] کیتھرین پہیّہ ؛ پہیّہ کھڑکی ؛ اصلاً وہ پہیّہ جس میں اذیّت دینے کی غرض سے برچھی پھل لگے ہوئے تھے ؛ چلتے ہوئے پہیّے کی طرح گھومنے والی آتش بازی ؛ چکر ؛ سوئی پر گھومنے والا چکر ؛ سورج مکھی کھڑکی ؛ سورج مُکھی چرخی ؛ پہلو کی قلابازی ؛ کروٹ کی قلابازی ۔

catheter, n. (جرّاحی) کیتھیٹر ؛ قسطر ؛ قثطر ؛ قاساطیر ؛ ایک خالی نلکی جسے جسم میں ڈال کر رقیق مادّہ ڈالا یا نکالا جاتا ہے ، یہ نلکی عموماً مثانے میں رُکے ہوئے پیشاب کو نکالنے کے لیے ڈالی جاتی ہے؛ پیشاب نکالنے کی سلائی یا نلکی ۔

catheterize, v.t. قثطرت کرنا ؛ قسطر لگانا؛ نلکی سے پیشاب نکالنا ۔

catheterization, n. قثطرت ؛ قسطرت ؛ نلکی سے رقیق مادّہ نکالنے یا ڈالنے کا عمل ؛ نلکی سے پیشاب نکالنے کا عمل ؛ قاساطیری عمل ۔

cathexis, n. قدر ارتکاز ؛ رکمہ ؛ معمول میں نفسیاتی قُوّت کو ایک راہ پر ڈالنے کا عمل ۔

cathode, n. (کیمیا ، طبیعیات) منفیرہ ؛ کیتھوڈ ؛ زیر برقیرہ ؛ برقی پلیٹ کے سیل (خانہ) کا منفی سرا ؛ ذخیرہ بیٹری کا مثبت سرا جس سے مثبت برقی رو جاری ہوتی ہے ؛ برقیّہ (الیکٹرون) نلی میں برقیّات خارج کرنے والا برقیرہ ؛ روکا منفی قطب ۔

cathode ray, n. منفیری شعاع ؛ منفی شعاع ؛ برقیّات کی رو جو خلادار نلی میں زیر برقیرہ (منفیرہ) سے زَبَر برقیرہ (مثبیرہ Anode) کی طرف بڑھتی یا جاتی ہے ۔

cathode ray tube, n. منفیری شعاع نلی ؛ منفی شعاعوں کی نلی ؛ ایک خاص قسم کی خلا دار نلکی جو فلوری پردے پر ڈالی ہوئی زیر برقیرہ یا منفیرہ شعاعوں کی رو کو استعمال کرتی ہے ، فلوری پردہ برقیّات کے لمس سے فلوری یا شفّاف کیا جاتا ہے ، یہی نلکی مختلف شکلوں میں ٹیلی وژن کی تصویری نلکی اور اہتزاز نُما یا منفی شعاعی اہتزاز نگار کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

catholic, a. ہمہ گیر ؛ بے تعصّب ؛ عالمگیر ؛ عام ؛ تمام لوگوں کے مفاد اور مطلب کی ، سب کی ہمدردیوں کی اہل ؛ وسیع الخیال ؛ روا دار و بے تعصّب ۔ (کلیسیات) جُملہ عیسائی امت یا کلیسا کی یا اس کے متعلق ؛ کُل عالمِ عیسوی ؛ راسخ الاعتقاد یا کٹّر عیسائی ؛ رومن کیتھولک مذہب کا پابند ۔ (بڑے C سے) کلیسائے روم ، رومن کیتھولک چرچ یا اس کے متعلّق ؛ مغربی کلیسا یا اس کے متعلّق ؛ خصوصاً وہ عیسائی جماعت یا اس کے متعلّق جو قدیم غیر منقسم

عیسائی کلیسا کی ترجمان یا نمائندہ ہو۔

Catholic, n. کیتھولک ؛ کیتھولک کلیسا کا رکن ، خصوصاً رومن کیتھولک کلیسا کا رکن۔

catholicate, n. ارمنی (آرمینی) رئیس کلیسا کا تعلّقہ ، حلقۂ عمل یا مقامِ اقتدار۔

Catholicism, n. کیتھولک مذہب ؛ کیتھولک کلیسا ، خصوصاً رومن کیتھولک چرچ کے اعتقادات ، نظام اور رسوم ۔ (چھوٹے c کے ساتھ) وسیع المشرب یا عالمگیر ہونے کی حالت ؛ کٹر عیسائی پن ؛ کیتھولک مذہب کے معاملے میں راسخ الاعتقادی ؛ وسیع المشربی۔

catholicity, n. وسیع المشرب یا عالم گیر ہونے کی حالت ، صفت یا خصوصیّت ؛ وسیع الخیالی ، کُشادہ دلی ؛ عمومیّت ؛ کُلیّت ؛ ہمہ گیریّت ؛ جامعیّت ؛ وسیع المشربی ؛ رواداری ؛ کیتھولک یا رومن کیتھولک مذہب پر اعتقاد۔

catholicize, v.i. وسیع المشرب یا عالمگیر بننا یا ہونا۔ (بڑے C کے ساتھ) کسی کو کیتھولک ، خصوصاً رومن کیتھولک بنانا۔

catholicon, n. اکسیراعظم ؛ تریاق ؛ تمام بیماریوں کا واحد علاج ؛ ہر مرض کی دوا ؛ امرت دھارا۔

catholicos, n. غیر یونانی مشرقی کلیسا جیسے ارمنی (آرمینی) کلیسا کا رئیس۔

cation, n. (طبعی کیمیا) منفیری رواں ؛ برق پاشی کے دوران منفیرہ یا کیتھوڈ سے علیحدہ/آزاد ہونے والا جُز ؛ مثبت برق پارہ یا آئن۔

cationic, a. منفیری رواں یا مثبت برق پارہ/آئن سے متعلق یا مثبت برق پارہ دار ؛ یہ لفظ خصوصاً ایسے مصفی ترکیبی عامل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جو غیر معمولی جراثیم کُش خصوصیّت کا حامل ہوتا ہے۔

catkin, n. آویزہ ؛ بیدمجنوں ؛ گربہ دُم ؛ بربریہ ؛ بید ، غوش ، سندر یا فندق کے جھمکے دار ، میخی یا سوزنی پھول جو بلّی کی دُم سے مشابہ ہوتے ہیں ؛ صنوبر وغیرہ کا غُنچہ یا پُھول۔

catkinate, a. بربری ؛ جُھمکے دار یا سوزنی ؛ بلّی کی دُم سے مشابہ ؛ گربہ دُم۔

catmint, n. دیکھیے : catnip ـ

catnap, n. قیلولہ ؛ اُونگھ ؛ مختصر وقفہ کی ہلکی نیند یا جھپکی ؛ قلیل اِستراحت ؛ بلّی کی سی اُونگھ ۔ (فعل لازم) مختصر وقفہ کی جھپکی لینا ؛ اُونگھنا؛ تھوڑی دیر سونا۔

catnip, catmint, n. سُنبلِ برّی ؛ پودینے کی قسم یا جنسِ نعناع (Nepeta cataria) کا نیلے پُھولوں والا پودا جس کی خُوشبودار پتّیوں کی بلّیاں بہت شوقین ہوتی ہیں۔

cat-o'-nine-tails, n. گانٹھ کوڑا ؛ کیت دُرّہ ؛ دستے دار تازیانہ یا کوڑا جو گانٹھ دار سوت کی نو ڈوریوں سے بٹ کر بنایا جاتا ہے ، یہ کوڑا بطور سزا مجرموں کی ننگی پیٹھ پر مارا جاتا ہے۔

catoptric, a. عکسیاتی ؛ آئینے کی شعاع وقوع یا انعکاس سے متعلّق۔

catoptrics, n. عکسیات ؛ علمِ مناظر و مرایا ؛ عِلمُ النُور کی وہ شاخ جو شعاعِ واقع اور منعکسہ کی صفات اور خصوصاً آئینوں یا صیقل شُدہ اجسام سے انعکاسِ نُور کی صفات کی تشریح و وضاحت کرتی ہے۔

catoptrically, adv. عکسیاتی انداز میں۔

cat rig, n. (جہاز رانی) مرفوعی سامان ؛ یک بادبانی کشتی کا سازوسامان (مستُول ، رسّے ، بلّیاں وغیرہ) ؛ کشتی کا سامان بشمول مستولِ واحد جو کافی آگے کی طرف نصب ہوتا ہے اور جس پر نیچے کی طرف لمبی لکڑی اور اُوپر ایک طویل شہتیر سے پھیلایا ہوا بڑا بادبان ہوتا ہے۔

cat-rigged, a. مرفوعی ؛ یک بادبانی کشتی کے سے سازوسامان کے ساتھ۔

cats and dogs, n. (عوامی) کم قیمت سٹہ بازی کے تخمینی قدروقیمت والے ذخائر ؛ متفرق باقیّات یا اشیا ، جیسے اَن بِکے مال کی بچی کھچی چیزیں ۔ (متعلق فعل ، عوامی) شِدّت سے یا بہت زور سے (جیسے : موسلادھار : to rain cats and dogs) ۔

CAT scanner, n. کیٹ منظر نُما ؛ کیٹ سکینر ؛ ایک لاشعاعی آلہ جو جسم کے مختلف طبقات کا منظر پیش کرنے کے لیے کمپیوٹر کے ذریعے محوری عکاسی کرتا ہے ؛ کمپیوٹر سے آراستہ لاشعاعی منظر نُما آلہ۔

cat's cradle, n. چڑی پنجہ ؛ بچّوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچّے کے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر بنائے ہوئے ڈوری کے پھندے دوسرے بچے کے ہاتھوں پر اس طرح منتقل کیے جاتے ہیں کہ پھندوں کی ایک مختلف شکل بن جاتی ہے۔

cat's-eye, n. چشمِ گُربہ ؛ بابا غوری (پتّھر) ؛ سخت اور نیم شفّاف قسم کا سنگِ مُردہ (صَوان) جو بلّی کی آنکھ کی طرح مختلف رنگوں کو منعکس کرتا ہے یا ان کی جھلک دیتا ہے ؛ دھات یا شیشے کا عکاسِ نُور جو بائیسکل یا شاہراہ کے نشانات پر لگایا جاتا ہے تا کہ رات کے وقت جگہ/مقام کی صحیح نشاندہی ہو سکے۔

cat's-foot, n. لتّا ؛ زمینی بیل ؛ زمین پر پھیلنے والے ایک پودے کی بیل ؛ اینٹے ناری نیوڈیو کا (Antenaria neodioca) یا جنس اینٹے ناریا (Antenaria) سے متعلّق کوئی پودا۔

cat's-paw, cats-paw, n. آلۂ کار ؛ پنجۂ گُربہ ؛ وہ شخص جسے احمق بنا کر بطور آلۂ کار استعمال کیا جائے ؛ یہ لفظ اس قصے کی تلمیح ہے جس میں بندر نے آگ سے جوز (شاہ بلوط کا پھل) نکالنے کے لیے بلّی کا پنجہ استعمال کیا تھا ۔ (جہاز رانی) ہلکی ہوا جس سے ساکت پانی کے محدود حصّے میں ہلکورے پیدا ہوں۔

catsup, n. دیکھیے : Ketchup ـ

cat swing, cat train, n. (کینیڈا) بلّی جُھولا ؛ بلّی گاڑی ؛ ایک دوسرے سے جُڑی ہوئی برف گاڑیوں کا گروپ جسے کیٹرپلر ٹریکٹر کھینچتا ہے ، یہ طریقہ سرد موسم میں مُنجمد ہموار دلدلی علاقوں پر سامان کی نقل و حمل کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

cattail, reed mace, n. ناگرموتھا ؛ نم گیاہ ؛ نرسل کی مانند لمبا دلدلی پودا ، جنسِ فراخ برگہ نرسل (Typha latifolia)، اس کے پھول لانبے ، گُچھّے دار اور اسطوانی نکیلے ہوتے ہیں ؛ اسی جنس کے دوسرے پودے ؛ جُھمکے دار یا گُربہ دُم پُھول۔

cattalo, catalo, n. کتالو ؛ ایک مضبوط سخت جان دوغلا جانور جو پالتو مویشی اور امریکی بھینسے کے اختلاط سے جنم لے۔

cattiness, n. گربہ خوئی ؛ گربہ صفت ہونے کا رُجحان یا خصوصیّت ؛ کِینہ ؛ بُغض ؛ بدباطنی۔

cattle, n. ڈھورڈنگر ؛ پشُو ؛ مویشی ؛ بیل جیسے پالتو چوپائے بشمول گائے ، بیل اور بچھڑا۔ (عوامی) انسان کے لیے مضحک یا حقارت آمیز اِصطلاح۔

cattleman, n. گڈریا ؛ چرواہا ؛ مویشی پال ؛ مویشی کی پرورش یا دیکھ بھال کرنے والا۔

cattleya, n. [انگریز ماہر نباتیات ولیم کیٹلی کے نام پر] کیٹلیا ؛ امریکی گرم علاقوں میں پیدا ہونے والا ثعلبیہ جنس کا کوئی بھی پودا جس کی خصوصیّت یہ ہے کہ اس کا ستونی زیرہ کُلاہ نُما پھول سے ڈھکا ہوا ہوتا ہے۔

catty, n. کیٹی ؛ وزن کی اکائی جو تقریباً ۱ ۱/۳ پونڈ کے برابر ہوتی ہے اور چین نیز جنوب مشرقی ایشیا میں مستعمل ہے۔

catty, a. گربہ خو ؛ بلّی جیسی کسی بھی خصوصیّت کا حامل ؛ گربہ صفت ؛ کٹیلا ؛ کاٹ والا (جیسے : a catty remark) ؛ ایسی فقرہ بازیوں پر مائل ؛ پھبتی باز۔

cattily, adv. گربہ خوئی سے ؛ بلّی کے سے انداز یا طریقے سے۔

catty-corner, cathy-cornered, kitty-corner, kitty-cornered, cater-corner, cater-cornered, a., adv. (بول چال) ترچھا ؛ آڑا ؛ ترچھا رکھا ہوا یا ترچھا دوڑتا ہوا۔

catwalk, n. بہت تنگ راستہ ، مثلاً پُل کے متوازی ، ریل مال گاڑی کے ڈِبّہ کی چھت پر یا کسی دشوار گزار علاقے کے اوپر یا ارد گرد۔

Caucasian, a. کاکیشیائی ؛ قفقازی ؛ کوہ قافی ؛کوہ قاف کا یا اس سے متعلّق ؛کوہ قاف ، یورپ اور ایشیا کے درمیان ، بحیرۂ اسود سے بحیرہ کیسپیئن تک پھیلا ہوا سلسلۂ کوہ ؛ بلحاظ خدوخال سفید فام نسل سے متعلّق ؛ سفید نسل کا ؛ ہندی ، یورپی نسل کا۔ (اسم) کوہ قاف کا پیدایشی ؛ کوہ قافی نسل کا رُکن ؛ قفقازی۔

Caucasoid, a., n. قفقازی النّسل۔

caucus, n. کوکس ؛ ریاستہائے متحدّہ امریکا میں سیاسی جماعت کے اراکین کے کسی گروہ کا اجلاس جو امیدواروں کی نامزدگی اور کنونشن کے لیے اراکین وفد کے انتخاب کی غرض سے منعقد کیا جائے ؛ ایک ہی جماعت سے تعلّق رکھنے والے اراکینِ مقنّنہ کا جلسہ جو مجلس میں اُن کا لائحۂ عمل طے کرنے کے لیئے منعقد ہو۔ (برطانوی) سیاسی جماعت کے اندر ایک کمیٹی یا تنظیم جو اس جماعت کے معاملات پر اختیار رکھتی ہو۔

caucus, v.i. کوکس اجلاس بلانا یا منعقد کرنا۔

caudad, adv. (تشریح الاعضا) ذَنَب رُخ ، ذَنَب رویہ ؛ دُم رَویہ ؛ دُم کی طرف ، جسم کے نچلے سرے کی جانب۔

caudal, a. (تشریح الاعضا، حیوانیات) ذنبی ؛ دُمی ؛ دُم رخا ؛ دُم کا ، دُم پر یا دُم کے قریب ؛ دُم کی طرح ؛ دُم سا ؛ دُم کی مانند۔

caudal anesthesia, caudal analgesia, n. ذَنَبی مخدر ؛ نچلی ریڑھ یا پیڑو کی ہڈّی کے پاس سُن کرنے والی دوا کے انجکشن کی وجہ سے جسم کے نچلے حصّے میں درد سے بے حسی۔

caudate, caudated, a. دُم دار یا دُم جیسی ملحقہ شے والا جیسے دُم چھلّے والا ؛ ذُو ذَنَب۔

caudation, n. دُم داری ؛ دُم یا دُم چھلّا رکھنے کی حالت۔

caudex, n. (نباتیات) تنا ؛ ساق ؛ سرحرام مغز ؛ درخت کی مستقل بُنیاد ، بشمول جڑ اور تنا ، جس کے باعث ہر سال نئی نمو ہوتی ہے ، جیسے کھجور کی نئی شاخیں ، درختوں کے نئے اکھوے یا سرخس۔

caudillo, n. کوتھیلیا ؛ ہسپانوی یا لاطینی امریکا کا سیاسی رہنُما یا سربراہِ ریاست جسے ذاتی طور پر فوجی/عسکری حمایت حاصل ہو۔

caudle, n. ولایتی حریرہ ؛ انگریزی اچھوانی ؛ ایک قسم کا گرم مشرُوب جو شراب میں مسالے اور قند ملا کر نیز کبھی کبھی انڈے ، دلیا یا روٹی کا اضافہ کر کے بنایا جاتا ہے ، یہ مشروب بیماروں یا زچّہ عورتوں کو دیا جاتا ہے۔

caudle cup, n. دو دستہ ظرف ؛ برتن یا پیالہ جس کے دو دستے اور اوپر ڈھکّن ہوتا ہے۔

caul, n. شبکہ ؛ بال جالی ؛ ایک قسم کی جالی دار ٹوپی جو پہلے عورتیں پہنا کرتی تھیں ؛ جالی جو عورت کی ٹوپی یا ہیٹ میں اندر کی جانب لگی ہوئی ہو ؛ جھلّی جو آنتوں کے کچھ حصّے پر چڑھی ہوتی ہے ؛ غشا امعا ؛ ثرب/پیڑو کے پردے کی تہ ؛ غلاف جنین یا رحم میں نمو یافتہ جنین پرچھائی ہوئی جھلّی کا حصّہ جو کبھی کبھی پیدایش کے وقت بچّے کے سر پر بھی لپٹی ہوتی ہے ؛ غلافِ سرِ جنین ؛ فاقیا۔

cauldron, caldron, n. دھات کی بنی ہوئی بڑی کیتلی یا اُبالنے کا بڑا برتن ؛ دیگ ؛ کڑھاؤ ؛ کڑاہ ؛ ہنڈا۔

cauliflower, n. گوبھی ؛ پھول گوبھی ؛ گوبھی کے خاندان کا ایک پودا جس کا سفید پھول بطور ترکاری کھایا جاتا ہے ؛ یہ پھول بڑا ، گھنا اور گُتھا ہوا ہوتا ہے۔

cauliflower ear, n. ساقدارکان ؛ کان کی بدہیئتی ؛ زخموں کی وجہ سے کان کے بیرونی حصّے کی بگڑی ہوئی شکل کیونکہ مسلسل ضربیں/چوٹیں کھانے سے رگ پٹھوں کے نسیج اُبھر آتے ہیں۔

caulk, calk, v.t. درز بندی کرنا ؛ جوڑ میلنا ؛ رخنہ بندی کرنا ؛ پانی کے رسنے کو روکنے کے لیے جہاز یا کشتی کی درزوں کو پُرانی رسّی کے سن یا کسی اور مادّے سے بھرنا ؛ ٹنکی ، کھڑکی ، پانی اُبالنے کے برتن وغیرہ کی درزوں کو بھرنا یا بند کرنا تاکہ وہ پن روک ، ہوا روک اور بھاپ روک وغیرہ ہو جائیں ؛ درز یا جوڑ کا بھرنا یا بند کرنا۔

caulker, calker, n. درز بند ؛ رخنہ بند ؛ جہازوں وغیرہ کی درزیں بھرنے یا بند کرنے والا۔

causal, a. سبب یا اسباب کے متعلّق ؛ علّت یا علل کا پہلو لیے ہوئے ؛ سبب یا اسباب کا حامل ، مشتمل ؛ مرکّب ؛ ملوّث ، مظہر یا مسبّب ؛ سببی ؛ علّتی یا موجب۔ (اسم) ایسا فعل جو کسی شخص یا چیز سے کوئی کام کرانے کے بارے میں ظاہر کرے (جیسے fell ، کسی کو گرانے کے معنوں میں)۔

causally, adv. موجبانہ ؛ مُسبّبانہ ؛ ازروئے علّت ؛ سببی طریقے سے ؛ علّت و معلول میں تعلّق پیدا کرتے ہوئے ؛ بطور سبب

عمل کر کے ۔

causality, n. علیّت ؛ مُوجبیّت ؛ علاقۂ عِلّت و معلول ؛ سببیّت ؛ مُسبَّب ہونے کی حالت ؛ سبب کی حیثیت سے عمل کرنے کی حقیقت ؛ اپنی اثر آفرینی میں عِلّت کا عمل اور طاقت ؛ یہ نظریہ یا اصول کہ ہر معلول/اثر میں عِلّت/سبب کی موجودگی یا اس کا عمل مضمر ہوتا ہے ۔

causation, n. تسبیب ؛ تعلیل ؛ اثر آفرینی کا وسیلہ یا عمل ؛ عِلّت و معلول یا سبب اور اثر کے درمیان ربط کا نظریہ ۔

causative, a. مُسبّب ؛ سبب یا باعث ہونے والا ؛ بطور سبب یا عامل اثر کرنے والا (ان معنوں میں اکثر of کا لاحقہ ضروری ہوتا ہے) ۔ (گرامر) سبب یا وجہ کا مظہر ؛ سببی ؛ عِلّتی ۔ (قانون) غرض ؛ بنائے دعویٰ ؛ مقدّمہ ۔ (اسم) لفظ جو وجہ یا سبب ظاہر کرے ۔

causatively, adv. مُسبّبانہ ؛ سبّب ظاہر کرتے ہوئے ۔

cause, n. سبب ؛ عِلّت ؛ باعث ؛ وجہ ؛ غرض ؛ وہ جو اثر پیدا کرے ؛ وہ جو تبدیلی لائے ؛ وہ جس سے کوئی چیز جاری ہو اور جس کے بغیر اُس چیز کا وجود قائم نہ رہ سکے ؛ وہ سبب یا محرّک جو ذہن کو کوئی خاص عمل یا فیصلہ کرنے پر مجبور کرے یا تحریک میں لائے ؛ نصب العین یا مقصد جسے کوئی فرد یا جماعت اپنائے اور اس کے لیے کام کرے ؛ موضوع جرح و بحث ؛ قضیّہ ؛ مفاد ؛ معاملہ ؛ کام ؛ کسی مسئلہ کا وہ پہلو یا مقصد جس کے لیے کوئی شخص یا جماعت کوشاں ہو ۔ (قانون) عدالت میں مقدّمہ یا کارروائی ؛ کوئی بھی قانونی کارروائی جو ایک فریق اپنا مطالبہ منوانے یا اپنے حقوق حاصل کرنے کے لیے شروع کرتا ہے ۔

causeless, a. بے عِلّت ؛ بلاوجہ ؛ بے جواز ؛ بے سبب یا اثر پیدا کرنے والے عامل کے بغیر ؛ خود اجرا ؛ ناآفریں ؛ جائز وجہ ، مقصد یا سبب کے بغیر ۔

cause, v.t. سبب بننا ؛ ایجنسی کے ذریعے اثر پیدا کرنا ؛ بروئے کار لانا ؛ کسی (شخص ، چیز یا واقعہ) کا موقع ہونا ؛ پیدا کرنا یا بنانا ؛ کروانا ؛ ایجاد کرنا ؛ سبب بنانا ؛ باعث بنانا ؛ موجب بنانا ؛ ظہور ، عمل یا وقوع میں لانا ؛ بروئے کار لانا ؛ برپا کرنا ؛ اُٹھانا ؛ مچانا ؛ نتیجہ برآمد کرنا ؛ لگانا ۔

causer, n. وہ شخص ، چیز یا واقعہ جو مسبّب ہو ؛ پیدا کرنے والا ؛ موجب ؛ باعث ؛ برپا کرنے والا ؛ موجد ۔

cause celebre, n. مناقشہ ؛ مسئلۂ متنازع فیہ ؛ قانونی مقدّمہ یا کوئی اور بحث طلب اور متنازع مسئلہ جو عوام کی توجہ اپنی طرف مبذول کرے اور جس کے باعث جذبات برانگیختہ ہوں ؛ ہنگامہ آرا قیل و قال ؛ وجۂ تنازُع ۔

causerie, n. بات چیت یا گپ شپ؛ غیر رسمی گفتگو یا تحریری مضمون ۔

causeway, n. سنگ بست رستہ ؛ رصیف؛ وہ سڑک یا راستہ جو دلدلی ، آبی یا مرطوب جگہ پر پتّھروں ، مٹّی اور لکڑی کے لٹّھوں کی بھرائی کر کے زمین کی عام سطح سے اوپر اٹھا کر بنایا گیا ہو ؛ اُونچی اُٹھی ہوئی فرشی گزرگاہ ؛ بلند راہ ؛ خُشک راہ ؛ پیدل راستہ ؛ پل کے سروں کی اُونچی سڑک ؛ سڑک کے کنارے پیدل چلنے والوں کے لیے رستہ ۔ (فعل متعدی) کسی کے لیے سنگ بست رستہ بنانا ؛رصیف بنانا ؛ راستہ بنانا جیسے فرشی سڑک ۔

causey, n. (برطانوی) سنگ بست رستہ ؛ رصیف ؛ پُل کے اوپر اُونچی سڑک ۔

caustic, a. کھارا ؛ کاوی ؛ سوزندہ ؛ حیوانی نسیج کو جلانے ، کھانے یا تباہ کرنے کے قابل جیسے کاسٹک سوڈا ، سوڈیم ہائیڈرآکسائڈ ؛کاسٹک پوٹاش ؛ پوٹاشیم ہائیڈرا آکسائیڈ ۔ (مجازاً) سخت تنقیدی یا طنزیہ ، جلی کٹی ؛ طعن آمیز ؛ طنز آمیز ۔ (اسم) سوزش ناک ، حارق اور کاوی مادّہ ، جیسے سوڈیم ہائیڈرآکسائڈ یا کاسٹک سوڈا ؛ کھار ۔

caustically, adv. طعن آمیزانہ ۔

causticity, n. سوزش کی صفت ؛ کاویّت ؛ تیز و تُرش مزا ؛ شدید طنز ؛ حدت ؛ حرق ؛ طنز ۔

caustic, n. (بصریات) وہ منحنی جس کی طرف جُملہ روشنی کی شعاعیں ایک واحد نقطے سے نکل کر اور مجوّف سطح سے منعکس ہو کر خط مماس بن جائیں ۔ (طبیعیات ، ریاضی) کسی منحنی سطح سے انعکاس یا انعطاف کے بعد منعکس یا منعطف شعاعوں سے بنی ہوئی سطح یا منحنی کا آتشی خط یا منحنی ؛ آتشی منحنی ۔

caustic surface, caustic curve, اتشی سطح ؛ کاوی سطح ؛ منحنی جو ایسی سطح کے حصّے نے بنایا ہو ۔ (صفت) مندرجہ بالا منحنی سے متعلق ۔

caustic soda, n. (کیمیا) کاوی سوڈا ؛ کھار ؛ کاسٹک سوڈا ؛ سوڈیم ہائیڈرآکسائڈ ۔

cauterization, n. (جرّاحی) جلانے یا داغنے کا عمل یا اثر ؛ گرم لوہے سے داغنے کا عمل ؛ جوف سازی ؛ تجویف ؛ چرکہ ؛ داغ ؛ گُل ۔

cauterize, v.t. داغنا؛ آگ ، گرم لوہے یا تیزابوں سے علاج معالجے (مفید کاموں) کے لیے جلانا یا داغنا ؛ داغ یا گُل دینے کے آلہ سے یا گرم لوہے سے داغ یا گُل دے کر علاج کرنا ؛ داغ دینا ؛ پچھنا ۔

cautery, n. داغ ؛ گُل ؛ بیمار نسیجِ بدن کو گرم لوہے یا سوزشی مادے سے جلا دینے کا عمل ؛ وہ آلہ یا کیمیائی مادّہ جس سے داغا یا جلایا جائے ۔

caution, n. تنبیہہ ؛ اِنتباہ ؛ ہدایت ؛ ہوشیاری ؛ خبرداری ؛ احتیاط؛ چوکسی ؛ پیش بندی ؛ حفظِ ماتقدُّم ؛ تحفُّظ ؛ حذر ؛ خطرے کے پیش نظر ہوشیاری ؛ خطرے کے خلاف نگرانی ؛ پیش بینی یا چوکسی ؛ اقدامِ تحفظ ؛ خبردار یا متنبّہ کرنے کا عمل ؛ تاکید ۔ (عوامی) حیرت میں ڈالنے والا کوئی شخص یا چیز ۔

caution, v.t. خطرے سے آگاہ کرنا ؛ خبردار یا مُتنبّہ کرنا ؛ ہوشیار رہنے کی تلقین کرنا ؛ ہوشیار کرنا ؛ کان کھولنا ؛ نصیحت کرنا؛ منع کرنا ۔ (فعل لازم) نصیحت پانا ؛ متنبّہ ہونا ۔

cautionary, a. تنبیہی ؛ ہدایتی ؛ تاکیدی ؛ نصیحت آمیز ؛ خطرے سے بچنے کے لیے احتیاطی یا تنبیہی (بات یا پیغام) ۔

cautious, a. عاقبت اندیش ؛ بیدار مغز ؛ محتاط یا مُظہرِ احتیاط ؛ ہوشیار ؛ چوکنا ؛ خبردار ؛ نگراں ؛ چوکس ؛ پروا کرنے والا ۔

cautiously, adv. بہ احتیاط ؛ دُور اندیشانہ ؛ سنبھل سنبھل کے ، چوکسی کے ساتھ ؛ خبردار ہو کر ؛ ہوشیاری سے ؛ پُھونک پُھونک کر ۔

cautiousness, n. ہوشیاری ؛ خبرداری ؛ احتیاط ؛

چوکسی ؛ پیش بندی ؛ حفظِ ماتقدّم ؛ حذر۔

cavalcade, n. اسپ سواروں یا گھوڑا گاڑیوں کا جلوس ؛ گاڑیوں یا جہازوں کی قطار ؛ پریڈ (سواروں یا گاڑیوں کی)۔

cavalcade, v.i. گھوڑے پر سوار ہو کر یا گاڑی میں جلوس کے ساتھ جانا۔

cavalier, n. فوجی بہادُر یا معزّز سوار ؛ نائٹ ؛ فارس ؛ شہسوار ؛ گُھڑ چڑھا ؛ جوانمرد ؛ وہ جو نائٹ جیسی جُرأت اور آن بان کا مالک ہو ؛ درباری؛ معزز؛ بانکا ؛ بہادُر ؛ وہ مرد جو عورتوں کا بدرقہ یا رقص میں عورت کا ساتھی ہو ؛ حُسن پرست ۔ (بڑے C سے) پارلیمنٹ اور شاہ کے درمیان چپقلش میں انگلینڈ کے بادشاہ چارلس اول کا حمایتی؛ شاہ پرست۔

cavalier, a. بے سوچے سمجھے ، بلاتأمّل یا تیّاری کے بغیر ؛ اکھّڑ ، نک چڑھا یا گھمنڈی ۔ (متروک) معزز یا بہادر۔ (بڑے C سے) چارلس اوّل کے طرفداروں کا یا ان سے متعلّق ؛ سترھویں صدی عیسوی میں انگلینڈ کے کیولری شُعرا کا یا ان سے متعلّق ۔

cavalier, v.i. بانکے بہادُر ایسا بننا ؛ اکھّڑ اور مغرور ہونا ؛ تحکُّمانہ برتاؤ اختیار کرنا ۔

cavalierly, adv. متکبّرانہ ؛ بانکوں کے انداز سے ۔

cavalierness, n. بانکا پن ؛ تکبُر ؛ نَخوَت ؛ گھمنڈ ؛ تحکُّم۔

cavalla, n. دیکھیے : cavally۔

cavally, n. فرسُ البحر ؛ سَمُندری گھوڑا ؛ جنس کرانگس (Carangus) کی مختلف مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، خصوصاً فرس البحر (C.hippos) جو خُوردنی مچھلی ہے اور گرم امریکی علاقوں کے دونوں سمندروں (بحرِ اوقیانوس اور بحرُالکاہل) کے ساحلوں پر پائی جاتی ہے ، بحرِ اوقیانوس میں راس کوڈ کے شمال میں ملتی ہے ؛ مومی مچھلی (cero) جو ماکریل مچھلی کی طرح ہوتی ہے ۔

cavalry, n. گُھڑسوار فوج ؛ سواروں کا رسالہ ؛ اجتماعی حیثیت میں اسپ سوار سپاہی ؛ فوج کا وہ حصّہ جِس کے سپاہی پہلے زمانے میں اسپ سوار ہوا کرتے تھے (اب ٹینک بردار رسالہ)؛ اسپ سواری کے گھوڑے ، اجتماعی حیثیت میں۔ (متروک) شہ سواری خصوصاً بانکے بہادُروں کی ۔

cavalryman, n. سواروں کے رسالے کا سپاہی ؛ اسپ سوار ؛ ٹینک سوار۔

cavate, a. غارگُوں ؛ غار آسا ؛ غار نُما ؛ کھوکھلا ؛ غار کی شکل کا ، جیسے ماقبل تاریخ کی رہایش گاہ ۔

cavatina, n. (موسیقی) یکساں رسیلی آواز یا سُر ؛ سادہ گیت یا راگ جس کا دوسرا حصّہ نہ ہو اور نہ ہی مُکھڑے کے بول دُہرائے جائیں ؛ چھوٹی اور سادہ دُھن جو ساز پر بجائی جائے ۔

cave, n. غار ؛ کھوہ ؛ گُپھا ؛ زمین میں جوف یا کھوہ ، خصوصاً وہ جس کا در کم و بیش اُفق کے متوازی ، پہاڑ میں کھلتا ہو؛ کہف ؛ چھوٹی گُپھا یا غارچہ ؛ تہ خانہ ، قُدرتی یا زمین میں کھودا ہوا ، جو حفاظت یا اشیا ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ کندرا ؛ گوپا۔ (برطانوی) علیحدگی یا کسی خاص مسئلہ پر سیاسی پارٹی سے علیحدہ ہونے والوں کا گروہ ؛ افتراق ؛ اعتزال ؛ تابکاری روک علاقہ، جس کے اندر ریموٹ کنٹرولر کے ذریعے عمل کیا جاتا ہے ۔

cave, v.t. کھوکھلا کرنا ؛ غار کھودنا ؛ غار کرنا ؛ غار بنانا؛ اندر گِرانے کا سبب پیدا کرنا ۔

cave, v.i. گِر جانا یا (زمین کا) دھنس جانا یا بیٹھ جانا ۔ (بول چال) ہار جانا ؛ ٹُوٹ کر گرنا ؛ دب جانا ؛ جُھک جانا ؛ ہمت ہار بیٹھنا ۔

caveat, n. عدالت کا حُکم امتناعی ؛ مُنصِف کو قانونی اطلاع نامۂ عذرداری کہ کسی مقدّمہ کی کارروائی اس وقت تک کے لیے معطل/ملتوی کر دی جائے جب تک کہ اطلاع نامۂ عذرداری دائر کرنے والے کے دلائل کی سماعت نہ کر لی جائے ؛ غلط فہمی دور کرنے کے لیے وضاحت ۔ (امریکا کے قوانین برائے حقّ اِیجاد یا اجارہ داریٔ اِیجاد) کسی اِیجاد کا تفصیلی حلیہ اور بیان جو عدالت میں اس لیے پیش کیا جائے کہ کسی اور کو نادانستہ اِسی ایجاد کے حقوق نہ دے دیے جائیں ؛ تنبیہہ یا خبردار رہنے کی تاکید ؛ آگاہی ؛ تنبیہہ ۔

caveator, n. اطلاع نامہ عذرداری داخل کرنے والا ۔

caveat emptor, n. (لاطینی فقرہ) مُشتری ہوشیار باش ؛ خریدار ہوشیار باش ؛ تجارتی اصول جس کے تحت یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر اختیار یا سند نہ ہو تو خریدار اپنی ذمہؐ داری پر سودا کرے گا ۔

cave deweller, n. غار کا باسی ؛ غارباش ؛ وہ شخص ، مثلاً دستاویزی تاریخ سے قبل کی نسل کا آدمی ، جو غاروں میں رہتا تھا ۔ (بول چال) وہ شخص جو شہر میں کسی کوٹھڑی میں رہتا ہو ؛ غیر مہذّب ۔

cave-in, n. دھساؤ ؛ گرنے یا دھنسنے کا عمل ؛ وہ جگہ جہاں زمین اندر کی طرف بیٹھ گئی ہو ؛ ٹُوٹ کر گرنے کا عمل ؛ دھنس جانے کی حالت ؛ ڈھے جانے کی کیفیت۔

cave man, n. غارباش ؛ غاروں میں رہنے والا شخص ؛ غار کا آدمی ؛ یہ نام ماقبل تاریخ کے انسان کی قدیم ترین نسلوں کو دیا گیا ہے جو قُدرتی غاروں میں رہتی تھیں۔ (عوامی) وہ شخص جس کا برتاؤ عورتوں کے ساتھ ناروا اور غیر مہذّب ہو ؛ بدمزاج؛ بدتہذیب؛ وحشی ۔

cavern, n. مَغارہ ؛ زمین میں گہری کھوکھلی جگہ ؛ کھوہ ؛ غار ؛ کہف ؛ گُپھا ۔

cavern, v.t. اندر رکھنا یا بند کرنا ، جیسے کسی غار میں ؛ غار کی شکل میں کھوکھلا کرنا ۔

cavernous, a. غار غار ؛ غار دار ؛ کہفی ؛ مُجوَّف ؛ غاروں سے بھرا ہوا ؛ غار کا یا غار کی طرح ؛ کئی چھوٹے چھوٹے گڑھوں یا درزوں سے بھرا ہوا ؛ مسام دار ؛ کثیر الغار ؛ چھتّا سا ۔

cavetto, n. (فنِ تعمیر) مُجوَّف گولا ؛ مُجوَّف موڑ ، جیسا کہ کارنس میں ہوتا ہے جس میں ایک چوتھائی دائرے کے برابر خم دیا جاتا ہے ۔

caviar, caviare, n. اُشپل ؛ بیضۂ ماہی اچار ؛ مچھلی کا اچار ؛ بعض بڑی مچھلیوں (جیسے سنگ ماہی) کے انڈے جو پکانے کے بعد نمک لگا کر محفوظ کیے جاتے ہیں ؛ کسی مچھلی کے نمکین انڈے ۔

caviar to the general, وہ نعمت جو زیادہ تر لوگوں کی پہنچ سے باہر ہو ؛ بندر کیا جانے ادرک کا مزا ؛ وہ دلیل جو عام لوگوں کی سمجھ سے بالا تر ہو ۔

cavil, v.i. تکراری اور غیرسنجیدہ اعتراض کا اٹھنا ؛ معقول وجہ کے بغیر عیب کا نکالا جانا (عموماً cavil کے بعد at لگاتے ہیں) ۔ (فعل متعدی) چھوٹی موٹی خامی یا قصور تلاش کر کے مخالفت کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ؛ خوردہ گیری کرنا ؛ مین میخ چھانٹنا ؛ خواہ مخواہ اعتراض کرنا ؛ حُجّت بازی سے کام لینا ؛ ناحق عیب پکڑنا ۔ (اسم) تکراری یا غیر سنجیدہ اعتراض ؛ سطحی دلیل ؛ نکتہ چینی ؛ خوردہ گیری ؛ حُجّت ؛ حُجّت لاحاصل ؛ مین میخ ؛ حرف گیری ۔

caviler, (Brit.), caviller, n. معترض ؛ نکتہ چیں ؛ خوردہ گیر ؛ حرف گیر ؛ عیب جو ؛ حُجّتی ۔

cavity, n. قعر ؛ کہفہ ؛ کھوکھلی جگہ ؛ گڑھا ؛ جوف ؛ جسم میں خالی جگہ ؛ درز ؛ حفرہ ؛ حفریزہ ؛ انسانی جسم کا کوئی کھوکھلا حصّہ جس کے باعث کوئی بیماری ہو ، جیسے دانت کا جوف یا قدرتی کھوکھلا پن ۔

cavort, v.i. (بول چال) اِترا کے یا بناوٹ سے چلنا ؛ اکڑ کر چلنا ؛ اینٹھ کر چلنا ۔

cavorter, n. اِترا کر چلنے والا ؛ اکڑفوں دکھانے والا ۔

cavy, n. کابی ؛ کاویا (Cavia) یا جنسِ کابی (Caviidae) کے کُترنے والے ، چھوٹی دُم کے جانور ، خصوصاً جنوبی امریکا کے پالتو چُوہے یا اسی قسم کے دوسرے جانوروں میں سے کوئی ایک ۔

caw, n. کوّے کی کائیں کائیں ۔ (فعل لازم) کوّے ، رُک (زاغ) یا پہاڑی کوّے /غُراب کی طرح کائیں کائیں کرنا یا چیخنا یا ایسی تیز اور کرخت آواز نکالنا ۔

cay, n. کے ؛ ساحلی ٹاپُو ؛ سمُندر کے ساحل پر چھوٹا جزیرہ ؛ ساحلِ سمندر کے نزدیک ریت یا مونگے کی چٹان یا چٹانوں کا سلسلہ ؛ اصطلاح جو خصوصاً جزائر غرب الہند میں مستعمل ہے جہاں کبھی کبھی اسے key/Key بھی لِکھّا جاتا ہے ۔

cayenne, n. لال مرچ ؛ فِلفِلِ دراز ؛ فِلفِلِ سرخ ؛ سُرخ مرچ ؛ تتّیا مرچ ؛ مُنہ جلانے والی گرم چٹنی جو تیز پسی ہوئی مرچ اور اس کے بیج ملا کر بنائی جاتی ہے ۔

cayman, n. کیمن ؛ نہنگ ؛ ناکُو ؛ گرم امریکی علاقوں میں پائے جانے والے اسی جنس سے متعلّق مگرمچھوں کی کئی اقسام میں سے کوئی ایک ، یہ مگرمچھ بُنیادی طور پر گھڑیال سے مشابہ ہوتے ہیں ۔

Cayuga, n. کیوگا ؛ اِروکوئس انڈین ، شُمالی امریکی قبیلہ جو پہلے ریاست نیو یارک کی جھیل کیوگا کے آس پاس رہتا تھا ؛ اس قبیلے کا فرد ؛ اِروکوئس قبیلے کی زبان ۔

cayuse, n. ہندوستانی ٹٹُو ؛ اسپ ہندی ؛ فرسِ ہندی ؛ چھوٹے قد کا کُہستانی گھوڑا ۔

C battery, n. (برق) سی بیٹری ؛ کسی آلے میں مسلسل وولٹیج (برقی قُوّت) برقرار رکھنے کے لیے بیٹری جو عموماً کھوکھلی نلی کے اندر لگی ہوئی ہوتی ہے ۔

C clef, treble clef, bass clef, n. (موسیقی) حرکت پذیر صوتی علامتیں ، جو سرگم کے تختہ پر وسطی C کو آواز کا چڑھاؤ معلوم کرنے کے لیے پانچ متوازی خطوط میں سے پہلے ، تیسرے اور چوتھے خطوں پر لگائی جاتی ہیں ۔

cease, v.i. حرکت ، کام یا گفتگو کا بند ہو جانا ؛ چھوڑ دینا ؛ (کسی کو) دے دینا یا (کسی کے) حق میں دست بردار ہو جانا ؛ باز رہنا (بعد میں اور ماقبلِ اسم from آتا ہے) ؛ زائل ہونا ؛ تمام ہونا ؛ مٹنا ؛ ہوچکنا ؛ نیست ہونا ؛ جاتا رہنا ؛ نیست و نابود ہونا ؛ مرجانا ؛ چُکنا ؛ آخر ہونا ؛ ختم ہونا ۔ (فعل متعدی) روکنا یا موقوف کرنا ؛ ختم کرنا ؛ باز رکھنا ؛ چھوڑ دینا ؛ ہاتھ اٹھا لینا ؛ ترک کرنا ؛ زائل کرنا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ ختم کرنا ؛ نبیڑنا ؛ چُکانا ۔

cease, n. اختتام ؛ اِنقطاع ؛ دست برداری ؛ اخیر ؛ آخر ؛ انجام ؛ بندش ۔

cease-fire, n. عارضی صلح ؛ التوائے جنگ ؛ گولہ باری بند کرنے کا حکم ؛ فائر بندی ۔

ceaseless, a. بے روک ، روک یا وقفہ کے بغیر ؛ لگاتار ؛ جاریہ ؛ ٹھہراؤ یا رُکاؤ کے بغیر ؛ دوامی ؛ جاوید ؛ ختم نہ ہونے والا ؛ برابر ؛ پے در پے ؛ نت ؛ دائم ۔

ceaselessly, adv. علی التّواتُر ؛ دائماً ؛ علی الاتّصال ؛ لگاتار ؛ متواتر ۔

ceaselessness, n. تواتر ؛ تسلسل ؛ دوام ۔

cecropia, n. ریشمی کیڑے کا بڑا پتنگا ، سامُوسی پتنگا (Samia cecropia) ، اِس کا حشرہ یا لاروا جو اکثر شہتُوت کے درختوں کے پتّے پر نشوونما پاتا ہے ۔

cecum, caecum, n. (تشریح الاعضا، حیوانیات) اَعور ؛ کورآنت ؛ اندھی آنت ؛ رودۂ کور ؛ تھیلی کا سا غشائی ظرف یا کھوکھلی جِھلّی جس کا صرف ایک مُنہ ہو ، انسانی جسم میں خصوصاً اندھی آنت جو بڑی آنت کے آغاز سے پہلے ہوتی ہے ۔

cecal, caecal, a. رودۂ کور کا ، اس سے متعلّق یا اس کا ہم شکل ؛ اَعوری ؛ کور آنتی ؛ اندھ آنتی ۔

cedar, n. سَروِآزاد ؛ دیودار ؛ دیار ؛ صنوبرِ لبنان یا صنوبرِ اَطلس ؛ پُرانی دنیا کا کوئی بھی صنوبری درخت جو جنس دیودار (Cedrus) سے تعلّق رکھتا ہو ، مثلاً دیودار لبنانی (C. Libani) جو ایشیائے کُوچک میں پیدا ہونے والا شاندار سیدھا اور لانبا درخت ہے ؛ مختلف صنوبروں میں سے کوئی ایک ، مثلاً ورجینیائی عُرعُر (Juniperus virginiana) یا ''سرخ دیودار'' ، جو امریکی درخت ہے ، اس کی خوشبودار سُرخی مائل لکڑی پینسلیں بنانے کے کام آتی ہے ؛ دیگر صنوبری درختوں میں سے کوئی ایک مثلاً طرّہ دار کیبرو (Chamaecyparis thyoides) ، کی قسم صنوبر جو مشرقی امریکا کے دلدلی علاقے میں پیدا ہوتی ہے یا سدابہار یورپی تُھوجا (Thuja) ، یہ دونوں قسمیں ''سفید دیودار'' کہلاتی ہیں ؛ گرم علاقوں کے مختلف غیر صنوبری درختوں میں سے کوئی ایک (جیسے : اوڈوریٹا (odorata) ہسپانوی دیودار ، ایک عمارتی لکڑی کا درخت جس کی لکڑی سے سگار کے ڈبّے کی طرح کے صندوقچے بنائے جاتے ہیں ؛ کسی بھی ایسے درخت کی لکڑی جو اپنی مضبوطی اور خوشبو کے لیے مشہور ہو ۔

cedarn, a. (ادب) صنوبر یا دیودار کا یا اس سے متعلّق ؛ چوبِ صنوبر کا بنا ہوا ؛ دیوداری ؛ صنوبری ۔

cedar waxwing, cedar bird, n. صنوبری پرندہ ؛ شمالی امریکا کا پرندہ Bombycilla cedorum ، اس کی کلغی ہلکے

خاکی رنگ کی ہوتی ہے، اکثر صنوبر کے پھل کھاتا ہے۔

cede, v.t. (بات یا ہار) مان لینا یا چھوڑ دینا اور دوسرے کے حق میں دست بردار ہو جانا، عموماً معاہدے یا سمجھوتے کے تحت؛ (ملک کا حصّہ) حوالے کرنا؛ دے دینا؛ سونپنا؛ دے ڈالنا؛ سپُرد کرنا؛ تفویض کرنا۔

cedilla, n. سین یا سکار کا شوشہ؛ حرف c کے نیچے نشان جو صرف a، o یا u سے پہلے لگایا جاتا ہے، جیسے façade میں، یہ بتانے کے لیے کہ یہاں C کا تلفظ ''ک'' کے بجائے ''س'' ہو گا یعنی یہ لفظ فیکیڈ کے بجائے فیسیڈ پڑھا جائے گا۔ ترکی اور رُومانیہ کی زبانوں میں بھی ''س'' کا صوتی فرق ظاہر کرنے کے لیے یہی طریقہ استعمال ہوتا ہے۔

cedula, n. ہسپانوی زبان بولنے والے مُلکوں میں فرمان، سرٹیفکیٹ، تصدیق نامے وغیرہ؛ ایک قسم کا تمسّک یا ہُنڈی جو جنوبی اور وسطی امریکا کی حکومتیں اور بینک جاری کرتے ہیں۔ (جزائر فلپائن) شخصی ٹیکس؛ رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ یا ٹیکس۔

ceiba, n. سُنبُل، سیمل یا سینبھل کا درخت؛ ریشمی روئی کا درخت، پنج فرہ سُنبُل (Ceiba pentandra) جس کی پھلیوں سے کاپوک ریشہ یا سیمل کی روئی نکلتی ہے۔

ceil, v.t. سقفانا؛ (عمارت یا کمرے) کی نچلی/اندر کی چھت پر چادر چڑھانا یا پکا کرنا؛ نچلی چھت یا سقف لگانا؛ (لکڑی، کپڑے یا کسی چیز سے) چادر چھت بنانا۔

ceiling, n. سقف؛ چھت گیری؛ چادر چھت؛ کمرے کی اندرونی چھت گیری یا سقف؛ زمین سے بُلند جگہ جس پر چڑھ کر نمایاں مقامات/چیزوں کی نشان دہی کی جا سکے؛ حدّ پرواز؛ انتہائی بلندی جس تک بعض حالات میں ہوائی جہاز پرواز کر سکتا ہو؛ اُجرتوں اور قیمتوں کی بلند ترین آخری حد جو قانون نے مقرر کی ہو؛ اوج؛ پہنچ؛ رسائی۔

hit the ceiling, (عوامی) انتہا کر دینا؛ آپے سے باہر ہونا؛ طیش میں آ جانا (جیسے : When he saw the dent in the fender he hit the ceiling)۔

ceiling unlimited, n. کُھلا موسم؛ صاف مطلع؛ بادلوں کے بغیر یا تقریباً صاف مطلع؛ ہوائی پرواز کے لیے نہایت مناسب موسم؛ حدِّ پرواز۔

ceiling zero, n. عنقا حدّ پرواز؛ ابر آلود فضا؛ ایسی فضائی حالت جس میں بادل کی اونچائی پچاس فٹ یا اس سے بھی کم ہو۔

ceilometer, n. (موسمیات) سِیلو میٹر؛ ابری اَوج پَیْما؛ ایک آلہ جس کے ذریعے زمین سے بادل کی اونچائی ناپی جاتی ہے، یہ پیمایش بادل کے نچلے حصّے سے منعکس ہونے والی شُعاع نُور کو استعمال کرتے ہوئے مثلثی پیمایش کے طریقے سے بُلندی ناپ کر کی جاتی ہے۔

celadon, n. بید مجنوں کا سبز رنگ؛ کاہی کا رنگ؛ زردی مائل سبز رنگ جو چین میں بنائے گئے چینی برتنوں پر استعمال ہوتا ہے؛ اس رنگ کے چینی برتن۔

celandine, n. اِنجیرہ؛ سلن دین؛ بواسیرہ؛ مامیران؛ ایک سدا بہار بوٹی جس کے ڈنٹھل یا پتوں کو کُچل کر چمکیلے نارنجی رنگ کا رس نکالا جاتا ہے: یہ رس بڑا تیز، تلخ اور چرپرا اور سخت ہیجانی قسم کا ہوتا ہے جو ادویہ سازی میں بکثرت کام آتا ہے (جیسے اسہالی، پیشاب آور اور پھپھوندی دُور کرنے کی دواؤں میں)؛ جنس چیلی ڈونیم (Chelidonium) کا کوئی پودا جو گُلِ لالہ کے خاندان سے تعلّق رکھتا ہو۔

Celanese, n. سیلانیز، ایک قسم کے ریانی (مصنوعی ریشم کے) مادّے کا تجارتی نام، یہ مادہّ پولی ونل ایسی ٹیٹ کے شیرے کے سلسلۂ عناصر سے بنتا ہے۔

celebrant, n. وہ شخص جو تہوار منائے یا تہوار کی رسوم ادا کرے، خصوصاً عِشائے ربّانی کے موقع پر مذہبی رسوم ادا کرنے والا پادری۔

celebrate, v.t. ادا کرنا؛ منانا؛ مناسب شعائر و رسوم کے ساتھ ادا کرنا؛ وقار و سنجیدگی سے سرانجام دینا؛ طربیہ رسوم کے ساتھ کسی واقعہ کی یاد منانا؛ کسی کی مدح کرنا؛ تعریف کے پُل باندھنا؛ شہرت دینا؛ اعلان کرنا؛ (مذہبی رسم) ادا کرنا؛ تہوار منانا یا (کسی واقعہ کی) یاد میں جشن منانا؛ رچانا۔

celebration, n. (رسوم) ادا کرنے یا (تہوار) منانے کا عمل؛ کسی موقع پر یا واقعہ کی یاد میں رسوم یا جشن؛ تقریب؛ خوشی۔

celebrator, n. (رسوم) ادا کرنے والا؛ جشن منانے والا؛ خُوشی منانے والا۔

celebrated, a. مشہور؛ نامور؛ معروف؛ نامی گرامی؛ نامدار۔

celebrity, n. شہیر؛ نامور، مشہور و معروف شخص؛ مشہور و ممدوح نیز موضوعِ گفتگو ہونے کی کیفیت؛ تعظیم؛ شُہرت؛ ناموری۔

celeriac, n. کرفس؛ اجمود؛ اجوائن؛ شلجم نُما اجمود کی ایک قسم، جس کی شلجم نُما جڑ کھائی جاتی ہے۔

celerity, n. تیزی؛ تیز رفتاری؛ سُرعت؛ سُبک روی۔

celery, n. پٹرسیلی؛ اجوائن؛ اجمود؛ کرفس؛ ایک پودا شلجم نُما اجمود (Apium groveolens) جو دلدلی مقامات میں اُگتا ہے اور عرصہ سے ایک ترکاری کے طور پر کاشت کیا جاتا ہے، اس کے ڈنٹھل کچّے یا پکا کر کھائے جاتے ہیں اور کبھی کبھی یہ مسالے کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

celesta, n. کلیدی تختے والا ایک آلۂ موسیقی جس کی آواز فولادی پتریوں پر ہتھوڑی کی ضرب سے نکالی جاتی ہے۔

celestial, a. آسمان کا؛ آسمانی؛ سماوی؛ فضائی؛ فلکی؛ آکاسی؛ آسمان یا نظر آنے والے فَلَک کا یا اس کے متعلّق؛ روحانی یا اَن دیکھے آسمان کا یا اس کے متعلّق؛ مَلَکُوتی؛ سماوی یا ربّانی۔(بڑے C سے) پہلے زمانے کی چینی سماوی سلطنت یا چینی لوگوں کا یا ان کے متعلّق؛ چینی؛ چین کا رہنے والا۔

celestiality, n. سماویت؛ تبریک؛ تقدیس۔

celestially, adv. مقدّسانہ؛ متبرّکانہ۔

celestial, n. سماوی؛ بہشتی؛ جنتی؛ سورگی؛ فردوسی۔(بڑے C سے) (متروک) چین کا باشندہ۔

celestial body, n.
جِرم فلکی ؛ کائنات میں کوئی بھی
مادّی جرم ، مثلاً سیّارہ ، ستارہ یا شہابِ ثاقب ، جسے فلکیات میں
مطالعہ کی اکائی کا درجہ دیا جاتا ہے ۔

celestial equator, n.
سماوی استوا ؛ کرۂ سماوی کا
عظیم دائرہ جس کے متعلّق مفروضہ ہے کہ یہ زمین کے خطِ استوا کے
مستوی کا پھیلاؤ ہے ؛ معدل النہار ؛ فلکی استوا ۔

celestial globe, n.
سماوی کُرہ ؛ آکاس گولا ؛ کُرۂ فلکی ؛
گول نقشہ جس میں اجرام فلکی دکھائے گئے ہوں ۔

celestial marriage, n.
دائمی بیاہ ؛ ابدی شادی ؛
وہ بیاہ جو مورمونی مندر میں ہمیشہ یا ابد تک کے لیے کیا گیا ہو ؛
آسمانی نکاح ۔

celestial mechanics, dynamical astronomy, n.
فلکی میکانیات ؛
تجاذبی میکانیات ؛ زمین کے تجاذبی یا ثقلی خطّوں کا اَجرامِ فلکی کی
حرکت و رفتار پر مرتّبہ اثرات کا مطالعہ ۔

celestial navigation, astronavigation, celo-navigation, n.
فلک پیمائی ؛
فلکی جہاز رانی ؛ سماوی جہاز رانی کا طریقہ جس میں اجرامِ فلکی
کے حوالے سے جہاز کے جغرافیائی مقام کا تعیُّن کیا جاتا ہے ۔

celestial pole, n.
قُطبِ سماوی ؛ قطبِ فلکی ؛
آسمانی کُرہ پر دو قطبی نُقطوں میں سے ہر ایک نُقطہ جہاں زمین کا
محور اسے کاٹتا ہوا گزرتا ہے اور جس کے گرد ستارے گردش کرتے ہوئے
نظر آتے ہیں ۔

celestial sphere, n.
حلقۂ فلکی ؛ آکاش ؛ سماوی کرہ ؛
فلکی کرہ ؛ یہ تصوّر کہ نظر آنے والا آسمان اُس تخیّلی کرۂ سماوی کا
نصف ہے جس میں اجرام فلکی کی موجودگی فرض کر لی گئی ہے ۔

celiac, coeliac a.
(تشریح الاعضا) شکمی ؛ بطنی ؛
جوف شکم کے متعلّق ۔

celiac disease, n.
(امراضیات) شکمی عارضہ ؛
مرضِ شکم ؛ عارضۂ بطن ؛ گرم علاقوں کی عام بیماری جس میں خون
کی کمی ، زبان میں سوزش اور معدی امعائی تکلیف ہوتی ہے ؛ بچّوں
کو غذائی کمی اور خرابی سے ہونے والی بیماری ۔

celibacy, n.
ناکتخدائی ؛ تجرُد ؛ کنوارپن ؛ مجرّد یا
کنوارا ہونے کی حالت ؛ مُباشرت سے پرہیز ؛ بیاہ نہ کرنے کا عہد ؛ تجرید ؛
جتی پن ؛ غیر متاہل زندگی ۔

celibate, n.
وہ شخص جو تجرید پر قائم رہے یا کنوار پن
پر عمل کرے ؛ غیر متاہل شخص یا فرد ۔ (صفت) کنوار پن یا تجرد کے
متعلّق ؛ غیر متاہل ؛ مجرّد ؛ ناکتخدا ؛ کنوارا ۔

cell, n.
کوٹھڑی ؛ کلبہ ؛ حُجرہ ؛ تکیہ ؛ زاویہ ؛
قید خانے میں چھوٹی کال کوٹھڑی یا حُجرہ جہاں مُلزم یا سزا یافتہ مُجرم
بند کیا جاتا ہے ؛ خانقاہ میں ایک شخص کے لیے چھوٹا حجرہ ؛ رہنے کی
چھوٹی سی جگہ جیسے راہب یا سادھو کی چھوٹی گپھا ، کٹیا ؛ اراکین کا
چھوٹا گروہ جو کسی بڑی تنظیم کی بُنیادی وحدت کے طور پر کام کرتا
ہو (جیسے a communist cell) ۔ (کلیسیات) ایک چھوٹا مذہبی ادارہ
جو خانقاہ جیسے بڑے ادارے پر منحصر ہو ؛ ماتحتِ صومعہ ۔ (حیاتیات)
خانہ ؛ خلیہ ؛ نخز مایہ سے بنے ہوئے تمام جانداروں کے جسم و عمل کی
بُنیادی اکائی یا نفس واحدہ جس میں ایک مرکزہ اور خلیہ مائی ہوتا ہے
اور جو جانوروں میں نیم سرایت پذیر جِھلّی کے اندر اور پودوں میں
خلیاتی دیواروں سے محصور ہوتا ہے ؛ چھوٹا سا جوف یا درز جیسا کہ
پودوں اور جانوروں کے نسیج میں ہوتی ہے ۔ (حشریات) وہ جِھلّی دار
حصّے جن میں پتنگے کے پر رگوں کے ذریعہ تقسیم ہوتے ہیں ۔
(نباتیات) بیضہ دان کا بیج والا جوف ۔ (برق) بجلی پیدا کرنے کا ایک
برقی آلہ جس میں برقیروں کو برق پاش سے ملا کر رکھّا جاتا ہے ، یہ
آلہ کسی وولٹائی یا کیمیائی برقی بیٹری کا جزو یا کُل ہو سکتا ہے ؛
ریڈیائی یا اشعاعی آلے میں ایک وحدت جس کے ذریعے برقی رو میں
کمی یا زیادتی کی جاتی ہے یا جو اشعاعی توانائی کو برقی توانائی میں
تبدیل کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔ (طبیعیات ، کیمیا) برقپاشی کے
لیے استعمال ہونے والا ایک آلہ جو برق پاش ، اُس کے خول اور برقیروں
پر مشتمل ہوتا ہے ۔ (طیرانیات) غُبارے یا ہوا سے چلنے والے طیارے میں
گیس کا تھیلا یا مجوّف ؛ فضا کا ایک حصہ جو بدلتی حالتوں کے
باوجود ایک وحدت کی طرح رہتا ہے ۔ (کمپیوٹر) یک لفظی حافظے کی
اکائی ۔

cella, n.
(فن تعمیر) بُطَینَہ ؛ قدیم یونانی یا رُومی گرجے
کا وہ کمرہ جس میں دیوتا کا بُت رکھا ہو ، یہ کمرہ برساتی یا دوسرے
کھلے کمروں کے برعکس بند ہوتا تھا ؛ مَقدِس ۔

cellar, n.
تہ خانہ ؛ سرداب ؛ کوٹھڑی ؛ مکان یا کسی عمارت میں
جُزوی یا کُلّی طور پر زیرِ زمین کمرہ جو ذخیرہ اندوزی کے لیے استعمال
کیا جائے ؛ زمین دوز کمرہ ؛ عمارت کی زیرِ زمین منزل ؛ مقابلہ کے
کھیلوں میں سب سے آخر کا نمبر یا درجہ ۔

cellarage, n.
تہ خانوں سے گھری ہوئی جگہ ؛ تہ خانوں کا
ذخیرہ ؛ تہ خانے کی گنجایش ؛ تہ خانوں کا مجموعی نام ؛ تہ خانے میں
اشیا ذخیرہ کرنے کا کرایہ ؛ مصارفِ گودام ۔

cellarer, n.
محافظِ تہ خانہ ؛ گوداmچی ؛ سردابچی ؛
خانقاہ کا افسر جو تہ خانے کا ذمّہ دار ہو ؛ بٹلر یا آبدار ؛ تہ خانے میں
شراب ذخیرہ کرنے والا ؛ شراب کا تاجر ؛ خانقاہ کا آبدار ۔

cellarette, cellaret, n.
شراب دان : شراب کی بوتلیں رکھنے کے لیے
چھوٹی الماری یا صندوق (خصوصاً کھانے کے کمرے میں) ۔

cellblock, n.
قیدخانے کا ایک حصّہ جو
کئی ایک چھوٹی کوٹھڑیوں پر مشتمل ہو ۔

cell division, n.
(حیاتیات) خلوی تقسیم : توالد
یا تناسل کے عمل میں خلیہ کے مایۂ حیات نیز مرکزہ کی دو حصّوں میں
تقسیم ۔

cellist, 'cellist, n.
سیلو یا وائلن سیلسٹ کا ساز بجانے والا ۔

cell membrane, n.
(حیاتیات) خلوی غِشا ؛
غِشائے خلوی ؛ پتلی نیم سرایت پذیر غِشا یا جِھلّی جو خلیہ کے مادّۂ حیات
سے لپٹی ہوتی ہے ۔

cello, 'cello, n.
وائلن سیلو (Violoncello) کا مُخفّف ؛
وائلن سیلو ، چوتارا ساز جس کے سُروں کی حد (وسعت) وسطی C سے
دو آکٹیو (ایک آکٹیو برابر آٹھ درجوں کے) نیچے سے شروع ہو کر
وسطی C سے ایک آکٹیو سے زیادہ اُوپر تک ہوتی ہے ، یہ ساز گھٹنوں
کے درمیان سیدھا رکھ کر کمانچہ سے بجایا جاتا ہے ۔

cellophane, n.
سیلوفین ؛ بازآفرین ؛ سیلولوز یعنی
ایک مضبوط ، شفّاف اور لچکیلی فِلم (جھلّی) جس پر مزید اشیا کے
کیمیائی عمل سے ایسی تبدیلی پیدا کی جاتی ہے کہ یہ رطوبت اور

گرمی کے اثرات کا مقابلہ کر سکے اور ان سے محفوظ رہ سکے؛ سیلوفین لکڑی کی لگدی سے وسکوس عمل (لیس دار ٹھوس نباتاتی مادّہ سے ریشم بنانے کا عمل) کے ذریعہ تیار کیا جاتا ہے اور حفاظتی تلفیف یا لپیٹ کے کام آتا ہے۔

cellular, a. خانہ خانہ ؛ خانے دار ؛ جوف دار ؛ خلیے دار ؛ خانہ ، جوف یا خلیات کی خصوصیّت رکھنے والا یا ان کے متعلّق ؛ خانے یا جوف رکھنے والا ؛ مسامی جسم کا ؛ مسامدار ؛ کیسہ دار ؛ کیسوی۔

cellulase, n. (کیمیا) سیلولوز ؛ خلوی مادّہ ؛ ایک کیمیائی خمیر جو لیس دار نباتاتی کثیر شکرین مادّے کومائی اور غیر کثیر ترکیبی بناتا ہے ، یہ ایک خامرے اسپر گلس نائجر (Aspergillus niger) نامی فُطر سے حاصل ہوتا ہے ، ادویات ، فسادِ خون کے علاج ، کشید اور تیل نکالنے کے کام آتا ہے۔

cellulate, cellulated, a. خلیہ دار یا خانہ دار جسم/ڈھانچے کا ؛ جوف دار ؛ مُجوَّف ؛ کیسہ دار۔

cellulate, v.t. خانے/خلیے بنانا ؛ کیسہ دار بنانا۔

cellulation, n. تشکیل جوف ؛ کیسہ داری ؛ خانوں/خلیوں کی تشکیل ؛ تجوُّف۔

cellule, n. چھوٹا خانہ/خلیہ ؛ جوف ؛ کیسک ؛ خانے یا خلیہ کی تصغیر۔

cellulitis, n. (امراضیات) التہابِ خلوی ؛ التہابِ نسیج ؛ خلیوں کے نسیج کی سوزش یا ورم۔

Celluloid, n. نقلی ہاتھی دانت ؛ باغہ ؛ سیلولائڈ : جلد آگ پکڑنے والا ٹھوس مادّہ جو حل ہونے والے بارود ، پنبہ اور کافُور سے بنتا ہے ، پہلے اس سے ٹائلٹ میں مستعمل اور دیگرکئی اشیا بنائی جاتی تھیں ، جیسے کنگھے ، برش اور فوٹوگرافی کی فلمیں۔ (سیلولائڈ تجارتی نشان(چھوٹے c سے) (صفت) متحرّک فلموں کے ابتدائی دور سے متعلّق۔

cellulose, n. سیلولوس ؛ خلوی مادّہ ؛ کاربوہائیڈریٹ (نشاستہ) ، گلوکوز کا قائم کثیر سالمی مرکّب ، جو پودوں کے خلیوں کی دیواروں کا خاص جُز اور لکڑی ، روئی ، سَن ، کاغذ نیز تمام سبزیوں کے خلیاتی نسیج کا ضروری حصّہ ہوتا ہے ؛ وہ شے جس سے پودوں کے ٹھوس حصّے بنتے ہیں ؛ کیسلین۔

cellulose acetate, n. (کیمیا) حرملائم سیلولوز (نشاستہ اور گلوکوز کا کثیر سالمی مرکّب) ؛ رال کی کئی اقسام میں سے کوئی ایک ، جو شورہ دار سیلولوز کاناسوختنی نعم البدل ہے ، یہ رال ، سرکہ یا دیگر تیزاب کے سیلولوز پر کیمیاوی عمل سے بنتا ہے اور پختہ سیلولوزی ریشے ، بیروزہ دار روغن ، فوٹو گرافی کی فلم نیز شفّاف ورق بنانے کے کام آتا ہے ؛ سیلولوز ایسی ٹیٹ۔

cellulose nitrate, n. (کیمیا) دیکھیے : nitro-cellulose ۔

cellulosic, n. خلوی ؛ سیلولوز کا مرکّب ، جیسے سیلوفین۔ (صفت) سیلولوز سے متعلّق یا اس سے بنا ہوا۔

cell wall, n. (حیاتیات) خلوی دیوار ؛ دیوار خلیہ؛ نخزمایہ یا حیات کے مادّہ اُولی کا بنایا ہوا احاطہ یا سخت سرایت پذیر دیوار جو حیاتی خلیہ ، خصوصاً پودے کے خلیہ کو گھیرے ہوتی ہے۔

celom, n. دیکھیے : coelom ۔

celo-navigation, n. سیّاروں کے رُخ جہازرانی ؛ سماوی جہاز رانی ؛ کواکب پابند جہاز رانی۔

Celsius thermometer, n. [سینٹی گریڈ تپش پیما کے موجد سوئیڈی عالمِ فلکیات اینڈرس سیلسیس (Anders Celsius) ۱۷۰۱-۴۴ء کے نام پر] سینٹی گریڈ تپش پیما جس میں درجۂ انجماد صفر اور درجۂ جوش ۱۰۰ ہوتا ہے۔

celt, n. (آثاریات) بسولیہ ؛ دھات یا پتّھر کا بنا ہوا قبل تاریخی بسولی نُما اوزار۔

Celt, Kelt, n. قدیم گالی قوم ؛ کلٹی ؛ ابتدائی ہند آریائی اقوام کا ایک ممتاز گروہ جو قدیم یورپ کے کئی حصّوں میں آباد تھا ، آج کل جو کلٹی لوگ مُمتاز نسلی گروہوں کی صورت میں باقی موجود ہیں اور اپنی الگ زبان بولتے ہیں ، ان میں برطانوی ، ویلزلی ، اسکاٹی ہائی لینڈر ، کارنوالی اور کچھ آئرستانی شامل ہیں۔

Celtic, n. گال قوم کی/کلٹیوں کی زبان یا ان کے لسانی لہجوں کا مجموعہ ؛ کلٹی بولی۔

Celticism, n. کلٹیّت ؛ کلٹی لوگوں کے طریقے اور رسم و رواج ؛ کلٹی اظہار یا طریقۂ اظہار۔

Celticist, n. ماہرِ کلٹیّت ؛ کلٹی تمدّن اور زبانوں کا ماہرِ خصوصی۔

Celtic, a. کلٹی ؛ کلٹی لوگوں یا ان کی زبان کے متعلّق۔

Celtic cross, n. صلیبی وضع ؛ لاطینی صلیب جس میں یہ اضافہ ہوتا ہے کہ عمودی ستون اور آڑی لکڑی کے نقطۂ تقاطُع کو مرکز مان کر ایک بڑا دائرہ بنایا جاتا ہے۔

cembalo, n. ساز سنگت ؛ مضراب سے بجنے والا ایک ساز، جس کے مدّھم سروں میں ساز بجانے والے کی سنگت کا حصّہ متعیّن ہوتا ہے۔

cement, n. سیمنٹ ؛ لازق ؛ باریک خاکی سفوف یا مسالا جو پھٹکڑی ، چونے ، زنگ اور ریت کے آمیزے کو جلانے کے بعد پیس کر بنایا جاتا ہے ، جب اس سفوف پر مناسب مقدار میں پانی ڈالا جائے تو یہ لگدی بن جاتا ہے اور گارے اور کنکریٹ کا کام دیتا ہے ؛ کوئی بھی چپچپا مادّہ جو دو چیزوں کے درمیان خشک ہو کر جوڑ کا کام کر سکے۔ (مجازاً) رشتۂ اِتّحاد ؛ وہ جو اشخاص کو مضبوطی سے متّحد کرے۔ (دندان سازی) دانتوں کے کام میں استعمال ہونے والا بھرنے یا جوڑنے کا مادّہ۔

cementitious, a. سیمنٹ کی خصوصیات رکھنے والا ؛ الزاقی۔

cement, v.t. سیمنٹ لگانا ؛ پختہ کرنا ؛ جوڑنا ؛ سیمنٹ یا کسی دوسرے مادّے سے اس طرح جوڑنا کہ دو چیزیں بالکل ایک ہو جائیں ؛ سیمنٹ کا پھیلانا۔ (مجازاً) مضبوطی سے اور قریب تر کر کے جوڑنا یا متّحد کرنا ؛ وصل کرنا ؛ چپکانا ؛ پیوند لگانا۔ (فعل لازم) جُڑ جانا ؛ مِل جانا یا ٹھوس ہونا ؛ مُتّحد ہونا اور ساتھ رہنا۔

cementation, n. سیمنٹ کاری ؛ الزاق ؛ ترسیب دھات ؛ فولادی کرنے کا عمل : ٹھوس مادّے کو نئے مادّے میں تبدیل کرنے کے لیے ایک پسے ہوئے مادّے کے ساتھ ملا کر پگھلانے کی حد تک گرم کرنے کا عمل ، جیسے لوہے کو فولاد میں بدلنے کے لیے پسے ہوئے کاربن کے ساتھ گرم کیا جاتا ہے۔

cementer, n. متّحد کرنے والا شخص ؛ جوڑنے والی چیز ؛ اتصالی عمل یا مادہ ؛ لازِق ۔

cementite, n. (کیمیا) کچّا فولاد ؛ لوہے کا کاربائیڈ جو سخت اور کُرکُرا ہوتا ہے ، عام فولاد میں اس کا جز ۸۵ء۰ فی صد ہوتا ہے ؛ کچ دھات ۔

cementum, n. دندانی سیمنٹ ؛ دانت کا استخوانی غلاف : استخوانی نسیج کی تہ جو مسوڑھے کے اندر دانت کی جڑ کے اُوپر لپٹی ہوتی ہے ؛ دندانی لازق ۔

cemetery, n. قبرستان ؛ گورستان ؛ شہرِ خموشاں ؛ مُردے دفنانے کے لیے مختص زمین ؛ تدفین کے لیے علیحدہ کی ہوئی جگہ ۔

cenacle, n. کھانے کا کمرہ ؛ خصوصاً اوپر کی منزل کا وہ کمرہ جس میں آخری رات کا طعام کھایا گیا تھا ۔ (بحوالہ انجیل مرقس ۱۴-۱۵) (انجیل لوقا ۲۲-۱۲)۔

cenobite, n. تکیہ دار ؛ خانقاہ نشین ؛ عیسائی پادریوں کا ایک فرقہ جو تنہا رہنے والے راہبوں کی جماعت کے برعکس خانقاہ میں مِل جُل کر رہتا ہے ۔

cenobitic, cenobitical, a. خانقاہی ؛ خانقاہ کے پادریوں کی طرح سماجی رہن سہن رکھنے والا ۔

cenobitism, n. خانقاہ نشینی ، تکیہ داری ۔

cenogamy, coenogamy, n. مشترک زواجی ؛ مشترک شوہر یا بیویاں رکھنے کا دستور جیسا کہ بعض قدیم قبائل میں پایا جاتا تھا ۔

cenogenesis, n. (حیاتیات) نَوزادی ؛ نَونسلی ؛ ارتقا کے دوران کسی فرد میں ایسی نئی خصوصیات کا در آنا جو اس کی نوع کے ابتدائی نسلی ارتقا کے دوران موجود نہیں تھیں : یہ لفظ ''نسبی تولید'' کے برعکس معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

cenogenetic, a. نَونسلی ؛ نَونژاد ۔

cenotaph, n. فرضی قبر ؛ سنگِ مزار ؛ یادگاری مزار ؛ ایسے شخص کے مزار یا قبر کی یادگار جو کہیں اور مدفون ہو ۔

Cenozoic, a. (ارضیات) علم الارض کے تیسرے یا چوتھے دور سے متعلّق ؛ نوحیاتی دور کا ؛ ارض کے دورِ سومین سے موجودہ عہد تک ، اس دور میں پرندوں ، میمل (دودھ دینے والے) جانوروں اور اعلیٰ پُھول والے پودوں میں ارتقائی تبدیلیاں ہوئیں لیکن بے فِقری جانوروں میں کوئی خاص تبدیلی نہیں پیدا ہوئی ؛ اُن چٹانوں سے متعلّق جن کے رکاز یا فوصل نوحیاتی دور کی حیاتی ہیئت یا شکلوں کی شہادت دیتے ہیں ۔ دیکھیے : Paleozoic, Mesozoic ۔ (اسم) نوحیاتی دور یا گروہ ؛ تیسرا اور چوتھا جُگ ۔

cense, v.t. بَخُورات سے معطّر کرنا ؛ خوشبو سے مہکانا ؛ معطر کرنا ؛ بَخُور دینا ۔ (فعل لازم) خوشبو پھیلنا ۔ دیکھیے In Cense ۔

censer, n. عُود دان ؛ اگر دان ؛ دھوپ دان؛ عُود سوز؛ بخور دان ؛ مِجمَر ؛ چینی کا آرایشی ظرف جس میں خوشبو (لوبان ، اگربتی) جلاتے ہیں ؛ خصوصاً بند برتن ، جسے مذہبی رسم کی ادائیگی کے وقت خوشبو جلانے اور فضا مُعطّر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

censor, n. محتسب ؛ نکتہ چیں ؛ حرف گیر ؛ قاضئِ شہر ؛ سنسر ؛ دو قدیم رومی افسروں میں سے کوئی ایک جو شہریوں کی مردم شماری کا ریکارڈ رکھّا کرتا تھا اور اخلاقِ عامہ کی نگرانی کیا کرتا تھا ؛ کوئی بھی شخص جو آداب و اخلاق کی نگرانی کرے ، خصوصاً وہ افسر جو حکومت کی طرف سے کتابوں ، ڈراموں اور خبروں کو پرکھے اور جسے یہ اختیار ہو کہ کُلّی یا جُزوی طور پر انہیں اخلاقی ، سیاسی ، فوجی یا دیگر بُنیادوں پر قابلِ اعتراض قرار دے کر کالعدم یا مسترد کر دے ؛ احتساب کرنے والا ؛ معترض ؛ مین میخ نکالنے والا ۔ (نفسیات) نفسی قُوّت جو ناقابلِ قبول احساسات ، خیالات اور صدماتی یا اضطراری کیفیّتوں کو شعور سے خارج کر دیتی ہے ۔

censorial, a. احتسابی ؛ تنقیحی ؛ تنقیدی ۔

censor, v.t. سنسر کرنا ؛ احتساب کرنا ؛ چھانٹی کرنا ؛ بحیثیت مُحتَسِب پرکھنا ، جانچنا یا نظرِثانی کرنا ، خصوصاً اس مقصد سے کہ قابلِ اعتراض اخباری اِطلاعات یا خطوط کے حصّوں کو منزل تک پہنچنے سے پہلے روک لیا جائے ، جیسا کہ جنگ کے دنوں میں عسکری وجوہ کے پیش نظر کیا جاتا ہے ۔

censorious, a. خوگر تنقیص ؛ عیب جُو ؛ سخت تنقید کرنے والا ؛ خُوردہ گیر ؛ نکتہ چیں ؛ حرف گیر ۔

censoriously, adv. عیب جویانہ ؛ حرف گیرانہ ؛ معترضانہ ؛ احتساباً ۔

censoriousness, n. عیب جوئی ؛ حرف گیری ؛ نُکتہ چینی ؛ تنقید ؛ قطع و برید ؛ کاٹ چھانٹ ۔

censorship, n. احتساب ؛ احتسابی عمل ؛ اختیارِ مُحتَسِب ؛ مُحتَسِبی ؛ رومی محتسب کی میعادِ عُہدہ ؛ عُہدہ احتساب یا نظارت ۔ (نفسیات) شعور کے لیے پریشان کن صدماتی ہیجانات کو دبانے کا عمل ۔

censurable, a. احتساب پذیر ؛ قابلِ ملامت ؛ قابلِ الزام ؛ قابلِ اعتراض ؛ لائقِ احتساب ۔

censurableness, n. احتساب پذیری ۔

censurably, adv. احتساب پذیرانہ ؛ احتسابی طریقے سے ؛ عیب جویانہ ؛ قابلِ ملامت انداز میں ۔

censure, n. تنقیص ؛ مخالفانہ تنقید ؛ شہری و فوجی اظہارِ ناپسندیدگی ، مذمّت ؛ معاندانہ اعتراض ؛ ملامت ۔ (کلیسیات) قصور وار کی سزا ، جیسے سب کے سامنے ملامت یا عہدے سے معطّلی ؛ زجروتوبیخ ۔

censure, v.t. تنقید کرنا (خصوصاً مخالفانہ) ؛ الزام لگانا ؛ کسی (شخص یا چیز) کے خلاف فیصلہ صادر کرنا ناپسندیدگی کا اظہار کرنا ؛ نُکتہ چینی کرنا ؛ عیب نکالنا ؛ مذمّت کرنا عیب جوئی کرنا ۔ (کلیسیات) سب کے سامنے ملامت کر کے نظم و ضبط قائم کرنا ۔ (فعل لازم) مذمّت ، مخالفانہ تنقید یا قصور کا موردِ ٹھہرنا ۔

censurer, n. عیب جو ؛ نکتہ چیں ۔

census, n. [محصول شماری] سر شُماری ؛ منش گنتی ؛ مردُم شُماری : قدیم رُوم میں محصول کی وصولی کے مقصد سے شہریوں اور ان کی جائیدادوں کا شُمار اور اندراج ؛ جدید دور میں باشندوں کی سرکاری مردُم شُماری جس میں عمر ، صِنف ، پیشے وغیرہ کی تفصیلات بھی معلوم کر کے درج کی جاتی ہیں ۔ (فعل متعدی) مردُم شُماری کرنا ؛

مردُم شُماری کے دوران گنتی کرنا ؛ سر شماری کرنا۔

cent, n. سینکڑا ؛ سو ؛ صد ؛ عموماً per یعنی ''فی'' کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ، مثلاً ten per cent ، دس فی صد یعنی سو میں سے دس کے تناسب سے ؛ کئی ملکوں میں سکّے کی مالی اکائی کا سوواں حصّہ ؛ ریاستہائے متّحدہ امریکا یا دیگر کئی ممالک میں ڈالر کا سوواں حصّہ : سَینٹ۔

cental, n. سو پونڈ کا وزن ؛ صدم ؛ ایک ہنڈرڈ ویٹ۔ (صفت) سو کے متعلّق یا سو پر مشتمل ؛ سو سو میں گنا جانے والا یا سو سو کے حساب سے آگے بڑھنے والا ؛ صد بہ صد۔

centare, centiare, n. ایک مربع میٹر ؛ آر کا سوواں حصہ۔

centaur, n. [یہ غالباً ایک گُھڑ سوار قوم کے اظہار کے لیے ہے جو جنگلی مویشی شکار کرتی تھی] (یونانی اساطیری) قنطُور ؛ نَر گُھڑ ؛ ایک تصوّراتی یا تخیلی مخلوق جس کا اُوپر کا دھڑ آدمی کا اور باقی جسم گھوڑے کا ہوتا ہے ؛ قنطرُوس ؛ دوغلا پن ؛ دو نسلی ؛ دومیلا۔

centaurus, n. رجل القنطرُوس (ستارہ) ؛ جنوبی کُرہ میں ایک مجمع الکواکب یا ستاروں کا جُھرمٹ ؛ شہسوار۔

centaury, n. بھکڑا ؛ خسک ؛ قنطاری ؛ حشیش الحلیب ؛ مختلف پودوں کا عمومی نام ، بہ عام قنطاری جنس زانطیانہ کی فصلی بوٹی ہوتی ہے جو طِبّی فوائد کے سبب قدیم یونانی اطبّا کے لیۓ قابل قدر تھی۔

centenarian, n. سو برس کا ؛ صد سالہ : سو برس یا اس سے زیادہ کی عمر کا شخص۔ (صفت) سوویں برس یا سو برس کی عمر کے شخص سے متعلّق۔

centenary, n. سوِیں برسی ؛ صد سالہ جشن ؛ سو برس کا عرصہ یا عمر ؛ ایک صدی ؛ اُس واقعے کی یاد جو سو سال پہلے ہوا تھا ؛ صد سالہ سالگرہ۔ (صفت) سو سال سے متعلّق یا سو سال پر مشتمل ؛ صد سالہ دور کے اختتام سے متعلّق ؛ صد سالہ یادگار سے متعلّق۔

centennial, a. صد سالہ ؛ سو برسا ؛ سو سال کے عرصہ سے متعلّق یا سو سال کے اختتام کی نشان دہی کرنے والا ؛ صد سالہ برسی منانے کے متعلّق ؛ سو سال تک رہنے والا یا سو سال کی عمر کا ؛ سوِیں برسی سے متعلّق۔ (اسم) جشنِ صد سالہ ؛ صد سالہ برسی یا یادگاری تقریب۔

center, (Brit.), centre, n. (جیومیٹری) مرکز ؛ وسط ؛ وسطی نُقطہ ؛ ایک اقلیدسی شکل یا جِرم کے تمام بیرونی زاویوں ، نُقطوں یا خُطُوط سے اوسط فاصلے پر واقع نُقطہ ؛ نُقطہ ، محور یا دُھرا جس پر یا جس کے آس پاس یا چہار طرف کوئی چیز گھومے ، جیسے پہیّے کا دُھرا ؛ قطب یا مرکز (جیسے : the center of the earth) ؛ کسی بھی چیز کا وسطی حصّہ (جیسے : Soft-centered chocolates) ؛ کسی چیز یا خیال کا مرکزہ ؛ کسی مفاد ، کارروائی یا مقصد کا مرکزی مقام (جیسے : a shopping center, a shipping center, an art center, a civic center) ؛ منبع یا جگہ جہاں سے عوامل اور اثرات جنم لیں (جیسے : a center of propaganda) ؛ گنجان آبادی کا علاقہ۔ (کھیل) ٹیم کی ترتیب میں وسطی یا مرکزی جگہ پر کھیلنے والا کھلاڑی۔ (فعلیات) اعصابی خلیات کا مجمُوعہ جو مشترک جسمانی عمل کو کنٹرول کرتا ہو (جیسے : optical center)۔ (عسکری) قلب فوج ؛ قلبِ لشکر ؛ ترتیب میں میمنہ اور میسرہ کے درمیان یا وسط کی فوج ؛ کسی پیشہ سے متعلّق امور جو ایک فرد یا اعلیٰ افسر کے ماتحت سر انجام دیئے جائیں (جیسے : Separation center , Medical center) ؛ سیاست ؛ معاشیات ، عُمرانیات یا مذہب کے شعبوں میں معتدل نقطۂ نظر ؛ معتدل نظریات کی وکالت کرنے والے ؛ درمیانی راہ چلنے والے۔ (بعض اوقات بڑے C سے) معتدل نظریات کے حامل قانون ساز اور دیگر سیاست کار جو کبھی کبھی مجلس قانون ساز میں وسطی نشستوں پر بیٹھتے ہیں۔ (میکانیات) خراد یا پیسنے والی مشین کی دو تکونی سلاخوں میں سے ایک جو اُس چیز کو جس پر کام کیا جا رہا ہے سہارا دیے رکھتی ہے اور اپنے اُوپر گھماتی ہے ؛ قالِب ؛ مرکزِ گردش۔

center, (Brit.), centre, v.t. درمیان رکھنا یا مرکز پر رکھنا ؛ کسی مرکز پر جمع یا مرتکز کرنا ؛ مرکز کا تعیّن کرنا یا اس کی نشان دہی کرنا ؛ کسی شے یا حصّے کی یُوں تعدیل کرنا ، تشکیل دینا یا حسبِ حال بنانا کہ اُس کے دُھرے وغیرہ مرکز میں یا معمول کی وضع پر ہوں۔ (فعل لازم) مرکز پر ہونا یا آنا ؛ سمٹ آنا۔

center bit, n. مرکز برما ؛ بڑھئی کا برما جس کے وسط میں تیز نوک اور دونوں طرف کاٹنے والے چھوٹے پھل ہوتے ہیں جن سے سوراخ کیا جاتا ہے۔

centerboard, n. (جہاز رانی) ہوا اوٹ تختہ ؛ لکڑی یا دھات کا تختہ جو اس طرح محور پر رکھا جاتا ہے کہ آگے پیچھے ہونے والے کھٹکے سے نیچے کیا جا سکے ، اس کے اوپر اور کشتی کی تہ میں ایک عمودی حالت میں پانی روک ڈبّہ ہوتا ہے جس کے ذریعے پانی کی سطح ہموار کر کے صحیح رُخ کی طرف بہاؤ کو روکا جاتا ہے۔

center field, n. (بیس بال) بیس پار یا مرکز سے پرے میدان کا تقریباً ایک تہائی وسط ، دوسرے اڈّے سے پرے اور میدان کی بائیں و دائیں طرفین کے درمیان۔

center fielder, n. بیس پار کھڑے تین دفاعی کھلاڑیوں میں مرکز میں کھڑا کھلاڑی ؛ مرکزی کھلاڑی ؛ درمیانی کھلاڑی۔

center of gravity, n. مرکزِ ثقل ؛ مرکزِ جاذبہ : جِرم یا جسم پر وہ نُقطہ جس پر زمین کی کششِ ثقل کا عمل آزادی سے ہوتا ہے اور جس پر جسم ہر حالت میں متوازن رہتا ہے۔

center of mass, center of inertia, n. (طبیعیات) مرکزِ جمود ؛ مرکز کمیّت : جِرم یا جسم پر وہ نقطہ جو اس طرح عمل کرتا ہے جیسے جسم کا تمام مادّہ کمیّت اس پر مرکوز ہو گیا ہو ؛ مرکزِ ثقل۔

centerpiece, n. میز آرا ؛ مرکز پارہ : کوئی آرایشی چیز جو تزئین کے لیے کسی چیز ، مثلاً میز کے وسط میں یا مرکز پر رکھّی جائے۔

center punch, n. مرکز سُنبہ ؛ سنتر : فولاد کی چھوٹی نوک دار سلاخ جو برمے کو سوراخ کرنے کے لیے مرکز پر جمانے کے واسطے استعمال ہوتی ہے۔

center punch, v.t. نوک دار سلاخ سے نشان لگانا ؛ سنتر لگانا ؛ سنتر بنانا ؛ سنتر سے نشان لگانا ؛ مرکز سُنبے کی مدد سے نشان بنانا۔

centesimal, a. صَدَم : سوواں ؛ سو حصّوں میں تقسیم سے متعلّق یا ان آلات کے متعلّق جیسے بعض تھرما میٹر یا ناپ کے آلات جن پر سو تک درجوں یا ڈگریوں کے نشانات لگے ہوئے ہوں۔

centesimally, adv. بطور سوواں حصّہ ؛ سوِیں حصّے سے۔

centiare, centare, n (اعشاری نظام) زمینی ناپ کی آر are اکائی کا سواں حصّہ ، جو ایک مربّع میٹر کے برابر ہوتا ہے؛سینٹی آر ۔

centigrade, Celsius, a. سو درجے کا گرمی ناپ ؛ سینٹی گریڈ؛ سو درجوں میں منقسم : مثلاً کوئی پیمانہ ، خصوصاً حر پیما (تھرمامیٹر) جو صفر کے نقطہ انجماد سے پانی کے نقطۂ جوش ١٠٠ تک سو درجوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔ مخفّف 'C' ۔

centigram, (Brit.), centigramme, n. (اعشاری نظام) سینٹی گرام : وزن کی ایک اکائی جو ایک گرام کے سویں حصّے یا ۰٫۱۵۴۳ گرین (ایک گرین = نصف رتی) کے برابر ہوتی ہے ۔

centile, n. (شُماریات) صدویہ ؛ سینٹائل : ایک تقابلی پیمانہ جو اس طرح حاصل کیا جاتا ہے کہ تمام معاملوں یا کیسوں کو درجہ بدرجہ نیچے سے اُوپر یا ادنیٰ سے اعلیٰ کی ترتیب میں رکھ کر سو کے عمومی درجوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے ، اِس سویں تقسیم کے سب سے نچلے درجے کو پہلا سینٹائل یا صدویہ کہتے ہیں ۔

centile rank, n. (شماریات) صدویہ مقام ؛ سینٹائل درجہ : اخذی عدد جو یہ بتائے کہ ایک خاص عدد کے نیچے کُل کی تقسیم کا کتنا فیصد ہے ۔

centiliter, (Brit.), centilitre, n. اعشاری نظام) سینٹی لِٹر : مائعات/سیّال ناپنے کی ایک اکائی جو ایک لِٹر کے سوویں حصّے یا ۰٫۶۱۰۲ مکعب انچ یا ۰٫۳۳۸ امریکی سیّال اونس کے برابر ہوتی ہے ۔

centillion, n. سینٹیلین ؛ امریکا اور فرانس میں ایک عدد وصفی جو ایک کے بعد ۳۰۳ صفر لگا کر لیکن برطانیہ اور جرمنی میں ایک کے بعد ۶۰۰ صفر لگا کر لکھّا جاتا ہے ۔

centimeter, n. سینٹی میٹر ؛ لمبائی کا ایک ناپ ، ایک میٹر کا سواں حصّہ ؛ ۰٫۳۹ انچ سے کچھ زیادہ ۔

centimeter-gram-second, a. سینٹی میٹر، گرام ، سیکنڈ ؛ اکائیوں کے ایک نظام کا یا اس سے متعلّق جس میں لمبائی ، وزن اور وقت کی خاص اکائیاں بالترتیب سینٹی میٹر ، گرام اور اوسط شمسی سیکنڈ ہوتی ہیں ۔

centipede, n. ہزار پا ؛ کن کھجورا ؛ صد پایاں جنس کا جوڑبند حشرہ جس کا لمبا ، چپٹا حَشرہ گُوں جسم حلقہ حلقہ ہوتا ہے اور ہر حلقے کے نیچے پاؤں کا ایک جوڑا ہوتا ہے ۔ اگلے پاؤں کے پنجے شکار کو مفلوج کرنے کے لیے زہریلے جبڑوں کا کام دیتے ہیں ؛ کن سلائی ۔

Centner, n. سوپونڈ : کئی یورپی ملکوں میں تقریباً سو پونڈ وزن کا نام ؛ ہنڈرڈ ویٹ=۵۶ سیر ۔

cento, n. کینٹو ؛ بیاض ؛ ادب یا موسیقی کا شہ پارہ جو مختلف ذرائع سے ٹُکڑے لے کر ترتیب دیا گیا ہو؛ وہ مضمون جو مختلف مصنّفوں سے خوشہ چینی کے بعد بنایا گیا ہو؛ منتخبات ؛ گلدستہ ۔

centrad, adv. (تشریح الاعضا، حیوانیات) مرکز کی طرف؛ مرکز رُو ۔

central, a. وسطی ؛ درمیانی ؛ مرکزی ؛ مرکز کا ؛ مرکز سے متعلق یا مرکز بنائے ہوئے ؛ مرکز میں ، مرکز پر یا مرکز کے قریب ؛ مرکز سے ہر طرف تقریباً برابر پھیلتا ہوا (جیسے : central air-conditioning)؛ خاص نمایاں ؛ ممتاز ؛ سربرآوردہ یا غالب ؛ دو انتہاؤں کے درمیان کی جگہ ۔ (تشریح الاعضا) مرکزی اعصابی نظام (دماغ اور ریڑھ کی ہڈّی) کا ، اس سے متعلّق یا اس سے جاری ہونے والا ۔ (صوتیات) ایسے حروف عِلّت کا جو زبان کو مُنھ کے اگلے اور پچھلے حصّوں کے درمیان رکھ کر ادا کیے جائیں ۔ (اسم) ایسے ٹیلیفونی نظام کا دفتر جس میں دو مختلف لائنوں کو جوڑا جاتا ہو یا ان کا سلسلہ ملایا جاتا ہو ۔

centrally, adv. مرکزی طور پر ؛ بیچوں بیچ ؛ مرکز پر ؛درمیانی طور پر ۔

Central Intelligence Agency, C.I.A., n. سی آئی اے : ریاستہائے مُتّحدہ امریکا میں قومی حفاظتی کونسل کے ماتحت ۱۹۴۷ء میں قائم شدہ وفاقی حکومت کی تنظیم جو سراغرسانی یا استخبارات کی کارروائیوں کو مربُوط کرتی ہے ؛ کئی دیگر ممالک کے سُراغرسانی کے ادارے ۔

centralism, n. مرکز پسندی ؛ مرکزیّت ؛ مرکزی نظام ؛ مرکزیّت کا اصول جس کے تحت ایک ہی سیاسی نظام (مثلاً حکومت) میں جُملہ اختیارات مرکوز کر دیے جائیں ۔

centrality, n. مرکزی کردار یا مرکز پر ہونے کی حالت ؛ تمرکز ۔

centralization, n. مرکز داری ؛ مرکز گِیری ؛ مرکز میں آنے یا لانے کا عمل ؛ مرکزی حکومت کے ہاتھوں میں عاملانہ اختیارات کا اِرتکاز ؛ کسی بھی گروہ یا تنظیم میں ارتکازِ اختیارات ؛ مرکز کاری؛ مرکزیت سازی ۔

centralize, v.t. مرکزانا ؛ مرکز گِیر بنانا ؛ مرکز کی طرف یا سمت کھینچنا ؛ اختیارات کو پُورے طور پر مرکوز کرنا ، خصوصاً کسی تنظیم جیسے سیاسی نظام میں ؛ اکٹھے ایک مرکز پر آنا ۔ (فعل لازم) ایک مرکز پر جمع ہونا ؛ مرکزی ہونا ۔

centralizer, n. مرکز گیر ؛ مرکز پر لانے والا ؛ مرکز ساز؛ مرکزیت ساز

central processing unit, n. (کمپیوٹر) مرکزی عامل وحدت ؛ کمپیوٹر کے نظام اور طریق عمل کی ہدایت پر کنٹرول رکھنے والی وحدت ۔

Central Standard Time, CST, C.S.T., c.s.t., n. مرکزی معیاری وقت (کبھیٰ کبھی چھوٹے c سے)؛گرین وچ نصف النّہار کے مغرب میں چھٹے خِطّۂ وقت کا معیاری وقت ۔

centre, n. دیکھیے : center ۔

centric, centrical, a. مرکزائی ؛ مرکز سے متعلّق یا مرکز پر واقع ؛ وسطی ؛ مرکزی ۔ (فعلیات) اعصابی مرکز کے متعلّق یا اس سے جاری ہونے والا ۔

centrically, adv. مرکزی طور پر ؛ بیچوں بیچ ؛ درمیان ۔

centricity, n. مرکزیّت ؛ مرکزی حالت ؛ وسط میں ہونے کی حالت ۔

centrifugal, a. مرکز گُریز ؛ مرکز سے دُور ہونے پہ مائل ؛ مرکز گُریز طاقت سے متحرّک یا اس پر مُنحَصِر ، دفع المرکز ۔ (اسم) برآرندہ ؛ مرکز گریزہ ۔

centrifugal force, n. مرکز گریز قُوّت ؛ دوری گردش کرنے والی کسی شے کی بے عملی ؛ وہ قُوّت جو دائرے میں گھومتے ہوئے جِرم/جسم پر اس طرح اثر انداز ہو کہ وہ دائرے سے باہر قوس بنا کر نکلنے یا جو مرکز مائل قُوّت کے خلاف عمل کرتے ہوئے اس جرم/جسم کو دائرے کے مرکز سے ایک مستقل فاصلے پر گھمائے ۔

centrifugation, n. مرکز گُریزی ؛ مرکز سے گریزاں ہونے کا عمل ۔

centrifuge, n. مرکز گریزہ : ایک آلہ جو نہایت تیز رفتار سے گُھومتا ہے اور اپنی مرکز گُریز قُوّت سے مختلف ثقلِ نوعی رکھنے والے اجزا کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر دیتا ہے ۔ (فعل متعدی) اس مقصد کے لیے مشین میں مرکز گریز عمل سے گزارنا ۔

centrifuge, n. (طیرانیات) آلہ مرکز گریزہ : ایک مشین جس سے مصنوعی کششِ ثقل پیدا کر کے ہوا بازوں کی اہلیّت کا امتحان لیا جاتا ہے نیز جانوروں اور سازوسامان کو بھی پرکھا جاتا ہے کہ وہ معمول سے زیادہ کتنی کششِ ثقل برداشت کر سکتے ہیں اگر انہیں زیادہ بلندی پر اُڑنے والے طیّاروں ، راکٹوں اور خلائی جہازوں میں پرواز کرنا پڑے۔

centripetal, a. مرکز مائل ؛ مرکز جُو ؛ مرکز دوست ؛ مرکز کی طرف مائل یا رواں ؛ مائل بمرکز طاقت کے متعلّق ۔

centripetal force, n. مرکز مائل قُوّت : مرکز جُو قُوّت ؛ مائل بمرکز قُوّت ؛ وہ قُوّت جو دائرے میں گھومتے ہوئے جرم /جسم پر اس طرح اثرانداز ہو کہ وہ دائرے کے مرکز کی طرف کھنچنے لگے یا جو جرم /جسم کی بے عملی کے خلاف اس کو دائرے کے مرکز سے ایک مستقل فاصلے پر گھمائے ۔

Centrist, n. (بعض اوقات چھوٹے c سے) براعظم یورپ میں اعتدال پسند (Centre) سیاسی پارٹی کا رکن ۔ (چھوٹے c سے) اعتدال پسند سیاسی مفکّر۔

centrobaric, a. مرکز ثقلی ؛ مرکزِ کششِ ثقل کے متعلّق ؛ کششِ ثقل کے مرکز کا حامل ۔

centroid, n. مرکز ہندسی ؛ تودہ یا کمیّت کا مرکز ؛ مثلث کے وسطی خُطوط کا نقطۂ تقاطُع ۔

centrosphere, n. (ارضیات) مرکزی کُرہ ؛ زمین کے مرکزی حصّے یا تحت الثریٰ کا ٹھوس/کثیف مادّہ ۔

centrum, n. مرکزینہ ۔ (تشریح الاعضا) فِقرہ کا جسم؛ مرکزِ فِقرہ؛ ریڑھ والی ہڈّی کے جانور کا جسم ۔

centum, a. سینٹم : ہند یورپی گروپ کی اُن زبانوں کا یا ان سے متعلّق جن میں یُونانی ، اطالوی ، کلٹی اور جرمانی کے ساتھ ان کی ذیلی شاخیں حطی اور طخاری بھی شامل ہیں ، ان سب میں قدیم انداز کے ہند یورپی زیرلبی صوتی لہجے کا واضح تحفّظ پایا جاتا ہے جو تالُو سے نکلنے والے حُرُوف کے تاریخی ارتقا کی نشاندہی کرتا ہے جیسے K یا KH کی قدیم ہند یورپی تالو سے نکلی ہوئی آوازیں ۔ دیکھیے : satem ۔

centum, n. ایک سو ؛ یک صد ؛

centuple, a. صد گُنا ؛ سو سے ضرب شدہ یا سو گنا بڑھایا ہوا۔ (فعل متعدی) سو گنا بڑھانا ۔

centuplicate, v.t. صد نقولی کرنا ؛ سو گنا بڑا بنانا ؛ سو سے ضرب دینا ۔ (صفت) سو گُنا ۔ (اسم) سوگنی تعداد یا مقدار۔

centuplication, n. عملِ صد نقولی ۔

centurion, n. صدسرہنگ ؛ قدیم رُوم میں فوجی افسر جو سو سپاہیوں کی پیادہ کمپنی کا کماندار ہوتا تھا ۔

century, n. صدی ؛ سو کا مجموعہ ؛ سنچری ؛ کوئی بھی چیز جو تعداد میں سو ہو؛ سو سال کا عرصہ، تقویمی صدی کا شُمار کسی خاص واقعے کے سال سے ہوتا ہے ، مثلاً سن ہجری کا شُمار ہجرتِ نبوی سے ہوتا ہے؛ قدیم رُوم میں فوج کی ذیلی تنظیم یا رسالہ/دستہ جس میں سو آدمی ہوتے تھے ؛ قدیم رُومیوں کے انتخابی ڈویژنوں میں سے ایک جس کا صرف ایک ووٹ ہوتا تھا۔

centurial, a. صدی یا سو سے متعلّق ؛ صدوی ۔

century plant, n. صدی پُھول ؛ صبرِ امریکا ، امریکی ایلوا (Agave americana) : ایک آرایشی پودا جو پندرہ سے تیس سال تک کے عرصہ میں صرف ایک بار پُھول دیتا ہے اور پھر مر جاتا ہے، اس کے متعلّق یہ غلط مفروضہ مشہور ہے کہ یہ سو سال میں ایک بار پُھولتا ہے۔

ceorl, churl, n. پرانے زمانے کے انگلینڈ میں سبؔ سے نچلے درجے کا غیر آزاد کسان ۔

cephalad, adv. (تشریح الاعضا) سر رُویَہ ؛ سر کی طرف اور دُم کی مخالف سمت ؛ قِیفال رویہ ۔

cephalalgia, n. وجع الراس ؛ صُداع ؛ سر کا درد۔

cephalalgic, a. صُداعی ؛ سر درد کے متعلّق یا سردرد سے متأثّر۔

cephalic, a. راسی، قحفی؛ دافعِ دردِ سر؛ سر کا یا سر سے متعلق ؛ سر پر واقع یا سر کی سمت؛ قیفالی ۔

cephalic index, n. سراشاریہ ۔ کھوپڑی کی چوڑائی اور آگے سے پیچھے تک لمبائی کے درمیان تناسب کا سو سے ضرب کا حاصل۔

cephalization, n. (حیاتیات) راس پسندی؛ قیفال پسندی ؛ حیوانوں کے ارتقا میں یہ رُجحان کہ جسم کے اہم اعضا یا حصّے سر میں یا سر کے پاس واقع ہوں۔

cephalometry, n. راس پیمائی ؛ سر پیمائی ؛ سر یا کھوپڑی کو ناپنے کا عِلْم ؛ قیفال پیمائی ۔

cephalometer, n. سر پیما ؛ سر یا کھوپڑی کو ناپنے کا آلہ یا اوزار۔ دیکھیے : craniometer ۔

cephalopod, n. سرپایہ ؛ یکے از جنس سر پایاں (Cephalopoda) یا جنسِ رخوہ جس میں ہشت نیش صدفہ ، قیر ماہی اور حلزونۂ کاغذی شامل ہیں، جن کے مُنہ کے چہار طرف گیرندے یا پکڑنے والے مَحَاس ہوتے ہیں۔

cephalothorax, n. راس صدرہ ؛ سرصدرہ ؛ خول دار کیڑوں ، مثلاً مکڑی ، بچُھو وغیرہ کے جسم کا اگلا حصّہ جس میں سینہ اور سر ایک دوسرے سے ملے ہوتے ہیں ۔

Cepheid variable, n. قیفاؤسی متغیّر : مرتعش ستاروں میں سے کوئی ایک جس کی چمک میں حجم کے سکڑنے اور پھیلنے کی وجہ سے وقتاً فوقتاً فرق پڑتا رہتا ہے ۔

Cepheus, n. (کلاسیکی اساطیری) قیفاؤس ؛ ملتہب : حبشہ کا بادشاہ ، کیسیو پیا کا شوہر اور انڈرومیڈا کا باپ ، جسے موت کے بعد ستاروں میں جگہ دی گئی ؛ ایک شمالی مجمع الکواکب جو ثعبان اور ذاتُ الکرسی کے درمیان واقع ہے ۔

ceraceous, a. موم نُما ؛ مومی؛ موم کی فطرت کا ۔

ceramal, n. دیکھیے : cermet ۔

ceramic, a. خزَافی : سرامک؛ ظروف ، مٹی اور چینی کے برتنوں یا بھٹّے میں پکائی ہوئی مٹّی کی مشابہ مصنوعات یا ان کے بنانے کے متعلّق ۔

ceramics, n. فن کو زہ گری ؛ سفال گری ؛ سفالیات ، خزَّافیات ؛ کُمہاری ؛ مٹّی کی چیزوں کو شکل دینے اور پکانے کا فن ، مثلاً مٹّی کے برتن، دیگر مصنوعات اور چینی کے ظروف بنانے کا کام ۔ (جمع)

اس فن کے نمونے ۔

ceramist, n. کُوزہ گر ؛ سفال گر ؛ خَزّاف ؛ کُمہار ؛ وہ شخص جو سفال گری کے فن اور تیکنیک میں ماہر ہو ۔

cerargyrite, n. سِنگیا ؛ چاندی کا کلورائڈ ؛ چاندی کا قُدرتی کلورائڈ، ایک سفید ، زردی مائل یا خاکستری معدن ، روشنی پڑنے پر سیاہی مائل ہو جاتا ہے ، سینگ کی شکل میں پایا جاتا ہے ، اہم معدن جس سے چاندی حاصل ہوتی ہے ؛ سِنگیا چاندی ، سینگ چاندی ۔

cerate, n. (عِلمِ ادویہ) مومی مرہم : ایک گاڑھا مرہم جو موم رال اور دیگر طبّی اجزا میں تیل ملا کر بنایا جاتا ہے ۔

Cerberus, n. (کلاسیکی اساطیری) قر بیروس ؛ سگِ جہنّم ؛ عالَمِ سفلی کا تین سر والا نگران کُتّا ؛ اس لیے کوئی بھی نگاہ رکھنے والا دہشت خیز سرپرست ، ولی یا محافظ ۔

Cerberean, a. سگِ جہنّم کا ؛ قربیروسی ۔

cercaria, n. (حیوانیات) ذَنَبیہ ؛ ذَنَبی لاروا ؛ دُم دار کیڑا : کیڑے کے حیاتی ارتقا میں لاروے یا حشرے کا درجہ جس میں جسم کی شکل بیضاوی ہوتی ہے یا قوس نُما جسم دُم کی طرح کے لاحقے پر ختم ہوتا ہے ۔

cercarian, a., لاروی ، حشری۔(اسم) ذنبیہ ۔

cere, n. (طیوریات) موم جھلّی ؛ ناکچہ ؛ پرندے کی چونچ کی جڑ میں اُبھرا ہُوا مومی گوشت جس میں اس کے نتھنے ہوتے ہیں ۔

cere, v.t. مومی کپڑے میں لپیٹنا جیسے لاش کو مومی جامے میں ۔

cereal, n. اناج ؛ غَلّہ : گھاس کے خاندان سے تعلّق رکھنے والے پودے جس میں نشاستہ دار دانے لگتے ہوں ، جیسے گندم ، جو ، باجرہ ، چاول ، رائی یا مکئی ؛ اناج سے بنایا ہوا ناشتہ ۔ (صفت) کھانے کے اناج یا اناج کے پودوں سے متعلق ؛ اناجی ۔

cerebellum, n. (تشریح الاعضا) دُمَیغ ؛ عقبی دماغ ؛ چھوٹا یا پیچھے کا دماغ؛ دماغ کا ایک بڑا حصّہ جس میں جسم کی ارادی حرکات میں ربط قائم کرنے ، توازن رکھنے اور جسمانی انداز بنانے کا مرکز ہوتا ہے ، یہ حصّہ ایک مرکزی گوشے اور دو طرفین کے گوشوں پر مشتمل اور سر کے پچھلے حصّے میں بڑے دماغ کے نیچے واقع ہوتا ہے ۔

cerebellar, a. دمیغی ؛ دماغی؛ فکری ، مخی ؛ مغزی ۔

cerebral, cerebric, a. مخی ؛ دماغی ؛ دماغ یا مغز سے متعلّق ؛ ذہن کو مُتوجہّ کرنے / بھلا لگنے والا یا ذہنی استعمال کا مَظہر ۔ (اسم) ایسا حرفِ صحیح جس کی ادائیگی میں زبان کی نوک تالو سے لگتی ہے ۔

cerebral accident, n. حادثۂ دماغ : دماغ کے اندر اچانک چوٹ لگنے کا عمل ، مثلاً دماغی جریانِ خون ۔

cerebral hemisphere, n. دماغ کے دو بل کھائے ہوئے حصّوں میں سے کوئی ایک حصّہ ۔

cerebral palsy, n. دماغی فالج : فالج جو پیدایش سے پہلے یا پیدایش کے وقت دماغ کو نقصان پہنچنے سے ہوتا ہے جس کے باعث بچّے کو رگ پٹھوں میں ربط کے فُقدان اور تشنّج کے امراض ہو جاتے ہیں نیز بولنے میں دِقّت ہوتی ہے ۔

cerebrate, v.i. دماغی قُوّت کا حامل ہونا یا اس کا ظاہر ہونا ؛ سُوجھنا ۔

cerebration, n. دماغی عمل یا سوچنے کا عمل ؛ فعالیّتِ دماغی ۔

cerebrospinal, a. دماغی نُخاعی : دماغ اور ریڑھ کی ہڈّی کا یا ان سے متعلّق یا اِن سمیت ریڑھ کی ہڈّی اور دماغی اعصاب کے متعلّق ۔

cerebrospinal fluid, n. ماءُ الجبن یا کیلوس جیسا رقیق مادّہ جو دماغ کے بغلی (ایک جانب کے) جوف میں ہوتا ہے ۔

cerebrospinal meningitis, n. (امراضیات) گردن توڑ بخار ؛ ورمِ مخایہ : مانینجس کا ورم ؛ ایک شدید جراثیمی بیماری جس میں دماغ اور ریڑھ کی ہڈّی پر لپٹی ہوئی جھلّی متورّم ہو جاتی ہے جس کے باعث بخار ہو جاتا ہے اور کبھی کبھی جلد پر سُرخ دھبّے پڑ جاتے ہیں ۔

cerebrum, n. بڑا دماغ جو دمیغ کے اوپر ہوتا ہے ؛ کلاں دماغ : فِقاری (ریڑھ کی ہڈّی والے) جانور کے مغز کا خاص ، سامنے کا حصّہ جو دو حصّوں یا دماغی گوشوں میں تقسیم ہوتا ہے اور جسے انسان میں شعوری یا ارادی خیال و عمل کا مرکز سمجھا جاتا ہے ۔

cerecloth, n. مومی کپڑا ؛ موم جامہ ؛ موم لگا کر پانی کے اثر سے محفوظ کیا ہوا کپڑا جو خصوصاً میّت لپیٹنے کے کام آتاہے ؛ لپیٹنے کی چادر ۔

cerement, n. موم جامہ ؛ لاش لپیٹنے کا مومی کپڑا ؛ کفنانے کا کوئی بھی کپڑا (خصُوصاً بصیغۂ جمع) ؛ کفن ۔

ceremonial, n., a. تقریباتی ؛ رسمی ؛ تقریبات ؛ رسوم ؛ ریت ؛ تشریفاتی ؛ رسم و رواج کا نظام ؛ کسی خاص موقع پر ادا کیے جانے والے آداب و رسوم ۔

ceremonialism, n. رِیت پرستی ؛ تقریب پسندی ؛ رواج پرستی ؛ رسمیت ۔

ceremonially, adv. رسمی طریقے سے ؛ رسوم و آداب کے مطابق ؛ ریت پرستانہ ۔

ceremonious, a. پرتکلف ؛ پابندِ رسوم ؛ رسم و رواج سے پُر ؛ رسوم و آداب کے ساتھ ؛ عائد کردہ روایتی تکلّفات اور رسمی پابندیوں کے مُطابق ؛ مؤدّب یا نرم روایتی رسوم و آداب کا پابند ؛ تکلّفات و رسوم کی ادائیگی کا شوقین ۔

ceremoniously, adv. رسمی طریقے سے ؛ ضابطے سے ؛ دستور/ رسمی ظواہر کے ساتھ ۔

ceremoniousness, n. رسم پرستی ؛ رسمی ہونے کی خصوصیّت ؛ زیادہ رسم و رواج کی پابندی ؛ تکلُّف ۔

ceremony, n. تقریب ؛ شاہی آداب ، شِعار ، مذہبی رِیت یا رسم کی ادائیگی ؛ (رسم) کی ادائیگی کا سنجیدہ یا باقاعدہ مظاہرہ ؛ سنجیدہ ادائیگی ؛ آداب کے اظہار کی روایت یا ایسی اجتماعی روایات ؛ تکلّف ؛ رسوم و تکلّفات ؛ ظاہر پرستی و تکلّف مزاجی ؛ نری روایتی ظاہر داری ؛ آدابِ مجلس ۔

master of ceremonies, افسرِ تشریفات ؛ میر تقریبات : وہ شخص جس کے ذِمّہ کسی اجتماعی موقع پر آداب و رسوم کے بجا لانے کی نگرانی سپرد ہوتی ہے ۔

Ceres, n. (اساطیری) اناج دیوی ؛ زراعت دیوی : ایک رُومی دیوی جو ایک دوسری رُومی دیوی ڈی میٹر کی ساتھی ہے اور اناج نیز دیگر پودوں کی نشوونُما پر مامور ہے ۔ (فلکیات) ایسٹران

(سیّارچوں میں سب سے بڑا اور سب سے پہلے دریافت ہونے والا' سیّارچہ) ۔

cereus, n. صُبار ؛ امریکی گرم علاقوں میں پیدا ہونے والا تھوہر کے خاندان یا جنس صُبار (Cereus) کا کوئی پودا ، جیسے ''دیوقامت صُبار''(C.giganteus) جو کبھی کبھی پچاس ساٹھ فٹ تک بلند ہوتا ہے ۔ عظیم گُلِ صُبّار (C.grandiflorus) خوشبو دار پھولوں کا شب چٹک صُبّار ۔

ceriferous, a. موم پیدا کرنے والا ؛ موم زا ؛ موم آور ۔

cerise, a., n. گُلابی ؛ چیری کی طرح سُرخ ؛ ہلکا سُرخ ۔

cerite, n. سرائٹ : ایک کم یاب دھات جس کا رنگ زرد گُلابی ہوتا ہے اور جس سے پہلی بار سیریم دھات حاصل کی گئی تھی ۔

cerium, n. (کیمیا) سیریم : لچکدار اور مضبوط معدنی عُنصر جو کمیاب ہے ؛ یہ دھات آتش افروز آلات یا تراکیب میں نیز تخفیفی عاملِ اور عمل انگیز کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

ceric, a. سیریم کا یا سیریم رکھنے والا ۔

cermet, ceramal, n. نہایت مضبوط اور حرارت روک ظرف جو ایک دھات اور مٹّی/چینی کے مادّہ کو ملا کر بنایا جاتا ہے اور شدید حرارت و فشار کی ضرورت کے وقت استعمال کیا جاتا ہے ، جیسے راکٹ موٹر ، نیوکلیائی ری ایکٹر اور ٹربوجیٹ انجن میں ۔

cernuous, a. (نباتیات) سَرنگوں ؛ جُھکا ہوا ؛ لٹکتا ہوا ؛ پستی مائل ۔

cero, n. مومی مچھلی ؛ سیروماہی ؛ ماکریل خاندان کی دو بڑی مچھلیوں کوالا سقومری (Scomberomorus cavalla) ، ریگل سقومری (S. regalis) میں سے کوئی ایک ، یہ مچھلیاں خصوصاً مغربی بحراوقیانوس کے گرم علاقوں میں پائی جاتی ہیں ۔

ceroplastic, a. موم طراحی ؛ مومی شبیہہ سازی یا مومی مجسّمہ سازی کے متعلّق ؛ موم میں نُقُوش و تصاویر بنانے کے متعلّق ؛ موم میں یا موم سے بنا ہوا ۔(اسم) مومی مجسمہ سازی یا نقاشی کا فن ؛ موم شبیہہ سازی ۔

cerous, a. سیریم رکھنے والا ؛ سیرک مرکّب کی بہ نسبت زیادہ سیریم رکھنے والا ؛ ناکچہ نُما ؛ ناکچنی ؛ موم سا ؛ سیریمی ۔

certain, a. لاریب ؛ یقینی ؛ بے شک سچ ؛ ثابت شُدہ حقیقت ؛ واقعی موجود یا اٹل جیسے موت یا خطرہ ؛ بھروسے یا اعتماد کے قابل ؛ غلطیوں سے بالا ؛ اچوک ؛ یقینی چیزوں کے متعلّق (جیسے : a certain sign) ؛ اشخاص کے متعلّق ؛ ذہنی طور پُر پُریقین ؛ شک و شبہ سے مبرا ؛ کسی شخص یا چیز سے متعلّق شک و شبہ سے پاک (ان معنوں میں اکثر of کے ساتھ آتا ہے)؛بیان کردہ ؛ مقررّہ ؛ معیّن ؛ حُکمی (جیسے : a certain rate) ؛ غیر مذکورہ (جیسے : a certain person) ؛ خاص (جیسے : a certain pleasure in something) ۔

for certain, بِلا قیل و قال ؛ بِلا اعتراض ؛ بلا چون و چرا ؛ قطعًا؛بے شک ؛ واقعتاً ۔

certainly, adv. شک و شبہ کے بغیر ؛ حقیقتاً ، یقیناً ؛ سچ مُچ ؛ بلا چُوک ؛ اعتماد یا یقین کے ساتھ ؛ بے ردّ و کد ؛ حقّا ۔

certain, pron. (ترکیب میں جمع) بعض لوگ ، جانور یا اشیا: جیسے Certain of the zoo animals were born in captivity ۔

certainty, n. یقینی ہونے کی حقیقت یا حالت ؛ تیقّن : اِیقان واقعِ ہونے یا قُدرتی نتیجہ برآمد کرنے میں ناکامی سے استثنا ؛ وہ حقیقت یا سچائی جو یقینی طور پر ثابت ہو گئی ہو ؛ وہ جس پر حرف گیری نہ ہو سکے ؛ مکمّل ذہنی اطمینان ؛ شک و شبہ سے استثنا یا شکوک کی غیر موجودگی ۔

certificate, n. سرٹیفکیٹ ؛ سند ؛ تصدیق ؛ صداقت نامہ : کسی حقیقت یا حقائق کے صحیح ہونے کا تحریری ثبوت ؛ تصدیق نامہ ؛ قانونی طور پر تصدیق شُدہ بیجک (فرد حساب ، رسید) یا بعض حقائق کی تصدیق ؛ کبھی کبھی ایک قسم کا اجازت نامہ ۔

certificate, v.t. سند دینا (مثلاً امتحان میں کامیابی کی سند) ؛ تحریزی طور پر تصدیق کرنا یا گواہی دینا ۔

certification, n. استناد ؛ تصدیق ؛ شہادت ؛ گواہی ؛ تصدیق کرنے یا شہادت کا عمل ۔

certified check, n. مصدقہ چیک : چیک جس کے بارے میں تصدیق کی گئی ہو کہ متعلّق بنک ادائیگی کر دے گا کیونکہ چیک جاری کرنے والے کے کھاتے میں کافی رقم جمع ہے ۔

certified mail, n. رسیدی ڈاک : درجۂ اوّل کی ڈاک جس کے ساتھ وصول کُنندہ کے دستخطوں کے لیے رسید منسلک ہوتی ہے جو دستخط کے بعد وصولی کے طور پر ارسال کُنندہ کو واپس بھیج دی جاتی ہے ۔

certified milk, n. اثباتی دُودھ ؛ لَبن اثباتی ؛ مُہری دُودھ ؛ پاس شُدہ دُودھ ؛ مصدّقہ دُودھ : وہ دودھ جو کارخانۂ لبنیات (ڈیری فارم) میں حکومت یا میونسپلٹی کے جاری کردہ صِحّت کے قواعد و ضوابط کے مطابق تیار کیا جائے ۔

certified public accountant, n. سندیافتہ سرکاری مُحاسِب : سرکار کا مصدّقہ مُحاسِب جو اس پیشہ میں ریاستی حکومت کے مطلوبہ لیاقت و دیانت کے معیار پر پُورا اُترتا ہو ۔

certify, v.t., v.i. باقاعدہ تصدیق کرنا ، حسبِ ضابطہ تصدیق کرنا ، صداقت نامہ کے ذریعے تصدیق کرنا ، یقین کے ساتھ اطلاع دینا ؛ یقین دلانا یا یقینی بنانا ؛ کوئی اطلاع بہم پہنچانا ؛ کسی کی اطلاع دینا ؛ واضح کرنا یا قطعیّت دینا ؛ تحریری طور پر شہادت دینا ؛ کسی حقیقت کو علم میں لانا یا ثابت کرنا ؛ تصدیق کرنا کہ سچ یا مبنی برحقیقت ہے ۔

certifiable, a. قابلِ تصدیق ؛ تصدیق کے قابل ۔ (برطانوی) پاگل سمجھا ہوا ۔

certifiably, adv. تصدیق کے ساتھ ؛ یقین سے ۔

certifier, n. مُصدِّق ؛ یقین دلانے والا ؛ گواہ ؛ تصدیق کُنندہ ۔

certiorari, n. (قانون) مسل طلبی ؛ عدالتِ بالا کا عدالتِ ماتحت کو مقدّمہ یا نظرثانی کے لیے کسی مقدّمہ کی مسل یا کارروائی کے کاغذات کی طلبی ؛ پروانۂ مسل طلبی ۔

certitude, n. تَیقُّن ؛ ایقان ؛ یقین ؛ یقین و اطمینان محسوس کرنے کی حالت ۔

cerulean, a. آسمانی ؛ لاجوردی ؛ نیلا ؛ نیلگوں ۔

cerumen, n. کان کا مَیل ؛ صملاخ ؛ چِرکِ گوش ؛ کن مَیل ؛ کن موم ؛ موم گوش ۔

ceruminous, a. صملاخی ؛ کان کے مَیل سے متعلّق ؛ کان کا مَیل پیدا کرنے والا ۔

ceruse, n. (کیمیا) ولایتی غازہ ؛ سفیدہ ؛ سفید سیسہ جو ہائیڈر آکسائڈ اور سیسے کے کاربونیٹ سے بنتا ہے اور رنگ روغن نیز غازے میں استعمال ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) سیروس سے دھونا ؛ سیروس کو بطور غازہ لگانا ۔

cerussite, n. ایک دھات ، سیسے کا کاربونیٹ جو قائمہ معینی ذرّوں یا ٹھوس یا ریشوں کی شکل میں پایا جاتا ہے ، اس میں الماس جیسی چمک ہوتی ہے ، یہ ایک اہم دھات ہے جس سے سیسہ حاصل ہوتا ہے ۔

cervelat, (Brit.), saveloy, n. گوشت چٹنی؛ایک قسم کی نہایت مسالے دار ساسیج جو اصل میں آنتوں میں بھرے مغز سے بنتی تھی لیکن اب عموماً جوان بچھڑے/سُور کے نمکین گوشت سے بناتے ہیں ۔

cervical, a. (تشریح الاعضا) گردنی ؛ عُنقی ؛ گردن کے متعلّق ؛ رحم کے تنگ نچلے حصّے سے متعلّق ۔

cervicitis, n. التہابِ عنقُ الرّحم ؛ التہابِ رحم ؛ رحم کے نچلے گردن نُما حصّے کا ورم ۔

cervine, a. آہو رنگ ؛ غزالی ؛ ہرن سے متعلّق ؛ ہرن کی طرح ؛ ہرن نما ؛ گہرے گندمی یا چنپئی رنگ کا ۔

cervix, n. (تشریح الاعضا) گردن ؛ عُنق ؛ گردن ، خصوصاً گردن کا پچھلا حصہ ؛ کوئی بھی گردن نُما حصّہ ، خصوصاً رحم کا نچلا حصّہ ۔

Cesarean, Cesarian, n. دیکھیے : Caesarean ۔

cesium, caesium, n. (کیمیا) سیزیم ؛ عناصر کے القلائی گروہ سے تعلّق رکھنے والی ایک کمیاب نرم دھات ؛ معلوم عناصر میں بہت زیادہ مثبت برقی عُنصر جو خاص طور پر فوٹو برقی سیل میں استعمال ہوتا ہے ۔

cesium 137, n. (کیمیا) ایٹمی نمبر ۱۳۷ کی سیزیم ، جو اس عُنصر کی تابکار قسم ہے ، جس کی نصف زندگی ۳۰ سال ہوتی ہے ۔

cespitose, caespitose, a. (نباتیات) گُنجان ؛ گُچّھے دار ؛ تختۂ سبزہ کے متعلّق ؛ گھاس سے ڈھکا ہوا ؛ گُچھوں کی شکل میں اُگا ہوا ۔

cess, v.t. (برطانوی) محصول عائد کرنا ؛ جانچنا ؛ اندازہ کرنا ۔ (اسم) (برطانوی) محصول یا ٹیکس ؛ چُنگی ؛ مقامی محصول ؛ لگان ۔

cess, n. (برطانوی اور آئرش بول چال) قسمت ؛ بخت (جیسے : bad cess to you) ۔

cessation, n. خاتمہ ؛ اختتام ؛ روک ؛ توقُّف ؛ وقفہ ؛ التوا ؛ ٹھہراؤ ؛ انقطاع ؛ کسی بھی قسم کے عمل یا تحرُّک کی عارضی یا مستقل موقوفی ۔

cession, n. سپردگی ؛ حوالگی ؛ تفویض؛دین ؛ سونپنے ، دینے یا حوالے کر دینے کا عمل ، جیسے علاقہ ، جائیدادیا حقوق ؛ دست برداری ؛ استعفا یا قبول اطاعت ؛ وہ چیز جو کسی کے سپرد یا حوالے کر دی جائے ۔

cesspipe, n. گنداب نالی ؛ غلاظت نکاس پائپ ؛ گندابہ نکالنے والا پائپ ۔

cesspit, n. گنداب دان ؛ قعر یا گڑھا جس میں فُضلہ اور غلیظ پانی جمع کیا جاتا ہے ۔

cesspool, n. بدرَو ؛ ٹنکی ، حوض ، کنواں یا گڑھا جس میں موری کی گاد یا بدرو کی گندگی جمع ہو ۔ (مجازاً) مخرّبِ اخلاق جگہ ۔

c'est la guerre, [فرانسیسی : جنگ اسی کو کہتے ہیں] اسی طرح ہوتا ہے ؛ یوں ہی ہوتا ہے ۔

cestode, a. فیتے اور کدّودانے کی طرح کے کیڑے ؛ فیتیہ کے متعلّق ؛ یہ کیڑا جسم کے اندر پلنے والے چپٹی قسم کے طُفیلی کیڑوں کی قبیل سے ہے جس میں فیتیہ کیڑے بھی شامل ہیں ۔

cestoid, a. (حیوانیات) فیتیہ ؛ فیتے کی طرح جیسے کدّو دانہ کا طفیلی کیڑا ۔

cestus, n. (روم) چمڑے کی پٹیوں سے بنا ہوا دستانہ جس پر کبھی کبھی دھات کے ٹُکڑے جڑے ہوتے تھے اور جسے قدیم روم کے پیشہ ور تیغ زن یا مردِ میدان پہنتے تھے ۔

cestus, n. قدیم روم میں مستعمل پیٹی یا پٹکا ؛ خصوصاً وہ پیٹی جو حُسن کی دیوی افروڈائٹ یا زُہرہ سے منسوب تھی اور جس کے متعلّق مشہور ہے کہ وہ ان تمام چیزوں سے مزیّن ہوتی تھی جو بیدارئ ہوس کا موجب ہوں ۔

cesura, n. دیکھیے : caesura ۔

cetacean, n. فیل ماہی ؛ حُوت ؛ سمندری میمل یا دُودھ پلانے والا جانور جو حوتیہ (Cetacea) قبیل سے تعلّق رکھتا ہے اس میں وھیل ، ڈولفن اور خنزیر بحری یا یُونُس ماہی شامل ہیں ۔

cetacean, cetaceous, a. حُوتی ؛ وھیل سے متعلّق ؛ حُوتیہ سے متعلّق ۔

cetology, n. حُوتیات ؛ علم حُوتان ؛ وھیل مچھلی کے متعلّق عِلْم یا مطالعہ ۔

cetane, n. (کیمیا) سیٹین : ایک بے رنگ اور روغنی رقیق مادّہ جو ڈیزل ایندھن کو خوب تَر کرنے کے لیے اس میں بطور اضافی جُز ملایا جاتا ہے ۔

cetane number, n. (کیمیا) سیٹین درجہ ؛ گیسولین کے آکٹین نمبر کی طرح ڈیزل ایندھن کی صِفتی درجہ بندی ؛ سیٹین کی حجمی مقدار جو بُنیادی ڈیزل ایندھن میں اضافہ کی جاتی ہے تاکہ اسے ایک مخصوص کارکردگی کا اہل بنایا جا سکے ، اس کی صلاحیّت کار کو ایک پیمانے سے ناپا جاتا ہے جس میں صفر سے سو سیٹین تک کے درجے ہوتے ہیں ۔

Cetus, n. قِیطَس ؛ سبعُ البحر : مجمع الکواکب وھیل جو فلکی خط استوا پر بُرجِ حمل اور بُرجِ حُوت کے جنوب اور برجِ دلو اور النّہر کے درمیان واقع ہے ۔

cevitamic acid, n. (حیاتی کیمیا) ایسکاربک ایسڈ ؛ وٹامن سی ؛ حیاتین ج ۔

Ceylonese, a. سراندیپی ؛ سیلونی ؛ بحرہند میں بھارت کے جنوبی ساحل سے کُچھ فاصلے پر ایک جزیرے لنکا (سری لنکا) کے لوگوں ، وہاں کے کلچر یا ثقافت اور زبان سے متعلّق ۔

Ceylonese, n. سیلون کا باشندہ ؛ سیلون کی زبان ۔

Chablis, n. شابلی ، برگنڈی قسم کی خُشک سفید فرانسیسی شراب ۔

chabouk, chabuk, n. [اردو] چابُک ؛ تازیانہ : لانبا کوڑا جو مشرق میں جسمانی سزا دینے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔

cha-cha, cha-cha-cha, n. چا ، چا ؛ کمرۂ رقص میں

کیا جانے والا لاطینی امریکی ناچ جو تیز رفتار تال ۱-۱،۲-۲-۳ کے لیے مشہور ہے ۔ (فعل لازم) چا - چا رقص کرنا ۔

chacma, n. جنوبی افریقہ کا بَن مانس ؛ بڑا بَن مانس ، پاپیو کوماٹس (Papio comatus) جو جنوبی افریقہ میں پایا جاتا ہے ؛ مَیمُون ۔

Chad, n. چاڈبولی ؛ وسط افریقہ کے مُلک چاڈ میں بولی جانے والی زبان کی ایک شاخ ۔

chafe, v.t. کُھجلانا ؛ سہلانا ؛ مَلنا ؛ رگڑنا ؛ (جسم کے کسی حصّے میں) رگڑ سے گرمی پیدا کرنا ؛ مالش کر کے گرم کرنا یا گرمانا ؛ جذبات اُبھارنا ؛ مشتعل کرنا ؛ غُصّہ دلانا ؛ تشدُّد کے لیے اُبھارنا ؛ رگڑ کر یا گِھس کر جَھڑانا ۔ (فعل لازم) بیتاب ہونا یا گرم ہونا ؛ خشمگیں ہونا ؛ پیچ و تاب کھانا ؛ مالش سے گھسنا یا جھڑنا یا لال پیلا ہونا ، جِزبِز ہونا ؛ خارش سے جلد پر زخم کر لینا ۔

chafe, n. غیظ و غضب میں ہونے یا ناراض ہونے کی حالت ؛ پیچ و تاب ؛ جھنجھلاہٹ یا گرمی ؛ رگڑ سے پیدا شُدہ زخم یا جلد کی خراش ؛ چھیلن ۔

chafer, n. گُبریلا یا بھونرا : خصوصاً وہ گبریلے جو فصلوں کو نُقصان پہنچاتے ہیں ، جیسے مُرغ گبریلا ، گُلاب گبریلا یا چھال گبریلا ۔ (برطانوی) بھونرے کی قسم کا کوئی بھی کیڑا ۔

chaff, n. بُھوسی ؛ بُھوسا ؛ چِھلکا ؛ سبوس ؛ اناج یا گھاس کا بُھوسا لیکن عموماً وہ بُھوسا جو گندم کی بالیوں کو کوٹ کر چُنائی یا اُڑاونی سے گندم/اناج کو علیحدہ کر کے حاصل ہوتا ہے ؛ مویشی کے کھانے کے لیے کٹی ہوئی گھاس یا چری ؛ گھاس پھوس ، فضول یا بے فائدہ اشیا ، خصوصاً اتنی ہلکی کہ ہوا سے اڑ جائیں ؛ فضلہ ؛ کونپل ؛ چھاٹن ؛ اخور ؛ تُوڑی ؛ پَھک (چاولوں کی) ۔

chaffy, a. گھاس پھوس کی طرح ؛ بُھوسا بھری ؛ ہلکی ؛ کھلنڈری ، غیر سنجیدہ ؛ فضول ۔

chaff, v.t., v.i. نوک جھونک کرنا ؛ دِق کرنا ؛ چھیڑ خانی کرنا ؛ مذاق اڑانا ۔ (اسم) چھیڑ خانی ؛ نوک جھونک ؛ دل لگی ؛ مذاق ۔

chaffer, n. مذاق کرنے والا ۔

chaff, n. (عسکری) مُختلف لمبائیوں میں دھات کی پتلی پتیّاں/پیٹیاں جن کو ہوائی جہاز سے گرایا جائے تو ریڈار پلیٹ پر جُھوٹی یا دھوکے کی علامات ظاہر ہوتی ہیں ۔

chaffer, v.i. سودے بازی کرنا یا بھاؤ تاؤ کرنا ؛ سودا طے کرنے کے لیے جھک جھک کرنا یا تکرار کرنا ؛ گپ شپ کرنا ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کے لیے تکرار کرنا ، چوں چرا کرنا ۔ (اسم) سودے بازی میں قیمت پر تکرار ؛ لین دین پر تکرار ۔

chafferer, n. جھگڑالو سودے باز ؛ تکراری سودے باز ۔

chaffinch, n. دُج ؛ شُرشُورج ؛ بِرقِش ؛ یورپی چھوٹی چڑیا جو پالتو پرندے کے طور پر بہت مقبول ہے ۔

chafing dish, n. آتشدان ؛ مِجمر ؛ تابہ ؛ منقل ؛ انگیٹھی ؛ وہ برتن جس کے اندر جلتے ہوئے کوئلے ہوں تاکہ اس کے اُوپر رکھی ہوئی چیز گرم رہے ؛ وہ سازوسامان یا برتن/کڑھائی جس کے نیچے آنچ دینے والی کوئی چیز رکھّی ہو تاکہ کھانا پکایا جائے یا پکی ہوئی چیز کو میز پر گرم رکھا جائے ۔

chagrin, n. برہمی ، طیش ، غیظ ؛ کِھجاوٹ ؛ جھنجھلاہٹ ؛ پریشانی ؛ ناامیدی ؛ فروتنی یا ذِلّت کا احساس ؛ خِجالت ؛ کوفت ۔

chagrin, v.t. جھنجھلاہٹ یا کوفت سے متاثّر کرنا ؛ برہم کرنا ؛ دِق کرنا ؛ طیش دلانا ۔

chain, n. زنجیر ؛ گلوبند ، کنٹھا ، گھڑی کی زنجیر ، ایک دوسرے سے جڑے ہوئے دھاتی حلقوں کا سلسلہ جو مختلف کاموں کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔ (مجازاً) وہ جو باندھے/جکڑے ، روکے یا حد میں رکھے ؛ بندش ؛ بیڑی ؛ حلقہ ؛ ایک دوسرے سے جُڑی ہوئی چیزوں کا سلسلہ ؛ ایک دوسرے سے منسلک یا یکے بعد دیگرے ہونے/آنے والی چیزوں کا تسلسُل ، قطار یا سلسلہ (جیسے a chain of causes or events)۔ (بافندگی /بنت کاری) بافت یا بُناوٹ ، جوڑوں اور حلقوں کا لمبا سلسلہ بنانے والے جالے کے تاگوں کی بُنت ۔ (جہاز رانی ۔ استعمال در صیغۂ جمع) جہاز کے دونوں طرف لگائے گئے مضبوط جوڑ یا فولادی پترے جو مستولی رسّوں کے انسلاک کا حصّہ بنائیں ؛ مستول بند ۔ (مساحت) جریب : ایک پیمایشی آلہ جس کے زنجیرے میں عموماً سو حلقے ہوتے ہیں اور کُل لمبائی چھیاسٹھ فٹ ہوتی ہے ؛ ایک ہی قسم کے کاروبار کی مختلف جگہیں یا مقامات جو ایک ہی مالک/تنظیم کے تحت ہوں (جیسے : a hotel chain)؛ ایک ہی عُنصر کے ایٹموں/جوہروں کی تعداد جو آپس میں ضم کیے گئے ہوں ؛ دس گز فاصلے کا ناپ جسے فُٹ بال کے کھیل میں اہل کار ''پستِ اوّل (firstdown)'' طے کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

chain, v.t. باندھنا ؛ کسنا ؛ زنجیر یا زنجیروں سے باندھنا یا روکنا ؛ (کسی کو) زنجیریں پہنانا ؛ جوڑنا ؛ قابُو میں رکھنا ؛ مضبوطی سے متّحد کرنا ؛ مربوط کرنا ؛ ملانا ۔ (مساحت) زمین پر فاصلہ ناپنا ۔

chain gang, n. زنجیر بند قیدی ؛ سزا یافتہ مُجرموں کا گروہ جس کے افراد کو جیل سے باہر کام لیتے وقت ایک دوسرے کے ساتھ زنجیر سے باندھ دیا گیا ہو ۔

chain letter, n. ایک خط جسے چند اشخاص تک اس استدعا کے ساتھ بھیجا گیا ہو کہ وہ اس کی نقول کچھ مفروضہ فوائد کے لیے افراد کی ایک مخصوص تعداد کو ارسال کریں ۔

chain mail, n. دھات کے مربوط حلقوں کا لچکیلا زرّہ بکتر ۔

chain of command, line of authority, n. سلسلۂ اختیارات ؛ انتظامی یا عسکری مراتب یا درجات کا اُوپر سے نیچے تک تسلسُل جس کے ذریعہ حکمرانی کی جاتی ہے ، احکام جاری ہوتے ہیں یا رپورٹوں یا درخواستوں کی تنقیح کی جاتی ہے ۔

chain pump, n. زنجیر پمپ ؛ ایک پمپ ، پچکاری یا تلمبہ جس میں ایک لمبی زنجیر سے بندھی رکابیاں یا بالٹیاں ہوتی ہیں جو ایک سلنڈر یا استوانہ میں تیزی سے چلتے ہوئے مطلوبہ سمت کی طرف رقیق/پانی کو اٹھا کر لے جاتی ہیں ۔

chain reaction, n. مسلسل تعامُل ؛ زنجیری عمل ؛ زنجیری تعامُل : واقعات کا سلسلہ جس میں ہر واقعہ کا آغاز اس سے پچھلے واقعے نے کیا ہو ۔ (کیمیا ، طبیعیات) ذرّات کے درمیان عمل و رَدِعمل کا سلسلہ جو مصنوعی طور پر اضافی توانائی سے شروع کیا جائے لیکن شروع ہونے کے بعد بجائے خود یا اپنے آپ جاری رہے ؛ ابتدائی ردّعمل کے نتیجے میں مزید ردعمل کا سلسلہ جیسے کیمیا میں کثیر سالمیاؤ (polymerization) اور طبیعیات میں

انشقاق(نووی) nuclear fission ۔

chain-react, v.i. زنجیری تعامُل کرنا ؛ مسلسل ردّعمل ہونا ۔

chain saw, n. زنجیری آرا ؛ برقی آرا جس کے پہیّے یا زنجیرے پر دانتے ہوتے ہیں ۔

chain-smoke, v.i., v.t. تسلسل نوشی کرنا ؛ متواتر سگریٹ یا سگار پینا : ایک سگریٹ سے دوسری سگریٹ سلگانا ۔

chain-smoker, n. بہت زیادہ سگریٹ/سگار پینے والا ۔

chain stitch, n. زنجیر بافی ؛ زنجیرہ سلائی : سجاوٹی سلائی جس میں دھاگے یا ٹانکے ایک دوسرے سے زنجیر کی صورت مربُوط ہوتے ہیں ، یہ سلائی ہاتھ یا مشین سے کی جاتی ہے ۔

chain store, n. شاخ داری دُکانیں ؛ حلقہ دار مخزن : ذخیرہ ہائے فروخت/دُکانوں کا سلسلہ جو ایک ہی مالک یا ایک ہی کمپنی کے زیرِ انتظام ہو ۔

chair, n. مسند ؛ منبر ؛ نشست ؛ کُرسی ؛ صدر ؛ ایک نشست جس کی پُشت اور اکثر بازو بھی ہوتے ہیں ، عموماً ایک شخص کے لیے ؛ کُرسی اُٹھانے کے آلہ پر ایک معلّق نشست ؛ عہدے یا اختیار کی کُرسی یا بجائے خود عُہدہ یا دفتر ؛ وہ شخص جو اس نشست یا عُہدے پر مُتمکّن ہو ، خصوصاً کسی اجلاس کا صدر ؛ پالکی ؛ سیج گاڑی ۔ (برطانوی) فولاد کا ٹکڑا یا شکنجہ جس سے ریل کی پٹڑیوں کو سہارا اور تحفُّظ دیا جاتا ہے ۔

chair, v.t. کُرسی پر رکھنا یا بٹھانا ؛ عُہدے کی کرسی پر متمکّن کرنا ؛ مسند/صدر نشین کرنا ۔ (برطانوی) فتح کی خوشی میں کرسی پر بٹھا کر کندھوں پر اٹھائے ہوئے لے جانا ؛ اجلاس میں صدارت کرنا ۔

chair car, n. مسافر ریل گاڑی جس میں ڈبل یا اجتماعی نشستوں کے بجائے علیحدہ علیحدہ کُرسیاں ہوں ۔

chairman, n. صدر نشین ؛ صدر ؛ میر مجلس ؛ چیئرمین ؛ مجلس ؛ جماعت ، کمپنی ، کمیٹی یا عام جلسے کا صدر ؛ یونیورسٹی یا کالج میں کسی شُعبے کا عامل سربراہ ؛ وہ جس کا روزگار پالکی لے جانا ہو ۔

chairmanship, n. صدر نشینی ؛ صدر کا عُہدہ ، یا جلسے کی صدارت ؛ میر مجلسی ؛ چیئرمینی ۔

chairwoman, n. خاتون صدر ۔

chairman, v.t. صدر کی حیثیّت سے کسی گروہ ، جلسے یا کمیٹی کی صدارت کرنا ۔

chairwarmer, n. (عوامی) سُست آدمی ؛ کاہل آدمی ۔

chaise, n. ہلکی اور کُھلی گاڑی جس پر عموماً ایک چھت گیری بھی ہوتی ہے ؛ دو آدمیوں کے لیے دو پہیّوں اور ایک گھوڑے کی گاڑی ؛ ڈاک گاڑی ؛ یکّہ ۔

chaise longue, n. ایک قسم کی لمبی نشست والی آرام کُرسی ۔

chalcedony, n. سنگ یمانی ؛ عقیق اَبیَض ؛ سنگ مُردہ : نیم شفّاف قسم کا مختلف رنگوں میں پایا جانے والا پتھّر جو بیشتر دُودھیا اور خاکی ہوتا ہے ۔

chalcocite, n. کیلکوسائٹ : تانبے کا قدرتی سلفائڈ ، سیاہی مائل گہرے خاکی سے سیاہ رنگ تک کا چمک دار معدن جو ٹھوس ڈلوں یا ذرّوں کی شکل میں پایا جاتا ہے اور تانبا حاصل کرنے کا اہم معدن ہے ۔

chalcopyrite, n. (کیمیا) مسی چقماق ؛ تانبے اور لوہے کا قُدرتی سلفائڈ ، زرد رنگ کا معدن جس میں دھات کی چمک ہوتی ہے اور ٹھوس ڈلوں یا ذرّوں کی صورت میں پایا جاتا ہے ؛ تانبا حاصل کرنے کا اہم معدن ہے ۔

Chaldaic, a. قدیم کلدان (جنوبی بابل) سے متعلّق ؛ کلدانی ۔ (اسم) کلدان کی سامی زبان ؛ کلدانی زبان ۔

Chaldean, a. کلدانی ؛ قدیم کلدان (جنوبی بابل) کا یا اس سے تعلّق رکھنے والا ؛ جوتش (علم نجوم) یا پراسرار علوم کے متعلق ۔ (اسم) کلدان کا باشندہ؛ قدیم سامی جو بابل میں غالب عُنصر تھے اور جنگجُو ، جوتشی ، جادُوگر وغیرہ کی حیثیّت سے مشہور تھے ؛ لہٰذا جوتش اور عُلُومِ مخفیہ کا ماہر ؛ جوتشی ، رمّال یا غیب دان ۔

Chaldee, n. کلدہ : فلسطین اور بابل کے یہودیوں کی قدیم زبان ؛ مقامی زبان آرامی جو اصل انجیل کی بعض عبارتوں جیسے دانیال ، عذرا اور ارمیاہ کی کُتبِ انجیل میں پائی جاتی ہے ۔

chaldron, n. کوئلہ ، کوک یا چُونے کے وزن کے لیے ایک انگریزی خُشک پیمانہ جو ۳۲ یا ۳۶ بشل کے برابر ہوتا ہے لیکن مقام اور چیز کے لحاظ سے اس پیمانے میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے ۔

chalet, n. پہاڑی بنگلہ ؛ شیلے ؛ پہاڑی ڈیرہ : سوئٹزرلینڈ کا مکان جو عموماً لکڑی کا بنا ہوتا ہے اور جس کے سامنے اور طرفین میں چوڑے چھجّے ہوتے ہیں ؛ اس طرز کا کوئی بھی بنگلہ یا مکان ؛ سوئٹزرلینڈ کے پہاڑوں میں گڈریے کی جھونپڑی ۔

chalice, n. کٹامیّہ ؛ جام ؛ ساغر ؛ پینے کا پیالہ یا قدح : وہ پیالے یا جام جو عشائے ربّانی میں شراب پلانے کے لیے استعمال کیے گئے ہوں؛ کٹورے کی طرح کا پھول ؛ کٹورا پھول ۔

chalk, n. رام کھلی ؛ چاک ؛ کھریا مٹّی یا نرم چونا ؛ پتّھر ، عموماً سفید یا زردی مائل ، جو زیادہ تر ثقبہ دار یا سُوراخ دار کھیروں کا بنتا ہے ؛ چاک یا چُونے کی طرح کا مادّہ ؛ نشان لگانے یا لکھنے کے لیے تیّار کیا ہوا یا بنایا ہوا چاک ؛ چاک سے لگایا ہوا نشان ۔ (کھیل میں) حاصل کیے گئے نمبروں وغیرہ کا ریکارڈ ۔

chalky, a. کھریا سا سفید ؛ چُونا بھرا ۔

chalk, v.t. کھریا سے کام کرنا ؛ کھریا میں ملانا یا کھریا سے رگڑنا ؛ کھریا سے سفید یا پیلا کرنا ؛ کھریا سے نشان لگانا ، لکھنا یا کھینچنا ۔ (فعل لازم) کھریا کے سفوف کی طرح سفید ہو جانا جیسے کہ روغن کردہ سطح موسم کے اثر سے ہو جاتی ہے ۔

chalk-stone, n. (امراضیات) رُسُوبی گرہ : نقرس کے مریضوں کے خلیاتی نسیج یا چھوٹے جوڑوں میں کھریا کی طرح کا جمع شُدہ مادّہ ؛ نِقرِس ؛ نِقرِسی پتّھری ۔

chalk up, v.t. کسی کو کسی بات کا موجب یا ذمہ دار ٹھہرانا (جیسے He chalked up his failure to insufficient study time.)؛ تکمیل کرنا یا حاصل کرنا جیسے to chalk up another touch down (بلیرڈز) کھریا لگانا جیسے چھڑ کے سرے پر ۔

challenge, n. چیلینج ؛ دعوت مبارزت ؛ للکار ؛ ٹوک ؛

اعتراض ؛ کسی چیز/بات پہ اعتراض ؛ توضیح یا توجیہہ کا مطالبہ ؛ ہنر، قُوّت یا کھیل کی آزمایش کے لیے مقابلے یا مسابقت کی صَلا یا دعوت ؛ توہین یا اشتعال کے نتیجے میں مبارزت طلبی ؛ کسی پیشے یا کام میں ایسی مشکل جو محرّک اور مسرت بخش حد تک اُبھارنے والی ہو ؛ دستخط یا شناخت کے لیے سنتری کا مطالبہ ۔ (قانون) کسی منصف یا منصفوں کی جماعت (جیوری) کی اہلیّت یا غیر جانبداری کے خلاف باقاعدہ درخواست یا عرضداشت ؛ کسی ووٹ (رائے) کے جائز ہونے یا ووٹر (رائے دہندہ) کی اہلیّت پر اعتراض یا عُذرداری ۔

challenge, v.t. چیلنج کرنا ؛ للکارنا ؛ چنوتی دینا ؛ دعوتِ مبارزت یا صلائے مقابلہ دینا ؛ مبارزت طلبی کرنا ؛ سنتری کا دستخط مانگنا یا شناخت کے لیے پُکارنا ؛ بطور حق مانگنا ؛ استحقاقی تقاضا کرنا ۔ (قانون) مُمکنہ مُنصفوں کی جماعت میں کسی شخص کو شامل نہ کرنے کا مطالبہ کرنا ؛ کسی کی قانونی اہلیّت یا جواز پر اعتراض کرنا ؛ معترض ہونا ؛ کسی چیز یا بات کو بطورِ خاص قابلِ اعتراض قرار دینا ؛ گرفت کرنا ؛ عذرداری کرنا ؛ کسی بیان پر اظہار شبہ کرنا ۔ (فعل لازم) چنوتی ، دعوت مبارزت یا صلائے مسابقت کا پیش آنا ؛ قانونی اعتراض کرنا ؛ عذرداری پیش کرنا ۔

challenger, n. چنوتی دینے والا ، مبارزت طلب ؛ مُعترض ؛ عذر دار ۔

challengeable, a. چنوتی یا اعتراض کے قابل ، قابلِ عُذر داری ۔

challis, challie, n. پُھولدار کپڑا ؛ اُون ؛ روئی اور اُون یا ریان کا بنا ہوا ہلکے وزن کا کپڑا جس پر عموماً چھوٹا پُھول چھپا ہوتا ہے ۔

chalone, n. (فعلیات) کیلون ؛ مسکِن ؛ درون افراز غدود کی ریزش جو حرکاتِ جسمانی میں مزاحم ہو ۔

chalumeau, n. الغوزہ ؛ کلارنٹ (الغوزے اور شہنائی سے مشابہ ساز) کا سب سے مدھم یا نچلا آہنگ ؛ سترھویں صدی عیسوی کا لکڑی کی نلی سے بنایا جانے والا ساز جو موجودہ کلارنٹ کا پیش رو تھا ۔

chalybeate, a. آہن دار ؛ آہن آمیز ؛ لوہا ملا پانی ؛ حدیدی ؛ فولادی ؛ لوہے سے پُر یا معمُور؛ ایسی دوائیں جن میں لوہا ہو یا خصوصاً ایسا پانی یا پانی کے چشمے جن میں لوہے کی آمیزش ہو۔ (اسم) کوئی بھی پانی یا دوا جس میں لوہا موجود ہو ؛ فولاد آمیز دوا یا پانی ۔

chamber, n. چیمبر ؛ حُجرہ ؛ کمرہ ؛ ایوان ؛ خلوت گاہ ، خصوصاً خواب گاہ ؛ کمرہ جس میں پیشہ ور لوگ مثلاً وکلا اپنا کام کرتے ہوں ؛ کمرہ جس میں منصف یا جج صاحبان ایسے معاملات نپٹانے کے لیے بیٹھتے ہوں جن کی سماعت عدالت میں نہ ہوئی ہو ؛ ہال یا جگہ جس میں کسی مجلس ، جماعت یا گروہ کے اجلاس منعقد ہوتے ہوں ؛ مقنّنہ ، عدلیہ یا ایسی ہی کوئی جماعت ، جیسے دو ایوانی مقنّنہ کا کوئی بھی ایوان ؛ کوئی کونسل یا بورڈ ، جیسے چیمبر آف کامرس ؛ کسی چیز میں کھوکھلی جگہ یا جوف ، خصوصاً جب کہ وہ خاص شکل کی اور مخصوص استعمال کے لیے ہو (جیسے خانۂ احتراق) ؛ آتشیں اسلحہ میں بندوق کا وہ حصّہ یا پُرزہ جس میں کارتوس رکھے جاتے ہیں یا پستول کے استوانہ میں کارتوسوں کی جگہ ؛ اُطاق ۔

chambered, a. اُطاقی ؛ کمرہ دار ؛ خانہ دار ۔

chamber, v.t. اطاق یا خانے میں ڈالنا ؛ اندر بند کرنا یا چیمبر کے اندر ڈالنا ۔

chamberlain, n. چیمبرلین ؛ کاردار ؛ عرض بیگی ؛ حاجب ؛ کسی جماعت یا ادارے کا مُنتظِم ؛ وہ شخص جس کے ذمّے چیمبر کے انتظامی اُمُور ہوں ؛ وہ افسر جو کسی بادشاہ یا امیر کے نجی محلاّت کا مُنتظِم ہو ؛ شہر یا کارپوریشن کا خزانچی ۔

chambermaid, n. سرائے خادمہ ؛ وہ عورت جس کے ذمّہ خواب گاہوں کی عام دیکھ بھال کا کام ہو ، جیسے سجاوٹ ، صفائی ، بستر لگانا وغیرہ ۔

chamber music, n. سرودِ خلوت ؛ چھوٹے سے کمرے میں سُنی جانے والی موسیقی : یہ اصطلاح عموماً یک فردی سازوں کے چھوٹے گروہ کے لیے مخصوص ہے ۔

chamber of commerce, n. ایوانِ تجارت ؛ چیمبر آف کامرس ؛ تاجروں اور صنعت کاروں کی تنظیم جس کے تحت یہ لوگ علاقے میں تجارتی و صنعتی مفادات کا تحفُّظ کرنے ، ان کو فروغ دینے اور ان میں باقاعدگی پیدا کرنے کے لیے باہم مشورے اور کام کرتے ہیں ۔

chamber pot, n. پیشاب دان : حاجتی ؛ پیشاب اور دیگر فُضلے کے لیے خواب گاہ میں استعمال کیا جانے والا ظرف یا برتن ۔

chambray, n. کیمبری ؛ شبنمی کپڑا : دھاری دار سُوتی کپڑے کی نفیس قسم جس کی بافت ایسی ہوتی ہے کہ تانا رنگین اور بانا سفید دھاگے کا ہوتا ہے اس طرح سادہ رنگ کو شبنمی جھلک مل جاتی ہے ۔

chameleon, n. گرگٹ ؛ حَربا ؛ پُرانی دنیا کے گرگٹوں کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ، خصوصاً وہ جو حَربَا جنس (Chamaeleon) سے تعلّق رکھتے ہیں اور اس وجہ سے مشہور ہیں کہ اپنی دانہ دار کھال میں رنگ کے خلیوں کے حجم اور ہیئت میں تبدیلی لانے کے باعث گردوپیش کے ماحول کے مطابق رنگ بدل لیتے ہیں ، یہ گرگٹ اپنے لمبے چپٹے جسم ، آنکھ کی آزادانہ ہلنے والی پُتلیوں ، لمبی زبان (جو جسم کی لمبائی جتنی باہر آ سکتی ہے) اور گرفت کر لینے والی دُم کے لیے بھی مشہور ہیں ۔ (صفت) متلون مزاج ، تغیّر پذیر ؛ غیر مستقل مزاج ، بوقلموں ، گرگٹ سا ۔

chameleonic, a. گرگٹی ؛ ہوا کے ساتھ بدلنے والا ؛ ابن الوقت ؛ بے اصولا ۔

chamfer, n. مسطّح سطح ؛ ہتام ؛ ہاتام ، چھوٹی بدرَو یا نالی جو لکڑی یا دیگر سخت مادّے میں کاٹ کر نکالی جائے ؛ نچائی یا ڈھلوان ؛ کسی چیز کا کونا جو اصلاً زاویۂ قائمہ پر عمودی ہو اور جس کے دونوں طرف برابر برابر کے ڈھلوان کاٹ کر نکالے جائیں ؛ عمودی کونے یا کنارے کو مسطّح کرنا ۔

chamfer, v.t. کسی چیز میں یا کسی چیز پر نالی کاٹنا ؛ عمودی کٹاؤ یا کھنڈاؤ کرنا ؛ نالی بنانا ؛ ڈھلوان بنانے کے لیے کاٹنا یا گِھسنا ۔

chamois, n. سانبر ؛ سانبھر ، سابر ؛ یورپی ہرُیال : بکری کی طرح کے ہرن کی ایک قسم جو یورپ اور مغربی ایشیا کے بُلند ترین دُشوار گُزار پہاڑوں میں رہتی ہے ، اس کی جسامت موٹے تازے بڑے بکرے کے برابر ہوتی ہے اور یہ بہت پھرتیلا ہوتا ہے ؛ ایک قسم کا نرم و نفیس چمڑا جو مختلف اقسام کی کھالوں سے بنا کر مچھلی کے تیل سے نرم اور چکنا کیا جاتا ہے ، اس کا نام شیمی اس لیے پڑا کہ یہ

سب سے پہلے شیمی کی کھال سے بنایا گیا تھا ـ

chamomile, n. دیکھیے : camomile ـ

Chamorro, n. چیمارو : بحرالکاہل میں فلپائن کے مشرق کی طرف گام اور میریانا یا لیڈرون جزائر کی مقامی نسل کا فرد جو مائیکرونیسی (ملائی ـ پالی نیسی) نسلوں سے تعلق رکھتی ہے اور جس میں فلپائنی نیز ہسپانوی اِمتزاج بہت واضح ہے ؛ اس نسل کی زبان ـ (صفت) چیمارو کا یا ان کے متعلّق ؛ چیمارو زبان کا یا اس کے متعلّق ـ

champ, v.t. جُگالی کرنا ؛ چپڑچپڑ چبانا ؛ دانتوں سے توڑ کر زور سے اور آواز کے ساتھ چبانا ؛ چبا کر کھانا ؛ بے صبری کے ساتھ بار بار دانتوں سے کاٹنا (جیسے گھوڑا) ـ(اسکاٹ بولی) کوٹ کر ریزہ ریزہ کرنا ؛ پیسنا یا کُچلنا ـ (فعل لازم) جبڑوں اور دانتوں کو یوں حرکت دینا جیسے ان سے کچھ کاٹا یا چبایا جا رہا ہو ـ (اسم) جُگالی ؛ چبانے کا عمل ـ

champ, n. (عوامی) چیمپئین ؛ مرد میدان؛ کسی بھی کھیل میں پہلا درجہ حاصل کرنے والا؛ مُکّے بازی یا دیگر کھیلوں کا چیمپئین؛ معرکہ مار ـ

champagne, n. شیمپین : جھاگ والی شراب ، عموماً سفیدی مائل ہوتی ہے ؛ فرانس کے صوبہ شیمپین یا دیگر مقامات میں بنائی جاتی ہے ؛ شیمپین کا رنگ یعنی ہلکا زرد ـ

champaign, n. شہر سے دُور یا دیہاتی علاقے میں کھلی ہموار جگہ ـ (صفت) ہموار ؛ کھلا ؛ میدانی ـ

champerty, n. (قانون) شمپرٹی ؛ غیر قانونی کارروائی جس کے تحت ایک فریق جو مقدّمہ سے غیر متعلّق ہو مدّعی یا مدعا علیہ کی مدد اس سودے کی بنا پر کرے کہ کامیابی کی صورت میں اس کو بھی حصّہ ملے گا ـ

champignon, n. (برطانوی) عام کھانے کی کُھمبی ، سیا روغ ؛ کلاہِ باراں ، سانپ کی چھتری ـ

champion, n. چیمپین ؛ حمایتی ؛ حامیٔ کار ؛ اچھے مقصد کے لیے جدوجہد کرنے والا ؛ دُوسرے کی حمایت میں لڑنے والا ؛ انعامی مُقابلے میں اوّل آنے والا یا پہلا انعام جیتنے والا ؛ وہ جس کی بڑائی یا فوقیّت عام مقابلے کے نتیجے میں تسلیم کی جائے ؛ کوئی بھی چیز جسے مقابلہ کی نمایش میں پہلا درجہ یا اوّل انعام دیا جائے ؛ معرکہ مار ـ

champion, v.t. لڑائی کے لیے چیلنج کرنا یا مبارزت کی دعوت دینا ؛ حفاظت کرنا ؛ (کسی حق یا شخص) کا دفاع ، حمایت یا طرفداری کرنا ؛ معرکہ مارنا ـ

championship, n. رستمی ؛ میرمیدانی ؛ چیمپین شپ ؛ (کسی کھیل ، کام یا شُعبے میں) اوّل آنے یا پہلے درجہ پر ہونے کا امتیاز ؛ کسی حق یا دعوے کی حمایت یا اس کو برقرار رکھنے کی حالت ـ

champleve, a. چینی کاری یا مینا کاری کے ایسے کام کا یا اس کے متعلّق جس میں مینا کاری کے لیے یا مینا کے بھراؤ کے لیے دھات کو کاٹا یا کھودا جاتا ہے ـ

champleves, n. دھات پر مینا کاری یا اس کا عمل ـ

chance, n. موقع ؛ اتّفاق ؛ ایسا واقعہ جس کی بظاہر کوئی وجہ نہ ہو اور نہ جس پر اختیار ہو ؛ قسمت ؛ تقدیر ؛ غیر متوقّع واقعات کا بے مقصد سبب ؛ بخت ؛ نصیب ؛ حادثہ ؛ امکانی یا احتمالی وقوعہ ؛ ناگہانی یا اتّفاقی واقعہ ؛ غیر معمولی اور غیر متوقّع واقعہ ؛ بے نیّت اور بے اِرادہ ہو جانے والی بات ؛ خطرہ ، جوئے کا داؤ یا بازی ؛ لاٹری کا ٹکٹ ـ

by chance, اتفاقاً ؛ پیش بینی یا منصوبے کے بغیر ـ

on the chance, کسی قدر امید کے سہارے یا توقّع کی بنیاد پر ـ

on the off chance, بہت کم امید کے ساتھ ؛ امکانی امید پر ـ

chance, v.i. ہونا ؛ واقع ہونا ؛ صادر ہونا ؛ حادث ہونا ـ (فعل متعدی) اِتّفاق کے دائرۂ اثر میں لانا ؛ خطرہ مول لینا ـ (صفت) اتفاقیہ (جیسے : a chance acquaintance) ؛ کبھی کبھار کا ؛ شاذ ـ

to chance upon, (کسی شخص یا چیز کا) غیر متوقّع طور پر ملنا ؛ اتفاقیہ پا لینا ـ

chanceful, a. اِتفاقات یا حادثات سے پُر ؛ خطروں سے بھرپُور ـ

chancel, n. گرجے کا صدر مقام؛ صدرِ کلیسا ؛ کلیسا کا وہ حصّہ جو وسطی فرش سے چند سیڑھیاں اُوپر ہوتا ہے ، یہ بُلند حصّہ کٹہرے سے گھرا ہوتا ہے ، جس میں عشائے ربّانی کی میز ، منبر اور لکھنے یا کاغذ رکھنے کے ڈیسک وغیرہ ہوتے ہیں ـ

chancellery, n. دفترِ سفارت خانہ ؛ دیوانِ وزارت ؛ چانسلری ؛ چانسلر کا عُہدہ ، عدالت یا محکمہ ؛ چانسلر کی سرکاری رہایش گاہ یا دفتر ؛ سفارت خانے یا قونصل خانے کا دفتر اور عملہ ـ

chancellor, n. صدر مملکت ؛ امیر جامعہ ، چانسلر ؛ وزیر ، دیوان ، سربراہ ، مُشیر ، ریاستہائے متّحدہ امریکا میں دادرسی کی عدالت یا چانسری کا مُنصِف یا صدر مُنصِف ؛ بعض تعلیمی جامعات (یونیورسٹیوں) میں عامل سربراہ یا شیخ الجامعہ کا عہدہ یا جامعہ کا کوئی بڑا افسر جس کی مخصوص انتظامی ذمّہ داریاں ہوں ؛ بعض ریاستوں میں اعلیٰ تعلیم کے نظام کا سربراہ ؛ رُومی کلیسا کا پادری جسے علاقہ کے بشپ نے قانونی معاملات میں مدد اور پادریوں کی عدالت منعقد کرنے کے لیے مقرر کیا ہو ؛ انگریزی کلیسا کے علاقے کا ایک عام رُکن جو کلیسا کا قانونی افسر اور مُشیر مقرر کیا گیا ہو ؛ بعض یورپی ملکوں میں ریاست کا وزیراعظم ؛ سفارت کا چیف سکریٹری ـ (برطانوی) تاجِ شاہی کا سب سے بڑا عدالتی افسر جو لارڈ ہائی چانسلر کہلاتا ہے ؛ کسی جامعہ کا اعزازی، غیر اقامتی برائے نام سربراہ ـ

Chancellor of the Exchequer, n. وزیرِ مالیہ ؛ وزیرِ خزانہ ؛ برطانوی وزارت میں وزیرِ مالیات جو قومی مالیہ (آمدنی) اور اخراجات کے انتظام کا ذمّہ دار ہوتا ہے ؛ خزانہ کا سب سے بڑا افسر ـ

chance-medley, n. (قانون) اچانک اور شدید لڑائی جھگڑا؛ بے ارادہ قتل ، غالباً ذاتی دفاع میں ؛ بے قاعدگی ؛ لاپروائی یا اتفاقیہ عمل ـ

chancery, n. چانسری ؛ اعلیٰ ترین عدالت ؛ محافظ خزانہ ؛ عدالتِ عالیہ ؛ اصولِ معدلت کی عدالت جو عام قوانین کی عدالتوں سے مختلف اور ممیّز ہوتی ہے ؛ قانُونی انصاف ؛ سرکاری دستاویزات کا دفتر ؛ چانسلر کی عدالت یا دفتر یا وہ عمارت جس میں اس کا دفتر ہوتا ہے ؛ سفارت کا دفتر (برطانوی) (بڑے C سے) ۱۸۷۳ء سے عدالت عالیہ کے پانچ شُعبوں میں سے ایک ـ (قانون) چانسری

میں ، یعنی چانسلر کی عدالت میں زیرِ التوا؛ مقدمہ میں عدالت کے زیرِ نگرانی (جیسے : a ward in chancery) ؛ کلیسائی علاقہ میں کلیسا کا عامل دفتر۔ (رومن کیتھولک کلیسا) پوپ کی عدالت کا وہ شعبہ جو نئے بشپی علاقوں کے قیام کے لیے فرمان جاری کرتا ہے۔ (کھیل) کُشتی کے فن کی ایک گرفت جس میں حریف کے سر کو کس کے پکڑتے ہیں یا گردن کو دبا لیتے ہیں ؛ گرفت یا چُنگل۔

chancre, n. (امراضیات) شینکر ؛ قرح زہریہ ، آکولہ ، آکلہ ؛ آتشک گھاؤ ؛ گرمی کا پھوڑا ؛ آتشک کا زخم ؛ شہوی یا آتشکی امراض کی وجہ سے ابتدائی فاسد تغیّر یا خلل۔

chancroid, n. مرض خبیثہ کا نرم مقامی آتشکی پھوڑا ؛ آکولہ نما۔

chancrous, a. آتشک کا یا آتشک جیسا ؛ شینکری ؛ آکولی۔

chancy, a. اتفاق پر مُنحصر ؛ غیر یقینی ؛ موہوُم ؛ جس پر بھروسا نہ کیا جا سکے۔

chandelier, n. چِل چراغ ؛ جھاڑ ؛ فانوس ؛ کئی موم بتّیوں یا قُمقُموں کا چند شاخہ شمع دان جو اکثر چھت سے لٹکایا جاتا ہے۔

chandelle, n. (ہوا بازی) طیّارہ موڑ عمل : عمودی بلندی پر جاتے ہوئے یکا یک مُڑنے کا عمل جس میں طیّارے کی رفتار بلند ہونے کے لیے مزید زور فراہم کرتی ہے ، نیز طیّارہ بیک وقت سمت بدلتا ہے اور زیادہ بلندی پر چلا جاتا ہے۔ (فعل متعدی) زیادہ بلندی پر طیّارے کو موڑنا۔

chandler, n. بقال ؛ پنسار یا ؛ شمع اور صابن بنانے یا بیچنے والا ؛ خاص قسم کی اشیا یا سازوسامان فروخت کرنے والا (جیسے : ship chandler) ؛ کریانہ فروش۔

chandlery, n. وہ اشیا جو کریانہ فروش یا بقّال بیچتا ہے ؛ اس کا گودام یا تجارخانہ ؛ موم بتّیوں ، چراغوں ، فانوسوں کے ذخیرے کا کمرہ۔

change, v.t. بدلنا ؛ تغیّر و تبدُّل کرنا ؛ ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا ؛ ہیئت یا جوہر کے لحاظ سے مختلف کرنا ؛ تبدیل کرنا یا مختلف بنانا ؛ مقام یا راستہ بدل لینا ؛ کسی چیز یا چیزوں کا بدل مہیّا کرنا (جیسے to change clothes) ؛ مُنتقل کرنا ؛ کسی کرنسی /سِکّے کے بدلے میں دوسری کرنسی/سِکّے دینا یا حاصل کرنا (جیسے : to change a dol-lar) ؛ ایک کرنسی کی رقم کے بدلے اس کی قیمت کے برابر دوسری کرنسی میں رقم دینا ؛ بُھنانا ؛ بدلوانا ؛ سِکّہ تڑانا یا خوردہ کرنا ؛ ادلا بدلی کرنا ؛ کسی جگہ نیا کپڑا بچھانا یا بدلنا (جیسے : to change a bed of baby)۔ (فعل لازم) تبدیلی بُھگتنا ؛ تبدیلی میں سے گُزرنا ؛ تبدیل ہونا ؛ تغیُّر کے عمل سے گُزرنا ؛ جُزوی یا کُلّی طور پر متغیّر ہونا ؛ آواز کو سب سے نچلی سطح پر لے آنا ؛ اپنے نقل و حمل کا ذریعہ بدلنا ؛ نئے انقلاب کو وقوع میں لانا یا ایک مرحلہ سے گُزر کر دوسرے مرحلہ میں پہنچنا جیسے چاند منزلیں طے کرتا ہے۔

to change hands, ایک مالک سے دوسرے مالک کو منتقل ہونا۔

changer, n. بدلنے والا ؛ بدل گر۔

change, n. انقلاب ؛ تغیّر ؛ تبدیلی ؛ ہیئت ؛ حالت ؛ قدر یا جوہر میں کوئی بھی تغیُّر و تبدُّل ؛ ایک حالت ، شکل یا جگہ سے دوسری میں منتقلی ؛ ایک چیز کی جگہ دوسری کی قائم مقامی (جیسے : change of seasons) ؛ چاند کا ایک مرحلے سے دوسرے مرحلے میں گُزر ؛ ترتیب درجات میں تبدیلی ؛ ترتیب میں تبدیلی ؛ وہ جو تنوّع پیدا کرے یا جو کسی چیز کا نعم البدل ہو (جیسے two changes of clothes) (دو جوڑے لباس کے) ؛ سِکّے کی ریزگاری جو بڑی اکائی کے بدلے میں دی جائے ؛ چھوٹے سِکّے ؛ باقی رقم جو خریدے ہوئے سامان کی قیمت منہا کر کے واپس کی جائے ؛ وہ جگہ جہاں تاجر اور دوسرے لوگ سودے طے کرنے کے لیے جمع ہوں ، ان معنوں میں change مخفف ہے Ex-change کا۔ (موسیقی) وہ ترتیب جس میں گھنٹیاں بجائی جائیں۔

changeable, a. تغیُّر پذیر ؛ تبدیل ہونے والا ؛ ڈھل مل ؛ مُتلوّن ؛ بے ثبات ؛ بے قرار ؛ تبدل پذیر جیسے رنگ جو روشنی کے منتقل ہونے سے بدلتا ہے۔

changeableness, changeability, n. تغیُّر پذیری ؛ تلوُّن۔

changeably, adv. تلوُّن سے ؛ تغیُّر پذیرانہ۔

changeful, a. ڈانواں ڈول ، کبھی غلط کبھی صحیح کرنے والا ؛ کام یا مہارت میں بے اعتبار ؛ نامعیّن ؛ غیر یقینی ؛ دگرگوں ؛ ڈھل مل ؛ غیر مُعتمد ؛ تغیّر پذیر ؛ متلوّن۔

changefully, adv. ڈھل مل یقینی سے ؛ متلوّن مزاجی سے۔

changefulness, n. تغیّر پذیری ؛ تلوُّن ؛ تبدیلی۔

changeless, a. بے تغیّر ؛ مستقل ؛ تغیُّر یا تنوُّع کے بغیر ؛ ثابت قدم ؛ غیر متبدل ؛ راسخ ؛ استوار۔

changelessly, adv. مستقل مزاجی یا ثابت قدمی سے ؛ ناتغیُّر پذیرانہ۔

changelessness, n. استقلال ؛ ناتغیّر پذیری۔

changeling, n. بدلا ہوا بچّہ یا چیز ؛ وہ بچّہ جو دوسرے بچّے سے چوری چھپے بدل دیا جائے ؛ وہ عجیبُ الخِلقت ، بے وقوف یا بدصورت بچّہ جسے (مفروضہ کے مطابق) پریاں کسی خوبصورت انسانی بچّے کے عوض ڈال جاتی ہیں۔

change off, v.i. کسی کے ساتھ باری بدلنا یا باری باری سے ایک کے کام کا وقت ختم ہونے پر دوسرے کا کام پر آنا۔

change of heart, n. نظرثانی شُدہ رائے ؛ کُلّی طور پر نیا فیصلہ۔

change of life, n. اختتامِ حیض ؛ انقطاعِ طمث۔

change ringing, n. گھنٹیوں پر مختلف سُر بجانے کا فن جس میں مسلسل متنوّع ترتیب میں سُروں کی تمام مُمکنہ بندشیں یا ترجیحات بجائی جاتی ہیں۔

channel, n. خلیج ؛ کھاڑی ؛ رُودبار ؛ جھیری ؛ نالی ؛ نالہ ؛ آبنائے ؛ رُودِ آب یا بہتے پانی کا راستہ ؛ پانی کے راستے کا وہ حصّہ جس میں کشتی رانی ہوتی ہو ؛ برّاعظم اور جزیرے کے درمیان چوڑا آبنائے ؛ نقل و حمل یا ترسیل کا ذریعہ (جیسے : channels of trade) ؛ پانی یا سیّال مادّے کے لیے مصنوعی راستہ ؛ سیّال کے لیے نلکی یا نلی کی گزرگاہ۔ (فنِ تعمیر) ستون میں کمرکی یا عمودی کٹاؤ۔ (ریڈیو ، ٹیلیوژن اور تار) نشری پٹّی۔ (کمپیوٹر) دو یا زیادہ مقامات کے درمیان اطلاعات کی برقی ترسیل کا یکطرفہ راستہ ؛ چینل۔

channel, n. (جہاز رانی) چوڑا موٹا تختہ جو مستول سے ذرا آگے جہاز کے بیرونی حصّے سے ملحق ہوتا ہے تا کہ مستول کی بند رسیّوں یا نردبانوں کے لیے زیادہ جگہ نکل آئے اور بادبان زیادہ پھیل سکیں۔

channel, v.t. نالی یا رستہ بنانا ؛ لیکھ یا نال بنانا ؛ جھیری بنانا ؛ نالی کھودنا ؛ کسی راستے یا ذریعے سے پہنچانا ؛ خاص راستے پر رہنمائی کرنا (جیسے : to channel one's ambition)۔

channelize, v.t., v.i. راستہ پر لگانا ؛ راستہ نکالنا ۔

channelization, n. راستے پر لگانے یا راستہ نکالنے کا عمل ۔

chanson, n. فرانسیسی غنائی شاعری کے گیت جو کئی طرح سے اور مختلف اسلوب میں گائے جاتے ہیں ۔

chanson de geste, n. قدیم فرانسیسی رزمیہ نظموں کی ایک قسم جس میں بہادُری کے کارنامے بیان کیے جاتے تھے ۔

chant, v.t. گُنگنانا ؛ گانا ؛ گیت گا کر جشن یا تہوار منانا ؛ دُھن پر گیت گانا یا دُھن کے اسلوب میں گانا جیسے کلیسا میں حمد گاتے ہیں ؛ لحن سے پڑھنا ۔ (فعل لازم) گانا ؛ ترنُّم سے حمدیہ گیت الاپنا ۔

chant, n. حمد ؛ الاپ ؛ بھجن ؛ راگ ؛ گیت ؛ گانا ؛ مختصر اور بار بار دُہرائی جانے والی دُھن جو کلیسائی موسیقی میں استعمال ہوتی ہے ، اس دُھن کی خصوصیّت یہ ہوتی ہے ، کہ اس میں مجرّد سُر استعمال ہوتے ہیں جن کے ساتھ جتنے چاہیں لفظی ٹُکڑے جوڑ سکتے ہیں ؛ مناجاتی گیت ، سرودِ روحانی یا مشابہ نغمہ جسے گایا گیا ہو یا جو گانے کے لیے ہو ؛ کوئی بھی نغمہ یا گیت جس میں یکسانیّت ہو ؛ بولتے میں آواز کی یکسانیّت یا آواز کا لحن دار ہونا ۔

chanter, n. کلاونت ؛ قوّال ، گوَیّا ، نغمہ سرا ؛ گایک ؛ نغمہ خواں ؛ مطرِب ؛ وہ جو لحن کے ساتھ پڑھے ؛ مُغنّی ؛ طائفے کے گانے والوں میں سے ایک ؛ مناجات گانے والوں کا سرخیل ؛ مشک کے باجے کی بانسری جس کے سوراخی سِروں پر اُنگلیوں سے دُھن بجائی جاتی ہے ؛ تونبے کی نے ؛ باڑ چڑیا یا گوریا/عُصفُورالشّوک(Accentor modularis) ۔

chanterelle, n. تاروں کے ساز ، مثلاً وائلن یا گِٹار کا وہ تار جس سے سب سے اونچا سُر نکالتے ہیں ۔

chanterelle, n. انگریزی خوردنی کُھمبی یا ککرمتا یا کُلاّہ باراں ۔

chanteuse, n. مطربہ ؛ کیبرے یا نائٹ کلبوں (شب انجمنوں) میں گانے والی ؛ پیشہ ور مُغنیّہ ؛ گایکہ ۔

chantey, chanty, n. مانجھی گیت ؛ ملاّحی ؛ ملاّحوں کا گیت ، خصوصاً وہ گیت جو اکٹھے بوجھ اُٹھاتے ، کھینچتے ، ڈھوتے یا کھیتے وقت ان کے کام کی رفتار یا لے سے ہم آہنگ ہو ۔

chanticleer, n. مُرغا ؛ مُرغِ سحر ؛ خروس ؛ ازمنۂ وُسطیٰ کی رزمیہ نظم ''رینارڈی فاکس'' کا مُرغ ۔

chantry, n. خانقاہِ موقوفہ ؛ مناجاتوں یا دُعاؤں کے لیے وقف تا کہ وقف کُنندگان یا ان کے نامزد کردہ اشخاص کی رُوحوں کو ثواب پُہنچتا رہے ؛ پادری یا گرجا وغیرہ جس کے نام کچھ وقف کیا جائے ؛ چھوٹا گرجا جو بڑے کلیسا کے تحت روزمرّہ عبادتوں کے لیے ہو ۔

Chanukah, n. دیکھیے : .Hanukkah ۔

chaos, n. خلائے بسیط ؛ بدنظمی ؛ افراتفری ؛ اختلال ؛ خلا کی لامحدودیّت یا مادّے کا ہیولیٰ جو ازروئے مفروضہ کائنات کی باقاعدہ تکوین سے پہلے تھا ؛ تنظیم و ترتیب کے بغیر عناصر کا کوئی بھی اجتماع ؛ کُلّی انتشار یا بدنظمی ۔

chaotic, a. کُلّی انتشار و بدنظمی کی حالت میں ۔

chap, v.t. شق کرنا ؛ تڑکانا ؛ کھردرا کرنا ، خصوصاً جلد کا ؛ چاک کرنا ۔ (فعل لازم) شق ہونا ؛ تڑکنا ؛ جلد کا پھٹنا ؛ چاک ہونا ۔ (اسم) جلد میں شگاف ؛ چاک ؛ دَرز ؛ رَخنہ ؛ دراڑ ؛ پھٹاؤ ۔

chap, n. (بول چال) کوئی شخص یا لڑکا ؛ ساتھی ؛ لونڈا ۔ (برطانوی عوامی) گاہک یا خریدار ۔

chap, n. (برطانوی) دیکھیے : fellow ۔

chaparejos, chaparajos, chaps, n. چرمی برجس ؛ چمڑے کی حفاظتی برجس جو گُھڑ سوار خصوصاً گوالے پہنتے ہیں ۔

chaparral, n. بلوطہ ؛ بلوط بیشہ ؛ بلوط رُکھ ؛ قریب قریب اُگے ہوئے چھوٹے اور سدا بہار شاہ بلوط کے درخت ؛ کوئی بھی گھنی جھاڑی ۔

chaparral cock, road-runner ,n. بلوطی مُرغ ؛ ککّو (کوئل) کے خاندان کا ارضی (نہ اُڑنے والا) پرندہ ، جس کا تعلّق جنس کیلی فورنیا کے ارضی کُکّو (Geococcyx californianus) سے ہے اور جنوب مغربی امریکا میں پایا جاتا ہے ۔

chaparral hen, n. بلوطی مُرغی ؛ ارضی کُکُّوکی مادہ ۔

chaparral pea, n. بلوطی پھلیاں ؛ مغربی امریکا کے گھنے جنگلوں میں پائی جانے والی پکرنگیا مونٹانا ، نامی ایک خار دار پھلیوں بھری جھاڑی ۔

chapbook, n. کتابچہ ؛ کتاب الاطفال ؛ چھوٹی کتاب یا رسالہ جس میں مقبولِ عام کہانیاں ، پریوں کے قصے ، مثنویاں ، نظمیں یا گیت ہوں ۔

chapeau, n. شاپُو ؛ ہیٹ ۔

chapel, n. گرجا ؛ مُعبد ؛ عبادت گاہ ؛ گرجا خانہ ؛ محراب ؛ چھوٹا گرجا ؛ عبادت یا نماز کے لیے نجی یا ضمنی جگہ ؛ شخصی عبادت خانہ ؛ کلیسا کا ایک حصّہ یا اضافی عمارت جو علیحدہ مخصوص عبادات کے لیے وقف ہو ؛ شاہی محل ، قلعہ یا کالج میں یا ان سے مُلحق عباد ت کے لیے کمرہ یا عمارت ؛ عام عبادات کے لیے ایک علیحدہ جگہ جس کا کلیسائی حلقے کے گرجے سے الحاق ہو ؛ عبادت کی غیر مُلحق (آزاد) جگہ ، جو عموماً چھوٹی اور مخصوص عبادات کے لیے وقف ہوتی ہے ؛ ایسی مذہبی تنظیم (فرقے) کی جائے عبادت جس کا تسلیم شدہ کلیساؤں سے تعلّق نہ ہو ، جیسے انگلینڈ میں اختلافی پروٹسٹنٹ گرجے ؛ چھوٹے گرجا میں مذہبی عبادت ؛ چھوٹے گرجا کا آرکسٹرا یا طائفہ ؛ مطبع (چھاپہ خانہ) یا اس سے متعلّق ناشرین/عملہ ؛ طابعینہ ۔

chaperon, chaperone, n. نگہبان اتالیقہ ؛ معمّر یا شادی شُدہ عورت جو دوشیزاؤں کو آدابِ مجلس کی تعلیم دینے کے لیے اِن کے ساتھ عام اور مخلوط تقریبات میں شریک ہوتی ہے ؛ غیر شادی شُدہ جوان لڑکے اور لڑکیوں کی پارٹی میں نگرانی پر مامور کوئی بزرگ شخص ۔

chaperon, v.t., v.i. تقریبات میں جوان اور کنواری لڑکیوں کے ساتھ رہنا اور نگہبانی کرنا ؛ نتھی ہونا ، نگراں ہونا ۔

chaperonage, n. نگران اتالیقہ کی حاضری یا فرائض ۔

chapfallen, chopfallen, a. ملُول ؛ مغمُوم ؛ حزیں ؛ دِلگیر ؛ تھکاوٹ ؛ بے عزتی یا اُداسی کے سبب دبے ہوئے نچلے جبڑے والا ؛ جھنجھلایا ہوا ؛ آزُردہ و مایُوس ۔

chapiter, n. (فن تعمیر) تاج ستون ؛ ستون کا بالائی حصّہ یا تاج ۔

chaplain, n. چیپلن ؛ پادری ؛ عیسائی پادری جو چھوٹے گرجا میں عبادت کی رسوم سرانجام دیتا ہے ؛ عام طور پر وہ پادری جو فوج ، چھاؤنی ، بحری جہاز ، کالج ، قیدخانہ یا کسی دیگر ادارے میں

مذہبی فرائض و رسوم ادا کرتا ہے ۔

chaplaincy, chaplainship, n. پادری/چیپلین کا عُہدہ یا دفتر ۔

chaplet, n. مالا ؛ سبحہ ؛ سمرن ؛ سہرا ؛ ہار ؛ گجرا ؛ سَر کے لیے پُھولوں کا گجرا یا جُوڑا ؛ دانوں کی مالا ؛ وظیفہ پڑھنے کی تسبیح جو روزاری تسبیح کی ایک تہائی (یعنی ۵۵ دانوں کی) ہوتی ہے ۔ مسلمانوں میں ایسی تسبیح ۳۳ دانوں کی ہوتی ہے ؛ تسبیح پر پڑھا جانے والا وظیفہ ؛ تسبیح یا مالا سے مشابہ کوئی بھی چیز ۔ (فن تعمیر) چھوٹا کالبد جس پر دانوں یا موتیوں کی شکلیں کَندہ کی گئی ہوں ۔ (ڈھلائی کا کام) دھات کی بینٹ جو سانچے میں مادّے کے قلب کو اپنی جگہ پر رکھتی ہے ۔

chapleted, a. سہرے یا ہار سے مزیّن ۔

chaps, n. چرمی موزے ؛ چوڑی جھالر کے چرمی موزے جو امریکی گوالے گُھڑ سواری کی حالت میں جنگلوں اور خار دار جھاڑیوں سے گُزرتے ہوئے مزید حفاظت کے لیے پہن لیتے ہیں ۔

chapter, n. کتاب کا باب ؛ فصل ؛ سُورہ ؛ کتاب یا رسالے کی تقسیم ؛ سلسلۂ واقعات کی ایک اہم تقسیم جو کسی قابلِ ذِکر واقعہ یا نُقطۂ تغیّر کے لحاظ سے ہو ؛ کسی کالج کی برادری ، عورتوں/راہباؤں کی انجمن یا دیگر جماعت یا تنظیم کی مقامی شاخ ۔ (کلیسیات) اُسقف/بشپ کی کونسل ، جس کی صدارت بڑے گرجے کا افسرِ اعلیٰ (ڈین/بشپ) کرتا ہے اور جو مذہبی جامعہ یا بڑے گرجے سے مُنسلک فُقَہا ، کلیسا کے مالی مُعاملات و وظائف کے منتظم پادری ، افسروں اور دیگر پادریوں پر مشتمل ہوتی ہے ؛ بعض مذہبی فرقوں اور جماعتوں کا اجلاس ۔

chapter house, n. مجلس خانہ ؛ اجلاس گھر ؛ وہ عمارت جس میں کسی برادری ، کونسل یا دیگر کسی قسم کی تنظیم کی شاخ کا اجلاس منعقد ہو ۔ (کلیسیات) بڑے گرجا میں وہ مخصوص جگہ جہاں چیپٹر یعنی بشپ کی کونسل کے اجلاس ہوتے ہیں ۔

chaqueta, n. چرمی صدری ؛ خصوصاً چرمی جیکٹ جِسے مغربی امریکا کے گوالے پہنتے ہیں ۔

char, v.t. جلانا یا جلا کر کوئلہ بنانا ؛ دھیمی آنچ پر جلانا ؛ جُھلسانا ۔ (فعل لازم) جل جانا ؛ جُھلس جانا ؛ کوئلہ ہو جانا ۔ (اسم) کوئلہ ؛ جلا ہوا مادّہ ؛ سوختہ ۔

char, charr, n. چار مچھلی ؛ پہاڑی ٹراؤٹ ؛ سالمن مچھلی کی کم از کم دو قسموں کا نام جو شمالی یورپ کی جھیلوں کے کُچھ حصّوں میں پائی جاتی ہیں ۔

char, chare, n. واحد کام یا کام کا حصّہ ؛ خانہ داری کا کام ؛ گھر صاف کرنے کا کام ۔ (برطانوی) گھر میں کام کرنے والی یا گھریلو کام کاج کرنے والی عورت ۔ (فعل لازم) دن کے وقت لوگوں کے گھروں میں کام کرنا ؛ چھوٹے موٹے یا بھٹکل کام کرنا ۔

charabanc, n. (برطانوی) شارابن ؛ تفریحی گاڑی ؛ آمنے سامنے سیٹوں والی لمبی موٹر بس جو عموماً سیروتفریح کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

characin, n. کراسن مچھلی ؛ افریقہ اور جنوبی امریکا کے میٹھے پانیوں میں پائی جانے والی اسی جنس کی مچھلی جو اپنی مختلف شکلوں اور چمکیلے رنگوں کی وجہ سے مشہور ہے اور ماہی خانوں کی زینت بنتی ہے ۔

character, n. علامت ؛ چلن ؛ کردار ؛ امتیازی نشان جو شگاف ، مُہر یا خط/لکیر سے بنایا جائے ؛ علامت جو تحریر یا طباعت میں استعمال ہو ، خصوصاً وہ علامات جو تقریر ریکارڈ کرنے میں استعمال ہوں جیسے الف با؛کوئی حرف ؛ تحریر یا طباعت کا اسلوب ؛ علامات کا نظام جو کسی مخصوص زبان کے لکھنے میں رائج یا مستعمل ہو (جیسے : the Greek character) ۔ (کمپیوٹر) علامت جس کے ذریعے معلومات کو مرموز شکل میں کمپیوٹر میں استعمال کے لیے پیش کیا جائے ؛ امتیازی نشان یا خصوصیّت ؛ خاص بات یا خُوبی ؛ کسی چیز کی صفات یا امتیازی خصوصیات کا کُل یا مجمُوعہ ؛ انوکھی صفت ؛ کسی شخص یا قوم کی اخلاقی سیرت ؛ اکثر پُختہ اخلاقی اوصاف ؛ شُہرت ؛ اکثر اچھی شُہرت ؛ کسی شخص یا چیز کی اچھی اور بُری صفات یا عُمدہ خصلتوں کی رُوداد ، خصوصاً ایک آجر کی طرف سے اپنے سابقہ ملازم یا اجیر کی صفات و عادات کے متعلق باقاعدہ بیان ؛ مرتبہ یا حیثیّت ؛ وہ شخص جسے بعض صفات کا مظہر خیال کیا جائے ؛ ڈرامے یا ناول کے کرداروں میں سے کوئی کردار ؛ اَس لیے ، کوئی پارٹ یا رول ۔ (بول چال) کوئی شخص جو نُمایاں صفات کا حامل ہو ۔

in character, کسی کی عمومی صورتِ حال یا شخصیت کے مطابق ۔ (تھیٹر) ایسے طریقے یا انداز کی اداکاری جو ڈرامے میں پیش کیے گئے کردار کے مطابق ہو ۔

out of character, کسی شخص کا وہ کام جو اس کی عمومی خصوصیات سے مختلف ہو یا ڈرامے کے کردار سے مناسبت نہ رکھتا ہو ۔

characterless, a. بدکردار ؛ بے اصول ؛ بے اعتبار ؛ وہ شخص جو اخلاقی کردار کا حامل نہ ہو ؛ شخصیّت سے عاری ۔

character, v.t. نقش کرنا ؛ کندہ کرنا ؛ تصویر کَشی کرنا ؛ کردار نِگاری کرنا ؛ بیان کرنا ۔

characteristic, a. مخصُوص ؛ نمایاں ؛ کسی خصوصیّت یا انوکھی صفت کے متعلّق ، اس کا حامل یا مظہر ؛ عادتی ؛ امتیازی ؛ طبعی ۔

characteristically, adv. اختصاصی طور پر ؛ خصوصیّت کے ساتھ ؛ عادتاً ؛ امتیازاً ؛ خاصیّتاً ۔

characteristic, n. خاصیّت ؛ خصوصیّت ؛ امتیازی نشان یا خُوبی ۔ (ریاضی) لوگارتھم کا مُمیّز ۔

characterization, (Brit.), **characterisation,** n. سیرتِ نگاری ؛ کردار نگاری ؛ تصویر کَشی ؛ بیان ؛ حُلیہ بیانی ؛ اکثر، کردار کی خیالی تخلیق ؛ اِتصاف ؛ وصف نِگاری ؛ عملِ توصیف ۔

characterize, v.t. تصویر کَشی کرنا ؛ کسی کا کردار یا خاص خُوبی ، خاصیّت یا خصلت بیان کرنا ؛ خصوصی صفت کی نشان دہی کرنا یا اُسے ممیّز کرنا ؛ کسی کی خصوصی صفت ہونا ؛ مُشخص کرنا ؛ متّصف کرنا ۔

characterizer, n. کردار نِگار ؛ وصف نگار ؛ عاملِ توصیف ؛ وہ خصوصیّت یا صفت یا عامل جو کسی کی پہچان کا سبب ہو ؛ باعث تشخّص ۔

charade, n. شراڈ پہیلی ؛ شراڈ کھیل ؛ لفظ یا فقرہ جو بُوجھنے کے کھیل میں اشاروں یا خاموش اداکاری سے بیان کیا جائے ؛

تصنُّع ، ریاکاری یا ظاہرداری (جیسے : His interest in art was a mere charade) ۔ (جمع) چیستان ، لُغز؛ گھریلو کھیل جس میں کھلاڑی لفظوں یا فقروں کو اشاروں یا خاموش اداکاری سے بیان کرتے ہیں اور دوسرے کھلاڑی مقرّرہ وقت میں بُوجھتے ہیں کہ وہ لفظ یا فقرہ کیا تھا ۔

charcoal, n. کوئلہ ؛ لکڑی کا کوئلہ ؛ کاربنی مادّہ جو لکڑی یا دیگر نامیاتی/نباتاتی اجسام کے نامکمّل احتراق (جلنے) سے حاصل ہوتا ہے اور بطور ایندھن یا فنی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ گہرا سرمئی رنگ ۔ (مصوری) چار کول — خاکہ یا تصویر جسے کاربن کی پنسل سے بنایا گیا ہو ۔

charcoal burner, n. کوئلہ گر؛ وہ شخص جو لکڑی جلا کر کوئلہ بنانے کے لیے ملازم رکھا گیا ہو ؛ چولہا یا کوئی اور چیز جس میں کوئلہ جلایا جائے ؛ انگیٹھی ۔

charcoal grill, n. جالی دار انگیٹھی ؛ بیرونِ خانہ استعمال کے لیے کوئلہ جلانے کی جالی دار انگیٹھی ۔ (فعل متعدی) کوئلے کی آگ پر قتلے/تکّے یا دوسری اقسام کا گوشت یا مچھلی بُھوننا ۔

chard, swiss chard, n. سفید چقندر ؛ چارڈ ؛ ایک قسم کا چقندر ، بلغاری چقندر سکلا (Beta bulgaris cicla) جس کے موٹے ڈنٹھل اور بڑے بڑے نرم پتّے ہوتے ہیں اور ساگ/ترکاری کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں ۔

chare, n. دیکھیے : char ۔

charge, v.t. تفویض کرنا ؛ تحویل میں دینا ؛ تاکید کرنا ؛ تُہمت لگانا ؛ مستوجب ٹھہرانا ؛ دھاوا بولنا ؛ ہتھیار تولنا ؛ مطلوبہ مقدار کا لادنا یا بھرنا جیسے بارود یا برقی توانائی کا ؛ پانی یا ہوا کا تحلیلی یا نفُوذی حالت میں کسی مادّے سے بھرنا (جیسے : The air was charged with pollen)؛ جذبات سے لادنا یا بوجھل بنانا (جیسے : .The air was charged with excitement)؛ کام یا ذمّہ داری ڈالنا یا سپرد کرنا ؛ اختیار کے ساتھ ہدایت یا حکم دینا (جیسے : the judge charged the jury)؛ اعلانیہ اور باقاعدہ الزام لگانا (جیسے : The police charged him with bribery) ؛ قصور وار ٹھہرانا یا مسبب گرداننا (جیسے : He charged the accident to low visibility)؛ قرض یا واجبات کسی پر ڈالنا (جیسے : The government charged the taxes against his estate)؛ جبراً قیمت لگانا یا قیمت لینا (جیسے He was charged one dollar)؛ قرض خواہ یا فروخت کُنندہ کی طرف سے بِل (مطالبہ کی پرچی) پیش ہونے تک ادائیگی مُلتوی کرنا ؛ شدید حملہ کرنا (جیسے : The tanks charged the barricade) ۔ (فعل لازم) ادائیگی کا مطالبہ کرنا ؛ کسی کے کھاتے میں ڈالنا ؛ کسی خدمت کے بدلے میں رقم کی ادائیگی طلب کرنا (جیسے : to make a charge) ؛ حملہ کرنا ؛ حُکم دینا (جیسے : to charge a dog to halt) ۔

charge, n. بار یا بوجھ ؛ بارُود ؛ کارتوس ؛ مقدارِ معیّن ؛ محنتانہ ؛ سپردگی ؛ نگرانی ؛ امانت ؛ تاکید ؛ وہ مقدار جسے بیک وقت رکھنے یا سمونے کے لیے کوئی ظرف بنایا گیا ہو ؛ بیک وقت دھماکا کرنے کے لیے بارُود یا دھماکا خیز مادّے کی مقدار (جیسے : a charge of dynamite)؛ کسی کو تفویض کردہ فرض یا ذمّہ داری (جیسے : to have charge of funds) ؛ کسی کی توجہ ، تحفّظ اور حمایت (جیسے : a public charge) ؛ حلقہ یا جماعت جو پادری کی دیکھ بھال یا کفالت میں ہو ؛ حکم یا سرکاری ہدایت (جیسے : The jury receives its charge from the judge)؛ الزام یا استغاثہ (جیسے : arrested on the charge of theft) ؛ کسی چیز کا خرچ ، لاگت یا قیمت (جیسے Improvements made at one's personal charge) ؛ رقم یا مقرّرہ قیمت (جیسے : a charge of admission) ؛ مالی بوجھ ؛ محصول ، عوضی یا بدلے میں (جیسے a charge against an inheritance tax)؛ خرچ یا نکالی ہوئی رقم کے اندراجات (جیسے : a charge account) ؛ واجب الادا رقوم کی ادائیگی کی ذمّہ داری ، (جیسے to make a charge for expenses) ؛ قوت یا توانائی کا اِرتکاز (جیسے : a charge of memory) ؛ اضطراری یُورش یا حملہ (جیسے ، charge by a military unit)-(عوامی) شدید تفریحی احساس یا دل بہلاوے کا احساس؛ نشاطِ تمسخر (جیسے : The audience got a big charge out of the clowns) ۔ (نقابت) کوئی شکل و صورت؛ ہیئت؛ وضع قطع ؛ سُدھ بُدھ ۔

chargeable, a. واجبُ الادا ؛ قابل مواخذہ ؛ قابل باز پُرس ؛ قابلِ مطالبۂ زر؛ مُوردِ الزام ؛ قابلِ وضع ؛ رقم جو وصول کی جائے (جیسے : a chargeable duty on imports) ؛ جُرم کے سلسلے میں مُوردِ الزام ؛ سرکاری تحویل میں لیے جانے کے قابل ؛ مالی طور پر بوجھل ۔

charge account, n. اُدھار کھاتہ ؛ چیزیں اُدھار دینے کا نظام جس کے تحت گاہک (بوقتِ ضرورت) چیزیں تو فوری طور پر خرید لیتا ہے لیکن ان کی قیمت بعد میں ادا کرتا ہے ۔

charge-a-plate, charge plate, n. اُدھار پرچی ؛ اُدھار تختی ؛ نام و پتہ کی تختی/ یا کھاتے کے صفحہ پر چپکائی ہوئی پرچی جس پر آسانی سے شناخت کے لیے اُدھار لینے والے خریدار کا نام و پتہ اُبھرے ہوئے حُرُوف میں لکھّا ہوتا ہے ۔

charge d'affaires, n. کاردار ؛ نائب سفیر ؛ نائب وزیر مختار ؛ ناظم الامور ؛ سفیر یا وَزیر کی غیرحاضری کے دوران سفارتی معاملات کا ذمّہ دار ماتحت افسر ؛ سفارتی نمائندہ جو ایسی ریاست میں مامور کیا گیا ہو جہاں سفیر کے مرتبہ کا نمائندہ مقرر نہ کیا جائے ۔

charge of quarters, n. علاقہ دار ؛ نگہبانِ علاقہ ؛ علاقے کا نگران ؛ وہ نان کمیشن افسر جو چُھٹی کے دوران ایک خاص علاقے کی نگرانی نیز امن و امان اور نظم و ضبط کے لیے ایک خاص عرصہ کے لیے ذمّہ دار ہو ؛ ان کاموں کی ذمّہ داری ۔

charger, n. دھاوا بولنے والا ؛ حملہ کرنے والا ؛ وہ گھوڑا جو جنگ میں سواری کے لائق ہو ؛ جنگی گھوڑا ۔ (برق) ذخیرہ بیٹری میں برقی قُوت بھرنے کا آلہ یا ترکیب ۔

charger, n. (قدیم) بڑا طباق یا گہری رکابی ؛ سینی ؛ قاب (بحوالہ مرقس ، چھٹا باب ۲۸:۲۵) ۔

charily, adv. ہُوشیاری سے ؛ احتیاط سے ؛ کفایت سے ؛ جُزرسی سے ۔

chariness, n. ہوشیاری ؛ احتیاط ؛ کفایت ۔

chariot, n. رتھ ؛ جلوس گاڑی ؛ اَرابہ ؛ دو پہیّوں کی گھوڑا گاڑی جو پُرانے زمانے میں جنگوں ، دوڑ کے مقابلوں اور جلوسوں میں استعمال کی جاتی تھی ؛ شاہی گاڑی یا بگھّی ؛ سیر و تفریح کے لیے ہلکی چوپہیّا گاڑی ۔

chariot, v.t. رتھ یا اَرابہ میں لے جانا ۔

(فعل لازم) رتھ یا اَرابہ چلانا یا اس میں سوار ہو کر جانا ۔

charioteer, n.
رتھ بان ؛ گاڑی بان ؛ اَرابہ ران ۔
(بڑے C کے ساتھ) ۔ (فلکیات) مُمسِکُ العنان نامی ستاروں کا جُھرمٹ ۔

charisma, charism, n.
کرشمہ ؛ عطیّہٗ اِلٰہی ؛ جذبۂ رُوحانی ؛
گیرائی ؛ انوکھی بات ؛ منفرد صلاحیّت۔(الٰہیات)خاص عطیّہ یا قوّت جو اللہ کی طرف سے ہو ، جیسے پیش گوئی کرنے کی صلاحیّت ؛ شخصی کشش اور سربراہی کی صلاحیّت جس کے باعث عام لوگوں میں جوش و جذبہ اور حمایت کے لیے آمادگی پیدا ہو۔

charitable, a.
دریا دل ؛ مخیّر ؛ داتا ؛ سخی ؛ فیّاض ؛
مخیّرانہ ؛ فیاضانہ ؛ نیک نیّت ؛ نیک دِل ؛ خوش گُمان ؛ کریمُ النّفس ؛ خیرات سے متعلّق یا مخصوص ؛ نیک خواہشات اور ہمدردانہ احساسات سے پُر ؛ غریبوں کو فائدہ پہنچانے اور ان کی مُشکِل کُشائی کرنے والا ؛ غریبوں کو خیرات دینے یا ان کا دُکھ درد بٹانے والا ؛ دوسروں کا مُحاسبہ کرنے میں نرم دل ؛ وہ جو سخت یا تُند نہ ہو ؛ مہربان ۔

charitableness, n.
سخاوت ؛ غریب پروری ؛ فیّاضی ؛
کریمُ النّفسی ؛ نیک دِلی ؛ نیک نیّتی ۔

charitably, adv.
مخیّرانہ ؛ فیّاضانہ ؛ نیک دِلی سے ؛
نیک نیّتی سے ۔

charity, n.
احسان ؛ صدقہ ؛ اخلاص ؛ نیک خیالی ؛ انسانی محبت و ہمدردی ؛ نکوکاری ؛ مہربانی ؛ نرم دِلی ؛ خلوص ؛ نیک گُمانی ؛ خوش نیّتی ؛ شفقت ؛ خیرات ؛ داد و دہش ؛ دانِ پُن ؛ فیّاضی ؛ دوسروں کے لیے نیک خواہش ؛ دوسروں کے کردار و اعمال کے مُحاسبہ میں نرمی ؛ خیرات و زکواۃ کی داد و دہش ؛ غریبوں کی مُشکلیں دُور کرنے کی نجی و سرکاری کوششیں ؛ خیراتی کام یا عمل ؛ محتاج خانہ ؛ خیراتی ادارہ ؛ خیراتی کاموں کے لیے وصیّت ، وقف یا ادارہ ۔

charivari, chivaree, shivaree, n.
غُل غپاڑہ ؛
ہڑبونگ ؛ مزاحیہ نغمۂ شب یا اجتماعی عاشقانہ و سُوقیانہ گانے جن میں برتن اور ناقوس وغیرہ بجا کر بے سُری آوازیں نکالی جاتی ہیں اور روئے سخن نئے شادی شدہ جوڑے کی طرف ہوتا ہے ۔

charkha, charka, n.
[اردو]چرخہ یا چرخی ؛ سوت کاتنے
کا آلہ یا چرخہ جو خصوصاً برصغیر پاکستان و ہند اور جزائرِ شرقُ الہند میں گھروں میں استعمال ہوتا ہے ۔

charlatan, n.
نیم حکیم ؛ نیم طبیب یا جُھوٹا ڈاکٹر ؛
اتائی ؛ وہ شخص جو اس سے زیادہ عِلم اور مُہارت کا دعویٰ کرے جتنا کہ اس میں ہے ، خصوصاًطب کے شُعبے میں ؛ ڈھونگیا ؛ جُھوٹا مدّعی ؛ شارلاتاں ۔

charlatanic, a.
نیم حکیمانہ ؛ اتائیانہ ۔

charlatanism, charlatanry, n.
بہرُوپیا پن ، اتائی پن ؛ باطل دعویٰ ۔

Charles's Wain, n.
[بادشاہ شارلمین کے نام پر]
(فلکیات) بناتُ النعش ؛ سات ستاروں کا جُھمکا ؛ دُبِّ اکبر کے سب سے زیادہ چمکدار سات ستارے ، جن کی تشکیل بگھّی سے مشابہ ہے ؛ سات سہیلیوں کا جُھمکا ؛ ست لڑی (امریکا میں Big dipper یعنی دُبِّ اکبر) ۔

Charleston, n.
[ایس سی چارلسٹن کے نام پر] چارلسٹن ؛
ایک سریع الحرکت رقص جو ۱۹۲۰ء کی دہائی کے جاز رقص و سُرود کے دور میں رقص گاہوں کا مقبول ناچ تھا ۔

charley horse, charlie horse, n.
(عوامی) رگ پٹّھوں کا درد ؛
کھیل کُود میں زیادہ محنت کی وجہ سے بازو اور ٹانگوں کے رگ پٹّھوں کی اینٹھن کا درد ؛ اعضا شکنی ؛ اینٹھن ۔

Charlie, n.
چارلی ؛ حرف ''C'' کے لیے مرموز ؛
مواصلاتی یا اشاراتی استعمال کا لفظ ۔

charlock, n.
جنگلی رائی ؛ خرول ؛ جنگلی سرسوں ؛
فصلی سرسوں (Brassica arvenbis) پیلے پھولوں کی خودرَو بُوٹی جو اناج کے کھیتوں کے لیے ضرر رساں ہوتی ہے ؛ سرسوں کی مختلف اقسام کا کوئی بھی پودا؛ جیسےتوریا مونگرا(-Raphanus raphanis trum) یا گانٹھ سرسوں ۔

charlotte, n.
شارلٹ ؛ کئی اقسام کا گرم اور سرد شیریں
پکوان جو عموماً کیک یا روٹی کے تہ دار سانچے میں پھل ، بالائی ، کسٹرڈ اور جیلاٹن بھر کر پکایا جاتا ہے ۔

charlotte russe, n.
رُوسی شارلٹ ؛
اسفنجی کیک جس میں انڈا ، چینی ، اُبلا ہُوا دُودھ یا پھینٹی ہوئی بالائی ہو۔

charm, n.
افسُوں ؛ طلسم ؛ سِحر ؛ جادُو ؛ ٹُونا ٹوٹکا ؛ منتر ؛
ایسے الفاظ ، کلمات ، عبارت یا منتر کا جاپ یا وظیفہ جس میں یقین کے مطابق جادُو کا اثر ہو ؛ تعویذ ؛ کنگن یا گھڑی کی زنجیر کا آویزہ ؛ حرز ؛ ایسی صفت یا خصوصیّت جو دوسرے لوگوں کو خُوش کرنے اور اپنی طرف کھینچنے کی ناقابل مقاومت طاقت رکھتی ہو ؛ اَفسونی جذبہ ؛ کشش ؛ دل فریبی ؛ دِلکشی ؛ دلرُبائی ۔

charm, v.t.
اَفسوں کرنا ؛ جادُو کرنا ؛ موہ لینا ؛
انتہائی حظ یا خُوشی دینا ؛ شخصی کشش یا اَفسُونی دل کَشی کے ذریعے کسی کو قابُو کرنا ؛ اپنی طرف کھینچنا یا خوش کرنا ؛ جادُو کے ذریعے خطرے سے محفُوظ کرنا یا ناقابل شکست بنانا ؛ ٹُونا کرنا ؛ منتر پڑھنا ؛ لبھانا ۔ (فعل لازم) خُوش کُن ہونا ؛ بطور جادو یا افسُوں عمل کرنا ۔

charmer, n.
فسوں ساز ؛ ساحِر ؛ جادُوگر ؛ اَفسُوں گر ؛
نازنین ؛ دلرُبا ؛ دلکَش۔

charmeuse, n.
شرموز ؛ ساٹن یا شموز کی ملائم اور لچک دار قسم ۔

charnel, a.
مُردوں والا ؛ جس میں لاشیں رکھی ہوں ؛ موت کی طرح ۔

charnel house, n.
میت کدہ ؛ مُردہ خانہ ؛ وہ مقام ،
(مکان یا تہ خانہ) جو عموماً گرجا کے نزدیک ہو اور جہاں لاشیں یا مُردوں کی ہڈّیاں رکھّی جائیں ۔

Charon, n.
(کلاسیکی اساطیری) کیران ؛ یونانی اساطیر میں
اُس دیوتا کا نام جو ملّاح ہے ، یہ دیوتا مرنے والوں کی روحوں کو رودخانۂ عالمِ اسفل کے اس پار تحت الثریٰ یا جہنم میں لے جاتا ہے ۔

charqui, n.
خُشک شُدہ گوشت یا گائے کا سُکھایا ہوا گوشت ؛
گوشت کو تقریباً ایک انچ موٹے ٹُکڑوں میں کاٹ کر دُھوپ میں سکھا لیا جاتا ہے ۔

charquid, a.
سُکھایا ہوا (گوشت) ۔

charr, n.
چَرماہی ؛ ایک قسم کی مچھلی ۔

chart, n.
خریطہ ؛ چارٹ ؛ نقشہ ؛ خاکہ ؛ تختہ ؛
ترسیم نامہ ؛ جَدْوَلِ اعداد ؛ ترسیمہ ؛ کسی قسم کا تختہ یا ورق جس پر قاعدے سے یا جَدوَل کی شکل میں معلومات لکھّی ہوں ؛ خصوصاً

بحری نقشہ جس میں ساحل ، جزیرے ، چٹانیں وغیرہ دکھائے جاتے ہیں تا کہ جہاز کے راستوں اور سمتوں کا تعیّن کرنے میں مدد ملتی رہے ؛ گراف یا ترسیمہ ۔

chart, v.t. چارٹ پر خاکہ یا نقشہ کھینچنا ؛ نقشہ بنانا ؛ لائحۂ عمل تیّار کرنا ؛ ترسیم کرنا ؛ منصُوبہ بنانا ۔

chartaceous, a. (نباتیات) کاغذی ؛ کاغذ سے مُشابہ ؛ پتّوں یا چھال کی کاغذ سے مِلتی جُلتی ساخت بیان کرنے کے لیے یہ لفظ استعمال ہوتا ہے ۔

charter, n. چارٹر ؛ سند ؛ پروانہ ؛ منشور ؛ فرمان ؛ منشور تاسیس ؛ فرمانِ شاہی ؛ دستاویز ؛ انتقالِ اراضی ؛ معاہدہ ؛ حق ؛ استحقاق ؛ اختیار ؛ تحریر جو منظوری ، قبولیّت ، ہبہ یا معاہدے کی صُورت میں ہو ؛ کوئی بھی دستاویز جو صدقِ دلی سے رائج قانونی تقاضوں کے مطابق تیّار کی جائے اور جس کے تحت اختیارات ، حُقُوق اور مراعات تفویض کیے جائیں ؛ خُصوصی حق/امتیاز ؛ مرئیت ؛ استثناً ۔

charter, v.t. قول و قرار یا معاہدے/چارٹر کے ذریعہ جہاز کرائے پر لینا ؛ بذریعہ فرمان قائم کرنا ؛ حق عطا کرنا ؛ سند دینا خصوصی رعایت/امتیاز عطا کرنا ۔

chartered accountant, C.A., n. سند یافتہ حسابدار ؛ سندی محاسب ؛ چارٹرڈ اکاونٹنٹ ۔ (برطانوی) سندیافتہ محاسب جو برطانیہ عُظمیٰ میں فرمان شاہی کے تحت قائم شدہ ادارۂ محاسبین کا رکن ہو۔

chartered bank, n. منشوری بنک ؛ چارٹرڈ بنک ۔ (کینیڈا) ایک نجی ملکیتی بنک جو مقنّنہ کے چارٹرڈ (قانون یا فرمان) کے تحت قائم کیا گیا اور بنک قانون کا پابند ہے ۔

Chartism, n. منشوریت ؛ چارٹزم ؛ انگلینڈ میں ۱۸۳۸ء سے ۱۸۴۸ء تک عامل سیاسی مُصلحوں ، خصوصاً محنت کشوں کی پارٹی (جماعت) کے اصول یا تحریک : چارٹزم یا منشوریّت نام اس لیے پڑا کہ اس پارٹی کے اصول اور مطالبے پیپلز چارٹر یا عوامی منشور میں درج تھے ۔

Chartist, n. منشوری ؛ مندرجہ بالا منشور کے اصولوں اور مطالبوں کا حامی ۔

chartist, n. نقشہ ساز ؛ نقشہ کَش ؛ رسّام ؛ وہ شخص جو صرافہ کاروبار یا سٹہ بازار کی قیمتوں کے اُتار چڑھاؤ کا خاکہ بناتا ہے اور اطلاعات کی بُنیاد پر اپنے اندازوں کے مطابق سٹہ کرتا ہے ؛ ترسِیم کُنندہ ۔

chartographer, n. دیکھیے : cartographer ۔

chartography, n. دیکھیے : cartography ۔

chartographic, a. دیکھیے : cartographic ۔

Chartreuse, n. شارتروز کی عیسائی خانقاہ ۔

chartreuse, n. شارتروزی شراب ؛ ایک خوشبو دار شراب جو سبز ، زرد یا سفید رنگوں میں شارتروزی راہب بناتے تھے ، ابتدا میں یہ شراب لاگرینڈ شارتروز کی خانقاہ میں بنائی گئی : شارتروز فرانس میں گرینوبل کے نزدیک واقع ہے ؛ شفّاف اور زردی مائل ہلکا سبز رنگ ۔

chartulary, n. دیکھیے : cartulary ۔

charwoman, n. دیکھیے : char ۔

chary, a. ہوشیار ؛ مُحتاط ؛ کفایت شعار ؛ پس انداز ؛ خبردار ؛ آگاہ ؛ پُھونک پُھونک کر قدم رکھنے والا ؛ چوکس (مفعول سے پہلے of لگاتے ہیں) ۔

Charybdis, n. اٹلی کے جنوبی ساحل کے قریب آبنائے مسینا کا گرداب یا بھنور جسے یُونانی اساطیر کی رُو سے بُھتنی قرار دیا گیا ہے جو گائیا اور پوسیڈان کی لڑکی تھی۔ دیکھیے : Scylla ۔

chase, v.t., v.i. پیچھا کرنا ؛ تعاقُب کرنا ؛ کھدیڑنا ؛ پکڑنے یا مارنے کے ارادے سے تعاقُب کرنا ، مثلاً شکار کا پیچھا کرنا ؛ شکار کرنا ؛ پکڑنے یا آگے نکلنے کے لیے تعاقُب میں بھاگنا ؛ مُسلسل پیچھے لگے رہنا ؛ پیچھا کر کے نکال دینا ؛ بھگا دینا ؛ رگیدنا ۔ (بول چال) دوڑنا یا عجلت کرنا ۔

go chase yourself, (غیر مشخصہ، عوامی) چلے جاؤ ؛ دفع ہو جاؤ ؛ پسپا ہو جاؤ ؛ اوجھل ہو جاؤ ۔

chase, n. تعاقُب ؛ پیچھا ؛ صید افگنی ؛ پیچھا کرنے کا عمل ؛ خصوصاً جنگلی جانوروں (درندوں) کے شکار میں وہ پیشہ جسے "the chase" یعنی ''ہانکا'' کہتے ہیں ؛ مقصودِ تعاقب ، مثلاً شکار کا جانور ؛ اُن لوگوں کا گروہ جو شکار کا پیچھا کر رہے ہوں ؛ ہانکے ۔ (برطانوی) نجی زمین کی وہ بے اِحاطہ سبزہ گاہ جو شکار کے جانوروں کے لیے مخصوص ہو ۔

chase, v.t. کھانچے بنانا ؛ مُنبَّت کے کام یا کَندہ کاری سے دھات میں نقش و نگار کی سجاوٹ کرنا ؛ پیچ بناتے ہوئے چیر لگانا ۔

chase, n. قالب ؛ فرما ؛ لوہے کا مستطیل فرما جس میں ٹائپ کے حُرُوف چھاپنے یا چھاپے کی پلیٹ بنانے کے لیے مرتّب کر کے رکھے جاتے ہیں ؛ طویل مُجـوَّف ؛ نالی ، ہل سے بنائی ہوئی نالی یا کھائی ؛ بندوق کی نال یا نال کے حصّے کا چکّر ۔

chaser, n. کھانچا کار ؛ نقش تراش ؛ کَندہ کار ؛ دھات پر مُنبّت کاری کرنے والا شخص یا شے ؛ وہ اوزار جو (لوہے ، کیل میں) پیچ کے چھلّے تراشنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

chasing, n. کھانچا کاری ؛ نقش تراشی ؛ کَندہ کاری ؛ دھات کَندہ کرنے کا عمل یا پیشہ ؛ کَندہ نقش ۔

chaser, n. تعاقبی طیارہ ؛ دُوسری جنگ عظیم میں استعمال ہونے والا جرمنوں کا تعاقبی ہوائی جہاز ؛ بحری جنگی جہاز کی اگواڑ یا پچھواڑ پر نصب توپ/بندوق ۔ (بول چال) ہلکا مشروب ، جیسے پانی ، جو شراب نوشی کے بعد پیا جائے ۔

chasm, n. کھائی ؛ غار ؛ قَعر ؛ رخنہ ؛ شگاف ؛ زمین میں کُھلے مُنہ کا شگاف ؛ چوڑی اور گہری بھاڑ ؛ انفراق ؛ خلا یا خالی جگہ ؛ شخصی تعلُق میں اختلاف یا نفاق ؛ نظریات یا نُقطۂ نگاہ میں وسیع فرق یا اختلاف ۔

chasmy, chasmal, chasmic, chasmed, a. شگاف دار ؛ قَعر آسا ؛ رَخنہ دار ؛ غارنُما ۔

chasseur, n. شاسر ؛ فرانسیسی فوجی دستے کا ایک رُکن جسے تیزی سے نقل و حرکت کرنے کی تربیّت دی گئی ہو ۔

chassis, n. چیسی ؛ ڈھانچا ؛ کالبد ، ڈھچر ؛ توپ گاڑی یا موٹر گاڑی کا زیریں کالبد ، ڈھچر یا ڈھانچا جس پر وہ رکھّی ہوتی ہے ؛ موٹر گاڑی کو سہارا دینے والا ڈھانچا ؛ مشینی بکس یا کیبنٹ سے ممیّز اصل مشین کا ڈھانچا اور اس کے فعال اجزا (جیسے a television

chassis)۔ (عوامی) انسانی جسم ، خصوصاً عورت کا دھڑ۔

chaste, a. پاکیزہ ؛ پاکدامن ؛ پارسا ؛ عفیف ؛ عاصِم ؛ طاہر ؛ پرہیزگار ؛ مُحتاط ؛ معصوم ؛ شایستہ ؛ شُستہ ؛ ضابط ؛ خود دار ؛ سادہ مزاج ؛ سادہ مذاق ؛ پاک و صاف طرز بیان ؛ ناکتخدا ؛ وہ جس کی شادی سے پہلے یا شادی کے علاوہ جنسی تعلقات نہ رہے ہوں ؛ نیک یا پارسا ؛ خیال و گفتگو میں ناپاکی یا بزل سے مبّرا ؛ ادب میں بیہودہ الفاظ اور فقروں نیز تصنُّع آمیز یا فضول باتوں وغیرہ سے پاک اسلوب ؛ فنونِ لطیفہ یا آرٹ میں ضرورت سے زیادہ آرایش ، تصنُّع یا شوخ و شنگ نگارش سے مبّرا انداز یا طرزِ اظہار۔

chastely, adv. پاکیزگی سے ؛ پاک دامنی سے ؛ سادگی سے ؛ شایستگی سے ؛ شُستگی سے ۔

chasten, v.t. تزکیہ کرنا ؛ مُعتدِل کرنا ؛ اخلاقی اصلاح کے لیے اذیّت دینا ؛ اذیّت کوشی کے ذریعے یا مصائب جھیل کر نفس کو مارنا یا رام کرنا ؛ دھیما کرنا یا روکنا ؛ اعتدال پہ لانا ؛ منضبط کرنا ؛ انداز میں سادگی یا شایستگی پیدا کرنا ؛ ضرورت سے زیادہ بناؤ سنگھار یا آرایش سے پاک کرنا۔

chastener, n. نفس کُش ؛ شایستہ رُو ؛ پاک باز۔

chastise, v.t. سزا دینا ؛ تادیب کرنا ؛ تنبیہہ کرنا ؛ گوشمالی کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ مارنا پیٹنا ؛ جسمانی سزا دینا ، مثلاً کوڑے مارنا ؛ جھاڑنا۔

chastisement, n. سزا ؛ سرزنش ؛ عذاب ؛ تادیب ؛ سیاست ؛ عقوبت ؛ گوشمالی ؛ تنبیہہ۔

chastiser, n. سزا دہندہ ؛ انتباہی ؛ تادیب کار۔

chastity, n. عصمت ؛ عفّت ؛ پاکدامنی ؛ پارسائی ؛ کنوار پن ؛ سادگی ؛ پاکیزگی ؛ بِکر ؛ تجرُّد ۔

chasuble, n. (کلیسیات) چیزوبل ؛ اُوپر پہننے کے لیے مرصّع و مُنقّش بلا آستین قبا یا حُلّۂ عبادت جو عشائے ربّانی یا عام عبادت کے موقع پر رسوم ادا کرنے والا پادری پہنتا ہے۔

chat, v.i. [chatter کا مخفّف] بے تکلّفی سے بات چیت کرنا ؛ گپ شپ کرنا ؛ چہکنا۔

chat, n. بے تکلف گفتگو ؛ بات چیت ؛ طَیرُالابلق ؛ گانے والے پرندوں یا چہچہانے والی چڑیوں کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ، مثلاً یرقانی چڑیا (Icteria virens) یا ''پیلے ہوٹے کی چہکار'' جو امریکا میں پائی جاتی ہے ، اس کی مُسلسل چہچہاہٹ کی وجہ سے اسے یہ نام دیا گیا ہے۔

chateau, n. شاطُو ؛ فرانسیسی قلعہ ؛ دیہات میں جاگیردار کی حویلی ، گڑھی یا قلعہ نُما محل ؛ فرانس میں انگور کے باغ۔

chatelain, n. قلعہ دار ؛ قلعہ کا حاکم۔

chatelaine, n. قلعہ کی مالکن یا بیگم ؛ چھلّا یا زنجیر جس میں کُنجیاں ، سینے کی سوئی اور دیگر آویزے ہوتے ہیں ؛ کالر پن جس کے ساتھ خُوش نُمائی کے طور پر زنجیر لٹکی ہوئی ہو۔

chatoyant, a. جِھلمِلا ؛ بدلتی ہوئی لہر یا چمک یا رنگ ، جیسا کہ تاریکی میں بلّی کی آنکھ کا ہوتا ہے ؛ متغیُر اللمعان۔

chatoyance, chatoyancy, n. تغیّراللمعان ؛ رنگ و روشنی کی تغیّر و تموُّج پذیری۔

chatoyant, n. عین الہر ؛ کوئی بھی ہیرا ؛ جیسے ''چشمِ گربہ'' جو کیبوشون یا قبّہ کی شکل میں تراشا جاتا ہے اور روشنی کی ایک ہی شُعاع کو منعکس کرتا ہے۔

chattel, n. قابلِ انتقال اثاثہ ؛ مال و اسباب ؛ اشیا ؛ اجناس ؛ مال و متاع ؛ مال و اموال ؛ چیزبست ؛ اثاثہ ؛ کوئی بھی منقولہ زیر قبضہ شے ؛ کوئی بھی منقولہ جائیداد ماسوا ترکہ یا جاگیر۔

chattel mortgage, n. میعادی رہن ؛ مشروط انتقال یا تحویل جس جائیداد سے نہیں بلکہ کے قرض کی ادائیگی حقیقی (غیر منقولہ) شخصی/ذاتی (منقولہ) جائیداد سے مشروط ہو۔

chatter, v.i. (چڑیوں کا) چہچہانا ؛ (انسان کا) بک بک کرنا ، بکواس کرنا ؛ ہرزہ گوئی کرنا ؛ یاوہ گوئی کرنا ؛ (دانتوں کا) بجنا کٹکٹانا ، کڑکڑانا ؛ (مشین کے ڈِھیلے پرزوں کا) بجنا ، کھڑکھڑانا ، کھٹ کھٹ کرنا ؛ تیزی کے ساتھ بات چیت سے ملتی جلتی میگ پائی (یورپی مینا) یا بندر کی طرح بے معنی آوازیں نکالنا ؛ تیزی سے بے مقصد باتیں کرنا ؛ چخ چخ کرنا ؛ دو چیزوں کو جلدی جلدی ٹکرا کر کٹ کٹ کا شور پیدا کرنا جیسے سردی سے دانتوں کا بجنا ؛ کسی اوزار سے کاٹتے ہوئے کھٹ پٹ کی متواتر آوازیں پیدا ہونا ، کڑکڑانا ، ڈگڈگانا ۔ (فعل متعدی) تیزی یا لاپروائی کُچھ نہ کُچھ کہے جانا ؛ کھٹ پٹ یا کٹ کٹ کی آوازیں پیدا کرنا ۔ (اسم) چہچہاہٹ ؛ بکواس ؛ بڑبڑ ؛ کلکلاہٹ ؛ کچکچاہٹ ؛ گپ شپ ؛ ہرزہ گوئی ؛ یاوہ گوئی ؛ چہچہانے یا چہکنے یا ٹرٹرانے کا عمل ؛ بے مقصد بات چیت ۔

chatter box, n. بکیّ ؛ باتونی ؛ گپّی ؛ یاوہ گو ؛ بسیارگو ؛ وہ شخص جو مسلسل باتیں کرتا رہے ۔

chatterer, n. چہکاری پرندہ ؛ چڑیا کی قبیل کے ایسے پرندے جو باتوں کے انداز میں لگاتار بولتے رہتے ہیں ؛ چہچہانے والا ۔

chatter mark, n. ٹوٹیہ ؛ وہ نشان جو چڑچڑ یا کھٹ کھٹ کرنے والے اوزار نے چھوڑا ہو ۔ (ارضیات) چٹان کے ٹُکڑوں کی رگڑ سے پیدا ہونے والی چھوٹی بڑی نالیوں کے نشانات جو اس سطح زمین پر پائے جاتے ہیں جس پر سے برفانی تودہ (گلیشیر) گزرتا ہے ۔

chatty, a. باتونی ؛ وہ جسے بات چیت کی بُہت عادت ہو یا جو بے تکلف گفتگو کرتا/کرتی ہو یا لفّاظ ہو (جیسے a chatty woman ؛ a chatty writing style) ۔

chattiness, n. باتونی پَن ۔

chattily, adv. لفّاظی سے ۔

Chaucerian, a. چاسری؛ چودھویں صدی عیسوی کے انگریز شاعر جیوفرے چاسر کا ، اس کے متعلّق یا اس کی خصوصیّت کا حامل ؛ ازمنۂ وسطیٰ کی وہ زبان جس میں چاسر لکھتا تھا ۔ (اسم) چاسری ادب کا خُصوصی ماہر۔

Chaucerian stanza, n. دیکھیے ؛ rhyme royal ۔

chauffeur, n. شوفر ؛ وُہ شخص جسے موٹر گاڑی چلانے کے لیے نوکر رکھّا جائے ؛ ڈرائیور۔

chauffeur, v.i. شوفر یا موٹر ڈرائیور کے عہدے پر رہنا (جیسے He chauffeured to earn extra money) ۔ (فعلِ متعدی) دوسرے شخص کو لے جانے یا کہیں پہنچانے کے لیے موٹر گاڑی چلانا۔

chaussure, n. پاؤں/پَیر کی پوشش ، مثلاً جوتا ، بوٹ ، سلیپر ، گرگابی ، چپل ، سلیم شاہی ، پاپوش ۔

Chautauqua, a. شٹاکوا ، نیویارک ، کے متعلّق یا اس تعلیمی نظام کے متعلّق جو انیسویں صدی عیسوی میں وہاں شروع ہوا جو تعطیلاتِ

گرما کے دوران لیکچروں ، گھریلو مطالعہ اور اجتماعی مشورت کے امور پر مشتمل تھا۔ (چھوٹے C سے)اس نوع کے پروگرام سے متعلق ۔ (اسم) شٹاکوا تعلیمی پروگرام ۔

chautauquan, n. شٹاکوامی مدرّس یا طلبہ کی پذیرائی کرنے والا ۔ (بڑے C کے ساتھ) (صفت) شٹاکوائی ۔

chauvin, n. [نپولین کا ایک جوشیلا اور جنگجو فوجی پیرو] شاوِن ، نامعقول ، جوشیلا اور جارح وطن پرست ؛ کوئی بھی شخص جو کسی ''کاز'' مقصد (نصب العین یا عزیز شے) کے لیے نامعقول اور مُبالغہ آمیز حد تک جوش رکھتا ہو ، خصوصاً جارحانہ حُبِّ وطن یا فوجی جوش رکھنے والا ۔

chauvinism, n. شاونیّت ؛ جنگ جویانہ وطن پرستی ؛ شاون کے جذبات ؛ غیر معقول اور مبالغہ آمیز حُبِّ وطن ، فوجی جارحیّت یا کسی ''کاز'' کے لیے جوش/جذبہ ؛ نصب العین ۔

chauvinist, n. شاونی ؛ جنگ جُو وطن پرست ؛ جارحانہ وطن پرستی کا حامی ۔

chauvinistic, a. شاویانہ ۔

chaw, v.t. (بول چال) چبانا ، خصوصاً تمباکو ۔ (اسم) (بول چال) تمباکو کا انٹا یا گولی ۔

cheap, a. سستا ؛ ارزاں ؛ کم مول کا ؛ کم دام کا ؛ کم قیمت ؛ کم بھاؤ کا ؛ کم لاگت کا ؛ سستے مول ؛ ہلکے مول ؛ جس کی قیمت نچلی سطح پر رکھی جائے ؛ جس کے حاصل کرنے میں بہت کم محنت یا زحمت ہو ؛ سہل الحصول ؛ پُرانا ، گھٹیا (جیسے : cheap goods) فرسودہ ؛ نکمّا ؛ سستا یا گھٹیا سامان ؛ غیر اطمینان بخش ؛ کم شرح سُود کا قرض؛ کنجوس ۔ (برطانوی) قیمت گھٹا کر فروخت کے لیے پیش کیا گیا (سامان) ۔ (عوامی) غیر مہذّب ؛ بدتمیز ؛ آزاد رو ؛ وہ شخص جو جنسی تعلّقات میں آزاد رو مشہور ہو۔

cheap, cheaply, adv. سستا ؛ ارزاں ؛ گھٹیا ؛ کم قیمت پر ۔

cheapness, n. ارزانی ؛ سستا پن ؛ گھٹیا پن ۔

cheapen, v.t. سستا کرنا ؛ قیمت کم کرنا ؛ بھاؤ گھٹانا یا قدروقیمت کم کرنا یا ختم کرنا ؛ اہمیت کم کرنا ؛ کمینگی یا اوچھا پن پیدا کرنا یا عامیانہ رنگ دینا ۔ (فعل لازم) سستا یا ارزاں ہونا ؛ سہل الحصول ہو جانا ۔

cheapener, n. ارزاں کُنندہ ؛ سستا کرنے والا ؛ عامِل ارزانی ۔

cheapskate, n. (بول چال) مفت خور ؛ کنجوس ؛ بخیل ؛ وہ شخص جو اپنے حصّے کا خرچ ادا کرنے سے احتراز کرے ۔

cheat, v.t. دھوکا دینا یا جُل دینا ؛ دغا دینا (جیسے : to cheat a person of or out of something)؛ جھانسا دینا ؛ فریب دینا ؛ دم دینا ؛ چال چلنا ؛ ٹھگنا ؛ حیلہ کرنا ؛ بے ایمانی کرنا ؛ کانٹا مارنا ؛ ڈنڈی مارنا ؛ ایسی چال چلنا کہ کوئی شخص کسی چیز سے محرُوم ہو جائے ؛ گمراہ کرنا ۔ (فعل لازم) بے ایمانی کے کام کرنا ؛ ٹھگی اور دھوکے بازی کو شِعار بنانا ۔ (عوامی) رفیق حیات (بیوی یا شوہر) سے بے وفائی کرنا ۔

cheat, n. دھوکا ؛ دغا ؛ فریب ؛ جُل ؛ ٹھگی ؛ بے ایمانی ؛ جھانسا ؛ دھوکے باز ؛ دغا باز ؛ ٹھگ ؛ بے ایمان ؛ دغاوفریب سے کسی شخص کی جائیداد کا حصول ؛گھاس کی مختلف قسموں میں سے ایک ، خصوصاً بروموس سیکالینس (Bromus secalinus) ؛ جئی

گیاہ ۔

check, (Brit). cheque, interj. شطرنج میں استعمال ہونے والا نعرہ یا حرفِ ندا بمعنی شہ ؛ شطرنج کے کھیل میں خبردار کرنا کہ/ شاہ پر زد ، شہ یا کشت پڑ رہی ہے ؛ اس موقع پر ''شہ مات ہے''، ''کشت'' یا ''شہ'' کہنا ۔ (بول چال) ٹھیک ہے ؛ یقیناً ؛ میں آپ کی بات سمجھ رہا ہوں ؛ میں یہ کام پورا کرونگا ۔ (اسم) حرکت میں یکا یک روک ؛ روک یا رکاوٹ ؛ مزاحمت ؛ جانچ پڑتال یہ دیکھنے کے لیے کہ کام ایمانداری سے کیا گیا ہے یا ٹھیک اور اعلیٰ قسم کا ہے ؛ غلطیاں یا بے ایمانی روکنے کے لیے اقدام ؛ چیک : بنک سے رقم نکالنے کے لیے تحریری حکم یا پروانہ ؛ تنقیح ؛ کھانے پینے کی اشیا کے لیے ریستوران کا بِل ؛ فہرست میں درج اشخاص یا اشیا کے ناموں پر نشان ؛ پڑتال شدہ اشیا یا سامان کے لیے ٹکٹ ؛ کپڑے پر تختۂ شطرنج سے مشابہ خانوں کا نمونہ ؛ ان مربّع خانوں میں سے کوئی ایک ؛ کٹے ہوئے رنگ یا پوتے ہوئے پینٹ پر چھوٹی خراش یا لکیر ۔ (ہاکی) ایک کھلاڑی کا مخالف کھلاڑی کو روکنے کا عمل ۔

check, v.t. جائزہ لینا ؛ حرکت کو روکنا یا دھیما کرنا ؛ عمل میں مزاحمت کرنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ تفتیش یا تحقیق کرنا ؛ تصحیح ؛ تحفّظ یا تکمیل کے لیے جانچ پڑتال کرنا ؛ پڑتال کی جگہ کسی چیز کو عارضی طور پر چھوڑ دینا یا منظور کرنا ؛ جہاز پر چڑھانے یا لادنے کے لیے سامان دینا ؛ یہ بتانے کے لیے کسی چیز یا سامان پر نشان لگانا کہ اس کا معائنہ کر لیا ہے یا اسے چیک کر لیا ہے ؛ چارخانہ نمونے کی طرح سجانا ۔ (فعل لازم) پڑتالی کھاتے سے رقم نکلوانا ؛ تفصیلی تنقیح کرنا ۔ (پوکر) اپنی باری پکارنے کے حق سے دست بردار ہونے کا اعلان کرنا مگر کھیل سے علیحدہ نہ ہونا ۔ (شطرنج) مخالف کے شاہ کوشہ یا کشت دینا ؛ شہ مات دینا ۔ (شکاریات) شکار کی بُو کھو کر کتوں کو روک لینا ۔ (ہاکی) گیند لے کر بھاگنے والے مخالف کھلاڑی کو آگے بڑھنے سے روکنا ۔

checkbook, n. چیک بُک ؛ بنک کے سادہ چیکوں کی کتاب یا کاپی ۔

checker, chequer, n. بساط ؛ بساطِ شطرنج ؛ تختۂ نرد ؛ نرد یا گوٹ ؛ پلاسٹک یا لکڑی کا ایک چھوٹا سرخ یا کالے رنگ کا گول ٹُکڑا جو نرد یا چوسر کے کھیل میں استعمال ہوتا ہے ؛ چوخانے کے نمونہ کا ایک مربع خانہ ؛ چوخانے کا نمونہ ۔ (جمع لیکن استعمال میں واحد) دو کھلاڑیوں کا کھیل جس میں ہر کھلاڑی اپنے بارہ مُہروں کو چیکر بورڈ کی طرف حرکت دیتا ہے ۔ (برطانوی) شطرنجی تختہ ۔

checker, v.t. چارخانہ بنانا ؛ شطرنجی بنانا ، چوخانہ بنانا ؛ لکیروں یا مختلف رنگوں سے تختۂ شطرنج کی طرح کے چھوٹے چھوٹے مربّع خانے بنانا ؛ رنگ برنگا کرنا ۔ (مجازاً) مختلف خصوصیات ، مناظر یا واقعات سے تنوُّع پیدا کرنا ؛ متفرّق کرنا ؛ بوقلموں یا گوناگوں کرنا (جیسے : events that checker one's career) ۔

checker, n. پڑتال کُنندہ ؛ چیکر ؛ پڑتالی شخص یا آلہ ؛ قباؤں ، ٹوپیوں اور سامان کی پڑتال کرنے والا ؛ سپر مارکیٹ یا کافی/چائے خانہ میں گاہکوں سے رقم وصول کرنے والا ، خزانچی یا مُحَصّل ۔

checkerberry, n. امریکی بتُول ؛ امریکی بیری یا گوندنی ؛ امریکا کی سدا بہار بیری کا سُرخ پھل ، جھاڑی نما گول تھیریا (Gaultheria procumbens) ؛ اس بیری کا درخت ؛ دُرّاج بیری ؛

مچیلا رے پنس (Mitchella repens) ۔

checkerbloom, n. خطمی ؛ ارغوانی پھولوں والی بُوٹی، سڈ السی گُلِ خطمی (Sidalcea malvaeflora) جو مغربی امریکا میں پیدا ہوتی ہے ۔

checkerboard, Brit. chequerboard, n. بساط ؛ ایک مربع تختہ یا بساط جس پر دو رنگوں کے (ایک رنگ کے بعد دوسرا) چونسٹھ مربع خانے ہوتے ہیں ، اس بساط پر شطرنج اور نرد کے کھیل کھیلے جاتے ہیں ۔

checking account, n. چیک کھاتہ ؛ بنک کھاتہ جو رقم جمع کرنے والا خصوصاً اس مقصد کے لیے کھولتا ہے کہ بذریعہ چیک ادائیگی کر سکے یا رقم نکلوا سکے ۔

check list, n. شناختی فہرست ؛ فہرستِ حوالہ ؛ حُرُوف تہجّی کے لحاظ یا کسی اور قاعدے کے تحت تیّار کی گئی اشخاص یا اشیا کے ناموں کی فہرست جو حوالے ، تسجیل ، تقابل ، تصدیق یا شناخت کے لیے ہو (جیسے : a check list of the birds of a region, a check list of voters) ۔

checkmate, n. [فارسی میں شاہ مات یعنی بادشاہ مر گیا] (شطرنج) شطرنج کے کھیل میں شاہ کی ایسی حالت کہ اس پر مخالف مہرے کی شہ پڑ رہی ہو اور بچاؤ کے لیے کوئی مفر نہ ہو ، ایسی صورت میں کھیل ختم ہو جاتا ہے ؛ بادشاہ کو ناقابل مفر شہ کی حالت یا صورت سے دوچار کرنے کا عمل ؛ اس لیے شکست/ہار ۔

checkmate, v.t. شہ مات دینا ؛ شہ کی زد میں لانا ؛ جس طرح شطرنج کے کھیل میں مخالف کے شاہ کا گھیراؤ کر کے شہ دی جاتی ہے تا کہ وہ بچ نہ سکے یا گھیراؤ سے رہا نہ ہوسکے ؛ اس لیے شکست دینا ؛ فریقِ مخالف کی کوششوں کو رائیگاں کرنا ؛ ناکام بنانا ۔ (شطرنج کا نعرہ یا حرفِ ندا) شہ کا لفظ کہہ کر فریق مخالف کو یہ بتایا جاتا ہے کہ میں نے تمہارے شاہ کو گھیرے میں لے لیا ہے اور میں جیت گیا ہوں ۔

check off, n. چیک آف ؛ ایک قاعدہ جس کے تحت آجر یونین کے ممبروں کی اجرت میں سے یونین کا چندہ وصول کرتا ہے ۔

check-out, n چیک آؤٹ ؛ یہ آزمایش کہ آیا (کوئی چیز) استعمال کے لیے تیّار ہے یا نہیں ؛ کوئی مشین (مثلاً ہوائی جہاز) چلانے کے لیے دی گئی ہدایت یا تربیّت ؛ گاہک کے لیے خریدی ہوئی اشیا کو علیحدہ علیحدہ رکھنے ، ان کی قیمت لگانے اور لفافوں میں ڈالنے کا عمل جیسا کہ سپرمارکیٹ میں ؛ وہ کاؤنٹر جس پر اشیا دیکر قیمت وصول کرتے ہیں ؛ براندراج۔

check-out counter, چیک آؤٹ کاؤنٹر ؛ براندراج تختہ ؛ چیک آؤٹ کا کام کرنے والا ؛ چیکر۔

check out, v.i. چیک آؤٹ کرنا ؛ یہ آزمانا کہ (کوئی چیز) استعمال کے لیے تیار ہے یا نہیں ؛ مشین چلانے کے سلسلے میں ہدایت دینا ؛ گاہک کی خرید کردہ اشیا کی اقسام بندی (قسم کے اعتبار سے چیزوں کا یکجا رکھنا)؛تعیّن قیمت اور بُقچہ بندی ؛ قیمت لینے والے (دکاندار) کو خرید کے لیے منتخبہ اشیا (قیمت لگانے کے لیے) پیش کرنا ؛ ہوٹل یا ہسپتال کا بل ادا کر کے رخصت ہونا ۔ (فعل متعدی) آزمانا ؛ سِکھانا ؛ ہدایت دینا ؛ مقررہ قاعدوں کے مطابق حاصل کرنا (جیسے : She checked out three books at the library) ؛ براندراجی کرنا۔

check-out time, n. وہ مقررہ وقت جس سے پہلے ہوٹل یا ہسپتال کا کمرہ خالی کر دینا چاہیے تا کہ اگلے دن کا کرایہ نہ لگایا جائے ؛ براندراجی وقت۔

check-point, n. تفتیش گاہ ؛ چیک پوائنٹ ؛ پڑتال چوکی ؛ وہ مقام جہاں گاڑیوں اور مسافروں کی آمدورفت روک کر معائنے کے بعد آگے بڑھنے کی اجازت دی جائے ؛ وہ معلوم جغرافیائی مقام جسے ہواباز اپنی جگہ کا تعیّن کرنے کے لیے استعمال کرے ۔

checkrein, n. عنانہ ؛ لجام ؛ چھوٹی لگام جو زین سے اس لیے باندھی جاتی ہے کہ گھوڑا اپنا سر نیچا نہ کر سکے ؛ دو گھوڑوں کو ہانکنے والی لگاموں کو ایک دوسرے سے جوڑنے والی لجام ۔

checkroom, n. چیک رُوم ؛ توشہ خانہ؛ وہ کمرہ جس میں عارضی طور پر کپڑے ، سامان ،گٹھڑیاں وغیرہ کچھ وقت کے لیے بغرض حفاظت رکھّے جائیں ۔

checkrow, n. مربّع کاری؛ درختوں یا پودوں کی قطاروں میں سے کوئی ایک ، خصوصاً گندم یا جوار کے پودوں کی قطاریں جن میں ایک پودا اپنے قریبی پودے سے اتنے ہی فاصلے پر ہوتا ہے جتنے فاصلے پر کہ ایک قطار اپنی قریبی قطار سے ہوتی ہے ، اس کے نتیجے میں قطاروں کے دو سلسلے بنتے ہیں جو ایک دوسرے کو زاویۂ قائمہ بناتے ہوئے کاٹتے ہیں اور اس طرح قطاروں کے درمیان بونے میں آسانی ہوتی ہے ۔

checkrow, v.t. کیر بوائی کرنا ؛ مربّع کاری کرنا ؛ برابر فاصلے سے زاویۂ قائمہ بناتی ہوئی قطاروں میں بونا ؛ چیک روور مشین سے بونا۔

checkrower, n. کیربوائی مشین ؛ کیرامشین؛ کیری؛ گندم بونے والی مشین کا اضافی پُرزہ جس کی مدد سے بیج ایک خاص مقرّرہ وقفہ کے بعد گرتا ہے تا کہ بیجوں اور قطاروں کے درمیان فاصلہ برابر رہے ۔

checks and balances, n. قدغنی توازنِ اقتدار؛ امریکا کی وفاقی حکومت کا مروّجہ نظام جو اس بات کی ضمانت ہے کہ عاملہ ، مقنّنہ اور عدلیہ کو مساوی اختیارات حاصل ہیں : ہر شاخ دوسری شاخوں یا کسی ایک شاخ کے اختیارات کو ترمیم یا تنسیخ کے ذریعہ محدود کر سکتی ہے یا دوسرے الفاظ میں ، انہیں دستوری حدود سے متجاوز ہونے سے روکنے کی مجاز ہے۔

checkup, n. پڑتال یا آزمایش،جیسے موٹر گاڑی کی ؛ پڑتال ؛ جسمانی معائنہ۔

check valve, n. یک طرفہ والو صِمام ؛ ایک طرف کھلنے والا والو جو از خود مائع کا الٹا بہاؤ روکتا ہے ۔

Cheddar, Cheddar cheese, n. [انگلینڈ میں سمر سیٹ شائر کے گاؤں چیڈر میں سب سے پہلے اس قسم کا پنیر بنایا گیا] چیڈر پنیر؛ چکنے اور ٹھوس معیاری پنیر کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ، پنیر کی یہ قسمیں ذائقے میں چربری سے لے کر کم تیز یا پھیکی اور رنگ میں گہری زرد سے لے کر ہلکی زرد اور سفید تک ہوتی ہیں ۔

cheder, n. دیکھیے : heder ۔

cheechako, n. (کینیڈا) نووارد یا نیا آدمی ۔

cheek, n. گال ؛ کلّا ؛ رخسار ؛ عارِض ؛ خد ؛ چہرے کے دونوں طرف آنکھ کے نیچے اور نچلے جبڑے کی ہڈی سے اوپر کا حصّہ ؛ کوئی بھی چیز جو ہیئت یا حالت میں انسان کے رُخساروں سے مشابہ ہو ، جیسے کسی بھی چیز کے ایک دوسرے سے مطابق دو

طرفینی حصّے (جیسے : the cheeks of a vise, a lathe or a door.) ۔ (عوامی) گُستاخی یا ڈھٹائی ؛ شوخ چشمی ؛ ایک چوتڑ یا سرین ۔

cheek by jowl, ساتھ ساتھ ؛ پاس پاس ؛ بہت ہی قریب ؛ چولی دامن کا ساتھی ؛ یارِ غار ؛ ہمراز ۔

cheekbone, n. رخساری ہڈّی ؛ آنکھ کے نیچے کی ہڈّی یا زیرِ چشم اُستخوانی ابھار ؛ وَجنی ہڈّی ۔

cheeky, a. (عوامی) جُرأت مند ؛ شوخ ؛ گُستاخ ؛ ڈھیٹ ۔

cheekily, adv. گستاخانہ ؛ ڈھٹائی سے ؛ شوخی سے ۔

cheekiness, n. شوخی ؛ گستاخی؛ جسارت؛ ڈھٹائی ؛ شوخ چشمی ۔

cheep, v.i., v.t. پرندے کے بچّے کی طرح باریک آوازیں نکالنا ؛ چہچہانا ؛ چیں چیں کرنا ، چُوں چُوں کرنا ۔ (اسم) چہچہاہٹ ؛ چیں چیں ، چُوں چُوں ۔

cheer, n. خوشی ؛ حِسّی و روحانی مسّرت ؛ کوئی چیز ، بات یا واقعہ جو خُوش کُن یا حوصلہ افزا ہو (جیسے خُوشخبری - a message of cheer) دعوتِ طَعام کے لیے کھانا اور دیگر لوازمات ؛ داد یا نعرۂ آفریں جو حاضرین کی حمایت کا مُظہر ہو : مخصوص الفاظ پر مشتمل ہمت افزائی یا تحسین و مرحبا کے نعرے ، جیسے کھیلوں کے مقابلے دیکھتے وقت ناظرین کے گیت یا منظوم بلاشیری کے فقرے ۔

cheer, v.t. خُوش کرنا ؛ حوصلہ افزائی کرنا ؛ ہمّت بڑھانا ؛ تسلی دینا ؛ تشفّی دینا ؛ دلاسا دینا ؛ ڈھارس دینا ؛ تسکین دینا ؛ خاطر جمع کرنا ؛ دلجمعی کرنا ؛ دلداری کرنا ؛ جی خوش کرنا؛ دل بڑھانا؛ ہمّت بندھانا؛ اُمیّد بندھانا (جیسے : Her presence cheered him in his dark moment) ؛ تحسین و مرحبا کے نعروں سے اعتماد یا حمایت کا اظہار کرنا ، ان معنوں میں اکثر cheer کے بعد on کا حرفِ جار یا لاحقہ آتا ہے (جیسے : to cheer the team on) ۔ (فعل لازم) خوش ہونا ؛ مگن ہونا ؛ بشاش ہونا ؛ خاطر جمع ہونا ، ان معنوں میں اکثر cheer کے بعد up کا حرف جار یا لاحقہ آتا ہے ؛ شاباش کہنا یا تحسین و مرحبا کا نعرہ لگانا ۔

cheerly, adv. خوشی سے ۔ دل سے ؛

cheerful, a. خوش ؛ شاد ؛ دِلشاد ؛ شادمان ؛ بشاش بشاش ؛ مگن ؛ قانع ؛ زندہ دل ؛ خندہ رُو ؛ تازگی بخش ؛ مسرور کن ؛ رُوح پرور ؛ مسرت بخش ؛ خوشگوار ؛ اچھی ہمّت و حوصلہ رکھنے والا ؛ شادمانی کو فروغ دینے والا یا خوشی کا سبب بننے والا (جیسے : Bright pictures make a room cheerful) ؛ آمادہ یا دل سے رضامند (جیسے : cheerful cooperation) ۔

cheerfully, adv. خوشی سے ؛ دل سے ۔

cheerfulness, n. مسّرت ؛ بشاشت ؛ زندہ دِلی ؛ شادمانی ؛ خوش مزاجی ؛ خوش طبعی ؛ خوش وقتی ؛ خوشی و خُرّمی ۔

cheerio, cheero, interj., n. (برطانوی) چیریو : رخصت ہوتے وقت کہا جانے والا لفظ بمعنی 'الوداع'، بعض اوقات مبارکباد کے معنوں میں یا جامِ صِحّت پیتے ہوئے خوشی کا اظہار کرنے کے لیے بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے ۔

cheer leader, n. دل بڑھاوا : وہ شخص جو کھیلوں کے مقابلوں اور مدرسہ کے اجتماعات میں ناظرین کی رسمی تحسین کی ابتدا اور رہنمائی بارہا مخصوص حرکات اور جسمانی کرتبوں سے کرتا ہے ۔

cheerless, a. بے نشاط ؛ نشاط و مسّرت یا اطمینان کے بغیر ؛ اُداس ؛ اَفسُردہ ؛ تیرہ ؛ بے نُور ؛ بے رونق ؛ سُونا ؛ بُجھا ہوا ؛ پژمُردہ ؛ شکستہ حال ؛ ایسی ہر چیز سے محروم جو زندگی و زندہِ دلی پیدا کرے ۔

cheerlessly, adv. افسُردگی سے ؛ بے دِلی سے ؛ اُداسی سے ؛ مُردہ دِلی سے ۔

cheerlessness, n. پژمُردگی ؛ بے دلی ؛ افسردگی ؛ اُداسی ؛ مُردہ دِلی ؛ بے رونقی ؛ بے نُوری ۔

cheery, a. دِل شاد ؛ مسرُور ؛ شادماں ؛ خُوش ؛ خُوش وقت ؛ ہنس مُکھ ؛ خندہ رُو ؛ بشّاش ؛ خنداں ؛ مگن ؛ زندہ دل ؛ خُوش مزاج ؛ خوشی اور عزم و اُمیّد کا مَظہر ؛ خوش و خُرّم ؛ پُر مسّرت ؛ شگفتہ ؛ خُوش طبع ؛ خوشی بڑھانے والی ۔

cheerily, adv. خُوش مزاجی سے ؛ زندہ دلی سے ؛ خندہ رُوئی سے ۔

cheeriness, n. خُوشی ؛ شادمانی ؛ شگفتگی ؛ خَندہ رُوئی ؛ خُوش وقتی ؛ خوش طبعی ؛ زندہ دِلی ۔

cheese, n. پنیر ؛ جبن ؛ چھاچھ سے نکالا ہوا دہی جو کئی غذائی قسموں/صورتوں میں تیّار کیا جاتا ہے ؛ پنیر کا کیک یا کوئی اور مشابہ چیز جو خاص شکل و صورت کی ہو ؛ کیک نُما یا اسی شکل کی ۔

cheese burger, n. چیز برگر ؛ بڑا سینڈوچ جس میں گائے یا سُور کے گوشت پر پگھلے ہوئے پنیر کی تہ جمی ہو ۔

cheese cake, n. پنیری روٹی ؛ نان پنیر ؛ پنیر کیک ؛ پرتکلّف اور مُرغّن کیک یا گوجھ (pie) کی شکل کا ، انڈے کی لپسی سے مشابہ نقل جو پنیر ، انڈوں اور چینی سے بنایا جائے ۔

cheese-cake, n. (عوامی) وہ تصویر جس میں پُرکشش لڑکی کی ٹانگوں اور جسم کو نمایاں کیا گیا ہو ۔

cheese-cloth, n. پنیر کپڑا : معمولی، ہلکا اور کھلی بُنت کا سوتی کپڑا ؛ یہ نام اس لیے پڑا کہ پُرانے زمانے میں یہ کپڑا پنیر لپیٹنے کے کام آتا تھا ۔

cheeseparing, n. پنیر کی پپڑی یا اس کا تھوڑا سا حصّہ ۔ (مجازاً) کنجوس ؛ کنجوسی ؛ بخیل ؛ بُخل ؛ تنگ دلی ؛ بے جا کفایت ؛ بے قیمت یا کم قیمت چیز، کترن ؛ چھاٹن ۔ (صفت) جُز رس ؛ انتہائی کفایت شِعار ۔

cheesy, a. جبنی ؛ پنیر کا یا پنیر کی طرح ۔ (عوامی) گھٹیا چیز سے بنا ہوا یا گھٹیا قسم کا ؛ ارزاں ؛ سستا ۔

cheesiness, n. گھٹیا پن ؛ بانک پن ؛ پنیر پن ۔

cheetah, (Brit), chetah, n. (Acinonyx jubatus) [اردو] چیتا ؛ گربۂ جنگل جنوبی ایشیا اور افریقہ میں پائی جانے والی بڑی جنگلی بِلّی جو تیندوے یا پَلنگ سے مشابہ ہے مگر جس میں کُتّے کی بھی کچھ خصوصیات ہوتی ہیں یہ دنیا کا سب سے زیادہ تیز رفتار جانور ہے جو اکثر غزال کی قبیل کے تیز رفتار جانوروں کا شکار کرنے کے لیے سدھایا جاتا ہے ۔

chef, n. طبّاخ ؛ باوُرچی ؛ ہیڈ باورچی جو مطبخ یا باورچی خانے کا مُنتظم ہو ۔

chef-d'oeuvre, n. شاہکار : ادب، آرٹ یا موسیقی کا بہت اچھا نمونہ یا شاہکار ؛ شاہ پارہ ۔

chela, n. چنگال ؛ چنگل ؛ گرفتی ناخُن ؛ گرفت کرنے والا ناخُن

دوا ساز۔

chemistry, n. کیمسٹری ؛ عِلمِ کیمیا : وہ علم/سائنس جو موجود مرکّبات و عناصر کی ترکیب و تعامل کی تحقیق اور قدرتی و مصنوعی یا ترکیبی مرکّبات کے امتزاج کا مطالعہ کرتا ہے۔

chemoautotrophic, a. (حیاتیات) کیمیائی خود پرور : خود پرور جسم نامیہ ہوتے ہوئے جو غیر نامی مرکّب سے توانائی تکسید کرتا ہے۔

chemoautotrophy, n. کیمیائی خودپروری۔

chemoprophylaxis, n. (طب) کیمیائی تدارُک ؛ کیمیائی حِفظِ صحت ؛ کیمیائی ادویات یا عوامل کے ذریعہ بیماری کا تدارک۔

chemoreception, n. (حیاتیات) کیمیائی تاخُذ ؛ کیمیائی محرک اخذ کرنے میں حواس کا عضویاتی ردّعمل ؛ کیمیائی اخذیّت۔

chemoreceptor, n. کیمیائی آخذہ ؛ کیمیائی محرک سے متاثر حاسّہ۔

chemosmosis, n. کیمیائی سرایت ؛ کیمیائی ولوج : بیچ میں حائل جھلّی کے ذریعے دو مادّوں کے درمیان کیمیائی عمل ؛ غشائی کیمیائی عمل۔

chemosmotic, a. غشائی کیمیائی عمل کی خصوصیّت والا (مادّہ)۔

chemosphere, n. کیمیائی کُرّہ : کُرّہ باد کی ایک پرت جس کے بارے میں عام خیال ہے کہ زمین کی سطح کے بیس میل اوپر سے شروع ہوتی ہے اور پچاس میل کی بلندی تک جاتی ہے ، عملِ ضیاء کیمیائی اس پرت کی خصوصیّت ہے۔

chemosynthesis, n. تالیف کیمیائی ؛ کیمی تالیف : وہ طریق کار جو غیر نامیاتی اجزا کے کیمیائی ردّعمل سے حاصل شُدہ توانائی کے ذریعے نامیاتی مرکّبات بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔

chemotaxis, n. (حیاتیات) کیمیائی جاذبیت ؛ خلوی جذب ؛ کیمیائی محرک کی جانب یا اُس سے پَرے کسی خلیہ یا نامی شے کی حرکت۔

chemotactic, a. خلوی جذبی ؛ کیمیائی محرک سے اثر پذیر۔

chemotactically, adv. خلوی جذبی طور پر ؛ کیمیائی محرک کی اثر پذیری سے۔

chemotherapy, chemotherapeutics, n. (طب) کیمیائی علاج ؛ کیمیائی دواؤں سے بیماری کا علاج۔

chemotropism, n. (حیاتیات) کیم رُخی : پودے یا دیگر نامیاتی جسم کا کسی کیمیائی محرک کی جانب موڑ یا جھکاؤ۔ (حیوانیات) یہ لفظ کبھی کبھی Chemotaxis کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

chemurgy, n. کیمرجی ؛ کیمیائی زراعت ؛ عملِ نامیاتی کیمیا ؛ اِطلاقی کیمیا کی ایک شاخ جس کا تعلّق اُن خام نامیاتی مادوں سے ہے جو خصوصاً زرعی پیداوار کے لیے مفید ہوں۔

chemurgic, chemurgical, a. کیمر جیائی ؛ عملِ نامیاتی کیمیا سے متعلّق۔

chenille, n. شنیل ؛ مخمل کی ڈوری یا جھالر؛ اُون ، روئی ، ریشم یا ریان کی گُچھے دار ڈوری یا کَتا ہُوا دھاگا جوکشیدہ کاری یا آرایشی جھالر بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ روئیں دار کپڑا جو اس قسم کے دھاگے کی بھرائی سے بنایا جائے ، یہ کپڑا پردوں ، فرش اور بستر کی چادروں کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

یا پنجہ جو بعض عنکبوتی اور خول دار جانوروں (جیسے کیکڑا اور جھینگا) کے ہوتے ہیں۔

chelate, cheliferous, a. چنگل دار ؛ گرفت کرنے والے ناخنوں یا پنجوں والا۔

chelate, n. چُنگلی ؛ خلب ؛ کیلیٹ۔ (کیمیا) چُنگالی : ایک مرکّب جس میں مرکزی فلزّی (دھاتی) آیون عام یا ارتباطی گرفت کے ذریعے اُسی سالمے کے دو یا زیادہ غیرفلزی ایٹموں سے اس طرح مربوط کیا جاتا ہے کہ ایک یا زیادہ مختلف الدّائرہ حلقے بن جاتے ہیں اور مرکزی آیون ہر حلقے کا جُزو بنا رہتا ہے۔

cheliform, a. چنگل دار ؛ چنگلی ، گرفت کرنے والے ناخن یا پنجے کی شکل کا۔

chelate, v.t., v.i. (کیمیا) کلیٹ کا مرکّب بنانے کے لیے ملانا۔

Chellean, Chellian, a. شیلی ؛ شیلے (فرانس) سے متعلّق جہاں ابتدائی نشیبی حجری عصر کے آثار دریافت ہوئے ہیں ؛ دو دھاری پتھر کی کلہاڑی یا تبر دو دم سے مخصوص۔

chelonian, a. سنگ پشتی ؛ کچھوائی ؛ کچھوے کے خاندان سنگ پشتاں (Chelonia) سے منسوب۔ (اسم) سبز کچھوا ؛ عام کچھوا یا سنگ پُشت۔

chemical, n. کیمیائی مادّہ ؛ وہ شے جو کیمیائی عمل سے حاصل ہو یا کیمیائی عمل میں استعمال کی جائے ؛ کیمیکل۔

chemical, a. کیمیائی ؛ کیمیاوی ؛ کیمیا کا ؛ علم کیمیا یا کیمیاوی عمل کا یا اس سے متعلّق۔

chemic, a. کیمیائی۔

chemically, adv. کیمیائی طریقے سے ؛ کیمیائی عمل سے۔

chemical engineering, n. کیمیائی انجینری : علمِ کیمیا کی ایک شاخ جو صنعت و حرفت میں کیمیا کے استعمال سے متعلّق ہے۔

chemical warfare, n. کیمیائی جنگ : ایسی جنگ جس میں دم گُھٹنے والی (خَانِق) زہریلی اور تباہ کن گیسیں نیز تیل کے شعلے استعمال کیے جائیں۔

chemiluminescence, n. (کیمیا) کیمیائی نورانیّت ؛ کیمنورانیت ؛ کیمیائی تنویر ؛ کیمیائی لمعان ؛ کم درجۂ حرارت پر کیمیاوی ردعمل کے دوران پیدا ہونے والی روشنی۔

chemin de fer, n. شیمن ڈی فر ؛ تاش کی قسم کا ایک کھیل جو بازی لگا کر کھیلا جاتا ہے۔

chemise, n. شمیض : عورتوں کے پہننے کا زیریں کُرتا ؛ قمیص ؛ پیراہن۔

chemism, n. کیمزم ؛ کیمیّت ؛ کیمیائی عمل۔

chemisorption, n. جذبِ کیمیائی ؛کیمیائی اجزا کے درمیان ردّعمل کے دوران جذب ہونے کا عمل ؛ کیمیائی انجذاب۔

chemisorb, v.t. کیمیائی انجذاب کرنا؛ کیمیائی ردّعمل کے ذریعہ جذب کرنا یا سمونا۔

chemist, n. کیمسٹ ؛ کیمیا دان ، عالمِ کیمیا ؛ عطّار۔ (متروک) الکیمی ، کیمیائی طریقوں سے سونا بنانے کی کوشش کرنے والا ؛ کیمیا دان یا پیشہ ور کیمیا گر؛ مہوّس۔ (برطانوی) دوا فروش ؛

chenopod, n. خرفہ ؛ اس نام و جنس یا ''بطخ پنجہ'' خاندان کا کوئی بھی پودا ، مثلاً پالک ۔

chenopodiaceous, a. جنس خرفہ یا ''بطخ پنجہ'' خاندان سے تعلّق رکھنے والے پودے ، مثلاً چقندر ، پالک ، کرنڈ ، بتھوا ، پہاڑی پالک اور اس نوع کے دیگر پودے جو خصوصاً نمکین اور القلی آمیز زمین یا ریگستانی علاقوں میں پیدا ہوتے ہیں ۔

cheque, n. چیک ، اجازت نامہ ، ہنڈی ، (برطانیہ کے زیر اثر ممالک میں چیک کے ہجّے) ؛ یہ لفظ ''بنک کو رقم کی ادائیگی کے تحریری حکم'' کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

chequer, n. (برطانوی) دیکھیے : Checker ۔

cherish, v.t. نوازنا ؛ پالنا پوسنا ؛ عزیز رکھنا ؛ پیارا سمجھنا ؛ پیار دُلار کا برتاؤ کرنا ؛ محبت سے پرورش کرنا ؛ پروان چڑھانا اور سایۂ عاطفت میں رکھنا ؛ دل و دماغ میں عُمدہ خیالات ، اچھی توقّعات اور اعلیٰ مقاصد کو جگہ دینا یا پروان چڑھانا ؛ لو لگائے رہنا ۔

cherishingly, adv. محبت اور پیار سے ۔

chernozem, n. ارضِ اَسوَد : بہت سیاہ مٹّی جس میں نباتاتی کھاد اور کاربن وافر مقدار میں موجود ہو ، یہ مٹّی سرد یا مُعتدل آب و ہوا اور کُچھ کم نمی کے علاقوں میں پائی جاتی ہے ۔

Cherokee, n. چروکی : ایک شمالی امریکی انڈین قبیلہ جو اروکوئی نسل سے تعلّق رکھتا ہے ، یہ لوگ پہلے جنوبی الّیغینی میں رہتے تھے لیکن اب اوکلا ہوما میں آباد ہیں ؛ اس قبیلے کا ایک فرد ؛ چروکی لوگوں کی بولی ۔

Cherokee rose, n. چروکی گُلاب ؛ نرم تنے والا سفید بیلیا مجلاً گُلاب (Rosa laevigata) جو اصلاً چین سے تھا لیکن اب جنوبی امریکا میں بھی کاشت کیا جاتا ہے ۔

cheroot, n. [اردو] سگار ؛ چُرٹ ؛ ایک قسم کا سگار جس کے دونوں سرے مُربّع تراش کے ہوتے ہیں ۔

cherry, n. چیری ؛ شاہ دانہ ؛ ناش دانہ ؛ ولایتی مکو ؛ ککناج ؛ گیلاس ؛ گُلاب خاندان کی جنسِ بادام سے متعلّق بہت سی اقسام کے ایسے درختوں اور جھاڑیوں میں سے کسی ایک پر لگنے والا پھل ، یہ پھل چکنا اور گُودے دار اور اس میں صرف ایک نرم سی گُٹھلی ہوتی ہے ؛ چیری کا درخت ؛ اس درخت کی لکڑی ؛ چیری سے مشابہ دیگر پھل یا پودے ، جیسے چیری ٹماٹر ؛ کتناج ۔ (صفت) چمکیلے سُرخ یا بھڑکیلے سُرخ یا گُلابی رنگ کے ۔

cherry laurel, n. چیری لارل ؛ آلو بالو ؛ ایک سدا بہار جھاڑی جس میں سفید پھُولوں کے گُچھے اور چمکدار سیاہ پھل لگتے ہیں ؛ کیرولنائی بادام (Prunus caroliniana) جنوب مشرقی امریکا میں جبکہ آلو بالو (prunus laurocerasus) یورپ میں کاشت کی جاتی ہے ۔

cherry plum, n. چیری آلوچہ : ایک قسم کا ایشیائی آلوچہ ، پرونس سیراسی فیرا (Prunus cerasifera) جو یورپ میں گھریلو طور پر مختلف اقسام کے گُل بوٹوں کی پیوند کاری کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

cherrystone, n. چھوٹا صدفہ ؛ موٹے اور سخت خول کا گھونگھا ؛ چیری کی گٹھلی یا بیج ۔

chersonese, n. جزیرہ نُما ۔

chert, n. (معدنیات) چقماق نما بِلّور ؛ عقیق ناقص ؛ ٹھوس سلیکائی چٹان جو یا تو خالص سنگِ سُلیمانی یا دُودھیا پتّھر سے بنتی ہے یا اس میں دوسری چیزوں کی ملاوٹ ہوتی ہے ۔ (ارضیات) حل نہ ہونے والی تلچھٹ یا تہ نشین مادّہ جو باریک بلوری سنگ گار یا دُودھیا پتّھر/سلیکا پر مشتمل ہو ۔

cherty, a. سلیکائی چٹان کی طرح یا چقماق سے مشابہ جو سلیکا ہی کی ایک قسم ہے ۔

cherub, n. کروبی ؛ فرشتہ : پردار آسمانی مخلوق جسے مقامِ مقدس کا محافظ اور خدا کا حکم بردار یا احکامِ خداوندی بجا لانے والا سمجھا جاتا ہے ۔ (جمع) کرّوبیاں ؛ رتبہ میں دوسرے درجے کے اعلیٰ فرشتے جو عموماً پروں والے خوبصورت بچوں کی شکل میں پیش کیے جاتے ہیں ؛ خوبصورت اور معصوم شخص ، خصوصاً بچّہ ؛ معصوم چہرے اور عموماً پھُولے گالوں اور گلابی رنگت والا شخص ۔

cherubic, a. کرّوبیاں سے متعلّق یا ان سے مشابہ ؛ مَلَکوتی ؛ فرشتہ صفت ؛ کرّوبیائی ۔

chervil, n. جعفری ؛ رجلُ الغُراب ؛ کاگ پنجہ ؛ ایک خوشبو دار ساگ یا بوٹی ؛ باغ یا گملے میں لگائی جانے والی بوٹی ، زیر دار ناکچہ پتّی (antheriscus cerefolium) جو پارسلے یا اجمود کی قسم سے ہے ، اس کے پتّے خوشبو دار ہوتے ہیں جو سُوپ اور سلاد میں کام آتے ہیں ؛ اس جنس کے مختلف پودوں میں سے کوئی ایک ، یہ پودے عموماً خودرو ہوتے ہیں ۔

Cheshire cat, n. کھسیانی بلّی ؛ چوڑے دانتوں اور کھسیانی ہنسی ہنسنے والی افسانوی بلّی جس کا کردار لوئیس کیرول نے Alice's Adventures in Wonderland میں تخلیق کیا ہے ۔

grin like a Cheshire cat, کھسیانی ہنسی ہنسنا ؛ پُراسرار طریقے سے مُسکرانا ۔

Cheshire cheese, n. [مغربی انگلینڈ میں واقع کاؤنٹی چشائر سے منسوب] چشائری پنیر ؛ سخت گہرے رنگ کا پنیر جو چیڈر پنیر جیسا ہوتا ہے اور بالائی والے دُودھ سے بنایا جاتا ہے ۔

chess, n. شطرنج : ایک کھیل جو دو اشخاص کھیلتے ہیں ، ہر کھلاڑی کے پاس سولہ مہرے ہوتے ہیں جن کو وہ جارحانہ اور مدافعانہ انداز میں چونسٹھ مُربّع خانوں کی بساط پر اس مقصد سے چلاتا ہے کہ مخالف کا سب سے اہم مہرہ ، یعنی بادشاہ ہر طرف سے اس طرح گھر جائے کہ کسی بھی خانے میں جانے سے بچت کی گنجایش نہ ہو اور اسے شہ مات دی جا سکے ۔

chess board, n. شطرنج کی بساط یا تختہ ۔

chessman, n. مہرہ ؛ مہرے ۔

chess, n. عرضاً یا آڑے لگائے ہوئے تختوں میں سے کوئی ایک ، جن سے کشتیوں کے پُل کی سڑک بنتی ہے ۔

chest, n. سینہ ؛ صدر ؛ جسم کا وُہ حصّہ جو پسلیوں اور چھاتی کی ہڈّی پر مشتمل ہے اور گردن سے ناف تک پھیلا ہوا ہے ۔

chested, a. جسم میں سینہ سے متعلّق (جیسے : broad chested) ۔

chest, n. صندوق ؛ پیٹی ؛ مضبوط بنایا ہوا ڈھکنے والا بکسہ جو قیمتی اشیا رکھنے یا بذریعہ جہاز سامان بھجوانے کے لیے بنایا

جائے (جیسے : a sea chest, a jewellery chest) ۔

chest of drawers, ششدرہ ؛ دراز دار صندوق ؛ ایک قسم کا فرنیچر جس کے ڈھانچے میں کھینچ کر کھولنے اور بند کرنے والے خانے ہوتے ہیں ۔

chesterfield, n. چسٹر ؛ ایک قسم کا اوورکوٹ ؛ فرغل ؛ بالاپوش ؛ ڈھیلا، درمیانی لمبائی، اطلسی کالر اور سامنے لگے ہوئے بٹنوں کا اکہرے یا دُوہرے سینہ پوش والا اووَر کوٹ ؛ صوفے کا ایک ڈیزائن جس میں دونوں طرف سیدھے ہتھے یا بازُو ہوتے ہیں ۔

Chesterfieldian, a. چیسٹر فیلڈ کے چوتھے ارل کا ، اس کے متعلّق یا حوالہ سے جس کے اپنے بیٹے کے نام لکھّے ہوئے خطوط آداب و رسوم کے بارے میں ہدایات پر مشتمل ہیں؛ شُستہ؛ نفیس ؛ خوش خُلق ؛ شایستہ ۔

Chester White, n. چسٹری سُور ؛ بڑے اور سفید سُوروں کی ایک امریکی نسل جس کی سب سے پہلے پینسلوینیا کی چیسٹر کاونٹی میں نسل کشی کی گئی ۔

chestnut, n. شاہ بلوط کا پھل ؛ جوز ؛ اخروٹ؛ ایک درخت کا کھایا جانے والا جوز (اخروٹ کی قسم کا پھل) ، یہ درخت بیج یعنی سفیدے کے خاندان کی جنسِ بلوط (Castanea) سے تعلّق رکھتا ہے ؛ شاہ بلوط کا درخت یا اس کی لکڑی ؛ دوسرے اشجار جو اس سے مشابہ ہیں، جیسے موترا (horse chestnut) ؛ سُرخی مائل خاکی رنگ ؛ سرخی مائل خاکی رنگ کا گھوڑا جس کی ایال اور دُم بھی اسی رنگ کی ہوں، سرنگ یا کمیت گھوڑا ؛ گھوڑے کی ٹانگ کی اندرونی طرف کا گٹّا ۔ (بول چال) گھسا پٹا لطیفہ یا فرسودہ مذاق؛ کوئی چیز جو بار بار دُہرانے سے پامال ہو جائے یا بُری لگنے لگے ۔ (صفت) سُرخی مائل خاکی؛ شاہ بلوطی یا شاہ بلوط کے متعلّق ۔

chestnut blight, n. بلوطی بیماری ؛ درختوں کی ایک سماروغی بیماری جس سے چھال کو نُقصان پہنچتا ہے، یہ بیماری عموماً شاہ بلوط کے درختوں اور خصوصاً امریکی اشجار کو لگ جاتی ہے ۔

chetah, n. دیکھیے : cheetah ۔

cheval glass, n. بڑا جُھولتا آئینہ ؛ قدآدم آئینہ؛ آئینہ جو ایسے چوکھٹے میں آویزاں ہو کہ اُوپر اٹھایا اور نیچے جُھکایا جا سکے اور اتنا بڑا ہو کہ اس میں پورا جسم نظر آئے ۔

chevalier, n. گُھڑ سوار ؛ شہ سوار ؛ بہادری میں سُوربیر یا قومی اُمُور میں حُسنِ کارکردگی کا اعزاز پانے والا معزز شخص جیسے لیجن آف آنر کا رُکن ۔

chevelure, n. (فلکیات) سدیمی غلاف ؛ بال کا سرا ؛ سدیمی یا غیر واضح بے شکل غلاف، جیسے وہ لفافہ یا خول جو دم دار ستارے کے سر پر لپٹا ہوتا ہے ۔

Cheviot, n. شیویٹ بھیڑ: ایک قسم کی بھیڑ جو گھنے اُون کی وجہ سے مشہور اور قدر کے قابل ہے، اس کا نام شیویٹ، پہاڑی سلسلے کے نام پر رکھّا گیا ہے جو انگلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان واقع ہے ۔ (چھوٹے c سے) دوسوتی بناوٹ کا کُھردرا اونی کپڑا ؛ قمیص کا نفیس سُوتی کپڑا ۔

chevron, n. (عسکری) شیوران ؛ ایک وی (V) شکل کا امتیازی نشان جو نان کمیشنڈ فوجی افسر، پولیس کے آدمی اور دوسرے محکموں کے باوردی ملازمین اپنی آستینوں پر لگاتے ہیں تاکہ ان کے عُہدے ، درجے اور سروس (محکمے) کی شناخت ہو سکے ۔ (فن تعمیر) کھونٹی دار تزئین کی ایک قسم ؛ آڑی ترچھی ڈھلی ہوئی چیز ۔

chevy, chivy, chivvy, chivey, n. شکار کا نعرہ ؛ شکار ؛ تعاقب یا پیچھا ؛ ایک کھیل جو قیدی کھیلتے ہیں ۔ (فعل متعدی) پیچھا کرنا ؛ تعاقب کرنا ۔ (فعل لازم) (برطانوی) دوڑنا؛ بھاگ جانا ؛ دوڑ لگانا ؛ چمپت ہونا ۔

chew, v.t. چابنا؛ چبانا ؛ جُگالی کرنا ؛ دانتوں سے پیسنا؛ جگالنا ۔ (مجازاً) سوچنا؛ غوروفکر کرنا ، جیسے کسی خاص خیال یا نظریے پر غوروفکر کرنا ۔ (فعل لازم) دانتوں سے چبانے یا پیسنے کا کام کرنا ۔ (بول چال) چبانے کے لیے تمباکو استعمال کرنا ۔ (مجازاً) خیالوں میں محو یا غرق ہونا ۔

chew, n. چبائی ؛ جُگالی ؛ چبانے کا عمل ؛ وہ شے جو چبائی جائے ؛ چبانے کے لیے ذرا سا تمباکو ۔ (عوامی) چا بمعنی چبانے کی چیز ۔

chewer, n. چابنے والا یا چبانے والا ؛ چابڑ ۔

chewing gum, n. چیونگ گم؛ چاب گُوند ؛ چوسا گوند ؛ صمغِ سائیدنی ؛ چبانے کی گوند : درخت کے گوند یا اس سے مشابہ قُدرتی یا مصنوعی چیزوں کا مرکّب جس پر خوشبودار شکر کی تہ چڑھا کر گوند کی طرح چبانے کے قابل بنا دیا جاتا ہے ۔

chewink, n. چِونک ؛ سہرہ کلاں ؛ برقش ، سہرہ ؛ ''ٹوہی'' بولنے والا پرندہ ، سرخ پپیہا (Piplo erythrophthalmus) جو عموماً شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔

chew out, v.t. (عوامی) سختی سے لعنت ملامت کرنا ؛ شدید سرزنش کرنا ؛ جھڑکنا ؛ کوسنا ۔

chew the fat, v.i. (عوامی) چھوٹی چھوٹی یا غیر اہم باتوں پر گفتگو کرنا ؛ معمولی باتوں پر گپ شپ لگانا ۔

Cheyenne, n. شی آن : شمالی امریکا کا ایک انڈین قبیلہ جو پہلے وائیومنگ ، نبراسکا اور ڈیکوٹا میں رہتا تھا لیکن اب مونٹانا اور اوکلا ہوما میں آباد ہے ؛ الگون کوئن لسانی گروہ کا ایک قبیلہ ؛ شی آن انڈین قبیلے کی زبان ۔

chi, n. کائی ؛ یونانی حروف تہجّی کا بائیسواں حرف ، جس کی تحریری شکل انگریزی میں Ch یا ''چ'' ہے ۔

Chianti, n. کیانٹی ؛ خشک ، عموماً سُرخ ، اطالوی شراب ۔

chiaroscuro, chiarooscuro, n. کیاروسکورو ؛ روشنی اور سائے کا ادغام؛ دھوپ چھاؤں ؛ تصویر میں روشنی اور سائے کا استعمال اور تقسیم؛ تصویر، خاکہ یا چوبی کنَدہ کاری جس میں صرف روشنی اور سائے کا استعمال ہو ؛ فنکار (مصوّر یا مجسمّہ ساز) کا روشنی اور سائے کے استعمال کا انداز یا طریقہ ۔ (صفت) دھوپ چھاؤں کا؛ کُچھ کُھلا، کُچھ ڈھکا ۔

chiaroscurist, n. روشنی اور سائے کا استعمال کرنے والا مصوّر ۔

Chibchan, a. چب چان ؛ چبچن ؛ جنوبی امریکا کے لسانی؛ خاندان سے تعلق رکھنے والی اُن زبانوں کی یا ان کے متعلّق جو کولمبیا ، وسطی امریکا اور ایکوئیڈور کی مقامی زبانیں ہیں ۔ (اسم) چب چان بولی ۔

chic, n. فیشن دانی ؛ طرحدار؛ وضع دار؛ مقبول وضع قطع؛

مقبول اسلوب؛ فیشن کے مطابق؛ بے ساختہ زیبائی اور خُوش ذوقی امتیازی وضع، خصوصاً خاتون کے سنگھار اور لباس کی امتیازی وضع قطع کے متعلّق کہا جاتا ہے۔ (صفت) سمارٹ؛ شوخ و شنگ؛ شستہ و شایستہ؛ غیر معمولی طرح دار یا خوش وضع۔

chicalote, n. چیکالوٹ؛ پوست (خشخاش، کوکنار) کا خاردار اور سفید پُھولوں والا پودا، فراخ قرنی دھتورا (Argemone platyceras) جو میکسیکو اور جنوب مغربی امریکا میں پیدا ہوتا ہے۔

chicane, v.i. چال بازی سے کام لینا؛ جعل سازی کرنا۔ (فعل متعدی) سخن سازی کر کے مغالطہ میں ڈالنا؛ خواہ مخواہ کی نُکتہ چینی کرنا؛ کسی بات پر حجّت کرنا؛ چال بازی یا حیلے سے دھوکا دینا؛ چکمہ دینا۔

chicane, n. شرعی حیلہ؛ قانونی حیلہ؛ لاطائل بحث؛ سوفسطائیت ۔ (تاش کا کھیل) وہ ہاتھ جس میں ترپ کے پتّے نہ ہوں۔

chicanner, n. چال باز؛ دھوکے باز؛ سخن ساز؛ حیلہ باز۔

chicanery, n. لفظی بحث؛ فریب کاری؛ چال بازی؛ شرعی یا قانُونی حیلہ بازی جو لاطائل دلائل اور سوفسطائیت سے کی جائے؛ سخن سازی یا حیلہ جو گمراہ کرنے یا دھوکا دینے کے لیے ہو۔

chichi, a. نمایشی و مصنوعی طور پر شایستہ و طرحدار؛ پرتصنّع طور پر نازُک اور فنکارانہ۔

chick, n. چوزہ؛ بٹّھا؛ چینگا؛ مرغی کا بچّہ، خصوصاً وہ بچّہ جو حال ہی میں انڈے سے نکلا ہو؛ بچّہ پرندہ؛ بچّہ۔ (عوامی) دوشیزہ؛ جوان عورت (جیسے: a cute chick)۔

chickadee, n. چکا ڈی: شمالی امریکا کا ایک چھوٹا کالے، سفید اور خاکی پروں والا بے کلغی پرندہ جو چھوٹی چِڑیوں کے خاندان سے تعلّق رکھتا ہے۔

chickaree, n. چِکاری؛ شمالی امریکا میں پائی جانے والی سُرخ گلہری۔

Chickasaw, n. چکاسا: شمالی امریکا کے مسکوجیَن انڈین جنگجُو قبیلے کا ایک فرد؛ یہ لوگ پہلے دریائے مسی سپی کے ساحل اور اس کے مشرقی کنارے پر آباد تھے لیکن زیادہ تر اب اوکلا ہوما میں رہتے ہیں۔

chicken, n. پالتو مُرغ؛ باڑے کے احاطہ کا عام پالتو مرغ؛ اس کا چُوزہ؛ اِس مرغ کا خوردنی گوشت؛ کئی دیگر انواع کے پرندے یا ان کے بچّے؛ کوئی شخص خصوصاً کمسن لڑکی؛ فقرے میں یہ لفظ اس طرح استعمال ہوتا ہے she's no chicken؛ بُزدل۔

chicken, a. چوزے سے زیادہ ہمّت نہ رکھنے والا؛ ڈرپوک؛ بُزدِل؛ مرغی کے گوشت کا یا اس سے بنا ہوا (جیسے: chicken potpie)۔ (عسکری، عوامی) کمینگی اور چھچھورے پن کی حد تک قاعدوں کی پابندی۔

chicken colonel, n. (عسکری، عوامی) پُورا کرنل بمقابلہ لیفٹیننٹ کرنل۔

chicken feed, n. (عوامی) حقیر سی رقم؛ چھوٹی ریزگاری، جیسے پیسہ یا پینی وغیرہ۔

chicken hawk, n. دڑبا شکار؛ عام طور پر ایسے شکرے کو کہتے ہیں جو گھر ہی کی پالتو مرغیوں کو شکار کرتا ہے۔

chicken-hearted, a. (بول چال) بُزدل؛ ڈرپوک؛ تُھڑ دلا۔

chicken-livered, a. (بول چال) بُزدل؛ ڈرپوک؛ ڈرا ہوا؛ خائف۔

chiken out, v.i. (عوامی) ڈر یا کمزور اعصاب کی وجہ سے ہار مان لینا یا پسپائی اختیار کرنا۔

chicken pox, n. چھوٹی چیچک؛ خسرہ؛ سیتلا: ایک شدید متعدّی بیماری جس میں جلد پر دانے نکل آتے ہیں اور جو عموماً بچّوں کو لاحق ہوتی ہے۔

chicken snake, rat snake, n. افعی؛ اژدہا؛ چوزہ خور یا موش خور سانپ؛ بڑے اور بے زہر سانپوں میں سے کوئی ایک جو شمالی امریکا میں پایا جاتا ہے اور پرندوں اور چھوٹے دُودھ پلانے والے جانوروں کو کھا جاتا ہے۔

chicken switch, egads button, n. ہنگامی بٹن؛ ناگزیری بٹن۔ (طیرانیات، عوامی) ایک میکانکی ترکیب (یا آلہ) جو ہوانورد، راکٹ میں خرابی پیدا ہونے کی صورت میں اپنی کیپسول کو (جس میں وہ سوار ہوتا ہے) راکٹ سے علیحدہ یا خارج کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔

chick pea, garbanzo, n. مصری چنا؛ نَخُودِ مصری؛ چھوٹا مٹر؛ ایشیا کا ایک باقلائی یا لوبیائی پودا، جس میں مٹر کی طرح کے دانے لگتے ہیں، اس پودے کا بیج، جنوبی یورپ اور لاطینی امریکا میں بطورِ غذا استعمال ہوتا ہے۔

chick weed, n. چوزہ بُوٹی؛ سُرخ رنگ کے خاشاکی پودوں میں سے کوئی ایک، خصوصاً پرانی دنیا کا stitchwort (کھڑے ڈنٹھل اور سفید ستارہ نما پُھول کا چھوٹا پودا) جس کے بیج اور پتّے پرندے شوق سے کھاتے ہیں۔

chicle, n. چکل؛ لجلجا گوند جو امریکی آلوچہ کے درخت سے نکلنے والے شیرے سے بنتا ہے اور چیونگ گم یا چبانے کا گوند بنانے کے کام آتا ہے۔

chico, n. روغنی لکڑی، ایک جھاڑی جس کی لکڑی مغربی امریکا میں جلانے کے کام آتی ہے۔

chicory, n. بیخ کاسنی؛ چکوری؛ سدا بہار اور نیلے پُھولوں کی ایک کثیر الفوائد بُوٹی، جس کے پتّے بطورِ سلاد استعمال کیے جاتے ہیں اور اس کی موٹی تکونی جڑ خُشک کر کے بُھون لی جاتی ہے اور اسے پیسنے کے بعد کافی میں ملا کر یا کافی کے نعمُ البدل کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

chide, v.t. بُرا بھلا کہنا؛ لعنت ملامت کرنا؛ ڈانٹنا؛ سرزنش کرنا؛ جِھڑکنا؛ گُھرکی دینا؛ صلواتیں سنانا؛ زجرو توبیخ کرنا، (جیسے: to chide an employee for being late)۔ (فعل لازم) کوسنا؛ مین میخ نکالنا۔

chief, a. چیف؛ منصب، عہدہ، اختیار یا رتبہ میں سب سے بُلند؛ بڑا؛ مُکھیا؛ خاص؛ بہت نمایاں یا سربرآوردہ؛ رئیسِ محکمہ؛ شیخِ قبیلہ، اہم ترین؛ پیش پیش؛ خاص؛ اوّل۔

chief, n. سب سے زیادہ بااختیار شخص؛ افسر بالا دست یا حاکم؛ سربراہ؛ لیڈر؛ رہبر؛ رہنُما؛ پیشوا؛ قوم، فرقے، جرگے یا قبیلے کا سردار؛ مَلک؛ چودھری؛ مُکھیا؛ شیخ؛ افسرِ محکمہ (جیسے: chief of police)۔ (عوامی) باس/آقا/افسرِ اعلیٰ۔

chief justice, n. مِیر مُنصف؛ چیف جسٹس؛ مِیرِ مجلسِ عدالت؛ مِیرِ عدلیہ؛ قاضیٔ اعلیٰ؛ قاضی القضّاۃ۔

chief justice of the U.S., n. ریاستہائے متحدہ امریکا

کی عدالت عالیہ کا مِیر منصف ۔

chiefly, adv. خاص طور پر ؛ خصوصاً ؛ سب سے پہلے ؛ سب سے پیشتر ؛ سب سے زیادہ اہم ؛ زیادہ تر۔

chief master sergeant, n. چیف ماسٹر سارجنٹ ؛ فضائیہ کے نان کمشنڈ افسروں میں سب سے بڑا عہدے دار۔

Chief of Staff, n. چیف آف سٹاف ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا اور دوسرے ممالک میں جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کارکن ۔ (چھوٹے c سے) ہوائی یا بری فوج کا بڑا افسر ؛ دوسرے ممالک کی کسی فوج کے ایک بڑے ہیڈ کوارٹر میں اعلیٰ اسٹاف افسر۔

chief of state, n. چیف آف اسٹیٹ ؛ صدر مملکت ؛ سربراہ حکومت سے ممیز رسمی یا علامتی مُلکی سربراہ ۔

chief petty officer, n. چیف پیٹی آفیسر : امریکا اور دُوسرے ممالک کی بحریہ اور ساحلی محافظ دستہ میں وہ افسر جو رتبہ میں سینیئر پیٹی افسر سے چھوٹے درجے کا اور پیٹی افسر درجہ اوّل سے بڑے عہدے کا ہوتا ہے ۔

chieftain, n. سردار ؛ قائد ؛ سالار ؛ مَلک ؛ سرخیل ؛ چودھری ؛ مُکھیا ؛ لیڈر یا کمانڈر ، خصوصاً گوریلا دستوں کا ؛ قزاقوں کا سرغنہ ؛ قبیلے کا سردار، رئیس یا شیخ ؛ امریکی انڈین قبیلے کا سردار یا سربراہ ؛ برادری یا خاندان کا چودھری یا سربراہ ۔

chieftaincy, chieftainship, n. سردار کا حلقہ ؛ سردار یا سربراہ کا رُتبہ ؛ عظمت یا عہدہ ؛ چودھراہٹ ؛ سرداری ، سربراہی ۔

chiffon, n. شیفان ؛ زنانہ پوشاک کی کوئی بھی آرایشی چیز ، مثلاً لیس ، بیل یا جھالر؛ نرم ، سادہ بافت کا ، باریک اور شفّاف کپڑا یا پتلی جالی ۔ (صفت) شفون سے بُنی ہوئی یا شفون جیسی بُنی ہوئی (کوئی چیز) ۔ (طبّاخی) ہلکی جھاگ دارسطح سے متعلّق جو پھینٹے ہوئے انڈوں سے تیّار کیے گئے کھانوں پر ہوتی ہے ۔

chiffonier, n. ششدرہ ؛ خانہ دار الماری ؛ درازوں والی کوئی شے جس کی اونچائی چوڑائی کی نسبت زیادہ ہو۔

chigger, n. دیکھیے : chigoe ۔

chignon, n. گردابہ ؛ بالوں کا جُوڑا ؛ گُدّی پر بالوں کا جُتّا؛ سر کے پیچھے بالوں کا بڑا گولا یا گُتھی ہوئی گانٹھ ۔

chigoe, chigger, n. کھال گُھس مکھّی ، چگو : ایک کیڑا جو عام پسّو سے بہت مشابہ ، لیکن اس سے زیادہ چھوٹا ہوتا ہے ، جزائر غرب الہند اور جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے ، یہ جلد کاٹ کر اندر سما جاتا ہے اور انڈے دے کر پھیلتا ہے جس کے نتیجے میں تکلیف دِہ پھوڑا ہو جاتا ہے ۔

Chihuahua, n. سگِ پست ؛ ناٹا کُتّا ؛ قدیم میکسیکی نسل کا ایک بہت چھوٹا کُتّا۔

chilblain, n. (امراضیات) بوائی ؛ اِنشرات؛ تجلید الاعراف ؛ خصرہ ؛ ہاتھ پاؤں کی سوجن ؛ سردی کی وجہ سے ہاتھ یا پاؤں میں پھوڑا یا سوجن ؛ چل بلین ۔ (فعل متعدی) چل بلین کی اذیّت میں مبتلا کرنا ؛ بوائی پھٹنا ۔

child, n. بچّہ ؛ بچّی ؛ بالک ؛ بیٹا یا بیٹی خصوصاً (شیر خواری کی عمر سے جوانی تک) ؛ آئندہ نسل کا مرد یا عورت ؛ نوعمر لڑکا یا لڑکی ؛ ناپُختہ علم و تجربے والا شخص ؛ طفل مزاج ، نادان ، ناسمجھ یا سادہ لوح آدمی ۔

child's play, بچّوں کا کھیل ؛ بازیچۂ اطفال ؛ کسی بھی قسم کا کم اہم معاملہ ؛ آسان کام ۔

with child بار دار ؛ پیٹ سے ؛ حاملہ ؛ اُمیّد سے ؛ پاؤں بھاری ۔

childbearing, n. وضع حمل ؛ بچّے پیدا کرنے کا عمل ؛ زچگی ۔

childbed, n. زچگی ، عالمِ زچگی ؛ جا پا ؛ وضعِ حمل کی حالت ۔

childbed fever, n. پرسوت ؛ زچگی میں کسی مرض کے جراثیم لگنے سے زچہ کو بخار ؛ زچگی کا بخار۔

child birth, n. بچّہ پیدا کرنے کا عمل ؛ عملِ تولید ؛ دردِ زہ ؛ وضعِ حمل ، زچگی ۔

childermas, n. عیدِ معصومین ؛ مُقدّس معصوموں کا تہوار ، ۲۸ دسمبر۔

childhood, n. بال پن ؛ طفولیّت ؛ بچپن ؛ طِفلی ؛ بچّہ ہونے کی حالت ؛ زمانۂ طِفلی ؛ بچپنے کا زمانہ ؛ وہ عرصہ جس میں ایک شخص کو بچّہ شمار کیا جائے ۔

childish, a. طفلانہ ؛ بچپن کا یا بچپن کے متعلّق ؛ بچوں کا سا یا وہ (کام یا برتاؤ) جو بچوں کو زیب دیتا ہے؛ سبک ؛ چھچھورا ؛ رکیک ؛ جاہل ؛ احمق ؛ کمزور۔

childishly, adv. طفلانہ یا ناپُختہ طور سے ۔

child labor law, n. قانون محنت برائے بچّگان ؛ قانونِ طفل مزدوری : صوبائی (ریاستی) یا وفاقی قانون جس کے ذریعہ بچّوں کی شرائطِ ملازمت بشمول کم از کم عمر ، اوقاتِ کار نیز معیار صحت و تحفّظ کے احکام نافذ کیے گئے ہوں ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کا وفاقی قانون مجریہ ۱۹۳۸ء جس کی رُو سے تجارت ، کان کَنی ، صنعت اور نقل و حمل یا مواصلات میں ملازمت کے لیے کم از کم عمر سولہ سال مقرّر کی گئی ۔

childlike, a. بچّے سے مشابہ یا وہ جس کا تعلّق بچّوں سے ہو ؛ طفل وَش ؛ بچّوں کی اچھی صفات مثلاً معصومیّت و اخلاص کا حامل ؛ منکسرُ المزاج ؛ فرمانبردار ؛ سیدھا سادا ؛ بھولا ؛ فرض شناس ۔

Chilean, a. چِلوی ؛ جنوبی امریکا کے جنوب مغربی ساحل پر واقع ریاست چِلّی کی زبان ، رواج اور عوام کے متعلّق ۔ (اسم) چِلّی کا پیدائشی شخص یا باشندہ ؛ چِلّی کے مخصوص لہجے میں بولی جانے والی ہسپانوی زبان ۔

Chile saltpeter, n. چِلّی شورہ ؛ سوڈیم نائٹریٹ ؛ چِلّی کا قدرتی شورہ ، جو بطور کھاد استعمال ہوتا ہے ۔

chili, chilli, chile, n. لال مِرچ ؛ سُرخ مِرچ ؛ فِلفِل سُرخ ؛ جنس فلفل (Capsicum) خصوصاً فصلی مرچ (Capsicum annuum) کی پھلی یا ڈوڈا ؛ گوشت اور پھلیوں کا ایک ہسپانوی پکوان جس میں پسی ہوئی سرخ مِرچ ڈالی جاتی ہے ؛ مُنہ جلانے والی مرچ ؛ تیز مِرچ ؛ تتیّا مِرچ ۔

chilli sauce, n. چلی ساس ؛ ایک چٹ پٹا مسالا (یا چاشنی) جو ٹماٹروں کو سرخ مرچ ، گرم مسالوں ، شکر اور دیگر اجزا کے ساتھ پکا کر تیّار کیا جاتا ہے اور اکثر اسے بوتلوں میں بھر کرتجارتی پیمانے پر فروخت کیا جاتا ہے ۔

chiliad, n. ایک ہزار ؛ ہزار سالہ عرصہ ۔

chilicon carne, n.
چلّی کان کیرن ؛
ایک میکسیکی پکوان (کھانے) کی ترمیم شدہ ترکیب جو امریکا میں بہت مقبول ہے ، قیمے ، چھوٹی اور بڑی مرچ کے سفوف اور سرخ لوبیے پر مشتمل ہوتی ہے ۔

chill, n.
سردی ؛ ٹھر ؛ ٹھنڈ ؛ کپکپی ؛ لرزہ ؛ جُھرجُھری ؛ تَھرتَھری ؛ معتدل لیکن کاٹنے والی سردی جو ہوا چلنے سے لگتی ہے ؛ سردی کا ایسا احساس جس سے کپکپی پیدا ہو ؛ بخار میں لگنے والی سردی یا تپ لرزہ ۔ (مجازاً) افسردگی کا اثر یا احساس ؛ گرم جوشی کا فُقدان ، سرد مِہری ، رُکھائی ، بے رخی ؛ ٹھنڈی ڈھلائی کے لیے دھات کا سانچا ۔

chill, v.i.
سرد ہونا ؛ ٹھنڈا ہونا ؛ خُنک ہونا ؛ سردی میں مُبتلا ہونا ۔ (فلزیّات) یکایک درجہ حرارت گرنے سے دھات کی سطح کا سخت ہونا ؛ پان لگنا ۔ (فعل متعدی) سرد کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ سردی سے متاثّر کرنا ؛ ٹھٹھرانا ؛ پان دینا ۔ (مجازاً) اداس یا ناامُید کرنا یا ہونا ؛ پژمُردہ کرنا یا ہونا ؛افسردہ کرنا یا ہونا ؛ جی توڑنا ۔ (فلزیّات) سخت کرنے کے لیے پگھلی ہوئی دھات کو یکایک ٹھنڈا کرنا ؛ خصوصاً ڈھلائی کے لوہے یا فولاد کی سطح کو دھات کے سانچے میں ڈال کر ٹھنڈا کرنا ۔

chiller, n.
وہ شخص یا چیز جو ٹھنڈا کرے ۔ (ادب ، عوامی) بھیانک کہانی ، فلم یا ڈرامہ میں اداکاری ۔

chillingly, adv.
کپکپاتے ہوئے ؛ سرد مہری سے ۔

chill, a.
سرد ؛ ٹھنڈا ؛ یخ آسا ؛ کپکپی پیدا کرنے والا ؛ سردی سے نڈھال ؛ ٹھنڈ سے لرزتا یا تھرتھراتا ہوا ؛ عدمِ گرم جوشی یا سرد مہری (جیسے : a chill reception) ؛ افسُردہ یا مُردہ دِل ۔

chilly, a., adv.
سردی کا احساس پیدا کرنے والا ؛ اتنا سرد کہ کپکپی طاری ہو جائے ؛ سردی کی کیفیّت کو محسوس کرتا ہوا ؛ سردی سے جلد متاثّر ہونے والا ۔ (مجازاً) جذبے کی گرم جوشی کے بغیر ؛ خنک ؛ سرد مہر ؛ رُوکھا ۔

chillily, adv.
سرد مہری سے ۔

chilliness, n.
سردی ؛ سرد مہری ۔

Chiltern Hundreds, n.
(برطانوی) برطانوی دارالعوام کی رکنیّت سے مستعفی ہونے کا قانونی طریقہ جس کے تحت دارالعوام کے رُکن کا بادشاہ یا ملکہ کی طرف سے جنوب وسطی انگلینڈ میں مخصوص زمینوں کا مختار کار ،اسٹیورڈ (Steward) یا منصرم کے قطعی رسمی یا برائے نام عہدے پر تقرر کر دیا جاتا ہے ۔

chime, n.
جھنکار ؛ گھنٹیوں یا سازوں کی ہم آہنگ صوت ؛ پانچ یا زیادہ گھنٹیوں کا مجموعہ جسے بطورِ سرگم استعمال کیا جائے ؛ موسیقی کی کوئی بھی ہم آہنگ یا سریلی آواز (جیسے گھنٹیوں کی) ؛ ہم آہنگی ؛ ہم نوائی ؛ موافقت ؛ مطابقت ۔ تال ، سُر یا آہنگ کے ساتھ آواز

chime, v.i.
نکالنا ؛ سریلی آوازیں نکالنا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ مربُوط ہونا ؛ موزوں ہونا ؛ ہم نوا ہونا ؛ اِتّفاق کااظہار کرنا (یہ مطلب اکثر chime کے بعد in with کے لاحقوں سے ادا ہوتا ہے ، جیسے : to chime in with one's personal opinions) ۔ (فعل متعدی) گھنٹیوں کا سریلا بجانا یا گھنٹیوں سے سریلی آوازیں نکالنا ۔

chimer, n.
دم ساز ؛ خوش سُرا ؛ خوب سُرا ؛ وہ شخص جو گھنٹیوں سے سریلی آوازیں نکالے یا وہ گھنٹیاں جو سریلی بجتی ہوں ۔

chime, chimb, chine, n.
کگر ؛ کور ؛ لب ؛ کنارے ؛ لکڑی کے پیپے یا ٹب کا کور ، کنارا یا لب جسے لکڑی کی پٹی یا مینڈ کے سرے سے بناتے ہیں ۔

chime in, v.t.y.i
دخل در معقولات کرنا ؛ گفتگو میں دخل دینا ، عموماً ناگوار طریقے سے ؛ تال ملا کر گانا ؛ گانے میں سُر ملا کر سنگت کرنا ؛ (کسی سے) مطابقت یا مناسبت رکھنا ؛ مطابق ہونا ۔

chimera, chimaera, n.
(بڑے یا چھوٹے c سے) کمیرا ؛ عَجیبُ الخِلقت ؛ ہَوّا ؛ ایک اساطیری یا دیومالائی آتش نفس عفریت جس کا (تصوّری حلیے کے مطابق) سر شیر کا ، بدن بکری کا اور دُم سانپ کی ہے ۔ (چھوٹے C کے ساتھ) عجیب و غریب عفریت جو اکثر آرایشی مصّوری میں بھی پیش کیا جاتا ہے ۔ (مجازاً) خوفناک اور غیر حقیقی خیالی تخلیق ؛ وہمی شبیہہ ؛ بُھوت ؛ اَعجوبہ ؛ وہم ؛ بے اصل یا بعید از حقیقت تصوُّر ۔

chimeric, chimerical, a.
کمیری ؛ خیالی ؛ بے اصل ؛ بے بُنیاد ؛ موہُوم ؛ وہمی ؛ خیالی عفریت/بھوت کے متعلّق یا اس کی قسم کا ؛ عجب ؛ غیر حقیقی ؛ تصوّراتی ؛ وہم و گمان کو (اپنے دل میں) جگہ دینے والا ؛ بہت زیادہ وہمی (مالیخولیائی) یا تصوّراتی ؛ مراقی ؛ بادرہوا ؛ خام خیال ۔

chimerically, adv.
خیالی/تصوُّراتی طور پر ؛ متوہمانہ ۔

chimericalness, n.
تصوّریّت ؛ وہمیّت ۔

chimney, n.
چمنی ؛ آتش دان ؛ بھٹّی یا انجن سے دُھوّاں یا بھاپ نکلنے کا راستہ ؛ دودکش ؛ پتّھر یا اینٹوں سے بنائی ہوئی نالی یا دھنوارا جس کے ذریعے آگ یا بھٹّی کا دُھوّاں باہر کھلی ہوا میں نکلتا ہے ؛ دھنوارا ؛ چمنیوں کی قطار ؛ دُھواں نکالنے کی نالی ؛ بھاپ کے انجن کی نالی ؛ لیمپ کی چمنی ، لمبا اسطوانی یا بیلنی شیشہ جو چراغ کی لَو کی روشنی بڑھاتا اور اُسے بُجھنے سے بچاتا ہے ؛ کوئی بھی چمنی سے مشابہ تعمیر یا چیز ؛ دہانہ ، جیسے آتش فشاں کا دہانہ ؛ تنگ شگاف کوہ یا پہاڑی راستہ جس سے اُوپر چڑھ سکیں ۔

chimney piece, n.
چمنی ماتھا ؛ آتشدان کی پیشانی ؛ کمرے میں انگیٹھی کے دہانے کے گرد سجاوٹی تعمیر یا کانس (کارنس) ۔

chimney pot, n.
چمنی تلوا ؛ مٹی/یا دھات کا تلوا جو چمنی کی چھت کے اُوپر کے حصّے پر دُھواں باہر پھینکنے کے لیے لگا ہوتا ہے ۔

chimney sweep, n.
چمنی بُرش ؛ چمنی روب ؛ چمنی کی کالک صاف کرنے والا ۔

chimpanzee, chimp, n.
چمپانزی ؛ افریقی لنگور ؛ بن مانس ، بُوزنہ ؛ انسان نُما بُوزنہ ، پان ٹراگلوڈائٹس (Pan troglodytes) جو افریقہ کے استوائی علاقوں (منطقۂ حارّہ) میں پایا جاتا ہے ، یہ گوریلے سے چھوٹا اور کم خوفناک ہوتا ہے ۔

chin, n.
ٹھوڑی ؛ ٹُھڈی ؛ زنخ ؛ زنخداں ؛ ذقن ؛ مُنہ سے نیچے چہرے کا نچلا حصّہ ۔ (فعل متعدی) وائلن وغیرہ کو ٹھوڑی تک لے آنا ؛ اپنی ٹھوڑی کو اس عمودی سلاخ تک لے جانا جس پر ورزش کرتے ہوئے کوئی لٹک رہا ہو ۔ (عوامی) بات چیت کرنا ۔

china, chinaware, n.
چینی کے برتنوں کی ایک قسم

جو سب سے پہلے چین میں بنائی گئی یا اس کی نقل جو وہاں بنی اور ملکِ چین کے نام سے مشہور ہوئی؛ چینی کے برتن۔

China aster, n. گُلِ مینا؛ ایک سخت قسم اور بُہت زیادہ پُھول دینے والے پودے کا عام نام؛ اس میں مختلف رنگوں کے پُھول آتے ہیں؛ مینائے فرنگی۔

chinaberry, n. چینی بیری ؛ چینی درخت یا اس کا پَھل؛ ریٹھا یا بُندُق ، جنسِ ریٹھا صابونی (Sapindus saponaria) جو میکسیکو ، جزائرِ غربُ الہند اور جنوبی امریکا میں پیدا ہوتا ہے ؛ اس قسم کا کوئی بھی آرایشی پودا۔

China rose, Bengal rose, n. چینی گُلاب ؛ سدا گُلاب؛ سدا بہار گُلاب ، بنگالی گلاب؛ چین کے مختلف گُلاب کے پُھولوں کا نام جو چینی باغوں میں اُگائے جاتے ہیں۔

Chinatown, n. چینی ٹاؤن؛ شہر میں وہ علاقہ یا محلّہ جہاں چینی آباد ہوں۔

chinaware, n. چینی کے برتن؛ سامان یا برتن جو چینی مٹّی سے بنائے گئے ہوں۔

chinch, chinch bug, n. کھٹمل؛ کرم غلہ ؛ امریکا میں پایا جانے والا ایک بدبُودار اور نیم پر کیڑا جو جِنسِ گُھن (Blissuss) ، خصوصاً سفید پراگُھن (Blissus leucopterous) سے تعلق رکھتا ہے اور گندم کے لیے تباہ کن ہوتا ہے۔

chinchilla, n. چنچلا : جنوبی امریکا میں پایا جانے والا کترنے والی جِنس کا ایک جانور جس کی ایک قسم سے نفیس چمکیلا خاکی سمور حاصل ہوتا ہے؛ چنچلا کا سمور؛ وزنی دَوسُوتی بَناوٹ کا اُونی کپڑا جو کوٹ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

chine, n. جانور کی ریڑھ یا ریڑھ کی ہڈّی ؛ جانور کی پٹُھ کا ٹُکڑا جو آس پاس کے گوشت والے حصّوں کے ساتھ پکانے کی غرض سے کاٹا جائے ۔ (فعل متعدی) ریڑھ کو کاٹنا یا پٹھ کو ٹُکڑوں میں کاٹنا۔

chine, n. (برطانوی) گہرا نالہ ، کگر ؛ تنگ نالی ، گھاٹی یا رستہ جو چشمہ ، ندی ، نالہ یا آبِ رواں چٹانی یا پتھریلے علاقے میں بنائے۔

Chinese, a. چینی ؛ چین کے مختلف رسم و رواج ، روایات ، عوام اور زبانوں کی خصوصیّت ۔ (اسم) چینی، چین کا پیدایشی یا باشندہ ؛ علاماتِ لفظی کا انوکھا چینی رسم الخط جس کے پیچیدہ لفظی حرُوف بُرش سے عمودی سطروں میں دائیں سے بائیں لِکھّے جاتے ہیں؛ چین میں بولی جانے والی کئی زبانوں میں سے کوئی ایک۔

Chinese cabbage, pe̥tsai, n. چینی گوبھی، کرم کلّہ یا بند گوبھی کی طرح کا پودا جس پر ہلکی دھانی پتّوں کا لمبا سا مرغولہ بن جاتا ہے۔

Chinese lantern, Japanese lantern, n. چینی قندیل ؛ کاغذی فانُوس؛ چینی لالٹین؛ آرایشی چراغاں کے لیے استعمال کی جانے والی لالٹین جس کی چمنی رنگین کاغذ کی ہوتی ہے۔

Chinese puzzle, n. مشکل یا پیچیدہ معمّہ؛ بہت پریشان کُن صورتِ حال۔

Chinese Wall, Great Wall of China, n. دیوارِ چین ؛ عظیم دیوارِ چین : چین کی طویل حفاظتی فصیل جو تیسری صدی عیسوی میں چین کی شمالی سرحد پر منگولی اور منچوری خانہ بدوش قبائل کا داخلہ روکنے اور ان کے حملوں سے بچاؤ کے لیے بنائی گئی تھی۔

Chinese white, n. چینی سفیدہ؛ سفیدۂ چینی ؛ سفید زِنک آکسائیڈ یا جست آکسائیڈ جو آبی رنگوں میں استعمال ہوتا ہے۔

Ch'ing, ching, Manchu dynasty, n. چین کے فاتح منگولوں کا حُکمراں خاندان جو ۱۶۴۴ء سے ۱۹۱۲ء تک چین پر حکومت کرتا رہا۔

chink, n. تنگ شگاف ؛ کھائی ، درز یا پھاڑ جو زیادہ لمبی اور کم چوڑی ہو ؛ شگاف ، خلا یا دراڑ ؛ تڑک ؛ رخنہ ؛ سوراخ۔ (فعل متعدّی) شگاف ڈالنا ، دراڑ پیدا کرنا یا تڑکانا ؛ درزیں یا سوراخ بنانا ؛ درزیں یا سوراخ بند کرنا ۔ (فعل لازم) تڑکنا ؛ کُھلنا۔

chink, v.i. دھات یا شیشے (سے بنی ہوئی اشیا یا برتنوں) کا بجنا ، جھنجھنانا یا کھنکنا ۔ (فعل متعدّی) سِکّوں ، دھات کے چھوٹے ٹُکڑوں یا برتنوں کو ہلا کر جھنجھنانا یا کھنکھنانا۔ (اسم) جھنکار ؛ جھنجھناہٹ ؛ کھنکھناہٹ ؛ دھات کی چھوٹی ، تیز اور واضح آواز یا صوت ۔ (عوامی) سِکّہ ؛ نقدی۔

chino, n. زین ؛ جین ؛ چینو ، روئی کا وزنی دَوسُوتی کپڑا جو اکثر فوجی وردی بنانے کے کام آتا ہے ۔ (جمع) چینو کا بنا ہوا پتلون یا پائجامہ ۔

chinoiserie, n. چینی زَردَوزی : چینی آرٹ اور سجاوٹ کی ایک قسم جس کی خصوصیات میں زردوزی اور پیچیدہ نمونے شامل ہیں ؛ اس چینی آرٹ سے مزیّن کوئی چیز۔

Chinook, n. شنوک : شمال مغربی امریکا میں دریائے کولمبیا کے علاقے میں آباد انڈین قبیلوں کا ایک رکن ۔ (چھوٹے C کے ساتھ) بحرالکاہل کے امریکی ساحل پر چلنے والی گرم و مرطوب جنوب مغربی ہوا جسے ''مرطوب شنوک'' کہتے ہیں ؛ گرم خُشک ہوا جو راکی پہاڑی سلسلہ کے ڈھلانوں سے نیچے ترائی میں آتی ہے یا کینیڈا میں البرٹا سے گزرتی ہوئی سسکیچوان میں جاتی ہے ۔

Chinookan, n. شنوکن ؛ شنوکی ؛ شنوک لوگوں کی زبان/ بولی ۔

Chinook jargon, Chinook Jargon, n. (کینیڈا) شنوکی بولی؛ بحرُالکاہل کے ساحلی علاقوں میں آباد انڈین لوگوں اور تاجروں کی مشترک زبان جو شنوک ، نوتکا ، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کے الفاظ پر مشتمل ہے۔

chinquapin, chinkapin, n. امریکی شاہ بلوط : امریکا کا چھوٹا شاہ بلوط جس میں خُوردنی اخروٹ لگتے ہیں؛ امریکی درخت جو شاہ بلوط کی قسم سے تعلّق رکھتا ہے ۔

chintz, n. [اِردو] چھینٹ ؛ بیل بوٹوں کی چھپائی والا کپڑا ؛ برصغیر پاک و ہند میں بُنا ہوا ، شوخ رنگ بیل بُوٹوں کی چھپائی کا چمکدار سُوتی کپڑا ۔

chintzy, a. قلم کار ؛ شوخ رنگ چھاپے کے بیل بُوٹوں کے چمکدار سُوتی کپڑے سے مزیّن یا سجاسجایا ۔ (بول چال) سستا ، گھٹیا ، بخیل ۔

chip, v.t. چھینی ، بسولی یا کِلہاڑی سے کاٹ

کر الگ کرنا؛ ٹُکڑے کاٹ کر شکل دینا یا بنانا؛ ٹکڑے تراش کر بدنُما کرنا ؛ کھیل میں گوٹوں کے ذریعہ شرط لگانا ۔ (برطانوی) تمسخُر اڑانا ، طنز کرنا یا سخت نُکتہ چینی کرنا ۔ (فعل لازم) چھوٹے ٹکڑوں میں ٹوٹنا ۔ (گالف) گیند کو کم فاصلے کی ضرب لگانا ۔

chip, n. چھپٹی ؛ کھپچی کھپاچ ؛ کتلہ ؛ قاش ؛ پَرت ؛ ورق ؛ قتلا ؛ ٹُکڑا ؛ پھانک ؛ لکڑی کا چھوٹا ٹُکڑا جو کاٹ کر یا توڑ کر الگ کیا گیا ہو ؛ ہیرے کا ریزہ ؛ کسی خوردنی شے کا باریک قتلا (جیسے آلو کا : a potato chip)؛ گوٹ یا گتّا جو تاش کے بعض کھیلوں میں سِکّے کی جگہ یا نشانِ رقم کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ کوئی بھی غیر اہم ، گھٹیا یا بیکار چیز ؛ کوئی خشک یا بے مہک شے ؛ خُشک اُپلے کا ٹُکڑا جو بعض مُلکوں میں بطور ایندھن استعمال ہوتا ہے ؛ کاٹنے یا چھیلنے کا نشان ۔

chip in, v.t. (عوامی) کسی مشترکہ مقصد کے لیے دوسروں کے ساتھ مل کر چندہ دینا ۔

chipmunk, n. امریکی گلہری ؛ دھاری دار گلہری ؛ امریکا میں گلہری کا مقبول نام ؛ ایک کُترنے والا جانور جو بہت عام ہے ۔

chipped beef, n. بھاپی قتلے ؛ دم پُخت قتلے ؛ بھاپ میں پکے ہوئے گائے کے گوشت کے پتلے پتلے قتلے جو ملائی کے ساتھ کھائے جاتے ہیں ۔

Chippendale, a. چپنڈیلی فرنیچر ؛ ٹامس چپن ڈیل ، اٹھارویں صدی عیسوی کے فرنیچر ڈزائنر کے ڈیزائن پر بنائے گئے انگریزی فرنیچر کے متعلّق جو ہلکا ، پرتکلُف اور خُوبصُورت لکیروں والا ہوا کرتا تھا ۔

chipper, a. خوش و خُرم ؛ زندہ دِل ؛ شگُفتہ خاطر ؛ خُوش طبع ؛ خُوش مزاج ۔

Chippewa, n. چھاوا قبیلہ ؛ جھیل سُپیریئر کے علاقے میں آباد شمالی امریکا کے انڈین کا ایک بڑا قبیلہ ۔

chippy, chippie, n. چپی چڑیا ؛ کُترنے والی چڑیا سپزیلا پیسرینا (Spizella passerina) جو عموماً شمالی امریکا کے شہری علاقوں میں پائی جاتی ہے ؛ گلہری ۔ (عوامی) بدچلن عورت ۔

chips, n. (برطانوی) دیکھیے: French fries ۔

chips are down, the, (عوامی) بُحران ؛ بُحرانی صورت حال ؛ ایسی انتہائی اہم ، فوری اور تباہی کی حامل صورتِ حال جو زندگی کی ضروری یا بنیادی حقیقتوں کو اولین ترجیح دینے پر مجبور کر دے ؛ ایسی صورت حال کا مظاہرہ جس میں ٹال مٹول یا لیت و لعل کی گنجایش نہ ہو اور جس کے باعث کسی کے صحیح کردار ، احساسات یا حالات آشکار ہو جائیں ۔

chips, cash in one's, (عوامی) گُزر جانا ؛ مر جانا ۔

chip shot, n. (گالف) کم فاصلے کی مار یا ضرب جو گیند کو ہوا میں اس طرح اچھالے کہ وہ سبزہ زار میں گرتے ہی لڑھکنے لگے ۔

chips, in the, (عوامی) امیر ؛ مالدار ؛ متموّل ۔

chirographer, n. خطّاط ؛ کاتب ؛ وہ شخص جو کتابت یا خوش نویسی یا خطّاطی کے فن کی تربیت حاصل کرتا ہو یا اس کا مطالعہ کرتا ہو ۔

chirography, n. فنِ خُوش نویسی ؛ خطّاطی یا کتابت ؛ خط یا ہاتھ کی لکھائی ۔

chirographic, chirographical, a. خطّاطی یا ہاتھ کی لکھائی کا یا اس سے متعلّق ۔

chiromancy, n. کیروشناسی ؛ دست شناسی ؛ ہاتھ دیکھنے کا علم؛ فراستُ الیَد ؛ عِلمُ الیَد ؛ ہاتھ دیکھ کر پیش گوئی کرنا یا غیب (مستقبل) کا حال بتانا ؛ عِلمِ کفِ دست ؛ ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر مقدّر کی پیش گوئی ؛ پامِسٹری ۔

chiromancer, n. کیروشناس ؛ جوتش یا دست شناسی کا ماہر یا پیشہ ور جوتشی یا نجومی ۔

chiropodist, n. پاکیروشناس ؛ دست و پا شناس ؛ پاؤں کی بیماریوں کا معالج ؛ معالجِ امراضِ پا ۔

chiropody, n. کیروپائی ؛ علاجِ دست و پا ؛ پیر کی بیماریوں اور علاج کے متعلّق علم ۔

chiropractic, chiropractor, n. کیرومعالجہ ؛ دستی علاج ؛ ایک نظامِ علاج جس کی بُنیاد اس نظریے پر ہے کہ اعصابی عمل میں خلل کی وجہ سے بیماری پیدا ہوتی ہے ، اس کا علاج یہ ہے کہ جسمانی اعضا کے ڈھانچوں ، خصوصاً ریڑھ کی ہڈّی میں تطابُق و تناسب پیدا کر کے بیمار کو معمول کی حالت پر لایا جائے ؛ علاج بذریعہ درستئ اعصاب ۔

chiropractor, n. کیرو معالج ؛ دستی معالج ؛ کیروپریکٹک یا درستی اعصاب کے ذریعہ علاج کرنے والا ۔

chiropter, n. چمگادڑ ؛ خفّاش ؛ دُودھ پلانے والے جانوروں کی وہ قسم جو خفاشان (Chiroptera) کہلاتی ہے ، اس کے اگلے ہاتھ کُچھ تبدیلی کے ساتھ پردار یا بازوؤں کی شکل کے ہوتے ہیں ؛ شپّر ۔

chiropteran, a., n. چمگادڑی ؛ خفاشی ؛ شپّری ۔

chiropterous, a. خفاشانہ ۔

chirp, v.i. چہچہانا ؛ اظہارِ خُوشی کرنا ؛ الاپنا ؛ گُنگُنانا ؛ چُوں چُوں کرنا ؛ تیز ، جھنجھنی اور چھوٹی آوازیں نکالنا جیسے چھوٹے پرندے اور بعض کیڑے مثلاً جھینگر ، ٹِڈّی ، وغیرہ نکالتے ہیں ؛ ایسی آوازوں کی نقل کرنا یا نکالنا ؛ جلدی جلدی اور جھنجھناتی آواز میں باتیں کرنا ۔ (فعل متعدی) کوئی بات چھوٹی اور جھنجھناتی آواز میں کہنا ۔ (اسم) بعض پرندوں یا کیڑوں کا چھوٹا اور جھنجھناتا ہوا سُر ؛ چُوں چُوں ؛ چِیں چِیں ۔

chirr, v.i. چر چَر کرنا ؛ کھنکتی / گٹکری دار آواز نکالنا جیسی کہ گھاس کے ٹڈّے کی آواز ہوتی ہے ؛ اس سے ملتی جلتی آواز نکالنا ۔ (اسم) ٹڈّے کی آواز ؛ چرچر ۔

chirrup, v.i. چہچہانا ؛ چُوں چُوں کرنا ؛ آغوں آغوں کرنا ؛ چرغنا ۔ (فعل متعدی) چہچہانے کے انداز میں بات کرنا ۔ (اسم) چہچہاہٹ ؛ چُوں چُوں ؛ کھرپھر ۔

chisel, n. چھینی ؛ بسولا ؛ ٹانکی ؛ رکھانی ؛ نہانی ؛ دھار والا دھاتی اوزار جو لکڑی یا پتّھر کو شکل دینے یا کاٹنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

chisel, v.t. بسولے /چھینی سے لکڑی /پتّھر کو کاٹنا یا شکل دینا ۔ (عوامی) دھوکا دینا ؛ چالبازی ، دھوکے دھڑی یا دغا فریب

سے حاصل کرنا؛ ناجائز طریقوں سے لینا۔ (فعل لازم) بسولے/چھینی سے کام کرنا۔ (عوامی) چال چلنا ؛ ناجائز کاٹ کرنا ؛ فائدہ اٹھانے کے لیے کمینگی سے کام لینا۔

chiseler, chiseller, n. چھینی سے کام کرنے والا ، جیسے سنگتراش ؛ پتّھر پر کندہ کاری کرنے والا۔ (عوامی) دھوکے باز ؛ چال باز ؛ ٹھگ ، دغا باز ؛ فریبی ؛ کمینہ یا نیچ منافع خور۔

chiseled, chiselled, a. تراشیدہ ؛ چھینی/بسولے سے کاٹا ہوا یا شکل دیا ہوا ؛ واضح ؛ صاف ؛ عیاں ؛ نُمایاں۔

chit, n. چٹھی ؛ پرچی ؛ رُقعہ ؛ مختصر تحریر یا یادداشت ، خصوصاً چھوٹی واجب الادا رقم کا واؤچر؛ کاغذ پر تحریر جس کے ذریعہ حامل کو صرف شُدہ رقم کی ادائیگی کی جائے (جیسے ,He worked overtime and put in a chit for his dinner bill) ۔ (عسکری) غیر رسمی (بے ضابطہ) درخواست ؛ واؤچر یا رسید۔

chit, n. (عوامی) چھوہری ؛ چھوکری ؛ لونڈیا ؛ جوان شخص ، خصوصاً لڑکی (حقارتاً استعمال ہوتا ہے)۔

chit-chat, n. گپ شپ ؛ کسی موضوع پر ہلکی پُھلکی یا غیر سنجیدہ گفتگو۔ (فعل لازم) ہلکی پُھلکی گفتگو کرنا ؛ گپ لڑانا ؛ گپ کرنا۔

chitin, n. صُلبین ؛ خاردار نامیاتی مادّہ جس سے کیڑوں کے جسم ڈھکنے والے پر اور سخت جلد نیز حیواناتِ قشریہ کے کھپرے بنتے ہیں؛ قاطین؛ کائیٹن۔

chitinous, a. صلبینی ؛ قاطینی ؛ کھپرے بنانے والے مادّے کا اور اس کی خصوصیّت کا حامل۔

chiton, n. (یونانی) تنگ جامہ ؛ مرد و عورت دونوں کے لیے ایک قدیم لباس جو عام طور پر بُہت چست ہوتا ہے۔ (حیوانیات) کِٹن ، گھونگھے کی طرح کا کوئی بھی صدفہ جو ذوعصبی (Amphineura) قبیل سے تعلّق رکھتا ہو ، یہ گھونگھے عام طور پر چٹان سے چِمٹے رہتے ہیں۔

chitter, v.i. چُوں چُوں کرنا ؛ پرندوں کی طرح چہچہانا۔ (برطانوی بولی) کپکپانا ، خصوصاً سردی سے ؛ دانت بجنا۔

chitterling, chitling, chitlin, n. (طباخی) سُور/خنزیر کی چھوٹی آنتوں کا کُچھ حصّہ جو کھانے کے لیے بُھون لی جاتی ہیں ؛ یہ لفظ عموماً جمع کے صیغہ میں استعمال ہوتا ہے۔

chivalric, a. فتوتی ؛ بطلی ؛ بہادُری یا زیردستوں کی حمایت سے متعلّق ؛ نائٹوں کی طرح ؛ دلیرانہ۔

chivalrous, a. نائٹ کی طرح بہادُر اور جانباز ؛ نائٹ کی خوبیاں اور نیکیاں رکھنے والا ؛ شریف بہادر ، تمیز دار ، بااخلاق یا ایثار و مدد کرنے والا ؛ عہدِ شجاعت کا اہل۔

chivalrously, adv. مردانگی کے ساتھ ؛ دلیرانہ ؛ بہادُرانہ ؛ اولوالعزمی سے ؛ اخلاق سے ؛ ایثار سے ؛ بے لوثی سے ؛ بے غرضانہ ؛ جانبازانہ۔

chivalrousness, n. دلیری ؛ بہادُری ؛ جانبازی ؛ شجاعت ؛ ایثار ؛ بے غرضی ؛ بے لوثی ؛ شرافت۔

chivalry, n. سوار ؛ ازمنۂ وُسطیٰ میں نائٹوں کا ادارہ یا نظام جو مخصوص عزّت نفس ، شجاعت اور اخلاقی اقدار سے عبارت ہوتا تھا ؛ نائٹ کے لیے مناسب یا شایانِ شان رُتبہ ، کردار ، جذبہ اور خوبیاں (نیکیاں) مثلاً فتوت ، فیاضی ، ادب و احترام یا امداد ؛ شریفانہ دلیری ؛ نائٹوں یا شریفُ النّفس بہادروں کا اجتماعی نام ؛ اس لیے بہادر نبرد آزما یا شریف لوگ۔

chivaree, n. دیکھیے : charivari ۔

chive, n. پیازی ؛ پیازِ کوہی ، زیرہ دان ، گندنا اور پیاز کی قبیل کا ایک گانٹھ دار اور سدا بہار چھوٹا پودا ، جس کے پتلے اور نازُک پتّے بطورِ مسالا طباخی میں استعمال ہوتے ہیں ، یہ لفظ عموماً جمع کے صیغہ میں بولا جاتا ہے۔

chivy, chivvy, n. chevy کا ہم معنی لفظ۔

chivy, v.t. (برطانوی) تعاقُب کرنا ؛ اذیّت دینا ؛ تنگ کرنا ؛ دِق کرنا ؛ فقرہ بازی کرنا ؛ پھبتی کسنا ؛ نوک جھونک کرنا۔ (فعل لازم، برطانوی) دوڑنا ؛ بھاگنا ؛ رفو چکّر ہونا۔

chloral, n. کلورل ؛ خواب آور اور بے حس کرنے والی دوا ؛ ایک بے رنگ رقیق جو اولاً کلورین اور الکحل یا الغول سے تیار کیا گیا ؛ ایک سفید اور شفّاف آمیزہ جو رقیق کلورل میں پانی ملا کر بنایا جاتا ہے (کلورل ہائیڈریٹ) اور خواب آور اور بے حس کرنے والی دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

chloralose, n. (کیمیا) کلورالوز ؛ ایک شفّاف مرکب جو کلورل اور انگور کی شکر ملا کر بنایا جاتا ہے ؛ یہ مرکّب طِب میں خواب آوری کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

chlorate, n. (کیمیا) کلوری تیزاب کا نمک۔

chlordane, chlordan, n. (کیمیا) کلورڈین ؛ ایک بے رنگ و بو لیس دار رقیق ، جو کیڑے مار دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

chlorella, n. کلوریلا ؛ میٹھے پانی کا ایک خلیہ اُشنہ یا کائی جو جنس کلوریلا (Chlorella) سے متعلّق ہے اور لحمیات نیز وٹامن بی کے حصول کا سستا ماخذ ہے۔

chloric, a. کلورک ؛ کلورینی ؛ کلورین کے متعلّق یا کلورین رکھنے والا ، جیسے کلوری تیزاب۔

chloride, n. (کیمیا) کلورائیڈ؛ کلورین کا مرکّب؛ کسی عنصر سے کلورین کا مرکب ؛ ہائیڈرو کلورک تیزاب کا نمک۔

chloridic, a. کلورائیڈی ؛ نمک سے متعلّق ؛ کلورینی۔

chloride of lime, n. (کیمیا) چُونے کا کلورائیڈ ؛ بُجھے ہوئے چونے میں کلورین ملا کر بنایا جاتا ہے ، پاؤڈر شکل میں اِسے کپڑے صاف کرنے ، رنگ کاٹنے اور جراثیم سے پاک کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں؛ خُشک حالت میں کیلسیم آکسی کلورائیڈ کہلاتا ہے۔

chloridize, v.t. کلورانا ؛ کلورائیڈ میں تبدیل کرنا : خصوصاً سنگیا (کچّی چاندی کو) نمک کے ساتھ تپانا تا کہ وہ کلورائیڈ بن جائے ؛ کلورائیڈ کی پُٹھ دینا۔

chlorinate, v.t. کلورینیانا ؛ کلورین ملانا یا کلورین کی پُٹھ دینا ؛ کلورین گیس کی (سونے کی دھات پر) پُٹھ چڑھانا تا کہ سونا محلول کلورائیڈ کی صورت میں علیحدہ کیا جا سکے ؛ کلورین کے ذریعے جراثیم سے (پانی کو) پاک کرنا۔

chlorination, n. کلورین کے ذریعہ کیمیائی یا جراثیم سے پاک کرنے کا عمل۔

chlorinator, n. کلورین ملانے والا ؛ کلورین کا کیمیائی عمل کرنے والا ؛ وہ مرکّب جس سے کلورینائی عمل کیا جائے۔

chlorine, n. (کیمیا) کلورین ؛ ایک سبزی مائل زرد بُخاری عُنصر جو خُوردنی نمک میں عموماً پایا جاتا ہے اور سانس کی نالیوں میں بہت زیادہ جلن اور خراش کا باعث بنتا ہے ؛ کلورین بغیر کیمیائی اشیا (مرکّبات اور آمیزے) تیّار کرنے میں استعمال ہوتا ہے نیز وہ اشیا جن میں کلورین ہوتی ہے جیسے محلل جراثیم کُش دوائیں ، مثلاً ڈی۔ڈی۔ٹی ، پلاسٹک اور پلاسٹک سے بنے ریشے/کپڑے اور بارد چیزیں (مثلاً شورہ) ان میں برتا جاتا ہے ، یہ پانی اور بدرو کے جراثیم مارنے نیز کپڑے کا میل/رنگ کاٹنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

chlorite, n. کلورائیٹ ؛ مخصوص معدنیات کے ایک مجموعہ کا نام جس میں ایلومینیم کا ہائیڈروجن دار سلیکیٹ ، زنگاری لوہا اور میگنیشیم شامل ہیں ، ان معدنیات میں زیادہ تر کا رنگ سبز ہوتا ہے۔

chloritic, a. کلورائٹ کے متعلّق یا وہ شے جس میں کلورائٹ موجود ہو۔

chloritoid, n. ایک معدن ایلومینم زنگاری لوہے اور میگنیشیم کا قدرتی سلیکیٹ جس کا رنگ گہرا سبز ہوتا ہے اور ابرق سے مشابہ بھوٹک پتری کی شکل میں پایا جاتا ہے۔

chlorite, n. (کیمیا) کلوری تیزاب کا نمک۔

chloritic, a. کلوری تیزاب کے نمک سے متعلّق یا اس نمک سے متاثّر۔

chlorobenzene, n. (کیمیا) کلوروبینزین ؛ ایک شفّاف ، بے رنگ ، اڑ جانے والا ، اور آتش گیر رقیق مادّہ ، جو بینزین (خوشبودار لوبان) پر کلورین کے کیمیاوی عمل سے اخذ کیا جاتا ہے ، یہ فینول اور ڈی۔ڈی۔ٹی بنانے میں استعمال ہوتا ہے نیز نامیاتی امتزاج کے لیے محلّل یا درمیانی واسطے کا کام دیتا ہے۔

chloroform, n. کلوروفارم ؛ اُڑ جانے والے بے رنگ اور خوشگوار ذائقے اور خوشبو کا رقیق جو الکحل ، پانی اور چونا کلورائیڈ کے آمیزے کو مقطّر کرکے یا میتھین پر کلورینی ردّعمل کی ضمنی پیداوار کے طور پر حاصل ہوتا ہے ؛ کلوروفارم بارِد اشیا ، محرکّات ، پلاسٹک اور رنگ بنانے کے لیے نیز بے حِس یا بیہوش کرنے کی دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

chloroform, v.t. کلورفارم کے اثر میں لانا ؛ کلوروفارم سنگھانا ؛ کلوروفارم سے علاج کرنا۔

chlorophyll, n. سبز مایہ ؛ سبزینہ ؛ کلوروفِل ؛ خضرہ ؛ پودوں اور پتّوں کو سبز رنگ دینے والا مادّہ جس کو پودے کاربوہائیڈریٹ یا نشاستہ بنانے میں استعمال کرتے ہیں : کلوروفِل یا خضری مادّے کی کئی کیمیائی اقسام ہوتی ہیں۔

chloropicrin, n. (کیمیا) کلوروپکرن ؛ بے رنگ ، کچھ روغنی اور زہریلا رقیق جو زہریلی گیس اور رنگ بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے نیز مٹّی کو دھونی دینے کے کام آتا ہے۔

chloroplast, n. (نباتیات) کلوروپلاسٹ ؛ سبز تکوینہ یا سبز مایہ ؛ کلوروفِل یا سبزینہ دار خلیۂ مایہ جو زیادہ تر کائی اور بلند نوع درختوں میں پایا جاتا ہے ؛ سبز پودوں کا ڈھانچا جس میں ضیائی تالیف عمل پذیر ہوتی ہے۔

chlorosis, n. (نباتات) بے خضری ؛ لاسبزیّت ؛ کلوروسِس ؛ رمع ؛ سبز بُھس ؛ یرقانِ اَبیَض ؛ مٹی میں لوہے کی کمی یا دیگر وجوہ سے پودوں میں سبز رنگ کا فقدان یا سبز حصّوں کا سفید پڑ جانا ، سورج کی روشنی کے علاوہ ؛ ہرا روگ ، جس میں سِنِ بلوغت کے وقت خون کی کمی کے باعث لڑکیوں کا رنگ سبز پڑ جاتا ہے۔

chlorotic, a. ہریاؤ ؛ رمعی پودا ؛ ہرے روگ میں مبتلا لڑکی ؛ رمع یا ہرے روگ کے متعلّق۔

chlorous, a. کلورس ؛ کلوری یا کلورینی ؛ کلورین کے متعلّق ؛ کلورین کا حامل ؛ خصوصاً اس تناسب سے زیادہ کلورین رکھنے والا جتنی ایک کلورینی مرکّب ، مثلاً کلورینی تیزاب میں ہوتی ہے۔

chlorpropamide, n. کلورپرو پامائڈ ؛ ایک مرکّب جس کے استعمال سے شکر میں کمی ہوتی ہے ؛ اس سے ہلکی ذیابطیس کا علاج کیا جاتا ہے۔

chlortetracycline, n. (کیمیا) کلورٹیٹرا سائیکلین ؛ ایک ضدِ نامیہ دوا جو کئی خردبینی جرثوموں یا میکروبوں کی پیدا کردہ بیماریوں میں استعمال کی جاتی ہے نیز جانوروں کی اضافی غذا کے طور پر کام آتی ہے۔

chock, n. پچّر ؛ شکّہ ؛ پانہ ؛ روک ؛ رخنہ ؛ اڑان ؛ اڑانا ؛ فانہ ؛ لکڑی کی پچّر جس سے خالی جگہ بھرتے ہیں ، خصوصاً حرکت روکنے کا شکّہ یا فانہ جو پہیّے کو آگے بڑھنے اور گول پیپے کو لڑھکنے سے روکنے کے لیے استعمال کیا جائے۔ (جہاز رانی) بڑے جہاز کے عرشہ پر رکھّی ہوئی کشتی کے نیچے لگائی ہوئی اڑان یا روک ؛ عرشہ سے منسلک دھات یا لکڑی کا ٹکڑا جو ایک دوسرے کی طرف سینگ نُما جُھکے ہوئے ، مگر نہ ملنے والے بازوؤں کی درمیانی جگہ میں ہوتا ہے اور جس میں سے موٹا رسّا یا دبیز تار گُزرتا ہے۔

chock, v.t. پچّر یا فانہ مہیّا کرنا یا پچّر لگا کر محفوظ کرنا ؛ کسی چیز ، مثلاً کشتی کو اڑانوں پر رکھنا۔

chock, adv. امکانی حد تک قریب یا کسا ہوا۔

chock-a-block, adv. (جہاز رانی) پچّروں یا فانوں کو ایک دوسرے کے قریب کر دینا جیسا کہ بادبان اُتارنے یا چڑھانے کے رسّوں کو زیادہ سے زیادہ کھینچنے یا تاننے کی صُورت میں ہوتا ہے۔ (مجازاً) ٹھسا ٹھس ، کھچا کھچ یا پُر ہجوم حالت میں۔

chock-full, choke-full, chuck-full, a. لبا لب ؛ کھچا کھچ ؛ ٹھسا ٹھس ؛ مونہا منہ ؛ امکانی حد تک بھرا ہوا ؛ لبریز۔

chocolate, n. چاکلیٹ ؛ بُھنے ہوئے کوکونٹ کی گریوں (مغز) کو شکر کے ساتھ پیس کر بنایا گیا سفوف ، شربت یا کیک ؛ اُبلتے ہوئے پانی یا دُودھ میں چاکلیٹ گھول کر بنایا ہوا مشروب ؛ چاکلیٹ سے بنی ہوئی یا چاکلیٹ کی چاشنی میں ڈبوئی ہوئی مٹھائی۔ (صفت) چاکلیٹ سے بنا ہوا (جیسے : Chocolate ice cream, having the flavor or color of chocolate) ؛ گہرے خاکی یا کتھئی رنگ کا۔

chocolate tree, n. کوکو کا درخت ، جنس ناریل کوکو (Theobroma cacao) ، جو اس کے بیجوں کے لیے کاشت کیا جاتا ہے۔

Choctaw, n. چاکٹہ ؛ شمالی امریکا کے انڈین کا ایک قبیلہ جو مسکوجین لسانی گروہ سے تعلّق رکھتا ہے ؛ اس قبیلے کا فرد یا رکن ؛ اس قبیلے کے لوگوں کی زبان۔

choice, n. انتخاب ؛ پسند ؛ مرضی ؛ چُننے یا منتخب کرنے کا عمل یا اختیار ؛ دو یا زیادہ چیزوں میں سے پسندیدہ یا مرجّح چیز کو منتخب کرنا یا دیگر چیزوں سے علیحدہ رکھنا ؛ چناؤ ؛ چھانٹ ؛ ترجیح ؛ مُمتاز ؛ منتخب کردہ یا پسندیدہ شخص یا چیز ؛ کسی چیز کا بہترین حصہ ؛ زُبدہ ۔

choice, a. احتیاط کے ساتھ چیدہ یا پسند کردہ ؛ چیدہ ؛ پسندیدہ ؛ منتخب ؛ عُمدہ ؛ قیمتی ؛ مناسب ؛ موزوں ۔

choicely, adv. بطریقِ احسن ؛ ازروئے اِختیار ؛ اختیار سے ؛ مناسب طریقے سے ؛ احتیاط سے ؛ انتخاب کر کے ۔

choiceness, n. خُوبی ؛ عُمدگی ؛ نفاست ؛ طرفگی برگُزیدگی ؛ بہترین صفت ۔

choir, n. قوّال منڈلی ؛ چوکی ؛ طائفہ ؛ گانے والوں اور سازندوں کی جماعت یا گروہ ، خصوصاً گرجا گھر میں ؛ بھجن منڈلی ؛ ناچنے گانے والوں کا طائفہ ؛ قوّالوں کی منڈلی یا چوکی ؛ گرجا کا وہ حصّہ جو گانے والوں کی جماعت کے لیے مخصوص ہو ؛ سماع خانہ ؛ (صلیب گاہ کا مشرقی حصّہ) صلیبی گرجا میں چوک کے مشرقی سمت کا حصّہ ۔

choir, v.t., v.i. ساتھ مل کر گانا ۔

choir, a. کسی (عیسائی) مذہبی فرقہ کے اُس گروہ کا یا اس کے متعلّق جو مناجاتِ مُقدّس کی قرأت کا اہل ہو ۔

choirboy, n. کوئر ؛ بھجن بچّہ ؛ وہ لڑکا جو گانے والوں کی جماعت یا منڈلی ، خصوصاً گرجا میں مقدّس گیت گانے والے طائفے کا رُکن ہو ۔

choir loft, n. قوّال گاہ ؛ چوکی ؛ سُرود گاہ ؛ گرجا میں وہ گیلری یا شہ نشین جو گانے والوں کے لیے مخصوص ہو ۔

choirmaster, n. گرجا میں گانے والے گروہ کا ڈائرکٹر یا مُہتمم اُستاد ۔

choke, v.t. گلا دبانا یا گھونٹنا ؛ ٹینٹوا دبانا ؛ حلق یا ہوا کی نالی میں رکاوٹ ڈال کر سانس روکنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ؛ گلا دبا کر خاموش کرنا ؛ دم گھونٹنا ؛ گلا دبا کر یا گھونٹ کر آواز یا سانس کو روکنا ؛ کسی کے عمل ، نشوونما یا ترقی کو روکنا ؛ احساس یا جذبے کو دبانا ؛ بھرائی کر کے (پانی) روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ اٹکانا ؛ ٹھس جانا ؛ ٹھساٹھس بھرنا ؛ کھچا کھچ یا لبا لب بھرنا ؛ انجن چالو کرنے میں مدد کے لیے کاربوریٹر میں ہوا کی آمد روکنا ۔ (فعل لازم) گلے یا دم کی گھٹن سہنا ؛ روکا جانا یا روکنے کے لیے بھرا جانا ۔

choke, n. حبسہ ؛ چوک ؛ حبسِ دم ؛ اختناق ؛ انسداد ؛ گلا گُھٹنے کا عمل یا آواز ؛ تنگی ، جیسے بندوق کی نالی کی ۔ (خود حرکی میکانیات) کار کے انجن کا ایک میکانکی عمل جو کاربوریٹر میں ہوا کی آمد روک کر انجن کو آسانی سے حرکت میں لے آتا ہے ۔

chokeberry, n. چوک بیری ، گل گھوٹو بیری ؛ بیری / گوندنی سے مشابہ سخت پھل جو شمالی امریکا میں پیدا ہونے والے درخت ارونیا (Aronia) خصوصاً توت پتیّا ارونیا (A.arbutifolia) میں لگتا ہے ؛ اس پھل کا درخت ۔

chokecherry, n. چوک چَیری ؛ چیری کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ، خصوصاً شمالی امریکا میں ورجینیا کی چیری (Prunus virginiana) جس میں تیز (چرپرے) مزے کا پھل لگتا ہے ؛ چیری کا پھل ۔

choke coil, n. (برق) چوک کائل ؛ زیادہ امالی صلاحیّت والا تار کا وہ لچّھا جسے اگر برقی سرکٹ کی راہ میں حائل کیا جائے تو یکساں برقی رو کو بہ آسانی گزرنے دے لیکن تیز اتار چڑھاؤ یا جھٹکوں کی صورت میں برقی رَو کو روک دے یا کمزور کر دے ۔

chokedamp, n. گلوگیر گیس ؛ دم گُھٹ گیس ۔ (کوئلہ کنی) کاربونک ایسڈ گیس ، جس میں بڑا جُز کاربن ڈائی آکسائڈ کا ہوتا ہے جو کان / کنوئیں کی تہ میں جمع ہو جاتی ہے اور دم گھٹنے کا باعث بنتی ہے ؛ سیاہ سیلن ۔

choker, n. گلوبند ؛ گلا یا دم گھوٹنے والا ؛ جواہرات کا چھوٹا ہار ؛ تنگ اور اُونچا کالر ۔

choky, a. اختناقی ؛ دم بند ؛ گلوگیر ؛ گلا دبانے یا دم گھوٹنے کی طرف مائل ۔

cholecystectomy, n. (طبّ) عملِ جرّاحی سے پِتّے کو نکال دینا ؛ پِتّے کا جرّاحی اخراج ۔

choler, n. غیظ ؛ طیش ؛ غصّہ ؛ کرودھ ؛ بدمزاجی ؛ چڑچڑاپن ؛ تنک مزاجی ، جس کا سبب عام طور پر صفرا کی زیادتی خیال کیا جاتا ہے ۔

cholera, n. کالرا ؛ ہیضہ ؛ تخمہ ؛ انسانوں اور پالتو جانوروں کو آنتوں کے عمل میں سخت خلل واقع ہونے والی کئی شدید متعدّی بیماریوں میں سے ایک بیماری جس میں قے اور اسہال شروع ہو جاتے ہیں ۔

choleric, a. زُود رنج ؛ غُصیلا ؛ مائل بہ غیظ ؛ تنک مزاج ؛ تندُ مزاج ۔

cholesterol, n. صفرائے جامد ؛ کولیسٹرال ؛ چربی / چکنائی کا محللّ الکحل ، جو بدن کے خلیوں ، جانور کی چربی اور نسیج میں موجود ہوتا ہے ، اس مرکّب کی ایک شکل مرہم اور ادویہ سازی میں کام آتی ہے ۔

cholic acid, n. صفراوی تیزاب ؛ کولک ایسڈ ؛ تیزاب صفرا ؛ ایک قلمی اور شفّاف تیزاب ، جو صفرا میں شکری اور لحمی امینوایسڈوں کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے ؛ تجارتی مقاصد کے لیے یہ تیزاب بڑے گوشت کے صفرا سے حاصل کیا جاتا ہے اور نامیاتی کیمیا کے شُعبے میں تحقیق نیز دوا سازی کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

choline, n. کولین ، ایک بُنیادی مادّہ ، جو حیوانات و نباتات میں موجود ہوتا ہے ، وٹامن بی کامپلکس کا ایک جُزو اور عملِ جگر کے لیے ضروری ہے ۔

cholla, n. ناگ پھنی ؛ تھور ؛ جبارہٗ خنجری ؛ شجر نُما اور خاردار ناگ پھنی کی متعدّد اقسام میں سے کوئی ایک جو جنوب مغربی امریکا اور میکسیکو میں پیدا ہونے والی جنس اوپنٹیا (Opuntia) ، خصوصاً چمکیلا اوپنٹیا (O.fulgida) سے تعلّق رکھتی ہے ۔

chondrite, n. سنگ شہابِ ثاقب جس میں کنکریلا ، غضروفی یا کُرکرا قلمی مادّہ پایا جاتا ہے ۔

chondritic, a. سنگ شہابی ۔

chondrule, chondrus, n. کنڈرول ؛ چھوٹے کُرّے کی شکل کا قلمیٗ مادّہ جو بعض ٹوٹنے والے سیّاروں میں پایا جاتا ہے ۔

choose, v.t. چُننا ؛ انتخاب کرنا ؛ چھانٹنا ؛ ایک مخصوص تعداد میں سے چُننا یا ایک کو دوسرے یا دوسروں یا

کسی اور پر ترجیح دے کر انتخاب کرنا ؛ ترجیح دے کر فیصلہ کرنا یا مناسب سمجھنا ۔ (فعل لازم) انتخاب کرنا ؛ (کسی کام کے لیے) آمادہ ہونا یا راغب ہونا ؛ کھیل میں یہ فیصلہ کرنا کہ کھلاڑیوں یا جگہوں یا باری کے انتخاب کا پہلا حق کسے حاصل ہو گا ۔

choosy, a. انتخاب کے معاملہ میں بلند معیار رکھنے والا ؛ وہ شخص جسے خوش کرنا مشکل ہو ؛ مین میخ نکالنے والا ؛ خوب سے خوب تر کا خواہشمند/متلاشی ۔

chop, v.t., v.i. کاٹ ڈالنا ؛ قلم کرنا ؛ اُڑا دینا ؛ کُلہاڑی کی تیز اور بھاری ضرب سے کاٹ ڈالنا ؛ اس طرح کاٹ کر (کوئی چیز) بنانا ؛ کئی متواتر ضربوں سے ٹُکڑے ٹُکڑے کرنا ؛ قتلے کرنا ؛ چُورا کرنا ؛ قیمہ کرنا ؛ تکہ بوٹی کرنا ؛ کَتر بیونت کرنا ؛ چوٹیں لگانا ؛ اثر ، اختیار یا اس کا ایک حصّہ لے لینا (ان معنوں میں chop کے بعد down آتا ہے) ؛ کلہاڑی سے پارچے کرنا ؛ اچانک اور شدّت کے ساتھ حرکت کرنا ؛ جھٹکے لینا یا جھٹکے دار حرکت کرنا ۔

chop, n. (کُلہاڑی ، تیشہ یا تبر کی) کاٹنے والی ضرب ؛ بکرے ، بچھڑے یا سُور کے گوشت کا ٹُکڑا ، خصوصاً چانپ ؛ تکہ بوٹی ؛ وہ چیز جسے ٹُکڑے ٹُکڑے کیا گیا ہو ؛ موجوں کی مختصر ، ناہموار اور غیر مسلسل حرکت ؛ کُلہاڑی یا تبر کی ضرب کا نشان ؛ ریکٹ (بَلّے) کی چھوٹی اور نچلی جانب ضرب جس سے ٹینس کی گیند پچھلی طرف گھمیری کھاتی ہے ۔

chop, v.i. (ہوا کی طرح) یکا یک مُڑنا یا (رُخ) بدلنا ، ڈگمگانا ۔

chop, n. [اردو : چھاپ] چھاپ ، چاپ ؛ ہندوستان اور چین میں راہداری ؛ سرکاری مُہر ، اجازت نامہ یا پروانۂ راہداری ؛ سامان پر نشان یا علامت ؛ سامان کی قِسم یا نوع ۔ (بول چال) معیار ، درجہ یا خصوصیت ۔

chop-house, n. وہ مطبخ یا بھٹیار خانہ جس کی خصوصیت چانپ اور پسندے ہوں ۔

chopper, n. تبر ؛ تیشہ ؛ چھرا ؛ ساطور ؛ بڑے پھل والا چھوٹا تبر یا قصائی کا چھرا ؛ بغدہ ؛ کاٹنے والا ؛ قطع کرنے والا ؛ ایسی ترکیب یا اوزار جس سے برقی رو یا روشنی کی شعاع میں وقفہ وقفہ سے خلل واقع ہو ۔ (عوامی) ہیلی کاپٹر ۔

choppiness, n. معیار اور اسلوب میں بے قاعدہ یا متلوّن جیسے کوئی ادب پارہ ؛ چھوٹی اور غیر مسلسل موجوں سے سطحِ آب کی شکستگی یا اِرتعاش ۔

choppy, a. موّاج ؛ متلاطم ؛ یکا یک اور بے قاعدگی سے سمت یا رخ بدل لینے والا جیسے کہ ہوا رخ بدل لیتی ہے ؛ اُکھڑا اُکھڑا ؛ بے ربط ؛ پانی کی سطح پر چھوٹی اور شکستہ اچھلتی ہوئی لہریں ۔

chopstick (s), n. چینی کانٹا ؛ کھانے کی تیلیاں ؛ عاج (ہاتھی دانت) یا چوب (لکڑی) کی دو تیلیوں میں سے ایک تیلی جن کی مدد سے چینی اور جاپانی کھانا مُنہ تک لے جاتے ہیں ۔

chop suey, n. چاپ سوئے ؛ چینی یخنی ؛ چینی ریستورانوں میں دستیاب ایک قسم کا کھانا جو پرندوں یا دُوسرے گوشت کے ٹُکڑوں ، پیاز ، بالم سیم ، ہری مِرچ ، آبی جوز ، سیا روغ یا دیگر ترکاریوں اور گرم مسالوں کو آبِ گوشت (گوشت کی یخنی) یا ساس ڈال کر تیّار کیا جاتا ہے ، اسے عموماً چاول کے ساتھ کھاتے ہیں ۔

choragus, n. میرِ طائفہ ؛ میر مُغنّی ، ناچنے گانے والوں کے طائفے یا قدیم یونان میں مذہبی ڈرامے کے اداکاروں کا سربراہ ؛ وہ شخص جسے اپنے ذاتی خرچ پر ڈراموں اور مذہبی تہواروں کے لیے طائفے فراہم کرنے پڑتے تھے ؛ طائفے یا ڈرامے کے رقص و سَرُود کا سربراہ ۔

choragic, a. طائفے کے سربراہ کے متعلّق یا اس سے وابستہ ؛ سَرُود خانوں سے متعلّق ۔

choral, a. طائفی ؛ طائفے کا یا اس سے متعلّق ؛ طائفے کا گایا ہوا یا طائفے کے گانے کے لیے موزوں کیا ہوا ۔ (اسم) طائفے کے گانے کی یا مل کر گانے کے لیے سادہ تال یا دُھن ۔

chorally, adv. طائفہ سرائی کے طریقے سے ؛ طائفہ بنا کر یا چوکی کی طرح ؛ ہم آہنگی سے ؛ آواز ملا کے ۔

chorale, n. طائفہ موسیقی کی دُھن ؛ مناجات کی دُھن ، خصوصاً سادہ مقدّس دُھن جس کی لے آسان ، آہنگ بے جھول اور تال شاندار ہو ۔

choralist, n. طائفے کا گویّا ؛ طائفہ سرا ؛ طائفے میں دوسروں کے ساتھ ملکر گانے والا ؛ طائفہ موسیقی کی دُھن بنانے والا ۔

chorale prelude, n. دو راگی دُھن ، ساز پر بجانے کی دُھن جو عموماً دو راگوں کو ملا کر بنائی جاتی ہے اور طائفہ موسیقی یا کسی مناجات پر مبنی ہوتی ہے ۔

choral speaking, n. کسی عبارت یا اقتباس کی اجتماعی خواندگی یا قرأت ۔

chord, n. ہم آہنگی ۔ (موسیقی) تین یا زیادہ سُروں کا بیک وقت ہم آہنگ ملاپ ؛ رنگوں کی موزوں آمیزش ۔ (فعل لازم و متعدی) سُروں کا بیک وقت ہم آہنگ ہونا یا کرنا ؛ رنگوں کی موزوں آمیزش ہونا یا کرنا ۔

chord, n. (قدیم) ساز کا تار یا تانت ؛ حبل ؛ نس ؛ رباط ۔ (مجازاً) احساس یا جذبہ ۔ (جیومیٹری) وَتَر ؛ زہ ؛ خطِ منحنی کے دو متقاطع نقطوں کے درمیان خط مستقیم کا جزوی حصّہ ؛ قوس دائرہ کے دو سِروں کو ملانے والا خطِ مستقیم ؛ کمان کی ڈوری ۔ (انجینئری) پُل کے پیل پایہ کا خاص افقی حصّہ ۔ (تشریح الاعضا) عصبہ ؛ تانت ۔

chordal, a. حبلی ؛ حبلیہ ۔ (موسیقی) تار یا تانت کا یا اس کے حوالے سے ؛ وَتَری ؛ ایسی موسیقی کے متعلّق جس کی خصوصیت ہم آہنگی ہو نہ کہ جوڑ ۔

chordate, n. حبلیات ؛ اقلیم حیوانات (جسے chordata یعنی محبّل کہتے ہیں) کی کوئی بھی بڑی بُنیادی قسمت یا حصّہ ، جس میں اصل فقری نیز نامکمّل ریڑھ یا حبل ظہر رکھنے والے حیوانات بھی شامل ہیں ۔

chord organ, n. برقی ارگن یا باجا جس کی پہلے سے سیٹ کی ہوئی تاریں بٹن دبا کر بجائی جاتی ہیں ۔

chore, n. بھٹکل کام ؛ چھوٹا موٹا کام ؛ فرض ؛ چھوٹے مُوٹے اور مختلف نوعیّت کے کام یا امور ۔

chorea, (طِب) کوریا ؛ رَعشہ ؛ لرزہ ؛ پسلی کی بیماری ؛ اُم الصبیان ؛ اعضا کی تشنُّجی حرکات اور عجیب و

غریب غیر اختیاری اشارے اور حرکتیں ؛ کپکپی ؛ رقصہ ۔

choreographic, a. فنِ رقص کے متعلّق ؛ کوریو گرافی یا ترکیب و تنظیم رقص کے متعلّق ۔

choreography, n. میر رقصی ؛ بیلے اور دوسرے ناچوں کی ترکیب و تنظیم کا فن ؛ رقص نامہ ؛ فنِ رقص ۔

choreographer, n. میر رقص ؛ ترکیب و تنظیمِ رقص کے فن کا ماہر ۔

choreograph, v.t., v.i. رقص کی ترکیب و تنظیم کرنا اور اس ترکیب و تنظیم کے تحت رقص کرانا ؛ میر رقص بننا ۔

choriamb, choriambus, n. نظم کی ایک بحر : وہ بحر جس کے ایک مصرع میں چار ہجا ہوتے ہیں : پہلے دو ہجا trochee ٹروکی (پہلا تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی) اور دوسرے دو ہجا iambus آئیم بس (پہلا غیر تاکیدی اور دوسرا تاکیدی) ہوتے ہیں ۔

choric, a. طائفی ؛ گانے والوں کی چوکی یا گروہی گانے کے متعلّق ؛ جماعتی گیت کے لیے تیّار کیا گیا ۔

chorioallantois, chorioallantoic membrane, n. (حیوانیات) بہت زیادہ عروقی (نالیوں سے بنی ہوئی) جِھلّی جو پرندوں ، رینگنے والے جانوروں اور کچھ دُودھ پلانے والے حیوانوں کی جنینی نسیج میں بنتی ہے اور مُرغی کے انڈے کی مانند سمّی مادّہ نیز نسیج کی جراثیمی پرورش گاہ کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

chorion, n. (تشریح الاعضا) جنین کی بیرونی جھلّی ؛ مشیمہ ؛ عروقی/نالی دار بیرونی غِشا/جِھلّی جو اعلیٰ فقاری جانوروں کی جنین پر لپٹی ہوتی ہے یا غلافِ جنین پر چھائی ہوئی ہوتی ہے ۔

chorister, n. قوّال ؛ طائفہ سرا ؛ مُغنّی ؛ ہم نوا ؛ گانے والوں کی منڈلی یا چوکی کا گویّا ؛ خصوصاً گرجا کی منڈلی کا لڑکا ؛ اِس منڈلی کا سربراہ ۔ (مجازاً) گانے والے پرندوں کے جُھنڈ کا پرندہ (جیسے : feathered choristers)

C horizon, n. (ارضیات) زمین کی آڑی کٹی پَرتوں میں وہ پرت جو نچلی چٹانی سطح کے اُوپر اور بی طُولی تراش B-horizon کے نیچے ہوتی ہے ، یہ پرت زیادہ تر غیر مربوط چٹانوں کے سلسلے پر مشتمل ہوتی ہے ۔

chorographic, a. بِلادنگاری کے متعلّق ؛ مخصوص علاقوں یا مُلکوں کے بیان کا مظہر ۔

chorographical, a. بلاد نگارانہ ؛ از روئے بلاد نِگاری ؛ بلاد نگاری کے طریقہ پر ۔

chorographically, adv. بلاد نِگارانہ ۔

chorography, n. بلادی جغرافیہ ؛ بلاد نگاری ؛ مخصوص علاقے کا جغرافیہ ؛ مخصوص علاقہ جات ، ممالک یا اضلاع کی نقشہ کشی یا ان کے بیان کا فن یا کام ۔

chorographer, n. بلاد نِگار ؛ بلادی جغرافیہ نگار ؛ بلادی جغرافیہ دان ۔

choroid, chorioid, n. (تشریح الاعضا) مشیمہ ؛ آنکھ کے ڈھیلے کا پردہ ؛ آنکھ کا درمیانی پردہ ؛ چشم ؛ کورائیڈ ؛ ادمہ ؛ آنکھ کے ڈھیلے کا پردہ ۔ (صفت) مشیمہ کے متعلّق ؛ جنین کی بیرونی جِھلّی اور اَدمَہ سے مشابہ ۔

chortie, v.i. زور سے ہنسنا ؛ آواز کے ساتھ ہنسنا ؛ قہقہہ لگانا ۔

chorus, n. کورَس ؛ سنگت ؛ استھائی ؛ ٹیک ؛ مُکھ تال ؛ اصلاً ناچنے والوں کا گروہ جو دوسروں کے گانے کی سنگت میں یا خود گاتے ہوئے ناچتے تھے ؛ ہم نوائی ؛ ہم آہنگی ؛ مذہبی یا انگریزی ڈرامے میں ناچنے گانے والوں کا طائفہ ؛ اس طائفہ کا نغمہ ؛ مل کر گایا جانے والا نغمہ ؛ گانے والوں کی چوکی ؛ انگلستان کی ملکہ الزبتھ کے زمانے میں ڈراموں کے پیش خواں ؛ یُونانی ڈرامے کے اداکار جو ایکٹ میں پیش کردہ واقعات دیکھتے تھے اور ایکٹوں کے درمیانی وقفہ میں اپنے تأثرات کا اظہار گا کر کرتے تھے ؛ ایکٹوں کے درمیان گایا جانے والا نغمہ ؛ اب ، عموماً اُس نغمے کے اشعار یا مصرعے جو مغنّی کے ساتھ اس کے ساتھی دہراتے ہیں یا پورا گروہ ملکر گاتا ہے ؛ غنائی طربیہ ڈرامے ، نائٹ کلب یا متنوّع تماشوں کی تماشا گاہ میں لڑکیوں یا مَردوں کی یا مخلوط گائیک منڈلی ؛ عمومی طور پر آواز میں آواز ملانا یا ایک ساتھ آوازیں نکالنا (جیسے : a chorus of laughter or ridicule) ۔ (موسیقی) گانے کی ایسی دُھن جس کے کچھ حصّے کئی لوگ مل کر گائیں ؛ ایک فرد کے برعکس بولنے والوں/گانے والوں کا گروہ یا منڈلی خواہ وہ سادہ مذہبی ناٹک ، غنائی تمثیل یا نغمہ و سَرُود کی سنگت میں ہو ؛ انترا ؛ ترجیع ۔

chorus, v.t. اِجتماعی طور پر گانا ؛ اجتماعی گانے میں شامل ہونا ؛ ساتھ مل کر چلّانا یا آواز دینا ؛ مل کر ایک ساتھ بولنا ؛ سب کا مل کر گانا ۔

chorus boy, chorus girl, n. ہم نوا لڑکا ؛ ہم نوا لڑکی : وہ لڑکا یا لڑکی جو غنائی محفل میں گروہ/منڈلی کے ساتھ گائے یا ناچے ۔

chose, n. (قانون) کوئی چیز ؛ ذاتی جائیداد کی کوئی شے یا حصہ ۔

chose in action, ایک فطری حق جو از روئے قانون جائز ہو ، مثلاً حقّ رائے دہی ۔

chosen jugee, n. طے شدہ امر جس پر بحث کرنا تحصیل حاصل ہو ۔

chosen, a. منتخب کیا ہوا ؛ ترجیح دیا ہوا ۔ (الٰہیات) منتخبہ ؛ برگُزیدہ ؛ چُنا ہوا ؛ چیدہ ؛ پسندیدہ ؛ مقبول ؛ منظور ۔

the chosen people, بنی اسرائیل ؛ یہودی ۔

chow, n. مروجہ عوامی لفظ بمعنی کھانا یا غذا (امریکی فوج میں) ۔

chow chow, chow, n. کالی زبان اور مُنہ والا چینی نسل کا ایک کُتّا جس کا قد درمیانہ ، تھوتھنی اور سر چوڑا اور بال کتھئی ، کالے یا سُرخ ہوتے ہیں ۔

chow-chow, n. چینی مُربّہ ؛ کسی بھی مرکّب کھانے کے لیے چینی اصطلاح ، خصوصاً محفوظ کردہ ملے جلے پھل اور مسالے ؛ مخلوط اچار ، جو روغن خَردَل یا رائی کی چٹنی سے مزہ دیتا ہے ؛ چُوچُو کا مُرَبّہ ۔

chowder, n. مچھلی کا دو پیازہ : ایک قسم کا گاڑھا شوربہ یا اسٹو جسے گُھونگھوں یا مچھلیوں کو آلو ، پیاز اور دیگر اَجزا اور لذیذ مسالوں کے ساتھ پکایا جاتا ہے ؛ ماہی دو پیازہ ۔

chow hall, n. (عوامی) بڑا کَمرۂ طَعام ، خصوصاً فوجی

میس کا بڑا ہال جہاں ایک گروہ (پلٹن ، کمپنی یا رجمنٹ) کے لوگوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے ۔

chow hound, n. (عوامی) بسیار خور ؛ پیٹو ؛ بہت کھانے والا ؛ خُوش خوراک ۔

chow line, n. (عوامی) لنگر لائن ؛ لنگر قطار ؛ کسی گروہ کے اراکین ، جیسے سپاہیوں یا طلبہ کی قطاربندی ، جو کھانا لینے کے انتظار میں ہوں ، جیسا کہ کیفیٹریا کا دستور ہوتا ہے ۔

chow mein, n. چُومین : ایک مخلوط چینی و امریکی اسٹو (گاڑھے شوربے کا سبزی گوشت) جو تلی ہوئی نُوڈل یعنی موٹی سوَیّوں پر ڈال کر کھایا جاتا ہے ، اس اسٹو میں گوشت کے پارچے اور مختلف سبزیاں ، ترکاریاں ہوتی ہیں جو اس طرح پکائی جاتی ہیں کہ ان میں ایک حد تک خستگی باقی رہے ۔

chrestomathy, n. کتابِ اقتباسات ؛ بیاض ؛ اقتباس نامہ : غیر زبان کے اقتباسات کی کتاب جو زبان سیکھنے کے مقصد سے جمع کیے جائیں ؛ ایک ہی مصنّف کی تصنیفات سے اقتباسات کی کتاب یا مجموعہ ۔

chrism, n. (کلیسیات) روغن مسح ؛ پُھونکا ہوا متبرّک تیل جو بعض گرجاؤں میں اصطباغ (بپتسمہ) ، توثیق ایمان کی رسم وغیرہ کی ادائیگی میں استعمال ہوتا ہے ؛ فضل الٰہی کے لیے متبرک روغن کا مسح ؛ توثیقِ ایمان کی رسم ، خصوصاً جس طرح یونانی کلیسا میں ادا کی جاتی ہے؛ رسم روغن مالی (بوقت نز ع)۔(مجازاً) چرب زبانی یا خوشامد ۔

chrisom, n. چادرِ بپتسمہ : سفید چادر جس میں بپتسمہ دیتے وقت بچّے کو لپیٹا جاتا ہے اور اگر بپتسمہ کے بعد بچّہ مر جائے تو بطور کفن بھی اسی چادر کو استعمال کرتے ہیں ۔

Christ, n. حضرتِ عیسیٰ ؛ مسیح ؛ یسوع مسیح ؛ مسیحا ؛ مسیح موعود ؛ وہ شخص جسے متبرک روغن سے مسح کر کے حکمران بنایا گیا ہو ؛ لقب یا خطاب جو عیسائی دنیا نے ناصریہ کے حضرت عیسیٰ کو اس ایقان کے تحت دیا ہے کہ وہ توریت کی پیش گوئی کے مطابق مسیحا اور نجات دہندہ ہیں ؛ پہلے Jesus Christ میں کرائسٹ کا لفظ بطور لقب استعمال ہوتا تھا ، بعد میں یہ اسم معرفہ بن گیا ؛ مثالی شخص جو کردار میں حضرت عیسیٰ سے مماثل ہو ؛ آسمانی ، روحانی بادشاہ ؛ نجات دہندہ ۔

christcross, n. (برطانوی بولی) ان پڑھ شخص کا نشانِ دستخط جو وہ اپنے نام کی بجائے بناتا ہے ۔

christen, v.t. اصطباغ دینا ؛ عیسائی بنانا ؛ بپتسمہ دینا ؛ بپتسمہ کی رسم کے ذریعہ عیسائی بنانا یا عیسائی کلیسا میں داخل کرنا ؛ بپتسمہ دینا ؛ بپتسمہ کے وقت عیسائی نام رکھنا ؛ لہٰذا نام دینا اور منسُوب کرنا ؛ عمومی طور پر نام دینے یا رکھنے کے معنوں میں یہ لفظ استعمال ہوتا ہے ۔

Christendom, n. عالمِ مسیحیّت ؛ عالمِ نصرانیّت ؛ دنیائے عیسائیت ؛ نصاریٰ ؛ وہ علاقے اور ممالک جہاں عیسائی یا عیسائی مذہب کے ماننے والے آباد ہیں ؛ عیسائی لوگ ؛ عیسیٰ مسیح کی اُمّت ؛ نصرانیوں کی ولایت ۔

christening, n. اصطباغ ؛ تسمیہ ؛ نومولود بچّہ کو بپتسمہ دینے اور اس کا نام رکھنے کی رسم ؛ عام جلسہ میں جہاز کا نام رکھنے اور منسوب کرنے کی باقاعدہ رسم ؛ کسی بھی نئی یا حال میں مکمّل کی گئی چیز کو تسلیم کرنے یا نام دینے کی رسم ؛ نام رکھائی ؛ بپتسمہ ؛ تسمیہ ؛ کرسٹان بنانے کا عمل ۔

Christian, n. مسیحی ؛ کرسچیئن ؛ معتقد مسیح ؛ عیسائی ؛ نصرانی ؛ وہ شخص جو عیسیٰ مسیح کے مذہب پر ایمان رکھتا ہے ، اس ایمان کا اظہار کرتا ہے یا جو اس مذہب میں یقین رکھنے والا سمجھا جاتا ہے اور اُس کی روش عیسیٰ مسیح کی تعلیمات کا نمونہ ہے ؛ وہ فرد جو عیسائی کلیسا سے تعلّق رکھتا ہے ؛ لڑکے کو دیا گیا نام ۔ (صفت) حضرت عیسیٰ یا عیسائیت کے متعلّق ؛ عیسوی ۔ (بول چال) انسانی صفات رکھنے والا ؛ وہ جو درندہ صفت نہ ہو ؛ باعزّت ؛ مہذّب آدمی ؛ معقُول آدمی ؛ بھلا مانس ۔

Christian Brother, n. رومن کیتھولک فرقہ کی تنظیم ''اخوان'' کا رکن ، یہ تنظیم ۱۶۸۰ء میں قائم ہوئی تھی ، اس کا مقصد یہ تھا کہ اس کے ارکان ابتدائی اور ثانوی درجوں کی تعلیم عام کرنے کے لیے زندگی وقف کر دیں ۔

Christian era, Christian period, n. عیسیٰ مسیح کی ولادت سے عصر حاضر تک کا عرصہ ؛ سن عیسوی ۔

christiania, n. (اِسکی کھیل) کرسٹیانیہ ؛ کرسٹی ؛ برف پر اِسکی کرتے ہوئے رُکنے ، رفتار کم کرنے یا سمت بدلنے کے لیے تیز رفتاری میں یکایک موڑ کاٹنا یا مڑ جانا ؛ یہ موڑ دونوں پیروں کے اِسکی تختوں کو ایک دوسرے کے متوازی رکھتے ہوئے آگے جھوک لے کر دائیں یا بائیں جانب مڑ کے کاٹا جاتا ہے ؛ اس طرح موڑ کاٹنے کو متوازی کرسٹی (parallel christie) یا صرف کرسٹی (christy) بھی کہتے ہیں ۔

Christianity, n. عیسائیت ؛ مسیحیّت ؛ نصرانیّت ؛ عیسائیوں کا مذہب جس میں مشرقی راسخُ العقیدہ ، رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ فرقے کے لوگ شامل ہیں ؛ حضرت عیسیٰ کی مذہبی تعلیمات اور احکامات کا نظام ؛ عیسائی مذہب کے احکام کی مطابقت ۔

Christianize, v.t. عیسائی بنانا ؛ عیسائی مذہب کے دائرے میں لانا ۔

Christianization, n. اصطباغِ مسیحی ؛ عیسائی بنانے کا عمل ؛ تنصّر ؛ تمسیح ؛ مسیحی بنانے کا عمل ۔

Christian name, n. ذاتی نام ؛ بپتسمہ کے وقت دیا گیا ذاتی نام جو خاندانی نام یا لقب سے ممیّز یا اس کے علاوہ ہوتا ہے ؛ عیسائی نام ؛ نام کا پہلا جُز ۔

Christian Reformed, a. اصلاحی عیسائی ؛ نصرانی تنظیم نو ؛ بحوالہ امریکی پروٹسٹنٹ چرچ جو ۱۸۷۵ء میں ''ڈچ ریفارمڈ چرچ'' سے علیحدہ ہو گیا تھا ۔

Christian Science, n. علاج بذریعہ مسیحی روحانیّت ؛ عیسائی سائنس ، آسمانی صحائف پر مبنی مذہبی تعلیمات کا نظام جسے ۱۸۶۶ء میں میری بیکر ایڈی نے شروع کیا تھا اور جو بیماریوں کے ذہنی اور رُوحانی علاج کی شکل میں کیا جاتا تھا ۔

Christian Scientist, n. عیسائیوں کا روحانی معالج ۔

Christlike, Christly, a. مسیحامثل ؛ مسیح کا یا مسیح

کی مانند ؛ عیسیٰ صفت ؛ عیسیٰ کی صفات کا حامل ۔

Christmas, n. یومِ کرسمس ؛ عیدِ نصاریٰ ؛ عیسائیوں کا بڑا دن ؛ یوم ولادتِ عیسیٰ مسیح ؛ عیسائی کلیسا کا تہوار جو ہر سال ۲۵ دسمبر کو حضرت عیسیٰ کی ولادت کی یاد میں منایا جاتا ہے ۔

Christmastide, n. عشرۂ عید ؛ کرسمس یا عید نصاریٰ کے ایام ، خصوصاً انگلستان میں اس عید کا عرصہ ۲۴ دسمبر کو کرسمس کی صُبح سے شروع ہو کر ٦ جنوری یعنی حضرت عیسیٰؑ کے ظہور کے دن تک رہتا ہے ۔

Christmas tree, n. شجرِ عیدِ نصاریٰ ؛ شجرِ کرسمس ؛ سدا بہار درخت یا نقلی درخت جو کرسمس کے موقع پر گھروں میں روشنیوں ، دیگر آرایشی چیزوں اور تحائف سے سجایا جاتا ہے ۔ (عوامی) تیل کے کنوئیں پر نلکوں ، والوؤں (یعنی کُھل مندن پرزوں) لوہے کے سلاخی پیمانوں وغیرہ پر مشتمل پیچیدہ مشینی سازوسامان ؛ تیل کے کنوئیں کی روشنی والی ڈیرک (بوجھ اٹھانے والی کل) ؛ آبدوز میں کنٹرول روم کے اندر جڑا ہوا تختہ یا ستون ۔

Christology, n. مسیحیات ؛ مذہبیات کی وہ شاخ جو عیسیٰ مسیح اور ان کی تعلیمات سے تعلّق رکھتی ہے ۔ عیسیٰؑ مسیح کی شخصیت اور کارناموں کے متعلق نظریہ ؛ علم مسیحیّت ۔

Christophany, n. ظہورِ مسیح ؛ موت کے بعد عیسیٰ مسیح کا انسانوں میں ظہور ۔

chroma, n. رنگت ؛ لونیّت ؛ خالص رنگ یا اس کی سفید/بُھورے رنگ سے خلاصی ؛امتیازی رنگ کی گہرائی ؛ کسی بھی رنگ کی شدّت یا انتہائی شکل ۔

chromate, n. (کیمیا) کرومیٹ ؛ کرومیٹی تیزاب کا نمک ؛ کرومیم کا مرکّب ۔

chromatic, a. رنگین ؛ لونی ؛ تیز رنگ ؛ رنگ یا رنگوں کا یا ان سے متعلّق ؛ رنگ سے بھرا ہوا ۔ (موسیقی) آدھے سروں/سُرتیوں کے استعمال سے پورے آٹھ سُروں کے سَرگم میں تبدیلی؛ پورے آٹھ سروں کے سرگم کے معینّہ وقفوں کے بجائے آدھی سُرتیوں کے ذریعہ آگے بڑھنا ؛ کسی دُھن میں سُروں کے اُن تاروں کے آہنگ کا اظہار (کی نشان دہی) جو دُھن میں استعمال شدہ آٹھ سُروں کے سرگم میں موجود نہ ہوں ؛ نیم پردہ ؛ نیم سُرتی ۔

chromatically, adv. رنگینی سے ؛ رنگ کے لحاظ سے ؛ سُرتیوں کے نغماتی انداز پر ۔

chromatic aberration, n. لونی انحراف ؛ عدمِ ارتکاز ؛ انحراف یا کجی جو طیف یا شعاعی عکس کی رنگین کرنوں کے اِنعطاف میں مماثلت کے فقدان کی وجہ سے پیدا ہو ۔

chromaticity, n. لونیّت ؛ رنگت ؛ رنگین ہونے کی حالت ؛ کسی رنگ کی خصوصیّت جو اس کی غالب طُول موج اور خالص پن کو ملا کر متعیّن کی جاتی ہیں ۔

chromatics, n. کرومیات ؛ لونیات ؛ عِلمُ الالوان ؛ مناظریات یا علم المناظر والمرایا کا وہ حصّہ جو رنگوں کی خصوصیات و اوصاف سے متعلّق ہو ؛ لونیات کی وہ شاخ جو رنگوں کی گہرائی اور قسموں سے متعلّق ہے ۔

chromatic scale, n. (موسیقی) کرومائی سرگم : تیرہ مسلسل سُروں پر مشتمل سرگم یعنی آٹھ پورے سُر اور پانچ درمیانی سُرتیاں ؛ نغماتی سرگم جس میں سُرتیاں ہوں ۔

chromatid, n. (حیاتیات) لون خیطہ ؛ لونی اجسام کا ایک جوڑا جو خلیاتی تناسل کے دوران لونیّہ کے دو ہونے سے بنتا ہے ۔

chromatin, n. (حیاتیات) کروماٹین ؛ لونین ؛ لونیّہ کا وہ جُز جس کے متعلّق کہا جاتا ہے کہ اپنے اندر ایسی جین (مورثہ) رکھتا ہے جو بُنیادی رنگوں کا گہرا اثر چھوڑتا ہے ۔

chromatinic, a. کرومیٹینی ؛ مورثۂ لونی سے رنگین ۔

chromatism, n. لونی تجاوُز ؛ غیر طبعی رنگت ؛ لونیّت ؛ خلاف معمول رنگت جیسے پودوں کے قدرتی طور پر سبز حصے کا بدلا ہوا رنگ ؛ لونی ضلالت ؛ لونی اِنحراف ۔

chromatography, n. (کیمیا) رنگ نگاری ؛ لون نِگاری ؛ قریبی تعلّق رکھنے والے مرکّبات کو ایسے طریقے سے علیحدہ کرنا کہ محلول مرکّبات کسی جاذب کی رنگین پرتوں میں علیحدہ علیحدہ جذب ہو جائیں ، تاکہ آمیزوں کے تجزیے میں آسانی ہو ۔

chromatographic, a. رنگ نگارانہ ؛ لونی انداز سے ۔

chromatology, n. عِلمُ الالوان ؛ لونیات ؛ رنگوں کے متعلق نظریات یا رنگوں پر کتاب ۔

chromatophore, n. (حیوانیات) لونی مادّہ ؛ رنگین مادّۂ حیات کا ڈھیر ؛ رنگین جسم یا خلیہ ، ایسے اجسام/خلیّات جو دہ شاخہ ماہی یا گرگٹ کی طرح(اپنی کھال کو)سکیڑنے یا پھیلانے سے عارضی طور پر رنگ بدل لیتے ہیں ۔ (نباتیات) پودوں کے خلیّات میں ایک قسم کا حَیّ ریزہ ؛ لونی خلیہ ۔

chromatophoric, a. رنگین خلیاتی ؛ لون بردار ؛ رنگدار ۔

chrome, n. کروم ؛ خصوصاً وہ جو مختلف چِلدی یا قدرتی رنگوں کا منبع ہو ، جیسے سبز کروم ، نارنج کروم ، زرد کروم ؛ کرومیم سے رنگے ہوئے موٹر کار کے دھات سے بنے ہوئے حصّے ۔

chrome, v.t. (رنگ سازی) کرومانا ؛ پوٹیشیم بائیکرومیٹ کے محلول میں ڈبو کر تیّار کرنا ؛ کرومیم کے مرکّب کی تہ چڑھانا ؛ چمڑا کمانے کے لیے کرومیم کا مرکّب استعمال کرنا ۔

chrome alum, n. (کیمیا) کروم پھٹکری ؛ کروم زاج ؛ گہرا بنفشی کرومیم اور پوٹیشیم یا امونیم کا ڈبل سلفیٹ جو رنگ سازی اور چمڑے کی دباغت کے کام آتا ہے ۔

chromic, a. کرومیمی ؛ کرومی ؛ کرومیم کا یا کرومیم کا حامل خصوصاً جب کہ وہ سہ گرفتہ ہو ۔

chromic acid, n. کرومک ایسڈ ؛ ایک تیزاب ، H_2CrO_4 جو کرومیٹ یا نمکیات اور محلول کی شکل میں ہوتا ہے ۔

chrominance, n. (رنگین ٹی وی) سُرعت اللونی فرق ؛ ایک رنگ اور اس سے ملتے جلتے کسی شوخ رنگ کے درمیان رنگ کی تیزی کا معینّہ فرق ۔

chromite, n. کرومائیٹ ؛ ایک معدن جو کرومیم اور آئرن آکسائڈ کا مرکّب ہوتا ہے ۔ (کیمیا) دو گرفتہ کرومیم والا نمک ۔

chromium, n. (کیمیا) کرومیم ؛ ایک چمکیلا ، سخت اور دھاتی/معدنی عنصر جو مرکّبات میں پایا جاتا ہے ، اس میں زنگ نہیں لگتا اور دھاتوں میں آمیزش نیز برقی قلعی (رنگ کی تہ چڑھانے) کے لیے عام طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

chromo, n. chromolithograph کا مرخّم ۔

chromogen, n. (کیمیا) کروموجن؛لون زا : ایک مرکّب جو بجائے خود رنگ نہیں لیکن اپنے رنگ بنانے والی جوہری اقسام کے مجموعہ کی بدولت رنگ میں تبدیل ہو سکتا ہے ؛ رنگ بنانے والا مرکّب

chromogenic, a. لون زائی ؛ کروموجن کے متعلّق یا کروموجن ؛ نیز ایسی چیز جو رنگ بنائے یا جس سے رنگ پیدا کیا جائے ؛ ایسے جراثیم کے متعلّق جو کوئی خاص رنگ یا سطحی/جلدی لون بنائیں ۔

chromolithograph, n. رنگین لیتھو ؛ رنگ دار سنگی چھپائی ؛ سنگی طباعت کے عمل سے چھپی ہوئی رنگین تصویر۔

chromolithography, n. رنگین سنگی طباعت ؛ رنگوں میں چھاپنے کا عمل ۔

chromolithographic, a. رنگین سنگی طباعت کے متعلّق ۔

chromolithographer, n. طابعِ رنگین ؛ رنگین سنگی طباعت کرنے والا یا طابع ۔

chromonema, n. (جینیات) لونی رشتہ ؛ لونی خیطہ : لونی خلیہ زوج کا گھنگریالا یا دھاگے کے گُچھّے کی مانند اندرونی حصّہ جس کے متعلّق یہ خیال ہے کہ جین یا مورثہ کی ترسیل کرتا ہے ۔

chromophil, chromatophil, a. (حیاتیات) رنگ پسند؛ لون پسند ؛ جاذبِ رنگ ؛ رنگوں سے بہ آسانی داغدار ہو جانا جیسے خلیوں اور نسیج کا یا اس سے متعلق ۔

chromophore, n. (کیمیا) رنگین ساز ؛ لون ساز ؛ کیمیاوی اجزا کا ایک مجموعہ جو اگر خوشبودار یا دُوسرے مرکّب میں موجود ہو تو اسے رنگین بنا دیتا ہے ۔

chromoplast, n. (نباتیات) لونی جبلّہ ؛ کروموپلاسٹ ؛ خلیّۂ مایہ یا مادّۂ حیات جس میں خضرہ کے علاوہ رنگنے والا جُز ہو ؛ رنگ دانہ ۔

chromoprotein, n. (حیاتی کیمیا) لون پروٹین ؛ لونی لحمیہ : لحمیاتی مرکّب جیسے ہیموگلوبن یا عمرۃُ الدَّم جو لحمیہ اور ایک رنگ یا جذرین سے مل کر بنتا ہے ۔

chromosomal, a. (حیاتیات) لون جسمی ؛ لونی جسمیہ ؛ لونی اجسام کا یا ان کے متعلّق ۔

chromosomally, adv. لونیّت سے۔

chromosome, n. (حیاتیات) لونیہ؛ لونی جسم ؛ عصا یا نخ نُما/دھاگے کی طرح کے جسموں میں سے ایک ، جس میں رنگین جُز ہوتا ہے اور جو اپنے اندر جین/مورثہ رکھتا ہے ، ہر نوع کے لیے مورثوں کی تعداد مقرر ہے ، یہ مورثے پودوں اور جانوروں کے تمام خلیات کے مرکزوں میں موجود ہوتے ہیں ؛ لونی جسیمہ۔

chromosphere, n. (فلکیات) لونی ہالہ ؛ کرۂ لون : ایک گیسی پرَت/ طبقہ جس نے کرۂ ضیائی کے اُوپر سورج کو گھیرے میں لے رکھا ہے ، اس میں زیادہ تر ہائیڈروجن ہے جس کے باعث اس کا رنگ سُرخی مائل ہے ؛ ایسی ہی پرَت جو کسی ستارے کو گھیرے میں لیے ہو۔

chromospheric, a. کرۂ لون کے متعلّق ۔

chromous, a. (کیمیا) کرومی ؛ کرومیم یا اس کے متعلق ، خصوصاً ان مرکّبات کے حوالے سے جن میں دوگرفتہ کرومیم ہو۔ دیکھیے : chromic ۔

chronic, a., n. مزمن ؛ کُہنہ ؛ سخت ؛ عیبی ؛ بد ؛ پُرانا ؛ شدید ؛ زیادہ عرصہ رہنے والی یا لمبے عرصہ تک بار بار ہونے والی (بیماری) ؛ ایسا مرض یا عارضہ جو طویل عرصہ تک رہے یا بار بار ہو جائے گو بہت شدید نہ ہو (جیسے : chronic arthritis)؛ہمیشہ موجود یا مسلسل ، خصوصاً پریشان کن صورتِ حال ،(جیسے : chronic tardi-ness) ؛ بار بار ؛ متواتر یا عادتاً کوئی کام کرنا (جیسے chronic com-plainer) ؛ دیرینہ ؛ دیرپا ۔

chronical, a. مزمن ؛ کُہنہ ۔

chronically, adv. مُزمنانہ ؛ مزمن طور پر ؛ دیرانہ ۔

chronicity, n. دائم المرض ؛ کُہنگی ؛ پُرانا پن ؛ مزمنیّت ؛ تَزمُّن ۔

chronicle, n. تواریخ ؛ روزنامچہ ؛ تاریخ وار واقعات یا سوانح : سرگزشت : عام طور پر حقائق و واقعات کا تفصیلی بیان جو تفسیر، تبصرہ یا تنقید کے بغیر تاریخ وار لکھّا گیا ہو ؛ واقعہ ؛ بیان ۔ (جمع ، بڑے C سے) عہد نامۂ قدیم یا انجیلِ قدیم کی دو کتابوں کا عنوان ، اِن کتابوں میں زیادہ تر جوڈاہ (یہودا) کی سلطنت کے وقائع بیان کیے گئے ہیں ۔ (فعل متعدّی) روزنامچہ میں لکھنا یا روزنامچہ کے اسلوب میں لکھنا ۔

chronicler, n. وقائع نِگار ؛ روزنامچہ لکھنے والا ؛ واقعہ نِگار ؛ تاریخ لکھنے والا ؛ مؤرِخ ۔

chronicle play, n. سن وار تاریخی ڈرامہ ؛ سلسلہ وار مختصر تاریخی واقعات کے تاریخ وار بیان پر مبنی ڈرامہ ۔

chronogram, n. ترسیمِ وقت ؛ مادّۂ تاریخ ؛ ایک لفظ یا چند الفاظ جن میں رُومی ہندسوں کے بڑے حروف میں کسی تاریخ کا اظہار ہو ؛ وقت نِگار یا وقت بتانے والے آلہ کے ذریعہ بنایا گیا وقت کا ریکارڈ

chronograph, n. وقت نگار ؛ وقت بتانے والا آلہ : علم ہیئت سے متعلّق کوئی آلہ جو واقعات/حادثات کے ہونے کا صحیح وقت ریکارڈکرنے اور وقت کے چھوٹے چھوٹے وقفے ناپنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

chronologic, chronological, a. سن وار ؛ تاریخ وار؛ تاریخی واقعہ نگاری کے متعلّق ؛ فن تاریخ کا ؛ واقعات کے تاریخ وار بیان کا حامل ؛ اوقات کی ترتیب کے مطابق ۔

chronologically, adv. تاریخ وارانہ ؛سن وارانہ ؛ وقائع نگارانہ ۔

chronologist, chronologer, n. مؤرِّخ؛ تاریخ دان ؛ وقائع نِگار ؛ تاریخ لکھنے والا ؛ روزنامچہ لکھنے والا ؛ جَدوَل نویس ؛ شجرہ نویس ؛ تاریخ نویس ؛ تاریخ نگار ؛ وہ شخص جو تاریخ وار واقعہ نِگاری میں ماہر ہو ؛ گزشتہ واقعات و معاملات کی تحقیق کرنے والا ۔

chronology, n. تقویم ؛ وقائع نِگاری ؛ عِلمِ تاریخ ؛ تاریخ وار سلسلۂ واقعات ؛ واقعہ نِگاری : وہ سائنس جو گزشتہ واقعات یا معاملات کے ہونے کی صحیح تاریخوں/اوقات کا تعیُّن کرے اور انہیں تاریخ وار مرتّب کرے ؛ اوقات وار/تاریخ وار ترتیب ؛ تاریخی حوالوں کی کتاب جس میں گزشتہ واقعات تاریخ وار یا وقت کی تقدیم و تاخیر کے مُطابق لکھے گئے ہوں ۔

chronometer, n. ساعت پیما ؛ صحیح وقت پیما یا ٹھیک وقت بتانے والی گھڑی ؛ وقت پیمائی کا کوئی بھی آلہ جیسے کلاک ،

ڈائل یا گھڑی ، خصوصاً وہ نہایت صحیح ٹائم پیس جو اجرامِ فلکی کا مشاہدہ کرتے وقت استعمال کیا جاتا ہے تا کہ سمندر میں طول البلد کا تعیّن کیا جا سکے یا جو وقت کا بالکل صحیح تعیّن کرنے کی ضرورت کے وقت کام آئے ؛ بحری گھڑی ۔

chronometry, n. وقت پیمائی ؛ وقت ناپنے کا فن ؛ عہد یا ادوار کے لحاظ سے وقت کی پیمایش ۔

chronoscope, n. ساعت نُما ؛ وقت نُما ؛ کرونو سکوپ ؛ رفتار پیما ؛ نہایت کم وقت رہنے والے مظاہر قدرت کا عرصۂ وجود ناپنے والا آلہ ؛ خصوصاً مختلف اقسام کے ایسے آلات کا نام جن کے ذریعے قُوّت سے پھینکے جانے والے گولوں کی رفتار ناپی جائے ۔

chrysalis, chrysalid, n. پیوپا ؛ تکوینی حالت ؛ پیلہ ؛ زرگونہ ؛ تیتری ؛ تتلیوں ، پتنگوں اور دیگر مماثل کیڑوں کی وہ شکل جو لاروا یا جھانجے کے درجہ سے آگے گُزرنے کے بعد لیکن پر نکلنے یا مکمّل ہیئت میں آنے سے پہلے ہوتی ہے ؛ منجھروپ یا پوپا ؛ بادامہ ۔

chrysanthemum, n. گُلِ داؤدی : سدابہار اور ستارہ نُما پُھول کا کوئی بھی پودا جو اسی نام کی جنس سے تعلّق رکھتا ہو ؛ اس کی مختلف کاشتہ اقسام میں سے کوئی ایک ، جو اصلاً چینی پودا ہے یا اس کی دوسری قسمیں ، موسم خزاں کے پودوں میں جن کے پُھول ' رنگ ، شکل اور حُجم میں تنوُّع کے باعث مشہور ہیں ؛ ان پودوں کے پُھول ۔

chrysoberyl, n. عقیقِ زرد ؛ زبرجد ؛ ایک قدرتی معدن جس کا رنگ عموماً زرد یا سبزی مائل ہوتا ہے ، کبھی کبھی بطور گوہر استعمال کرتے ہیں ۔

chrysolite, n. یشبِ سبز ؛ یشم سبز ؛ ہرے رنگ کا ایک قیمتی پتّھر ؛ میگنیشیم اور لوہے کا سلیکیٹ جس کا رنگ زرد یا سبز یا ان دونوں رنگوں کے درمیان ہوتا ہے ، اس پتّھر کی بعض شکلیں بطور گوہر استعمال کی جاتی ہیں ؛ زیتُونی رنگ کا قیمتی پتّھر ؛ زبرجد ۔

chrysoprase, n. زردی مائل فیروزہ ؛ پُکھراج ؛ نیم شفّاف سیبی سبز رنگ کا معدن ؛ عقیقِ سبز ، عقیقِ اَبیَض کی ایک قسم ؛ سنگِ ستارا ۔

chthonian, chthonic, a. زیر زمین یا زمین کی تہ کے باشندے ؛ تحت الثریٰ کے دیوی دیوتاؤں یا ارواح کے متعلّق ۔

chub, n. چوب ماہی ؛ ایک عام مچھلی ؛ یورپ کی سمک ابیض (Leuciscus cephalus) یا اس کی قرابت دار امریکی مچھلی جسے کبھی کبھی مچھلی کے شکاری بطور طُعمہ استعمال کرتے ہیں ۔

chubby, a. پُھولا ہوا ؛ گول اور گداز چہرے یا موٹے جسم والا ؛ گل پُھلا ؛ گول اور گداز ؛ گول مٹول ؛ موٹا ۔

chubbiness, n. مُٹاپا ؛ گدازی ۔

chuck, v.t. گھوڑے کو ہانکنا ؛ ٹخ ٹخ کرنا ؛ آہستہ مارنا ؛ کھٹکھٹانا ؛ کھٹ کھٹ کرنا ، آہستہ سے ضرب لگانا ؛ تیزی سے تھوڑے فاصلے پر پھینکنا ؛ نشانے پر پھینکنا ؛ رد کرنا ۔ (عوامی) عاجز آ کر چھوڑنا یا ترک کرنا (جیسے : He chucked his job)۔ (اسم) ہلکی تھپکی یا ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ دیکر دی گئی تھپکی ؛ اچھال ؛ چھوٹے فاصلے کی پھینک ۔

chuck, n. دستی یا کندھے اور گردن کے درمیان سے گائے کے گوشت کا کاٹا ہوا حصّہ ۔ (عوامی) غذا ؛ خوراک ۔ (میکانیات) اوٹ ؛ ٹیک ؛ شکنجہ یا ٹیک جس سے لکڑی کس کر یا جس پر رکھ کر برمے سے سوراخ کرتے ہیں یا خراد سے چھیلتے ہیں ۔

chuck, n. مرغی اور بعض دیگر پرندوں کے کٹ کٹ کرنے / کُٹکُٹانے کی آواز یا اس سے ملتی جلتی آوازیں ۔ (فعل لازم) کُٹ کُٹ کرنا ، کُٹکُٹانا ؛ کُٹرکُٹر کرنا ؛ کُڑکُڑانا ۔

chuck-full, a. دیکھیے : chock-full ۔

chuck-hole, n. سڑک یا شاہراہ پر گہرا اسطوانی سوراخ یا نالی/لکیر ۔

chuckle, v.i. بے ساختہ اور کُھل کر اس طرح ہنسنا کہ اطمینان کا اظہار ہو ؛ آپ ہی آپ ہنسنا ؛ ایسے ہنسنا کہ آواز نہ نکلے ؛ رُک رُک کر ہنسنا ؛ مرغی کی سی آواز نکالنا . کُٹ کُٹ کرنا ؛ خوشی کی علامات ظاہر کرنا ؛ تفاخر کی ہنسی ہنسنا ؛ کسی کو ہرا کر یا ذلیل کر کے خوش ہونا ؛ بغلیں بجانا ۔

chuckle, n. دبی ہنسی ؛ رُکی رُکی ہنسی ۔

chuck wagon, n. چَک ویگن ؛ بھتّہ گاڑی : ویگن جو خصوصاً مغربی امریکا میں مویشی باڑے میں کام کرنے والوں اور کھیت مزدوروں کے لیے کھانا اور کھانا پکانے کا سامان لے جاتی ہے ۔

chuck-will's-widow, n. بکری چُوس ؛ جنوبی امریکا میں پایا جانے والا ایک پرندہ کیرولینا کا بکری چوس (Caprimulgus carolinensis) ، شب پرّاں پرندے وھپور ول سے مشابہ مگر اس سے بڑا ہوتا ہے اور بکری کا دودھ پیتا ہے ۔

chug, n. کھنکار ؛ رُکی رُکی آواز کا ، ہلکا ہلکا کھانسی جیسا شور جیسا کہ پُرانے یا خراب انجن سے پیدا ہوتا ہے ۔ (فعل لازم) کھنکارنا ؛ مندرجہ بالا قسم کا شور کرنا(جیسے ، The Model T chugged along) ۔

chukar, chukar partridge, n. [اردو] چکار ؛ چکور ؛ کیک ؛ وراج ؛ تیتر ؛ ایشیا اور یورپ کی ایک کبکِ الیکٹورس چکار (Alectoris chukar) ، اب اس پرندے کا مغربی امریکا میں بھی شکار کھیلا جاتا ہے ۔

chukka, chukka boot, n. چکا بُوٹ : ٹخنوں تک کا بُوٹ/جوتا جو اکثر سوئیڈ (بکری کے بچّے کی بن کمائی کھال) کا بنتا ہے اور پہننے کے بعد سُوراخوں سے گزارے ہوئے تسمہ سے کسّا جاتا ہے ۔

chukker, chukkar, n. [اردو] چکر ؛ چوگان یا پولو کے کھیل کا ایک دور ۔

chum, n. یارِ غار ؛ قریبی رفیق ؛ جگری دوست ؛ شریک ؛ لنگوٹیا ؛ بے تکلّف دوست ؛ ہم پیالہ و ہم نوالہ ؛ ہمدم ؛ (مدرسے یا کالج کی اقامت گاہ میں) ہم حُجرہ ؛ ہم خانہ ۔ (فعل لازم) رفیق ، دوست یا ہم حُجرہ ہونا ؛ ساتھ رہنا ؛ بے تکلّفی پیدا ہونا ؛ ربط ضبط بڑھنا ؛ بے تکلّف ہونا ؛ ہم پیالہ و ہم نوالہ ہونا ؛ میل جول بڑھنا ۔

chum, n. مچھلی کا شکار کرنے کے لیے طُعمہ یا لُقمہ جو عموماً مچھلی کے چھوٹے چھوٹے ٹُکڑوں پر مشتمل ہوتا ہے ، یہ ٹُکڑے بنسی کے کانٹے /آنکڑے میں لگائے جاتے ہیں تا کہ مچھلیاں متوجّہ ہوں ۔

chum, v.i. طعمے یا چارے کی مدد سے مچھلی کا شکار کھیلنا ۔

chummy, a. (بول چال) دوستانہ ؛ مانوس ؛ میل جول والا ؛ گھلنے ملنے والا ؛ ملنسار۔

chummily, adv. دوستانہ ؛ میل جول سے۔

chumminess, n. قریبی تعلّق ؛ دوستی ؛ میل جول ؛ ربط ضبط۔

chump, n. مُنڈھی ؛ لکڑی کا چھوٹا ، موٹا اور وزنی ٹکڑا ؛ کودن ؛ غبی ؛ ٹُھس دماغ۔ (بول چال) کُند ذہن ؛ جاہل ؛ کندہ ؛ بوری ؛ بکری کی پُٹھ۔

chunk, n. کسی بھی چیز کا بڑا ٹُکڑا یا ڈھیر، جیسے لکڑی ، روٹی یا گوشت کا؛ قتلا ؛ پھانک ؛ قاش۔ (بول چال) موٹا تگڑا شخص یا درندہ/وحشی۔

chunky, a. مضبوط ؛ تگڑا ؛ گٹھیلا ؛ چھوٹے قد اور گُٹھے ہوئے جسم کا۔

church, n. کنیسہ ؛ صومعہ ؛ دَیر ؛ کنشت ؛ گرجا ؛ کلیسا ؛ گرجا گھر ؛ عام لوگوں (خصوصاً عیسائیوں) کی عبادت کے لیے عمارت ؛ عیسی مسیح کی اُمّت ؛ اس امتّ کا کوئی بھی وہ حصہ جو مسیحی عقیدہ رکھتا ہو اور ایک ہی مذہبی مقتدر/حاکم کو مانتا ہو ؛ عیسائی فرقہ ؛ عیسائی اُمتّ یا کسی مخصوص عیسائی فرقہ کا وہ حصّہ جو ایک ہی شہر ، مُلک یا قوم سے تعلّق رکھتا ہو ؛ عیسائیوں کی وہ جماعت جو ایک ہی مخصوص عمارت میں عبادت کرتی ہو یا عبادت گُزاروں کی ایک ہی انجمن/مجلس سے تعلّق رکھتی ہو ؛ دینی جماعت ؛ ریاست یا مُلکت سے مُمیّز مذہبی تنظیم ؛ مذہبی پیشواؤں/پادریوں کا فرقہ یا سلسلہ ؛ گرجا میں خُدا کی اجتماعی عبادت ؛ گرجا میں عیسائیوں کی نماز ؛ وسیع تر معنوں میں وہ جگہ یا عمارت جہاں غیر عیسائی مذہب کے لوگ عبادت کرتے ہوں ؛ کوئی بھی غیر عیسائی مذہبی جماعت یا تنظیم ،(جیسے : The Mohammadan church ، مسلمانوں کی مسجد)۔

church, a. کلیسائی ؛ چرچ/گرجا کا یا گرجا کے متعلّق۔ (برطانوی) قائم شُدہ یا تسلیم شُدہ چرچ/گرجا کا یا اس کے متعلّق۔

church, v.t. خصوصی عبادت کے لیے گرجا میں لے جانا ، جیسے نماز شکرانہ کے لیے لے جاتے ہیں ؛ گرجا میں شکرانے کی نماز ادا کرنا۔

churchgoer, n. کلیساً رَو ؛ وہ شخص جو گرجا میں عبادت کے لیے عادتاً یا اکثر جاتا ہو۔

churchgoing, n., a. کلیسا رَوی ؛ عبادت گزار عیسائی ؛ چرچ جانے والا بغرض عبادت۔

churchly, a. کلیسانہ ؛ مذہبی۔

churchliness, n. کلیسائیت۔

churchless, a. بے عقیدہ ؛ بے کلیسا ؛ بے گرجا ؛ وہ شخص جو کسی کلیسا سے تعلّق نہ رکھتا ہو یا کسی گرجا میں عبادت کے لیے نہ جاتا ہو۔

churchman, n. رکنِ کلیسا ؛ مذہبی فرد ؛ پادری ؛ کسی تسلیم شُدہ یا قومی گرجا کا رکن۔

churchmanship, n. خدمتِ کلیسا ؛ کلیسائیت۔

Church of England, n. کلیسائے انگلستان ؛ قانون کے ذریعے قائم شُدہ انگلینڈ کا قومی کلیسا ؛ کلیسائے انگلستان جو پوپ کے اقتدار کا مُنکر ہے۔

churchwarden, n. عہدہ دار یا محافظ کلیسا ؛ ناظرِ کلیسا ؛ گرجے کا مہتمم ، معتمد ؛ کلیسا وارڈن : ایک عام (غیر پادری) افسر جو انگلستانی گرجا میں گرجا کی جائیداد کا مہتمم اور پیرش (کلیسائی حلقہ) کا قانونی نمائندہ ہوتا ہے ؛ پروٹسٹنٹ ایپسکوپل گرجا کا عام افسر جو پیرش (کلیسائی حلقہ) کے دنیاوی معاملات کا ذمّہ دار یا منتظم ہو ؛ لمبی نلی والی مٹّی کی چلم یا بہت لمبی نلی کا تمباکو پینے کا پائپ۔

churchwoman, n. خاتون رُکنِ کلیسا ، گرجا ؛ خصوصاً انگلستانی گرجا کی رُکن ؛ کلیسا والی۔

churchy, a. کلیسا کا شیدائی ؛ کٹر کلیسائی ؛ گرجا یا کسی خاص گرجا کے متعلّق یا اس کا مشارہ ؛ وہ شخص جو گرجا کا بہت عقیدت مند ہو یا گرجا کی رسوم اور عبادتوں کا بہت زیادہ پابند ہو ؛ غالی عیسائی۔

churchyard, n. چرچ یارڈ ؛ وہ زمین جو گرجا کی چاردیواری کے اندر ہو ، اس قطعۂ زمین کو اکثر قبرستان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ کلیسائی گورستان ؛ گرجا کا قبرستان۔

churl, n. گنوار ؛ دیہاتی ؛ دہقان ؛ بانگڑو ؛ بدتمیز ؛ اکھّڑ ؛ بدمزاج ؛ خُودغرض ؛ کم ذات ؛ رذیل ؛ بخیل ؛ کنجوس ؛ ان گھڑ ؛ اُجڈ ؛ بداخلاق ؛ بے تمیز ؛ کندۂ ناتراش۔

churlish, a. گنوار کی طرح یا گنوار کے متعلق ؛ گُستاخ ؛ گنوارُو ؛ غیر مہذّب ؛ خودغرض ؛ حریص ؛ ایسا شخص جس کے ساتھ کام کرنا مشکل ہو یا ایسی چیز جس کے ساتھ یا جس پر کام کرنا مشکل ہو (جیسے : Churlish soil)۔

churlishly, adv. گنوار پن سے ؛ اکھّڑ پن سے ؛ بدتمیزی سے ؛ بخیلانہ ؛ اکھڑپنے سے۔

churlishness, n. گنوار پن ؛ اکھّڑ پن ؛ بدتمیزی ؛ بُخل ؛ کٹھور پن ؛ سختی ؛ کرختگی ؛ اُجڈ پن۔

churn, n. متھنی ؛ متھانی ؛ بلونی ؛ مدھانی ؛ مکھّن نکالنے کی مشین ؛ مکھّن نکالنے کا آلہ : وہ برتن جس میں بالائی یا دُودھ بلویا (ہلایا) جاتا ہے تا کہ مکھّن یا چکنائی علیحدہ ہو جائے۔

churn, v.t. بلونا ؛ متھنا ؛ جھاگ اُٹھانا ؛ دُودھ یا بالائی کو ہلانا یا بلونا تا کہ مکھّن نکل آئے ؛ دُودھ یا بالائی کو بلو کر مکھّن بنانا ؛ شدت سے ہلانا یا زور سے مسلسل حرکت کرنا ، (جیسے : The storm churned the waves)۔ (فعل لازم) جوش اور شدت سے حرکت کرنا ، (جیسے : The water churned around the rocks)۔

churr, n. چَرچَر کی آواز : ایسی آواز جو بعض پتنگے اور پرندے (مثلاً تیتر یا چکور) نکالتے ہیں ؛ ایک قسم کی ابابیل کی آواز۔ (فعل لازم) بھنبھنانا ؛ گھر گھر کا شور پیدا ہونا ؛ چرچَر ہونا۔

churrigueresque, a. چُوری گورسق ؛ ہسپانوی بروق : سترھویں اور اٹھارویں صدی عیسوی میں رائج عمارتوں کا ہسپانوی طرزِ آرایش جس کی خصوصیّت یہ تھی کہ دیواروں اور سقف پر شُعلہ وش رنگین لہر یا نقُوش اور بیل بوٹے بنائے جاتے تھے۔

chute, n. شُوٹ ؛ جھرنا ؛ آبشار ؛ اوپر سے نیچے

اُترائی ، جیسے دریا کا ڈھلان ؛ بہت زیادہ ڈھلان سے گرتی ہوئی تیز دھار ؛ ڈھلوان نالی ، پنالی ، آبریز ، منفذ یا سرنگ جس سے اوپر سے نیچے کی طرف پانی کو بہایا جائے یا غلّہ یا کوئلہ جیسی اشیا کو منتقل کیا جائے ؛ برف پر سے بہتیے کی گاڑی پھسلانے کے لیے بہت زیادہ ڈھلان ؛ سلامی آبشار ؛ آب انداز۔

chute, v.t. آبریز ، نالی یا سرنگ کے ذریعہ نیچے بھیجنا ۔ (فعل لازم) آبریز ، نالی یا سرُنگ کے ذریعہ نیچے جانا ؛ پانی کا ڈھلان پر سے بہنا ۔

chute, n. فروانداز شُوٹ ؛ پیراشوٹ : ہوائی جہاز سے نیچے اترنے کی چھتری ۔ (فعل لازم) پیرا شوٹ کے ذریعے ہوائی جہاز سے نیچے اترنا ؛ پیراشوٹ کے ذریعے ہوائی جہاز سے سامان رسد یا ساز و سامان نیچے گرانا یا پھینکنا ۔

chutney, n. [اردو] چٹنی ؛ پاک و ہند کی ایک مسالے دار چاشنی جو کھٹے پھلوں مثلاً لیموں ، کشمش ،مسالوں جات ، کھٹی چیزوں اور پسی ہوئی لال مرچ کو پکا کر مربہ کی شکل میں تیّار کی جاتی ہے ۔

chyme, n. رس ؛ کیموس،کائم : معدے میں غذا کی نیم رقیق شکل جو ہاضمہ کے دوران گیسوں کے عمل سے بنتی ہے ۔

chymify, v.t., v.i. کیموس ، کائم یا نیم رقیق شکل میں غذا کو بدلنا ؛ غذا کا نیم رقیق شکل میں بدلا جانا ۔

chymification, n. کیموس ، کائم یا نیم رقیق شکل میں غذا کے بدلنے کا عمل ؛ کیموساؤ ؛ تکمیس ؛ تکون کیموس ۔

ciborium, n. چَتر ؛ سرپوش پیالہ ؛ طعامیہ ؛ گرجا میں قربان گاہ کے اُوپر لگائی گئی مستقل چھتری ؛ چھوٹا اور مزیّن و مکلّف شامیانہ ؛ وہ برتن جس میں مُقدسؔ عشائے ربّانی کی متبرک روٹی رکھی جاتی ہے ، یہ برتن قَدَح نُما اور اس کا سرپوش گنبد نما ہوتا ہے ۔ (فن تعمیر) چتر ؛ چتر دار معبد ؛ گنبد والا مقبرہ ۔

cicada, cicala, n. جھینگر ؛ ٹڈّا ؛ ٹڈّی :بعض حشرات/کیڑوں کا مقبولِ عام اور جنسی/خاندانی نام ، ان کیڑوں کے نر اپنے جسم کے دائیں اور بائیں ایسا عضُو رکھتے ہیں جس کی مدد سے وہ کافی اور مسلسل شور کر سکتے ہیں ۔

cicala, n. دیکھیے : cicada ۔

cicatrix, cicatrice, n. (طب) زخم کا نشان ؛ داغ ۔ (نباتیات) چکتّا: نشان جو پتّا جھڑنے کے بعد شاخ پر رہ جاتا ہے ؛ درخت کے تنے سے چھال یا بکلّ اُکھڑنے کا نشان ؛ نافِ تُخم ۔

cicatrical, cicatricose, a. داغ داغ ؛ چکتّے دار ۔

cicatrize, cicatrise, v.t. کسی چیز پر داغ ڈالنا ۔ (فعل لازم) مندمل ہونا ؛ مندمل ہو کر داغ چھوڑنا ؛ انگور آنا ۔

cicatrization, n. اندمال ؛ زخم کا بھراؤ ؛ داغ ؛ داغ یا نشان چھوڑنے کا عمل ؛ داغوں یا نشانات سے بھر جانے کا عمل ؛ التیام ۔

cicely, n. سِسلی ؛ کئی پودوں کا مقبول نام ، میٹھا سِسلی یا میٹھا شیورل خوشبودار ہوتا ہے؛ اس کے پتّے فرن/کزف کی طرح ہوتے ہیں ؛ ایک پھول دار پودا ۔

cicerone, n. سسرون ؛ آثار نُما ؛ گائیڈ؛ آثار قدیمہ دکھانے والا ؛ سیّاحوں کو آثارِ قدیمہ دکھانے والے شخص کے لیے اطالوی اصطلاح؛ رہنما؛ سیر کرانے والا ۔

Ciceronian, a. سِسروی ؛ سسروجیسا ؛ سِسرو کے طرز و اسلوب سے مماثل ؛ (سسرو کی طرح) فصیح اور موزوں طبع ؛ سِسروشناس ۔

cider, n. سیڈر ؛ شرابِ سیب :سیب کے عرق سے تیّار کردہ تخمیری اور کُچھ الکحلی مشروب ۔

cigar, n. چُرٹ ؛ سگار :تمباکو کے پتوں کی لپیٹی ہوئی چھوٹی پتی جو تمباکو نوشی کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

cigarette, cigaret, n. سگرٹ :تمباکو نوشی کے لیے عُمدہ تراشے ہوئے تمباکو کی چھوٹی سی بتّی جو عموماً باریک سے کاغذ میں لپٹی ہوتی ہے ۔

cigarette-beetle, n. سگرٹ بھونرا :ایک بھونرا یا پتنگا جو خُشک تمباکو ، سگار اور سگرٹوں کو خراب یا برباد کرتا ہے ۔

cilia, n., پلکیں ؛آنکھوں کے پپوٹوں کے کناروں پر اُگنے والے بال ؛ مژگاں ؛ بال یا رُواں جو ترکاری پر اُگا ہُوا ہو ؛ بالوں سے مشابہ اور مرتعش نہایت چھوٹا خوردبین سے دیکھا جانے والا رُواں جو جانوروں کی غِشا/جھلّی پر ہوتا ہے اور اہم کام کرتا ہے ۔ اس کا واحد celuim ہے جو کم استعمال ہوتا ہے ؛ پتّوں کی جھالر ؛ تیتریوں کا بازو ؛ تتلیوں کے پر ؛ ادنیٰ آبی جانوروں کے حرکی روئیں ۔

ciliate, ciliated, a. مژگانی ؛ پلک دار ؛ پُپنیوں والا ۔

ciliary, a. پلک دار ؛ مو حاشیہ ؛ مژگانی ؛ پلکوں یا پپوٹوں سے تعلّق رکھنے والا ؛ مرتعش روئیں کے متعلّق یا اس روئیں کا کام جیسے روئیں کی حرکت ؛ روئیں دار ۔

cilice, n. اُونی کپڑا ؛ بالوں کا کپڑا ؛ بالوں کے بنے کپڑے کا بنیان/شلوکا یا قمیص جو پہلے زمانے میں بعض راہب پہنتے تھے ؛ بالوں کی بنی قمیص ؛ بالوں کا لباس ؛ اُونی لباس ۔

cimex, n. بستری کھٹمل : اسی نام کی جنس سے تعلّق رکھنے والا فرشی ساس ۔

Cimmerian, n. باشندگانِ ظُلمت ؛ دیومالائی یا اساطیری لوگ جو حسبِ روایت ایسے مقامات پر رہتے ہیں جہاں سورج نہیں نکلتا اور مستقل اندھیرا رہتا ہے ۔ (صفت) ظلمت باشوں کے متعلق ؛ بُہت تاریک ۔

cinch, n. گھوڑے کا زیربند ؛ زین بند ، تنگ : گھوڑے پر زین کسنے یا سامان باندھنے کی مضبوط پیٹی ، پٹکا یا رسّی ؛ مضبوط گرفت ۔ (عوامی) یقینی بات یا آسان کام ؛ پُورے قابو میں ؛ پکی بات ؛ تاش کے کھیل آل فورز کی ایک قسم ۔

cinch, v.t. گھوڑے پر زین کو سنج یا پٹکے سے باندھنا ؛ مضبوطی سے یا کس کر باندھنا ۔ (عوامی) موقع سے فائدہ اٹھانا یا کامیابی کو یقینی بنانا ؛ سنج کے کھیل میں پنجے سے بڑا یا اُونچا ترپ کا پتّہ چل کر ایک ہاتھ محفوظ کرنا ۔

cinchona, n. [پیرو کے ہسپانوی وائسرائے کی بیوی چنکون کے نام پر] سِنکونا ؛ جنوبی امریکا کے اینڈیز پہاڑوں پر جنس سنکونا (Cinchona) کا کوئی بھی درخت یا جھاڑی جسے وہاں اور دیگر مقامات پر بھی کاشت کیا جاتا ہے ، اس کی چھال سے کونین اور دیگر القلائی ادویات حاصل کی جاتی ہیں ۔

cinchonine, n. سنکونین : ایک قلیاسا یا قلی نُما دوا جو سنکونا کی کئی قسموں کی چھال سے کونین کے ساتھ حاصل کی جاتی ہے اور بُخار کم کرنے میں اس چھال کا ایک عملی جُز ہوتی ہے ۔

cinchonism, n. سمیّت کونین ؛ سنکونیّت : سنکونا کی زیادہ خوراک کا بُرا اثر ، ایسی حالت جس میں چکر آتے ہیں، کان بجتے ہیں ، عارضی طور پر بہراپن ہو جاتا ہے اور سر میں درد ہوتا ہے ، یہ حالت سنکونا یا کونین کی زیادہ خوراک لینے سے ہوتی ہے ۔

cincture, n. گھیر ؛ کمر بند ؛ پیٹی ، پٹکا یا کوئی مماثل چیز ؛ وہ جو گھیر لے ، لپٹ جائے ، دائرے میں لے لے یا احاطہ میں بند کر لے ؛ احاطہ ؛ حلقہ ؛ گھیرا ؛ گولہ ۔

cinder, n. لوہے کا میل ؛ دھات کا میل ؛ اخگر ؛ دُردہ ، کھنگر ، خاکستر ؛ کوئلے ، لکڑی یا کسی دوسرے مادّہ کا جلا ہوا یا ادھ جلا ٹکڑا (ان معنوں میں یہ لفظ اکثر جمع کے صیغے میں استعمال ہوتا ہے) ۔ (جمع) خاکستر ؛ زغال سوختہ ؛ رماد ؛ کجلایا ہوا کوئلہ ۔ (فعل متعدی) جلا کر خاک کر دینا ؛ خاکستر بنانا ۔

cinderella, n. کشتۂ ناقدر شناسی ؛ ناقدری/بے قدری کا مارا ہوا : وہ شخص ، مقام یا چیز جو بے قدری کے باعث کم رُتبہ/درجہ ہو لیکن یکا یک اعلیٰ درجہ حاصل کر لے اور مشہور ہو جائے ؛ پریوں کی کہانی سنڈریلا سے ماخوذ ۔

cine, n. فلم/متحرّک تصویریں ؛ فلم کا تھیٹر یا ناٹک ۔

cinema, n. سنیما ؛ متحرّک تصویروں کا تھیٹر ؛ متحرک تصویر ؛(the کے ساتھ) متحرک تصویروں کا اجتماعی نام جیسے فن کی کوئی قسم ؛ تصویر گھر ۔

cinematic, a. (عموماً برطانوی) سینمائی ؛ حرکی ؛ جنبش پذیر ۔

cinematograph, n. سنیماٹو گراف : وہ مشین جو پردے پر تیزی سے یکے بعد دیگرے تصویروں کا عکس ڈالتی ہے جس کے باعث تصویریں حرکت کرتی نظر آتی ہیں ؛ وہ مشین یا کیمرہ جس سے متحرّک تصویریں کھینچی جاتی ہیں ؛ حرکت نگار ؛ سینما مشین ؛ متحرک تصویر نما ۔ (فعل متعدی) سینماٹو گراف کے ذریعہ (تصویروں کا منظر) دہرانا ۔

cinematographer, n. حرکی تصویری کیمرہ کار : متحرک تصویروں کا کیمرہ استعمال کرنے والا یا متحرّک تصویریں پردے پر دکھانے کی مشین چلانے والا ۔

cinematography, n. حرکت نگاری ؛ جنبش نگاری ؛ متحرک تصویریں اُتارنے کا فن ؛ ہُنر فلم برداری ۔

cinematographic, a. حرکت نگاری یا جنبش نگاری کے متعلّق ۔

cineol, n. سینئول : یوکلپٹول ایک بے رنگ کافوری مہک والا کڑوا تیل جو یو کلپٹس کے روغن سے حاصل کیا جاتا ہے اور ادویہ نیز عطریات بنانے کے کام آتا ہے ۔

Cinerama, n. سنے راما ؛ سہ ابعادی متحرک تصویر : وہ فلم یا متحرّک تصویر جو پردے پر سہ سمتی منظر پیش کرے ؛ سہ شیشہ کیمرہ ، قوسی پردہ ، عکس ڈالنے والی تین مشینوں اور بُعدی آواز سے ابعاد ثلاثہ کا فریب نظر پیدا ہوتا ہے ۔(تجارتی نشان) ۔

cineraria, n. سینیریریا : ایک قسم کا پُھول دار درخت ؛ ستارہ نُما پُھولوں کے پودے کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ، یہ اصلاً جزائر کینیری کا پودا ہے ، اس کے پتّے دل کی شکل کے ہوتے ہیں اور اس میں سفید ، نیلے ، اُودے اور سُرخ رنگ کے گُچھے دار پُھول لگتے ہیں ۔

cinerarium, n. سمادھی : وہ جگہ جہاں جلانے کے بعد مُردوں کی خاک رکھی جاتی ہے ؛ راکھ دان ۔

cinerary, a. خاکستری ؛ راکھ کا ؛ خاک جیسا ؛ خاکی ۔

cineration, n. خاکستر سازی ؛ کسی بھی چیز کے خاک ہو جانے کی حالت جیسے جلنے سے ؛ خاکستر ؛ راکھ ۔

cinerator, n. خاکستر ساز ؛ جلا کر خاک کرنے والی بھٹی ۔

cinerous, a. خاکستری؛ رمّادی ؛ راکھ جیسا ؛ لکڑی کی راکھ جیسا رنگ رکھنے والا ؛ خاکی ۔

cineritious, a. خاکی رنگ رکھنے والا ؛ خاک کی طرح بھورا ؛ رمادی ؛ خاکستری ۔ (تشریح الاعضا) ایک اصطلاح جس سے مراد دماغ کا اُوپری یا قشری حصّہ ہے ۔

cingulum, n. (حیوانیات) کمرپٹّہ ؛ ایک قسم کی پیٹی یا پٹّی نُما حصّہ ، منطقہ ؛ پٹکا ؛ پٹّہ ؛ نطاق ۔

cingulate, cingulated, cingular, a. پیٹی نما ؛ پٹّہ دار ؛ نطاقی ۔

cinnabar, n. شنگرف : سُرخ سیمابی سلفائڈ ؛ ایک وزنی قلمی معدن : سیماب یا پارے کا خاص معدن ؛ پارے کا سُرخ سلفائڈ جسے کُشتہ کرکے سندوری / شنگرفی رنگ بنایا جاتا ہے؛ سندوری یا شنگرفی رنگ ؛ لون قرمزی ۔

cinnamic, a. سنامک : دارچینی کے متعلّق یا دار چینی سے حاصل شدہ ؛ قرفی ۔

cinnamon, n. دار چینی : ایشیائی گرم علاقوں میں پیدا ہونے والے لارل خاندان کے درخت کی اندرونی چھال جو مسالے کے طور پر یا ہاضم و کاسرِ ریاح ادویات میں استعمال ہوتی ہے ؛ دارچینی کا درخت ؛ نسواری ، سُرخی مائل یا زردی مائل خاکی رنگ ۔

cinnamon stone, n. وہ یاقُوت جس کا رنگ زردی مائل خاکی ہو ؛ دار چینی یاقُوت ۔

cinquain, n. مخمّس ؛ پانچ مصرعوں کا بند : وہ نظم جو عموماً پانچ بے قافیہ مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے ، یہ مصرعے بالترتیب دو ، چار ، چھ ، آٹھ اور دو ارکان کے ہوتے ہیں ؛ کوئی بھی پانچ کا مجموعہ (چیزیں یا اشخاص) ؛ خماسی ؛ خمسہ ۔

cinque, n. گنجفہ کے پانسے کا پانچ ؛ تاش کا پنجا یا پنجی ؛ پنجڑی ۔

cinquecento, n. شینک وشے : اٹلی کے حوالہ سے سولہویں صدی ، خصوصاً سولہویں صدی کا اطالوی آرٹ اور ادب ؛ اس زمانے کا اطالوی صنّاع ۔

cinquecentist, n. سولہویں صدی کا اطالوی ادیب ، آرٹسٹ یا فنکار ۔

cinquefoil, n. (فنِ تعمیر) پنج اَنگشتہ ؛ پنج پتیّا ؛ پنج مرغول ؛ پنج برگہ ؛ ایک آرایش جو ایک مرکز کے گرد پانچ پتّوں سے مماثل ہوتی ہے اور اکثر گول کھڑکیوں کے روزنوں میں دیکھی جاتی ہے ؛ گُلاب کے خاندان یا گُل بُوتہ (Potentilla) کے مُختلف پودے جن کا پتّا پنج گوشہ ہوتا ہے ۔ (نقابت) پنج برگی شبدر کا نشان ۔

cion, n. سُاخینہ : شاخ یا قلم جو بونے

یا لگانے کے لیے ہو ؛ شریف خاندان کا نو عمر رُکن ؛ نژادِ نَو ۔

cipher, n. عربی] صفر ؛ بندی ؛ شون ؛ سُنا ؛
ہندسہ یا عدد (۰) ؛ نیست یا عدم ؛ ایک عربی عدد ؛ عربی اعداد و شماریات کا نظام ؛ غیر اہم شخص یا چیز ؛ ہیچ ؛ نکمّا ؛ ناکارہ ؛ نا چیز ؛ کالعدم ؛ پوچ ؛ لچر ؛ طُغرا یا مُنحنی اور پیچیدہ خط میں دستخط ؛ رمزی تحریر جو خُفیہ پیغام رسانی کے لیے پہلے سے طے شدہ طریقے سے یا قاعدے کے تحت لکھی جائے ؛ رمزی علامات میں لکھّی ہوئی تحریر یا پیغام ؛ رمزی رسمِ خط کی کنجی ؛ خفیہ نویسی ؛ رمزیات ؛ رمز نگاری ؛ ابجد رمزی ؛ رمز نویسی ۔

cipher, v.t., v.i. حساب کرنا ؛ ہندسے استعمال کرنا ؛
ریاضی کی مشق کرنا ؛ ریاضی کے قاعدے سے سوال حل کرنا ؛ حساب کے قاعدے سے سوال نکالنا ؛ خُفیہ علامات یا رمزی رسمِ خط میں لکھنا ؛ خطِ طُغرا میں لکھنا ۔

cipolin, n. سائپولین ؛ دھاریدار ، رگدار
سنگِ مرمر ؛ ایک قسم کا سنگِ مرمر جس میں یکے بعد دیگرے سفید و سبز دھاریاں ہوتی ہیں اور جو پرتوں میں یا تہ دار ہوتا ہے ؛ مُتورّق ۔

circa, adv., prep. سرسہ ؛ ایک حرفِ تخمین ؛
تقریباً (یہ خصوصاً تاریخ یا تاریخی عرصہ کا اندازہ بتانے کے لیے محففات c,ca,cir,circ. کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔ (جیسے c.1550) ۔

circadian rhythm, diurnal rhythm, n. (حیاتیات) یومیہ تبدیلی ؛
شب روزہ تبدیلی : روزمرہ کی ماحولی تبدیلیوں سے قطع نظر کسی پودے یا جانور میں ۲۴ گھنٹے کے دوران ہونے والی متواتر و موزوں تبدیلیاں ۔

Circassian, n. سِرکیشیائی باشندہ ؛ سرقافی باشندہ ؛
سِرکیشیا کا پیدائشی یا باشندہ ؛ کوہ قاف کے انتہائی سرے/ترائی اور بحیرۂ اسود کے ساحل کی نسل کا فرد جو حسنِ جسمانی اور بہادُری کے لیے مشہور ہے ؛ سرکیشیا کی زبان ۔ (صفت) سرکیشیائی یا اس کے متعلّق ۔

Circassian walnut, n. چرکس ؛ ایک قسم کا اخروٹ ،
سُلطانی اخروٹ (Fuglans regia) کی ایک قسم ، یہ پرانی دنیا کا درخت ہے ، اِس کی ہلکی خاکی لکڑی فرنیچر پر باریک جھری یا تہ چڑھانے کے کام آتی ہے ۔

circinate, a. (نباتیات) حلقوی ؛ پرکاری ؛ سرے پر
مُڑا ہُوا ؛ بعض نئے پتّوں کے انکھوؤں کی طرح یا گڈریے کی بانک سے مشابہ ؛ سرنورد ؛ پیچوانہ ؛ پیچدار ؛ حلقیٔ ؛ گول ۔

circle, n. دائرہ ؛ کنڈل ؛ گول گھیرا ؛ گھیرا ؛
گھیر ؛ احاطہ ؛ حلقہ ؛ دور ؛ چکر ؛ کامل دور ؛ تعامل دوری ۔ (ریاضی) دائرہ : ہموار سطح پر بنی ہوئی شکل جو محیط صورت ایک ہی مُنحنی خط سے اِس طرح بنائی جائے کہ خط کے ہر نُقطہ کا فاصلہ دائرے کے اندر ایک نقطہ یعنی مرکز سے برابر رہے ، مُحیط اور مرکز کے درمیان کا فاصلہ نصف قطر کہلاتا ہے ؛ اقلیدسی اشکال میں سب سے زیادہ رقبہ گھیرنے والی شکل ؛ دائرہ بنانے والا مُنحنی خط ؛ کوئی بھی گول چیز جیسے ، انگوٹھی ، چھلا ، ہالہ وغیرہ ؛ تھیٹر یا کسی تماشاگاہ میں دائرے کی شکل میں نشستوں کی قطار ؛ دائرہ بناتے ہوئے افراد یا اشیا کا گروپ (جیسے : a circle of dancers) ؛ چکر ؛ حرکات کا ایک ایسا سلسلہ یا طریق کار جس کے تحت نقطۂ آغاز پر مراجعت کی جائے اور یہ عمل دائرے کی شکل میں بار بار دہرایا جائے ، اِن معنوں میں circle سے پہلے full لگاتے ہیں ، (جیسے : Fashions have come full circle) ؛ حلقۂ اثر ؛ جتھا ، ٹولی ؛ حلقہ (جیسے : .ones circle of friends) ؛ گروہ جس کے افراد ایک رشتہ میں منسلک ہوں (جیسے : The family circle, a sewing circle) ۔ (منطق) مغالطہ دِہ ، دلیل کی ایک قسم جس کے تحت مقدّمہ ہی میں نتیجہ فرض کر لیا جاتا ہے ؛ نیز Vicious Circle ۔ (جُغرافیہ) وہ عرض البلد جو وسط میں کُرّۂ ارض کو گھیرے ہوئے ہے (جیسے خطِ استوا great circle) ۔

circle, v.t. دائرے میں لانا ؛ گھیر لینا ؛
احاطہ کرنا ؛ حلقے میں لے لینا ؛ گھیرنا ؛ دائرے میں بند کرنا ؛ گرد پھرانا ؛ گول پھیرنا ؛ چکر لگوانا ؛ گھمانا ؛ مُحاصرہ کرنا ۔ (فعل لازم) دائرے میں حرکت کرنا ؛ گردش کرنا ؛ چکر کاٹنا ؛ گھومنا ؛ چکرانا ؛ چکر کرنا ؛ گرد پھرنا ؛ چکر لگانا ؛ گھوم کر آپڑنا ؛ گردش میں آنا ؛ دور چلنا ؛ گرد پھرنا ؛ محیط ہونا ۔

circlet, n. دائرک ؛ چھوٹا چکّر ؛ چھوٹا دائرہ ؛
انگوٹھی یا چھلّا ؛ گول زیور ، خصوصاً سر کے لیے ؛ پیٹی ؛ کمر بند ؛ پٹکا ۔

circuit, n. سرکٹ ؛ گھیرا ؛ چکّر ؛ حلقہ ؛ دور ؛
گھومنے یا چکّر کاٹنے کا عمل ؛ گردش ؛ دائرہ دار یا چکّر دار سفر ؛ چکّردار راستہ ؛ دورہ ؛ گشت ؛ معینّہ وقفوں سے فرائض کی ادائیگی کے لیے (مثلاً ججوں کا سفر عدالتی کارروائی کے مقصد سے یا پادریوں کا سفر برائے تبلیغ) جا بجا سفر ؛ وہ اشخاص جو ایسا سفر کرتے ہوں ؛ ایسے سفر کا راستہ اور دیکھے گئے مقامات و اضلاع ؛ کسی رقبہ یا چیز کے گِرد کھنچی ہُوئی لکیر ؛ کسی رقبہ یا چیز کے محیط کا فاصلہ ؛ احاطہ کے اندر کا رقبہ ۔ (برق) برقی رو کا پُورا راستہ بشمول وہ سازوسامان جو بجلی پیدا کرتا ہے ؛ بعض اوقات اس برقی راستے کا کوئی خاص حصہ ۔ (کمپیوٹر) دو طرفہ نظام ترسیل جو اضافی ''رفت'' اور ''مراجعت'' کی راہ داریوں پر مشتمل ہو ؛ تھیئٹر یا تماشا گاہوں کا سلسلہ جس میں ایک ڈرامہ ہر تھیئٹر میں باری باری دکھایا جائے ؛ ایتلاف یا اتّحاد (لیگ) ؛ چکر کے اندر کا رقبہ ؛ انقلاب ؛ دورہ گاہ ؛ علاقۂ دورہ ؛ کسی حلقے کے بیرسٹر ؛ عیسائیوں کے ایک فرقے کا مذہبی ضلع ؛ برقی رو کا راستہ ۔

circuit, v.t. کسی مرکز کے چاروں طرف گھمانا ؛
چکّر لگوانا ۔ (فعل لازم) دائرے میں حرکت کرنا ؛ چاروں طرف گھومنا ؛ چکّر کاٹنا ۔

circuit breaker, n. (برق) سرکٹ توڑ ؛ دَور توڑ ؛
دَورشِکن ؛ ایک تحفُظی آلہ ، خودکار یا ہاتھ کے استعمال کا سوئچ جس کے ذریعہ برقی رو میں خلل ڈالا جاتا ہے ، خصوصاً ایسے وقت جبکہ برقی رو کا بہاؤ معمول کے خلاف ہو ۔

circuitous, a. ہیر پھیر سے ؛ بالواسطہ ؛ دورہ دار ؛
دوری ؛ پھیر کا ؛ چکّر دار ؛ پھیردار ؛ گول مول ؛ مدوّر ؛ دائری ۔

circuitously, adv. چکّر سے ؛ مدوّرانہ ؛ پھیر سے ۔

circuitousness, n. گردش ؛ دور ؛ پھیر ؛ چکّر ۔

circuit rider, n. گشتی راہب ؛ مُبلّغ ؛ تبلیغی کارکُن ؛
دورہ کرنے والا پادری ، روایتی طور پر میتھاڈسٹ فرقہ کا مُبلّغ ، جو ایک مخصُوص حلقہ کا دورہ گرجوں میں تبلیغ کے مقصد سے کرتا ہے ۔

circuitry, n. (برق) برقی دور کا منصوبہ یا انتظام ؛ وہ حصّے جن سے سرکٹ بنتا ہے ۔

circuity, n. چکّر دار ہونے کی صفت ؛ حرکت دوری ؛ ہیر پھیر ؛ پیچیدہ کردار ؛ پیچیدہ راستہ یا کارروائی ۔

circular, a. مُستدیر ؛ دائرہ نُما ؛ دائرے کی شکل کا ؛ گول ؛ دائرے سے محدُود ؛ دائرہ ، چکّر یا گولا بنانے والا ؛ گولا کار ؛ مدوَّر ؛ چکر دار ؛ اشخاص کی ایک تعداد کے نام (خط) ؛ گشتی ؛ ہیر پھیر کا ؛ پیچیدہ ؛ کج دار ؛ کج رو ، بالواسطہ ؛ دائرے کا یا دائرے کے متعلّق ؛ دائری ؛ دَوری ۔

circularity, n. گولائی ؛ چکّر ؛ دوریّت ۔

circular, n. مراسلہ؛ سرکلر ؛ گشتی چھٹّی ، خط ، دعوت نامہ ، اشتہار یا اعلان ؛ کسی واقعہ کی تشہیر یا بیوپار کی ترقی کے لیے عموماً چھپی ہوئی پرچی کی صورت میں کوئی خط ، نوٹس یا اشتہار جسے تقسیم کیا جائے ۔

circularize, v.t. گشتی چھٹّی (لوگوں کو) بھیجنا ؛ گشتی چھٹّی لے کر جانا ؛ گشتی اعلان جاری کرنا ۔

circularization, n. چھٹّی ، خط ؛ پیغام یا اعلان کی تقسیم یا تشہیر ۔

circularizer, n. تقسیم کرنے والا ؛ مُشتہِر ۔

circular measure, n. قوسی پیمانہ ؛ دائری ناپ ؛ دائرے کے نظام پیمایش میں نصف قطر کے زاویے کا ناپ ۔

circular system, n. (طیرانیات) مستدیری نظام ؛ ایک طریقہ جس کے تحت میزائلوں کو دی گئی ہدایات کے عمل کے نتیجے میں باز رسیدہ جواب کی روشنی میں پیغام دینے کا نظام کام کرتا ہے ۔

circular velocity, n. حرکتِ مستدیرہ؛ (فضائیات) وہ انتہائی رفتار جس پر مصنوعی سیّارہ یا سیٹلائٹ مُدوّر حلقے یا مدار میں گُھومتا ہے ۔

circulate, v.i. دائرے میں گردش کرنا ؛ دور کرنا ؛ چلنا ؛ چکّر کاٹنا ؛ گھومنا ؛ گرد گھومتے ہوئے نُقطۂ آغاز پر واپس آ جانا ؛ پِھرنا ؛ دوران کرنا ؛ متوالی ہونا ؛ نامیاتی جسم کی رگوں یا نلیوں میں بہنا ؛ ایک شخص/جگہ سے گزر کر دوسرے تک جانا ؛ نفُوذ پانا ؛ منتشر ہونا یا بکھرنا ؛ کسی چیز کا کئی لوگوں میں تقسیم ہونا یا بِکنا ؛ جاری ہونا ؛ رواں ہونا ؛ رائج ہونا ؛ مشتہر ہونا ؛ اعلان ہونا ؛ رواج پانا ؛ مروّج ہونا ؛ پھیلنا ؛ مشہور ہونا ۔ (فعل متعدی) کسی شخص/چیز کے دربدر ہونے ، جابجا جانے یا کئی ہاتھوں سے گزرنے کا سبب بننا ؛ پھیلانا ؛ چلانا ؛ چلتا کرنا ؛ چالو کرنا ؛ جاری کرنا ؛ رواں کرنا ؛ رائج کرنا ؛ رواج دینا ؛ مروّج کرنا ؛ مشہُور کرنا ؛ اشتہار دینا ؛ گشت کرانا ۔

circulating decimal, n. دیکھیے : repeating decimal ۔

circulating library, n. گشتی کتب خانہ ؛ گشتی لائبریری ؛ کُتب خانہ جس کی کتابیں اراکین کے درمیان گردش کرتی ہوں ۔

circulation, n. دوران ؛ گردش ؛ دورہ ؛ چکّر ؛ گھماؤ ؛ گشت ؛ دَور ؛ پھیلاؤ؛ دورانِ خون ؛ تقسیم ؛ ترسیل ؛ تشہیر ؛ اجرا ؛ رواج ؛ نشرواشاعت ؛ ایسے راستے پر حرکت ، گردش یا بہاؤ جو محرّک کو نقطۂ آغاز پر واپس لے آئے ؛ جسم کی رگوں میں دل کے پمپ کرنے کے باعث خون کی متواتر گردش ؛ مخصوص ترتیب یا تسلسل سے کسی عمل کی تکرار ؛ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانے یا ایک شخص کے ہاتھوں سے دُوسرے کے ہاتھوں میں جانے کا عمل ؛ اخباروں / رسالوں کی تقسیم کا دائرہ اور اشاعت کی تعداد ؛ بطور زر زیرِ استعمال کرنسی ، سکّے یا ہُنڈی ؛ کتب خانہ میں زیرِ استعمال کتابوں اور دیگر مطبوعات کی تعداد ۔

circulative, a. گردشی ؛ مائل بہ گردش ۔

circulatory, a. گردش یا دوران سے متعلّق ؛ مُعینِ گردش ۔

circulator, n. مُشتہِر ؛ دورانی ؛ گردش کرنے والا ؛ دورہ کرنے والا ؛ رواج دہندہ ؛ شائع کُنندہ ؛ وہ شخص جو جا بجا سفر کرتا ہے ؛ سیلانی ؛ افواہیں پھیلانے والا ؛ بُہتان تراش ؛ رقیق مادّے کو گردش میں لانے والی کوئی تکنیک ؛ بلوئی ؛ مدھانی ۔

circumambient, a. گھیرے ہُوئے ؛ احاطہ کیے ہوئے ؛ مُحیط یا گردا گرد ؛ وہ شے جو ہر طرف سے گھیرے ہُوئے یا لپٹی ہوئی ہو جیسے کُرّہ زمین کو ہوا گھیرے ہوئے ہے ۔

circumambiency, n. گھیر ؛ احاطہ ؛ دَور ؛ چکر ۔

circumcise, v.t. ختنہ کرنا ؛ مُسلمانی کرنا ؛ سنتیں کرنا ؛ مذہبی رسم کے طور پر لڑکے کے عضو تناسل کے آگے کی کھال کاٹنا ؛ لڑکی پر بھی ایسا ہی عمل کرنا ۔ (مجازاً) رُوحانی تزکیہ کرنا ؛ قلب و نفس کا تزکیہ کرنا ۔

circumciser, n. ختنہ کرنے والا ؛ تزکیہ کرنے والا ۔

circumcision, n. ختنہ ؛ ختنہ کا عمل یا ختنہ کی رسم ۔ (مجازاً) تزکیۂ نفس ؛ یہودی یا بنی اسرائیل ختنہ شُدہ لوگ جن کا تذکرہ انجیل میں ہے ؛ وہ جو پاک باطن ہیں ۔ (بڑے C کے ساتھ) یکم جنوری کا دن جو حضرت عیسیٰ کے ختنہ ہونے کی تقریب میں منایا جاتا ہے ؛ عید ختنۂ مسیح ۔

circumference, n. دور ؛ گھیر ؛ مُحیط ؛ گھماؤ ؛ وہ خط جو دائرہ بناتا ہے ؛ کسی بھی سطح کو چاروں طرف سے گھیرنے والی لکیر ؛ منحنی خط سے بنائی ہوئی شکل ؛ اِس خط کی لمبائی ؛ کسی بھی شکل کی گھیرنے والی حد ؛ گھیراؤ کا فاصلہ ؛ خط سے گھیری ہوئی جگہ ۔

circumferential, a. مُحیط کا یا مُحیط کے متعلّق ؛ محیطی ۔

circumflex, n. حد ؛ نشان ؛ اِعراب ؛ نشانِ حرکت حرف یا اعراب ؛ نشان ^ یا ⌒ یا ~ :اصلاً یہ نشانات یونانی زبان میں صوتی زیرو بم ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتے تھے ، بعد میں دوسری زبانوں نے بھی یہ نشانات حروفِ علّت کی اصوات کا طول ، اختصار یا کوئی مخصوص صفت ظاہر کرنے کے لیے اپنا لیے ۔ (صفت) اِعراب کے مطابق ادا کیا ہوا (تلفظ) ؛ اعراب لگایا ہوا (لفظ) ؛ خمیدہ یا جُھکا ہوا ؛ گردخمہ ؛ لپٹا ہوا ۔ (فعل متعدّی) اِعراب یا نشانِ حرکت لگانا ؛ اِعراب کے مُطابق تلفظ ادا کرنا ؛ خمیدہ کرنا یا جُھکانا ۔

circumfluent, circumfluous, a. رواں ؛ جاری ؛ گرد بہنے والے ؛ چوطرفہ رواں یا جاری ؛ احاطہ کیے ہوئے ؛ (پانی یا کسی رقیق شے سے) گِھرا ہوا ؛ گردرواں ۔

circumfluence, n. چوطرفہ روانی ؛ گرد بہاؤ ؛ حصار ؛ طوفِ سیل ۔

circumfuse, v.t. چاروں طرف ڈالنا ؛ سب طرف پھیلانا ؛ مُنتشر کرنا ؛ نفُوذ کرنا ؛ کسی مائع شے سے گھیرنا ، بھگونا ، غسل دینا ؛ بے اثر کرنا ۔

circumfusion, n. غُسل ؛ نشر ؛ نفُوذ ، چوطرفہ پھیلاؤ

یا بھاؤ ؛ چھتراؤ ؛ ستراؤ ؛ اِنتشار۔

circumgyration, n. گردش دَوری ؛ دائرے میں گردش ؛ طواف ؛ دَور۔

circumjacent, a. چوطرفہ پڑا ہُوا ؛ ہر طرف سے حد بناتا ہوا ؛ چوطرفی ؛ نواحی ؛ گِرد ؛ چاروں اور یا طرف کا۔

circumlocution, n. بسیار گوئی ؛ کسی خیال کے اظہار کے لیے ضرورت سے زیادہ الفاظ کا استعمال ؛ طُولِ کلام ؛ دانستہ ہیر پھیر والی مُبہم گفتگو کے طریقے کا استعمال ؛ پیچیدہ و مُبہم فقرہ یا عبارت ؛ ہیر پھیر ؛ چکّر ؛ پھیر کی بات۔

circumlocutional, circumlocutious, circumlocutory, circumlocutionary, a. بسیار گوئی کے متعلّق ؛ ہیرپھیر کی باتوں کا ؛ چکر دار ؛ پیچیدہ و مُبہم ؛ طُولانی ؛ پھیرکی ؛ پیچیدہ یا اطناب۔

circumlunar, a. ماہتاب گرد ؛ حلقہ ماہتاب کا ؛ چاند کے گرد گُھومتا ہُوا یا چاند کو گھیرے ہوئے ۔(فضائیات) اُس سفر کے متعلّق جس میں خلائی جہاز چاند کے گرد چکر لگائے۔

circumnavigate, v.t. دنیا کے گرد بحری جہاز میں چکّر لگانا ؛ کسی جزیرے یا دنیا کے گرد بحری سفر کرنا ؛ بحر پیمائی کرنا۔

circumnavigable, a. قابلِ بحر گردی ؛ جس کے چاروں طرف بحری سفر کیا جا سکے ؛ بحر پیمائی کے قابل۔

circumnavigation, n. جزیرے یا زمین کے چاروں طرف کشتی رانی ؛ بحر گردی ؛ بحر پیمائی۔

circumnavigator, n. بحر گرد ؛ بحر پیما ؛ دُنیا کے گرد بحری جہاز سے سفر کرنے والا۔

circumpolar, a. گرد قُطبی ؛ طوفِ قُطبی ؛ قُطبِ زمین یا قُطبِ فلک کے گرد ؛ قُطب کے نزدیک ؛ قُطب کے قریب یا آس پاس ؛ گرد قُطبین۔

circumscribe, v.t. حیطہ کرنا ؛ گھیرنا ؛ چاروں طرف خط کھینچنا ؛ گرد بنانا ؛ دائرہ بند کرنا یا احاطہ میں بند کرنا ؛ حد باندھنا ؛ محدود کرنا ؛ حد بیان کرنا یا منطقی لحاظ سے تعریف کرنا۔ (جیومیٹری) ایک شکل کے گرد ایک اور شکل اس طرح بنانا کہ ایک دوسرے کو کاٹے بغیر وہ اندرونی شکل کو زیادہ سے زیادہ نقطوں پر چھوئے ؛ اس طرح کسی اور شکل کو اپنے حلقے میں لے لینا ؛ تحدید کرنا ؛ حدُود بند کرنا ؛ حدود مقرر کرنا۔

circumscribable, a. قابلِ حد بندی۔

circumscriber, n. حد بند ؛ حد بندی کرنے والا ؛ منطقی تعریف کرنے والا ؛ ایک شکل کو گھیرے میں لینے والی یا بند کرنے والی دوسری شکل بنانے والا۔

circumscription, n. حد بندی ؛ حد بندی کا عمل ؛ احاطہ ؛ حیطہ ؛ سِکّے یا مُہر پر گول شکل میں کندہ کاری ؛ حد ؛ چکّر ؛ محدود رقبہ ؛ محدود احاطہ ؛ گِرد تقسیم ؛ دوری خِطّہ ؛ تعریف ؛ سِکّے کے ارد گرد نقش کاری۔

circumscriptive, a. حَد بندی بہ مائل ؛ حد بند کرتا ہُوا ؛ حد بند یا محدُود۔

circumspect, a. ہوشیار ؛ چوکس ؛ مُحتاط ؛ چوکنا ؛ بیدار ؛ کسی فیصلے پر اثر انداز ہونے والے تمام حالات و عوامل کی جانچ پڑتال کرنے والا۔

circumspection, n. ہوشیاری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ چوکنا پن ؛ خبرداری ؛ نگہبانی۔

circumspective, a. ہوشیار ؛ خبردار ؛ مُحتاط ؛ چوکس۔

circumspectly, adv. چوکسی سے ؛ ہوشیاری سے ؛ احتیاط سے ؛ مُحتاط انداز میں۔

circumstance, n. ماحول ؛ حقیقتِ حال ؛ وقوعہ ، شرح ؛ واقعہ ؛ قرینہ ؛ شرط ؛ صورتِ حال ؛ زمان و مکان ، طریقہ اور عامل وغیرہ کے حوالے سے ایک حالت/شرط جو کسی حقیقت یا واقعہ کے ساتھ مُنسلک ہو، اُسے متعیّن کرے یا اس میں کوئی تبدیلی کرے۔ (عموماً جمع کے صیغہ میں) حالات ؛ واقعات ؛ موجودہ معاملات کی صورت یا حالات جو کسی عامل کو گھیرے ہُوئے ہوں یا اُس پر اثر انداز ہوں (جیسے : forced by circumstances to do a thing)۔ (جمع کے صیغے میں) مادّی فلاح و بہبود کے حوالے سے کسی شخص کی حالت یا کیفیت ، (جیسے : in reduced circumstances)غیر ضروری حقیقت یا واقعہ کا اضافہ ؛ ثانوی اہمیت کا معاملہ ؛ ملحقہ معاملہ ؛ تفصیل یا جُزئیّات ؛ کوئی واقعہ یا حادثہ (جیسے : His arrival was a fortunate circumstance) ؛ تفصیلی یا طولانی بیان ؛ جُزئیّات کی تخصیص ؛ کرّوفر/شان و شوکت/دولت و حشمت کا اظہار (جیسے : with pomp and circumstance)۔ (فعل متعدی) مخصوص حالات یا روابط میں ڈالنا۔

circumstantial, a. تفصیلی ؛ ضمنی ؛ اِتفاقی ؛ قرائنی ؛ مبنی برقرائن ؛ حالات کا ؛ حالات کے متعلّق یا حالات سے اخذ کردہ ؛ شہادتِ مُطلق کی غیر موجودگی میں دیگر قرائن یا حالات پر مبنی یا ان سے ماخوذ ؛ مادّی خوش حالی کے متعلّق ؛ غیر ضروری جُزئیّات یا حالات کی قسم کا ؛ ثانوی ؛ واقعاتی ؛ حالات کی جزئیّات اور تفصیلات سے پُر ؛ مفصّل ؛ مشرّح ؛ جزئیّاتی ؛ کرّوفر یا شان و شوکت سے مُمتاز۔

circumstantialness, n. اِتّفاق ؛ تفصیل ؛ شرح و بسط ؛ قرائن۔

circumstantially, adv. اِتّفاق سے ؛ اچانک طور پر ؛ اِتّفاقیہ طور پر ؛ ضِمناً ؛ تفصیلاً ؛ جُزوی طور پر ؛ مُفصّلاً ؛ قرائنی طور پر۔

circumstantial evidence, n. قرائنی شہادت ؛ عینی گواہی کے برعکس ایسے مختلف حالات و قرائن پر مبنی شہادت جو کم و بیش امرِ واقعہ سے تعلّق رکھتے ہوں اور جن سے ثبوت کے لیے نتائج اخذ کیے جا سکیں ؛ ثبوتِ قرائن۔

circumstantiate, v.t. حالات سے تصدیق کرنا یا ثابت کرنا ؛ جزئیّات بیان کرنا یا تفصیل سے بیان کرنا ؛ تفصیل وار بیان کرنا۔

circumstantiality, n. اِتفاقی ہونے کی صفت ؛ جزئیات نگاری ؛ تفصیلی انداز ؛ اِتفّاق ؛ تفصیل ؛ شرح و بسط۔

circumvallate, v.t. قلعہ بندی کرنا ؛ مورچہ بندی کرنا ؛ مورچہ ، دمدمہ یا آڑ سے گھیرنا ؛ مورچہ بند کرنا ؛ حصار بنانا ؛ گرداگرد دمدمے بنانا ؛ چاردیواری بنانا۔ (صفت) مورچہ یا آڑ سے محفُوظ یا گھرا ہوا۔

circumvallation, n. احاطہ ؛ حصار ؛ مورچہ بندی ؛ قلعہ بندی ؛ فصیل ؛ شہر پناہ ؛ چاردیواری ؛ گردخندقی ؛ باڑ بندی۔

circumvent, v.t. دام میں لانا ؛ جُل دینا ؛

ٹھگنا ؛ چالاکی یا دھوکے سے گھیرے میں لینا ؛ چال سے پھندے میں لانا ؛ اردگرد پھرنا یا چکر لگانا ؛ چالاکی ، چھل یا فریب سے فائدہ حاصل کرنا ؛ چالاکی سے شکست یا شرمندگی سے بچ جانا ؛ چالاکی سے بازی لے جانا ؛ چھانسا دینا ؛ دھوکا دینا ؛ چھلنا ؛ پھانسنا ۔

circumvention, n. پھندا ؛ دام ؛ جال ؛ دھوکا ؛فریب چھل ؛ دغا ؛ جھانسا ؛ جوڑ توڑ ؛ چالاکی ؛ چال ؛ جُل ؛ ٹھگائی ؛ حکمتِ علمی ۔

circumventive, a. چکردار ؛ پُر فریب ۔

circumventor, n. فریبی ؛ دغا باز ؛ چالاک ۔

circumvolution, n. چکّر؛ دَور ؛ زمانہ ؛ عہد ؛ محور پر گُھومنے کا عمل ؛ ایک پورا موڑ یا گُھماؤ ؛ گُھمیری ؛ گھیرا ؛ کسی چیز کی کُنڈلی یا گولا ؛ کُنڈی کا ایک چکّر یا پیچ ؛ پیچ در پیچ لپٹ ؛ ایرپھیر ؛ پیچیدگی ؛ لہر دار حالت؛ شکنج ؛ بَل؛ مار پیچ ؛ لف ؛ لوٹن ؛ سانپ کی سی چال ؛ لہریا چال ۔ (مجازاً) پیچ در پیچ راستہ یا طریق کار۔

circumvolve, v.t., v.i. گُھومنا ؛ گُھمانا ؛ چکر کھانا ؛ چکر دینا ؛ پیچ در پیچ لپیٹنا ؛ لپٹنا ۔

circus, n. سرکس ؛ گول یا بیضوی شکل کی تماشاگاہ ؛ دوڑ چکر؛ دنگل ؛ اکھاڑا یا مُقابلے کی جگہ ؛ ایک یا ایک سے زیادہ بڑے شامیانوں کے اندر مُنعقد ہونے والا تفریحی تماشا جس کے وسط میں اسٹیج اور سامنے زینہ بہ زینہ نیچے سے اوپر تک تماشائیوں کی نشستیں ہوتی ہیں جہاں حیرت انگیز جسمانی کرتب ، سِدھائے ہوئے جانوروں کے کام ، رنگ برنگے کھیل اور مسخروں کے تماشے دکھائے جاتے ہیں ؛ سرکس کمپنی کا ضروری عملہ ، جو جانوروں ، پنجروں ، خیموں ، گاڑیوں اور سامان کے ساتھ بستی بستی سفر کرتا ہے۔ (قدیم روم) ایک بڑا ، عموماً بیضوی اور بے چھت احاطہ جو نشستوں کی تدریجاً بلند ہوتی ہوئی قطاروں سے گِھرا ہوتا تھا اور جہاں رتھوں کی دوڑ اور دوسرے عوامی کھیل ہوتے تھے ؛ چوگان ؛ میدان ؛ چکّر؛ چوک ؛ نشستوں کی بتدریج بلند ہوتی ہوئی قطاروں سے گھرا ہوا مُدّور یا گول اکھاڑا یا اِس اکھاڑے میں ہونے والے کھیل تماشے ؛ کوئی چیز جس پر رومی سرکس کا گمان ہو ، مثلاً بیضوی یا مدّور عمارت یا دائرے میں بنے ہوئے مکانوں کا سلسلہ ۔ (برطانوی) چوراہے یا چوک کی کُھلی جگہ جو گول ہو (جیسے پکاڈلی سرکس piccadilly Circus) ؛ دَستہ طیارہ ؛ کوئی بھی عَام منظر ؛ غُل غپاڑے کا واقعہ ؛ کوئی شخص یا کوئی چیز جسے دیکھ کر ہنسی آئے ۔

cirque, n. جائے مدوّر ؛ مکان مدوّر ؛ مدوّر جگہ خصوصاً قُدرتی گول تھیٹر، جیسا کہ پہاڑوں میں اکثر بن جاتا ہے ۔ (شاعری) دنگل ؛ اکھاڑا ؛ میدان ؛ جولان گاہ ؛ تماشا گاہ ؛ سرکس ۔

cirrhosis, n. صلابتِ جگر ؛ تشمع الکبِد ؛ ایک بیماری جس میں جگر چھوٹا اور بے ڈول ہو جاتا ہے ، یہ بیماری اکثر زیادہ شراب پینے والوں کو ہو جاتی ہے ۔

cirrhotic, a. تشمع الکبِد سے متأثّر یا اِس بیماری کی علامات کا حامل ؛ جگر کی مومی ساخت ؛ صلابتی ۔

cirriped, n. (حیوانات) کُنڈل پا ؛ زُلف پا ، ایک قسم کا سمندری جانور جو قشری جنس کنڈل پایاں(Cirripedia)سے تعلّق رکھتا ہے ، جیسے سیپ مچھلی ، اِس کے پاؤں پتلے بال دار ہوتے ہیں جن سے یہ غذا حاصل کرتا ہے ، بڑا ہو کر یہ جانور طفیلی بن جاتا ہے ۔ (صفت) زُلف پاکا یا اس کے متعلّق ؛ جھالر جیسے پاؤں یا جھالری ٹانگوں والا ؛ تسمہ پا ؛ جعدہ پا ۔

cirrocumulus, n. طُرّہ زدّہ ابر ؛ پیچدار ابر؛ بلند بادل جو قطار در قطار اون کے گولوں یا گھاس کے پولوں جیسا نظر آئے ۔

cirrose, cirrous, cirrhose, cirrhous, a. (نباتیات ، حیوانیات) ریشہ دار یا سُوت دار؛ ریشہ یا بالوں سے مشابہ یا بالوں کی طرح گھونگر والا ۔ (موسمیات) اُونی گولوں جیسے بادلوں کا یا ان کے متعلّق ؛ جَعدی ؛ پیچ دار ؛ سُنبلہ دار ؛ پیچواں ۔

cirrostratus, n. (موسمیات) طُرّہ طبق ابر؛ بادل کا ٹکڑا؛ سفید اور جالی کے نقاب کی مانند بادل یا برف کے باریک ذرّوں کی دُھند جو بیس ہزار سے چالیس ہزار فٹ کی بلندی پر ہوتی ہے ، یہ دُھند سورج اور چاند کے گرد ہالے کا فریبِ نظر پیدا کرتی ہے ۔

cirrus, n. (نباتیات) درخت کا سُوت یا ڈاڑھی ؛ بیل سُوت ۔ (حیوانات) ریشہ یا باہر کی طرف نکلا ہوا پتلا عُضو جو مُختلف جانوروں میں گُل مُچّھ ؛ حسّاس گیرہ ؛ پاؤں یا بازو کی شکل میں ہوتا پنچھلا ؛ دم ؛ کنڈل۔ (موسمیات) ایک قسم کا بادل جو دیکھنے میں باریک اُون یا ریشوں کا بنا ہوا معلوم ہوتا ہے ، عموماً بیس ہزار سے چالیس ہزار فٹ کی بلندی پر ہوتا ہے اور برف کے باریک ذرّوں سے بنتا ہے ؛ سُنبل نُما بادل۔

cisalpine, a. کوہِ آلپس کے جنوبی علاقہ کے متعلّق۔

cisco, n. امریکا کی بڑی جھیلوں میں پائی جانے والی سفید مچھلی کی بہت سی اقسام میں سے کوئی ایک مچھلی جیسے ہیرنگ مچھلی۔

cist, kist, n. قبل از تاریخ کا پتھر سے بنا ہوا مقبرہ یا کفن کا صندوق/تابوت ؛ متبرّک برتنوں کا صندوق ؛ صندوقِ تبرکات۔

cistaceous, a. سستا شس ۔ (نباتیات) پہاڑی گُلاب کا پودا : وہ پودا جس کا تعلّق جنس سستاشیا (Cistaceae) یا چٹانی گُلاب کے خاندان سے ہو ۔

cistern, cisterna, n. حوضی ؛ برکی ؛ پانی یا دیگر مائعات ذخیرہ کرنے کا چوبچّہ ؛ حوض یا ٹنکی ۔ (تشریح الاعضا) غشائی ظرف جس میں نسوں کا بے رنگ پانی ہوتا ہے ؛ تھیلی ۔

cistron, n. (جینیات) سسٹران ؛ تناسلی یا توالدی مادّے کی سب سے چھوٹی عامِل وحدت جسے سالماتی حیاتیات میں ایک مورثہ کے برابر سمجھا جاتا ہے ۔

citadel, n. قلعہ ؛ گڑھی ؛ حصار ؛ کوٹ ؛ گڑھ ؛ کوٹلا ؛ شہر میں یا شہر کے پاس قلعہ یا گڑھی جس کا مقصد شہریوں کو محکوم رکھناہو یا جو محاصرے کی صورت میں آخری دفاعی مرکز کے طور پر کام آئے ؛ ملجا ؛ آخری جائے پناہ ۔

citation, n. سمن ؛ طلبی کا اِطلاع نامہ ؛ طلبی ؛ حوالہ ؛ قول ؛ مقولہ ؛ ذکر ؛ نظیر ؛ حاضر ہونے کے لیے سرکاری حکم نامہ ، مثلاً عدالت میں حاضری یا طلبی کا حکم ؛ اعلیٰ کارکردگی پر خراج تحسین کی عبارت ؛ اعتراف خدمات ؛ کسی کتاب یا شخص کی عبارت یا قول کو نقل کرنے کا عمل ؛ نقل کی ہوئی عبارت یا الفاظ ؛ اقتباس ؛ تحشیہ ۔ (عسکری) کسی سپاہی یا فوجی یونٹ کے غیر معمولی کارنامے کا تعریفی ذکر۔

cite, v.t. عدالت میں حاضر ہونے کا سرکاری

حکم جاری کرنا ؛ ہمت و طاقت جمع کرکے عمل کرنا یا عمل کے لیے اُکسانا ؛ سمن بھیجنا ؛ طلب کرنا ؛ بُلا بھیجنا ؛ حکماً بُلانا ؛ عبارت نقل کرنا ، مصنّف کا قول یا کتاب سے اقتباس پیش کرنا ؛ تائید ، ثبوت یا تصدیق کے لیے نظیر لانا یا حوالہ دینا (جیسے : to cite an authority) ؛ اعلیٰ کارکردگی پر خراجِ تحسین پیش کرنا ۔ (عسکری) رپورٹ میں بہادری کے کارناموں کا ذکر کرنا ۔

citable, citeable, a. قابلِ حوالہ ؛ قابلِ طلبی ؛ قابلِ خراج تحسین ۔

cithara, cither, cithern, n. طنبورہ ؛ بربط ؛ ستار : ایک قدیم یونانی ساز جس میں تاریا تانت کے سُر ہوتے ہیں ؛ یہ ساز جدید دور کے گٹار سے مشابہ ہے ۔

citified, a. شہری طور طریق اور فیشن سے متاثر ، جیسے مارک ٹوئین کی ٹام ساٹر کے یہ فقرے :

This boy was well dressed...

"He had a citified air about him."

citify, v.t. شہری طریقے یا فیشن اختیار کرانا ۔

citizen, n. شہری ؛ مدنی ؛ رعیّت ؛ پرجا ؛ باشندہ ؛ ساکن ؛ (غیر ملکی یا شہریت یافتہ کے برعکس) پیدایشی یا قانون کے تحت بنایا ہوا شہری جو مُلک کی حکومت کو تسلیم کرتا ہو اور حکومتی تحفظ کا حقدار ہو ؛ شہر یا قصبہ کا باشندہ ، خصوصاً وہ شخص جو شہریت کے حقوق ، مراعات ، حق رائے دہی وغیرہ کا مستحق ہو ؛ کبھی کبھی بمعنی شہری/ سولین بمقابل فوجی ۔

citizens band, citizens wave band, n. شہری ریڈیو : ریڈیائی تعدّد یا میٹر بینڈ جو عام شہریوں کے لیے مخصوص ہوتے ہیں ، جنھیں ڈرائیور عام طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

citizenry, n. شہری بحیثیت گروہ یا قوم ؛ شہری بمقابل فوجی سپاہی ؛ طبقۂ شہریاں ۔

citizenship, n. مدنیّت ؛ شہریّت یا شہریّت کے اصول : وہ طریقہ جو ایک شخص معاشرے کی طرف سے عائد کردہ فرائض کی ادائیگی کے لیے اختیار کرتا ہے ؛ حق رعایا ؛ حُقُوقِ شہریّت ؛ رعیتی حق ۔

citral, n. (کیمیا) لیمونہ : لیموں کی طرح تیز خُوشبو والا الڈی ہائڈ رقیق مادّہ جو لیموں یا نارنج کے تیلوں سے اخذ کیا جاتا یا ترکیبی طور پر بنایا جاتا ہے اور عطریات نیز ذائقہ داری کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

citrate, n. (کیمیا) لیموں کے تیزاب کا نمک ؛ نمکِ لیموں ۔

citric, a. سِٹرک ؛ ترنجی : لیموں کے متعلق یا لیموں ، ترنج ، چکوترا یا اِس قبیل کے دیگر پھلوں سے نکالا ہوا یا کیمیاوی ترکیب سے حاصل کردہ مشابہ مادّہ ، جیسے لیموں کا تیزاب ؛ نیبو کی کھٹائی ؛ لیمونی ۔

citric acid, n. سٹرک ایسڈ ؛ لیمونی تُرشہ ؛ لیموں کا تیزاب جو لیموں اور دیگر ہم قبیل پھلوں سے نکالا جاتا ہے یا کاربوہائیڈریٹوں کی تخمیر سے حاصل کیا جاتا ہے ، یہ تیزاب کھانوں ، مشروبات و ادویات کو خُوشبو دینے اور پانی کو جراثیم سے پاک کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

citriculture, n. نارنج کاری ؛ لیموں کاری : لیموں کی قسم کے پھلوں ، مثلاً ترنج ، چکوترا ، نارنج ، نیبو ، مالٹا ، سنگترہ ، کِنّوں وغیرہ کی کاشت ۔

citrine, a. لیموں یا لیموں کی قسم کے پھلوں کی طرح ؛ لیموں کے رنگ کا ؛ زرد یا سبزی مائل زرد ؛ لیمونی رنگ ؛ ترنجی ۔ (اسم) لیموں رنگ ؛ سنگِ مُردہ کی ایک قسم جو شفاف اور زرد رنگ کی اور پُکھراج یا زبر جدِ ہندی سے مشابہ ہوتی ہے ؛ نقلی پُکھراج ۔

citron, n. گلگل ؛ ایک زرد موٹے چھلکے کا پھل جو شکل و رنگ میں نیبو سے مشابہ ہے لیکن اس سے بڑا اور مزے میں کم کھٹا ہوتا ہے ، یہ نیم گرم خطّے کے درخت گلگل (Citrus medica) کا پھل ہے ؛ یہ درخت یا اِس کے پھل کی جمائی ہوئی پپڑی جو خصوصاً ثمر کیک میں استعمال ہوتی ہے ؛ تربوز کی ایک قسم جو گول اور سخت گودے کی ہوتی ہے ، یہ تُرش تربوز (Citron melon) کہلاتی ہے ، اچار کے لیے اور مسالے کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ کھٹّا ۔

citronella, n. ترنجیل ؛ بادرونہ ؛ سِٹرونیلا : جنوبی ایشیا کی ایک خُوشبو دار گھاس ، جس کا تیل کیڑوں (پتنگوں) کو دُور رکھنے اور مالش کی دوا نیز خوشبو اور صابن بنانے کے کام آتا ہے ۔

citronellal, n. (کیمیا) سِٹرونیلال : ایک بے رنگ رقیق مادّہ جو سٹرونیلا تیل اور لیموں گھاس سے حاصل کیا جاتا ہے ، اِس میں نیبو کی سی تیز مہک ہوتی ہے ، خصوصاً صابن کی خوشبو کے لیے اور عموماً خوشبو دار بنانے والے عامل کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (صفت) سٹرو نیلالی ؛ خوشبودار ۔

citron wood, n. چوب سندروس : گلگل (Citrus medica) کی ایک قسم ، سٹران درخت کی لکڑی ؛ زرنیخ احمر یا لال ہڑتال ، کیلٹرس کواڈ ری ویلوس (Callitris quadrivalvis) کی لِکڑی ۔

citrus, n. جنسِ ترنج : اسپند/سداب خاندان کے درختوں ، جھاڑیوں اور بیلوں کی جنس جو گرم خطّوں میں رسیلے پھلوں کی وجہ سے کاشت کی جاتی ہے ، اِس جنس میں انگور ، لیموں ، نارنگی ، مالٹا ، ترنج ، چکوترا وغیرہ شامل ہیں ۔ (صفت) حمضی ؛ لیمونی ؛ سِٹرسی ؛ اسپند خاندان کے درختوں ، جھاڑیوں ، خصوصاً ان کے پھلوں کے متعلّق ؛ ترشاوہ ۔

cittern, cither, cithern, n. طنبور ؛ بین ؛ ستار ؛ بربط : ایک قدیم ساز جس میں تار کے سُر ہوتے ہیں جو بربط/ستار سے مشابہ ہے ، اِس کا بھی صوتی صندوق یا ڈبّہ ہوتا ہے لیکن اِس کی پُشت چپٹی ہوتی ہے ۔

city, n. شہر : بلدہ ، نگر ، عام معنوں میں انسانوں کی آبادی کا بڑا اور اہم مرکز ؛ آباد ؛ پُور ؛ امریکا میں قانوناً شہر گردانی گئی آبادی جس پر میئر بلدیہ یا نائب میئر بلدیہ کی حکمرانی ہو ۔ (برطانوی) قانوناً تسلیم شُدہ شہر جو اُسقف/بشپ کا مسکن ہو یا رہ چکا ہو؛ اجتماعی طور پر کسی شہر کے باشندے ۔ (صفت) شہر کے متعلق ؛ شہری ۔

the City, n. شہر لندن : لندن (انگلستان) میں تجارت و مالیات کا مرکز جو شہر کی قدیم حدود میں واقع ہے ؛ بلدۂ لندن ۔

city council, n. سِٹی کونسل ؛ بلدی مجلس ؛ مجلسِ بلدہ ؛

عام شہریوں کے مُنتخبہ اراکینِ مجلس بلدہ جنھیں عاملانہ نیز قانون سازی کے اختیارات حاصل ہوتے ہیں ۔

city editor, n. مدیر شہریات ـ (امریکا) اخبار کا وہ مدیر جس کے ذمہ مقامی یا شہری خبروں کی اشاعت ہو ۔ (برطانوی) اخبار میں مالی/اقتصادی خبروں کا مدیر ۔

city manager, n. عام طور پر وہ تجربہ کار منتظم جسے بلدیہ کی کونسل یا مجلسِ شہری ، حکومت کے انتظامی امور کی نگرانی کے لیے ملازم رکّھے ۔

city slicker, n. وہ چالاک اور مکّار شہری باشندہ جو بانکے چھیلے کی طرح خوش پوشاک ہو لیکن جسے دیہاتی لوگ دھوکے باز اور بھروسے کے ناقابلِ سمجھتے ہوں ۔

city-state, n. شہری مملکت : وہ ریاست جو ایک خُود مختار شہر اور نواحی علاقے پر مشتمل ہو ۔

civet, n. مشک بلاؤ : ایک چکنا اور تیز خوشبو دار مادّہ جو مشک بلاؤ کے اندرُونی غدود سے نکالا جاتا ہے اور خوشبویات جھانے یا پکّا کرنے والے جُز کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ مشک بلاؤ یا اس کا سمور ۔

civet cat, n. مُشک بلاؤ؛ جنس زبادیہ (Viverridae) سے تعلّق رکھنے والے کئی پستانیہ درندوں میں سے ایک ، جو افریقہ اور جنوبی ایشیا میں پایا جاتا ہے خصوصاً زبادِ مشک (Civettictis civetta) جس سے زیادہ تر تجارتی مشک حاصل ہوتا ہے ۔

civic, a. مدنی ؛ شہر، شہری یا شہریت کے متعلّق ؛ بلدیہ کے معاملہ یا شہری اعزاز کے متعلّق ؛ شہری ؛ شہری کا ؛ بلدیہ یا میونسپلٹی کا ۔

civics, n. علمِ شہریت ؛ شہریات ، شہریوں کے حقوق و فرائض اور شہری معاملات و مسائل کا علم ؛ مدنیات ۔

civies, civvies, n. (اسم،جمع) (عوامی) فوجی وردی کے برعکس شہری/مدنی/سویلین لباس ؛ مُفتی (لباس) ۔

civil, a. حضری ؛ مدنی ؛ شہری ؛ مُلکی ؛ اجتماعی ؛ معاشرتی ؛ شائستہ ؛ مُہذّب ؛ خُوش اخلاق ؛ غیر فوجی ؛ دنیاوی ؛ دیوانی یا غیر فوجداری ؛ مُعاشرے یا مُملکت کی پالیسی اور حکومت کے متعلّق ؛ شہریوں پر مشتمل ، اُن کے متعلّق یا اُن کے شایانِ شان (جیسے : civil duties) ؛ نجی حیثیّت میں فرد یا انفرادی آزادی کا یا اس کے متعلّق (جیسے : civil rights)؛ شہریوں کے درمیان معاملہ (جیسے civil war)؛ وہ معاملات جو مذہبی یا عسکری نہ ہوں ؛ غیر فوجی ـ (قانون) دیوانی قانون کا ، اس کے متعلّق یا اُس سے اخذ کردہ ؛ شہریوں کے انفرادی حقوق کے مُتعلّق ، خصوصاً اِن حقوق کے دفاع میں قانونی کارروائی کے متعلّق ؛ طور طریق میں شائستہ ؛ متمدّن ؛ باادب ؛ اچھی تربیّت یا پرورش پایا ہوا ؛ خلیق ؛ شریف ؛ بااخلاق ؛ اشراف ؛ شریفانہ ؛ قانونی ۔

civil airway, n. شہری جادۂ ہوا : ہوائی راستہ جس کو سول ایرونائکس اڈمنسٹریشن نے متعیّن کرکے امریکی ریاستوں کے درمیان یا سمندر پار غیر مُلکی فضائی تجارت کے لیے مناسب قرار دیا ہو ۔

civil aviation, n. شہری ہوا بازی ؛ فضائیہ ؛ (عسکری طیرانیات کے برعکس) تجارتی یا نجیّ کمپنیوں یا اِداروں کی ہوائی جہاز رانی ؛ طیرانِ کِشوَری ۔

civil death, n. (قانون) قانونی موت : ایسے زندہ شخص کا درجہ جو کسی سنگین جُرم میں سزا پانے یا عمر قید کے نتیجہ میں شہری حقوق سے محروم کر دیا گیا ہو ؛ مرگِ حقوق ؛ عدالت کی پناہ سے باہر ۔

civil defense, n. سِول ڈیفنس ؛ شہری دفاع ؛ وہ منصوبہ بندی اور انتظام جو قُدرتی آفات ، تخریب کاری یا دشمن کے حملے کی صورت میں شہری اور سِول انتظامیہ مِل کر لوگوں کے جان و مال کی حفاظت کے لیے کرتے ہیں ۔

civil disobedience, n. ترکِ موالات ؛ عدمِ تعاوُن ؛ سِول نافرمانی : حکومت کے قوانین و احکام کی نافرمانی تاکہ اُن کی غیر مُنصفانہ و ناجائز نوعیّت پر توجہ مبذول کرا کر اُن میں ترمیم کرائی جائے اور مراعات حاصل کی جائیں ، سول نافرمانی اکثر اجتماعی عمل کی صورت میں کی جاتی ہے ، مثلاً جلوس نکالنا یا دانستہ محصولات نہ ادا کرنا ۔

civil engineer, n. سِول انجینئر ؛ مہندّسِ مدنی : وہ انجینئر جو نہروں ، نالیوں ، بندرگاہوں ، پُلوں ، سڑکوں اور دیگر رفاہِ عامّہ سے متعلق تعمیراتی کاموں کی نقشہ کشی ، تعمیر ، دیکھ بھال اور مرمّت وغیرہ کا ماہر ہو ۔

civil engineering, n. مدنی انجینیری ؛ سِولُ انجینیری ۔

civilian, n. وہ شخص جس کا پیشہ اور دیگر مصروفیات غیر عسکری یا شہری ہوں ؛ رومی یا دیوانی قانون کا ماہر ؛ ملکی حاکم ؛ عہدہ دارسول ۔ (صفت) ایک شہری یا شہریوں کے گروہ کے متعلّق ، اُس کے یا اُن کے زیرِ انتظام یا قائم کردہ ۔

civility, n. شرافت یا شریفانہ عمل ؛ خُلق ؛ اخلاق ؛ ادب ؛ ازراہِ کرم توجّہ یا اُس کا اظہار ؛ تہذیب ؛ شایستگی ؛ آدمیّت ؛ مروت ۔

civilization, n. تمدُّن ؛ مدنیّت ؛ تہذیب و تمدُّن ؛ اصلاح ؛ تربیت ؛ درستی ؛ انسانیت ؛ شایستگی ؛ انسانی معاشرے کی وہ کیفیّت جس کی امتیازی خصوصیّت ذہنی ، تیکنیکی ، تمدُّنی اور مُعاشرتی ترقی ہوتی ہے ؛ وہ اقوام جو ترقی کی اِس منزل تک پہنچ چکی ہیں ؛ تہذیبی ترقی کی بدولت حاصل شُدہ آسایشیں ؛ مُہذّب بنانے یا مُہذّب ہونے کا عمل ؛ مخصوص زمان و مکان یا گروہ/قوم کا تمدُّن ، (جیسے : Roman civilization) ؛ عمومی مفہوم میں ویران علاقوں کے برعکس گنجان آباد خطّے ۔

civilize, v.t. مہذّب بنانا ؛ وحشی حالت سے باہر لانا ؛ نظم و ضبط اور شہری تنظیم قائم کرنا ؛ شایستہ و روشن خیال بنانا ؛ مُعاشرتی اعتبار سے بلند کرنا ؛ تربیّت کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ سُدھارنا ؛ بربریّت کو دُور کرنا ؛ متمدّن بنانا ؛ تربیت دینا ؛ تہذیب دینا ؛ آدمی یا انسان بنانا ۔

civil law, n. شہری قانون ؛ قانونِ دیوانی : کسی مخصوص ریاست ، شہر یا مُلک کے قانون کی وہ قسم یا وہ حصّہ جو نجی اور شہری حقوق کی بقا اور تفسیر کے متعلّق ہو ؛ قوانین کا وہ نظام جس کے اصولِ عدل رومی قانون (جو یورپی ملکوں کے قوانین کی بُنیاد ہے) سے اخذ کیے گئے ہوں ۔

civil liberties, n. (اسم،جمع) شہری آزادیاں : وہ سیاسی ضمانتیں جو ایک شہری کو قانوناً اور حکومت کی مداخلت کے بغیر حاصل ہیں ؛ امریکا میں شہری کے وہ حقوق جن کی ضمانت Bill of Rights یا قانونِ حقوق میں دی گئی ہے، اِس قانون میں اجتماع ، تنظیم ، تقریر ، تحریر اور مذہبی آزادی کے حقوق شامل ہیں۔

civilly, adv. شریفانہ طریقے سے ؛ ادب سے ؛ اچّھی تربیّت کے طریقے سے ؛ خُلق یا اخلاق سے۔

civil marriage, n. عدالتی شادی : وہ نکاح یا ازدواجی مُعاہدہ جو پادری یا مذہبی مقتدر کے بجائے عدالت یا سرکاری دفتر میں مامور افسر کی وساطت سے عمل میں آئے۔

civil rights, n. (اسم،جمع) مدنی حقوق ؛ شہری حقوق : وہ اختیارات و مراعات جو حکومت کی انتظامیہ و عاملہ کے مرہونِ منّت نہ ہوں اور جو فرد کو شہری ہونے کی حیثیّت سے قانوناً حاصل ہوں ، جیسے امریکا میں شہری کو جیوری کے ذریعہ مقدمےکے فیصلے کا حق ، معاہدے کرنے کی آزادی،جائیداد کے مالک ہونے کا حق اور دیگر حقوق آئین میں تیرھویں اور چودھویں ترمیموں اور کانگریس کے دیگر قوانین کی رُو سے حاصِل ہیں۔

civil servant, n. سِول سرونٹ ؛ سرکاری مُلازم ؛ حکومت کا نوکر ؛ ملازمِ دیوانی ؛ سول سروس کا ممبر ؛ غیر فوجی عہدہ دار۔

civil service, n. سِول سروس ؛ حکومت کی غیر فوجی خدمت ؛ ملازمتِ دیوانی ؛ سرکاری ملازمت ؛ سرکاری خدمات کے شُعبے یا محکمے جن میں حکومت کے غیر فوجی ملازم کام کرتے ہیں ؛ سرکاری ملازموں کو بھرتی کرنے کا قاعدہ جس کے تحت سیاسی سرپرستی کے بجائے مقابلہ کے امتحان میں کامیابی کی بُنیاد پر ملازمت فراہم کی جاتی ہے۔

civil war, n. خانہ جنگی ؛ آپس کی لڑائی ؛ ایک ہی مُلک یا ریاست کے باشندوں کے مابین جنگ۔

clabber, n. پھٹا ہُوا دودھ : وہ دودھ جو کھٹا اور گاڑھا ہو جائے ؛ دہی۔ (فعل لازم) دُودھ کا کھٹا ہو کر گاڑھا ہو جانا۔

clack, v.i. کھٹ کھٹ کرنا ؛ کسی چیز کو مار کر اچانک تیز شور کرنا ؛ بَک بَک کرنا ؛ تیزی سے اور متواتر آوازیں نکالنا یا تند اور بے ربط آواز نکالنا ؛ چخ چخ کرنا ؛ پٹر پٹر بولنا ؛ بکواس کرنا ؛ بکے جانا۔ (فعل متعدّی) کسی چیز سے تیز اور مختصر آواز نکلوانا ؛ تالی بجانا ؛ تھپتھپانا ؛ بے سوچے سمجھے کوئی بات زبان پر لانا۔

clack, n. کھٹ کھٹ ؛ کٹ کٹ ؛ تیز اور بے ربط آواز جو بار بار نکالی جائے ؛ مسلسل گفتگو ؛ بک بک ؛ چہکار ؛ قال مقال ؛ کِلکل۔

clacker, n. بک بک یا کھٹ کھٹ کرنے والا۔ (برطانوی) پرندے بھگانے کے لیے شور یا کھٹ کھٹ کی آواز ؛ کِلکلہ۔

clack valve, n. کلیک والو ، پمپ کا والو جس میں پانی/رقیق کے یک سمتی بہاؤ کے لیے صرف ایک ہی پٹ ہو۔

Clactonian, a. انگلستان میں حجری دور کے تمدّن کے دوسرے عہد کی خاصیّت کا یا اس کے متعلّق جس میں پتّھر کے ٹُکڑوں سے اوزار بنائے جاتے تھے۔

clad, a. ملبوس ؛ کپڑے پہنا ہوا ؛ سجا ہُوا ؛ مزیّن ؛ سجایا ہُوا۔

clad, v.t. مُلَمَّع کرنا ؛ قلعی کرنا ؛ حفاظت (زنگ سے بچاؤ) کے لیے ایک دھات پر دوسری دھات کی پوشش کرنا ؛ نیام یا میان میں رکھنا ؛ کپڑے پہنانا ؛ انتظام کرنا ؛ کپڑے دینا ؛ کپڑے سے خبر گیری کرنا ؛ ڈھانپنا ؛ اُڑھانا۔

cladding, n. دھاتوں کا ایک دوسرے پر خول چڑھانے کا طریقہ تاکہ اندرونی دھات کو زنگ سے بچایا جائے۔

cladode, n. (نباتیات) شاخینہ ؛ شاخ برگ ، پتّے یا قصائی کے چُھرے کی طرح چپٹی شاخ۔

cladophyl, cladophyll, n. چپٹی شاخ ؛ شاخِ برگ۔

claim, v.t. طلب کرنا ؛ مُطالبہ کرنا ؛ حق جتانا ؛ دعویٰ کرنا ؛ اختیار، حق یا مفروضۂ حق کی بُنیاد پرمانگنا یا حاصل کرنے کی کوشش کرنا ؛ کسی شخص یا چیز پر حق جتانا ؛ واجبات طلب کرنا ؛ ممکنہ شبہ یا تضاد/رد کے خلاف اپنی بات پر اڑنا ؛ جمے رہنا ؛ مواخذہ کرنا ؛ مدعی ہونا ؛ مانگنا ؛ اِدّعا کرنا ؛ حکم لگانا ؛ کہنا ؛ حق رکھنا ؛ مستحق ہونا۔

claim, n. استقرارِ حق ؛ استغاثہ ؛ نالش ؛ مقدّمہ ؛ مطالبہ ؛ دعویٰ طلبی ؛ مانگ ؛ حق ؛ تقاضا ، حق یا مفروضۂ حق کا مطالبہ ؛ وہ دعویٰ جس کے جائز ہونے کو چیلنج کیا جائے یا جسے چنوتی دی جائے ؛ وہ حق جسے مانگا جائے ؛ کسی چیز کا جائز حقِّ ملکیّت ؛ وہ چیز جس کے لیے دعویٰ کیا جائے یا جس کا مطالبہ کیا جائے ، خصوصاً سرکاری زمین کا وہ ٹُکڑا جو حد باہر کر دیا گیا ہو۔

claimable, a. قابلِ مُطالبہ ؛ لائقِ دعویٰ ؛ قابلِ اِدّعا۔

claimant, claimer, n. مُدّعی ؛ دعویٰ دار ؛ طالب ؛ مطالبہ کرنے والا ؛ داد خواہ ؛ مستحق۔

claiming race, n. ایک قسم کی گُھڑ دوڑ جس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ سخت مُقابلہ یقینی بنایا جائے ، اِس کی ترکیب یہ ہوتی ہے کہ کوئی بھی شریک گھوڑا اُس شخص کے ہاتھوں ایک مقررہ قیمت پر خریدا جا سکتا ہے جو دوڑ سے پہلے دعویٰ داخل کر دے ، اِس طرح دعویٰ دار ہونے کی رعایت عموماً دیگر شریک گھوڑوں کے مالکان ہی کو حاصِل ہوتی ہے۔

clair de lune, n. فیروزی ؛ زرد نیلا یا سبزی مائل نیلا رنگ ؛ بہت زرد ، نیلاہٹ والا چمکدار پالش جو چینی برتنوں پر ہوتا ہے۔

clairvoyance, n. غیب دانی ؛ روشن ضمیری ؛ الہامی علم ؛ غیر معمولی بصیرت : ایک طاقت جو بعض لوگوں کو مسمریزمی حالت یا بیخودی کے عالم میں حاصل ہوتی ہے ، وہ اِس طاقت کے باعث پوشیدہ چیزیں دیکھ سکتے ہیں اور یہ بتا سکتے ہیں کہ آنکھوں سے اوجھل یا بہت فاصلے پر کیا ہو رہا ہے۔

clairvoyant, n. غیب بین ؛ روشن ضمیر ؛ وہ مرد یا عورت جو غیب داں ہو اور جسے اپنے حواسِ خمسہ کے حلقۂ اثر سے دور کی چیزوں کا علم اور اِدراک ہو سکتا ہو۔ (صفت) الہامی۔

clam, n. شکنجہ۔ (جمع) چمٹا ؛ آوا ؛ انبار۔

clam, n. ریگ صدفہ : کئی اقسام کے دو مونہی

گُھونگھوں کا عام اور مقبول نام ؛ سیپ یا گھونگھے کا کھانے کے قابل گوشت ۔ (بول چال) مُنہ بند رکھنے والا یا کم گو شخص ۔ (فعل لازم) گُھونگھے حاصل کرنے کے لیے کھودنا ۔

clamant, a. حجتی ؛ ضروری ؛ فوری ؛ اشد ضروری ؛ پُر شور ؛ ردّوکد کرنے والا ؛ تکراری ؛ اہم ۔

clamatorial, a. عصفُوری : جنس عصفُوریہ (Clamatores) یا کُنجشک پرندوں کی قبیل کا یا اس کے متعلّق ، مکھّی مار پرندوں کی طرح اِن پرندوں کے اعضائے گویائی سادہ ہوتے ہیں اور صوتی تنوُّع محدود ہوتا ہے ۔

clambake, n. (امریکا) ساحلی پِک نِک : ایک تفریح یا پِک نِک جس میں سمندر کے کنارے گرم پتّھروں پر گھونگے پکا کر کھائے جاتے ہیں ۔ (عوامی) پارٹی یا سماجی اجتماع جس میں بہت زیادہ شوروغل مچایا جائے ۔

clamber, v.i., v.t. ہاتھ پاؤں سے چڑھنا ؛ چاروں ہاتھ پاؤں سے اُوپر چڑھنا ؛ کوشش یا مُشکل سے اوپر چڑھنا ۔ (اسم) مُشکل چڑھائی ۔

clamberer, n. چڑھنے والا ؛ مُشکل پسند ۔

clammy, a. نرم و مرطوب ؛ لجلجا ؛ سرد و مرطوب ؛ چپچپا ؛ لیسدار ۔

clamor, (Brit.) , clamour, n. ہنگامہ ؛ شور ؛ شوروشغب ؛ شورغوغا ؛ شوروغُل ؛ غُل غپاڑہ : ایک یا ایک سے زیادہ اشخاص کی زور دار چیخیں ؛ پُر زور شکایت یا فوری مُطالبہ ؛ حمایت یا احتجاج کا عوامی اظہار ؛ پُر زور اور مسلسل شور ؛ خروش ۔

clamor, (Brit.) , clamour, v.t., v.i. زور دار آواز میں بولنا ؛ چیخنا ؛ شوروغل سے غالب آنا ؛ شور مچانا ؛ دُہائی مچانا ؛ دُہائی دینا ؛ زور دار آوازیں نکالنا ؛ اصرار سے شکایات یا مطالبات کرنا ؛ غل مچانا ؛ غوغا کرنا ؛ ہنگامہ کھڑا کرنا ؛ ہنگامہ برپا کرنا ؛ فریاد کرنا ؛ دھاڑنا ۔

clamorous, a. غل مچانے یا چیخنے والا ؛ حجتّی ؛ تکراری ۔

clamorously, adv. شور کرکے ؛ دہائی مچاکے ؛ چیخ چیخ کے ۔

clamorousness, n. شوریدگی ؛ دُہائی ؛ چلاّہٹ ۔

clamp, n. کلمپ ؛ گرفت ؛ پتّر ؛ پٹّی ؛ جوڑ ؛ شکنجہ ؛ لوہے کی پٹّی ؛ چونڈی ؛ اڈّا : کئی قسم کے سخت اوزاروں میں سے جو کسی چیز یا چیز کے حصّوں کو سہارا دینے ، طاقت پہنچانے یا باہم مستقل/عارضی طور پر باندھنے یا جوڑنے کے لیے اس وقت تک پکڑ میں رکھے جب تک کہ جوڑ کا ٹانکا نہ لگا لیا جائے ؛ ایک قسم کا اوزار جو چیزوں کو ایک دوسرے کے مقابل طرفین کے درمیان پکڑ کر رکھتا ہے تاکہ مختلف سائز کی اشیا اگر ان میں جُڑنے کے قابل ہوں تو جوڑ دی جائیں ورنہ علیحدہ کر دی جائیں ۔

clamp, v.t. لوہے کی پٹّی لگانا ؛ پتّر لگانا ؛ پتّر چڑھانا ؛ پتری سے جوڑنا ؛ شکنجے سے کسنا ؛ تعزیری قانون نافذ کرنا یا قانونی پابندی پر عمل کرانا (جیسے : to clamp further restrictions on foreign trade.) ۔ (فعل لازم) آہستہ چلنا یا بھاری قدموں سے چلنا ۔ (اسم) بھاری قدم یا آہستہ چال ۔

clamp down, v.t. عائد کرنا یا اضافہ کرنا ، جیسے پابندیوں میں ؛ خاموش کرنا ؛ ساکت کرنا ؛ مُنہ بند کرنا ؛ چُپ کرانا ۔ (جہاز رانی) جہاز کے عرشے کو پانی چھڑک کرکوچی یا بھیگی بوئی جھاڑو سے صاف کرنا ۔ (فعل لازم) پابندیاں لگانے میں اچانک سخت گیر ہو جانا ۔

clamper, n. شکنجہ ؛ جوتے کے تلے سے باندھا ہُوا لوہے کا چوکھٹا جس میں نیچے کی طرف کیلیں لگی ہوتی ہیں تاکہ برف پر چلنے میں پھسلنے کا امکان نہ رہے ۔

clam shell, n. گھونگھے کا سیپ ؛ جال کی ٹوکری جو دو جبڑے جیسے ٹُکڑوں کو جوڑ کر بنائی جاتی ہے ۔

clamshell door, n. سیپ در : ہوائی جہاز میں نیچے کی طرف سامان بار کرنے کا دروازہ جس کے دو مُڑے ہوئے پٹ لمبائی میں سیپ کی طرح کھل جاتے ہیں ۔

clam up, v.i. (عوامی) بولنا بند کرنا ؛ راز بتانے یا اطلاعات/معلومات فراہم کرنے سے انکار کرنا ۔

clan, n. کُنبہ ؛ فریق : خاندانوں یا گھرانوں کی تعداد ، خصوصاً اسکاٹ لینڈ کے پہاڑی علاقوں میں ، یہ گھرانے مشترک جدّ امجد کی اولاد ہوتے ہیں اور ان کا ایک ہی موروثی سردار ہوتا ہے ؛ رشتہ دار اشخاص کا گروہ ؛ گھرانہ ؛ ٹولہ ؛ گروہ ؛ فرقہ ؛ قبیلہ ؛ ال ؛ کھاپ ؛ گوت ؛ گوتر ؛ خیل ؛ برادری ؛ جتھا ؛ جرگہ ؛ خانوادہ ؛ حلقہ یا ایسے اشخاص کا گروہ جو کسی مشترک مفاد ، پیشہ یا دلچسپی کے باعث آپس میں قریبی تعلّق رکھتے ہوں ؛ بعض غیر متمدّن لوگوں میں قبیلے کی شاخ جو اکثر و بیشتر مفروضہ طور پر دوسری شاخوں سے ہمرشتہ اور مشترک مورثِ اعلیٰ کی دعوے دار ہو ۔

clandestine, a. چوری چُھپے ؛ پنہاں ؛ پوشیدہ ؛ خفیہ : مخفی عموماً دھوکا دینے یا کسی بُرے مقصد سے عام لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل ۔

clandestinely, adv. چوری چُھپے ؛ پوشیدہ طور پر ؛ مخفی طور پر ۔

clandestineness, n. راز داری ؛ پوشیدگی ۔

clang, n. جھنک ؛ جھنکار ؛ ٹھن ٹھن جھن جھناہٹ ؛ دھات کے گرنے یا بجانے سے پیدا ہونے والی زور دار اور گونجتی ہوئی آواز ۔

clang, v.i. جھنکارنا ؛ ٹھنٹھنانا ؛ جھنجھانا ؛ جھنجھنانا ؛ جھنکار کے ساتھ چلنا (جیسے : The fire engine clanged through the town) ۔ (فعل متعدی) جھنکار کی آواز پیدا کرنا ۔

clangor, (Brit.) **clangour,** n. تیز ، سخت اور کانوں میں گونجنے والی آواز جیسی کہ ترم یا گھنٹی بجانے سے پیدا ہوتی ہے ؛ جھنکار کا تواتر ؛ شور ؛ ٹھن ٹھن ؛ کھڑ کھڑ ؛ کھڑکھڑاہٹ ۔

clangorous, a. جھنکاری ؛ جھنکار کی آواز دینے والا ۔

clangor, (Brit.), **clangour,** v.i. جھنکار پیدا ہونا ؛ جھنکارنا ؛ کھڑکھڑ کرنا ۔

clank, n. جھن ؛ چھناکا ؛ جھنکار ؛ جھنک ؛ کھڑکھڑاہٹ ؛ دھات کی مختصر زور دار اور تیز آواز جس میں Clang کی نسبت گونج کم لیکن clink سے زیادہ گمبھیر اور تیز آواز ہوتی ہے ؛ جھنجھناہٹ ۔

clank, v.t. جھنکار پیدا کرنا ؛ چھن چھن کی آواز پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) جھنکار کی آواز دینا یا جھنکار کی آواز نکلنا ۔

clannish, a. گروہی ؛ قبائلی ؛ قبیلہ دوست ؛

خاندان پرست ؛ سمبندھی ؛ خاندانی خصوصیات کا مظہر ؛ خاندان کے مخصوص احساسات ، جذبات اور تعصّبات سے مملو ؛ خاندانی ؛ روایتی ؛ اپنے ہی ماحول یا ہم رتبہ لوگوں کے چھوٹے حلقے تک محدود میل جول ؛ قوم یا قبیلہ پرست ؛ دوسرے گروہوں/خاندانوں اور ان سے تعلّق رکھنے والے افراد کے متعلق تنگ نظری کا رویّہ رکھنے والا ۔

clannishly, adv. خاندانی تعصبّ سے ؛ گروہ بندی سے ؛ جتّھا بندی سے ؛ فرقہ بندی سے ۔

clannishness, n. خاندانیّت ؛ گروہ بندی ؛ جتھا بندی ؛ خیل بندی ؛ قبیلہ دوستی ؛ خاندان پرستی ؛ قبیلہ پرستی ۔

clansman, n. خاندان کا رکن ؛ ہم قوم ؛ فرقے کا بھائی ؛ ہم خیل ۔

clap, v.t. آفرین کہنا ؛ تالی بجانا ؛ تالیاں پیٹنا ؛ دو چیزوں کو ایک دوسرے سے مار کر تیز ضرباتی آواز پیدا کرنا ، دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو ایک دوسرے پر مار کر یا تو کسی کو متوجّہ کرنے کے لیے یا تعریف و حمایت کے اظہار کے لیے تیز آواز پیدا کرنا ؛ شاباش دینے کے لیے پیٹھ یا شانہ تھپتھپانا ؛ جلدی اور زور سے رکھنا ؛ جلدی سے وقت کے وقت مہیّا کرنا ؛ بازو ہلانا ؛ تھپکنا ۔ (فعل لازم) تیز اور گُونجدار آواز پیدا کرنا ؛ یکایک اور شور کے ساتھ حرکت کرنا ؛ تحسین کے اظہار کے لیے تالی بجانا ۔

clap, n. تھپک ؛ ٹھونک ؛ تالی ؛ گونج پیدا کرنے والا زور دار شور (جیسے : the clap of horse's hooves) ؛ ایسے شور کا ذریعہ (جیسے : a thunder clap) ؛ ہتھیلیوں کو ایک دوسرے پر مارنے سے پیدا ہونے والی آواز جیسے داد و تحسین پر تالی پیٹنا ؛ غیر متوقّع ضرب ؛ ہلکی دوستانہ دھول یا دھپا ۔ (عوامی) سوزاک ۔

clapboard, n. اصلاً ، شاہ بلوط کے تختہ کا ایک سائز جو بندوق کی نال کا چوبی حلقہ بنانے اور دیوار کی تختہ بندی کے لیے استعمال ہوتا تھا ؛ امریکا میں ، لمبا اور پتلا تختہ جس کا ایک سرا دوسرے سرے کی بہ نسبت موٹا ہوتا ہے ، ایسے تختوں کے موٹے سِرے باریک سِروں پر رکھ کر عمارات کی بیرونی دیواریں ڈھانپی جاتی ہیں ؛ اسی قسم کا سقفی تختہ ۔ (فعلِ متعدّی) کلیپ بورڈ یا لکڑی کے تختوں سے ڈھانپنا ۔

clapper, n. وہ شخص یا چیز جو تالی کا شور پیدا کرے ؛ گھڑیال یا گھنٹے کا لٹکن یا زبان ۔ (بول چال) انسانی زبان ، خصوصاً زیادہ باتیں کرنے والے شخص کی زبان ؛ چپٹی چیزوں کا جوڑا جیسے لکڑی یا ہڈّی کا جوڑا جنھیں ٹکرا کر موسیقی کی تال پیدا کی جاتی ہے ؛ چھینا ؛ چمٹا ۔

claptrap, n. ظاہر داری ؛ دکھاوا ؛ غلط فخرومباہات اور ریاو نمایش سے مملو بڑ یا شیخی ؛ سامعین پر رُعب ڈالنے کے لیے گفتگو میں تصنّع اور طمطراق ؛ اصلیت یا مفہوم کے بغیر ظاہری چمک دمک ، ٹیپ ٹاپ یا نمودونمایش (جیسے : The play was witty, but full of claptrap)۔ (صفت) دکھاوے کا ؛ نمایشی ؛ ایسا ویسا ؛ گھٹیا یا نیچ ؛ خراب بناوٹ یا تعمیر کا (جیسے : The house had claptrap construction) ۔

claque, n. بھانڈ ؛ بھاڑے کا بھاٹ ؛ کرائے کا تعریف کرنے والا یا مدح خواں ؛ وہ گروہ جو اجرت لے کر فن کاروں/اداکاروں کے فن/تماشے کی تعریف کرے ؛ کوئی بھی گروہ جو ذاتی مطلب برآری کے لیے تعریف یا خوشامد کرے ؛ خوشامدیوں کا ٹولہ ۔

clarabella, n. ارگن باجے کی سُر مدھم کرنے کی آٹھ فُٹی کھونٹی جس میں لکڑی کی کُھلی نلیّاں لگی ہوتی ہیں جن سے نرم اور میٹھے سر نکلتے ہیں ۔

clarendon, n. جلی ٹائپ : کلارنڈن ٹائپ (بانی کے نام سے) ، چھاپہ خانہ یا مطبع میں استعمال ہونے والا ایک قسم کا ٹائپ جو شکل میں تو رومن ٹائپ جیسا ہوتا ہے لیکن اس کے خطوط جلی ہوتے ہیں ۔

claret, n. ارغوانی شراب ؛ سُرخ شراب ؛ کھانے کے ساتھ پی جانے والی سُرخ شراب کا عام نام ، یہ نام بورڈ (فرانس) کے شراب بنانے والے ضلع کلارٹ کے نام پر رکھا گیا ہے ؛ دوسرے مقامات پر بنائی جانے والی ایسی ہی شراب کا عام نام (جیسے : California claret) ؛ گہرا ارغوانی مائل سرخ رنگ ۔ (صفت) ارغوانی مائل سرخ ۔

claret cup, n. ٹھنڈا مشروب : جس میں برف پڑی ہو اور کلارٹ شراب ، لیموں رس ملا سوڈا پانی ، برانڈی یا کوئی اور الکحل ، جو شکر اور پھلوں سے بنا ہوا ہو ۔

clarify, v.t. صاف کرنا ؛ واضح کرنا ؛ صاف و شفاف کرنا ، غیر خالص چیزوں سے پاک کرنا ۔ (کیمیا) محلل رقیق میں ملے ہوئے ذرّات دور کرنا ؛ معنوی ابہام یا انتشار دُور کرنا (جیسے The President clarified his foreign policy)۔ (فعل لازم) صاف یا واضح ہونا ؛ شفّاف ہونا ؛ سُلجھا ہوا ہونا ؛ شُستہ ہونا ۔

clarifier, n. وہ شخص یا چیز جو واضح/صاف کرے ؛ مَیل چھانٹنے یا نرمل کرنے والا مسالا ؛ صافی ۔

clarification, n. سلجھاؤ ؛ تصفیہ ؛ صفائی ؛ وضاحت ؛ چھنٹاؤ ؛ پھاڑنے کا عمل ؛ تخصیص ۔

clarinet, clarionet, n. کلارنٹ ؛ نَے ؛ بانسری : ایک نلی کا لکڑی کے ریشوں سے باندھا ہوا ساز یا الغوزہ جس کی اسطوانی نلکی کا پچھلا سرا چوڑا ہوتا ہے ۔

clarion, n. بُوق ؛ نفیر؛ترئی ؛ قرنا ؛ نرسنگا : ازمنۂ وُسطیٰ کا ترَم جس سے صاف اور تیز آواز پیدا ہوتی تھی؛ اِس ترم کی آواز؛ کوئی اور ملتی جلتی آواز ۔ (صفت) صاف ، تیز اور بلند ؛ برانگیختہ کرنے والی ؛ ابھارنے والی (آواز) ؛ جوش میں لانے والی (آواز) ؛ للکار ۔

clarity, n. صفائی ؛ وضاحت ؛ وضوح ؛ دیکھنے میں صاف ہونے کی حالت یا صفت ؛ چمک دمک ؛ سمجھنے میں صاف ، واضح یا سُلجھا ہوا ہونے کی حالت یا صفت ؛ ابہام یا انتشار سے پاک ہونے کی حالت ۔

clarkia, n. یک فصلہ ؛ یک سالہ : مغربی امریکا کی پُھول دینے والی موسمی بوٹی جو شام کو کھلنے والے بسنتی پُھول یا جنس کلار کیا (Clarkia) سے تعلّق رکھتی ہے ۔

claro, n. ایک ہلکے رنگ کا (نشہ میں) ہلکا سگار ۔ (صفت) اِس سگار کی طرح ہلکا رنگ ؛ کلارو رنگ ۔

clary, n. رادید : جنس ساج (Salvia) خصوصاً ساج سفید (Salvia sclarea) سے متعلّق خوشبودار بوٹیوں میں سے کوئی ایک ، یہ بوٹیاں گملوں میں لگانے اور آرایش کے کام آتی

ہیں ؛ آرایشی پودا ۔

clash, v.i. بلند اور تُند شور ہونا ؛ شور کے ساتھ ٹکرانا ؛ جھنجھنانا ؛ متصادم ہونا ؛ اتفاق نہ ہونا ، اختلاف ہونا یا غیر متفق ہونا ؛ کھیل یا لڑائی میں جسمانی طور پر حملہ آور ہونا یا جھپٹنا (خصوصاً اِن معنوں میں clash کے بعد with کا لاحقہ آتا ہے)؛رنگوں کا ایک دوسرے سے میل نہ کھانا یا ایسی نامناسبت ہونا جو آنکھوں کو بُری لگے ؛ کھٹکھٹانا ؛ ٹکرانا ؛ تصادم ہونا ؛ آڑ ہونا ؛ مزاحم ہونا ؛ حائل ہونا ؛ سدّراہ ہونا یا بننا ، ٹکر ہونا ؛ لڑنا ؛ کھٹ پٹ ہونا ۔ (فعل متعدی) گونجدار آواز کے ساتھ ٹکرانا ؛ روکنا ؛ ٹکر کھانا ۔

clash, n. تصادم ؛ ٹکر ؛ جھنکار ؛ ٹھنٹھناہٹ ؛ ٹکرانے کی تند آواز جو عموماً دھات کی ضرب سے پیدا ہوتی ہے ؛ تصادم یا ٹکراؤ ، خصوصاً پُر شور تصادم ؛ لڑائی ؛ جھگڑا ؛ نظریے یا مفاد کا اختلاف یا ٹکراؤ ؛ کھٹاکھٹ ؛ کھچا کھچ ؛ چقا چق ۔

clasher, n. متصادم ؛ مخالف ؛ متضاد ؛ ٹکرانے والا ۔

clasp, n. کھپچی ؛ قبضہ ؛ کندہ ؛ آنکڑا ؛ بکسوآ ؛ کانٹا ؛ آنکڑا یا کوئی اور چیز یا اوزار جس سے مختلف چیزوں یا ایک ہی چیز کے حصوں کو ایک ساتھ یا باندھ کر رکھا جائے ؛ گرفت ؛ پکڑ ؛ معانقہ ؛ ہم آغوشی ؛ دھات کی چھوٹی سی پٹی یا تختی جو فوجی تمغہ کے فیتے پر لگی ہوتی ہے اور جس سے اُس کارنامے کی نشاندہی ہوتی ہے جس کے لیے وہ تمغہ دیا گیا ۔

clasp, v.t. دو چیزوں کو بکسوئے /آنکڑے کے ذریعہ باندھنا یا جوڑنا ؛ بکسوآ لگانا ؛ آنکڑا لگانا ؛ باہوں میں لیکر بھینچنا ؛ بغل گیر ہونا ؛ ہم کنار ہونا ؛ ملنا ؛ ہم آغوش ہونا ؛ ہاتھ سے یا ہاتھ میں مضبوطی سے پکڑنا ؛ ہاتھ ملانا ؛ مصافحہ کرنا ۔

clasper, n. گیرندہ ؛ گیراله ؛ گرفت یا پکڑ میں لینے والی چیز یا شخص (نر ، مادہ)۔ (حیوانیات) بعض مچھلیوں کے اعضائے جُفتی ؛ بعض نر کیڑوں یا قشری جانوروں کے تبدیل شُدہ ساخت والے اعضا جن سے وہ جفتی کے وقت مادہ کو دباتے یا گرفت میں لیتے ہیں ۔

clasp knife, n. کمانی دار چاقو ، وہ چاقو جس کا پھل اس کے دستہ میں نیام ہو سکے ؛ جیبی چاقو ؛ ایک پھل کا بڑا چاقو جو کھلا ہو تو اس کا پھل ایک بریکٹ یا روک کے ذریعہ اپنی جگہ پر قائم رہتا ہے ۔

class, n. زُمرہ ؛ درجہ ؛ رُتبہ ؛ مرتبہ ؛ پایہ ؛ طبقہ ؛ جماعت ؛ ذات پات ؛ جنس ؛ مرتبے کے مطابق کوئی بھی سماجی تقسیم؛ خصوصاً اعلیٰ رتبہ؛ مدرسے یا کالج کے ایسے طلبہ جن کے درسی مضامین مشترک رہے ہوں ، ایک جیسے ہوں یا جو ایک ہی سال تعلیم سے فارغ ہوئے ہوں؛ ایسے طلبہ کی جماعت ۔ (عوامی) اعلیٰ ترین خوبی یا لیاقت (جیسے : That girl has a class) ؛ رتبہ یا گریڈ کے لحاظ سے اشخاص یا اشیا کی تقسیم ؛ ایسے اشخاص یا اشیا جو مشترک خصوصیات کی بنا پر ایک ہی قسم ، قبیل یا جماعت کے سمجھے جائیں ؛ ایک قِسم یا قبیل ؛ حیوانیاتی یا نباتیاتی گروہ یا قسم جو قبیل/قبیلے سے کمتر لیکن درجے/فرقے سے برتر ہو ۔ (کلیسیات) گرجا کی مقتدر یا بااختیار تنظیم ؛ قدیم زمانے میں میتھاڈسٹ یا غیر مقلّد/اصولی کلیسا کی کئی چھوٹی جماعتوں میں سے کوئی ایک ، جن میں سے ہر جماعت ایک لیڈر کے تحت بارہ اراکین پر مشتمل ہوتی تھی اور یہ سب جماعتیں مل کر مجلسِ عبادت کی تشکیل کرتی تھیں ۔

class, v.t. درجہ وار کرنا ؛ قسم بندی کرنا ؛ درجہ درجہ کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ باقاعدہ لگانا ؛ جماعت بندی کرنا ؛ ترتیب وار رکھنا ؛ باترتیب کرنا ۔ (فعل لازم) درجہ بند یا درجہ وار ہونا ؛ کسی خاص درجہ یا جماعت میں جگہ پانا ۔

classable, a. قابلِ درجہ بندی ؛ درجوں یا قسموں میں تقسیم کے قابل ۔

class conflict, n. طبقاتی تصادم ۔

class conscious, a. طبقاتی شعور رکھنے والا ؛ دیگر طبقات کے مقابلہ میں اپنے طبقہ کی رکنیّت کا احساس یا شعور رکھنے والا ۔

class day, n. یومِ تکمیلِ تعلیم ؛ امریکا کے مدرسوں اور کالجوں میں تعلیمی نصاب کی تکمیل کا دن جو طلبہ ادبی اور دیگر تقریبات کرکے مناتے ہیں ۔

class dialect, n. علاقائی لہجے کے برعکس وہ لہجہ اور لفظیات جو ایک ہی لِسانی سماج میں ایک مخصوص سماجی طبقہ میں رائج ہو ۔

classic, a. اوّلین یا اعلیٰ ترین درجہ یا رتبہ کا ؛ اوّل قسم کا ؛ معیار ، نمونہ یا رہنما کا کام دینے والا ؛ یُونان یا رُوم کے ازمنۂ عتیق کا ، اُن کے متعلّق یا ان کی خصوصیات کا حامل ، خصوصاً ادب و فن کے حوالہ سے ؛ کلاسیکی ؛ مستند ؛ مسلّم ؛ قدیم یُونانی اور رُومی ادب و فن کے اسلوب یا روایت کے مطابق ؛ کلاسیکی ، اِس لیے ادبی و تاریخی لحاظ سے مشہور و مستند ؛ شُستہ ؛ فصیح و بلیغ ؛ ادبیاتِ عالیہ ۔ (فیشن) مسلمہ معیار کے مطابق ؛ بُنیادی (جیسے : a classic dress)۔

classic, n. کلاسیک ؛ اعلیٰ درجہ کا مصنف یا ادبی فن پارہ ، خصوصاً یونانی یا لاطینی ؛ کوئی چیز جسے تقریباً مکمل معیار کا نمونہ یا مثال سمجھا جائے ؛ روایتی لحاظ سے معنی خیز چیز یا واقعہ۔

classics, n. قدیم یُونان و رُوم کی ادبیّات ؛ یُونانی اور رومی مستند کتابیں ۔

classical, a. اعلیٰ درجے کا ؛ مستند ؛ مُسلَّمُ الثبُوت ؛ ٹکسالی (خصوصاً ادبیات میں) ؛ کلاسیک ؛ خصوصاً قدیم یونان و روم کے ادبی و فنی نمونوں یا بعد میں ان کی بنیاد پر وضع کیے گئے اصولوں کے مطابق ؛ کلاسیکیت سے مملو ؛ قدیم کلاسیکی ادب و فن کے متعلق ۔ (کلیسیات) کلاسس یعنی اصلاحی گرجا کی تنظیم اعلیٰ کے متعلّق ؛ یونانی و لاطینی کا فاضل ؛ قدیم اساتذہ یونان وروما کا پیرو۔

classically, adv. قدیم یونانی و رومی اسلوب و طرز کے اعتبار سے ؛ ٹکسالی طور پر ۔

classical college, n. (کینیڈا) فرانسیسی کینیڈا میں ایک تعلیمی ادارہ یا نظام جس کے تحت ثانوی اسکول اور کالج کے درجہ پر خصوصاً کلاسیکی ادب و فن اور (وسیع المشربی پر مبنی فنون لطیفہ کا) آٹھ سالہ نصاب /کورس پڑھایا جاتا ہے ۔

classicism, classicalism, n. کلاسیکیّت ؛ کلاسیکی ادب و فن کے اصول یا ان اصولوں سے وابستگی ؛ قدیم ادب کی تقلید ؛ ادب و فن میں کلاسیکی اسلوب ، خصوصاً ہیئت کو زیادہ اہمیت دینے کی

وہ کمرہ جس میں اسکول یا کالج کی ایک جماعت اکٹھے درجہ یا کلاس کے طالب علم پڑھتے ہیں ۔

class struggle, n. طبقاتی تنازُع ؛ طبقاتی جِدّوجہد ؛ طبقاتی کشمکش ؛ طبقاتی تصادُم : لوگوں کے مختلف طبقوں میں مُعاشی و معاشرتی تصادُم جو ماحول ، مفاد یا معاشی فرق کے باعث ہوتا ہے ۔ (مارکسیّت) مزدُوروں اور سرمایہ داروں کے درمیان اقتدار کی کشمکش ۔

classy, a. (عوامی) اُونچے درجے ، رتبے یا عہدے کا ۔ بانکا ؛ عمدہ ؛ اعلیٰ ۔

clastic, a. (حیاتیات) کا سِر ؛ ٹُکڑوں یا حصّوں میں الگ الگ ہونے یا تقسیم ہونے والا ؛ ٹُکڑوں میں بٹنے یا تقسیم ہونے کے متعلّق ؛ بدن یا اعضا کے ایسے نمونہ کے متعلّق جو الگ الگ یا علیحدہ ہونے والے حصّوں کو جوڑ کر بنایا گیا ہو ؛ مُکّسر ؛ متکسّر ۔ (ارضیات) ایسی چٹانوں کی بابت یا ان سے متعلّق جو پُرانی چٹانوں کے ٹُکڑوں سے مل کر بنی ہوں ؛ اجزائی یا متفرق ۔

clathrate, a. (حیاتیات) مشبّک ؛ جالی سے مُشابہ ؛ جالی کی طرح منقسم یا جالی کے سے نشان والا ۔

clatter, v.i. کھڑکھڑانا ؛ کھٹکھٹانا ؛ دو سخت چیزوں کے ٹکرانے سے کھڑکھڑاہٹ یا کٹ کٹ کی آواز کا پیدا ہونا ؛ کھٹ کھٹ کی آواز پیدا کرتے ہوئے حرکت کرنا یا چلنا ؛ اُونچی آواز میں چخ چخ یا بک بک کرنا ؛ شور سے گونج اُٹھنا ۔ (فعل متعدّی) کھڑکھڑاہٹ کی آواز پیدا کرنا ؛ کھڑکھڑاہٹ کا باعث بننا ؛ ٹیں ٹیں کرنا ؛ رٹنا ؛ بڑبڑانا ؛ کھٹ کھٹ کرنا ؛ بکواس کرنا ؛ بکنا ؛ جھک مارنا ؛ کھنکھنانا ؛ بڑکانا ۔

clatter, n. کھڑکھڑاہٹ ؛ کھٹ کھٹ ؛ کٹ کٹ ؛ چخ چخ ؛ بَک بَک ؛ پھٹ پھٹ ؛ کھٹ کھٹ کی تیز اور متواتر آوازیں ؛ شدید اور بے ہنگم شور ؛ زور دار اور پُرشور کھٹ کھٹ ؛ کھنکھناہٹ ؛ پٹ پٹ ؛ ٹپ ٹپ ؛ رٹ رٹ ۔

clatterer, n. کھڑکھڑانے والا ؛ بکّی ؛ جھکی ۔

clause, n. فقرہ ؛ جُز جُملہ ؛ ذیلی جُملہ ؛ چھوٹا جُملہ ؛ مرکّب جُملے کا ایسا حصّہ جس میں فاعِل ، مفعول اور فعل موجود ہوں ؛ مرکّب جُملے کے ذیلی جُملوں میں سے ایک ؛ معاہدے ، دستور ، وصیّت ، وثیقہ وغیرہ کی ذیلی شق ؛ خاص صراحت ، شرط یا شق ۔

clausal, a. شق یا شقوں کے متعلّق ؛ ذیلی یا ذیلی جُملے کی متعلّق ۔

claustral, a. خانقاہی ؛ حجُرہ نُما ؛ عزلتی ؛ تنگ و تار ؛ حاجزی ؛ خانقاہ کا ؛ خانقاہ جیسا ۔

claustrophobia, n. (طب نفسی) عزلت ترسی ؛ خوف حصار ؛ بند کمروں یا تنگ جگہوں سے مریضانہ خوف ؛ مالیخولیائے خلوت گُریزی ۔

clave, n. لکڑی کی چھڑیوں یا ٹُکڑوں کے جوڑے میں سے اَیک، ان چھڑیوں کو ایک دوسرے پر مار کر موسیقی کی تال پیدا کی جاتی ہے ۔

claver, v.i. (اسکاٹ لینڈ) بیکار باتیں کرنا ؛ گپ مارنا ۔ (اسم) گپ شپ ۔

صورت میں ، جس کے مظاہر مہارت ، سادگی اور متانت ہوتے ہیں ؛ کلاسیکی مُحاورہ یا ہیئت ؛ لاطینی مُحاورہ ؛ کلاسیکی علم و فضل ؛ قدیم یُونانی و لاطینی ادبیّات میں مہارت اور ان کے اسالیب کی تقلید ؛ حمایت ادبیّات یونانی و لاطینی ۔

classicist, n. مذکورہ بالا معنوں میں اسمِ فاعل ؛ کلاسیکی ادبیات و فنون کا عالم ؛ وہ شخص جو قدیم کلاسیکی ادب و فن کے مطالعہ کا حامی ہو ؛ ادب و فن میں کلاسیکی اصولوں یا کلاسیکیّت کا مقلّد ۔

classicistic, a. کلاسیکی ۔

classicize, v.t., v.i. کلاسیکی اسلوب کی تقلید کرانا ؛ قدیم اساتذہ کے رنگ میں لکھنا ، کلاسیکی اسلوب یا ہیئت اپنانا یا استعمال کرنا ؛ قدیم رنگ کی تقلید کرنا ۔

classification, n. صنف بندی ؛ زُمرہ بندی ؛ قسم بندی ؛ درجہ بندی ؛ تقسیم ؛ ترتیب : درجوں میں تقسیم کرنے کا عمل جس کے تحت یکساں یا مشابہ اشخاص/اشیا کو ایک درجہ میں رکھّا جاتا ہے اور مختلف اشخاص/اشیا کو علیحدہ کر دیا جاتا ہے ؛ درجات ، اقسام یا مراتب میں تقسیم ؛ درجہ بندی کا عمل یا نتیجہ ؛ وہ گروہ یا ذخیرہ جس میں چیزوں یا اشخاص کی درجہ بندی کی جائے ؛ تجنیس ؛ تبویب ۔

classified, a. درجہ بند ؛ زمرہ بند ؛ مخصوص ؛ تصنیف شُدہ ؛ درجوں میں ترتیب دیا ہُوا یا درجوں میں تقسیم کیا ہُوا ؛ خُفیہ ، مثلاً سرکاری دستاویز جسے دفاع و سلامتی کی بنا پر خُفیہ رکھنے کی ہدایت کی جائے یا خفیہ قرار دیا جائے ؛ جماعت بند ؛ قسم وار ؛ قسم بند ؛ صنف وار ۔ (اسم) مطبوعات کا وہ حصّہ جس میں زُمروں میں ترتیب دیے ہوئے اشتہار ہوں ؛ زمرّہ اشتہارات ۔

classified ad, want ad, n. زُمرہ بند اشتہارات : وہ اشتہار جو کسی اخبار یا رسالے کے ایسے حصّے میں شائع ہُوا ہو جس میں موضوع کے اعتبار سے قائم کیے گئے عُنوانات کے تحت اشتہارات چھاپے جاتے ہیں ، یہ عنوانات ''فروخت کے لیے'' (For Sale) ''مدد چاہیئے'' (Help Wanted) وغیرہ کے تحت ہوتے ہیں ۔

classify, v.t. قسم بندی کرنا ؛ زُمرہ بندی کرنا ؛ تبویب کرنا ؛ درجہ بندی کرنا ؛ درجہ یا درجوں میں ترتیب دینا ؛ اشیا کی درجہ بندی کرنا؛ کسی طریقے یا اصول کے تحت جو درجہ بند اشیا میں مشترک خصوصیّات کی بُنیاد پر وضع کیا گیا ہو ؛ ترتیب کے ساتھ رکھنا ؛ صنف بندی کرنا ۔

classifier, n. ترتیب کار ؛ تبویب کار ؛ درجہ بندی کرنے والا ؛ ایک اوزار یا مشین جس کے ذریعے آمیزے (خصوصاً کچ دھات کے آمیزے) کے مختلف اجزا ایک دوسرے سے عَلیحدہ کیے جاتے ہیں ۔

classifiable, a. قابلِ درجہ بندی ؛ قابلِ زُمرہ بندی ۔

classis, n. (کلیسیات) بعض اصلاحی گرجاؤں میں پادریوں کی بااختیار جماعت جو پریسبیٹرین گرجا کی پریسبیٹری یا بااختیار مذہبی عاملہ کے مُترادف ہوتی ہے ۔

classmate, n. ہم جماعت ؛ مدرسہ یا کالج میں ایک ہی جماعت یا کلاس کے طالب علم ؛ ہم سبق ؛ ہم تعلّم ۔

class room, n. کمرۂ جماعت ؛ کلاس رُوم ؛ اطاقِ درس ؛

clavichord, n. آلۂ موسیقی ؛ قدیم پیانو : تاروں کا ایک قدیم ساز جس میں سُروں کا چابی تختہ بھی ہوتا تھا اور جس کے سُر دھات کے تاروں یا پنوں سے نکالے جاتے تھے ، اب اس ساز کی جگہ جدید پیانو فورٹ نے لے لی ہے ۔

clavicle, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) ہنسلی ؛ ہانس ؛ صدری یا سینے کی قوس استخوان ؛ ہنسلی کی ہڈی ؛ انسان کی دو نازُک ہڈیوں میں سے کوئی ایک ، جو چھاتی کی ہڈی کو کتفی یا شانے کی ہڈی سے جوڑ کر شانے کا اندرونی حصّہ بناتی ہے ؛ کالر ہڈّی ۔

clavicular, a. ہنسلی کا ؛ ہنسلی کی ہڈّی کا یا اس ہڈی کی طرح ؛ ہنسلی دار ۔

clavier, n. موسیقی کے ساز میں سُروں کا کلیدی تختہ ؛ کوئی بھی ایسا ساز جس میں سُروں کا کلیدی تختہ ہو ۔

claw, n. قینچی ؛ زنبور ؛ چنگل ؛ پنجَہ ؛ ناخن ؛ دُودھ دینے والے جانوروں ، پرندوں یا دوسرے حیوانوں کے نکیلے اور مُڑے ہوئے ناخن ؛ عام معنوں میں نکیلے اور مُڑے ہوئے ناخنوں والے جانور کا پورا پاؤں یا پنجہ ؛ جانور کے آگے کو نکلے ہوئے عضو کا مُڑا ہوا سرا ؛ جھینگا مچھلی ، بچھّو اور دیگر مفصل پایہ جانوروں کے پاؤں کا چمٹا نُما سرا ؛ کوئی بھی چیز جو جانور کے مڑے ہوئے ناخن کی طرح ہو ، جیسے ہتھوڑے کا وہ سرا جو مڑا ہُوا اور چمٹا نُما ہوتا ہے تاکہ اس سے کیلیں اکھاڑی جا سکیں ؛ ہیرے یا دیگر قیمتی پتّھر کو گرفت میں رکھنے کے لیے زیور کے مُڑے ہوئے پترے یا تار ؛ بھاری بوجھ اُٹھانے کی کل یا مشین کا وہ چمٹے نُما حصّہ جو اشیا کو گرفت میں لے کر اٹھاتا ہے ۔

claw, v.t., v.i. پھاڑنا ؛ کھرونچنا ؛ نوچنا ؛ کھسوٹنا ؛ پنجے مارنا ؛ پنجوں میں پکڑ کر کھینچنا ؛ کھودنا ؛ پنجوں میں یا ناخنوں سے پکڑنا ؛ نوچ ڈالنا ؛ بکوٹنا ؛ نوبٹا ، پنجہ یا چنگل مارنا ؛ کُھجلانا ؛ سہلانا ۔

claw hammer, n. مارتول زنبور : وہ ہتھوڑا جس کے دوسرے سرے پر دو مڑے ہوئے چمٹے نُما ناخن ہوں تا کہ ان کے درمیان کیل کو پھنسا کر اُکھاڑا جا سکے ۔

claw hatchet, n. چنگ تبر : وہ کلہاڑی یا تبر جس کے لیے ایک سرے پر دھار دار پھل اور دوسرے سرے پرمیخیں اکھاڑنے کے لیے دو چمٹے نُما ناخن ہوں ۔

clay, n. کچی مٹّی ؛ گِل گارا ؛ مٹّی ؛ چکنی مٹی ؛ زمین کا قُدرتی مادّہ جو گیلا ہو کر لچکیلا اور ڈھلنے کے قابل ہو جاتا ہے ؛ مٹّی بعض چٹانوں کی تحلیل شُدہ شکل ہے ، اس کا غالب جز ایلومینم کی پانی کے ساتھ مرکّب شُدہ سلی کیٹ ہے ، یہ خصوصاً اینٹ اور برتن بنانے کے کام آتی ہے ؛ عام معنوں میں اس سے مراد زمین یا کیچڑ ہوتی ہے ؛ گِل آدم : مٹّی یا زمین کا وہ مادّہ سمجھا جاتا ہے جس سے اصلاً انسانی جسم بنایا گیا ، (کتاب پیدایش ۲:۷ ، یعقوب ۶:۳۳) اِس لیے ، مٹّی سے مراد انسان کا بدن بھی ہوتا ہے ؛ روح کے برعکس جسم یا مادّہ ۔ (مجازاً) کوئی بھی ایسی چیز جسے آسانی سے ڈھالا جا سکے یا جس پر آسانی سے اثر انداز ہوا جا سکے ۔ (فعل متعدّی) مٹّی سے بنانا ؛ مٹی سے ڈھانپنا یا پوتنا ۔

clayey, a. مٹّی کا ؛ مٹی سا ؛ کوئی بھی مٹّی کی ، مٹّی سے مشابہ یا مٹّی رکھنے والی چیز ؛ مٹّی سے ڈھانپی یا پوتی ہوئی ؛ گِلی ۔

claybank, n. پھیکا بُھورا زردی مائل رنگ ؛ اس رنگ کا گھوڑا ۔

claymore, n. دو دستی یا دو قبضہ تلوار ؛ تبر ؛ تیغ دودَم ؛ دو دھاری تلوار ؛ پہلے زمانے میں اسکاٹ لینڈ کے کوہستانیوں کی بڑی اور دو دستی تلوار ؛ آجکل ٹوکری نُما دستہ کی دو دھاری اور چوڑے پھل کی تلوار ۔

clay pigeon, n. نشانہ بازی کی مشق کے لیے ہوائی ہدف ؛ پُختہ مٹّی یا دوسرے مادّے کی بنی ہوئی رکابی جسے اُچھل کھٹکا سے بطور ہدف ہوا میں پھینکتے ہیں ۔(عوامی) وہ شخص جو دوسروں کے حملہ کی زد میں ہو ۔

clean, a. صاف ؛ ستھرا ؛ غیر آلودہ ؛ گرد یا تابکاری سے پاک ؛ بے داغ ؛ اُجلا ؛ خارجی یا فالتو مادّے سے پاک ؛ ملاوٹ کے بغیر ؛ خالص ؛ دُھول گرد یا غلاظت سے مبّرا ؛ غیر آلودہ و بے داغ ، لہذا ہر طرح کی نجاست سے پاک ؛ اسلحہ یا منشیّات سے پاک (شخص)؛ نِکو اخلاق ؛ معصوم ؛ کھرا ؛ قابلِ عزّت ۔ (بائبل) رسمی بے حرمتی سے آزاد یا بے حرمتی کا سبب نہ بننے والا ؛ گندی عادتوں سے کبھی کبھی پاک صاف ، جیسے جانور ؛ صفائی سے ؛ خامی یا قصور سے مبّرا ؛ صفائی سے بنایا ہُوا یا متناسب و موزوں ؛ اچھی جسامت کا یا چُست ؛ ہوشیاری یا ہنرمندی سے کیا ہُوا کام ؛ فالتو بکھیڑوں یا رکاوٹوں سے پاک ، جیسے کوئی بندرگاہ ؛ بے قاعدگی یا ناہمواری کے بغیر (جیسے : a clean cut) ؛ سُتھرا (کام) ؛ پورا یا مکمّل (جیسے : a clean sweep)؛ ایٹم بم سے متعلق جس کے گرنے سے بہت تھوڑا یا کوئی نقصان واقع نہ ہو ۔ (عوامی) وہ جس کا پولیس سے واسطہ نہ پڑا ہو ؛ وہ جس کے پاس چھپائے ہوئے ہتھیار نہ ہوں ؛ وہ جس کے پاس روپیہ پیسہ نہ ہو ؛ منجھا ہُوا ؛ یکساں ؛ ہموار ، کامل ؛ مکمل ؛ پورا ؛ بالکل ؛ سرتاسر ؛ خوش قطع ؛ خوش وضع ؛ سلیقہ مند ؛ سُگھڑ ؛ ہاتھ کا صاف ؛ حلال ؛ صفائی پسند ؛ صاف ؛ خوبصورت ؛ سڈول ؛ سراپا ؛ مطلق ؛ طاہر ؛ پاک ؛ بے گُناہ ؛ کھرا ؛ بے لاگ ؛ کورا ؛ بالکل ؛ بے روگ ؛ سراسر ۔

clean, v.t. پاک صاف کرنا ؛ دھونا ؛ میل نکالنا ؛ مانجھنا ۔ (فعل لازم) صفائی کے مرحلہ سے گُزرنا یا پاک و صاف ہونا ۔

clean off, صفائی کرتے ہوئے کھرچ کر ہٹانا ۔

clean, adv. صاف طریقے سے ؛ صفائی سے ؛ پُورے یا قطعی طور پر ؛ مطلق طور پر ؛ مطلقاً ۔

clean-cut, n. واضح ؛ صاف صاف ؛ دو ٹوک ؛ تفصیلی خاکہ ؛ اچھی تراش خراش ؛ متناسب جسامت ؛ معروف یا صاحبِ کردار شخصیت جیسے کوئی انسان ۔

cleaner, n. صفا کار ؛ صاف کرنے والا ، خصوصاً وہ شخص جس کا پیشہ صفائی کرنا ہو (جیسے : dry cleaner)؛ کپڑے دھو کر خشک کرنے والی مشین کا چلانے والا یا اس کا مالک ؛ وہ سازوسامان ، اوزار یا مشین جس سے صفائی کی جائے (جیسے vacuum cleaner) ؛ صفائی یا دُھلائی میں مدد دینے والی چیز ، جیسے میل کاٹ (کاسٹک سوڈا)۔(جمع) ڈرائی کلیننگ کا کارخانہ یا مشین ۔

clean-handed, a. بے گناہ ؛ بے قصور ؛ پاک دامن ؛

صاف ہاتھ کا ۔ (مجازاً) بداخلاقی یا بُرائی کے داغ سے پاک یا شکوک و شبہات سے بالا ۔

clean-limbed, a. متناسب الاعضا ؛ متناسب اعضا کا ؛ اچھی جسامت کا ؛ متناسب جسم کا ۔

cleanliness, n. صفائی کی حالت یا عادت ؛ پاکیزگی ؛ پاکی ؛ پارسائی ؛ صفائی پسندی ؛ صفائی ۔

cleanly, a. دھول،گرد یا کسی بھی گندگی سے مبّرا ؛ صاف ؛ احتیاطاً گندگی سے دامن کش ؛ پاک ؛ نرمل ؛ پاکیزہ ؛ لطیف ؛ صفائی پسند ۔ (متعلّق فعل) صاف طریقے سے ؛ صفائی سے ؛ بغیر گرد کے ؛ باقاعدگی یا ایمانداری سے ؛ ہنرمندی سے ۔

clean out, v.t. (عوامی) ذخیرے کو خالی کرنا (بھلے وقتوں کی جمع پونجی اڑا دینا)؛وسائل سے محروم کرنا ؛ صفائی یا نئے سرے سے ترتیب دینے کے لیے خالی کرنا ؛ پاک صاف کرنا ؛ جھاڑنا ۔

clean room, n. (انجینیری) صاف کمرہ ، وہ کمرہ جس کی ہوا صاف رکھی جاتی ہے تا کہ مخصوص اشیا ، مثلاً بعض پرزے ، صحیح طور پر بنائے جا سکیں ۔

cleanse, v.t. صاف کرنا ؛ دھول،گرد ، کچرے،کوڑے یا دوسری گندی بدبودار اور بری لگنے والی چیزوں سے پاک کرنا ؛ پاکیزہ کرنا یا خالص کرنا ؛ گندگی دُور کرنا ؛ اگارنا ؛ جھاڑنا ؛ پونچھنا ؛ دھونا ۔

cleanser, n. صاف کرنے والا آلہ یا مشین ؛ جھاڑو ؛ برش ؛ کلینزر۔

cleanup, n. صفائی کا عمل یا صفائی کی مثال ؛ کوئی خصوصی مہم اصلاح کے لیے جرم و بدعنوانی کا استیصال ؛ کچرے،کوڑے کو مقررہ وقفوں کے بعد جمع کر کے ٹھکانے لگانے کا عمل ؛ اس طرح جمع شدہ مادّہ ۔ (عوامی) کسی سرمایہ کاری یا بازی پر لگائی گئی رقم سے ملنے والی آمدنی یا بڑا منافع ؛ خونریزی/قتل و غارت ۔ (عسکری) دشمن یا کسی علاقے کی باقیات کو ختم کرنا ۔ (فعل لازم ، عوامی) کم مدّت میں زیادہ منافع حاصل ہونا ۔

clear, a. صاف و شفّاف ؛ چمکدار یا روشن ؛ تاریکی ، ابہام یا ابر سے آزاد ؛ آب دار یا بلّورین ؛ چمکیلا ؛ خالص اور یکساں یا بے داغ رنگ کا (جلد کی رنگت کے حوالہ سے) ؛ دیکھنے ، سننے اور سمجھنے میں آسان ؛ مُمتاز ؛ ظاہر ؛ سادہ ؛ ابہام سے پاک ؛ غیر مکدّر ؛ غیر مبہم ؛ قطعی ؛ یقینی ؛ قابلِ وثوق ؛ غیر یقینی یا شک سے مبّرا (شخص) ؛ اچھی طرح سے دکھائی دینے والا یا صاف صاف سمجھ میں آنے والا ؛ قائل ؛ مانا ہوا یا یقینی ؛ حلیمُ الطّبع/پُرسکون یا گھبراہٹ اور تکلیف کے بغیر ؛ جرم یا قصور سے مُبّرا ؛ معصوم ؛ رکاوٹوں یا مزاحمتوں سے آزاد ؛ کُھلا ہوا (جیسے : a clear space) ؛ جنجال سے مبّرا ؛ آزاد ؛ چھٹکارا پایا ہوا ؛ ذمّہ داری یا جواب دہی کے بغیر ؛ قرض سے آزاد ؛ منہائی یا کٹوتی کے بغیر(جیسے a clear thousand)؛ اس لیے ، پابندی یا شرط کے بغیر (جیسے : the clear contrary) ؛ مطلق ؛ صریحاً ۔

clear, v.t. صاف کرنا ؛ واضح کرنا ؛ ابہام دُور کرنا ؛ شک دُور کرنا ؛ معنی کھولنا ؛ میل چھانٹنا ؛ نتھارنا ؛ صاف بیان کرنا ؛ تاریکی ، ابرآلودگی ، دھند ، گدلا پن،ابہام ، انتشار ، غیر یقینی، رکاوٹ ، دبازت/ضخامت ، الجھاؤ ، ذمہ داری یا جواب دہی سے آزاد کرنا ؛ دُور کرنا ؛ رفع کرنا ؛ الزام یا جُرم سے بری قرار دینا ؛ بے جُرم قرار دینا ؛ معصوم ثابت کرنا یا کسی کی معصومیّت کا اعلان کرنا ؛ الجھاؤ یا ٹکراؤ کے بغیر گزارنا (جیسے : to clear a rock at sea) ؛ کسی چیز پر سے چھوئے بغیر پھلانگنا یا کُودنا ؛ کسی چیز کے پاس سے یا اوپر سے گزرنا ؛ راستہ چھوڑنا ؛ رُکاوٹ دُور کرنا ؛ کسٹم اور دیگر قانونی شرائط پوری کرنے کے بعد جہاز یا سامان کو قانونی گرفت سے چھڑانا ؛ لنگر اُٹھانا ؛ اسباب اُتارنا ؛ جہاز خالی کرنا ؛ فائدہ حاصل کرنا (جیسے : clear a profit)؛ بینک کے ذریعے چیکوں کا پاس ہونا ؛ جانچ پڑتال کے بعد سامان گُزارنا ؛ کھیت نکالنا ؛ جنگل کاٹنا یا صاف کرنا ؛ پروانۂ راہداری حاصل کرنا ؛ خلاصی کرنا ؛ صاف کرنے کے لیے کسی چیز پر/سے گرد یا گند ہٹانا (away کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

clear, v.i. صاف ہونا ؛ تابدار ہونا ؛ واضح ہونا ؛ بری ہونا ؛ خالی ہونا ۔

clear away, گُزر جانا یا غائب ہو جانا ، جیسے بادل یا دھند کا؛ حساب گھر یا تجارتی بنک میں بِلوں اور چیکوں کا تبادلہ اور بقایا جات یا واجبات کا بے باق کرنا ، خصوصاًبحری جہاز کا بندرگاہ میں آمدورفت کے وقت کسٹم اور دیگر قانونی شرائط کی پابندی کرنا ؛ تمام شرائط پوری کرنے کے بعد جہاز کا بندرگاہ چھوڑنا ؛ پروانۂ راہداری حاصل کرنا ۔

clear, clearly, adv. صاف و واضح طریقے سے ؛ صاف طور پر ؛ واضح طور پر ؛ صاف صاف ؛ کُلّی یا بالکل ؛ بلاشبہ ؛ لاریب ؛ کھلا کھلا ؛ سراسر ؛ بالکل ؛ مطلق ؛ صریحاً ؛ صاف ؛ صریح ؛ بلاشک ؛ بداھۃً ؛ قطعی ۔

clear, n. صاف اور کھلی جگہ ۔

clearness, n. صفائی ؛ صفائی کی صفت ؛ صراحت ؛ وضاحت ؛ موانعات کا عدم وجود ؛ مزاحمت سے بریّت ۔

clearance, n. صفائی کا عمل ؛ خالی جگہ ؛ صفائی کرنے والے کا عمل یا حساب بے باق کرنے کا کام ۔ (میکانیات) مشین میں پُرزوں کے درمیان چھوڑی ہوئی جگہ تا کہ وہ ایک دوسرے سے ٹکرائے بغیر چل سکیں ۔ (جہاز رانی) بندرگاہ پر آمدورفت کے لیے جہاز کا پروانۂ راہداری یا راہ داری اور کسٹم وغیرہ کے کاغذات ۔ (بینکاری) حساب گھر کے اراکین کے درمیان چیکوں اور ہُنڈیوں کا تبادلہ ؛ گھٹائی ہوئی قیمت پراشیا کی فروخت (جیسے : clearance sale) ۔ (حکومت و عسکری) خفیہ دستاویزات استعمال کرنے یا ان تک رسائی کی اجازت ؛ رفع موانع ؛ حساب ؛ نکاسی ؛ تخلیص ؛ بے باقی ؛ انخلا ؛ چالان ؛ پروانۂ راہداری ؛ چکوتا ؛ صفائی ۔

clear-cut, a. واضح ؛ واضح خطوط پر بنایا ہوا یا کاٹا ہوا ؛ صاف واضح تعیّن یا تعریف ؛ صاف ترشا ہوا ؛ سڈول ؛ سُلجھا ہوا ۔

clearheaded, a. ذکی ؛ ہشیار ؛ سمجھدار ؛ تیز بصیرت یا ذہانت کا حامل ؛ بیدار مغز ؛ روشن دماغ ۔

clearing, n. تصفیۂ حسابات ؛ صاف کرنے والے کا عمل ۔ (بینکاری) ہنڈیوں کا تبادلہ کر کے واجبات کی ادائیگی ؛ ریلوے میں مختلف لائنوں پر آمدورفت والی گاڑیوں سے حاصل شدہ آمدن کی تقسیم کا عمل ؛ وہ جگہ یا قطعہ جسے جنگل یا فصل وغیرہ سے صاف کر دیا گیا ہو ۔

clearing, n. (بازارِ حصص) چکوتی ۔

(خرید و فروخت کنندگان) لین دین کرنے والوں کے درمیان نقدی اور ہنڈیوں کا تبادلہ ۔

clearing house, n. چکوتی گھر ؛ حساب گھر : ایک ادارہ جس کے ذریعہ بنکوں کے ایک دوسرے پر مطالبات یا واجبات نپٹائے جاتے ہیں ؛ اسٹاک ایکسچینج اور بورڈ آف ٹریڈ میں بھی مختلف اشیا کے ذخیروں ، اناج اور دیگر چیزوں کے کاروبار/سٹے میں آسانی پیدا کرنے کے لیے ایسے ہی حساب گھر موجود ہوتے ہیں ؛ لندن کا ایک بنک جس میں چیکوں کا تبادلہ ہوتا ہے اور صرف بقایا جات نقد ادا کیے جاتے ہیں ؛ حساب گھر جہاں ہنڈی بُھنائی جائے ۔

clear sailing, n. (بول چال) مداخلت یا رُکاوٹ کے بغیر کسی مقصد کے حصول کا امکان (جیسے : They'll have clear sailing on the rest of the work)۔

clear-sighted, a. صاحبِ فراست ؛ تیز نظر ؛ تیز فہم ؛ صاف بصیرت رکھنے والا ؛ تیز ذہنی فہم کا حامل ؛ معاملات کی تہ تک پہنچنے والا ؛ امکانات کی سمجھ رکھنے والا ۔

clearsightedness, n. فراست ؛ بصیرت ؛ تیز نظری ؛ بیدار مغزی ۔

clearstarch, v.t. صاف یا بے رنگ کلف دینا ۔

clearwing, n. پتنگا جس کے پَر شفّاف اور کھپروں کے بغیر ہوں ، اس کی بہت سی قسمیں لاروا یا حشرہ کی حالت میں پھل دار درختوں اور دیگر اشجار کے لیے ضرررساں ہوتی ہیں ؛ سفنکس پتنگا ۔

cleat, n. فانہ ؛ پھانہ ؛ پچّر ؛ شکنَہ ؛ لکڑی یا لوہے کا ٹُکڑا جس پر بحری جہاز میں رسیّاں باندھی جاتی ہیں ؛ چمڑے ، لوہے یا ربر کا ٹُکڑا جو جُوتے میں تنگی یا کھنچاؤ کے لیے لگا دیا جاتا ہے ۔ (نجّاری) لکڑی کا ٹُکڑا جو دو لکڑیوں کے جوڑ پر انہیں اپنی جگہ پر قائم رکھنے یا مضبوطی کے لیے ٹھوک دیا جاتا ہے ؛ تکمہ ؛ چڑیا ؛ ہُک؛ پٹی ؛ جوڑ ؛ پشتیبان ؛ بیٹی ؛ نعل ۔

cleat, v.t. پچّر یا پچروں سے مضبوط کرنا ؛ فانے سے زخمی کرنا ۔

cleavable, n. پھٹنے یا ٹوٹنے کے قابل ؛ چیرنے یا پھاڑنے کے قابل ۔

cleavage, n. شگاف ؛ درز ؛ بال ؛ پھاڑنے یا توڑنے کا عمل ؛ قدرتی عمل جس کے تحت چٹانیں یا معدنی مادّے اپنے قُدرتی جوڑوں یا ساخت کے مطابق ٹوٹتے پھوٹتے رہتے ہیں ۔ (حیاتیات) زرخیز تولیدی مادّے یا انڈے کی چھوٹے چھوٹے خلیوں میں ابتدائی تقسیم ۔ (کیمیا) سالمات یا مرکّبات کی کیمیاوی عمل سے سادہ سالموں یا مرکّبوں میں تقسیم؛ عورت کے پستانوں کے درمیان نشیبی جگہ جو نیچے گلے کی قمیص سے نظر آئے ؛ مخالف گروہوں کے درمیان رائے یا مفاد کا اختلاف ؛ نشان ؛ ٹھٹن ؛ رخنہ ؛ چیر ؛ پھاڑ ؛ انفلاق ؛ اختلاف ؛ پھوٹ ؛ انشقاق ۔

cleave, v.t. شگاف ڈالنا ؛ پھاڑنا ؛ کاٹ کر الگ کرنا ، خصوصاً تقسیم کی قدرتی لکیر یا چیر (جیسی کہ گندم کے دانہ پر ہوتی ہے) پر ضرب لگا کر دو ٹکڑے کرنا ؛ توڑنا؛ توڑ کر الگ کرنا ؛ چیرنا ؛ اندر گُھسنا یا درمیان سے گُزرنا (جیسے : to cleave the water) ؛ کاٹ کر بنانا (جیسے : to cleave a path through the wilderness)؛ علیحدہ کرنا ؛ مخالف نظریات کے اعتبار سے گروہوں میں تقسیم کرنا ؛ کاٹنا ؛ چورنگ مارنا ؛ دو ٹوک کرنا ؛ بیچ میں سے چیرنا ؛ دو کر دینا ؛ کمزور کر دینا ؛ راستہ کاٹنا ۔ (فعل لازم) الگ ہونا یا ٹُوٹنا ؛ چرنا ؛ پَھٹنا ؛ بال ، درز یا کمزور جگہ سے ٹُوٹنا ؛ درمیان سے گزرنا (through کے ساتھ)؛ فارق ہونا ؛ حائل ہونا ؛ چپکے رہنا ؛ جسمانی یا روحانی طور پر یا کسی رشتہ کے باعث منسلک رہنا ؛ لگا یا لپٹا رہنا ؛ چمٹا رہنا ؛ لپٹنا ؛ چمٹنا ؛ چپکنا ۔

cleaver, n. وہ شخص یا چیز جو کاٹ کر الگ کرے ؛ کاٹنے والا ؛ قصائی کا بغدا یا چُھرا جسے وہ جانور کے گوشت کو ٹُکڑے کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے ؛ چٹانی سلسلہ جو برفانی عَلاقہ یا گلیشیر سے نکلا اور پھیلا ہوا ہو ؛ چاپڑ ؛ ساطور ۔

cleavers, n. کُتّا گھاس ؛ لیدھا ؛ ایک پودا جس کا تعلق مجیٹھیا خاندان (Rubiaceae) کی جنس گَیلیم اپارن (Galium aparine) سے ہے ، یہ روئیں دار یا چھوٹے مڑے ہوئے سخت بالوں والا پودا ہے جو جانوروں کی کھال اور انسانوں کے کپڑوں سے چمٹ جاتا ہے ؛ اس قبیل کے دوسرے پودے ؛ سر والا ۔

cleek, n. (اسکاٹ لینڈ) لوہے کا ہُک یا آنکڑا جس سے برتن کو آگ پر لٹکاتے ہیں ۔ (گالف) چھڑی جس کا اُوپری چوبی سرا لانبا اور تنگ ہوتا ہے ؛ شام دار ڈنڈا (کھیلنے والا) ۔

clef, n. موسیقی کی ایک علامت جو تختۂ موسیقی کے شروع میں اس پر لکھے سُروں کی بلندی یا چڑھاؤ کے درجہ کا تعیّن کرنے کے لیے لکھّی جاتی ہے ؛ امتدادِ نوا معلوم کرنے کی علامت ۔

cleft, n. ٹُوٹنے یا پھٹنے سے پیدا شُدہ درمیانی شگاف یا جگہ ؛ درز ؛ دراڑ ؛ شق ؛ زخم ؛ شگاف دار ؛ پھاٹ ؛ چاک ؛ کھلا ہوا ؛ پھاڑ ۔

cleft, a. نیم شگاف ؛ درمیان سے تقسیم کیا ہوا ؛ گہری دراڑیں یا کھائیاں رکھنے والا ؛ درمیان سے پھٹا ہُوا (پتّا) ۔

cleft palate, n. ایک پیدایشی نقص جسم ، جس میں تالو کی ہڈّی تقریباً ناپید ہوتی ہے اور اُوپر کے جبڑے میں عمودی خلا ہوتا ہے ، ایسی صورت میں ہونٹ اکثر خرگوش کے ہونٹوں کی طرح بلتے ہیں ۔

cleistogamy, clistogamy, n. (نباتیات) بند زوجیّت ؛ بندزواجیت ؛ ایک ہی پودے میں پُوری طرح کِھلے ہوئے بڑے پُھول اور چھوٹے پُھول لگنے کی خصوصیّت ، چھوٹے پُھول بند رہتے ہیں اور خود ازدواج ہوتے ہیں ، مثال کے طور پر پینزی اور بنفشہ کے پُھول ۔

cleistogamic, clistogamic, a. بندزواجی ؛ غُلاف زواجی ؛ بند زواجہ ؛ خلوت ازدواجی ؛ ایسے پُھول جو ہمیشہ بند رہتے ہیں اور خود ازدواج ہوتے ہیں ۔

cleistogamous, clistogamous, a. بند زوجی ؛ بند زواجی ؛ خود ازدواجیت کا حامل (پودا یا پُھول) ۔

clematis, n. تُلسی بیل ؛ ایک قسم کی جنگلی بیل کا جنسی نام ، یہ بیل مروا یا تلسی کے خاندان سے تعلّق رکھتی ہے ، اس کے پُھول سفید یا ارغوانی ہوتے ہیں ؛ لتا ؛ لتّر ۔

clemency, n. ترحم ؛ نرمی ؛ نرم دِلی ؛ رحم ؛ کم مرتبہ لوگوں کے لیے عالی مرتبت شخص کی طبعی نرمی ؛ درگزر یا معاف کرنے کا رجحان ؛ احسان ؛ ترس ؛ ملائمت ؛ درگزر ؛ عناصر کی نرمی ؛ بخشایندگی ؛ حلم ؛ بُردباری ۔

clement, a. نرم مزاج ؛ شریف ؛ نرم برتاؤ

شاہی کے متعلّق ۔ (اسم) پادری ؛ پادری شاہی ۔

clerical collar, n. پادری کالر : ایک سخت ، کلف دار ، نازُک اور سفید کالر (گریبان یا قمیص کا گلا) جو کھڑا رہتا ہے اور گردن پر پچھلی طرف سے باندھا جاتا ہے ، ایسا کالر عموماً کلیسائی جماعت کے بعض ارکان پہنتے ہیں ۔

clericalism, n. کلیسائیّت ؛ مذہبیّت ؛ کلیسائی جماعت یا پادریوں کے اصول ؛ کلیسائی جماعت کا اختیار یا اثر ، خصوصاً سیاست میں ؛ کلیسائی ؛ مذہبی اختیار یا اثر کی حمایت ؛ پادری کا پیشہ ؛ پادریّت ؛ کلیسا پسندی ؛ کلیسائیت کا جنون ؛ منشیانہ طریق ؛ محرّرانہ انداز ۔

clericalist, n. کلیسائیّت پسند ؛ کلیسائی جماعت کا رُکن یا کلیسائی اصول ، اختیار و اثر کا حامی ؛ مذہب میں افراط کرنے والا ؛ کلیسائیّت کا مؤید یا حامی ؛ کلیسا پرست ۔

clerihew, n. رُباعی ؛ کلیری ہیو ؛ چوبیتہ ؛ ہلکی پُھلکی نظم کی ایک ہیئت ، جس کا پہلا اور دوسرا مصرعہ ایک قافیہ میں اور تیسرا اور چوتھا مصرعہ دوسرے قافیہ میں ہوتے ہیں، (aabb) یہ نظم عموماً کسی شخص (محبوب) پر لکھّی جاتی ہے ، اس شخص کا نام پہلا قافیہ ہوتا ہے ۔

clerisy, n. اہل کلیسا ؛ طبقۂ عُلما ؛ تعلیم یافتہ یا دانشور لوگوں کا طبقہ ؛ اہل علم و دانش ۔

clerk, n. کلرک ؛ مُنشی ؛ محرّر ؛ اہل مد ؛ اہل کار ؛ بابُو ؛ متصدی ؛ پادری کا نائب ، عالم فاضل ؛ وہ شخص جو عام دفتری فرائض انجام دے یا کسی دفتر میں ریکارڈ اور حساب کتاب رکھتا ہو ؛ فروخت کُنندہ ؛ چھوٹا اہل کار جو ریکارڈ رکھتا ہے اور عدالت یا مقننہ کے روزمرہ کے کام کرتا ہے ؛ فاضل ؛ عالم (متروک) ؛ کاتب ؛ نوپشدیدہ ؛ مشرف ؛ پٹواری ؛ راقم ؛ قسّیس (متروک) ۔ (فعل لازم) کلرک کی حیثیّت سے کام کرنا ۔

clerkly, a. کلرک یا کلرکوں کا یا اُن کے متعلّق ؛ فاضلانہ ؛ ہوشیاری سے ؛ عمدگی سے ؛ منشیانہ ؛ متصدیانہ ؛ محرّرانہ ۔

clerk regular, n. عیسائی مبلّغ ؛ مبلّغ پادری ؛ مذہبی جماعت کا وہ رکن جس نے مذہبی ضابطوں کی پابندی اور اپنے ہم مذہب پادریوں کے ساتھ اجتماعی زندگی بسر کرنے کی قسم کھائی ہو اور جو اپنے اجتماعی مُعاشرے سے باہر لوگوں کو پڑھاتا یا تبلیغ کرتا ہو ۔

clerkship, n. (برطانوی) کلرک کا عہدہ یا پیشہ ؛ ہسپتال یا شفاخانہ میں طِبّی طالب علم کا فرائضی دورہ ؛ مُنشی گری ؛ کلرکی ؛ مُحرّری ۔

clever, a. ذہین ؛ حاضر جواب ؛ پُھرتیلا ؛ خُوش سلیقہ ؛ خُوش تدبیر ؛ ایجاد و اختراع کی صلاحیّت کا حامل ؛ زیرک ؛ چتر ؛ برجستہ ؛ ذکی ؛ طبّاع ؛ تیز فہم ؛ ہنرور ؛ ماہر ؛ باکمال ؛ ہوشیار ؛ چالاک ؛ چابک دست ؛ چُست ؛ تیز دست ۔

cleverly, adv. ہوشیاری سے ؛ ذہانت سے ؛ برجستگی سے ؛ چالاکی سے ؛ خوش اسلوبی سے ؛ ہنر مندی سے ؛ قادرانہ ۔

cleverness, n. چُستی ؛ ذکاوت ؛ خوش اسلوبی ؛ ہُنر مندی ؛ مشّاقی ؛ کاریگری ؛ زیرکی ؛ برجستگی ؛ چترائی ؛ چالاکی ؛ چابک دستی ؛ ہوشیاری ؛ خوش تدبیری ؛ ذہانت ؛ فطانت ؛ ہنر وری ۔

کرنے والا ؛ رحم دل ؛ مہربان ؛ بخشایندہ؛خیال رکھنے والا ؛ ترس کھانے والا ؛ مُترحّم ؛ نرم دل ؛ ملائم ؛ حلیم ۔

clemently, adv. نرمی سے ؛ رحم دلی سے ؛ ملائمت سے ۔

clench, v.t. بند کرنا ؛ دبانا ؛ بھینچنا ؛ مضبوط پکڑنا ؛ کسنا ؛ گرہ دینا جیسے مُڑے ہوئے یا چوڑے کیے ہوئے پیچ یا میخ کو ؛ ہاتھ کی مٹھی زور سے بند کرنا یا دانت بھینچنا ؛ مضبوطی سے پکڑنا یا گرفت کرنا ۔ (جہاز رانی) گرہ سے باندھنا ؛ عاجز کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ بحث ختم کرنا ؛ مٹھی باندھنا ؛ گھونسلا بنانا ؛ دلیل کاٹنا ۔

clench, n. بند کرنے ، کسنے یا باندھنے کا عمل ؛ ٹھوکنے یا کسنے سے کیل یا پیچ کا کنارا جو مُڑ گیا ہو یا چپٹا ہو گیا ہو ؛ مضبوط گرفت ؛ پکڑ ؛ بندش ۔

clencher, n. بند کرنے والا ؛ مضبوط گرفت کرنے والا ؛ مستحکم کرنے والا ؛ مضبوط پکڑنے والا ؛ دلیل مُکتفی ؛ شاق جواب ؛ برہان قاطع ؛ بُرہان مسکت ۔

clepsydra, n. آبی گھڑیال ؛ پن گھڑی ؛مختلف قسم کی ان تمام ترکیبوں کا عام نام جن کے ذریعہ وقت کی پیمایش پانی کے منضبط بہاؤ سے کی جاتی تھی ؛ آبی گھنٹا ؛ ساعت الماء؛ ساعتِ آبی ؛ پانی کی گھڑی ۔

cleptomania, kleptomania, n. جنونِ دُزدی ؛ اضطراری چوری کی عادت ؛ ہاتھ کی چُل ؛ امیرانہ چوری ۔

clerestory, clearstory, n. (فن تعمیر) عمارت کی بیرونی دیوار جو مُلحقــہ چھت سے اوپــر اٹھی ہوئی ہو اور جس میں کئی کھڑکیاں ہوں تاکہ عمارت کے اندر دن کی روشنی جا سکے ؛ وسطِ کلیسا ، عرضی حصّہ اور طائفۂ مُناجات کے چبوترے کے اُوپر کی منزل جس کی چھت اور بغـلی گیلریوں یا راہـداریوں کی سقف میں کئی کھڑکیاں ہوتی ہیں جن سے عمارت میں باہر کی روشنی آتی ہے ؛ کوئی اور مماثل تعمیر ؛ جیسے ریل کار کے روشن دان ؛ گرجے کی بالائی منزل کی دیوار کا وہ حصّہ جس میں کھڑکیاں ہوتی ہیں ۔

clergy, n. پادریوں کا فرقہ ؛ قسّیس ؛ پادری : جماعت ایسے لوگوں کی جنھیں عیسائی گرجا میں خُدا کی خدمت کے لیے باقاعدہ وقف کیا گیا ہو ؛ عام آدمی سے ممیّز مذہبی لوگوں کی جماعت ؛ اہل کلیسا کا حقِ استثنا ؛ اہل کلیسا ؛ جماعت کلیسا کی رکنیّت ؛ مذہبی طبقہ ۔

clergyman, n. پادری ؛ قسّیس ؛ عیسائی گرجا کا مذہبی سردار یا مدار المہام ؛ کلیسا کی جماعت کا رکن ۔

cleric, a. پادری کے متعلق ؛ اہل کلیسا کا ؛ پادریانہ ؛ منشیانہ ؛ محررانہ ۔ (اسم) کلیسا کے پادریوں کی جماعت کا رُکن ؛ قسّیس ؛ پادریوں کا زور ، غلبہ ، تسلُّط ؛ پادری شاہی ؛ محرّر ؛ منشی ۔

clerical, a. کلیسا کی جماعت یا پادری کا ، اس کے متعلّق یا اس کی خصوصیات کا حامل ؛ پادریوں کی جماعت کا کے اختیار و اثر کا حامی ، خصوصاً سیاسی معاملات میں (جیسے: a clerical party) ؛ محــرّر ، مُنــشی ، کلرک یا دفــتری کارنــدے (بـابـو) کے متعلق (جیسے : a clerical error)؛ کاتب کا ؛ محرّرانہ ؛ دفـتری ؛ تحریری ؛ پادریانہ ؛ مُنشیانہ ؛ پادریوں سے متعلّق ؛ پادری

clevis, n. قلابہ ؛ نعل کی شکل کا کُنڈہ ؛ دھات کا ٹُکڑا جو عموماً نعل کی شکل کا ہوتا ہے اور جس کے دونوں سِروں کے سوراخوں سے ایک تار یا رسّی گزار کر باندھ دیتے ہیں تاکہ یہ چیزیں جوڑنے یا لٹکانے کے کام آ سکے ؛ لانبا کُنڈا ؛ نعل کی شکل کا کُنڈا ؛ نعلی کُنڈا ۔

clew, clue, n. ڈوری کا گولا ؛ سُوت کی انٹی ؛ پیچک ؛ گُکڑی ؛ تگّی ؛ انٹی ؛ سوت کی گولی ۔ (جہاز رانی) بادبان کا کونا ۔ (جمع) جھولن کھٹولا باندھنے کی رسیّاں ۔

clue, تاگے کی وہ گولی جو بُھول بھلیّاں میں رستہ یاد رکھنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ معمّہ یا راز کے حل/انکشاف کے لیے رہنما نشان ؛ پتا ؛ کھوج ؛ اشارہ ؛ بُراغ ۔

clew, v.t. تاگے کو لپیٹ کر گولا بنانا ۔ (جہاز رانی) بادبان کو اوپر یا نیچے کرنا ؛ بادبان کے نچلے حصّے کو مستول سے باندھنا ۔

cliche, n. چلتا لفظ یا فقرہ ؛ پامال/فرسودہ لفظ ، فقرہ ، جُملہ یا خیال ؛ مقبولِ عام عموماً غیر منطقی خیال ؛ کلیشے ۔ (طباعت) سیسے کے حروف کی یا الیکٹروٹائپ تختی ؛ ڈھلی پلیٹ ؛ ڈھل تختی ۔

click, v.i. کلک کرنا ؛ چھوٹی اور تیز آواز پیدا کرنا ؛ آہستہ آہستہ مار کر تواتر سے چھوٹی اور تیز آوازیں پیدا کرنا ؛ ٹک ٹک کرنا ؛ چٹکنا ؛ کٹ کرنا ؛ (گھوڑے کا) نعل لڑنا ؛ ٹکرانا ۔ (فعل متعدّی) ٹک ٹک یا کھٹ کھٹ کی آواز پیدا کرتے ہوئے حرکت کرنا یا چلنا ۔

click, v.i. (عوامی) تفریح اور تماشے کے شُعبہ میں ناظرین سے داد و تحسین ملنا ؛ متفق ہونا ، موزوں و مناسب ہونا یا باہمی تعاون حاصل ہونا (جیسے : The members click so well, they are bound to be successful) ۔

click, n. کلک ؛ چھوٹی اور تیز آواز جو پستول یابندوق کا گھوڑا چڑھانے سے پیدا ہوتی ہے ؛ جنوبی افریقہ کی زبانیں بولتے وقت وہ آواز جو زبان کو چوسنے کے انداز میں پیچھے لے جانے سے پیدا ہوتی ہے ؛ بعض مشینوں یا پُرزوں سے پیدا ہونے والی ٹک ٹک ، جیسے کھٹکے یا چرخ روک کی آواز ؛ پرزہ جو پہیّے کو الٹا پھیرنے سے روکتا ہے ؛ روک ؛ اٹکاؤ ؛ ٹک ؛ کُتّا ؛ چٹک ؛ کٹ ؛ گھوڑے کے نعل کا تیور ۔

client, n. اسامی ؛ وہ شخص جو کسی کی سرپرستی یا تحفظ میں ہو ؛ زیرِ کفالت ؛ رعیّت /نوکر چاکر ؛ تابع ؛ حاشیہ نشین ؛ وہ شخص جو کسی کی پیشہ ورانہ یا تجارتی خدمات حاصل کرے ؛ مؤکل ؛ گاہک ؛ خریدار ؛ متوسل ؛ ججمان ؛ واسطہ دار ؛ رابطہ دار ؛ شکار ۔

clientage, n. مؤکلّی ؛ اسامی پن ۔

cliental, a. مؤکلّانہ ؛ اسامی سے متعلّق ۔

clientele, n. مؤکلوں یا متعلقیّن کی جماعت ؛ مؤکل یا گاہک اجتماعی طور پر ؛ نوکر چاکر ؛ خدم حشم ؛ مرجوعہ ؛ متوسّلین ؛ واسطہ داران ؛ اہلِ رجوع ؛ اربابِ رجوع ۔

cliff, n. چٹان (ڈھلوانی یا نشیبی) ؛ چٹانی ٹیلے کا وہ رُخ جو ڈھلواں اور ناہموار ہو ؛ سرابری ؛ ڈھانک ؛ کھڑی چٹان یا پہاڑی ۔

cliffdweller, n. جنوب مغربی امریکا کے قدیم وحشی قبیلے کا رُکن ، یہ قبیلے پہاڑی غاروں میں گھر بنا کر رہتے تھے ۔ (عوامی) وہ شخص جو شہر کی بڑی عمارت کے فلیٹ میں رہتا ہو ۔

cliffdwelling, n. غار کی سکونت ۔

cliff-hanger, n. وہ ڈرامہ جس کی خصوصیّت مستقل تشویش یا امیّدوبیم ہو ۔ (کھیل) ایسا مقابلہ جس میں آخر وقت تک ہار یا جیت غیر یقینی ہو ۔

cliff-hanging, a. ڈرامے یا کھیل کی تشویش ناک یا غیر یقینی خصوصیّت کے متعلّق ۔

climacteric, n. نازُک ؛ اہم ؛ زندگی کا کوئی نازُک یا اہم دور ؛ وہ سال جس کے ساتھ ایک عرصہ ختم ہو یا سات سال کا طاق عدد سے حاصل ضرب کا عرصہ اختتام کو پہنچے ، جس کے دوران صِحت ، جِسم ، شکل و صورت وغیرہ میں بڑی تبدیلیاں رُونما ہو چکی ہوں (جیسے : The grand climacteric , the sixty third year) ؛ لہذا کوئی بھی اہم دور ۔ (فعلیات) حیض بند ہونے کا وقت ؛ مَرد کا زمانۂ انحطاط ؛ ضعیفی ؛ عمر کا نازُک یا انقلابی سن ؛ حد حیض ؛ زمانۂ انحطاط ؛ بُحرانی ؛ اہم سال ؛ سِنِ یاس ؛ سن طمث ؛ بڑھاپا ؛ سِنِ ضُعف ۔

climacterical, a. نازُک ؛ اہم ۔

climactic, a. منتہائی ؛ انتہا کے متعلّق ۔

climate, n. آب و ہوا ؛ مختلف قُدرتی عوامل ، مثلاً فضا ، حرارت ، ہوا ، رطوبت ، سمّی ابخرات ، خصوصاً انسان و حیوان کی زندگی پر ان کے اثرات کے حوالہ سے کسی خِطّے کی حالت ؛ وہ رُجحان جس سے کسی سماجی یا سیاسی گروہ کے مزاج کا اندازہ ہو ؛ کسی خاص وقت اور مخصوص علاقہ میں معاشرتی اور سیاسی حالات ؛ مناخ ؛ طقس ؛ باد و باران ؛ ہوا ؛ رُت ؛ موسم ؛ اقلیم ۔

climatically, adv. بہ اعتبارِ موسم ؛ آب و ہوا کے لحاظ سے ؛ موسمی لحاظ سے ۔

climatic, climatical, climatal, a. موسمی ؛ آب و ہوائی ؛ آب و ہوا یا موسم کے متعلّق ؛ موسمی حالات کے مُطابق ؛ مناخی ؛ اقلیمی ؛ ہوائی ؛ آب و ہوا کا ۔

climatology, n. موسمیات ؛ آب و ہوا یا موسموں کا علم ؛ ان اسباب کی تحقیق جو کسی جگہ کی آب و ہوا کا تعیُّن کرتے ہیں ؛ مناخیات ؛ اقلیمیات ۔

climatologist, n. ماہرِ موسمیات ؛ عَالِمِ آب و ہوا ۔

climatological, climatologic, a. موسمیاتی ؛ آب و ہوا کے متعلّق ؛ مناخی ۔

climatologically, adv. موسمیاتی سائنس کے مطابق ؛ بہ اعتبارِ علمِ آب و ہوا ۔

climax, n. کلائمکس ؛ بتدریج حُصُولِ کمال ؛ خطابت کی صنف جس میں بتدریج شوکت الفاظ ، اہمیّت معانی اور زورِ بیان میں اضافہ ہوتا رہتا ہے ؛ ڈرامے یا ناول میں ، امید و بیم ، تشویش ، تصادم یا تناؤ کا نُقطۂ عروج جب کہ پلاٹ ایک اہم رُخ اختیار کرے ؛ کسی بھی چیز کا نُقطۂ عروج ؛ منتہائے کمال ؛ نصفُ النّہار یا حدِ عروج ؛ انزال ؛ پرواز ؛ اوج ؛ تدریجی ترقی ؛ عروج ؛ حد ؛ نقطۂ عروج ؛ انتہا ؛ اختتام ؛ منتہا ؛ عروجِ کمال ۔

climax, v.i. کسی بھی چیز کی انتہا تک پہنچنا ؛

حالت انزال کو پہنچنا ۔ (فعل متعدی) نقطۂ عروج تک لانا ۔

climb, v.i. چڑھنا ؛ چڑھائی چڑھنا ؛ مشکل سے اُوپر چڑھنا یا سوار ہونا ؛ متواتر کوشش سے آہستہ آہستہ اُوپر جانا ؛ سماجی امتیاز یا پیشہ میں بُلند تر عُہدہ حاصل کرنا ۔ (نباتیات) بیل کی طرح لپٹ کر یا ریشوں کی پکڑسے اُوپر چڑھنا ؛ اُوپر کی طرف اٹھنا ، بھاگنا ؛ پھلانگنا ؛ بلنگنا ؛ ہاتھوں چڑھنا ؛ بلند ہونا ؛ کوشش سے جاہ ، مرتبے ، اخلاق وغیرہ میں ترقی کرنا ۔

climb down, نیچے اترنا ؛ بلند پروازی چھوڑ دینا ؛ اعتدال پر آ جانا ؛ مزاج ٹھکانے لگنا ؛ واپس ہونا ؛ دب جانا۔

climb, v.t. چڑھنا ، اوپر جانا ؛ چوٹی پر پہنچنا ۔

climbable, a. چڑھنے کے قابل ؛ چڑھے جانے کے قابل؛ جس پر چڑھائی ہو سکتی ہو۔

climb, n. چڑھائی ؛ وہ مقام جس پر چڑھ کر جائیں ؛ چوٹی ؛ اعتدال ۔

climber, n. چڑھنے والا ؛ چڑھوّیا ؛ بلنگیا ؛ لتا بیل ؛ وہ چڑھوّیا پرندہ جس کے دونوں پاؤں کی دو انگلیاں سامنے اور دو پیچھے ہوتی ہیں ؛ چڑھنے میں مددگار ترکیب مثلاً تلے میں کیلیں لگے جوتے ۔ (نباتیات) لتا بیل جو کسی چیز کے سہارے اوپر چڑھتی ہے ۔ (طیوریات) چڑھنے والے پرندوں میں سے ایک بشمول طوطا ، ہُدہُد یا کٹھ بھوڑ ؛ کھٹ بڑھئی ۔ (بول چال) وہ شخص جو جارحانہ طور پر بلند سماجی رُتبہ حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے ؛ عشقہ ؛ چڑھ بیل ؛ صعودہ۔

climbing fish, climbing perch, n. پلھی مچھلی ؛ شرق الہند کی ایک چھوٹی مچھلی بالا رو چڑھیل (Anabas scandens) ؛ یہ کافی عرصے تک پانی سے باہر رہ سکتی ہے اور کچھ فاصلے تک زمین پر چل بھی سکتی ہے ، اس کے متعلق مشہور ہے کہ درخت پر چڑھ سکتی ہے ؛ سلقی مچھلی ؛ شجر ماہی ۔

climbing iron, n. سلقی آہن ؛ لوہے کا چوکھٹا جس میں کیلیں لگی ہوتی ہیں ، ایسے چوکھٹے جوتے کے تلوں میں باندھ کر درختوں ، ستونوں یا برف سے ڈھکے پہاڑوں پر چڑھنے میں مدد ملتی ہے ؛ جوتے کی میخیں جن کی مدد سے درخت پر بآسانی چڑھ سکتے ہیں ۔

clime, n. (شاعری) زمین کا خِطّہ یا علاقہ ؛ آب و ہوا ؛ اقلیم ؛ دیار ؛ ملک ؛ دیس ؛ سرزمین ۔

clinch, v.t. مستحکم کرنا یا مضبوط کرنا ، جیسے ڈھیلی کیل کو ٹھونک کر ؛ اس طرح دو چیزوں کو جوڑنا ؛ دونوکی کیل جڑنا ؛ دلیل مکتفی دے کر قضیہ کا فیصلہ کرنا یا معاملہ طے کرنا ؛ فیصلہ کن طریقے سے طے کرنا ؛ بند کرنا ؛ دبانا ؛ بھینچنا ؛ ہاتھ کی مُٹھی مضبوطی سے بند کرنا ؛ بات یا معاملہ پکا کرنا ؛ دلیل کاٹنا ؛ دانت بھینچنا ؛ قطعی طور پر طے کرنا ؛ بحث ختم کرنا ؛ بات کرنا ؛ گھونسلا بنانا ؛ میخ وغیرہ کا سِرا موڑ کر مضبوط کرنا ؛ جڑنا ؛ مُٹھی باندھنا ؛ مضبوط پکڑنا ؛ کسنا ؛ گرہ دینا ؛ گرہ لگانا ؛ کیل یا پیچ کسنا ؛ مضبوطی سے پکڑنا ؛ عاجز کرنا ؛ تنگ کرنا ۔ (فعل لازم) (کھیل) گُتھم گُتھا ہونا یا دست بدست لڑنا جیسے کُشتی یا مُکّے بازی میں ۔

clinch, n. (عوامی) ہم آغوشی ؛ جھپّی ؛ معانقہ ۔ (فعل متعدّی) زور سے چمٹانا ، بغل گیر ہونا ؛ گلے لگانا یا ہم آغوش ہونا ۔

clincher, n. قلاب ؛ گیرہ ؛ شخص یا چیز جو بند کرے ، مضبوط پکڑے یا مستحکم کرے ۔ (بول چال) فیصلہ کُن بات ؛ کسی مسئلہ میں نتیجہ خیز عنصر ؛ بحث میں برہانِ مسکت ؛ بُرہانِ قاطع ؛ بند کرنے والا ؛ مضبوط پکڑنے والا ؛ مستحکم کرنے والا ؛ دلیل مُکتفی ؛ دلیلِ شافی ؛ جوابِ شافی ۔

cling, v.i. چمٹنا ؛ لگا رہنا ؛ مضبوطی سے پکڑے رہنا ، خصوصاً لپٹ کر یا چمٹا کر ؛ چپکنا ؛ لپٹنا ؛ قائم رہنا ؛ پابند رہنا ؛ وفادار رہنا ؛ ثابت قدم رہنا ؛ پیوستہ ہونا ؛ چمٹ جانا ؛جما رہنا ؛ مستقل رہنا ۔

clingingly, adv. وفادارانہ ؛ پیوستگی سے ۔

clinger, n. وہ شخص یا شے جو چمٹا رہے ، لگا رہے یا ثابت قدم رہے ۔

cling-stone, a. شفتالو یا آڑو کا ایسا بیج جس سے گودا چپکا رہے ۔ (اسم) گودا چپکا بیج یا ایسا آڑو جس کے بیج سے گودا چپکا رہے ؛ ہلو ؛ خراسانی شفتالو۔

clinic, n. کلینک ؛ شفاخانہ ؛ مطب ؛ طبّی ادارہ جس میں معالجوں کا گروہ مُشترکہ یا اجتماعی طور پر مریضوں کی تشخیص اور علاج کرتا ہے ؛ طالب علموں کے سامنے مریضوں کی تشخیص اور علاج ؛ شفا خانہ جہاں غیر اقامتی مریضوں کا علاج کیا جائے ؛ طبّی مرکز ؛ دواخانہ ؛ جرّاحی و طبابت ؛ سریریات گاہ ؛ علاج گھر۔

clinical, a. مطبی ؛ کلینک یا شفاخانے کے متعلّق ؛ کلینک کی تشخیص پر مبنی ؛ تجربہ گاہ کی تجرباتی تشخیص کے برعکس مریض کی حالت کے معائنہ سے متعلّق ؛ مشاہداتی ؛ واقعی ؛ حقیقی ؛ کلینکی ؛ سریری ؛ طبّی ؛ جرّاحی یا طبابت کی عینی تعلیم سے متعلّق ۔

clinically, adv. از روئے کلینک ؛تشخیصی طور پر۔

clinical psychology, n. مطبی نفسیات : نفسیات کی وہ شاخ جس کے تحت اعصابی امراض نیز انسان کے دیگر غیر معمولی یا مریضانہ برتاؤ کی سائنسی اور تجزیاتی تشخیص اور علاج کا مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

clinical thermometer, n. طبّی حرارت پیما ؛ بُخار دیکھنے کا آلہ : شیشہ کی نلی پر پیمایشی درجوں کے نشانات لگا ہوا آلہ جسے طب میں مریض کا درجۂ حرارت معلوم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ سریری تپش پیما ۔

clinician, n. طبیب عملی : معالج جو مریض کے بستر کے پاس رہ کر اس کے امراض کا معائنہ اور تشخیص کرتا ہے ؛ امراض کی تشخیص میں ماہر ڈاکٹر ؛ ماہر تشخیص و علاج ؛ ماہر سریریات ۔

clink, v.i. بجانا یا جھنجھنانا ؛ کھنکھنانا : دھات کے چھوٹے ٹُکڑوں کو ایک دوسرے پر مار کر چھوٹی اور تیز آواز یا تواتر کے ساتھ آوازیں پیدا کرنا ؛ جھنکنا ؛ جھم جھم کرنا؛ کھڑکنا ۔ (فعل متعدی) چھوٹی ، تیز اور کھنکھناتی آواز پیدا کرانا ؛ جھنکارنا ؛ جھنکانا ۔

clink, n. جھنکار ؛ کھن کھن ؛ دھات کے دو ٹُکڑوں کے ٹکرانے سے پیدا ہونے والی تیز کھنکھناتی آواز ؛ جھن جھن ؛ جھنک ؛ جھنجھناہٹ ؛ جھمجھماہٹ ؛ کھڑاک ۔

clink, n. (عوامی) قید خانہ ؛ جیل ؛ حوالات ؛ زندان ؛ محبس ۔

clinker, n. ایک قسم کی سخت ولندیزی اینٹ جو فرش کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ جزوی طور پر شیشہ بنی ہوئی اینٹوں کا تودہ ؛ نہ جلنے والے مادّوں کا ملا جُلا تودہ ، جیسا کہ کوئلے کے جلنے کے بعد رہ جاتا ہے ؛ دھات کا میل ؛ اُن اینٹوں کا تودہ جو باہم جُڑ گئی ہوں ؛ بہت زیادہ پکی ہوئی اینٹ ؛ کھنگر ۔ (ارضیات) آتش فشاں سے نکلا ہُوا مادّہ ؛ گرم کرنے کے بعد لوہے پر جمنے والی آکسائیڈ کی تہ ؛ کھنگرانی ؛ کلنگر ؛ کنگر ۔

clinker, n. (عوامی) فاش غلطی ؛ ناکامی ۔(برطانوی) بہت اچھی بنائی ہوئی چیز ؛ عُمدہ صفت ۔

clinker-built, clincher-built, a. کھنگرانی : باہر کی طرف ایک دوسرے پر رکھ کر جوڑے ہوئے لکڑی کے تختے یا دھات کے ٹکڑے ؛ بحری جہاز کے ایسے ڈھانچے کے متعلّق جس کے تختے ایک دوسرے پر رکھ کر جوڑے گئے ہوں ۔

clinometer, n. نشیب پیما : ایک آلہ جس سے جُھکاؤ یا ڈھلان ناپا جاتا ہے ، جیسے زمین کی سطح یا پرتوں کی ڈھلان یا بحری جہاز کا جھوک ؛ میل پیما ؛ ڈھال پیما ؛ زاویہ پیما ۔

clinometric,clinometrical, a. کلینو میٹر یا آلۂ نشیب پیما کے متعلّق یا اس آلے کا ناپا ہُوا ؛ ترچھی قلمی شکلوں کے متعلّق یا اُن جامد اشیا کے بارے میں جن کے محوروں کے درمیان زاویے غیر قائمہ ہوں ۔

clinometry, n. کلونومیٹر کے استعمال کا فن ۔

clinquant, a. چمکیلا ؛ بھڑکیلا ؛ گوٹا کناری کی طرح ؛ گوٹا کناری لگا ہوا ؛ زرق برق چیزوں سے مزیّن ۔ (اسم) سونے کا نقلی پتر ؛ گوٹا کناری ۔

Clio, n. (یونانی اساطیر) کلایو ؛ تاریخ کی دیوی ؛ جس کے متعلّق یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ تاریخ کی نگراں ہے ۔ (فلکیات) ایک ستارے کا نام ۔(حیوانیات) صدفیے یا گھونگھے کی جنس ۔

clip, v.t. تراشنا ؛ کترنا ؛ قلم کرنا ؛ کاٹنا ؛ قینچی سے کاٹ کر الگ کرنا ؛ کاٹ کر چھوٹا کرنا ؛ بالوں کو کاٹنا ، چھانٹنا یا اُون اُتارنا ؛ کترنی سے کاٹنا ؛ کھوٹا سکّہ چلانے کے لیے کونا تراش کر درست کرنا ؛ بات کو مختصر کرنا یا بات کاٹنا ؛ تلفّظ میں لفظ کے ارکان حذف کرنا ؛ گھٹانا ؛ کوتاہ کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ حرف چبانا ؛ چبا کر بولنا ؛ پر کاٹنا ؛ پَر قینچ کرنا ؛ کاٹ چھانٹ کرنا ؛ قطع برید کرنا ؛ مِقراض کرنا ؛ حذف کر دینا ؛ کم کرنا ؛ حروف چھوڑ جانا ؛ شوشے نہ دینا ؛ بے بال و پر کر دینا ؛ مجبور اور لاچار کر دینا ۔ (عوامی) دھوکا دینا یا زیادہ دام وصول کرنا ۔ (فٹ بال) غلط طور پر پیچھے سے ٹانگوں پر مار کر مخالف کھلاڑی کو روکنا ؛ اڑنگا لگانا ؛ اڈّا مارنا ۔ (فعل لازم) کاٹنا ؛ تیزی سے حرکت کرنا ۔

clip, n. کاٹنے کا عمل ؛ تراش ؛ تراشا ؛ وہ چیز جو کاٹی جائے ، خصوصاً بھیڑ کی اون جو ایک ہی بار قینچی سے کاٹی جائے ؛ کاٹ چھانٹ ؛ قطع برید ؛ کتری ہوئی اون کا گھان یا چٹکی ۔ (بول چال) تیز ضرب یا ٹھونگ جو ہاتھ سے لگی ہو ۔ (بول چال) تیز چال یا حرکت ۔

clip, v.t. احاطہ کرنا ؛ مضبوطی سے گرفت میں لینا ؛ چیزوں کو ملا کر باندھنا ؛ گھیرنا ؛ دبانا ؛ پکڑنا ؛ مضبوطی سے پکڑنا ۔

clip, n. کلپ ؛ چونڈی ؛ مضبوطی سے پکڑنے یا گرفت میں لینے کی ایک ترکیب یا آلہ ؛ دھات کی بنی ہوئی گرفت یا بکسوا ؛ زیور جو لباس میں تزئین کے لیے لگایا جائے ؛ گھوڑے کے نعل کی اُوپری سطح پر لگی ہوئی چپٹی باڑھ ، کگر ؛ قبضہ ؛ پکڑ ۔

clip artist, n. (عوامی) کلپ آرٹسٹ : وہ جس کا پیشہ دھوکا دینا یا لوٹنا ہو ؛ پیشہ ور لٹیرا ؛ دھوکا باز ۔

clipboard, n. لکھنے کے لیے چھوٹا تختہ جس پر کاغذ کو گرفت میں رکھنے کے لیے کلپ یا ایسی ہی کوئی اور چیز لگی ہوئی ہو ؛ چُونڈی تختہ ۔

clip joint, n. (عوامی) تفریح و تماشے کی ایسی جگہ جو فریب دہی اور زیادہ دام وصول کرنے کے لیے بدنام ہو ۔

clipper, n. باغبانی قینچی ؛ مقراض ؛ کٹونی ؛ ایک اوزار جو بال یا سبزہ زار سے گھاس تراشنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (جہاز رانی) بحری جہاز جسے تیز رفتاری کے لیے بنایا اور سازوسامان سے لیس کیا گیا ہو ؛ تیز رفتار گھوڑا ؛ پنسوئی ؛ کلپر (جہاز کی قسم) ؛ کُترنی ؛ تیز رفتار جہاز ؛ باد پا ؛ زُود پا ؛ زود رَو کشتی ۔

clipping, n. کاٹنے والے شخص یا کاٹنے والی چیز کا عمل ؛ اخبار کا تراشا ؛ کترن ؛ چھانٹن ؛ چھانٹ ؛ ریزگی ؛ چھانٹ چھونٹ ؛ تراش ؛ چھٹن ۔ (صفت) کاٹنے والی جیسے مقراض/قینچی ؛ تراشیدہ ؛ کٹا ہُوا ۔

clipsheet, n. (صحافت) کاغذ کا ورق جس کے صرف ایک طرف چھپائی کی گئی ہو تاکہ آسانی سے اس کے تراشے لیے جا سکیں اور پلیٹ پر چڑھا کر اس کی دوبارہ طباعت ہو سکے ۔

clique, n. خاص لوگ ؛ منڈلی ؛ جتّھا ؛ گروہ ؛ مخصوص اشخاص کا جتّھا ؛ ٹولی ؛ فرقہ ؛ جماعت ؛ بندش ؛ چوکڑی ؛ گٹ ؛ سازش ؛ فریق ؛ چکری ؛ سازشی جماعت ۔ (فعل لازم) ٹولی بنانا یا ٹولی میں شامل ہونا ۔

cliquey, cliquy, cliquish, a. جتّھے باز ؛ ٹولہ بنانے والا ؛ جتھے بندی کا ؛ جتّھے بنانے والا ؛ جتّھے بندی پر مائل یا جتّھے بازی کا رُجحان رکھنے والا،جیسے اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانے کی عادت ہو ۔

cliquishness, n. جتّھے بازی ؛ گروہ بندی ؛ پارٹی بازی ؛ اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانے کی عادت ؛ جتّھے بندی ؛ فرقہ بندی کا جذبہ ۔

clitoris, n. (تشریح الاعضا) بَظَر : مادّہ دودھ پلانے والی مخلوق کا چھوٹا سا قابلِ استادگی عضو جو فرج کے اندرونی حصّے میں نر کے ذکر سے مماثل ہوتا ہے ؛ ذکر مادّہ ؛ ٹنا ؛ ٹن ٹنا ؛ چوچولہ ؛ ٹیٹا ؛ ٹمکنا ؛ بچکلّی ؛ بیچا ؛ پٹاکا ؛ چھولا ۔

clitoral, clitoric, a. بَظَری ۔

cloaca, n. کلوکا ؛ نالی ؛ موری ؛ مخرج ؛ مخرجہ ؛ گندا نالا ؛ بدرو ؛ جائے ضرور ۔ (حیوانیات) پرندوں ، رینگنے والے جانوروں ، کئی مچھلیوں اور کم درجہ کے میمل جانوروں میں ایک سوراخ کے اندر مقعد اور بول (پیشاب) دونوں کی نالیاں کھلتی ہیں ، اس طرح اس واحد چوڑے سوراخ سے فضلہ (یعنی بول و براز) اور تولیدی مادّہ دونوں خارج ہوتے ہیں ۔

cloak, n. چوغہ ؛ جُبّہ ؛ فرغل ؛ لبادہ ؛ چادر ؛ پوشش ؛ پہننے یا اوڑھنے کا ڈھیلا لباس جو دوسرے کپڑوں پر پہنا جاتا

ہے ؛ پوشش یا ستر پوش ؛ لباس ؛ بھیس یا بہروپ ؛ حیلہ ؛ بہانہ ؛ عذر ؛ اوٹ ؛ پردہ ؛ بارانی ؛ باران کوٹ ؛ بارانی کُرتہ؛ جامہ ؛ ٹٹی ؛ جامۂ پارسائی ؛ عبا ؛ آڑ۔

cloak, v.t. چوغے یا فرغل میں چھپانا ؛ بھیس بدلوانا ؛ پردہ ڈالنا ؛ ڈھانپنا ؛ مخفی کرنا ؛ ڈھکنا ؛ چُھپانا۔

cloak-and-dagger, a. (بول چال) پارسائی کے چوغہ میں چُھپا خنجر ؛ بین الاقوامی جاسوسی اور سازشوں کے مہم جویانہ رُخ کا مبالغہ آمیز حوالہ ؛ بغل میں چھری،مُنھ میں رام رام۔

cloak-and-sword, a. قصے کہانیوں کے سُورماؤں کی مہمّات پر رومانی ادب کے متعلّق ، یہ سورما قباپوش اور شمشیر بکف ہوتے تھے ؛ بہادری کی کسی بھی مبالغہ آمیز مہم کا یا اس کے متعلّق ۔

clobber, v.t. (عوامی) پٹائی کرنا ؛ شکستِ فاش دینا۔

clobber, n. (برطانوی اور آسٹریلیائی ، عوامی) لباس ؛ کپڑے۔

cloche, n کلوش ؛ عورت کا ہیٹ یا سرپوش جو چہرے پر چُست ہوتا ہے ، اس کا اندرونی حصّہ گہرا اور کگر تنگ ہوتی ہے ؛ شیشے کا جھانبو یا پودا پوش جس کے اندر پودے اُگاتے یا رکھتے ہیں۔

clock, n. گھنٹہ ؛ دیواری ساعت ؛ میز پر رکھنے والی ٹائم پیس ؛ دستی یا جیبی گھڑی کے سوا کوئی بھی اختراع یا ایجاد جس سے وقت ناپا جائے اور ایک ڈائل (گھڑی کا چہرہ) پر سوئیوں کی حرکت سے گھنٹے ، منٹ اور سیکنڈ بتائے جا سکیں ؛ ہم وقت کمپیوٹر میں اشارے کرنے والی اختراع ؛ کشیدہ کاری کا عمودی ڈیزائن جو مردوں کے موزوں کے ایک یا دونوں طرف بُنی ہوئی لمبی جُرابوں پر کاڑھا ہوا ہو۔ (فلکیات) ہورولوگیم (Horologium) یعنی ''گھڑ نُما'' نامی مجمع الکواکب ؛ کلاک ؛ گھڑیال ؛ ساعت ؛ گھڑی ؛ آلۂ ساعت ۔ (فعل متعدّی) گھڑی روک کے ذریعہ رفتار کا وقت ناپنا۔

clockwise, adv., a. گھڑی کی سی چال ؛ گھڑی وار ؛ ساعت وار ؛ گھڑی کی سوئیوں کے گھومنے کی سمت میں ؛ ہموار سطح پر بائیں سے دائیں طرف دوری یا دائرے میں حرکت کے متعلّق ؛ موافق سمت ؛ دست ساعت ؛گھڑی رُخ۔

clockwork, n. گھڑی کل ؛ کلاک یا گھڑی کی مشین ؛ پہیّوں کی پیچیدہ ترکیب کار جس سے گھڑی کی طرح باقاعدہ یا متواتر حرکت پیدا ہو ؛ ٹھیک ، درست ، باقاعدہ ؛ گھنٹے جیسی ٹھیک کل۔

clod, n. کلوخ ؛ ڈھیلا ؛ عام معنوں میں تودہ یا ڈھیر ؛ زمین کا تودہ ، مٹّی یا گھاس کا ڈھیر ؛ غبی ؛ گنوار ، احمق شخص ؛ گاؤدی ؛ دیہاتی ، اناڑی ؛ بے ادب ؛ کودن ؛ ڈلا ؛ ڈلی ؛ مٹّی ؛ گِل ؛ ناچیز ؛ ہیچ ؛ پوچ ؛ خاک ؛ مٹّی کا مادھو۔

cloddish, a. گنوارُو ؛ ناشایستہ ؛ اُجڈ ؛ کودن ؛ غیر مہذّب ؛ بے ڈول ۔

cloddy, a. تودوں والا (علاقہ) ؛ تودوں یا ڈھیروں سے بھرا ہوا ؛ زمینی ؛ جذبات و خیالات کے اعتبار سے بیہودہ یا ناشایستہ ۔

clodhopper, n. دیہاتی احمق ؛ بُھوسا بھرا دماغ ؛ بدتمیز اُجڈ ؛ گاؤدی ؛ اناڑی ۔ (جمع) بڑے اور وزنی جُوتے۔

clodhopping, a. اَن گھڑ ؛ ناشایستہ ؛ گنوارو ؛ گستاخ ؛ گاؤدی ؛ بے ادب ؛ کودن ۔

clog, n. روک ؛ اڑنڈنا ؛ مزاحمت ؛ اٹکاؤ ؛ بوجھ ؛ بکھیڑا یا رکاوٹ جس سے حرکت رُک جائے یا حرکت کرنا مشکل ہو جائے ، جیسے جانور کے پاؤں سے باندھا ہوا لکڑی کا ٹُکڑا یا کوئی اور وزن ؛ رکاوٹ ؛ بکھیڑا ؛ روک ؛ کھڑاویں ؛ ایک قسم کا جُوتا جس کے تلے لکڑی کے ہوتے ہیں ۔ (برطانوی ، عوامی) لکڑی کا چھوٹا اور موٹا ٹُکڑا ؛ پانوڑیاں ؛ پیکڑا ؛ سد ؛ پھانس ؛ لپٹ ؛ چپک ؛ چپٹ ؛ کلوا ؛ چمٹ ؛ بھار ؛ بار ؛ روک ٹوک ؛امتناع؛ممانعت ۔

clog, v.t. پیکڑا ڈالنا ؛ اڑ ڈنڈا لگانا ؛ کلوا ڈالنا ؛ روک لگانا ؛ مزاحم ہونا ؛ بوجھ سے یا کوئی چیز اٹکا کر حرکت میں رُکاوٹ ڈالنا ؛ بوجھ ڈالنا ؛ روکنا ؛ ٹھونسنا ؛ راستہ روکنے کے لیے رخنہ یا رکاوٹ پیدا کرنا ؛ رستے میں روڑے اٹکانا ؛ مزاحمت کرنا ؛ ٹھسا ٹھس بھر کر خلل ڈالنا ؛ پاؤں میں زنجیر یا بیڑیاں ڈالنا ؛ بوجھل کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ۔ (فعل لازم) بوجھ سے لد جانا یا غیر ضروری چیزوں کے بوجھ تلے دب جانا ؛ کھڑاویں پہن کر ناچنا ؛ اٹکنا ؛ رکاوٹ بننا ؛ خلل انداز ہونا ؛ بوجھ ہونا ؛ بار ہونا ؛ رکاوٹ ہونا ؛ مزاحم ہونا ؛ چپکنا ؛ چمٹنا ؛ کسی چیز کے ٹھس جانے ، اڑ جانے یا بھر جانے سے خلل پڑنا یا رُک جانا ۔

clog dance, n. کھڑاؤں ناچ ؛ کفش چوب کا رقص ؛ وہ رقص جو لکڑی کے جوتے پہن کر کیا جاتا ہے ؛ کھڑاؤں رقص ؛ کفش چوب کا رقص جس میں لکڑی کے جُوتوں کی کھٹ کھٹ موسیقی کی تال سے ہم آہنگ ہوتی ہے ۔

cloison, n. دھات کی نفیس پٹّی جو مینا کاری کے عمل میں رنگوں کے حلقوں کو ایک دوسرے سے جدا رکھتی ہے ۔

cloisonne, a. منبّت کارانہ ، حدوں میں بانٹا ہوا ؛ مینا کاری یا منبّت کاری کے لیے، دھات کی پتلی پٹّیوں کو حائل کر کے رنگوں کو ایک دوسرے سے جدا رکھا جاتا ہے ۔ (اسم) منبّت کاری ۔

cloister, n. صومعہ ؛ حُجرہ ؛ خانقاہ ؛ مُسقّف رستہ ؛ غُلام گردش ؛ گلیاری ؛ محرابی راستہ یا مسقف غلام گردش جو خانقاہ یا کالج کی عمارت کے بعض حصّوں کی دیواروں کے ساتھ ہو ؛ چھتّا ؛ محراب دار چھتّا ؛ تکیہ ؛ مڑھی ۔

cloister, v.t. کسی صومعہ ، کانوینٹ یا خانقاہ میں محدود یا بند کرنا ؛ دُنیا چھوڑ کر گوشہ نشین ہو جانا ؛ حُجرہ نشین کرنا ؛ گوشہ نشین بنانا ؛ چار دیواری میں بند کرنا ؛ قید کرنا ؛ خانقاہ میں رکھنا ؛ عزلت نشین کرنا ۔

cloistral, a. خانقاہی ؛ خانقاہ یا صومعہ کا یا اس کے متعلّق ؛ الگ تھلگ ؛ تنہا ؛ الگ تھلگ رہنے کی وجہ سے تنگ نظر یا محدود زاویۂ نگاہ کا حامل ؛ گوشہ نشین ؛ عزلت نشین ۔

clone, n. قلمیہ ؛ قلم ؛ کاشت کیے جانے والے پودوں کا ایک گروہ جو ایسے پودوں پر مشتمل ہوتا ہے جنھیں ایک ہی ہنیری سے اخذ کیا گیا ہو ، اس نسلی پھیلاؤ کے لیے اکھوے پر قلم لگانے، پیوند کاری اور بصلہ کاری کے یا دیگر غیر جنسی طریقے استعمال کیے جاتے ہیں ؛ کسی جسم نامی کی مماثل پیدایش ۔ (فعل متعدی) کسی جسم نامی کی مماثل پیدایش کرنا ۔

clonal, a. قلمی ، قلمیاتی ، کلون کا ، اس کے متعلّق یا اس میں واقع ہونے والا ۔

clonic, a. (امراضیات) تشنّجی ؛ رجفی ؛ تشنج سے متعلّق ۔

clonic spasm, اینٹھن ؛ تشنّجی دورہ جس میں رگ پٹھے

تیزی سے سکڑتے اور پھیلتے ہیں ، جیسا کہ مرگی کے مرض میں ہوتا ہے ، مسلسل تشنّج کے برعکس اس مرض میں ہر دورے کے بعد تھوڑی دیر کے لیے افاقہ ہوتا ہے ؛ رجفی شخات ۔

clonus, n. رجفی تشنّج ؛ تشنّج ؛ رجفه ؛ جھٹکا ؛ قلقال ؛ اینٹھن ۔

clop, v.i. تیز اور کھوکھلی آواز پیدا کرنا جیسی کہ گھوڑے کی ٹاپوں یا فرش پر لکڑی کے جوتوں کی ضرب سے پیدا ہوتی ہے ۔ (اسم) ٹاپوں کی آواز ۔

closable, closeable, a. بند کرنے کے قابل ؛ جو بند کیا جا سکے ۔

close, v.t. بند کرنا یا کسی چیز کے دو حصّوں کو قریب لانا یا جوڑنا ؛ دروازہ ، کھڑکی ، کتاب ، آنکھ ، یا مٹھی کا بند کرنا ؛ مضبوط یا مُستحکم کرنا ؛ ختم کرنا ؛ پورا کرنا ، نتیجے تک پہنچانا یا مکمّل کرنا ؛ بھرنا ؛ سمیٹنا ؛ چکانا ؛ طے کرنا ؛ موندنا ؛ لگانا ؛ دینا ؛ معمور کرنا ؛ اختتام کرنا ؛ تمام کرنا ؛ گھیرنا ؛ گھیرا ڈالنا ؛ حلقه بندی کرنا ؛ کارخانه اُٹھانا ۔ (فعل لازم) ساتھ ملنا یا قریب آنا ؛ اکٹھے آنا ؛ متحد ہونا ؛ ختم کرنا ؛ بند ہونا ؛ جڑنا ؛ بھڑنا ؛ لپٹنا ؛ مل جانا ؛ پاس یا نزدیک آنا ؛ لگنا ۔

close with, گتھم گتھا ہونا ؛ متفق ہونا ۔

close, n. کسی نتیجہ پر پہنچنے کا عمل ؛ عرصه کا اختتام ؛ ناول یا ڈرامه کا آخری ٹُکڑا ۔ (موسیقی) گیت کے بند کا اختتام یا کوئی نغمه گاتے ہوئے سانس لینے کے لیے رُکنے کا عمل ؛ اخیر ؛ خاتمه ؛ قرب ؛ بندش ؛ امتناع ؛ اخفاف ؛ انجام ؛ انتہا ؛ نتیجه ؛ آخر ۔

close, n. (برطانوی) احاطه کی ہوئی جگه ؛ خصوصاً گرجا یا خانقاہ کا احاطه ۔ (برطانوی بولی) صحن یا صحن تک لے جانے والا تنگ راسته ؛ اندھی گلی یا بند سڑک ؛ بند گلی ؛ گھیرا ؛ گھیر ۔

close, a. بند ؛ بند کیا ہوا ؛ محبوس یا محصور ؛ قریب ، دروازے کے بغیر یا تمام دروازے چھتے ہوئے یا بند ؛ محدود یا تنگ (جیسے : close quarters) ؛ تازہ یا کُھلی ہوا کے بغیر (جیسے : a close room) ، گراں یا بوجھل ، جیسے ہوا ؛ تنگ جگه میں محبوس ، جیسے کوئی قیدی ؛ سخت پہرے میں ؛ تنہا یا گوشه نشین ؛ پوشیدہ یا خفیه ؛ راز رکھنے والا ؛ نه کُھلنے والا یا کم گو ؛ کفایت شِعار ، کنجوس یا بخیل ؛ شوم ؛ کمیاب جیسے روپیه پیسه ؛ وہ اداره جو عوام الناس ، عام داخلے یا داخلے کے لیے عام مقابله کے واسطے کھلا نه ہو (جیسے ، a close corporation) ؛ شکار وغیرہ کے لیے ممنوع (جیسے : a close season for hunting)؛ تار و پود کا ایک دوسرے سے بہت قریب یا ملا ہُوا ہونا (جیسے ، a close texture) ؛ گُتھا ہوا یا مجمل ؛ زمان و مکان یا تعلّق میں نزدیک یا ایک دوسرے کے قریب ؛ براہ راست قربت میں (جیسے : close contact) ؛ بے تکلف اور ہمراز ہونے کے تعلق سے ، (جیسے : close friendship) ؛ چُست یا تنگ جیسے ٹوپی ؛ زیر غور موضوع سے انحراف نه کرتے ہوئے (جیسے : to pay close attention)؛ سختی سے اور پوری طرح(تحقیقات) (جیسے close investigation) ؛ نمونے یا اصل سے انحراف نه کرتے ہوئے ؛ ہو بہو ، (جیسے : a close translation ، a close copy) ؛ تقریباً برابر یا مساوی ، جیسے مقابله میں ۔ (صوتیات) مُنھ کو سکڑا کر یا کم کھول کر حرف/لفظ کی ادائیگی ؛ مسدود ؛ خفیه ؛ پوشیده ؛ اختتامی ؛ تمامی ؛ حلقه بند ؛ محاصری ؛ کوٹھی بند ؛ معمور ؛ مکمّل ؛ تنگ چشم ؛ خاموش ؛ چپ چاپ ؛ مُنھ بند ؛ کسا ؛ تنگ دل ؛ ہم دم ؛ بے تکلّف ؛ گہرا (دوست) ؛ باریک بیں ؛ لفظی (ترجمه) ؛ تحت لفظی ؛ لفظ به لفظ ؛ ٹھوس ؛ کثیف ؛ گف ؛ گاڑھا ؛ گنجان ؛ پاس ؛ نزدیک ؛ قریبی ؛ ممنوع ؛ دقیق ؛ کڑی ؛ گھنا ؛ مندا ؛ بھڑا ہوا ؛ تنگ ؛ چُست ؛ کھچا کھچ ؛ سخت ؛ سنگین ؛ متصل ؛ مملو ؛ محدود ؛ مخصوص ؛ آمنے سامنے ؛ آس پاس ؛ غیر پیچیده ؛ مجتمع ؛ مرتکز ؛ بند ہوا ؛ امس ؛ حبس ۔

close reef, (جہاز رانی) چُست بادبان ؛ بادبان کا آخری معمولی پرده جسے بہت چھوٹا کیا جا سکتا ہے ۔

close, adv. ایسا جکڑ بند جس میں کہیں کوئی کھلی جگه نه ہو ؛ سخت حصار یا پہرے میں ؛ زمان و مکان کے لحاظ سے بہت قریب یا ایک دوسرے سے تعلّق رکھتے ہوئے ؛ لگے لگے ؛ قریب قریب ؛ لگ بھگ ؛ پاس پاس ؛ آس پاس ۔

closely, adv. قریب قریب ؛ پاس پاس ؛ غور سے ؛ دھیان سے ؛ راز دارانه طریقے سے ؛ قریب ہونے کے لیے ؛ مجملاً ؛ تقریباً ؛ بے تکلّفانه ؛ دوستانه ؛ توجه سے ؛ سختی سے ؛ تنگی سے ؛ سختی کے ساتھ اصل کے مطابق ؛ آس پاس ۔

closeness, n. قُرب ؛ نزدیکی ؛ لفظ کے مختلف معنوں میں ، قریب ہونے کی حالت یا صفت ؛ تنگی ؛ کثافت ؛ اخفا ؛ سکڑاؤ ؛ سکیڑ ؛ کوتاہی ؛ رکاوٹ ؛ پڑوس ؛ قُربت ؛ شفعه ؛ ہم دیواری ؛ گھن ؛ کثافت ؛ سنگینی ؛ چھپاؤ ؛ پوشیدگی ؛ گُھٹن ؛ گھمس ؛ امس ۔

close corporation, n. دیکھیے : Closed Corporation ۔

closed, a. بند ؛ رُکاوٹی ؛ رکاوٹ بنتے ہوئے (جیسے : closed gate) ؛ خاتمے یا نتیجے تک پہنچایا ہُوا ، (جیسے ، a closed issue) ؛ چند لوگوں تک محدود (جیسے : the stockholders of a closed corporation) ؛ غیر ملکی اثرات کو دور رکھنے کی حکمتِ عملی (جیسے : a closed policy)؛ آزاد یا خودمختار وحدت/تنظیم ہونا یا بنانا (جیسے : a closed committee)؛ شکار یا مچھلی مارنے کے لیے ممانعت کا موسم (جیسے : a closed season) ۔ (صوتیات) لفظ کا ایسا رکن جو ایک یا کئی حروف صحیح پر ختم ہوتا ہو ۔ (ریاضی) ایسی صفت یا خصوصیت که جب ایک خاص سیٹ کے عناصرِ ریاضی پر کام کیا جائے تو اُسی سیٹ کے وہی عناصر حاصل ہوں ۔

closed chain, n. (کیمیا) بند زنجیر ؛ نامیاتی مرکّب ، مثلاً بینزین جس کے کاربن ایٹم دائرے کی شکل میں براہِ راست یا دیگر ایٹموں کے واسطه سے ایک دوسرے سے منسلک ہوں ۔

closed circuit, n. (برق) محدود سرکٹ ؛ بند دَور ؛ برقی رو کا ایسا دور یا دائرہ جس میں کوئی روک نه ہو تا که رو مسلسل چلتی رہے ۔

closed circuit television, n. محدود سرکٹ ٹیلیوژن ؛ ٹیلی وژن کا وہ نظام جس میں کیمرے ، مواصلاتی اور کنٹرول کرنے والے آلات ، محدود سرکٹ والے تاروں کے ذریعه ایک دوسرے سے منسلک ہوتے ہیں ؛ تاروں کے ذریعے صرف چند مخصوص ٹی وی سیٹوں کو پروگراموں کی ترسیل جیسا که بعض تھیٹروں یا کلبوں میں خصوصی پروگرام دکھانے کے لیے کیا جاتا ہے ۔

closed corporation, close corporation, n. محدود کاروبار ؛ اجتماعی بیوپار جس کے حصص کی ملکیّت صرف چند مالکان تک محدود ہو ؛

محدود کارپوریشن ؛ تجدیدی کارپوریشن ؛ کمپنی سرمایۂ مشترکہ ۔

closed-end, a. مسدودُ الطّرف ؛ پوری منظور شدہ رقم کے عوض جاری کردہ حصص ؛ ایسی اجتماعی کمپنی کے حصص کی محدود حلقے میں تشخیص قیمت ، جس کے حصص کا تصفیۂ حساب کُھلے بازار میں کیا جا سکتا ہے (جیسے : a closed-end investment trust)۔

closed shop, n. بندشی کاروبار : کاروباری جگہ جہاں مالک اور مزدور یونین کے درمیان معاہدے کے تحت صرف یونین کے اراکین ہی کام کر سکتے ہیں ؛ پابند کار گھر۔

closefisted, a. مُٹھی بند ؛ کنجوس ؛ بخیل ؛ شُوم ؛ خسیس ؛ مُمسِک ۔

close formation, n. (طیرانیات) ٹُکڑی پرواز : پرواز کرتے ہوئے ہوائی جہازوں کی ایسی ہیئت کہ ان کا ایک دوسرے سے فاصلہ کم سے کم ہو ، ایسا عموماً لڑاکا جہاز کے حملہ سے بچاؤ کے لیے کیا جاتا ہے ؛ بحری و برّی افواج میں بھی یہ اصطلاح استعمال ہوتی ہے ۔

close-grained, a. مہین دانے یا مہین ریشے کا ؛ مربوط یا مہین ساخت یا بناوٹ والی جیسے لکڑی ۔

close harmony, n. (موسیقی) قریبی ہم آہنگی ؛ سُروں کی ایسی ہم آہنگی جس میں ذیلی سُر لَے کے قریب قریب رہتے ہیں ، یہ سُر اکثر آکٹیو (Octave) (وہ سُر جس کا ارتعاش کسی خاص سُر کا دگنا یا آدھا ہو اور وہ سرگم میں اس سے آٹھ درجے اُونچا یا نیچا ہو) کے اندر یا اس سے بھی نیچے یا اُوپر ہوتے ہیں ۔

close-hauled, a. (جہاز رانی) بادبانوں کو اس طرح سے لگانا کہ جہاز یا کشتی جتنا بھی ہو سکے ہوا کی مخالف سمت میں سفر کر سکے ؛ لگ بھگ ؛ پاس پاس ۔

close-mouthed, a. کم گو ؛ ابلاغ نہ کرنے والا ؛ چپ چاپ ؛ مُنھ بند ؛ خاموش ۔

close-out, n. کلیرنس سیل ؛ اختتامی فروخت ؛ خردہ فروش کی دُکان میں کم داموں پر اشیا کی فروخت ۔

close-reefed, a. (جہاز رانی) چست بادبان دار : ایسے بادبان کے متعلّق جس کا آخری پردہ بھی لپیٹ لیا گیا ہو ؛ ایسے جہاز کے متعلّق جس کے بادبان یا بادبانوں کے پردے اس طرح لپیٹ لیے گئے ہوں ۔

close shave, n. (عوامی) بال بال بچنے کا عمل ؛ فوری خطرے سے بچاؤ ؛ بال برابر فرق ؛ بال بھر کا فرق ؛ خوب گھٹی ہوئی حجامت۔

closet, n. نجی یا خلوتی حُجرہ/کمرہ ، جو نسبتاً چھوٹا ہو اور آرام ، مشورت یا عبادت کے لیے استعمال کیا جائے ؛ کوٹھڑی ؛ چھوٹا کمرہ ؛ بند خلوت گاہ ؛ کپڑے ، جنس ، برتن وغیرہ جیسی اشیا رکھنے کی کیبنٹ یا غسل خانہ ؛ خلوت خانہ ؛ قدمچہ ؛ طہارت خانہ ؛ آلا ؛ طاق ؛ الماری ؛ برتنوں کی الماری ۔

closet, v.t. تخلیہ میں مشورہ کرنا ؛ راز کی گفتگو کے لیے یا پوری توجّہ سے کام کرنے کے واسطے خلوت خانہ میں بند کرنا ؛ یہ لفظ اکثر مجہول طور پر استعمال ہوتا ہے (جیسے : To be closeted with the trustees) ؛ خلوت کرنا ؛ خلوت گاہ میں ملاقات کرنا ؛ خلوت میں گفتگو کرنا ؛ کوٹھری یا حُجرے میں چھپانا ؛ پوشیدہ کرنا ؛ مخفی کرنا ؛ اکیلے میں بات چیت کرنا ۔

closet drama, n. مطالعاتی ڈرامہ ؛ وہ ڈرامہ جسے پڑھا جائے نہ کہ کھیلا جائے ؛ پڑھا جانے والا ڈرامہ ۔

close-up, close-shot, n. (عکّاسی) قریبی فوٹو ؛ قریب سے لیا ہوا فوٹو یا کھینچی ہوئی تصویر ۔ (فلم ، ٹی وی) قریب سے لی گئی کسی شخص یا عمل کی تفصیلی یا بڑی تصویر ؛ کلوزاَپ ۔

closure, n. بندش ؛ خاتمہ ؛ ختم بحث ؛ بند یا ختم کرنے کا عمل ؛ اختتام یا نتیجہ ؛ وہ جو بند یا ختم کرے ؛ رائے یا ووٹ لینے کی تجویز پیش کر کے بحث ختم کرنے کا عمل ۔ (ریاضی) ریاضی میں کند ذہن ہونے کی خصوصیّت ؛ پابندی ؛ انسداد ؛ اجرا ؛ روک ؛ قید ؛ احاطہ ؛ بحث بندی ۔

closure, v.t., v.i. مقررہ وقت پر بحث ختم کرنا یا کرانا ؛ ووٹ لینے کی تجویز پیش کر کے بحث ختم کرانا؛ روک دینا؛ بند کر دینا؛ بحث بند کر کے فیصلہ کر دینا یا فیصلے پر پہنچنا ۔

clot, n. نرم یا رقیق مادّہ (جیسے خون یا چربی) کا منجمد تھکّا؛ دلمہ؛ تکہ؛ چکتّا؛ لختۂ خون ؛ لخت ؛ جمود ؛ تھپڑا ؛ تھپڑ ؛ پُھٹکی ؛ تکا؛ غلظت؛ انجماد ۔

clot, v.i. نرم یا رقیق مادہ کا منجمد ہو کر سخت یا گاڑھا ہو جانا ؛ جمنا ؛ منجمد ہونا ؛ چکتی بندھنا؛ بندھنا؛ بستہ ہونا ؛ تھکّا ہونا؛ گُٹھل ہونا؛ چکتے بننا ؛ غلیظ ہونا ؛ انجماد ہونا ؛ پُھٹکیاں بننا ۔ (فعل متعدی) منجمد کرنا : تھکّا ، پُھٹکی یا چکتا بنانا ؛ بستہ کرنا ؛ جمانا ؛ غلظت پر لانا ۔

clotty, a. تھکّوں یا پھٹکیوں سے بھرا ہُوا ؛ منجمد ؛ موٹا؛ تھکّے سے مشابہ؛ جما ہوا ؛ تھپڑا ؛ تھپڑ؛ چکتا ؛ پُھٹکل ۔

cloth, n. کوئی بھی مشینی یا ہاتھ سے بُنا ہوا اونی ، بالوں کا ، سوتی ، کتانی یا پٹ سن کا کپڑا ؛ میز کا کپڑا یا میز پوش ؛ کشمیرا؛ تھان پارچہ ؛ بستر ؛ شال ؛ پشمینہ ؛ چادر ؛ دستر خوان ؛ نمدا ؛ جاجم ؛ فرش ؛ گردنی ؛ پٹو ؛ پٹّی ؛ اُونی کپڑا ۔ (جہاز رانی) بادبان بنانے یا بادبان کو مضبوط کرنے کا کپڑا ۔

the cloth, n. پادری؛ اہلِ خرقہ؛ پیشہ ورانہ لباس ، خصوصاً پادری کا؛ خرقہ پوش ۔

clothe, v.t. سِلے ہوئے کپڑوں سے جسم کو ڈھانپنا ؛ لباس پہنانا ؛ کپڑے ، جامہ یا پوشاک پیش کرنا یا مُہیّا کرنا ۔ (مجازاً) چھپانا یا ڈھانپنا جیسے کپڑوں سے ؛ چوغہ یا لبادہ پہنانا ؛ کپڑے یا پوشاک پہنانا ؛ کپڑے اُڑھانا ؛ کپڑے دینا ؛ کپڑے کا خرچ دینا ؛ کپڑے سے خبر گیری کرنا ؛ روٹی کپڑا دینا ؛ تن پیٹ کی خبر لینا ؛ پرورش کرنا ؛ پوشاک کا انتظام کرنا ؛ اُڑھانا ؛ ڈھکنا۔

clothes, n., سِلے ہوئے کپڑے جو انسان پہنتے ہیں ؛ لباس؛ پیرہن ؛ پوشاک ؛ بستر کی چادر یا پلنگ پوش؛ بستر پر بچھانے کے کپڑے جیسے دری ، کھیس یا چادر وغیرہ ۔

clotheshorse, n. کپڑوں کی گھوڑی: کپڑے ٹانگنے کا چوکھٹا؛ جدید ترین لباس اور کپڑوں یا فیشن سے بہت زیادہ دلچسپی رکھنے والا شخص؛ فیشن ماڈل ۔

clothesline, n. الگنی : سوت یا پلاسٹک کی رسی یا تار کی الگنی

جس پر کپڑے سکھانے کے لیے لٹکا دیے جاتے ہیں ؛ تار ؛ لان ۔

clothespin, n. کمانی دار شکنجہ یا لکڑی / پلاسٹک کا قینچی دار ٹُکڑا جس سے اٹکا کر کپڑوں کو الگنی پر خشک ہونے کے لیے ٹانگ دیا جاتا ہے ؛ چٹکنی ؛ چٹخنی ؛ چُونڈی ؛ چٹکی ۔

clothes tree, n. پلھینڈا/ کھونٹی دار ستون جس پر کپڑے ٹانگے جاتے ہیں ۔

clothier, n. نُور باف ؛ جولاہا یا کپڑے/کپڑوں کا خُوردہ فروش ؛ بزاز ؛ درزی ؛ جامہ فروش ؛ کپڑے والا ؛ پارچہ فروش ۔

clothing, n. پہننے کے کپڑے یا پوشاکیں ، مجموعی طور پر ؛ لباس ؛ پوشاک ؛ پیرہن ؛ بستر ؛ پارچے ؛ پارچۂ پوشیدنی ؛ ملبوس ۔

cloture, closure, n. (پارلیمانی قاعدہ) بحث کا اختتام عموماً بذریعہ ووٹ ؛ بندش ؛ خاتمہ ؛ ختم بحث ؛ پابندی ؛ انسداد ؛ اجرا ؛ روک ؛ قید ؛ احاطہ ۔

cloud, n. بادل ؛ بدلی ؛ گھٹا ؛ ابر ؛ سحاب ؛ پانی کے قطروں یا برف کے ذرّوں کا دکھائی دینے والا ہوا میں معلّق مجموعہ جو زمین کی سطح سے کافی اوپر ہوتا ہے ؛ اسی طرح کی کوئی اور چیز جیسے دُھواں یا اُڑتا ہوا گردوغبار ؛ کسی صاف و شفاف چیز کا دھندلا حصّہ ؛ کوئی غیر واضح ٹُکڑا (داغ یا دھبہ) جو رنگ میں باقی سطح سے مختلف ہو ؛ بھیڑ یا ہجوم ؛ کوئی بھی چیز جو دھندلا دے ، اندھیرا کر دے یا خطرے کا باعث بنے ، جیسے اُداسی یا تکلیف سے ؛ غبار ؛ گھٹا گھومٹ ؛ گھن ؛ میگھ ؛ دھندلاہٹ ؛ ابہام ؛ فکر ؛ غم ؛ رنج ؛ تکلیف ؛ پریشانی کی گھٹا ؛ عارضی اور موہوم شے ؛ گرد یا دھوئیں وغیرہ کا بادل ؛ دُھندلا پن ؛ گدلا پن ؛ پرندوں ، کیڑوں ، سواروں ، تیروں کے دل بادل ؛ ہلکا اُونی گلوبند ۔

cloud, v.t. بادل یا بادلوں کی طرح پھیلنا یا سایہ فگن ہونا ؛ سایہ ڈالنا ؛ دھندلانا یا تاریک کرنا ؛ غیر واضح یا مبہم کرنا ؛ اداس کرنا ؛ شک یا بدنامی کے بادل تلے لے آنا ؛ دوسرے رنگوں کے داغ دھبوں سے رنگ برنگا یا بوقلموں بنانا ؛ دھندلانا یا اندھیرا کرنا ؛ دھندلانا ؛ چھپا لینا ؛ دھندلا کرنا ۔ (فعلِ لازم) مطلع ابر آلود ہونا یا انسان کا اداس ہونا ؛ ابر آلود ہو جانا ؛ چہرے سے تکلیف ، درد یا پریشانی کا ظاہر ہونا/اظہار ہونا ؛ دھندلا ہونا ؛ چھپ جانا ؛ بوقلمون ہونا ؛ ملُول ہونا ؛ مکدّر ہونا ؛ افسُردہ ہونا ؛ محزون ہونا ؛ ابر چھانا ؛ بادل آنا ؛ تاریک ہونا ؛ گونا گوں ہونا ؛ کسی علّت میں ماخوذ ہونا ؛ گھٹا آنا ؛ بادل گھرنا ۔

cloudberry, baked-apple berry, n. ایک پہاڑی جھاڑی ؛ درخت نما عوسج (Rubus chamaemorus) کا نارنجی زرد پھل جسے کھایا جاتا ہے ، شمالی کُرّہ کی چھوٹی رس بھری ؛ اس کی جھاڑی ۔

cloudburst, n. موسلا دھار بارش ؛ اچانک اور زبردست بارش ؛ بادل پھٹ برسات ؛ ابر اور مینھ کا طُوفان ۔

cloud chamber, wilson cloud chamber, fog chamber, n. کُہر ، دھند ، ضباب خانہ ؛ ولسن بادل خانہ ؛ بادل خانہ ؛ ابر خانہ ۔ (طبیعیات) آلہ یا مشین جس سے برق توانا ذرّوں کے راستے کا مشاہدہ کیا جاتا ہے اور اس کی تصویر لی جاتی ہے ، یہ اس اصول پر مبنی ہے کہ بہت بوجھل بھاپ معمولی ذروں کی بہ نسبت برقی توانا ذروں پر زیادہ تیزی سے پانی کی شکل میں جمتی ہے ۔

cloud cover, cloudage, n. آسمان کی جزوی یا کُلّی ابرآلودگی ۔ (طیرانیات) نظروں سے اوجھل ہونے کے لیے ہوائی جہاز کی بادلوں کے اندر یا بادلوں کے پیچھے پرواز ۔

cloud deck, n. (طیرانیات) بادل کی بالائی سطح ۔

cloudily, adv. اُداسی سے ؛ تکدّر سے ؛ دھندلے پن سے ۔

cloudiness, n. ابر آلودگی ؛ دھندلا پن ؛ تکدُّر ؛ ابر آلودہ ہونے کی حالت ؛ بادلایا / گدلا پن ؛ اندھیرا ۔

cloud seeding, n. صنعت ابرکاری ؛ فضا میں بادل پیدا کرنے کی ترکیب ؛ ہوائی جہاز فضا میں بادل کا پیوند خشک برف یا سلور آیوڈائڈ کے ذروّں کی شکل میں چھوڑتا ہے تا کہ ان پر ہوا میں موجود بھاپ پانی کے قطروں کی شکل میں جم جائے ۔

cloud vertigo, n. (طیرانیات) دوّار سحابی ؛ سحابی دوّار ؛ چکر آنے کی کیفیّت جو کبھی کبھی ہوا بازوں پر بادلوں میں صحیح سمت متعیّن نہ ہو سکنے پر طاری ہو جاتی ہے ۔

cloudy, a. ابر آلود ؛ دھندلا ؛ غبار آلود ؛ بادل کی قسم کا ؛ بادل کا سا یا بادلوں کے متعلّق ؛ ابر آلود (جیسے : cloudy sky) ؛ ناصاف یا غیر شفّاف ؛ بادل جیسے نشانات یا داغ والا ؛ دُھندلا یا غیر واضح ؛ اداسی یا تکلیف سے مکدّر ؛ شکوک یا بدنامی کے بادلوں میں گھرا ہوا (جیسے : cloudy reputation) ؛ افسردہ ؛ ملُول ؛ میلا ؛ ماند ؛ مُبہم ؛ سُست ؛ اداس ؛ سحابی ؛ بادلایا ؛ ابرایا ؛ گھنگھور ۔

clough, n. (برطانوی) گھاٹی ؛ تنگ وادی ؛ نالا یا چھوٹی ندی ؛ کھالا ؛ پہاڑوں میں چشمے کا رستہ ۔

clout, n. (تیراندازی) ہدف کے مرکز پر لگایا ہوا نشان یا اس پر لگنے والا تیر ۔ (بول چال) سخت ضرب ، عموماً مُکے سے لگایا جانے والا گھونسا ۔ (بیس بال) زور دار ماری ہوئی گیند جو دور جا کر گرے ۔ (قدیم) پیوند یا چیتھڑا ؛ پوتڑا ؛ صافی ؛ مکّی ؛ مُکّا ؛ ڈک ؛ گھونسا ؛ چپت ؛ دھپ ؛ طمانچہ ؛ تھگلی ۔

clout, n. (عوامی) ناخوشگوار اثر یا دباؤ جو قرض وصول کرنے کے اختیار ، کسی فرض کی ادائیگی پر مجبور کرنے کی طاقت یا فائدے سے محروم کرنے کی قُوّت پر مبنی ہوتا ہے ۔

clout, v.t. گھونسا ، مُکّا ، چپت ، دھپ یا طمانچہ مارنا ۔ (بول چال) زور سے مارنا خصوصاً ہاتھ سے ؛ چپت لگانا ؛ کیل ٹھونک کر جوڑنا ۔ (قدیم) پیوند لگانا ؛ گھونسا مارنا ؛ چپت رسید کرنا ؛ تھگلی لگانا ؛ گانٹھنا ؛ پارہ دوزی کرنا ؛ مُکّا مارنا ۔

clove, n. لونگ ؛ قرنفل ؛ گرم علاقوں میں پیدا ہونے والے ایک سدا بہار پودے کے پُھول کی خشک کلی ، یہ پودا شجر آس یا ریحان شامی کے خاندان کی جنس قرنفل (Eugenia Aromatica) ، سے تعلّق رکھتا ہے ، اِسے ثابت یا پیس کر بطور تیز اور خوشبودار مسالا استعمال کرتے ہیں ؛ لونگ کا درخت ۔

clove, n. لہسن کی پوتھی یا گٹھی کی کلی یا قاش ؛ جوا ؛ چھوٹی کلی یا قاش جو لہسن کی بڑی پوتھی کے محور سے چپکی ہوتی ہے ۔

clove, n. (برطانوی) اُون اور پنیر تولنے کا ایک باٹ جو عموماً آٹھ پاؤنڈ کا ہوتا ہے ۔

cloven, a. شگافتہ ؛ تقسیم شُدہ ؛ الگ الگ کیا ہُوا ؛ پھاڑا ہُوا ؛ توڑ کر ٹُکڑے کیا ہوا ؛ چِرا ہُوا ؛ پھٹا ہُوا ؛ دو پھانگ ؛ فارق ۔

cloven foot, n. شگافتہ پانی ؛ بھیڑ یا بیل کا پاؤں یا کُھر جو

دو حصّوں میں بٹا ہوا ہوتا ہے ؛ شیطان ؛ بدی ؛ خُبث ؛ ترغیب یا ابلیسی کردار کا نشان ؛ کُھری ؛ شگاف دار سُم ؛ پھٹے کُھر۔

cloven-footed, a. سُم یا کُھر والا ؛ شگافتہ پا ؛ کُھری دار ؛ پھٹا کُھر۔

clove pink, n. گُلِ قرنفلی ؛ سرخ / گلابی لونگ ، جنس دوزہرہ لونگ (Dianthus caryophyllus) سے تعلّق رکھنے والا پودا ، جس کی خوشبو لونگ کی طرح ہوتی ہے ؛ گوشت کے رنگ کا۔

clover, n. تِپتیّا گھاس ؛ سہ شاخہ، پتوں والی پھلی دار بوٹی جس کے چھوٹے گول یا بیضوی پُھول نوکدار ہوتے ہیں، اس کی مختلف قسمیں وسیع پیمانے پر بطور چارا کاشت کی جاتی ہیں ؛ شبدر ؛ نفل؛طرفیل۔

to be in clover, (بول چال) نہایت نشاط آگیں حالات میں ہونا ؛ آرام و آسایش یا فارغ البالی سے زندگی بسر کرنا؛ پانچوں انگلیاں گھی میں ہونا ؛ الّلے تللے کرنا۔

clover leaf, n. ترفیل برگی؛ چہار راہہ : چہار شاخہ برگِ شبدر کے نمونہ پر شاہراہوں کے چوک جو مختلف دُوری سطحوں پر مصروف چوراہوں پر آمدورفت کے ارتکاز یا ہجوم کو کم کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔

clown, n. مسخرہ ؛ بھانڈ ؛ نقّال ؛ مخولیا : سرکس کا جوکر یا ڈرامے میں عجیب وغریب لباس اور ہیئتِ کذائی میں مزاحیہ اداکار ؛ بھونڈا دیہاتی ؛ گنوار ، اُجڈ ؛ بے تمیز ؛ ناشایستہ ؛ غیر مہذّب ؛ ناتراشیدہ ؛ اکھڑ ؛ کم ذات ؛ رذیل ؛ دہقانی ؛ کسان ؛ جاٹ ؛ بدخُلق آدمی ؛ کندۂ نا تراش۔

clown, v.i. مسخرے یا بھانڈ کی طرح مزاحیہ یا بے ڈھنگے طریقے سے کام کرنا۔

clownish, a. مسخروں کا یا ان کے متعلّق ؛ گُستاخ ؛ اکھڑ ؛ اَن گھڑ ؛ بے حاصل ؛ ناآزمودہ ؛ بے تمیز ؛ بدخُلق ؛ بدتمیز ؛ گنوارو ؛ گنوار ؛ اجڈ ؛ اناڑی ؛ ناتراشیدہ ؛ غیر مہذّب۔

clownishly, adv. گنوارپن سے ؛ بدخُلقی سے ؛ بدتمیزی سے ؛ اکھڑ پن سے۔

clownishness, n. بدتہذیبی ؛ مضحکہ خیزی ؛ بدخلقی ؛ بدتمیزی ؛ اکھڑ پن ؛ گنوار پن ؛ ان گھڑپنا ؛ بدسلیقگی۔

cloy, v.t. مُنہ پھیرنا ؛ جی بھر دینا ؛ ناکوں ناک کھلانا ؛ سیر کر دینا ؛ بدہضمی کی حد تک پُرخوری کرانا ؛ اُکتا دینا ؛ سیر کرنا ؛ اگھانا ؛ چھکانا ؛ امٹانا ۔ (فعل لازم) پُرخوری کا باعث ہونا ؛ جی بھرنا ؛ اکتا جانا ؛ سیر ہونا ؛ چھکنا ؛ مُنہ بھرنا۔

cloyingly, adv. سیری سے ؛ پرخوری سے۔

club, n. ڈنڈا ؛ چھڑی ؛ لٹھ ؛ گتکا ؛ گرز ؛ سونٹا ؛ لکڑی کا ڈنڈا جس کا ایک سِرا دوسرے سِرے کی نسبت زیادہ موٹا اور بھاری ہوتا ہے ، یہ بطورِ ہتھیار بھی استعمال ہو سکتا ہے ۔ (گالف) کھیلنے کی چھڑی جس کا ایک سِرا ٹیڑھا اور بھاری ہوتا ہے تاکہ اس سے گیند کو مارا جا سکے ؛ تاش کا پتّا/چڑی کا پتّا/پُھول کا پتّا جس پر سہ شاخہ برگِ شبدر یا لونگ سے مشابہ نقش ہوتا ہے ؛ چڑتین ، چڑیا پُھول ۔ (جمع) وہ کپڑا یا لباس جس پر ایسے نقوش بنے ہوں ؛ ایسے اشخاص کی منتخب تعداد جو کھیل ، ادب ، سائنس یا سیاست کے کسی مشترکہ مقصد کی ترقی و حصول کے لیے آپس میں ملتے رہنے اور مشورہ کرنے کے عادی ہوں ؛ کلب ہاؤس ؛ نائٹ کلب/شب انجمن ؛ ایسے اشخاص کا گروہ جو بعض مشترک مفادات کے لیے کسی منصوبے کے واسطے چندہ دیتے ہوں ، (جیسے : a book club, an investment club)۔

club, v.i. مشترک مقصد کے لیے کلب یا تنظیم برائے اشتراک قائم کرنا ؛ ملنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ مل جانا ؛ متحّد ہونا ؛ متفق ہونا ۔ (together کے ساتھ) آپس میں مل کر کسی مقصد کے لیے رقم یا چندہ جمع کرنا ۔ (فعل متعدی) ڈنڈے سے پیٹنا ؛ ڈنڈے لگانا ؛ ڈنڈے مارنا ؛ بندوق کے کندے سے مارنا ؛ مشترک مقصد یا فنڈ کے لیے چندہ دینا ؛ ملانا ؛ متحدّ کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ چندے سے روپے جمع کرنا ؛ شرکت کرنا ؛ باندھنا ؛ مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ فائدہ پہنچانا ؛ اپنی فوج کو گڈ مڈ کرنا۔

club, a. کلب کے متعلّق ؛ کھانوں کی فہرست میں درج کھانوں کے مختلف مجموعے جو مقررّہ قیمت پر پیش کیے جائیں (جیسے a club luncheon)۔

clubby, a. کلب کی خاصیت رکھنے والا ؛ قریبی تعلق رکھنے والا۔

club car, n. مسافر ریل گاڑی کا ڈبّہ جس میں آرام کرسیاں اور تاش کھیلنے کی میزیں لگی ہوں نیز مشروبات یا کھانے پینے کا انتظام ہو ؛ لاؤنج کار یا ریل گاڑی میں تفریح سے وقت گزاری کا ڈبّہ۔

club chair, n. آرام کُرسی ؛ آرام دہ ، گدّے دار ، بھاری بازو والی اور پیچھے کی طرف سے ذرا نیچی کرسی۔

clubfoot, n. پھرا ہوا پاؤں یا پیر ؛ پیدایشی چھوٹا ٹیڑھا چپٹا پاؤں۔

club footed, a. پاؤں پھرا ؛ چنبرا۔

clubhouse, n. کلب گھر یا کلب کی عمارت جو کلب کے زیراستعمال ہو ؛ کھلاڑیوں کی ٹیم یا جماعت کے لیے وقف علیحدہ کمرہ۔

club sandwich, n. کلب سینڈوچ ؛ سہ پرتی سینڈوچ جس میں عموماً پرندے/مرغی یا جانور کے سفید گوشت کے ساتھ کرم کلّہ ، ٹماٹر اور مسالے بھرتے ہیں۔

club steak, n. چانپ ؛ گوشت کا قتلہ جو پُٹھ سے ملِی ہوئی پسلی کی طرف سے کاٹا جائے۔

clubwoman, n. سبھائی خاتون ؛ کلب کے کاموں ، خصوصاً خیراتی اور معاشرتی کاموں میں سرگرمی سے حصّہ لینے والی عورت۔

cluck, v.t., v.i. کُٹکٹانا ؛ کڑکڑانا ؛ کڑک مرغی کی طرح آوازیں نکالنا ؛ مرغی کی آواز سے ملتی جلتی آوازیں نکالنا ؛ کُٹ کُٹ کرنا ؛ کُڑ کُڑ کرنا ؛ کُڑ کُڑ کرکے بُلانا۔

cluck, n. مرغی کی آواز ؛ کٹ کٹ یا کڑ کڑ کی آواز ۔ (عوامی) بیوقوف شخص۔

clue, clew, n. تاگے کا گولا ؛ اطلاع جو کسی مسئلہ کے حل ، جرم کی تفتیش یا راز کے انکشاف میں مدد گار ہو یا کسی پیچیدہ طریقِ کار پر چلنے میں رہنمائی کر سکے ؛ کھوج ؛ پتا ؛ نشان ؛ اشارہ ؛ اتا پتا ؛ سراغ ؛ سلسلۂ خیالات ؛ قصے کا سلسلہ۔

clumber, clumber spaniel, n. کلمبر ؛ اسپینیل کُتّے کی ایک

قسم جس کے پاؤں چھوٹے جسم لمبا اور بھاری ہوتا ہے ، کھوئی ہوئی چیزیں تلاش کرنے کی صلاحیّت کے باعث قابلِ قدر ہے ـ

clump, n. کُنج ؛ جُھنڈ ؛ بے ہیئت انبار ؛ تودہ ؛ ڈُنبل ؛ درختوں یا جھاڑیوں کا جُھنڈ ؛ بھدّا اور بھاری شور ؛ بے ڈھنگی اور سُست چال ـ (جرثومیات و مناعیات) ذرّوں کی مجتمع تعداد ، مثلاً سرخ خون کے خلیے یا جراثیم جو مل کر چسپیدہ ہوگئے ہوں ـ

clumpy, a. جُھنڈدار ؛ شوریدہ ؛ بے ڈھنگا ـ

clump, v.t. جھنڈ میں جمع ہونا یا جھنڈ بنانا ؛ انبار یا ڈھیر بنانا ؛ جمع ہونا ـ (جرثومیات و مناعیّات) چسپیدگی کے طریقے سے تودہ یا ڈھیر کی شکل میں جمع ہونا ـ گنوارپن سے چلانا ؛ بے ڈھنگے پن سے چلانا ؛ گنجان درخت لگانا ؛ ڈھیر لگانا ؛ انبار لگانا ؛ جوتے میں دوہرا تلا لگانا ـ (فعل لازم) بھدّے پن سے چلنا ـ (جرثومیات و مناعیّات) تودہ بننا ـ

clumsy, a. بھدّا ؛ بے ڈھنگا ؛ اَن گھڑ ؛ بھونڈا ؛ بے ڈول ؛ ہنر یا سلیقے کے بغیر ؛ بدترکیب ؛ بے ڈھنگے پن سے کیا ہوا (کام) یا بے ڈھنگے پن سے کہی گئی (بات) ؛ بے تُکا ؛ پھوہڑ ؛ پھوہڑ پن سے کیا ہوا ؛ بدوضع ؛ ناتراشیدہ ؛ کُڈھب ؛ بے سلیقہ ـ

clumsily, adv. بے ڈھنگے پن سے ؛ پھوہڑ پنے سے ؛ بدتر کیبی سے ؛ بے سلیقگی سے ؛ اناڑی پن سے ؛ اَن گھڑپنے سے ؛ بُری طرح سے ؛ بے تکے پن سے ؛ بھونڈے پن سے ـ

clumsiness, n. بے ڈھنگا پن ؛ پھوہڑ پنا ؛ اناڑی پن ؛ اناڑی پنا ؛ اَن گھڑ پنا ؛ بداسلوبی ؛ بے سلیقگی ؛ بدوضعی ؛ ناتراشیدگی ـ

Clunylace, n. کلونی جھالر ؛ پرانے زمانے میں ایک قسم کا فیتہ یا جھالر جس کی چوخانے دار جالی کی بُنَت پر کشیدہ کاری کے نمونے ہوتے تھے ؛ فرانسیسی فیتہ جو اکثر بھاری لِنِن کے تاگے سے بنایا جاتا ہے ـ

clupeid, n. کلوپی (Clupeidae) قسم کی کوئی بھی مچھلی ، اِس خاندان میں خصوصاً سمندری مچھلیاں جن میں ہیرنگ ، شاڈ ، سارڈین اور مینہاڈین شامل ہیں ـ (صفت) کلوپی مچھلیوں کے متعلّق یا ان سے تعلّق رکھنے والی ـ

clupeoid, a. ہیرنگ مچھلی کی طرح ؛ ہیرنگ کے خاندان سے ـ (اِسم) کلوپی مچھلی ـ

cluster, n. خوشہ ؛ گُچھا ؛ جُھنڈ ؛ جھرمٹ ؛ جُھومر ؛ جُھمکا ؛ عقد ؛ غول ؛ پرا ؛ کسی چیز کی اکٹھی تعداد ، مثلاً قدرتی طور پر ایک ساتھ اُگے ہوئے پھل ؛ گُچّھا یا خوشہ ؛ افراد کی تعداد جو ایک جماعت کی شکل میں اکٹھی یا جمع ہوئی ہو ؛ اجتماع ؛ گروہ ؛ اکٹھ ؛ ہجوم ؛ مجمع ؛ ٹڈّی دِل ؛ جم غفیر ـ (عسکری) اعزازی جس کے ساتھ اعزاز کا مظہر فیتہ لگا ہوا ہو ، جیسے فیتے پر برگِ شاہ بلوط کا نشان ہو ؛ عنقود ؛ گُپھا ـ (صوتیات) یکے بعد دیگرے دو یا زیادہ واقع ہونے والے حروفِ صحیح جو بیک وقت بولے جائیں ـ

cluster, v.i. گُچھوں یا جھنڈ میں اُگنا یا جمع کیا جانا ؛ گُچّھا یا خوشہ ہونا ؛ جُھنڈ ہونا ؛ اکٹھا ہونا ؛ جمع ہونا ـ (فعل متعدّی) جھنڈ یا گروہ میں جمع کرنا ؛ گُچھّے یا گُچھّوں میں پیدا کرنا ؛ گُچّھا یا خوشہ بنانا ؛ اکٹھا کرنا ؛ مجتمع کرنا ؛ جُھنڈ بنانا ؛ گُچھا بنانا ـ

clustered, a. (فنِ تعمیر) خوشہ دار ؛ کئی بَلّیوں کے متعلّق جو مرکزی ستون کے چاروں طرف لگائی گئی ہوں ، (جیسے clustered column) .

clutch, v.t. پکڑنا ؛ گرفت میں لینا ؛ ہاتھ میں مضبوطی سے پکڑنا ؛ مُٹھی میں لینا ؛ ہتھیانا ؛ قبضے میں لانا ؛ کلچ دبانا ـ (فعل لازم) موقع کی تلاش میں ہونا ؛ کسی کے پنجوں میں پھنسنا ؛ کلچ دبنا ـ

clutch, n. کَلَچ ؛ انگلیوں کی پکڑ یا گرفت ؛ پنجہ ، چنگل یا گرفت میں لینے والا ہاتھ ؛ چُنگل ؛ گرفت ؛ گیرندہ ؛ مُوٹھ ؛ قبضہ ؛ دستہ ؛ مضبوط پکڑ ؛ پنجۂ ستم ؛ شکنجہ ـ (عموماً جمع کے صیغہ میں) ظالمانہ طاقت یا اختیار کا اظہار ، (جیسے fall into his clutches) ؛ پکڑنے اور گرفت میں رکھنے کی ترکیب یا آلہ ـ (مشین) ایک ترکیب یا آلہ جس سے سریوں کو ایک دوسرے سے یا پہیّوں سے مِلایا جاتا ہے تاکہ حسبِ خواہش اُنہیں الگ کیا جا سکے ؛ وہ بیرم/لیور یا کنٹرول جو اِس آلہ کو چلاتا ہے ـ (عوامی) نازک یا فیصلہ کن صورتِ حال ؛ ایمر جنسی یا ہنگامی حالت ـ (کھیل) کھیل کے دوران نازک لمحہ (جیسے بیس بال میں He was a good hitter in a clutch)ـ (صفت) دستے بغیر بٹوے/پرس کے متعلّق جو اِتنا چھوٹا ہو کہ بہ آسانی ہاتھ میں آ سکے ـ

clutch, n. انڈے جو ایک ہی جھول میں دیے جائیں اور ایک ہی وقت میں ان سے بچّے نکلیں ؛ مرغی کے بچوں کا جھول یا جُھنڈ ؛ جھول ؛ انڈوں کی جھول ـ

clutter, n. گڈ مڈ شور ؛ ہجوم کا شور ؛ بوکھلاہٹ ؛ پریشانی؛انتشار ؛ افراتفری ؛ بے ترتیبی ؛ پریشانی حرکات یا شَورُوغُل ؛ گھبراہٹ ـ

clutter, v.t. افراتفری یا پریشانی میں ڈالنا ؛ بوکھلاہٹ میں بے ترتیبی کے ساتھ اکٹھا کرنا ـ (فعل لازم) انتشار و افراتفری پیدا ہونا ؛ بوکھلا جانا ؛ گھبرا جانا ؛ سراسیمہ ہونا ؛ طوطے اڑ جانا ـ

clutter, grass, snow, interference, n. (برقیات) فضائی شور ؛ را ڈار کے پردے پر یا ریڈیو میں غیر متعلّق اشارے/عکس یا اصواتِ بازگشت جو مطلوبہ اِشارے کے حصول میں خلل انداز ہوں ـ

Clydesdale, n. خاص گھوڑوں کی ایک نسل جن میں تیزی ، طاقت اور برداشت کی صفات مجتمع ہوتی ہیں ، یہ نسل اصلاً لانارکشائر اسکاٹ لینڈ کے بالائی کلائڈ (کلائڈس ڈیل) علاقہ میں پیدا کی گئی تھی ـ

clypeate, clypeiform, a. (نباتیات) سِپر دار ؛ سِپر شکل ؛ چھوٹی ڈھال کی طرح گول شکل کا ؛ ڈھال کی صورت ؛ بیضوی شکل کا ؛ سِپر نُما ـ

clyster, n. (طب) صفائی کرنے اور قبض سے نجات دلانے کے لیے ایک رقیق مادّہ جس کا انجکشن زیریں آنتوں میں لگایا جاتا ہے ؛ حقنہ یا انیما ؛ حقن ؛ پچکاری ـ

cnemis, n. (تشریح الاعضا) قَصَب ؛ قَصَبہ ؛ ٹانگ ؛ گھٹنے سے ٹخنے تک کا حصّہ ؛ پنڈلی کا اگلا حصّہ یا مقدمُ السّاق ؛

پنڈلی ـ

cnemial, a. قصبی ، قَصَباتی ، قدمُ السّاقی ـ

C-note, n. (عوامی) ایک سو ڈالر کا بِل ـ

coacervate, n. (کیمیا) تجمیع ؛ ایک لعاب دار معلّق رقیق مادّہ جو چھوٹے قطروں کی شکل میں نیم بستہ یا نیم منجمد ہے اور اپنی اصل حالت پر لوٹ سکتا ہے لیکن تعلیق کے انجماد میں درمیانی اسٹیج پر ہو سکتا ہے ؛ جمع ؛ انبار ـ

coacervation, n. (کیمیا) اجتماع قطرات ؛ نیم منجمد معلّق رقیق بنانے کا عمل ؛ ڈھیر ؛ انبار ؛ تودہ ـ

coach, n. کوچ ؛ بڑی اور بند چار پہیّوں کی عموماً مسافر گاڑی یا بگھی ؛ ہوائی جہاز میں سفری درجہ جو اوّل درجہ کی نسبت کم آسایش والا اور کم کرایہ کا ہوتا ہے ، ریل گاڑی کا مسافر ڈبا ، خصوصاً وہ جو آرام دہ یا سونے کے ڈبّے کے مقابلہ میں معمولی قسم کا ہو ؛ عام مسافر بس ؛ نجی طور پر پرائیویٹ ٹیوٹر جو طالبِ علم کو امتحان کی تیّاری کرائے ؛ کھیلوں کے مقابلوں کی تیّاری کرانے والا استاد ؛ بیس بال کلب کا وہ رکن جو پہلے یا تیسرے اڈے کے پاس کھڑا ہو کر اپنی ٹیم کے کھلاڑیوں کو اس وقت ہدایات دیتا ہے جبکہ وہ اڈوں کے درمیان دوڑ رہے ہوتے ہیں ؛ اداکار کو ہدایت دینے والا (جیسے : drama coach or voice coach) ؛ خانگی معلّم ؛ کشتی رانی کا استاد ؛ شاہی گاڑی ؛ سواری گاڑی ؛ ریل کا ڈبّا ؛ بحری جنگی جہاز کا پچھلا کمرہ ؛ گھونگا ؛ سنکھ ؛ سواری کی گاڑی ؛ کرایہ کی گاڑی ؛ ٹھیکہ گاڑی ـ

coach, v.t. اتالیق کی حیثیت سے ہدایت یا مشورہ دینا ؛ امتحان کے واسطے خانگی طور سے تعلیم دینا ؛ امتحان کے لیے تیّار کرنا ؛ کشتی کھینا سِکھانا ؛ ہدایتیں دینا ؛ سِکھانا ؛ پڑھانا ـ (فعل لازم) استاد کی حیثیت سے کام کرنا ؛ استاد کے ساتھ مطالعہ کرنا یا استاد سے ہدایت لینا ؛ سواری گاڑی میں سفر کرنا ؛ خانگی معلّم سے تعلیم پانا ؛ کشتی کھینا سیکھنا ـ

coach dog, Dalmatian, n. گلدار کُتّا ؛ چتّی دار ڈلمیشین کُتّا : جو وضع قطع اور جسامت میں شکاری کُتّے سے ملتا جلتا ہے ، شکار کی نشاندہی کرنے کے لیے اسے شکاری گاڑی کے ساتھ ساتھ چلنے کی تربیّت دی جاتی ہے ، اس کی سفید کھال پر بہت سے چھوٹے چھوٹے کالے یا کتھئی رنگ کے چتے یا گُل ہوتے ہیں ـ

coachman, n. کوچبان ؛ گاڑی بان ؛ کوچوان ؛ بگھّی یا گاڑی چلانے والا مُلازم ؛ ایک قسم کی مصنوعی مکھّی جو مچھلی کے شکار میں بطور چارا استعمال کی جاتی ہے ـ

coachmanship, n. کوچبانی ؛ کوچوانی ؛ کوچوان یا بگھّی چلانے والے کا کام ؛ بگھّی چلانے کے کام کی مہارت ؛ گاڑی بانی ـ

coaction, n. متحدہ عمل ـ (ماحولیات) اشجار و حیوانات کے درمیان باہمی تعامل یا تفاعل ؛ اجبار ؛ اضطرار ؛ ہم عملی ـ

coact, v.i. باہمی یا متحدّہ عمل کرنا ـ

coactive, a. متحدہ یا باہمی طور پر سرگرمِ عمل ـ

coactive, a. جبری یا ناگزیر ؛ لازمی ـ

coadjutor, n. مددگار ؛ مُعاون ؛ معین ؛ حامی ؛ ممدّ ؛ یاور ؛ شریک ؛ مدد کرنے والا ؛ نائب ؛ معاون،ساتھی ؛ شریک کار ؛ ساتھی اہل کار یا مزدور ؛ ساتھی ہم پیشہ ـ (الٰہیات) وہ اُسقف یا بشپ جسے حلقہ کے بشپ کی معاونت کے لیے مقرر کیا جاتا ہے اور جو عموماً اس کا جانشین ہوتا ہے ـ

bishop coadjutor, n. معاون بشپ ـ

coadjutress, coadjutrix, n. خاتون مدد گار ؛ معاون یا شریکِ کار خاتون ـ

coadunate, a. (حیاتیات) پیوستہ ؛ جُڑے ہوئے ؛ توام ؛ جُڑواں ؛ ایک دوسرے سے جُڑے ہوئے خصوصاً عملِ نمو میں جبکہ پتّے جُڑواں یا بُنیاد سے ہی جڑے ہوئے اُگتے ہیں ـ

coadunation, n. جُڑائی ؛ پیوستگی ؛ توامیّت ـ

coagulability, n. انجماد پذیری ؛ جمنے یا گاڑھا ہونے کی خاصیت ـ

coagulable, a. انجماد پذیر ؛ انجماد کے قابل ؛ ترویب پذیر ـ

coagulant, coagulator, n. مروّب ؛ بستکار ؛ جماون ؛ منجمد کرنے والا ؛ انجماد کار ؛ منجمد کرنے والی شے ـ

coagulase, n. بست خامرہ ؛ مروّب خامرہ ؛ مختلف اقسام کے ضدِ جسمیہ کیمیاوی خمیروں میں سے کوئی ایک ، جن سے خون گاڑھا یا منجمد ہوتا ہے ـ

coagulate, v.t., v.i. رقیق سے گاڑھے لیس دار مادّے میں تبدیل ہونا ؛ جمانا ؛ جمنا یا تھکّا بننا ؛ چکا ہونا ؛ بندھنا ؛ بستہ ہونا ؛ منجمد ہونا ؛ انجماد پر آنا ؛ چکتّا بندھنا ؛ سخت ہونا ـ

coagulation, n. انجماد ؛ جماؤ ؛ بستگی ؛ جماوٹ ؛ ترویب ؛ جماد ـ

coagulum, n. منجمد یا گاڑھا مادّہ ، جیسے دہی ـ (طب) خون کا تھکّا ؛ دلمہ ؛ تکّہ ؛ لوتھڑا ؛ بستہ ؛ چکتا ؛ خون بستہ ؛ چکّا ؛ گانٹھ ـ

coak, n. (نجّاری) لکڑی کے ٹکڑے کے سرے سے آگے کو نکلا ہوا حصّہ یا کھونٹی جسے دوسرے ٹُکڑے کے سوراخ میں جوڑنے کے لیے فِٹ کیا جائے یا سخت لکڑی کا بیلن یا بَلّی جسے دو لکڑیوں کے سُوراخوں میں لگا کر اُنھیں جوڑا جائے ؛ لوہے یا لکڑی کی بے نوک کھونٹی یا کیل ـ (فعل متعدّی) کھونٹیوں یا بَلّیوں سے لکڑی کے دو ٹُکڑوں کو جوڑنا ـ

coal, n. کوئلہ ؛ پتّھر کا کوئلہ ؛ معدنی کوئلہ ؛ لکڑی کا کوئلہ ؛ سیاہ یا سیاہی مائل خاکی رنگ کا آتش گیر مادّہ جو دراصل کاربن میں تبدیل شدہ نباتاتی مادّہ ہوتا ہے جو زمین کی پرتوں میں پایا جاتا ہے اور بطورِ ایندھن استعمال کرنے کے لیے کانوں سے کھود کر نکالا جاتا ہے ، اِس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں (جیسے : hard coal یا نرم اور رال دار (جیسے : bituminous coal اور brown coal) ؛ خاکی یا لکڑی کی ساخت کا کوئلہ ؛ لگنائٹ ؛ اس مادّے یعنی کوئلے کا ایک ٹُکڑا ؛ جلتا ہُوا یا شُعلے دیتا ہوا ٹُکڑا (جیسے : ember یا live coal) ؛ زغال ؛ کانی کوئلہ ؛ سلگتا کوئلہ ؛ دہکتا کوئلہ ؛ انگارا ؛ پتنگا ـ

to haul or rake over the coal, (بول چال) سخت نکتہ چینی کرنا ؛ انگاروں پر لوٹنا ـ

coal, v.t. جلا کر کوئلہ یا چارکول میں بدلنا ؛ کوئلہ مہیا کرنا ؛ آڑے ہاتھ لینا ؛ لتاڑنا ؛ کباب کرنا ؛ کوئلہ کرنا ؛ کوئلہ بنانا ؛ بُھوننا ؛ کوئلہ دینا ؛ جھونکنا یا ڈالنا ؛ اگن بوٹ میں کوئلہ ڈالنا ؛

کوئلہ بار کرنا ـ (فعل لازم) ایندھن کے طور پر کوئلہ ڈالنا ، جیسے بحری جہاز میں ـ

coaler, n. کوئلہ بردار ؛ کوئلہ مہیّا کرنے والا ؛ کوئلہ اٹھانے یا ترسیل کا ذریعہ ، جیسے ریل گاڑی یا جہاز ـ

coalesce, v.i. متّحد ہونا ؛ جُڑنا ؛ مِلنا ؛ اِکٹھا ہونا ؛ یکجا ہونا ؛ متفق ہونا ؛ مِل جانا ؛ متصل ہونا ؛ یکجان ہونا ؛ مدغم ہونا ؛ بہم آمیختہ ہونا : جسمانی طور پر ایک ساتھ نمو پانا ؛ ملنا ؛ ایک دوسرے میں ضم ہونا ؛ ایک ہی جماعت ، پارٹی ، سماج ، انجمن وغیرہ میں شامل ہونا ؛ ایتلاف ہونا ـ (فعل متعدّی) جوڑ کر یا متحد کرکے ایک بنانے کا باعث ہونا ـ

coalescence, n. اتصال ؛ متحد کرنے یا جوڑنے کا عمل ؛ امتـزاج ؛ متحـد ہونے یا جڑے رہنے کی حالت ؛ ارتبـاط ؛ ایتـلاف ؛ پیوستگی ؛ وصل ؛ ملاپ ؛ جوڑ ؛ اختلاط ـ

coalescent, a. متحد ؛ آمیختہ ؛ بہم نمو یافتہ ؛ پیوستہ ؛ جڑا ہُوا ؛ بہم ؛ مربوط ؛ یکجا ؛ مرتبط ؛ متفق ؛ مِلا ہُوا ـ

coal field, n. کوئلے کے ذخیرے کا علاقہ ؛ کوئلے کی کان ؛ میدان زغال ؛ معدن زغال ؛ کوئلے کا میدان ؛ وہ علاقہ جہاں کوئلے کی کانیں ہوں ؛ کوئلے کا علاقہ ـ

coal fish, n. کالی مچھلی ؛ ماہیٔ اسود : کاڈ مچھلی کی ایک قسم جو دو فٹ یا اس سے زیادہ لمبی ہوتی ہے ، یورپ کے شمالی سمندر میں پائی جاتی ہے ، کالی جلد کی وجہ سے کوئلہ مچھلی نام دیا گیا ہے ؛ مُشکی مچھلی : سیاہ رنگ کی کاڈ مچھلی ـ

coal gas, n. کوئلہ گیس ؛ کوئلہ جلنے سے بننے والی گیس ؛ روشنی اور گرمی کے لیے استعمال ہونے والی گیس جو رالدار کوئلہ کشید کرنے سے حاصل ہوتی ہے ؛ کوئلے کی گیس ـ

coalition, n. اتفّاق ؛ اتّحاد ؛ میل ؛ امتزاج ؛ ایک جسم یا تودہ پر منتج ایتلاف ؛ افراد ، جماعتوں یا ریاستوں کا کسی مشترک مقصد یا غرض کے لیے رضاکارانہ باہمی اتحاد ـ (سیاسیات) مختلف سیاسی پارٹیوں کا کسی مُشترک مقصد کے لیے یا حکومت بنانے کی غرض سے مُقنّنہ میں اکثریّت حاصل کرنے کے لیے باہمی اشتراک و اتحاد ؛ دوستانہ اتفاق ؛ لیگ ـ

coalitionist, n. اتحاد کا حامی یا اتحاد میں شامل ہونے والا ؛ ایتلافی ؛ اتحاد پسند ـ

coal measures, n. (جمع) (ارضیات) زمین میں کوئلے کی پرتیں ؛ خصوصاً کاربونی فیرس نظام کا حصہ جس میں کوئلے کے ذخیرے ہوتے ہیں ؛ وہ چٹان جو کوئلے کے پرتوں سے بنی ہو ؛ زغالی چٹان ـ

coal mine, n. معدنِ کوئلہ ؛ کان یا گڑھا جس میں سے کوئلہ نکالا جاتا ہے ؛ کانِ کوئلہ ؛ معدنِ زغال ؛ کوئلے کی کان ـ

coal miner, n. کان کَن : کوئلے کی کان میں کام کرنے والا ؛ کوئلہ نکالنے والا ؛ کوئلہ کن ـ

coal mining, n. کان کَنی ؛ کان سے کوئلہ نکالنے کا عمل یا پیشہ ؛ کوئلہ کنی ـ

coal oil, n. (بولی) روغنِ زغال ؛ رالدار کوئلے کو کشید کرکے حاصل کیا ہوا تیل جو پہلے زمانے میں روشنی کرنے کے کام آتا تھا ؛ کیروسین ؛ مٹی کا تیل ؛ گھاس لیٹ ـ

Coalsack, n. (فلکیات) کہکشاں کے کئی تاریک گوشوں میں سے ایک ، خصوصاً وہ تاریک حصّہ جو مجمع الکواکب دُجاجہ میں شمالی صلیب کے قریب ہے اور دوسرا وہ تاریک حصّہ جو جنوبی صلیب اور مجمع الکواکب عقدہ کے قریب واقع ہے ـ

coaltar, n. کولتار ؛ تارکول ؛ کالا ، گاڑھا اور چپچپا رقیق جو روشنی دینے والی گیس کی طرح رالدار کوئلے کو اُونچے درجۂ حرارت پر کشید کرنے سے بنتا ہے ، اسے مزید کشید کرنے سے مختلف اہم چیزیں مثلاً بینزین ، این تھراسین اور فینال (کاربالک ایسڈ) حاصل ہوتے ہیں جن سے کئی قسم کے رنگ اور ترکیبی مرکبّات و مصنوعات حاصل کی جاتی ہیں اور تلچھٹ کے طور پر تارکول باقی رہ جاتا ہے ـ

coaming, n. (جہاز رانی) جہاز کا کٹھرا ؛ جہاز کے عرشہ پر تہ خانے میں کھلنے والے دروازے ، کھڑکی یا روزن کے گرد مینڈ تاکہ پانی نیچے نہ جا سکے ؛ ایسی مینڈ کا ٹکڑا ، خصوصاً سامنے اور پیچھے کے حصّے ؛ عمارت کی چھت پر اسی قسم کا مینڈھ ـ

coapt, v.t. جوڑنا جیسے ٹوٹی ہڈیوں کو جوڑا جاتا ہے ؛ چپکانا؛ پیوستہ کرنا ـ

coaptation, n. جُڑائی؛ بہم پیوستگی ؛ چپک ـ

coarctate, a. ملا کر دبایا ہوا ؛ بھینچا ہوا ؛ سُکڑا ہوا ـ (حشریات) پیوپا (منجھروپ) کا یا اس کے متعلّق ، حشرہ یا لاروا سے آگے بڑھ کر کیڑے کی نمو پیوپا کی شکل میں ہوتی ہے ، پیوپا ایک بیضوی چھلکے میں بند ہوتا ہے اور باہر سے اس کے کسی عضو کی نشان دہی نہیں ہوتی؛ فشردہ؛ ضیق؛ ہم فشاری؛ ہم بستہ ـ

coarctation, n. دباؤ؛ بھینچ؛ سکڑاؤ ، فشردگی ؛ ہم فشاری؛ ہم بستگی ؛ تنگی ؛ تنگ فشاری ـ

coarse, a. معمولی یا گھٹیا قسم کا ؛ عام ؛ ادنیٰ ؛ نیچ ؛ کُھردرا ؛ بافت یا ساخت کی نفاست یا ہیئت کی شوکت سے محروم ؛ اکھڑ ؛ اَن گھڑ ؛ اجڈ ؛ گُستاخ ؛ پھکڑ ؛ گندہ دہن ؛ فُحش ؛ بے ادب ؛ بد مذاق ؛ بدزبان ؛ غیر شایستہ ؛ ناصاف جیسے کہ دھات ؛ کرخت ، جیسے کرخت آواز یا خراب رنگ ؛ موٹا ؛ دبیز ؛ کڑا ؛ کچّا ؛ خام ؛ اناڑی ؛ بھدّا ؛ گندی ؛ بکنی ؛ کج خُلق ؛ کج اخلاق ؛ ناتراشیدہ ؛ معمولی ؛ کم حیثیّت ؛ معمولی درجے کا ؛ بھونڈے مذاق کا ؛ عامیانہ ؛ بھوہڑ ؛ گندا ـ

coarsen, v.t. گھٹیا ، خراب ، فُحش یا گندہ بنانا ؛ کُھردرا کرنا ؛ کھردرا بنانا ـ (فعل لازم) گھٹیا ، خراب ، فُحش یا کُھردرا ہونا؛ بھدّا ہونا ـ

coarsely, adv. گھٹیا پن سے ؛ بے تمیزی سے ؛ اکھڑ پن سے ؛ بھونڈے پن سے ؛ بدتمیزی سے ـ

coast, n. ساحل ؛ کنارا ؛ ساحلِ بحر ؛ سمندر کا کنارا ؛ سمندر سے ملی ہوئی زمین کا پانی کو چھوتا ہوا سِرا ؛ ساحل سمندر سے ملا ہوا علاقہ ؛ دریا کا کنارا ؛ چھور ؛ میدان ؛ پھسلنی گاڑی ـ

The Coast, n. امریکا میں بحرُالکاہل کے ساحل سے ملا ہوا علاقہ ـ (چھوٹے c سے) سمندر کے کنارے واقع ملک کی سرحد؛ پہاڑ کا برف سے ڈھکا ہوا حصّہ یا ڈھلان جس پر سلیڈ (برفانی گاڑی) میں سوار ہو کر پھسلا جا سکے ـ

coast, v.i. سلیڈ پر بیٹھ کر پہاڑ کی برف سے ڈھکی ڈھلان پر پھسلنا ؛ سائیکل پر پہاڑی ڈھلان سے پیڈل/انجن چلائے بغیر اُترنا ؛ اضافی کوشش یا طاقت کے بغیر حرکت کرنا یا آگے بڑھنا ؛ کشتی

کا کنارے کنارے چلنا یا سفر کرنا ؛ کنارے کنارے جانا ؛ بہاڑی سے ریٹنا ۔ (فعل متعدی) ساحل ساحل کشتی یا جہاز میں چلنا ؛ طاقت کے بغیر حرکت کا باعث ہونا ؛ کشتی کو کنارے کنارے لے جانا ۔

coastal current, n. موج سرِساحل ؛ ساحلی موج جو عموماً سمندر کے کنارے کنارے یکساں رفتار سے چلتی ہے ۔

coastal plain, n. (ارضیات) سمندر ، جھیل یا دریا کے کنارے پر واقع میدان ۔

coaster, n. کوسٹر ؛ ساحلی جہاز ؛ وہ شخص یا کشتی جو کنارے کنارے چلے ؛ جہاز یا کشتی جو ساحل ساحل تجارت کرے ؛ ساحل کے قریب رہنے والا ؛ سلیڈ یا سائیکل پر برفیلے پہاڑ کی ڈھلان سے پھسلنے والا ؛ برف گاڑی جو پھسلنے کے لیے استعمال کی جائے ؛ تفریحی ریل گاڑی جس کا راستہ ڈھلوانی اور ٹیڑھا میڑھا ہو اور جو کشش ثقل کے ذریعہ چلتی ہو ؛ پرانے وقتوں کی پہیّہ دار ٹرے یا سینی جس پر شراب کی صراحی رکھ کر کھانے کی میز کے گرد گزارا جاتا تھا ؛ چٹائی کا ٹکڑا ، گدّی ، رکابی یا سینی جیسے کسی چیز (مثلاً گرم چائے دانی ، ہانڈی ، پیالی ، گلاس وغیرہ) کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ میز پر نمی نہ آئے اور حدّت سے نشان نہ پڑے ۔

coaster brake, n. کوسٹر بریک ؛ بائیسکل میں ایک قسم کا بریک یارکاؤ جو آزاد پہیے میں لگایا جاتا ہے اور پیڈل پر پچھلے دباؤ سے کام کرتا ہے ؛ یہ نام اِس لیے پڑا کہ ایسی سائیکل برفیلی ڈھلوان پر استعمال کرنے میں آسانی ہوتی ہے کیونکہ اِس کے پیڈل ساکن رہتے ہیں ۔

Coast Guard, n. ساحل بان دستہ ؛ امریکا کے فوجی محکمہ کی وہ شاخ جو دورانِ جنگ ساحلوں کی نگرانی و تحفظ کے لیے بحریہ کے تحت کام کرتی ہے لیکن امن کے زمانے میں اس کا تعلق محکمۂ مواصلات سے ہوتا ہے جو اِس سے برفانی علاقوں کے گشت ، جان بچانے اور کسٹم ، جہاز رانی نیز غیر ملکی تارکینِ وطن کے متعلّق قوانین پر عمل درآمد کے کام لیتا ہے ۔(چھوٹے c سے) محافظ ساحل ؛ ساحلی دستہ ؛ بحری پولیس کا سپاہی ؛ بحری پولیس ۔

coastline, n. ساحلی حصّہ ؛ ساحلی خط ؛ خط ساحل کے ساتھ ساتھ زمین اور پانی ۔

coastward, coastwards, adv. ساحل کی طرف ؛ ساحل کی سمت ؛ ساحل کے رُخ ۔

coastwise, adv., a. ساحل کے ساتھ ساتھ؛کنارے کنارے ۔

coat, n. کوٹ ؛ آستینوں والا مردانہ لبادہ ؛ اوپر پہننے کا گرم لباس جو جسم کے کم از کم بالائی نصف کو ڈھانپتا ہے ؛ ایک مادّے پر دوسرے مادّے کی تہ یا پرت ؛ کوٹنگ ، ملمّع ، تہ ، قلعی ؛ بیرونی پوشش مثلاً جانور کی کھال ، پوست ،سمور ، اون ، بال ؛ جِھلّی ؛ چھلکا ؛ روغن کی تہ ؛ غلاف ؛ کُرتی ؛ پشم ؛ کھال ؛ پپوٹا ؛ پیاز کا چھلکا ؛ پچارا ؛ جلد ۔

coat, v.t. کوٹ پہنانا ؛ کسی مادّے کی تہ جمانا یا سفیدی/پالش کا پُچارا پھیرنا ؛ ابرہ لگانا ؛ تہ چڑھانا ؛ استر کاری کرنا ؛ بھرنا ؛ پاٹنا ؛ قلعی کرنا ؛ مُلمّع کرنا ؛ لیپنا پوتنا ؛ ڈھکنا ؛ پُتائی کرنا ۔

coati, coatimondi, coatimundi, n. کواٹی ؛ گرم امریکی علاقوں کے جانوروں کی دو قسموں میں سے کوئی ایک قسم جو تھوتھنی دار جنس (Nasua) سے تعلق رکھتے ہیں ، امریکی ریچھ کی قبیل سے ہوتے ہیں لیکن اِن کا جسم زیادہ لمبا ، دم لمبی اور تھوتھنی پتلی اور لچکیلی ہوتی ہے؛ امریکا کا ایک گوشت خوار جانور جو مُشک بلاؤ سے بہت مشابہ ہوتا ہے ۔

coating, n. کوٹنگ ؛ رنگ ، روغن یا سفیدی کی تہ ؛ کوئی بھی مادّہ جس کی تہ بطورِ آرایش یا موسمی اثرات سے تحفّظ کے لیے جمائی جائے ؛ پتلی بیرونی تہ جیسے روغن یا پلاسٹک کی ؛ کوٹ بنانے کا کپڑا ؛ اغلاف ؛ لیپ ؛ استر پوشش ؛ کہرنڈ ؛ استرکاری ؛ پچارا ؛ قلعی ؛ کرتی کا کپڑا ؛ کوٹ کا کپڑا ۔

coat of arms, n. امیری نشان ؛ فوجی رسالے کی علامت یا نشان جو افسروں کے کوٹ پر ہوتا ہے ؛ ڈھال یا سپر ؛ مارکہ؛ قدیم زمانے کی ڈھال جس پر کسی کا خاندانی مارکہ بنا ہو ۔

coat of mail, n. زرہ ؛ حفاظتی زرہ جو جسم کے حصّہ پر پہنی جاتی ہے اور مضبوط لنن یا چمڑے کی صدری سے منسلک ہوتی ہے ، یہ لوہے یا فولاد کے زنجیری حلقوں سے بنی ہوتی ہے جو ایک دوسرے پر مچھلی کے کھپروں کی طرح ہوتے ہیں ۔

coat tails, on the, prep., phr. کسی کے رستے میں ؛ کسی واقعہ کے بعد ؛ عموماً یہ اظہار کہ کسی شخص کی کوششوں کے بعد کامیابی آسان ہوگی (جیسے He won the election on the coat tails of his celebrated father.) ۔

coauthor, n. شریک مصنّف ؛ وہ مصنف جو ایک یا ایک سے زیادہ مصنّفوں کے ساتھ مل کر کتاب یا مضمون لکھے ۔ (فعل متعدی) دوسرے کے ساتھ مل کر کتاب یا مضمون لکھنا ۔

coax, v.t. پُھسلانا ؛ لبھانا ؛ بہکانا ؛ ورغلانا ؛ فریب دینا ؛ بہلانا ؛ دم دلاسا دینا ؛ منانا ؛ اِصرار ؛ خوشامد ، یا پیار محبّت سے اثر انداز ہونا یا ترغیب دینا ؛ للّو پتّو سے راضی کرنا ؛ خوشامد سے اینٹھ لینا ؛ ہوشیاری یا مہارت سے کام کرنا (جیسے : The furniture movers coaxed the piano through the door) ۔

coaxer, n. پُھسلانے والا ؛ ورغلانے والا ؛ خوشامدی ؛ خوشامد سے اینٹھنے والا ؛ لُبھانے والا ۔

coaxingly, adv. خوشامدانہ ؛ بہلاوے سے ؛ فریب سے ۔

coaxial, a. مشترک محور رکھنے والے ؛ ہم محور ؛ ہم محوری ؛ ایک ہی دُھرے یا محور کے مرکز پر رکھّے یا چڑھائے ہوئے ۔

coaxially, adv. ہم محوری سے ۔

coaxial cable, n. ہم محوری تار ؛ محجوز کیبل جو موصل مادّہ کو محجوز نلی میں رکھ کر بنایا جاتا ہے ، ایسا کیبل ٹیلیفون ، ٹیلیگراف اور ٹیلیوژن کے کثیرالجہتی اشاروں کی ترسیل میں استعمال ہوتا ہے ۔

cob, n. مکئی یا جوار کا بُھٹّا یا ٹُکا؛جوار کے بُھٹّے کا دانے دار وسطی حصّہ ۔ (برطانوی بولی) کوئی بھی گول ڈھیر یا چھوٹا تودہ ؛ لیڈر یا سب سے اونچے عہدے پر فائز شخص ؛ سِکّہ ، خصوصاً آٹھ کا سِکّہ یا ہسپانوی پیسو ؛ نربنس ؛ چھوٹے پاؤں کا موٹا گھوڑا ، خصوصاً ایسا ٹٹو جو مبالغہ آمیز شان سے چلتا ہو ؛ عمارتی کام میں استعمال ہونے والا مٹی اور بھوسے کا گارا ؛ گھان ؛ ایک قسم کا ریٹھا ؛ یابو ؛ میانہ قد کا گھوڑا ؛ ٹانگن ؛ کوئلے کا گول ڈلا ؛ عنکبوت ؛ مکڑی ؛ ٹٹو ؛ گارا ؛ کچّی اینٹ ؛ کوئلے کا ڈلا ۔

cob, cobb, n. (برطانوی بولی) مرغابی ، خصوصاً سیاہ پُشت بڑی مُرغابی ، لارس میری نس (Larus marinus) ۔

cobalt, n. (کیمیا) کوبالٹ ؛ چاندی جیسا سفید ، مقناطیسی ، سخت ، چمکدار اور توڑنے سے ذرّہ ذرّہ ہونے والا دھاتی عُنصر جو دوسرے معدنیات ، جیسے لوہے اورنکل میں مِلا ہوا یا ان کے ساتھ پایا جاتا ہے : اِس سے دھاتوں کے بھرت/آمیزے اور مرکّبات تیار کیے جاتے ہیں ، سلی کیٹ بنائے جاتے ہیں جن سے کوزہ گری ، روشنائی اور رنگ و روغن کے لیے نیلا رنگ حاصل ہوتا ہے ؛ سوسنی رنگ ؛ ایک قسم کی دھات جو نکل سے مشابہ ہوتی ہے ۔

cobalt blue, n. لاجورد ؛ کوبالٹ آکسائڈ اور ایلومینا کا مرکّب لاجوردی و سبز رنگ ؛ گہرا نیلا رنگ ۔

cobaltic, a. (کیمیا) کوبالٹی ؛ کوبالٹک ؛ ایسے مرکّبات کا یا ان کے متعلّق جن میں سہ گرفتہ کوبالٹ موجود ہو ۔

cobaltite, n. کوبالٹ سلفارسینائڈ جو کوبالٹائن بھی کہلاتی ہے۔

cobaltous, a. (کیمیا) کوبالٹی ؛ کوبالٹس : ایسے مرکّبات کا یا ان کے متعلّق جن میں دوگرفتہ کوبالٹ موجود ہو ؛ کوبالٹ کا ؛ کوبالٹ سا۔

cobalt 60, n. کوبالٹ ٦٠ ؛ کوبالٹ کا وزنی تابکار آئی سوٹوپ/ہم جا ، جس کا کمیتی نمبر ٦٠ ہے اور جس سے ، خصوصاً ریڈیائی علاج میں ، گاما شعاعیں حاصل کی جاتی ہیں ۔

cobble, v.t. جُوتوں کا بنانا یا مرمّت کرنا ؛ بھدّے طریقے سے جوڑنا یا مرمّت کرنا ؛ گوتھنا ؛ گانٹھنا ؛ تھیگلی یا پیوند لگانا ؛ بدسلیقگی سے کرنا ؛ پارہ دوزی کرنا ؛ بھدّے پن سے کرنا ؛ بری طرح سے کرنا ؛ بے ڈھنگے یا پھوہڑ پنے سے کرنا ؛ جوڑ لگانا۔

cobbler, n. موچی ؛ جوتے گانٹھنے والا ؛ چمار ؛ اناڑی ؛ پھوہڑ کاریگر ؛ کُوڑ ؛ پھوہڑ ؛ بے ہُنر ؛ بھدّا کام کرنے والا ۔

cobble, cobblestone, n. سنگِ صاف ؛ پَن پتھّر ؛ چٹان کا قُدرتی طور پر گول ٹکڑا جو پہلے فرش بنانے کے کام آتا تھا ؛ صخرہ ؛ پانی سے ترشا ہوا پتھر جو فرش میں لگایا جاتا ہے ؛ کوئلے کے ڈلے ۔

cobble, v.t. گول پتھروں سے فرش بنانا ۔

cobbles, cobcoal, n. (برطانوی) گول پتھّر سے مشابہ کوئلے کے بڑے بڑے ڈھیلے ۔

cobblestone, n. گول پتھّر۔

cobcoal, cobbles, n. کوئلے کے گول گول بڑے ڈھیلے ؛ اس قسم کے کوئلے کا کوئی ٹکڑا ۔

cobia, n. کوبیا : امریکا کے مشرقی ساحل سے دُور گرم اور معتدل سمندروں میں نیز جاپان ، جزائر شرق الہند کے دُور کے پانیوں میں پائی جانے والی ایک قسم کی بڑی مچھلی۔

cobnut, n. شجر فُندق ؛ ہیزل کی بعض کاشت کردہ اقسام کاجوز ؛ ریٹھا ؛ فُندُق ؛ ہیزل کا درخت ، اویلانا فُندُق (Corylus avellana) ۔

COBOL, Cobol, n. (کمپیوٹر) کوبول ؛ کمپیوٹر کی زبان جس میں انگریزی کے عام الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں ، ایسی زبان خصوصاً اعدادوشمار اور حقائق کے بڑے فائلوں/مسئلوں کے مطالعہ و تنقیح کے لیے کارآمد ہوتی ہے ۔

cobra, n. کوبرا ؛ کالا سانپ ؛ ناگ ؛ ایشیا اور افریقہ کے کئی پھن دار/ پھنیَر سانپوں میں سے کوئی ایک ، خصوصاً جنس ناجا (Naja) کا ہندوستانی ناگ جس کے پھن کی پشت پر عینک کا نشان ہوتا ہے ، اس کی کھال کا چمڑا جوتے اور کمر پیٹی بنانے کے کام آتا ہے ؛ ناگِ ہند ؛ کالا ناگ ۔

cobweb, n. تارعنکبوت ؛ مکڑی کا جالا ؛ جالا جو مکڑی اپنے شکار کو پھنسانے کے لیے بُنتی ہے ؛ مکڑی کا بنایا ہوا کوئی بھی ایک تار ؛ تاگا یا جال جو کیڑے کا حشرہ/لاروا بُنتا ہے ؛ دام فریب ؛ کوئی بھی چیز جو ہیئت یا مقصد کے اعتبار سے مکڑی کے جالے سے مشابہ ہو ، جیسے کوئی چیز کمزور یا مضبوط بُنی ہوئی ہو یا جس سے غرض کسی کو پھنسانا یا دام فریب میں لانا ہو ؛ پھندا ؛ عنکبوتی نسیج ؛ جال ؛ دھوکا ؛ کمزور شے ؛ مکڑی کے جالے کی سی بودی شے ؛ کباڑ ؛ کُوڑا ؛ کاٹھ کباڑ ۔ (جمع) کوئی بھی گڈمڈ ، غیر واضح اور غیر منظّم چیز (جیسے Cobwebs in her thinking) ؛ استدلال دقیق ؛ دقیق استدلال ؛ ہیر پھیر ۔

cobwebbed, a. ناپائیدار ؛ کمزور ؛ مہین ؛ تارعنکبوت سا ؛ پیچیدہ ؛ ہوا سا ۔

cobwebby, a. مکڑ جال سا ؛ مکڑی کے جالے کا سا ؛ تارِ عنکبوت سا ؛ مکڑی کے جالوں سے بھرا ہُوا ؛ عنکبوتی ۔

coca, n. کوکا ؛ ایک جھاڑی : امریکا کے اینڈیز پہاڑوں میں اُگنے والی کوکا نامی جھاڑی جو اب کئی دوسرے مقامات پر بھی کاشت کی جاتی ہے ، اِس کی خشک پتیّاں تقویّت کے لیے چبائی جاتی ہیں اور اِن سے کوکین اور دیگر القلائی دوائیں بنتی ہیں۔

cocaine, n. کوکین ؛ ایک تلخ قلمی القلی جو کوکا کی پتیّوں سے حاصل ہوتی ہے اور طِب میں بے حِس کر دینے یا مخدّر دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

cocainism, n. (امراضیات) کوکینیّت ؛ کوکین زدگی ؛ سمیّتِ کوکین ؛ کوکین کے استعمال کی عادت ؛ کوکین کے حد سے زیادہ استعمال کی وجہ سے صحت کی عام خرابی ۔

cocainize, v.t. کوکین سے علاج کرنا یا کوکین سے متأثر کرنا ؛ بے حس کرنا ؛ سُن کرنا ؛ کوکینانا ۔

cocci, n. کرُوے ۔

coccid, n. نبیقہ ؛ خاندان نبیقہ (Coccoidea) کا کوئی بھی کیڑا ، مثلاً کھپرے دار کیڑے یا انگور کی بیل میں لگنے والے کیڑے ۔

coccidioidomycosis, n. (امراضیات) مرضِ نبقہ ؛ بخار اور پھیپھڑوں کی بیماری یا کبھی کبھی جلد کی متعدی بیماری جو انسان و حیوان کو سماروغ کے ابخرات سانس کے ذریعہ اندر لے جانے سے ہو جاتی ہے ۔

coccidiosis, n. (بیطاری امراضیات) نُبیقہ زدگی ؛ آنتوں میں کیڑے پیدا ہو جانے والی بیماری جو پالتو اور جنگلی جانوروں کو زیادہ لیکن انسانوں کو بہت کم ہوتی ہے ۔

coccidium, n. نُبیقہ ؛ نُبقہ دان ؛ نخزِ خوینی کا انفرادی جسمِ نامی جو عموماً فقری حیوان کی آنتوں میں طُفیلی ہوتا ہے ۔

coccoid, a. نبقہ نُما ؛ کوکس یا گول جراثیم سے مشابہ یا اس کے متعلّق ؛ بیری کی طرح ؛ گول یا کُرہ کی مانند جیسے کہ بعض چھوٹے نامی اجسام ہوتے ہیں ۔ (اسم) گول اور چھوٹا نامی جسم ؛ نبقہ نُما جرثومہ ۔

coccus, n. (جرثومیات) نبقہ نُما ؛ گول یا کُرہ آسا جرثومہ ، مثلاً مکروبِ عنبی یا خرد نبقہ ۔ (نباتیات) پارہ ثمر کے پُھول میں پھل پنکھڑی یا بُقچہ ۔ (حیوانیات) جنس نبقہ (Coccus) کے پردار کیڑوں سے مشابہ جراثیم ، جیسے کِرم دانے ؛ نبقہ سا ؛ نبیقہ سا ۔

coccyx, n. (تشریح الاعضا) دُمچی کی ہڈّی ؛ عُصعُص ؛ دُم گزا ؛ ایک چھوٹی مثلث نُما ہڈّی جو آدمی میں ریڑھ کی ہڈّی کا نچلا سِرا بناتی ہے ، یہ چار جُڑے ہوئے ابتدائی مُہروں پر مشتمل ہوتی ہے ؛ بعض دوسرے جانوروں میں ایسی ہی دُمچی کی ہڈّی ؛ ڈِھڈّی ؛ ذَنَب ۔

coccygeal, a. عُصعُصی ؛ ڈِھڈّی دار ؛ ذَنَبی ۔

Cochin China, n., a. کوچین (جنوبی ویت نام) سے درآمد کی ہوئی پالتو مُرغیوں کی مختلف اقسام کا مجموعی نام ؛ کوچین چین کی مرغیوں کی نسل ؛ اس نسل کی مُرغیاں ۔

cochineal, n. کچنیلا ؛ کِرم دانہ ؛ قرمز ؛ قرمزی رنگ یا سرخ رنگ جو بہت سی مادّہ قرمز (ایک قشری کیڑا) کے سُوکھے جسموں کو پیس کر بنایا جاتا ہے ، یہ کیڑا میکسیکو ، وسطی امریکا اور دیگر گرم خطوں میں اُگنے والی ناگ پھنی قسم کی جھاڑیوں میں نشوونما پاتا ہے ؛ قرمز فرنگی ۔

cochlea, n. حلزونہ ؛ کن گھونگا ؛ کان کے اندر کا پیچ در پیچ جوف ، یہ نام اِس لیے پڑا کہ اس کی شکل جونک کے گھونگے سے مشابہ ہوتی ہے ؛ چکّر دار زینہ ؛ وہ مینار جس میں چکّر دار زینہ ہو ؛ قوقعہ ؛ حلزونیہ ؛ صدف گوش ؛ کان کا گھونگا ؛ گھونگیلا ۔

cochleate, cochleated, a. چکّردار ؛ پیچ در پیچ ۔

cock, n. کُکّڑ ؛ خروس ؛ مُرغا ؛ پالتو پرندوں کا نر ؛ مختلف اقسام کے پرندوں کا نر ، خصوصاً دُجاجی پرندوں کا ؛ مُرغ کا خاکہ یا نشان ، فرانس کے قومی نشانات میں سے ایک نشان ؛ لاطینی لفظ گالس (gallus بمعنی مرغ) کی نسبت سے فرانس کو گال (gaul) بھی کہتے ہیں ؛ مُرغ کی شکل میں بنایا ہوا موسمی آلہ ؛ مُرغ بادنُما ؛ لیڈر یا ہر بات میں پیش پیش رہنے والا شخص جو اکثر لیڈری ، کامیابی اور فتحمندی کا متکبّرانہ مظاہرہ کرتا رہتا ہے (جیسے Cock of the walk) ؛ ایسی ترکیب یا ایسا آلہ جو پائپ کے ذریعے رقیق یا گیس کو خارج یا بند کر سکے ؛ نلکا ؛ ٹونٹی ؛ کاک ؛ صمام ؛ ڈاٹ ؛ والو ؛ آتشیں اسلحہ میں کُتّا یا گھوڑا جسے گرانے یا ہٹانے کے عمل سے گولی چلتی ہے ؛ بندوق کا گھوڑا یا کُتّا ؛ گھوڑے یا کُتّے کی چڑھائی ہوئی حالت جو گولی چلانے کی تیاری میں ہوتی ہے ؛ دھوپ گھڑی کا ستون جو اس کی سوئی کا کام دیتا ہے ؛ ذَکَر ؛ عضو تناسل ؛ جھنڈی ؛ ہوانُما ؛ مقدّم ؛ سوفار ؛ تیرکی نوک ؛ گھر کا مرد ؛ ترازو کا کانٹا ۔ (کھیل) ہتھّر کُنڈلی کے کھیل میں نشانے کا ہدف ۔ (عوامی) جھوٹا افسانہ (Cock and bull story) گھڑی ہوئی بات ؛ من گھڑت قصّہ ۔

cock, v.t. تکبّر سے یا بانکے پن کی نمایش کے لیے موڑنا ، جمانا یا ایک طرف کو جھکانا (جیسے : to cock one's hat to one side of the head, to cock one's head) ؛ گولی چلانے کے لیے تیّار کرنا ، جیسے بندوق کا گھوڑا چڑھانا ؛ پر پھڑپھڑانا ؛ بغلیں بجانا ؛ بانکی یا ٹیڑھی ٹوپی پہننا ؛ متوجّہ کرنا ؛ چوکنا کرنا ؛ ناقابل شناخت بنانا ؛ آنکھ مارنا ؛ آنکھوں میں کُچھ کہنا ؛ آنکھ کا اشارہ کرنا ؛ پاؤں پھیلانا ؛ کان کھڑے کرنا ؛ تاننا ؛ شیخی مارنا ؛ بنکارنا ؛ کھڑا کرنا ؛ چڑھانا ؛ گھوڑا چڑھانا ؛ ناک چڑھانا ؛ ٹانگیں اُونچی کرنا ۔

cock, n. بھوسے کا چھوٹا سا تکونا ڈھیر ، تکونا ڈھیر اس لیے لگایا جاتا ہے کہ اُوپر سے بارش کا پانی بہ جائے ؛ دھڑ۔

cockade, n. طُرّہ یا نشان ؛ فیتے کی گانٹھ ، فیتا یا چھڑا موڑ کر بنایا ہوا مصنوعی/آرایشی گُلاب کا پُھول یا اسی قسم کی چیز جو بطورِ نشان ہیٹ کے اُوپر یا وردی کے حصّے کے طور پر لگایا جائے ؛ فیتا جو ٹوپی میں پہنا جائے ۔

cockaded, a. طُرّہ دار ؛ پُھول والا ؛ نشان دار۔

cock-a-hoop, a. (برطانوی) شاداں و فرحاں ؛ خوش و خُرّم ؛ فتحمند ؛ کامیابی پر مفتخر ؛ شیخی خورا ؛ بنکار ؛ فخور ؛ نہایت خوش ؛ شادمان ۔

Cockaigne, Cockayne, n. خیالی جنّت ؛ عیش و آرام کی تصوّراتی سر زمین ، بے فکروں کی جنت ؛ (جُگت کے طور پر) لندن۔

cock-a-leekie, n. مُرغ یخنی ؛ مُرغ گوشت اور پیاز سے تیّار کردہ گاڑھی یخنی جس کی ابتدا اسکاٹ لینڈ سے ہوئی تھی۔

cockalorum, n. برخُود غلط ؛ اپنے بارے میں غلط فہمی کا شکار شخص ؛ خود کو اہم سمجھنے والا۔ (بول چال) ڈینگ ؛ لاف زنی ؛ خود ستائی ؛ احساس کمتری کا مارا ہُوا۔

cock-and-bull story, n. بناوٹی قصّہ ؛ ناممکن یا محال چیز یا قصّہ ؛ ہوائی بات ؛ من گھڑت بات ؛ گھڑی ہوئی کہانی ؛ لمبی چوڑی کہانی ؛ لغُو کہانی ؛ بے بُنیاد۔

cockatiel, cockateel, n. چھوٹا اور لمبی دُم کا آسٹریلیائی طوطا ؛ عام پالتُو طوطا۔

cockatoo, n. کاکاتوا ؛ کاکاٹوا ؛ کلغی دار طوطا ؛ جزائر شرقُ الہند یا آسٹریلیا میں پائے جانے والے طُرّے دار طوطوں میں سے کوئی ایک طوطا۔

cockatrice, n. افعی ؛ بالشتیا سانپ ؛ قصصِ یونانی کا فرضی/اساطیری سانپ ؛ خونخوار نظر والا دیو مالائی سانپ جس کے متعلّق مشہور ہے کہ اسے سانپ نے مُرغی کے انڈے کو سہ کر نکالا ہے ، چنانچہ اِس کے پاؤں ، سر اور بال و پر مُرغے کی طرح اور جسم و دُم سانپ کے ہوتے ہیں ؛ انجیل میں اِس لفظ سے مراد زہریلا سانپ ہے۔

cockboat, cockleboat, n. چھوٹی اُتھلی کشتی جو خوراک یا پیام لانے لے جانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ ہرکاری کشتی ؛ چھوٹے جہاز کی کشتی۔

cockchafer, n. طلائی بھونرا ؛ بڑا بھونرا ، یورپ کا بڑا بھونرا جو لاروائی اور مکمل دونوں شکلوں میں جنگل کے درختوں اور سبزے کو تباہ کر دیتا ہے ؛ اِس قسم کے مختلف بھونروں میں سے کوئی ایک۔

cockcrow, cock-crowing, n. بانگِ مُرغ کا وقت ؛ علی الصبح ؛ علی الصّباح ؛ صبح سویرے ؛ مرغے کی اذان ؛ آوازِ خروس ؛ فجر ؛ صبح ؛ سویرا ؛ بھور ؛ مرغ کے بانگ دینے کا وقت ؛ فجر کی اذان کا وقت ؛ نور کا تڑکا۔

cocked hat, n. جرنیلی ٹوپی ؛ حاشیہ دار/چھجّے دار ہیٹ یا ٹوپی کے مختلف انداز ، جیسے ، دو مقابل طرفوں میں یا تینوں طرف اُٹھا ہوا حاشیہ ؛ وہ ہیٹ جو سامنے اور پیچھے نوکدار ہو اور بغل

سے دیکھنے میں مثلثی ہو ، ایسابیٹ بحریہ ، فوج کی نیز دیگر وردیوں کا حصہ ہوتا ہے ؛ وردی کی ٹوپی۔

cockerel, n. مُرغچہ ؛ جوان پالتو مُرغا ؛ چھوٹا مُرغا ؛ (مرغ کا) پٹھا ؛ لڑاکا لڑکا ؛ جھگڑالو لڑکا۔

cocker spaniel, n. چھوٹے اسپینیل کُتّوں کی ایک نسل جسے شکار کرنے کے لیے تربیّت دی جاتی ہے یا گھر پر پالتو بنا کر رکھا جاتا ہے۔

cockeye, n. بھینگی آنکھ ؛ اَحوَل یا بھینگے پن سے متأثر آنکھ۔

cockeyed, n. اَحوَل چشم ؛ بھینگا ۔ (عوامی) صریحاً غلط ؛ ایک جانب احمقانہ جُھکاؤ ؛ مخمور۔

cockfight, n. مرغ بازی ؛ لڑنے والے مرغوں کے درمیان لڑائی کا مقابلہ ، اِن مرغوں کے خارپا کو فولادی خول پہنائے جاتے ہیں ۔

cock fighting, n. مرغ بازی ؛ مرغوں کی لڑائی ۔

cock horse, n. گُھڑ جُھولا ؛ بچّوں کے لیے کاٹھ کا گھوڑا ؛ سوارہ (گھاس) ۔

cockily, adv. (بول چال) اِتراہٹ سے ؛ بانکپن سے ۔

cockiness, n. اِتراہٹ ؛ بانکپن ۔

cockle, n. گھونگا ؛ دو صمامی صدفہ یا گُھونگا جس کے صمام دل سے مشابہ اور نصف قُطری رگوں کے ہوتے ہیں ، یہ جنس کارڈیم (Cardium) ، خصوصاً کارڈیم ایڈولے C.edule سے تعلّق رکھتا ہے جو یورپ کی عام خوردنی قسم ہے ؛ کوئی اور ملتا جُلتا یا مختلف مگر مشابہ گھونگا ؛ گھونگے کی صدف ؛ چھوٹی اُتھلی یا ہلکی کشتی ؛ شکر اور میدے کی خستہ مٹھائی جس پر کوئی مقولہ درج ہو ؛ شکن یا جُھری ۔ (جمع) گہرے جذبات (جیسے : The cockles of the heart)؛ شکن خوردہ ؛ آہنی آتش دان جس سے کمرا گرم کیا جاتا ہے ۔

cockle, n. پودا جو عموماً گندم کے ساتھ اُگ آتا ہے ؛ اناجی بُوٹی ؛ بیل جیسے رئی یا ایک قسم کی ولایتی گھاس جو اناج کے ساتھ اُگتی ہے ؛ گھاس پھونس ؛ گنڈھیل ؛ لیلی ؛ کانگیاری ؛ گیہوں روگ ۔

cockle, v.i. جُھریوں میں سمٹنا ؛ پیشانی پر شکنیں پڑنا ؛ چیں بہ جبیں ہونا ؛ سمندر میں چھوٹی اور بے قاعدہ موجوں کا اٹھنا ۔ (فعل متعدّی) چہرے پر جھریاں پیدا کرنا ؛ پیشانی کو پُر شکن کرنا ؛ سمندر پر موجیں اُٹھانا ۔

cocklebur, n. گوکھرو؛ زینتھیئم جنس کا کوئی بھی پودا جس میں روئیں دار یا خار دار چپکنے والے پُھول یا پھلیاں لگی ہوں ۔

cockleshell, n. گھونگے کا صدف یا خول یا اس کا ایک صمام ؛ چھوٹی اور ہلکی کشتی ۔

cockloft, n. مچان ؛دوچھتّی ؛ اٹاری ؛ اُوپر کی منزل پر چھوٹا کمرہ ؛ چھوٹی اٹاری ؛ چوبارہ ۔

cockney, n. (اکثر بڑے C کے ساتھ) کاکنی ؛ مشرقی لندن کا پیدائشی باشندہ ؛ اِس ضلع کی بولی ؛ لندنی زبان ۔ (صفت) کاکنی باشندے یا اُن کی بولی کا یا اُن کے متعلّق ؛ لندنیا ؛ لندن کا رہنے والا (حقارتاً) ۔

cockneydom, n. کاکنیوں کا علاقہ ؛ کاکنی لوگ ؛ ادنیٰ فرقہ ؛ لندنیوں کی مخصوص سیرت ؛ لندنیوں کی دُنیا ۔

cockneyish, a. کاکنی کی طرح ؛ لندنیوں کی سی بو باس رکھنے والا ۔

cockneyism, n. کاکنی خاصیّت یا روایت ؛ کاکنی کی خصوصیت ، مثلاً گفتگو میں کاکنی کا مخصوص لہجہ ؛ لندنی بولی ؛ لندنی محاورہ یا تلفظ ۔

cockpit, n. مرغوں کی پالی ؛ اکھاڑا ؛ بعض ہوائی جہازوں میں ایک محدود جگہ جس میں ہوا باز یا مسافر کی بند نشست ہوتی ہے ؛ مرغوں کی لڑائی کے لیے پالی یا اکھاڑا ؛ وہ جگہ جہاں کُشتی کا مقابلہ ہو یا ایسی جگہ جہاں کئی مقابلے اور لڑائیاں ہو چکی ہوں ۔ (جہاز رانی) کشتی میں نشیبی حصّہ خصوصاً بجرے میں پتوار چلانے والوں کی کیبن کے عقب میں نشیبی حصّہ ؛ میدان ؛ کھیت ؛ دنگل ؛ دنگل اکھاڑا ؛ جنگی جہاز ؛ طیّارچی کی جگہ ۔

cockroach, n. لال بیگ ؛ تل چٹّا ؛ کئی اقسام کے شبینــہ کیڑوں میں سے کوئی ایک ، جو بہت تکلیف دہ ہوتے ہیں ، گھروں میں اِن کی تعداد بہت بڑھ جاتی ہے ، خصوصاً باورچی خانے اور نعمت خانے میں بکثرت پیدا ہوتے ہیں ۔

cockscomb, coxcomb, n. تاجِ خروس؛ مرغ کی کلغی؛ احمق کے کردار کے پیشہ ور مزاحیہ اداکار کی ٹوپی جو مرغ کی کلغی سے مشابہ ہوتی ہے؛ باغ میں لگانے کا ایک پودا ، سلوسیا کرسٹاٹا ، جس کے تکونے قرمزی و ارغوانی پُھول مرغ کی کلغی کی مانند ہوتے ہیں ؛خودپسند؛ خودبیں؛ بانکا؛ کلغی ؛ گُل تاج خروس ؛ کیسر ؛ کیس ؛ اکڑ بانکا ؛ مرغ کیس ؛ کلغا ۔

cockshy, n. (برطانوی) کسی چیز کو ہدف پر پھینکنے کا عمل ، شروع شروع میں یہ ہدف مُرغا ہوتا تھا ؛ وہ چیز جو پھینکی جائے اِس لیے حملہ کرنے کی چیز ؛ بُوتھ یا جگہ جہاں انعام حاصل کرنے کے لیے چیزیں ہدف پر پھینکی جائیں ۔

cockspur, n. خارِ مُرغ؛ مرغ کے خار پا کا فولادی خول؛ ایسے پودوں میں سے کوئی ایک پودا جن کے کانٹے یا شاخیں مہمیز سے مشابہ ہوتی ہیں، خصوصاً شمالی امریکا میں خفچہ پودے کی ایک قسم ؛ کانٹا ؛ مرغ کا کانٹا یا خار؛ اسی شکل کا کلہّ (لیمپ کا) ۔

cocksure, a. تیر بہدف؛ تیقنّی ؛ حتمی ؛ یقینی ؛ یقینِ واثق رکھنے والا ؛ ضرورت سے زیادہ اعتماد رکھنے والا ؛ پورا یقین والا ۔

cocksurely, adv. مکمل یقین سے ؛ پورے اعتماد سے ۔

cocksureness, n. حتمی یقین؛ تیقن؛ وثوق ۔

cocktail, n. کاک ٹیل؛ شرابوں کا آمیزہ ؛ ایسی مشروبات میں سے کوئی ایک ، جن میں جنؔ،وہسکی یا برانــڈی جیسی شرابیں جو دُوسری الکحلی شرابوں یا پھلوں کے رس کے ساتھ ملائی جاتی ہیں؛ ایک محرّک اشتہا (جس میں عموماً سمندری غذائیں ، پھل یا رس ہوتے ہیں) جو کھانے میں سب سے پہلے کھلایا جاتا ہے ۔ (صفت) آمیزۂ مشروبات کے متعلّق ؛ ایسا لباس جو نیم رسمی مواقع کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہو۔

cocktail, n. دُم کٹا گھوڑا ؛ وہ گھوڑا جو اصیل نہ ہو ؛ گُھڑ دوڑی گھوڑا؛ اوچھا ؛ نو دولتیا ؛ ایک قسم کا بھونرا ۔

cocky, a. (بول چال) مغرور بانکا؛ کچھ منھ پھٹ یا دریدہ دہن ، خود رائے ؛ خودنما ؛ اپنے آپ کو بہت کُچھ سمجھنے

والا؛ گُستاخ؛ شوخ؛ خودبین؛ خودپسند۔

coco, n. ناریل؛ ناریل کا درخت؛ نارجیل؛ انسان کا سر؛ کھوپڑی؛ کوکو۔

cocoa, n. کوکو (تخم)؛ کوکو بُھون کر پیسے ہوئے بیج؛ کوکو جس میں سے زیادہ تر چکنائی نکال لی گئی ہو؛ کوکو کے سفوف سے بنایا گیا گرم مشروب؛ بیج ککاؤ؛ (سفوف) کوکو؛ ناریل (درخت)۔

cocoa butter, n. چکنا مادّہ جو کوکو کے بیجوں کو دبا کر نکالا جاتا ہے اور صابن نیز کاسمیٹکس (چہرے کی کریمیں) وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔

cocobolo, cocobola, n. جزائر غربُ الہند اور وسطی امریکا میں پیدا ہونے والی سخت و سیاہ رنگ لکڑی جو کیبنٹ اور دیگر فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے۔

coconscious, a., n. (نفسیات) ہم شعوری؛ ہم شعور؛ شعور کی رو سے علیحدہ ایک ذہنی عمل کے متعلّق، یہ ذہنی عمل شعور کی رو کو متأثر کرتا رہتا ہے، اِس کا اثر اکثر غیر ارادی بات یا تجسیمِ وہم کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔

coconsciousness, n. ماسواشعور ذہنی عمل۔

coconut, cocoanut, n. کوکونٹ؛ ناریل؛ نارجیل؛ کھوپرا؛ کھوپا؛ ناریل کا جوز جو بڑا اور سخت چھلکے کا ہوتا ہے، اس کی سفید گری یا گودا کھایا اور اس میں موجود دودھیا رقیق پیا جاتا ہے؛ گری؛ کھوپری۔

coconut palm, n. ناریل کا درخت؛ طویل قامت کا پتلا درخت جو گرم گرم علاقوں میں پیدا ہوتا ہے اور اِس کا پھل کھایا جاتا ہے۔

cocoon, n. ابریشم کا کویا؛ ریشمی نسیج یا گتّھی جس میں اپنے آپ کو لپیٹنے کے لیے کئی کیڑوں کے حشرے اُس وقت بُنتے ہیں جبکہ وہ زرگونہ کی ارتقائی کیفیّت میں ہوتے ہیں؛ ایک مشابہ نرم لفافہ جو مکڑیاں اور کیچوے اپنے انڈوں کی حفاظت کے لیے بناتے ہیں؛ حفاظتی، مہر بند یا ہوا بند میان جسے اسلحہ اور جہازوں کی بڑی مشینوں پر عموماً پالی و نائل کلورائڈ کا چھڑکاؤ کرکے بنایا جاتا ہے تاکہ زیادہ عرصہ ذخیرہ کرنے کی صورت میں خراب ہونے سے محفوظ رہ سکیں؛ پیلہ؛ کویا۔

cocotte, n. طوائف؛ قحبہ؛ کنجری؛ بیسوا۔

cocozelle, n. حلوہ کدُو؛ ایک قسم کا کدُو جس پر گہری سبز اور زردی مائل دھاریاں ہوتی ہیں اور جو شکل میں Zucchini یا تابستانی کدُو/سبز کدُو سے مِلتا جُلتا ہے۔

cod, n. کاڈ، ایک قسم کی خوردنی بڑی سمندری مچھلی، جس کا وزن عموماً دس سے پینتیس پاؤنڈ تک ہوتا ہے اور شمالی بحراوقیانوس کے سرد خطّوں میں پائی جاتی ہے؛ تخمدان؛ پھلی؛ کیسۂ بیضہ؛ صفن؛ انڈ کوش؛ فوطوں کی تھیلی۔

codfish, n. کاڈ مچھلی؛ اسی جنس (Gadidae) سے تعلّق رکھنے والی کوئی بھی مچھلی بشمول بحرالکاہل کی اُس مچھلی کے جو بحرِ اوقیانوس کی کاڈ سے بہت مشابہ ہے؛ دیگر مچھلیاں جو کاڈ سے مشابہ ہیں جیسے لِنگ مچھلی۔

coda, n. (موسیقی) ایک صوتی حرکت کا اختتامی (آخری) حصّہ جو عموماً پچھلے حصّوں سے مختلف ہوتا ہے اور جس کا اضافہ خاتمے کو زیادہ مکمّل اور پُر اثر بنا دیتا ہے۔

coddle, v.t. پیار محبّت سے دیکھ بھال کرنا یا خیال کرنا؛ لاڈ کرنا؛ ناز برداری کرنا؛ بیماروں کے سے نخرے اُٹھانا؛ آہستہ اور نرمی سے ہلانا جُلانا (جیسے : to coddle an egg)؛ نیم جوش کرنا؛ ہلکا جوش یا ابال دینا؛ پالنا پوسنا؛ تیمارداری کرنا۔

code, n. مجموعۂ قوانین و ضوابط؛ اِشاروں کی خُفیہ لغت؛ کسی ملک کے مروّجہ قوانین کا کوئی بھی باقاعدہ مجموعہ یا تلخیص (جیسے : The Civil code of France)؛ قواعد و ضوابط کا کوئی بھی نظام یا مجموعہ؛ ٹیلیگراف، ہیلیوگراف یا کسی دوسری ترکیب سے اِبلاغ کے اشاروں کا نظام؛ اختصار یا اخفا کی غرض سے اپنی مرضی سے منتخب کیے ہوئے الفاظ کا نظام؛ رمزی یا خُفیہ تحریر؛ عدد، حروف یا دونوں کا مجموعہ جو کسی چیز کی علامت کے طور پر یا اس کی شناخت کے لیے استعمال کیے جائیں، جیسا کہ اکثر بڑے ذخیروں کے نظام میں ہوتا ہے۔ (کمپیوٹر) مجموعہ ایسی علامتوں کا جن کے برتنے کے لیے مخصوص قاعدے ہوتے ہیں اور جو معلومات کا اظہار کمپیوٹر میں قابل استعمال شکلوں میں کرتی ہیں؛ بڑی اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ؛ مرموز لغت؛ اشارے؛ اشاروں کا ضابطہ؛ خفیہ لغت؛ چور لکھائی؛ ضابطہ؛ مجموعۂ ضوابط؛ فرہنگ ابجد رمزی؛ مجموعۂ قوانین۔

code, v.t. رمز بندی کرنا؛ قوانین یا قواعد و ضوابط کو مجموعہ کی شکل میں ترتیب دینا؛ مجموعۂ قوانین میں درج یا داخل کرنا؛ رمزی یا خُفیہ تحریر میں بدلنا یا ترجمہ کرنا؛ مخصوص اشاروں میں ادا کرنا؛ مختصر کرنا؛ خُفیہ لغت میں پیغام بھیجنا۔ (کمپیوٹر) ایسی علامات میں تحریر کرنا جو کمپیوٹر میں دی جا سکیں اور جن کی تنقیح کمپیوٹر کے ذریعے کی جا سکے۔

codeclination, n. (فلکیات) زاویۂ الغراف کا تتمہ؛ قطب شمالی کا فاصلہ؛ فلکی نُقطے کے جھکاؤ کا زاویۂ تتمہ۔

codeconversion, n. (کمپیوٹر) کوائف کی ایک علامتی کوڈ سے دوسرے علامتی کوڈ میں تبدیلی۔

codefendant, n. مشترک مدافع یا مدعا علیہ؛ ایک ہی فوجداری یا دیوانی مقدّمہ میں دو یا دو سے زیادہ مدعا علیہان میں سے کوئی ایک۔

codeine, n. کوڈین؛ سفید، قلمی، شفّاف اور کُچھ تلخ القلی، جو افیون سے حاصل کی جاتی ہے اور طِب میں بطور مسکن، خواب آور اور منوم دوا کے استعمال ہوتی ہے؛ جوہرِ پوست۔

codetta, n. (موسیقی) مختصر اختتامیہ۔

codex, n. قرابادین؛ کتاب الادویہ؛ زمانۂ قدیم کی کتاب کا مخطوطہ، مثلاً یونانی یا لاطینی کلاسیکی کتاب یا کسی صحیفہ کا مخطوطہ۔ (متروک) قوانین کا مجموعہ؛ مخطوطہ۔

codger, n. (عوامی) طرفہ معجون؛ عجیب و غریب بوڑھا آدمی؛ انوکھا کردار؛ طنزیہ معنوں میں ''حضرت''۔ (برطانوی) کمینہ، بخیل آدمی؛ اگلے زمانے کے لوگ؛ پرانے ڈھنگ کا آدمی؛ پیرِ نابالغ؛ اعجوبہ؛ دقیانوسی؛ ناکارہ۔

codicil, n. وصیّت نامے کا ضمیمہ، جس کے ذریعہ وصیّت میں کسی حصّے کی وضاحت، ترمیم یا تنسیخ کی گئی ہو؛ تدوینِ قانون؛ تتمۂ وصیّت نامہ۔

codicillary, a. ضمیمیاتی ؛ اِضافی ؛ ضمیمہ کا یا اس کے متعلّق ۔

codification, n. تبویب یا تدوین (قوانین) ؛ قوانین و ضوابط کی ترتیب و تدوین کا عمل ، طریق کار یا نتیجہ ؛ ترتیب قوانین ۔

codify, v.t. قانون مدّون کرنا ؛ قانون کی ترتیب و تدوین یا تلخیص کرنا ؛ قوانین کو ایک مجموعی شکل میں لانا ؛ قوانین کی ترتیب کرنا ۔

codling, n. چھوٹی کاڈ مچھلی ۔ (برطانوی) لمبوترا پکانے کا سیب ؛ کچّا سیب ۔

codling moth, n. کاڈ سُنڈی ؛ ایک چھوٹا پتنگا جس کا لاروا یا حشرہ درختوں پر لگنے والے پھلوں پر پلتا ہے۔

cod-liver oil, n. روغن ماہی ؛ کاڈلور تیل یا کاڈ مچھلی کا تیل؛ زرد تیل جو کاڈ اور دیگر ہم قبیل مچھلیوں کے جگر سے کشید کیا جاتا ہے اور طبابت کے اعتبار سے اے اور ڈی حیاتین کا حامل ہوتا ہے ۔

coed, n. مخلوط تعلیمی ادارے،جیسے کالج یا یونیورسٹی میں کوئی طالبہ ۔

co-ed, coed, a. [Co-educational کا مخفّف] مخلوط تعلیم یا مخلوط تعلیمی ادارے میں زیر تعلیم طالبہ سے متعلق ؛ ہر دو جنس کے لیے یا بشمول ہر دوجنس (جیسے : a coed college) ۔

coeducation, n. مخلوط تعلیم؛ کسی ادارے کے ایک ہی کلاس/جماعت میں مردوں اور عورتوں کی یکجا تعلیم ۔

co-educational, a. مخلوط تعلیم سے متعلّق ؛ یکجا تعلیمی؛ یکجائی تعلیم کے متعلّق ۔

coeducationally, adv. مخلوط تعلیم کے انداز میں؛ لڑکوں اور لڑکیوں کی یکجائی تعلیم کے انداز میں ۔

coefficient, a. تعاونی۔ (اسم) وہ شے جو عملاً کسی اور چیز سے مل کر اثر یا نتیجہ پیدا کرے ۔ (ریاضی) عام جُز؛ عددی سر ؛ جبرو مقابلہ کا مشترک جُزِء ضربی جس سے دیگر رقموں کو ضرب دی جائے ، مثلاً رقم 3x میں 3 اور x ایک دوسرے کے مشترک اجزائے ضربی ہیں ؛ رقم 4xy میں x مشترک جزء ضربی یا عامل مشترک ہے 4y کا اور 4 ہے xy کا اور y ہے 4x کا۔ (طبیعیات) متعیّن یا مستقل مقدار ؛ تعدادی مقدار جو مبیّنہ مادّہ کے ضمن اور مبیّنہ حالات میں مستقل رہتی ہے ، اِس مستقل تعدادی مقدار کو مادّہ یا جسم میں تبدیلی کی قسم جاننے اور مقدار کا حساب لگانے کی غرض سے غیر مستقل یا تغیّر پذیر عوامل/اجزا سے ملایا جاتا ہے ؛ سر؛ مکرر ؛ قدر ؛ شرح ؛ ہم کار ؛ حاصل۔

coelacanth, n. ایک قسم کی مچھلی جس کے متعلّق خیال تھا کہ ناپید ہو چکی ہے لیکن۱۹۳۸ءمیں اِس کی ایک قبیل لیٹی میریا چالم نا (Latimeria chalumnae) پائی گئی تو یہ خیال غلط ثابت ہوا۔

coelenterate, n. بے ریڑھ کی ہڈّی کے جانوروں میں سے کوئی ایک جو پرتوی طور پر متناسب ہوتے ہیں جیسے آبی جانور ، جیلی مچھلی اور مُونگے ۔

coelenteron, n. مرجانی جانور کا تھیلے جیسا شکمہ یا جوفۂ معائی؛ قعرمعا؛ رودک ؛ آنت تھیلی۔

coeliac, a. دیکھیے : Celiac ۔

coelom, n. (حیوانیات) شکمک ؛ معدۂ صغیر ؛ زیادہ ترکثیرالخلیاتی جانوروں کے جسم کا بڑا جوف جس کے سرحلمہ میں آنتیں اور دیگر اعضا ہوتے ہیں ؛ فراغہ ؛ سیلوم ؛ کول ؛ قعر۔

coelostat, n. (فلکیات) سماقرار ؛ ایک آلہ جس میں آسمان کا عکس ایک بائیں سے دائیں گھومتے ہوئے آئینے کے ذریعہ ساکن نظر آتا ہے ؛ مقوم السما۔

coenobite, n. خانقاہ نشین ؛ تکیہ نشین ؛ تکیہ دار ۔

coenzyme, n. (حیاتیات) ہم انزیم ؛ معاون خامرہ ؛ ایک نامیاتی مرکب جو کسی کیمیائی خامرہ یا کیمیائی خمیر کے نظام سے مِل کر یا اس کی معاونت سے ایک عامل یا کیمیائی تشکیل دہندہ کا کام کرتا ہے ؛ شریک خامرہ ؛ ہم خامرہ ۔

coequal, a. شریک مساوی ؛ دوسرے شخص/چیز کے برابر یا مساوی ؛ رتبہ ، عزّت یا طاقت میں یکساں یا ایک جیسا ۔ (اسم) وہ شخص/چیز جو دوسرے کے برابر ہو ؛ برابر ؛ یکساں ؛ ہم سر ؛ ہم سنگ ۔

coequality, n. ہمسری ؛ برابر ؛ شراکتِ مساوی ؛ دوسرے کے برابر ہونے کی حالت ؛ مساوات ۔

co-equally, adv. برابری سے ؛ بطور مساوی ؛ علی السویہ ؛ ہمسری سے ؛ مساوی شراکت سے۔

coerce, v.t. جبر کرنا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ بزور روکنا ، قانون یا اختیار کی بہ نسبت اخلاقی دباؤ سے روکنا ؛ دبانا ؛ حکم ماننے پر مجبور کرنا ؛ جبراً باز رکھنا ؛ سختی کرنا ؛ زبردستی کرنا ؛ استبداد سے کام لینا ؛ مجبور کرنا ؛ زیر کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ مزاحمت پر مجبور کرنا ؛ مزاحمت کرنا ؛ طاقت کا استعمال کرنا ؛ بہ جبر حاصل کرنا ۔

coercible, a. جبر پذیر ؛ مزاحمتی ؛ اجباری۔

coercion, n. جبر ؛ اجبار ؛ دباؤ ؛ زبردستی؛ استبداد ؛ سختی ؛ مزاحمت ؛تنگی ؛ مجبوری ؛ ابرام۔

coercive, a. جابرانہ ؛ تہدیدی ؛ فرمانبرداری کرانے پہ قادر ؛ استبدادی ؛ زورآور ؛ زبردست ؛ سخت ؛ سنگین ؛ شدید ؛ تشدّد آمیز۔

coerciveness, n. جابریت ؛ تہدید؛ استبداد ؛ زورآوری ؛ جبر ؛ اجباریت۔

coercively, adv. مجبوراً ؛ جبراً ؛ بجبر ؛ دباؤ سے ؛ استبدادانہ ؛ زور آورانہ۔

coetaneous, a. ہم عمر ؛ ہم عہد ؛ ہم عصر ؛ معاصر ؛ ہم ابتدا ؛ ہم آغاز ؛ ہم سن ؛ ہم زمانہ ۔

coetaneously, adv. ایک ہی سِن یا ابتدا سے ؛ ہم عصرانہ ؛ ہم عہد ہونے کی بنا پر ۔

coeternal, a. ہم ابد ؛ ہم آغاز ؛ ہم قیام ؛ ہم دوام ؛ ہم قدم ۔

coeternally, adv. ہم ابدیت سے ؛ ہم ابدانہ ؛ ہم دوامی انداز میں ؛ ہم قدمانہ ۔

coeternity, n. ہم ابدیت ؛ ابد سے ایک دوسری ابدی ذات کے ساتھ وجود رکھنے کا عمل ؛ ہم آغازی ؛ ہم قیامی ؛ ہم دوامی ۔

coeval, a. ہم عمر؛ ہم سن ؛ کسی کی عمر کے برابر عمر ؛ ہم عہد ؛ ہم زمانہ ؛ ایک ہی عرصہ میں ، اُتنا ہی پرانا یا اُتنے ہی عرصہ سے ؛ معاصر؛ ہم آغاز ۔ (اسم) وہ شخص جو ہم عصر یا ہم عہد ہو ؛ معاصر ؛ ہم زمانہ فرد؛ ہم ابتدا؛ ہم سن ؛ ہم مدّت ۔

coexecutor, n. ہم وثیقہ ؛ شریکِ وصی ؛ شریکِ وصیّت کرنے والا ۔

coexecutrix, n. خاتون شریکِ وصی ؛ ہم وثیقہ خاتون۔

coexist, v.i. ہم وجود ہونا ؛ ہم بُود ہونا ؛ کسی دوسرے کے ساتھ ایک ہی وقت میں ہونا یا وجود رکھنا ؛ بیک وقت ہونا ؛ ہم عصر ہونا ۔

coexistence, n. ہم بُودی ؛ ہم موجودیت ؛ ایک ہی وقت میں دوسرے کے ساتھ موجودیت ؛ دو یا دو سے زیادہ مختلف نظریات رکھنے والی اقوام یا معاشروں کی پُرامن بقائے باہمی ؛ ہم عہدی ؛ ہم عصری ۔

coexistent, a. ہم بود ؛ ہم وجود ؛ ہم عہد؛ ہم عصر؛ ہم وقت ۔

coextensive, a. ہم وُسعت ؛ برابر پھیلاؤ والے ؛ مساوی وسعت یا پھیلاؤ رکھنے والی (اشیا) ؛ ہم مکان ؛ ہم زمان ۔

coextensively, adv. مساوی وسعت سے ؛ ہم زمانی سے ۔

coffee, n. [عربی:قہوہ کے لفظ سے] کافی ؛ ایک مشروب جو گرم پہاڑی علاقوں سے بُن یا جنس قہوہ (Coffea) کے درختوں کے بُھنے ہوئے بیجوں کے سفوف سے تیّار کیا جاتا ہے؛ کافی کے بیج یا درخت یا وُہ جھاڑیاں جن سے یہ بیج حاصل ہوتے ہیں ؛ کافی کا پیالہ (جیسے two cof fees without cream) ؛ وہ تقریب جس میں کافی پلائی جائے (جیسے The Homecoming schedule included several coffees for alumni) درمیانے سے لے کر گہرے بھورے رنگ تک جیسے بالائی ملی ہوئی کافی ۔

coffee house, n. کافی ہاؤس ؛ قہوہ خانہ ؛ کیفے ؛ ریستوران جو کافی کے مختلف مشروبات ، ماکولات اور کبھی کبھی تفریحی پروگرام پیش کرنے کی خصوصیّت رکھتا ہو ؛ سترھویں صدی عیسوی کے انگلستان میں اِسی قسم کا طعام خانہ جہاں غیر رسمی ملاقاتیں اور مباحث ہوا کرتے تھے ۔

cofee klatch, coffee klatsch, n. خواتین کی کافی پارٹی ؛ کافی بیٹھک ؛ ایسی نشست ، خصوصاً خواتین کی ، جس میں کافی پیتے ہوئے غیر رسمی بات چیت یا گپ شپ کی جائے ۔

coffeepot, n. کافی دان ؛ قہوہ دان ؛ قہوہ جوش ؛ برتن جس میں کافی جوش دی جائے یا پیش کی جائے ۔

coffee shop, n. چھوٹا ریستوران جو عموماً بڑے ہوٹلوں میں ہوتا ہے اور جس میں ہلکا پُھلکا ناشتہ یا کھانا مہیّا کیا جاتا ہے ۔

coffee table, cocktail table, n. کافی میز ؛ رہائشی کمرے میں صوفے کے سامنے پڑی ہوئی چھوٹی میز جس پر کافی پیش کی جاتی ہے ، خاکدان پڑا رہتا ہے نیز مشروبات کے گلاس وغیرہ رکھّے ہوتے ہیں ۔

coffeetree , n. شجرِ کافی ؛ قشرِ خولان ؛ جنس عربی قہوہ یا بُن کی پھلیوں کا درخت؛ شمالی امریکا کا کینٹکی نامی ایک اونچا درخت جس کے بیج بطور کافی استعمال ہوتے ہیں ۔

coffer, n. صندوق ، بکس ، خصوصاً قیمتی اشیا رکھنے کی تجوری ؛ مسقف ، محرابی چھت یا مرغول میں دھنسا ہوا سجاوٹی دلّا یا تختہ ؛ صندوق کی مانند کوئی بھی محتوی شے ، مثلاً گولہ بارود کا صندوقچہ یا پانی میں بُنیاد ڈالنے کے لیے آب بند ڈبّہ یا کوٹھی ؛ زر کا صندوق ؛ خزانے کا صندوق ۔ (جمع) خزانہ ؛ رقوم یا مالی وسائل ؛ سرمایہ ؛ تجوری ؛ روپیہ ؛ دھنسا ہوا دلّا (چھت وغیرہ کا)۔ (فعل متعدی) صندوق یا تجوری میں جمع کرنا یا رکھنا ؛ دھنسے ہوئے تختوں سے سقف یا محرابی چھت کی سجاوٹ کرنا ۔

cofferdam, n پانی بند ڈبّہ ، کوٹھی یا محتوی جو لکڑی کے کھمبوں اور مٹی سے بنایا جاتا ہے اور پل کی بنیاد رکھنے بحری جہاز کی مرمّت کرنے یا پانی کی سطح سے نیچے کوئی اور کام کرنے کے لیے پمپ سے پانی نکالنے کے بعد استعمال کیا جاتا ہے ؛ حائطہ بند ۔

coffin, n. تابُوت ؛ میّت کا صندوق ؛ کفن ؛ صندوق یا بکس جس میں رکھ کر انسانی لاش دفن کرتے ہیں یا محرابی چھت کی قبر میں رکھ دیتے ہیں ؛ گھوڑے کے سم کا سخت مادّہ یا ناخن ؛ عُمر گھٹاؤ ؛ نکمّا جہاز ۔ (فعل متعدی) تابُوت میں رکھنا یا بند کرنا ؛ صندوق میں بند رکھنا ؛ کفنانا ؛ تکفین کرنا ؛ بند کرنا ۔

coffin, n. (ایٹمی تکنیکی؛ عوامی) وزنی سیسہ بکس جس میں تابکار مادّہ یا اشیا ترسیل کے لیے رکھتے ہیں ۔

coffin bone, n. سُم ہڈّی ؛ چھوٹی ہڈّی جو گھوڑے کے سُم میں بند ہوتی ہے ؛ گھوڑے کے سُم کی اندرونی چھوٹی ہڈّی ۔

coffin corner, n. (فٹ بال) فٹ بال کے میدان میں گول کی لکیر اور دس گزی لکیر کے درمیان کا رقبہ جس کی جانب اِس توقع میں فٹ بال کو ٹھوکر لگائی جاتی ہے کہ وہ فریق مخالف کے گول کی لکیر کے پرے چلی جائے گی اور اِس طرح گول ہو جائے گا ۔

coffle, n. کارواں ؛ قافلہ ؛ قطارِ اُسریٰ ؛ ایک دُوسرے سے بندھے ہوئے جانوروں یا انسانوں (خصوصاً غُلاموں) کی قطار ؛ لار ؛ لنگار (عربی قافلہ) ۔

cog, n. گراری ؛ دندانہ چرخ ؛ ایک دانت اُس دندانے دار پہیّے کا جس کے دندان ایسے ہی دوسرے پہیّے کے دندانی کٹاؤ میں فِٹ ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ایک پہیّے کی حرکت دوسرے میں منتقل ہوتی ہے ؛ دندانے دار پہیّہ ؛ بڑی تنظیم میں غیر اہم فرد یا بڑی مشین میں غیر اہم پُرزہ ؛ کاگ ؛ دندانے ؛ دانت (پہیے کے) ۔

cog, n. (نجّاری) چُول ؛ ایک شہتیر کا آگے کو نکلا ہُوا پتلا سِرا جو دوسرے شہتیر کے سوراخ میں فِٹ ہو جائے ۔ (فعل متعدّی و فعل لازم) کاگ کے ذریعہ جوڑنا ؛ پُھسلا کر لینا ؛ خوشامد سے حاصل کرنا ؛ پاسے یا دانے بنانا ۔

cogent, a. معقول ؛ دلنشین ؛ زور دار اور واضح طریقے سے حقائق ، خیالات اور دلائل پیش کرکے قائل کرنے یا ترغیب دینے کی قُوّت ؛ چُبھتی ہوئی بات یا دلیل ؛ برمحل ؛ زیر بحث امر سے متعلق ؛ قائل کُنندہ ؛ قوی (دلیل) ؛ مضبوط ؛ پختہ ؛ پکّا ؛ مستحکم ؛ زبردست ؛ زوردار ؛ زور آور ۔

cogency, n. معقولیت ؛ معقول یا دلنشین ہونے کی صفت یا حالت ؛ قوی دلالت ؛ مضبوطی ؛ زور ؛ پختگی ؛ پکّائی ؛ استحکام ؛ زور آوری ؛ دلنشینی ۔

cogently, adv. معقول یا دلنشین طریقے سے ؛ مضبوطی سے ؛ پختگی سے ۔

cogitable, a. قریب القیاس ؛ سوچے جانے کے قابل ؛ قرینِ قیاس ؛ قریب الفہم ؛ قابل قبول ؛ تدبیری ؛ تفکیری ۔

cogitate, v.i. گہرا سوچ بچار کرنا ؛ غور کرنا ؛ فکر کرنا ؛ خیال کرنا ۔

cogitate, v.t. کسی کے بارے میں سوچنا ؛ صورت نکالنا؛

وضع کرنا ؛ کسی شے کا تصوّر کرنا ؛ چتن کرنا ؛ بچارنا ؛ خیال کرنا ؛ فکر کرنا ـ

cogitation, n. تدبُّر؛ سوچنے یا غور کرنے کا عمل؛ خیال ؛ تفکُّر ؛ فکر ؛ سوچ بچار ؛ گیان دھیان ؛ تامل ـ

cogitative, a. غور و فکر کی قوّت سے متصف ؛ متفکّرانہ ؛ متصوّرانہ ؛ دھیانی ؛ تدبّرانہ ـ

cogitatively, adv. سوچ بچار سے ؛ تفکُّر سے ؛ غور و خوض سے ؛ فکر یا تصوّر کے طور پر ـ

cognac, n. کونیاک : ایک قسم کی فرانسیسی برانڈی جو فرانس کے کونیاک شہر سے منسوب ہے جہاں یہ کثیر مقدار میں بنائی جاتی ہے ـ

cognate, a. ہم اصل ؛ خونی رشتہ سے قرابت دار ؛ پیدائش کی نسبت سے رشتہ دار ؛ ننہالی قرابت دار ؛ ہم جد ؛ ہم مصدر ؛ ہم خاندان؛ ہم نسل؛ ہم زبان ؛ ہم طبیعت؛ کسی بھی قسم کی قربت یا نسبت رکھنے والے (جیسے : cognate sounds)؛متجانس ؛ ناتے دار ؛ رشتہ دار ؛ قرابتی ؛ سمبندھی ؛ نسبتی ـ

cognate, n. پیدائشی نسبت کے رشتوں سے منسلک شخص؛ ننہالی رشتہ دار؛ کوئی بھی چیز جو کسی دوسری چیز سے اصل یا خاصیّت کی بُنیاد پر نسبت رکھتی ہو؛ خُونی رشتہ دار؛ صُلبی تعلّق ؛ نسلی تعلّق ؛ ناتہ ؛ رشتہ ؛ تعلّق ؛ نسبت ؛ قرابت ؛ سمبندھ ـ

cognates, n. نظائر ـ

cognation, n. مشترک خُون یا مشترک نسل ہونے کی بُنیاد پر رشتہ داری ؛ ہم نسلیّت ؛ ہم صُلبیّت ؛ رشتہ داری ؛ ہم اصلیّت ؛ ہم خاندانی ؛ نسبتی تعلّق ـ

cognition, n. شناخت ؛ جاننے یا سمجھنے کا عمل یا حقیقت ؛ ادراک ؛ پہچان ؛ تمیز ؛ علم ؛ وقوف ؛ آگاہی ؛ معرفت؛ احساس ؛ گیان ؛ تعقّل ؛ دانش ؛ واقفیّت ـ

cognitive, a. علم رکھنے والا ؛ باوقوف ؛ عارف ؛ گیانی ؛ ادراک رکھنے والا ؛ دانشمند ؛ گن گیان والا ؛ واقف ؛ شناسا ـ

cognizable, a. قابل دست اندازی ؛ توجُّہ یا مشاہدے میں آنے کے قابل ؛ علم ، ادراک یا فہم کے لائق ؛ عدالتی توجّہ یا سماعت کے قابل ؛ اندرون اختیاراتِ عدالت ؛ قابلِ فہم ؛ قابلِ ادراک؛ قابل شناخت ـ

cognizably, adv. محسوس طریقے پر ؛ قابلِ سماعت طریق پر ؛ بظاہر ؛ قابلِ دست اندازی ؛ قابل فہم انداز میں ـ

cognizance, n. آگہی؛ توجّہ ؛ آگاہی یا علم؛ ادراک ؛ مشاہدہ؛ دائرۂ مشاہدہ؛ وقوف ـ (قانون) عدالتی یا حکمانہ نوٹس ، توجّہ یا آگاہی؛ عدالتی اختیارِ سماعت اور اختیار تعیّنِ اسباب؛ اختیارِ دست اندازی؛ اطلاع؛ سُنائی؛ سُنوائی ؛ اختیار ؛ امتیازی نشان ـ (نقابت) طُرّہ ؛ امتیازی علامت؛ بیج ؛ نشانِ شناخت جو خادم یا سپاہی اپنے مالک یا جماعت کو ظاہر کرنے کے لیے لگاتا ہے ـ

cognizant, a. ذی ادراک ؛ ذی وقوف ؛ جاننے والا ؛ واقف ؛ محرم ؛ مطلّع ؛ متوجّہ ؛ مختار ؛ ممتاز ؛ مُدرک ـ

cognizant of, a. آگاہ (کسی سے) ؛ واقف؛ قانونی یا عدالتی کارروائی کا مجاز؛ مختار؛ صاحب اختیار ـ

cognize, v.t. درخورِاعتنا سمجھنا ؛ غوروفکر کے لائق خیال کرنا ؛ ادراک کرنا ؛ ادراک یا وقوف کرنا ؛ (کسی چیز کی) خبر یا شعور رکھنا ؛ علم رکھنا؛ وقوف یا ادراک رکھنا؛ شناخت کرنا ـ

cognomen, n. خاندانی نام؛ لقب ؛ باعزّت رُومی خاندان سے تعلّق رکھنے والے فرد کے سہ اسمی نام کا آخری اسم جو خاندانی نام یا لقب ہوتا ہے ؛ امتیازی نام ؛ گوت نام ؛ عُرف ؛ سرنامہ ؛ اڑنام ؛ اسم ؛ نام ـ

cognominal, a. لقبی ؛ نسلی ؛ نسبی ؛ عُرفی ؛ ہم نام ؛ ہم اسم ؛ ایک نام ؛ ہم نسل ؛ ہم نسب ؛ ہم لقب ـ

cognoscenti, n. صاحبانِ ذوق ؛ وہ اشخاص جو کسی شُعبہ میں ، خصوصاً فیشن ، ادب یا فنون لطیفہ میں ، خصوصی معلومات یا مہارت کے دعوے دار ہوں؛نکتہ رس ؛ دقیقہ شناس ؛ ناقدین ـ

cognoscible, a. جاننے کے لائق ؛ عدالتی تحقیق یا تفتیش کے قابل ؛ ممکن العلم ـ

congnoscibility, n. عدالتی تحقیق یا تفتیش ؛ جانچ ـ

cognovit, n. (قانون) اقبالِ دعویٰ : مدعا علیہ کی طرف سے یہ اقبال کہ مدعی کا دعویٰ یا دعوے کا کوئی جُز صحیح ہے ، اس لیے مدعا علیہ کی یہ درخواست کہ اخراجات میں بچت کے پیشِ نظر مقدمہ کی مزید کارروائی کے بغیر فیصلہ کیا جائے ـ

cograilway, n. دنت پہیّہ پڑی ؛ چرخ دندانی پٹڑی ریل دار یا پٹڑی دار رستہ جو بہت زیادہ ڈھلوان پر اس طرح بنایا جائے کہ پٹڑی پر دندانے ہوں جو بوگیوں کے دندانے دار پہیوں میں پھنس کر کھنچے رہیں تاکہ رفتار قابو سے باہر نہ ہونے پائے ؛ دنتیلا رستہ ـ

Cogswell chair, Coxwell chair, n. چرخ دندانی کرسی : آرام کرسی جس کی ڈھلوان پُشت ، کھلی ہوئی طرفین اور چرخی دار دو پائے ہوتے ہیں ؛ دنتیلی کُرسی ؛ دنت پہیّہ کرسی ـ

cogwheel, n. دندانے دار پہیّہ ؛ دندانے دار چرخیوں کا جوڑ؛ دنت پہیّہ؛ دنت چرخ ؛ دندانہ پہیّہ؛ دنتیلا پہیّہ؛ دندانے دار چکر ـ

cohabit, v.i. ساتھ رہنا ؛ شوہر اور بیوی کی طرح ساتھ رہنا : یہ لفظ ایسے ایک ساتھ رہنے والے مرد و عورت کے لیے استعمال ہوتا ہے جو قانونی طور پر شادی شدہ نہ ہوں ؛ ہم خواب یا ہم بستر ہونا؛ مباشرت کرنا؛ صُحبت کرنا؛ جماع کرنا ـ

cohabitation, n. ہم خوابی؛ صحبت داری؛ مباشرت؛ وصل ؛ جماع ؛ بھوگ ؛ مقاربت ؛ صحبت ؛ ہم بستری ؛ مجامعت ؛ وصلت؛ مواصلت ـ

coheir, n. مشترکہ وارث : ایسا وارث جو دو یا زیادہ ورثا میں تقسیم شُدہ جائیداد کا حصّہ دار ہو؛ ہم میراث ؛ انسبی ؛ ہم ورثہ ؛ شریک میراث ؛ ترکہ دار ـ

coheiress, n. خاتون مشترکہ وارث ؛ ہم میراث عورت ؛ ہم ردیف عورت ؛ ہم ورثہ زن ـ

cohere, v.i. بہم چپکنا یا دو چیزوں کا جڑنا ؛ ملنا یا متحد ہونا ؛ مربُوط ہونا ؛ جمنا ؛ ایک ہی ڈھیر کے ٹُکڑے یا اجزا ہونے کی حیثیّت سے جڑے ہوئے یا ملے ہوئے ہونا ؛ بحث یا دلیل میں ایک دوسرے سے متفق ہونا یا منطقی لحاظ سے معقول ہونا ؛ لپسنا ؛ سٹنا ؛ چمٹنا ؛ لگنا ؛ اِک رنگ ہونا ؛ یکسانی ہونا ـ

coherence, coherency, n. اتّصال ؛ باہمی وصل یا ربط ؛ پیوستگی ؛ چسپیدگی ؛ یک رنگی ؛ خیالات کی ہم آہنگی ؛ منطقی معقولیت ؛ ربط ؛ جھاؤ ؛ وصل ؛ لپساؤ ؛ لگاؤ ؛ میل ؛ سمبندھ ؛ تعلّق ـ

coherent, a. چسپیدہ ؛ چپکا ہوا ؛ جما ہوا ؛ اجزا کے درمیان اتفاق یا ہم آہنگی جیسی کسی نقش میں ہوتی ہے ؛ منطقی ؛ معقول (جیسے : a coherent argument or discourse, a coherent speaker)؛ ملا ہوا ؛ مربوط ؛ یک رنگ ؛ یکساں ؛ قوی الحُجّت ؛ سہل؛ یسیر الفہم ۔

coherently, adv. منطقی ، معقول یا مربوط و ہم آہنگ طریقے سے اتصالی ؛ متصل ہونے کے انداز میں ۔

cohesion, n. چسپیدگی ؛ پیوستگی ؛ اتّصال ، ربط یا باہمی اتفاق کا عمل یا کیفیت ؛ التصاق ؛ کششِ اتّصال ؛ لزوب ؛ لگاؤ ؛ یک جہتی ؛ اجتماعیّت ؛ ربط ۔ (طبیعیات) وہ توانائی یا طاقت جو جسم کے ذرّوں کو پیوستہ رکھتی ہے اور جسم کو تحلیل ہونے یا سڑنے گلنے سے بچاتی ہے ؛ قوتِ جاذبہ ۔ (نباتیات) یکساں اجزا یا حصّوں کے درمیان ربط و اتّصال ، جیسے پُھول کی پنکھڑیوں کے درمیان ربط ۔

cohesive, a. چسپیدہ؛ باہم پیوستہ ؛ چسپندہ ؛ اِتّصالی ؛ اتّصال پذیر ؛ التصاقی ؛ ملے ہوئے ؛ پاس پاس ؛ لازب ؛ مائل ؛ متصل ۔

cohesively, adv. پیوستگی سے ؛ اِتّفاق و اِتّحاد سے ؛ اتّصالی انداز میں ؛ التصاقی طریقے سے ۔

cohesiveness, n. چسپیدگی ؛ پیوستگی ؛ اتحاد ؛ اتصال ؛ مربوط و متحد ہونے کی صفت یا رُجحان ؛ اتصالی کشش ؛ التصاقی حالت ؛ میل ؛ ملاپ؛ لگاؤ۔

cohort, n. رومی فوج کے لیجن کا دسواں حصّہ ، یعنی پانچ سے چھ سو تک کا دستہ؛ عام معنوں میں سپاہیوں یا جنگجو جوانوں کا گروہ یا جماعت ؛ گروہ (جیسے : a cohort of enthusiastic followers)؛ جرگہ ؛ ہم سلسلہ ؛ قبیلہ ؛ خاندان ؛ فوج کا پرّا؛ مَجمع ۔

cohosh, n. کوہاش : شمالی امریکا کی کئی طبّی جڑی بُوٹیوں میں سے کوئی ایک بوٹی ، مثلاً سیاہ کوہاش/سمی سی فیوگا نسل (Cimicifuga) اور نیلی کوہاش (Caulophyllum thalictroides) ۔

coif, n. ببیانی یا زنانی ٹوپی ؛ ایک قسم کی ٹوپی؛ کلاہ ؛ کنٹوپ؛ مختلف قسم کے کنٹوپ نُما چُست ٹوپیوں میں سے کوئی ایک؛ ایسی ٹوپیاں ۱۲۰۰ عیسوی کے لگ بھگ زن و مرد دونوں پہنتے تھے ، ایسی ٹوپیاں اب بھی بعض عیسائی فرقوں کی راہبائیں نقاب کے نیچے پہنتی ہیں؛ سفید و چست ٹوپی جو پہلے زمانے میں انگلستان کے بیرسٹر اور عدالتی سارجنٹ پہنتے تھے ؛ عدالتی سارجنٹ کا دفتر ۔ (نقابت) حفاظتی ٹوپی جس میں کپڑا ، چمڑا یا دھات بھری ہوتی ہے اور جسے فوجی کلاہ یا زرّہ کے کنٹوپ کے نیچے پہنا جاتا ہے ۔

coif, v.t. کنٹوپ سے پوشش کرنا یا ڈھانکنا ؛ سنوارنا، مثلاً بالوں کو سنوارنا ۔

coiffeur, n. مشّاطہ ؛ بال سنوارنے والا ؛ حجام ؛ نائی ؛ بال تراش ؛ زلف تراش ۔

coiffure, n. ببیانی یا زنانی ٹوپی ؛ سر کی پوشش یا ٹوپی ؛ بال بنانے کا طرز یا وضع ؛ مانگ پٹّی ؛ کنگھی چوٹی ؛ مشاطگی ۔ (فعل متعدّی) کنگھی چوٹی کرنا ؛ بال سنوارنا ؛ بال بنانا ۔

coil, v.t. گولے ، لچّھے یا کنڈل کی شکل میں رسّی یا زنجیر کو اکٹھا کرنا ؛ بل یا چکّر دے کر مخروطی انٹی بنانا؛ لچھیانا ؛ لچّھا بنانا ؛ لپیٹنا ؛ کنڈل بنانا ۔ (فعل لازم) چھلے یا چکر بننا ؛ بل کھانا ؛ دائرے میں چلنا؛ لہرا کر یا بل کھا کر چلنا؛ سانپ چال چلنا ۔

coil, n. کائل؛ گولا؛ لچھّا؛ پنڈا؛ انٹی؛ کنڈل؛ کنڈلی ؛ گھونگر ؛ مرغولہ ؛ چھلاّ : چکّر یا چکّروں کا مجموعہ یا لچھّا جو رسی ، زنجیر یا کسی بھی لچکدار اور پتلی چیز کو لپیٹ کر بناتے ہیں؛ پائپ یا نلکی جسے چکّر دے کر مخروطی شکل بنائی جاتی ہے یا جُڑی ہوئی نلکیاں جن کی ایک کنڈلی بنائی جائے جیسا کہ ریڈئیٹر یا حرارت ربُا میں ہوتا ہے ۔ (برق) تار ، خصوصاً وہ تار جس کا لچھّا تکون یا لمبی چرخی کی شکل میں بنا کر موصل (conductor) یا امالہ (inductor) کے طور پر استعمال کرتے ہیں؛ بینڈا؛ ڈور کا گولہ ۔ (متروک،نظم) شور و شغب؛ گڑبڑ؛ پریشانی؛ ابتری ۔

coin, n. سِکّہ؛ زر؛ کسی دھات ، جیسے چاندی ، سونے ، تانبے یا دھاتوں کے مرکّب کا ٹکڑا جس پر مہر لگا کر سِکّہ یا مقررہ قیمت کا زرمسکوک بنایا جائے ؛ ایسے سِکّوں کا اجتماعی نام؛ زر یا رقم ۔ (فن تعمیر) عمارت کا بیرونی زاویہ یا کونا؛ کونیا یا کونا پتھّر؛ مُدرا ؛ روپیہ؛ سِکّۂ قلب؛ گھسا سِکّہ ؛ دھوکے کی چیز ؛ جعلی شے ؛ کھوٹا روپیہ ؛ پیسہ ؛ میخی روپیہ ؛ کٹا روپیہ ؛ چھینی دار روپیہ ؛ پھوٹا روپیہ ؛ چلتا سِکّہ یا روپیہ ؛ سِکّہ رائج الوقت ؛ جعلی سِکّہ ۔

coin, v.t. مہر لگا کر سِکّہ بنانا؛ سِکّہ ڈھالنا؛ دھات کو سِکّے میں تبدیل کرنا ؛ بنانا ، گھڑنا یا اختراع کرنا (جیسے : to coin an expression) ؛ دماغی قُوّت سے دولت بنانا؛ پیدا کرنا ؛ روپیہ بنانا ؛ سِکّہ یا پیسہ بنانا؛ سِکّہ مارنا؛ ضرب دینا؛ ایجاد کرنا؛ نکالنا؛ لفظ گھڑنا ۔

coinage, n. تسکیک ؛ سِکّہ ڈھلائی ؛ ضربِ سِکّہ ؛ سکّہ سازی ؛ سِکّہ ڈھالنے یا بنانے کا عمل یا طریق کار ؛ سِکّہ؛ زرِ سِکّہ ؛ اختراع ، تشکیل یا پیدا کرنے کا عمل ؛ گھڑا ہُوا یا اختراع کیا ہوا ، جیسے کوئی لفظ ؛ بنوائی ؛ رائج الوقت سِکّے ؛ گھڑے ہُوئے الفاظ ؛ من گھڑت ؛ اختراع ؛ بندش ؛ ساخت ؛ افتراپردازی ؛ اختراعِ مسکوکات ؛ سِکّہ زنی ؛ بناوٹ ؛ ایجاد ۔

coincide, v.i. ہم مکان ہونا ؛ ٹھیک بیٹھنا ؛ ٹھیک آنا ؛ چسپاں ہونا ؛ منطبق ہونا ؛ ہم زمان ہونا ؛ ایک ہی وقت میں واقع ہونا ؛ مطابق ہونا؛ موافق ہونا؛ متفق ہونا؛ مکانی اعتبار سے اُسی جگہ پر ہونا ، زمانی اعتبار سے اُسی نقطہ پر یا اُسی وقت میں ہونا اور اضافی لحاظ سے اُسی وضعِ اضافیّہ میں ہونا ؛ فطرت اور کردار میں بالکل یکساں ہونا ؛ رائے میں متفق و مؤیّد ہونا ؛ مماثل ہونا؛ ایک مت ہونا؛ ایک رائے ہونا؛ رائے ملنا ؛ متفق الرائے ہونا ؛ ملنا ؛ موافقت دار ہونا ؛ توافق ہونا ۔

coincidence, n. انطباق ؛ ہم مکانیّت ؛ ہم زمانیّت ؛ مطابقت ؛ تطابق ؛ ٹھیک بٹھاؤ ؛ موافقت ؛ اتفاق ؛ سنجوگ؛ مطابقت کی حالت یا حقیقت؛ حالات ، کردار ، رائے یا جذبات میں تطابق کی مثال ؛ ٹھیک ٹھیک مطابقت ، خصوصاً ایک ہی وقت میں ، بظاہر اتفاقاً ، دو یا زیادہ یکساں واقعات کا تعجّب خیز طور پر وقوع ؛ توافق ؛ یکسانیت ؛ میل ۔

coincident, a. ہم مکان یا ہم مقام؛ ہم زمان یا ہم وقت ؛ مُطابق یا موافق ؛ یکساں فطرت کے حامل ؛ ایک دوسرے سے بالکل متفق ؛ منطبق ؛ مماثل ؛ یکساں ۔

coincidental, a. تطابقی ؛ ہم مکانی ؛ ہم زمانی ؛ تطبیقی ؛ منطبق ؛ مطابقی ؛ بیک وقت واقع ہونے یا موجود ہونے والے ۔

coincidentally, coincidently, adv. تطبیقانہ ؛ تطابقت سے ؛ توافق سے ؛ مماثلت سے ؛ ساتھ ساتھ ؛ بیک وقت ؛ اسی وقت ؛ اتفاقاً ؛ اتفاق سے ۔

coinheritance, n. مشترکہ وراثت ؛ وراثت باہمی ؛ شراکت مشترکہ ۔

coinheritor, n. شریکِ میراث ؛ ہم ورثہ ؛ ہم میراث ؛ شریک وارث ۔

coinstantaneous, a. بیک وقت واقع ہونے والا ؛ ہم ساعت ؛ ہم آن ؛ ہم وقت ؛ ہم زمان ۔

coinstantaneously, adv. ہم ساعتی ؛ بیک وقت ؛ ہم زمانی طور پر ۔

coinsurance, n. بیمۂ مشترکہ : کسی دوسرے یا دوسروں کے ساتھ مشترکہ بیمہ خصوصاً بیمۂ آتش کی ایک قسم جس میں ایک شخص جو جائیداد کا بیمہ اس کی پوری قیمت سے کم پر کرتا ہے ، شریک بیمہ کرنے والا سمجھا جاتا ہے اور نقصانات کے لیے دوسروں کے ساتھ برابر کا ذمّہ دار ہوتا ہے ؛ ایک ہی جائیداد کے لیے دو بیمہ کاروں کی ذمّہ داری ؛ ہم ردیف بیمہ ؛ متوازی بیمہ ۔

coinsure, v.t., v.i. کسی دوسرے یا دوسروں کے ساتھ مشترکہ بیمہ کرانا ، خصوصاً مشترک بیمہ کی بنیاد پر بیمہ کرنا ۔

coir, n. نارا ؛ لیف ناریل ؛ ناریل کا ریشہ جس سے رسّی ، بان ، بادبان کا کپڑا اور چٹائیاں بنائی جاتی ہیں ؛ ناریل کی رسّی ۔

coition, n. وصل ؛ جماع ؛ مباشرت ؛ مجامعت ؛ جفتی ؛ مقاربت ؛ کام ؛ مواصلت ؛ صُحبت ؛ صحبت داری ۔

coitus, n. جماع ؛ جنسی جماع ؛ مباشرت ؛ صُحبت ؛ مجامعت ؛ جفتی ؛ بھوگ ؛ وصل ؛ وصلت ؛ مواصلت ؛ وصال ۔

coital, a. مجامعتی ؛ مباشرتی ؛ بھوگی ؛ وصلی ؛ وصالی ۔

coke, n. کوک ۔ (عوامی) کوکین ۔
(بڑے C سے) مشروب کوکا کولا ۔ (تجارتی نشان) ۔

coke, n. نرکوئلہ ؛ ہلکا کوئلہ ؛ کوک ، زیادہ کاربن والا ایندھن جسے پتھّر کے کوئلے سے بذریعہ کشید فالتو مادّہ خارج کر کے حاصل کیا جاتا ہے اور خاص طور پر دھاتیں بنانے کے کام آتا ہے ؛ دیگر کاربونی اشیا ، مثلاً پٹرولیم ، سے کشید کے بعد حاصل شدہ مادّہ ؛ جھانواں کوئلہ ؛ پتھّر کا کوئلہ جس کو جلا کر بُجھا لیتے ہیں ۔

coke, v.t., v.i. کوک میں بدلنا یا تبدیل کرنا ۔

col, n. (ارضیات) تنگ گھاٹی : شگاف یا پہاڑی سلسلہ کی دو چوٹیوں کے درمیان زین کی شکل کا نشیب جو عموماً درّہ ہوتا ہے ؛ وہ مقام جہاں پہاڑ ڈھلواں وادی کی شکل اختیار کرتا ہے ۔ (موسمیات) دو ہر بگولوں (پاگرد باد) کے درمیان کم دباؤ کا نسبتاً تنگ ستون ؛ بین ؛ گرد باد ۔

cola, n. colon کی جمع بمعنی وقفِ توضیحی جسے اوپر تلے دو نقطوں سے اور اکثر آگے ایک خط کھینچ کر ظاہر کرتے ہیں ، نیز قولون یا بڑی آنت ۔

cola, n. کولا ؛ یکے از کاربونی مشروبات جو مختلف شیریں اجزا ، خوشبودار اشیا ، تیزابوں اور کولا درخت کے بیجوں کے ست نیز کوکا پودے کے پتّوں سے بنایا جاتا ہے ۔

colander, n. چھلنی : برتن جس کے پیندے میں چھوٹے چھوٹے سوراخ کیے گئے ہوں تا کہ رقیق چھانے جا سکیں ؛ پونی ؛ غِربال ؛ چھرّے ڈھالنے کا سانچا ؛ چھنّی ۔

colatitude, n. عرض التمام : عرض البلد کا تتّمہ یا کسی خاص عرض البلد اور نوّے ڈگری کے درمیان فرق ۔

colcannon, n. ایک آئرستانی کھانا جسے تیار کرنے کے لیے کرم کلّہ اور آلوؤں کو جوش دینے کے بعد باہم ملا کر محفوظ کر لیا جاتا ہے ۔

colchicine, n. سورنجین ؛ کولچی سین ؛ سورنجان : ایک زہریلا ، تقریباً بے بو ، اور زرد رنگ القلی ، جو قلمی یا نقلمی سفوف کی صورت میں سورنجان یا جنگلی زعفران کے پودے سے حاصل کیا جاتا ہے ۔ (طِب) سورنجان کا نمک تنین ، گٹھیا کے علاج میں بطورِ دوا استعمال ہوتا ہے ۔ (حیاتیات) سورنجان کا ایک مرکّب جو پودوں کو لونیہ یا کثیر لونیویہ یعنی رنگین بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، اس لیے باغبانی اور زراعت کی ترقی میں اسے خاص اہمیّت حاصل ہے ۔

colchicum, n. سورنجان : سوسنی پودوں کی ایک جنس ، جس کی عام قسم جنگلی زعفران کہلاتی ہے ، اس پودے کی جڑ پیاز یا شلجم جیسی اور زعفران کی طرح ارغوانی پھول ہوتے ہیں ، یورپ کے مختلف علاقوں میں پیدا ہوتا ہے ۔

colcopter, a. خول پرہ ۔

colcothar, n. قلقطار : لوہے کا کتھئی /سرخ پیرا آکسائڈ یا زنگار جسے شیشے پر جلا کرنے کے لیے اور بطور رنگ استعمال کرتے ہیں ۔

cold, a. ٹھنڈا ؛ سرد ؛ خنک ؛ بارد ؛ جسم میں حرارت کم ہونے سے پیدا ہونے والا احساس ؛ کپکپانے والی ٹھٹر ؛ سرد (آب و ہوا) ؛ معمول کے جسمانی درجۂ حرارت سے کم گرم ؛ نسبتاً کم درجۂ حرارت والا ؛ گرم جوشی سے محرُوم ۔ (مجازاً) جذبہ ، جوش یا ولولہ میں کم ؛ بے اعتنا ؛ لاپروا ؛ لاتعلّق ؛ جنسی یا شہوانی خواہش سے محروم ؛ پارسا ؛ بے مہر ؛ بے لحاظ ؛ غیر دوستانہ ؛ بے حس ؛ غیر دلچسپ ؛ افسردہ کُن ؛ اداس کرنے والا ؛ پژمردہ کرنے والا ؛ ہلکی یا کمزور خوشبو ؛ مدّھم ، ڈل رنگ ، مثلاً خاکی یا نیلا سُرخ یا زرد کے مقابلے میں ؛ مبرد ؛ سیتل ؛ سیلا ؛ تھرتھراتا ؛ کانپتا ؛ لرزاں ؛ سردمہر ؛ افسردہ دل ۔

cold, n. ٹھنڈک ؛ سردی ؛ جاڑا ؛ ٹھنڈ ؛ سرما ؛ حرارت کی اضافی غیر موجودگی ؛ زیریں درجۂ حرارت کی کیفیّت ؛ جسم میں حرارت کی کمی کے باعث کپکپی کا احساس ؛ ٹِھٹر ؛ سانس کی بالائی نالیوں میں سمّی مادّہ (virus) کی چُھوت جس کے بارے میں عام خیال یہ ہے کہ سردی لگنے سے ہوتی ہے اور جو زکام ، نزلہ ، گلے میں خرابی اور کھانسی کی تکالیف کا باعث بنتی ہے ؛ عام نزلہ زکام ؛ ٹھنڈا ناشتہ ؛ ٹھنڈی حاضری ؛ برودت ؛ سرما ؛ ٹھنڈا پن ؛ ہوا زدگی ؛ جُھرجُھری ؛ تھرتھری ؛ کپکپی ؛ لرزہ ؛ جاڑے کی رُت ۔

cold-blooded, a. ٹھنڈا ؛ سرد خون والے : ایسے جانوروں کی بابت یا ان کے متعلّق جن کے خون کا درجۂ حرارت آس پاس کے ماحول کی مطابقت سے درجہ انجماد کے برابر یا اس سے اوپر ہوتا ہے جیسے مچھلیاں اور رینگنے والے جانور ۔ (مجازاً) بے حس ؛ جذبات سے عاری ؛ غیر ہمدرد ؛ بے رحم ؛ بے درد ؛ ٹھنڈی مٹّی ؛ سرد خونا ؛ بے مہر ؛ سرد مہر ؛ ٹھنڈی مٹّی کا ؛ بے جوش ؛ سرد خُون والا ؛ بلغمی مزاج ۔

cold-bloodedly, adv. بے دردی سے ؛ بے رحمی سے ؛ سرد مہری سے ۔

cold-bloodedness, n. بے دردی ؛ بے رحمی ؛ بے حسی ؛ سردمہری ؛ بے اعتنائی ؛ کم توجہی ؛ بے پروائی ؛ غفلت ؛ رُکھائی ؛ مردہ دلی ۔

cold chisel, n. فولاد چھینی ؛ اجنہ ؛ ٹھنڈی دھاتوں کے کاٹنے کے لیے مضبوط فولادی چھینی یا بسولی ؛ ٹانکی ؛ رکھانی نہانی ۔

cold cream, n. کولڈ کریم : گاڑھی اور چکنی سنگھاری کریم یا ملائی جس سے جلد کو صاف اور چکنا کیا جاتا ہے ؛ ملائی ؛ بالائی ؛ پُپڑی یا جھلّی ۔

cold cuts, n. (جمع) ٹُکڑے یا قتلے کیے ہوئے مختلف اقسام کے سرد گوشت اور پنیر ۔

cold deck, cold-deck, n. (عوامی) تاش کی وہ گڈی جس کے پتّوں پر خفیہ نشان لگائے گئے ہوں اور جسے کھیل میں دھوکا دینے کے لیے زیر استعمال گڈی سے بدل دیا جائے ۔ (فعل متعدی) دھوکا دینا ؛ ہاتھ دکھانا ؛ جعلسازی کرنا ۔

cold feet, n. (بول چال) ہمّت یا اعتماد کا فقدان ، خصوصاً کسی مجوزہ یا شروع کردہ کام کی تکمیل کے سلسلے میں ؛ بے ہمتی ؛ مُردہ دلی ۔

cold frame, n. سرد چوکھٹا ، شیشے کا چوکھٹا جو پنیری یا پودوں کی کیاریوں پر رکھا جاتا ہے تاکہ انہیں سردی سے محفوظ رکھ سکیں ؛ حفاظتی چوکھٹا ؛ بچاؤ فریم ۔

cold front, n. سرد محاذ : کُرّہ باد میں ہوا کے حرارتی مادّوں کے درمیان کا علاقہ جس میں زیادہ سردمادّہ نسبتاً زیادہ گرم مادّے کی جگہ لے رہا ہو ۔

coldness, n. سردی ؛ ٹھنڈ ؛ خُنکی ؛ افسردہ دلی ؛ سردمہری ؛ سرد ہونے کی خاصیت یا کیفیت ؛ جنس کی طرف سے لاپروائی ؛ عدمِ توجہی ؛ ٹھنڈک ؛ نامردی ؛ عدم دلچسپی ؛ لاپروائی ۔

cold rubber, n. (کیمیا) منجمد ربڑ ؛ خُشک ربڑ : ترکیبی/مصنوعی ربڑ جو بہت پائیدار ہوتی ہے ، اسے نسبتاً کم درجۂ حرارت پر تیّار کیا جاتا ہے ، یہ ٹائروں پر ربر کا نیا خول چڑھانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

cold shoulder, n. بول چال) برتاؤ میں سرد مہری ؛ لاتعلّقی یا دانستہ نظرانداز کرنے کا کھلا اظہار (جیسے : .to give the cold shoulder) ۔

cold shoulder, v.t. کسی سے سرد مہری کا برتاؤ کرنا ؛ رُکھائی دکھانا ۔

cold sore, n. تبخال : مُنھ کے آس پاس آبلے اُبھرنے کی بیماری جو اکثر نزلے یا بخار کی حالت میں ہو جاتی ہے ؛ ہونٹ کی پھنسیاں یا چھالے ۔

cold sweat, n. ٹھنڈا پسینہ : کپکپی جس کے ساتھ پسینہ بھی آتا ہے ، ایسی سردی عموماً اعصابی خوف یا گھبراہٹ میں لگتی ہے ۔

cold war, n. اعصابی جنگ ؛ سرد جنگ : قومی فائدہ یا دوسری قوموں پر برتری حاصل کرنے کے لیے شدید سیاسی ، معاشی اور نفسیاتی مقابلہ جو مسلح جنگ پر منتبج نہیں ہوتا ۔

cold wave, n. سرد لہر ؛ موجِ سرد : درجۂ حرارت کی زیادہ اور یکایک گراوٹ جس کی وجہ سے سردی کی لہر وسیع علاقہ کو متأثر کر دیتی ہے ۔

cole, n. سرسوں/تلی یا جنس سرسوں (Brassica) سے تعلّق رکھنے والے دیگر پودے ؛ کرم کّلا ، بند گوبھی ، کلّم ؛ کرنب ۔

colectomy, n. (جرّاحی) قولون براری : بڑی آنت یا قولون کی مکمّل یا جُزوی علیحدگی بذریعہ جراحی ۔

colemanite, n. ایک معدن جو کیلسیم کے آبی سہاگے پر مشتمل ہوتا ہے ، یہ کیلیفورنیا میں بے رنگ تا سفید رنگ کے یک میلان اور نہایت چمکدار ذرّوں کی شکل میں پایا جاتا ہے اور سہاگہ بنانے کے کام آتا ہے ۔

coleopter, flying barrel, n. (طیرانیات) جُعلان : ایک حلقہ نُما پر یا بازو والا ہوائی جہاز جو عموداً چڑھتا اترتا ہے ؛ جُعَل ؛ غلاف پر ۔

coleopterous, a. (حشریات) غلاف پر ؛ غلاف شدہ : حشرات یا کیڑوں کی بڑی جنس غلاف پرّاں کا کوئی حشرہ یا کیڑا جس میں جھینگر بھی شامل ہیں ، جن کے اگلے بازو سینگ نما اور پچھلے جھلی دار ہوتے ہیں ؛ پوشش پردہ ؛ جُعلان ۔

coleslaw, n. سلاد جو کرم کلّے کی کچی پتیاں تراش کر بنائی جاتی ہے ۔

coleus, n. کولس : اسی نام و جنس کا افریقہ و ایشیا کے گرم علاقوں کا ایک پودا ہے ، جس کی بعض قسمیں خوبصورت پتّوں کی وجہ سے کاشت کی جاتی ہیں ۔

colewort, n. کرم کلّہ ؛ کوئی بھی پودا بشمول کرم کلّہ ؛ بند گوبھی ؛ کلّم ؛ کَرنَب ۔

colic, n. قولنج : آنتوں کا تکلیف دہ تشنُج ، خصوصاً قولون یا بڑی آنت کا درد جس کی وجہ سے کبھی کبھی بُخار اور ورم بھی ہو جاتا ہے ؛ قولونی درد ؛ پیٹ کا درد ؛ دردِ شکم ؛ مروڑا ؛ کرکری ؛ پیچ ؛ اڑ ؛ مروڑ ۔

colicky, a. قولنجی ؛ قولنج زدہ ؛ متعلّق بہ درد شکم ۔

colic, a. قولون کے متعلّق ؛ قولونی (درد) ۔

colicroot, n. شمالی امریکا کی دو سوسنی بوٹیوں ، الٹرس فیری نوسا (Aletris farinosa) اور الٹرس اوریا (A.aurea) میں سے کوئی ایک جو دردِ قولنج رفع کرنے کے لیے مشہور ہیں ؛ بعض دیگر پودے جو قولنج کی دوا کے طور پر مشہور ہیں ۔

colicweed, n. قولونی جھاڑ : جنس کوری ڈالس (Corydalis) ۔ کے پودے ؛ ڈچ مین کی برجس ۔

coliform index, n. جراثیم شُماری درجہ ؛ جراثیمی اشاریہ : فضلاتی جراثیم کے شمار کی بُنیاد پر پانی کی صفائی کی درجہ بندی ۔

colin, n. ورجینیا کا بٹیر یا امریکا کا تیتر ؛ شمالی امریکا کی گانے والی چڑیا ۔

Coliseum, n. دیکھیے : Colosseum ۔

colitis (امراضیات) قولون کا ورم ؛ التہاب قولون ؛ سوزشِ قولون ۔

collaborate, v.i. ساتھ مل کر کام کرنا ، خصوصاً ادب اور فنونِ لطیفہ کے شعبوں میں ؛ ساتھ محنت کرنا ؛ اپنے ملک کے دشمن سے تعاون کرنا ؛ ہاتھ بٹانا ؛ رفاقت کرنا ؛ شرکت کرنا ؛ شریک کار ہونا ؛ ساتھ دینا ؛ ہم کاری کرنا ۔

collaboration, n. شرکتِ کار ؛ رفاقت ؛ ہم کاری ؛ ہاتھ بٹائی ؛ شرکت محنت ؛ شرکت ؛ ساتھ ؛ مدد ۔

collaborator, n. شریک ؛ شریکِ کار ؛ شریکِ محنت ؛ رفیقِ کار ؛ ہم کار ؛ معاون ؛ مددگار ؛ دست گیر ؛ ساتھی ۔

collaborationism, n. وطن دشمن سرگرمیوں میں دشمن سے تعاون ؛

هم کاریّت ؛ معاونت ۔

collaborationist, n. دشمن سے تعاون کرنے والا ؛ هم کار ؛ معاونت پسند ۔

collage, n. ایک قسم کا فن/آرٹ جس میں مختلف اشیا ، جیسے اخباروں ، رسالوں کے ٹکڑوں ، نقوش اور تصاویر کو ترتیب دے کر ایک خوشنما طریقے سے لگایا جاتا ہے ۔

collagen, n. کولیجن : لحمیّہ جو فقاری جانوروں کے جوڑنے والی نسیج خصوصاً کھال ، ہڈیوں اور پٹھوں میں سفید ریشے کا بڑا حصّہ ہوتا ہے جنھیں ابال کر گوند اور جیلاٹن حاصل کی جاتی ہے ؛ لس زا ؛ کالیجن ۔

collapse, v.i. گر پڑنا ؛ بکھر جانا ؛ ٹوٹ جانا ؛ یکایک گر پڑنا یا دفعتاً دھنس جانا ؛ ڈھیر ہو جانا ؛ ختم ہو جانا ؛ کسی نتیجہ یا انجام تک نہ پہنچنا ؛ ہمّت ہار دینا ؛ جسمانی طور پر ٹوٹ جانا ؛ غش کھانا ؛ مل جانا ؛ دفعتاً ختم ہو جانا ؛ منہدم ہونا ؛ سکت نہ رہنا ؛ جواب دے دینا ؛ حالت سقیم ہو جانا ؛ گرنا ؛ ٹوٹنا ؛ بیٹھ جانا ؛ جی چھوڑنا ؛ ہمّت ہارنا ؛ ایک دم گر پڑنا ؛ دفعتاً گرنا یا ٹوٹنا ؛ گر کے ملنا ؛ ٹکرا جانا ؛ ٹکر کھانا ؛ دھڑام سے گرنا ؛ نقاہت پیدا ہو جانا ؛ ناکام ہونا ؛ اضمحلال آ جانا ؛ پست ہو جانا ؛ ہبوط ہونا ؛ ارتحال پر آ جانا ؛ تہ ہونا ۔

collapse, v.t. گرانا ؛ ڈھیر کرنا ؛ بکھیرنا ؛ توڑنا ؛ دھنسانا ؛ ناکام بنانا ؛ دفعتاً ختم کر دینا ؛ منہدم کرنا ؛ نقاہت پیدا کر دینا ؛ اضمحلال پیدا کرنا ؛ پست کر دینا ہبوط کرنا ؛ ارتحالی حالت پر لے آنا ؛ طے کر دینا ۔

collapsible, a. قابلِ شکست ؛ شکستنی ؛ تہ ہونے والا ؛ قابلِ انہدام ؛ ہبوط پذیر ؛ تہ پذیر ۔

collapse, n. اندر کی طرف اور ایک ساتھ انہدام ؛ اہم توانائیوں کا تقریباً اچانک اختتام ؛ کسی بھی قسم کی اچانک اور مکمّل ناکامی ؛ سقوطِ ناگہانی ؛ نقاہت ؛ اضمحلال ؛ پستی ؛ ہبوط اختتام ؛ درماندگی ؛ ہار ؛ شکست ؛ ناطاقتی ؛ ارتحال ؛ ضُعف ؛ کمزوری ؛ ناتوانی ۔

collapser, n. معدوم (ستارہ) : کوئی شکستہ ستارہ جو سُکڑ کر خلا میں گم ہو گیا ہو اور جس کے مفروضہ مقام کا نشان اب صرف اس کے شدید تجاذُب سے ملتا ہے ۔

collar, n. کالر ؛ گردنی ؛ قمیص یا کوٹ کا گلا ؛ حلقہ ؛ پٹّا ؛ کنٹھا ؛ طوقِ گردن ؛ ہنسلی ؛ گلوبند ؛ گریبان ؛ قمیص یا کوٹ کا وہ حصّہ جسے عموماً موڑ کر گردن میں پہنا جاتا ہے ؛ کوئی بھی چیز جسے گردن میں پہنا جائے ، جیسے بہادروں (نائٹ) کے پہننے کی زنجیر ؛ جانور کو جوتنے کے سازوسامان کا ایک حصّہ ؛ جانور کی گردن کا پٹّا جو یا تو پہچان یا روک کے لیے پہنایا جاتا ہے ؛ گردنہ ؛ گانٹھ ؛ کنٹھی ؛ گنڈا ؛ زنجیرِ تمغہ ؛ مال ۔

collar, v.t. گریبان سے پکڑنا ؛ کالر پہننا/پہنانا ؛ پٹّا ڈالنا ؛ گریبان پکڑنا ؛ گریبان میں ہاتھ ڈالنا ؛ ہضم کرنا ؛ مخالف کو روکنا ؛ گیند چھیننے کی کوشش کرنا ؛ چھیننا ؛ غصب کرنا ؛ گرفتار کرنا ؛ پٹّا تڑا کر نکل جانا یا بھاگنا ؛ گردن پکڑنا ۔

collarbone, n. ہنسلی کی ہڈّی ؛ ترقوہ ؛ ہانس ۔

collard, n. کرم کلّہ/بند گوبھی کی ایک قسم جس کے پتّے چکنے ہوتے ہیں ، عام طور پر امریکا میں سبزی کے طور پر استعمال کے لیے کاشت کی جاتی ہے ۔

collate, v.t. جمع کر کے اشیا کے مابین تقابل کرنا ؛ تنقیدی جائزہ لینا جیسے کتابوں یا اعداد و شمار کا ، ان کے درمیان تطابق و تفریق کے نکات نوٹ کرنا ؛ اکٹھا کر کے ترتیب دینا یا ترتیب کی جانچ کر کے ٹھیک کرنا ، جیسے جلد بندی کے لیے کتاب کے اوراق کی ترتیب صحیح کرنا ؛ (تنقیح اعداد و شمار) جانچ کر کے ضم کرنا ، تقابُل کے لیے بنائے گئے دو یا زیادہ کارڈز/پرچیوں کے سیٹوں میں سے ایک یا زیادہ مماثل سیٹ ترتیب دینا ؛ ملانا ؛ مقابلہ کرنا ؛ مطابق کرنا ؛ ترک لگانا ؛ سپرد کرنا (خدمت وغیرہ) ۔ (فعل لازم) (کلیسیات) کلیسائی وقف یا جاگیر کا عطا ہونا ۔

collateral, a. پہلو بہ پہلو ؛ ہم پہلو ؛ متوازی ؛ برابر برابر ؛ بالواسطہ عامل ؛ ذیلی یا ضمنی واسطوں سے (عمل کرنے والا) ؛ رفیق مگر ماتحت ؛ ضمنی ؛ مددگاری ؛ ذیلی ؛ وہ جو ایک ہی جد سے ہو مگر براہ راست خلف نہ ہو ؛ مکفولہ (جائیداد) ؛ قرضہ کے لیے ضمانت کے طور پر پیش کی گئی (جائیداد) ؛ مجانب ؛ یک جدی ؛ ہم جد ؛ ہم بازو ؛ ضامن در ضامن ؛ غیر متعلّق ؛ معترضہ (شہادت) ؛ بالواسطہ ۔ (نفسیات) در شاخہ ؛ متوازی کفالت ؛ ضمنی ؛ ضمانت (اضافی) ؛ اضافی کفالت ؛ لگے لگے ؛ ہم پہلو سے ؛ ایک دادا کا ۔

collateral, n. جائیداد جو کسی قرض یا قرض کی ادائیگی کے لیے بطور ضمانت مکفول کی جائے ؛ مرتہن یا مکفول جائیداد ؛ بالواسطہ رشتہ دار ؛ اضافی ضمانت ۔

collation, n. موازنہ ؛ مقابلہ ؛ مطابقت ؛ عمل تقابُل ؛ تقابل یا موازنہ ، خصوصاً مخطوطات یا کتابوں کے ایڈیشنوں کا موازنہ ؛ کلیسائی جاگیر یا جائیداد کے وقف کی عطا کے لیے پادری کی پیشکش بوساطت اُسقف/بشپ جو وہ خود بطور تحفہ دینے کا مجاز ہو یا جس پر اس نے سرپرستی کے حقوق سرپرست کے دیکھ بھال نہ کرنے کے باعث حاصل کر لیے ہوں ؛ خانقاہوں میں مقدس صحائف سے اقتباسات کی خواندگی اور اس کے بعد مباحثہ نیز ہلکا کھانا ؛ روزے میں ہلکا ظہرانہ یا عشائیہ جس کی مذہب میں اجازت ہو ؛ کوئی بھی ہلکا کھانا ؛ ترتیب ؛ کیفیت ؛ کمیت ؛ میلان ؛ کھانا ؛ ناشتا ؛ افطاری ۔

colleague, n. ہم منصب ؛ شریک منصب ؛ رفیق ؛ شریک کار ؛ دنیاوی یا مذہبی روزگار ، دفتر یا کمیشن میں شریک کار یا شریکِ منصب ؛ ہم کار ؛ ہم رتبہ ؛ ساجھی ؛ سنگی ؛ ہم سفر ؛ ساتھی ۔

colleagueship, n. دفتر ، روزگار یا کسی خاص کام میں کسی کا شریک کار ہونے کی کیفیّت یا منصب ۔

collect, n. ایک مختصر مگر جامع عبادت ؛ کسی خاص دن یا موقع/تقریب کی عبادت/دعا ۔

collect, v.t جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ ایک گروہ میں یا ایک جگہ پر جمع کرنا ؛ یکجا کرنا یا ایک جگہ اکٹھا کرنا ؛ کسی چیز کو لینا یا اس پر قبضہ حاصل کرنا ؛ ادائیگی کی رقم لینا یا حاصل کرنا ؛ وصول کرنا ؛ گھیرنا ؛ زبردستی تحصیل کرنا ؛ قرقی تحصیل کرنا ؛ بٹورنا ؛ سنگوانا ؛ جوڑنا ؛ نتیجہ یا پھل نکالنا ؛ اگھانا ؛ تحصیل کرنا ؛ تحصیلنا ؛ جبراً تحصیل کرنا ۔

collect, v.i. جمع ہونا ؛ اکٹھا ہونا ؛ ذخیرہ ہونا ؛ ساتھ دوڑنا ؛ رقم وصول ہونا ۔

collect oneself, حواس بحال کرنا ؛ ہوش و حواس درست کرنا ؛

تعجب یا اچانک صدمہ کے بعد ہوش و حواس بحال کرنا ؛ اپنے تئیں سنبھالنا ؛ حواس جمع کرنا ؛ ہوش میں آنا ؛ حواس مجتمع کرنا ؛ حواس میں آنا ؛ حواس بحال کرنا ؛ حواس درست کرنا ۔

collectible, collectable, a. قابلِ ذخیرہ ؛ جمع کرنے کے لائق ؛ قابل بحالی ۔

collectability, collectibility, n. جمع کرنے یا ہونے کی صفت ؛ ذخیرہ ؛ بحالی ؛ اجتماع ۔

collect, a., adv. وصول کرتے وقت وصول کنندہ کے لیے واجب ادائیگی (جیسے : collect telegram) ۔

collectanea, n. (جمع) منتخبات ؛ انتخاب ؛ منتخبہ ادب پاروں کا مجموعہ ، درسی کتاب میں شامل مختلف مصنفین کی تصنیفات سے اقتباسات ؛ مجموعۂ منتخبات ؛ مجموعہ ۔

collected, a. مجتمع ؛ ایک ساتھ جمع کیے ہوئے ؛ شیرازہ بند ؛ گھبراہٹ یا منتشر حواس کے بغیر ؛ ٹھنڈا مزاج ؛ مضبوط ؛ آنے والی آفت یا مصیبت کے لیے تیّار ؛ اپنے آپ پر اختیار رکھنے والا ؛ جمع خاطر ؛ ہوش حواس بجا ؛ حواس درست ؛ حواس میں ؛ بے جوش ۔

collectedly, adv. جمع خاطری سے ؛ ٹھنڈے مزاج سے ؛ ہوش و حواس میں رہ کر ؛ حواس مجتمع کر کے ۔

collectedness, n. جمع خاطری ؛ بردباری ؛ ہوشمندی ؛ بحالی ہوش و حواس ؛ خاطر جمع ۔

collection, n. جمع ؛ فراہمی ؛ بٹورن ؛ جوڑ ؛ اُگاہی ؛ چندہ ؛ انبار ؛ ذخیرہ ؛ مجموعہ ؛ جمع کرنے یا جوڑنے کا عمل ؛ وہ چیز جو جمع یا ذخیرہ کی جائے ، جیسے ڈاک ٹکٹ ، تصاویر یا دلچسپی کی چیزیں ؛ وہ جو خیراتی ، مذہبی یا دیگر مقاصد کے لیے جمع کیا جائے ؛ گرجا میں عبادت کے بعد حاضر عقیدت مندوں سے چندہ کی وصولی ؛ کلکٹر یا ناظمِ مالیات کا حلقۂ اختیار ؛ نظامتِ مالیات ؛ اجتماع ؛ وصولی؛ جمع آوری؛ جماؤ؛ فراہمی ؛ کچی تحصیل ؛ رعیّت داری ؛ تحصیلِ متفرقہ ؛ فاضلات ؛ تحصیل ؛ جمعیت ؛ مجمع ؛ چِٹّھا ؛ تحصیل محاصل ؛ عملداری آمدنی ؛ مالگزاری ؛ آمدنی ؛ پونجی ؛ تخمینہ ؛ خام تحصیل ۔

collective, a. مجموعی ؛ اکٹھا ؛ جمع ہونے سے تشکیل پایا ہوا ؛ ذخیرہ کیا ہوا ؛ اوسط ؛ جُڑا ہوا ؛ ایسے افراد کے متعلّق جن کو بطور جماعت یا گروہ کے رکن کی حیثیت سے گردانا جائے ۔ (نباتیات) ایسے پھل کے متعلّق جو مختلف پھُولوں کے بقچوں یا مادگین کے اشتراک سے پیدا ہو ، جیسے توت یا انناس ۔ (گرامر) ایسے اسمأ کے متعلق جن کی ہیئت واحد ہو مگر جو افراد کی اجتماعی حیثیّت ظاہر کریں ، (جیسے : herd, jury, clergy) جن کی فاعلی حیثیّت کے ساتھ واحد یا جمع کے صیغہ میں فعل کا استعمال اس بات کے پیش نظر کیا جاتا ہے کہ آیا فاعل کی اجتماعیّت پر زور دینا مقصود ہے یا گروہ کے اراکین کی انفرادیت پر ؛ اجتماعیت کے اصولوں کے مطابق ؛ اجتماعی ؛ اجماعی ؛ جمع ؛ مرکّب ؛ کُل ؛ سب کا ۔

collectively, adv. اجتماعی طور پر ؛ اکٹھا ؛ بالاجمال ؛ یک لخت ؛ کُل ؛ مجموعی طور پر ۔

collective, n. اجتماع ؛ گروہ ؛ مجموعہ ۔ (گرامر) اسم جمع (جیسے : people, mob, audience) ؛ لوگ ؛ ہجوم ؛ اجماع ؛ مجموعہ ؛ اجتماعیّت ؛ ترکیب ۔

collective bargaining, n. اجتماعی سودا بازی ؛ اجتماعی سودا کرنے کا رواج یا اصول جس کے تحت مزدور یا اجیر اجتماعی طور پر آجروں سے اجرت ، کام کے گھنٹوں کی تعداد اور فوائد و مراعات کے متعلّق معاملات طے کرتے ہیں ، یہ معاملات طرفین کے نمائندوں کے درمیان بھی طے کیے جاتے ہیں ؛ اجتماعی سودا کاری ؛ اجتماعی معاملت ۔

collective farm, n. اجتماعی مزروع ؛ اجتماعی کاشت ؛ اجتماعی کھیت ؛ وہ کھیت جو ریاست کی ملکیّت ہو اور جس پر ایک برادری/گروہ کے لوگ اجتماعی طور پر کام کر کے پیداوار حاصل کرتے ہوں ، ایسے کھیت اشتراکی ملکوں میں ہوتے ہیں ۔

collective security, n. اجتماعی سلامتی ؛ وہ اصول یا انتظام جس کے تحت قوموں کا ایک گروہ یہ باہمی معاہدہ کرتا ہے کہ بیرونی جارحیّت کے خلاف ہر رکن کی سلامتی کا دفاع سب اراکین مل کر کریں گے ؛ اجتماعی تحفّظ ؛ اجتماعی ضمانت ۔

collectivism, n. نظریۂ اجتماعیّت ؛ اجتماعیّت ؛ اشتراکی نظریہ کہ زمین اور وسائلِ پیداوار و تقسیم کو لوگوں کی اجتماعی ملکیّت ہونا چاہیے ؛ اجتماعیّت پسندی ۔

collectivist, n. اجتماعیّت کا نظریہ ماننے والا ؛ اجتماعیّت پسند ؛ نظریۂ اجتماعیت کا پیرو ۔

collectivistic, a. اجتماعی ؛ گروہی ۔

collectivity, n. اجتماعیّت ؛ اجتماعی کردار ؛ اجتماعی کُل ؛ اجتماعی طور پر لوگ ۔

collectivize, v.t. اجتماعی بنانا ؛ جمع کر کے ایک کرنا ؛ جوڑنا یا ملانا ؛ اجتماعی اختیار کے تحت کرنا ؛ اجتماعی خطوط پر منظّم کرنا ، جیسے کسی صنعت کی اجتماعی تنظیم کرنا ۔

collectivization, n. تجمیع ؛ عمل اجتماعیّت ؛ اجتماعی بنانے کا کام ۔

collector, n. محصل ؛ جامع ؛ وصول کرنے والا ؛ اُگاہنے والا ؛ جمع کرنے والا ، خصوصاً وہ جو اپنی دلچسپی کی چیزیں جمع کرتا ہو ؛ وہ افسر جو ضلع میں چُنگی ، محصوٌل اور مالیہ جمع کرنے کے لیے مقرر کیا جائے ؛ صاحبِ ضلع ؛ کلکٹر ؛ تعلق دار ؛ حاکم واصلات ؛ افسر محاصل ؛ ضلع دار ۔

collectorship, n. کلکٹر کا دفتر یا علاقہ اختیار یا دائرہ اختیار ؛ منصب کلکٹر ؛ ضلع داری ؛ کلکٹری ؛ تعلّق داری ۔

colleen, n. (آئرستان) لڑکی ؛ دیہاتی عورت ۔

college, n. کالج ؛ بڑا مدرسہ ؛ مدرسۃُ العلوم ؛ کلیّہ ؛ مجلس ؛ انجمن ؛ جمعیت ؛ اعلیٰ تعلیم کا ادارہ جو بی ۔ اے یا بی ایس سی یا بی کام (bachelor of arts or sciences or commerce) کی سند دینے کا مجاز ہو ؛ یونیورسٹی یا جامعہ کے تحت ذیلی تعلیمی ادارہ ، جیسے مخصوص شُعبے یا پیشے کی تعلیم کا مدرسہ (جیسے : the college of engineering, a business college) ؛ کالج میں جسمانی تربیت کا شُعبہ ؛ لوگوں کی جمعیت یا انجمن جس کو بعض اختیارات و حقوق دیے گئے ہوں اور جو بعض فرائض انجام دیتی ہو یا کسی عام فائدے کا کام کرتی ہو (جیسے : the College of Surgeons) ؛ دارالعلوم ؛ حلقہ ؛ بڑا ثانوی مدرسہ ؛ حلقۂ انتخاب ۔

collegial, a. کالج کے متعلّق ؛ کالجی ؛ مجلسی ؛ کلیاتی ۔

collegian, n. کالجیٹ ؛ کالج کا رکن ؛ کالج کا طالب علم ۔

collegiate, a. کالج یا کالج کے طالب علموں کا یا ان کے متعلّق (جیسے : collegiate studies یا collegiate styles)؛ کالج کے طریقہ پر یا کالجی طرز پر یا کالجی انداز کے مطابق ساختہ ۔

collegiate church, n. وہ کلیسا جس میں بڑا گرجا نہ ہو ، البتہ پادریوں کی مجلس یا بڑے گرجا کا افسر اعلیٰ ہو جیسا کہ West Minister Abbey میں ؛ امریکا میں گرجاؤں کی تنظیم میں سے ایک گرجا ؛ گزشتہ زمانے میں علیحدہ گرجاؤں کا مشترک پادری یا پادریوں کے تحت اتحاد ۔

collegium, n. رفاقیہ ؛ کسی تنظیم کا اندرونی حلقہ جس کا ہر رکن تقریباً مساوی اختیارات کا حامل ہوتا ہے ، خصوصاً ایسا حلقہ جو سوویت رُوس کی سیاسی تنظیم میں ہوتا ہے ۔

collet, n. (میکانیات) گول کور ؛ کولٹ ؛ حلقہ ؛ گردایاپٹّا ؛ حلقہ جس میں نگ فِٹ کیا جاتا ہے یا بٹھایا جاتا ہے ؛ نگ یا ہیرے کی بیٹھک ؛ نگ کا گھر ۔ (فعل متعدی) حلقے میں جمانا یا بٹھانا ۔

collide, v.i. ایک دوسرے سے ٹکرانا یا متصادم ہونا ؛ ٹکرا کے مِلنا ؛ مخالفت یا دشمنی میں بھِڑ جانا یا لڑنا ؛ اختلاف ہونا؛ مڈبھیڑ ہونا؛ لڑنا بھڑنا ؛ کھٹ پٹ ہونا ۔

collie, n. گڈریا کُتّا ؛ اسکاٹستانی گلہ بان کُتّا؛ اسکاٹ لینڈی نسل کا بڑے بڑے بالوں والا جھبرا کُتّا جو بھیڑوں کی رکھوالی کرتا ہے اور پالتو کُتّے کے طور پر بھی مقبول ہے ۔

collier, n. (برطانوی) کان کَن ؛ کوئلے کی نقل و حمل کے لیے مستعمل بحری جہاز ؛ اس جہاز کا عملہ ؛ کوئلہ لادنے والا جہاز ؛ کوئلہ کھودنے والا یا نکالنے والا ۔

colliery, n. معدنِ زغال ؛ معدن کوئلہ ۔ (برطانوی) کوئلے کی کان ، عمارات اور مشینری سمیت ؛ کولکان ؛ کوئلے کی کھان ۔

colligate, v.t. مربوط کرنا ، دو چیزوں کو باندھنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ کسی تعلّق یا مشابہت کا مشاہدہ کرنے کے بعد رشتہ قائم کرنا (جیسے : .to colligate phenomena) ۔

colligation, n. یکجائیّت ؛ ربط ؛ ترتیب ؛ یکجائی ؛ مربوط کرنے کا عمل ۔ (منطق) وہ طریقہ جس کے ذریعہ کئی الگ الگ حقائق ایک ہی عام تصور ، مشاہدہ یا اصول کے تحت یکجا کیے جائیں ؛ ارتکاز ؛ ائتلاف ۔

collimate, v.t. ایک ہی قطار میں لانا ؛ متوازی کرنا ؛ خطِّ نظر ٹھیک کرنا ؛ شست درست کرنا ؛ دوربین ملانا ؛ سیدھ باندھنا ۔

collimation, n. توازن گری ؛ درستگیٔ شست ۔

collimator, n. توازی گر ؛ ایک جگہ جمایا ہوا دوربین جس سے دیگر آلہ جات کی شست ٹھیک کی جاتی ہے ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے روشنی کی متوازی شعاعیں طیف بین کے وصول کُنندہ دوربین کو پہنچائی جاتی ہیں ؛ ایک آلہ جو ذرّوں کی رو کو ایک ہی شعاع کی لکیر میں محدود رکھتا ہے جس میں ذرّوں کی راہیں تقریباً متوازی ہوتی ہیں ۔

collinear, a. ہم خط ؛ ایک ہی خط مستقیم میں ؛ مسامت؛ ہم سطر ؛ ہم سطح ۔

collinearity, n. ہم خطّی ؛ سیدھ ۔

collinearly, adv. ہم خطّی انداز سے ؛ سیدھے طریقے سے ۔

collins, n. برف سے ٹھنڈا کیا ہوا مشروب جو لیموں یا لیموں کے عرق ، چینی اور سوڈا واٹر کو جن ، ووڈکا یا دیگر شرابوں میں ملا کر تیّار کیا جاتا ہے ۔

collision, n. ٹکراؤ ؛ تصادُم ؛ ٹکّر ؛ دو چیزوں کے ٹکرانے کا عمل ؛ دو یا زیادہ متحرّک اجسام کا یا ایک متحرّک جسم کا دوسرے ساکن جسم سے زوردار ٹکراؤ یا باہمی ٹکّر ؛ مخالفت ؛ دشمنی ؛ مداخلت ؛ دھکّا ؛ مٹھ بھیڑ ؛ مڈبھیڑ ؛ بھڑنت ۔

collision course, n. تیز رفتار شے کی ، وہ سمت جسے اگر نہ بدلا جائے تو کسی چیز سے ٹکر ہو جائے جیسے میزائل یا گاڑی ؛ ایسی پالیسی یا کارروائی جو تیزی سے کسی سنگین مشکل سے دوچار ہونے والی ہو ؛ راہِ تصادم ۔

collocate, v.t. ترتیب دینا ؛ نصب کرنا؛ سجانا؛ مناسب جگہ پر رکھنا یا جمانا ؛ مقام پہ رکھنا ؛ ترتیب میں جائز رُتبہ یا مقام دینا (جیسے : to collocate past actions) ؛ الفاظ کو جملے کی صورت میں ترتیب دینا ۔

collocation, n. تنصیب ؛ ترتیب ؛ تزئین وغیرہ ؛ سجاوٹ ۔

collodion, n. سریش پنبہ ؛ کولوڈیان ؛ جراحی اور عکاّسی میں استعمال ہونے والا ایک محلول ؛ ایک مادّہ جو بارودِ پنبہ (بھک روئی) کو ایتھر میں حل کر کے یا ایتھر اور الکحل کے آمیزے میں حل کر کے بنایا جاتا ہے : یہ محلول چھوٹے زخموں پر بطور پلاسٹر اور فوٹوگرافی کی فلموں/پلیٹوں پر عمل کے لیے استعمال ہوتا ہے؛ محلول کولوڈین۔

collogue, v.t. (بول چال) ساز باز کرنا؛ خُفیہ سازش کرنا؛ تخلیے میں گفتگو کرنا؛ پُھسلانا ؛ لِلّو پتّو کرنا ؛ روغنِ قاز ملنا ؛ کُھس پُھس کرنا ؛ تملّق کرنا ؛ ہاں میں ہاں ملانا ؛ ملی بھگت رکھنا۔

colloid, n. (کیمیا) لسونت : رقیق آمیزہ یا گیس جس میں اتنے باریک گداختہ یا بستہ ذرّے معلّق ہوتے ہیں جو نیم نفوذ پذیر جِھلّی سے نہیں گزر سکتے اور جن کی سطح کا تناسب حجم سے کافی بڑا ہوتا ہے جس کے باعث وہ تہ میں نہایت آہستگی کے ساتھ جمتے ہیں ، یہ معلّق ذرے اتنے چھوٹے اور باریک ہوتے ہیں کہ معمولی خوردبین سے نہیں دیکھے جا سکتے البتہ برقی خُوردبین میں ان ذرّوں کی منعکس روشنی ان کے مشاہدے اور مطالعے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ (طب) ایک لعابی یا یکساں مادّہ جو عموماً غدّہ درقیہ یا بعض بیمار نسیجوں میں پایا جاتا ہے ؛ جیلی یا سریش کے موافق ؛ لسلسا ؛ بوٹی ؛ گوشت کا ٹُکڑا یا پارچہ ؛ کلیجے کی کور ؛ گداختہ رگ ریشے ؛ گداختہ مادّہ ؛ بستہ ؛ منجمد مادّہ ؛ لختِ جگر ؛ چپچپا پن ؛ چیک ؛ لُعاب ؛ سریش۔

collop, n. (برطانوی بولی) گوشت کا پارچہ ؛ گوشت کا پرت ؛ قاش ؛ قتلہ ؛ پرت ؛ ٹُکڑا ؛ آدمی کے جسم پر پڑا ہوا بل یا سلوٹ ۔

colloquial, a. روزمرہ کا (لفظ) ؛ مکالماتی ؛ بولی ٹھولی کا ؛ بول چال کا ؛ بات چیت کی زبان سے مخصوص ؛ روزمرہ کی گفتگو سے متعلّق ؛ غیر علمی ؛ عامی ؛ مذاکراتی ؛ بات چیت کا ۔

colloquially, adv. روزمرہ کی بولی یا عام بول چال میں ؛ مکالمانہ ؛ مذاکرانہ ۔

colloquialism, n. عام بول چال ؛ بول چال کا محاورہ ؛ کوئی لفظ یا فقرہ جو عام بات چیت میں مستعمل ہو ؛ بات چیت یا بول چال کا فقرہ ۔

colloquium, n. گروہی بات چیت یا

غیر رسمی مشورت (سیمینار) ۔

colloquy, n. بات چیت ؛ گفتگو ؛ مشورت ؛ بول چال ؛ بعض پروٹسٹنٹ گرجاؤں میں مجلسِ حاکمہ/مجلسِ عاملہ ؛ گرجا عدالت ؛ مکالمہ ؛ مذاکرہ ؛ مکالمت ؛ بے تکلف گفتگو ؛ عدالتِ فصل خصومات و وضعِ قوانین ؛ گرجا کچہری ۔

colloquist, n. مشورتی ؛ مجلسی ؛ گفتگو کرنے والا ۔

collotype, n. کولوطباعت ؛ سریشی طباعت ؛ کیمیائی مسالے کی لوح یا لعابی جھلّی سے طباعت کا میکانکی طریق کار ؛ عکس ریز لوح یا اس کی چھپائی ؛ عکس ریز طباعت ؛ عکس بخش چھپائی ۔

collude, v.i. ساز باز ہونا ؛ ملی بھگت ہونا ؛ مل جانا ؛ سازش کرنا ؛ خفیہ منصوبے کی بُنیاد پر مشترکہ عمل کرنا ؛ سازباز کرنا ؛ دھوکا دینے کے لیے سازش کرنا ؛ اٹ سٹ کرنا ؛ گٹھنا ؛ سانٹھ گانٹھ ہونا ۔

colluder, n. سازش میں شریک ۔

collusion, n. خُفیہ سازش ؛ دھوکا یا فریب دینے کے لیے خفیہ معاہدہ ، خصوصاً ایسے اشخاص کے درمیان جو بظاہر ایک دوسرے کے مخالف ، رقیب یا مقابلہ کرنے والے ہوں ؛ ساز باز ؛ ملی بھگت ؛ اٹ سٹ ؛ سانٹھ گانٹھ ؛ اندرونی قرار داد ؛ سٹّا بٹّا ؛بندش ؛ خُفیہ قرار داد ؛ خُفیہ مفاہمت ۔

collusive, a. سازشی ؛ سازش آمیز ؛ پُرفریب ؛ فریب کی بُنیاد پر طے شدہ ؛ سازش کا ؛ دغابازی کا ۔

collusively, adv. جعل سازانہ ؛ سانٹھ گانٹھ سے ؛ دغابازی سے ؛ ساز باز سے ؛ سازشانہ ؛ ملی بھگت سے ؛ سازشی طور پر ؛ بندش سے ۔

collusiveness, n. سانٹھ گانٹھ ؛ ملی بھگت ؛ سازشی فریب ؛ سازش ؛ اٹ سٹ ۔

colluvium, n. فشرد : مٹی اور ٹُوٹی پُھوٹی چٹانوں کا ذخیرہ جو پہاڑی کے دامن میں یا ڈھلوان کے نیچے کشش ثقل سے جمع ہوتا رہتا ہے ۔

colluvial, a. فشردہ ۔

colly, v.t. (برطانوی بولی) کوئلے کے گردوغبار سے سیاہ کرنا ؛ کالا کرنا یا کالک سے آلودہ کرنا ۔ (اسم) (برطانوی بولی) کوئلے کا غبار ؛ آلودگی ۔

collyrium, n. آنکھ میں ڈالنے کا لوشن یا عرق ؛ چشم شو ؛ سُرمہ ؛ سلائی ؛ کحل ؛ چشم شویہ ؛ قطور چشم ۔

colocynth, n. کڑوی تونبی؛بحرِ روم کی آب و ہوا میں نمو پانے والا پودا جو تونبی کے خاندان سے تعلّق رکھتا ہے ؛ اس پودے کا پھل ؛ اس پھل سے حاصل کی ہوئی دوا جو اسہال کے کام آتی ہے ؛ اندرائن ؛ حنظل ؛ تلخ کھیرا؛ بِشمبا؛ موکھل ؛ کڑوا کھیرا ؛ مُسہل خیارِ تلخ ۔

cologne, n. کولون ؛ سنگھار کا خوشبو دار پانی ۔

Colombian, a. جنوبی امریکا کے شمال مغرب میں واقع ریاست کولمبیا کے عوام ، دستکاریوں اور رواج کی خصوصیات کا یا ان کے متعلّق ۔ (اسم) کولمبیا کا باشندہ ۔

colon, n. (تشریح الاعضا) قولون ؛ آعور (کورآنت) سے مقعد تک بڑی آنت کا حصہ ؛ معاءِ غلیظ ؛ شرحہ ؛ بڑی آنت ۔

colon, n. وقفِ توضیحی ؛ شارحہ تفصیلیہ ؛ بِسرام ؛ ایک علامت وقف (:) ، یہ علامت سیمی کولن یعنی نصف وقف اور فُل اسٹاپ یعنی اختتام جملہ کے درمیان کی علامت ہے ، اس کے ذریعہ جملہ اُولی کو ثانوی یا آنے والے جملوں سے الگ کیا جاتا ہے ، ان جملوں میں تشریح ، کسی کا قول یا فہرست ہو سکتی ہے ، تجارتی خطوط میں تسلیمات و آداب کے بعد یہ علامت لِکّھی جاتی ہے ، اوقات لکھنے میں یہ علامت گھنٹوں اور منٹوں کے درمیان اور ریاضی میں تناسب ظاہر کرنے کے لیے نسبتی اعداد کے درمیان لِکّھی جاتی ہے ۔ (قدیم عروض) لے یا روانی کے دورانیہ کے حصّوں میں سے ایک حصّہ ، یہ دورانیہ دو سے چھ ارکان کے تواتر پر مشتمل ہوتا ہے اور یہ ارکان ایک خاص ضرب یا تال کے وقفہ میں متحد ہوتے ہیں ۔

colon, n. کالونی یا نوآبادی کا مالک یا زمیندار ، خصوصاً الجزائر میں ۔

colonel, n. کرنل : فوج کا افسر جو زیادہ تر فوجوں میں بلحاظ عُہدہ لیفٹیننٹ کرنل سے اُوپر اور بریگیڈیر جنرل سے نیچے ہوتا ہے ، کرنل عموماً ایک رجمنٹ کا کمان دار ہوتا ہے ؛ سردارِ فوج ؛ کُمیدان ۔

colonelcy, colonelship, n. کرنل کا عہدہ ؛ کرنیلی ؛ کمیدانی ؛ رسالداری ۔

Colonel Blimp, n. [برطانوی کارٹونسٹ ڈیوڈ لو کے کارٹونوں کا ایک کردار] کرنل بلمپ ؛ ایک بزُرگ سرکاری عہدے دار یا فوجی افسر جس کی امتیازی خصوصیات یہ تھیں کہ شان و شوکت کا اظہار کیا کرتا تھا ، تنگ نظر تھا اور جدید طریقوں یا ترقی کا دشمن تھا ؛ عام معنوں میں ظاہری شان و شوکت ، جھوٹی عظمت اور رجعت پسندی کا حامل بوڑھا آدمی ۔

colonial, a. نوآبادیاتی ؛ نوآبادی/کالونی کا یا اس کے متعلّق ، خصوصاً ان تیرہ برطانوی کالونیوں کے متعلّق جو آزادی حاصل کر کے امریکا کی متحدہ ریاستیں کہلائیں یا اس عہد کے متعلّق ؛ سترہویں اور اٹھارویں صدیوں میں برطانیہ کی امریکی کالونیوں کے طرز تعمیر اور فرنیچر کے متعلّق یا اس دور کے فن و ہنر کی نقالی کے بارے میں ؛ نئی بستی کا ؛ نو آبادی کے متعلّق ۔ (اسم) نوآبادی ؛ کالونی/نوآبادی کا باشندہ ؛ آبادکار ؛ نوآباد کار ۔

colonially, adv. نوآبادیانہ ؛ کالونی کے طریقے سے ؛ مستعمرانہ ۔

colonialism, n. استعماریّت ؛ استعمار پسندی ؛ نوآبادیاتی نظام ؛ اس نظام کو فروغ دینے والی حکمتِ عملی/پالیسی ؛ مستعمریّت ؛ مستعمروں کی وضع ؛ نوآبادکاروں کا رویّہ ؛ نوآبادی والوں کی بودوباش ، عادات ، لب و لہجہ یا محاورہ ؛ نوآبادیّت ۔

colonist, n. آبادکار ؛ مستعمر ؛ نوآبادی کو بسانے یا اس میں بس جانے والا ؛ نوآبادی فتح کرنے یا بسانے کی مہم پر جانے والی جماعت کا رُکن ؛ بستہار ؛ نوآبادی کا باشندہ ۔

colonization, n. استعمار ؛ آبادکاری ؛ نوآبادکاری کا عمل یا نوآبادی بننے کی حالت ؛ استعماریّت ؛ نوآبادی ۔

colonizationist, n. نوآبادیاتی نظام یا استعماریّت کا حامی ؛ استعماریّت پسند ۔

colonize, v.t. نئی بستی/نوآبادی قائم کرنا ؛ نوآبادی میں

لوگوں کو بھیجنا ؛ نو آبادکاروں کی بستی بسانا ؛ بستی بسانا ؛ نوآباد کرنا ؛ آباد کرنا ؛ بسانا ؛ نئی بستی بسانا ؛ نئی جگہ آباد کرنا ۔ (فعل لازم) نوآبادی میں منتقل ہو کر بس جانا ؛ نئی جگہ جا کر آباد ہو جانا ؛بستی بسنا ۔

colonizer, n. آبادکار ؛ مستعمر ؛ استعمار پسند ؛ آباد گر ۔

colonnade, n. (فنِ تعمیر) ستون بندی ؛ یکساں فاصلے پر تعمیر کیے ہُوئے ستونوں کا سلسلہ ، یہ ستون عموماً عمارت کی چھت کو تھامے ہوتے ہیں ؛ شاہراہ کے دونوں طرف قطار میں بوئے ہوئے درخت ؛ ستونوں کی قطار ؛ کھمبوں کی پنگتی ؛ دالان ؛ برآمدہ ۔

colony, n. کالونی ؛ نوآبادی ؛ نئی بستی؛ کسی نئی جگہ یا نئے ملک میں بیرونی لوگوں کی آبادی جن کا سیاسی تعلّق اپنے وطن سے باقی رہے ؛ ایسے لوگوں کا گروہ یا جماعت جو وطن سے دور کسی ملک یا صوبے میں آباد کیے گئے ہوں مگر اپنے وطن کی حکومت کے تابع اور دائرۂ اختیار میں ہوں ؛ وہ جگہ یا مُلک جہاں غیر مُلکی آباد ہوئے ہوں یا جہاں انھوں نے نوآبادی قائم کی ہو ؛ کوئی بھی ایسا گروہ جس کے اراکین کی زبان ، مفاد ، روزگار یا پیشہ مشترک ، یکساں یا مشابہ ہوں اور جو مل جل کر ایک مقام پر رہتے ہوں (جیسے : Colony of doctors, an artist colony)؛ بستی کا وہ حصّہ یا محلہ جس میں کوئی خاص گروہ آباد ہو ؛ ایسے جانوروں یا پودوں کی تعداد جو ایک ساتھ پرورش یا نشوونما پائیں ؛ جراثیم کی محدود تعداد جو ایک ہی خلیہ سے پیدا کیے گئے ہوں اور عموماً کسی ٹھوس مادّے پر یا اس کے اندر نشوونما پا رہے ہوں ؛ قدیم یونانی تاریخ کی اصطلاح میں وہ نیا شہر جسے یونانی مہاجرین نے بسایا ہو اور جو وطنی حکومت سے آزاد ہو ؛ رومی تاریخ میں فوجی آبادی جس میں بالعموم فوج کے پُرانے سپاہی آباد کر دیے جاتے تھے ۔

colophon, n. خاتمۂ کتاب ؛ ترقیمہ : تحریر جو قدیم زمانے میں عموماً مسّودہ یا کتاب کے خاتمہ پر طبع کی جاتی تھی ، اس تحریر میں اکثر مصنّف اپنے اور اپنی تصنیف کے موضوع کے متعلّق لکھتا نیز طابع ، طباعت کی تاریخ اور مقام اشاعت کے نام دیتا تھا ؛ موجودہ زمانے میں کتاب کے خاتمے پر کتبہ یا مطبع کا نقش ہوتا ہے ؛ ناشر کا نشان/نقش جو سرورق پر ہوتا ہے ؛ تحریرِ خاتمۂ کتاب ۔

colophony, n. ڈامر : عام رال ، سخت اور نقلہا مادّہ جو چیڑ کی روغنی رال سے حاصل ہوتا ہے ؛ سیاہ رال ۔

color, (Brit.) colour, n. رنگ ؛ لون : ایک بصری احساس جو روشنی کے جواب میں آنکھ کی پتلی پر پیدا ہوتا ہے ؛ مرئی خصوصیّت جو ہیئت کے علاوہ کسی چیز کی روشنی سے اثرپذیری پر منحصر ہوتی ہے اور جس میں رنگ ، چمک اور سیری کی صفات بھی شامل ہوتی ہیں ؛ سفید ، سیاہ اور خاکی سے مختلف کوئی بھی رنگ ؛ وہ چیز جو رنگنے کے لیے استعمال کی جائے یا جس سے رنگا جائے ، جیسے صبغہ ، روغن ، رنگ یا خضاب ؛ صحت مند انسان کے چہرے کی سُرخی؛ جلد کا قدرتی رنگ؛ حیا کی سُرخی ؛ قفقازی/کوہ قافی (سفید) نسل کے علاوہ حبشی اور دیگر نسلوں کی جلد کا رنگ ؛ ظاہر داری ، دکھاوا ؛ بہانہ ؛ بھیس یا بہروپ ؛ ظاہری نمایش ؛ ادبی تصوّر میں واضح ، روشن اور جاندار ہونے کی صفت ۔ (فنون) تصویر کے رنگوں کا مجموعی تأثر ۔ (فنون و ادب) حقیقی زندگی کا تأثر جو ایک خاص مقام اور عہد کے مزاج ، جذبات ، خیالات اور انداز کو پیش کر کے پیدا کیا جائے (جیسے : local color) ۔ (موسیقی و صوتیات) کیفیت آواز ، طنین ۔ (قانون) بادی النظری یا بدیہی اختیار یا حق ۔ (کان کنی) ریت صاف کرنے کے نتیجے میں کان کن کے طباق پر رہ جانے والا سونے کا ذرّہ ؛ ڈھنگ ؛ رنگت ؛ لِوا ؛ رنگ رُوپ ؛ قِسم ؛ طرح ؛ صُورت ؛ مکر ؛ بہانہ ؛ حیلہ؛ کنایہ ؛ اشارہ ؛ روغن ؛ مسالہ ؛ بناوٹی بات ؛ عُذرلنگ ؛ لفّاظی ؛ جادُوبیانی ؛ عبارت آرائی ۔

colors, n. (جمع) فوج یا بحری بیڑے کا پرچم ، علم یا جھنڈا ؛ رنگین طُغرہ ، فیتا یا نشان جو شناخت کے لیے وردی پر لگایا جائے ؛ کسی کے ذاتی عقائد ؛ عام کردار یا مزاج (جیسے : to show one's true colors)صحیح رنگ یا مزاج کا سچا روپ ۔ (امریکی بحریہ) قومی پرچم کو صبح و شام چڑھاتے اور اتارتے وقت سلامی ؛ اِلوان ۔

call to the colors, فوجی خدمات کے لیے طلب کرنا ۔

change color, رنگ بدلنا ؛ شرم یا غصے سے سرخ ہونا ؛ خوف سے سفید پڑنا ۔

lose color, زرد ہونا ؛ پیلا ، دھولا یا زرد پڑنا ۔

serve with the colors, مُسلّح افواج میں نوکری کرنا ۔

color, (Brit.) colour, v.t. رنگ بھرنا ؛ رنگنا ؛ رنگ دینا ؛ روغن کرنا ؛ داغدار کرنا ۔ (مجازاً) ایسے کپڑے پہنانا کہ حقیقت مختلف نظر آئے ؛ نمایشی یا خوشنما بنانا ؛ امتیازی کردار یا خصوصیّت عطا کرنا ؛ اثر انداز ہونا ؛ رنگ لگانا ؛ چشم پوشی کرنا ؛ قصور چھپانا؛ بات بنانا ؛ پردہ کرنا ؛ اغماض کرنا ؛ قلعی کرنا ؛ ملمّع کرنا ۔ (فعل لازم) شرم سے سُرخ ہو جانا ؛ رنگ اختیار کرنا یا دوسرے کے رنگ میں رنگ جانا ؛ شرم سے چہرہ لال ہو جانا ۔

colorer, n. رنگنے والا ؛ رنگ ساز ۔

colorable, (Brit.) colourable, a. رنگنے کے قابل ؛ نمایشی یا ظاہری ؛ بناوٹی ؛ جعلی ؛ مصنوعی ؛ پُرفریب ۔

colorably, adv. ظاہر داری سے ؛ بناوٹ سے ؛ رنگ آفرینی سے ؛ فریب کے ساتھ ۔

Colorado beetle, n. کولوریڈو بھونرا ؛ زرد بھونرا ؛ آلو کا بھونرا جس کا حشرہ یا لاروا آلو کی فصل کو نقصان پہنچاتا ہے ۔

colorant, n. رنگنے والا یا رنگ دینے والا مادّہ ؛ رنگ ؛ روغن ۔

coloration, (Brit.) colouration, n. تلوین ؛ رنگ آرائی ؛ رنگت ؛ رنگائی ؛ رنگین ہونے کی حالت ؛ کسی چیز کے رنگ یا داغ دھبّے ۔

coloratura, colorature, n., a. موسیقی کا تزئینی اسلوب ؛ گانے میں روانی سے سُروں کی ادائیگی ، گٹکری ، تانیں اور دیگر فنکارانہ سجاوٹیں ؛ سوپرانو یا بلند ترین سُر تک جانے والی آواز کا حامل موسیقار جو موسیقی کے متذکرہ بالا سجاوٹی اسلوب پر قادر ہو ۔

colorbearer, (Brit.) colourbearer, n. عَلم بردار ؛ فوجی جماعت/دستہ کا پرچم لے کر آگے آگے چلنے والا ۔

color-blind, (Brit.) colour-blind, n. رنگندھا (رنگ اندھا) ؛ رنگودھیا ؛ رنگ ناشناس ؛ رنگوں میں تمیز کرنے کے ناقابل ؛ رنگوں کی نامکمّل بصارت رکھنے والا ؛ رنگ کور ؛ رنگ اندھا ۔

color blindness, n. رنگندھا پن؛ رنگوں میں تمیز کرنے کی پوری یا ادھوری ناقابلیّت جو آنکھوں میں کسی خرابی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے ، گو عام بصارت میں اور کوئی خامی نہیں ہوتی ؛ رنگ

کوری ؛ رنگوندھا ۔

colorbreed, v.t. رنگ ملانا ؛ مختلف رنگوں کی آمیزش سے مطلوبہ رنگ حاصل کرنا یا رنگوں کی پیوندکاری کرنا ۔

colorcast, n. ٹیلی وژن سے پروگرام کی رنگین عکس ریزی یا رنگین ٹیلی کاسٹ ۔ (فعل متعدی و لازم) رنگین ٹیلی کاسٹ کرنا ۔

colored, (Brit.) coloured, a. رنگین ؛ رنگ دار ؛ عمومی طور پر غیر سفید لوگوں/اقوام کا یا ان کے متعلّق ؛ افریقی نسل کی اقوام کے متعلّق ۔ (مجازاً) جانب دارانہ ؛ متعصبانہ (جیسے : a point of view colored by circumstances) ۔ (نباتیات) سبز کے سوا کسی بھی رنگ کے متعلّق ؛ لونی ؛ رنگ برنگ ۔

colorfast, a. پکّا رنگ ؛ ایسا رنگ جو دھوپ یا دھلائی سے ماند نہ پڑے (جیسے : a colorfast fabric) ۔

colorful, (Brit.) colourful, a. رنگ برنگا ؛ رنگین ۔ (مجازاً) بہت زیادہ شاندار ، سجا ہوا یا رنگ آمیز (جیسے : a colorful historical period) ؛ واضح اور نظر میں کھبنے والے مناظر کی تصویر کشی یا بیان (جیسے : a colorful narrative) ۔

colorfully, adv. رنگینی سے ؛ دِلکش انداز سے ۔

colorfulness, n. رنگینی ؛ دِلکشی ۔

color guard, (Brit.) colour guard, n. فوجی دستے کے پرچموں کا نگران یا محافظ ؛ فوجی پرچم کا ذمّہ دار نگرانِ دستہ ۔

colorific, a. رنگ آور ؛ رنگنے کی خصوصیت یا صفت کا حامل ؛ دوسرے اجسام کو رنگین کرنے کی اہلیت رکھنے والا ؛ رنگ کے متعلّق ؛ رنگ فشاں ؛ رنگ زا ۔

colorimeter, n. لَون پیما : ایک آلہ جس کے ذریعے ایک رقیق کے رنگ کی گہرائی اُسی رنگ کے معیاری رقیق سے تقابل کر کے ناپی جاتی ہے ؛ رنگ پیما ۔

coloring, (Brit.) colouring, n. رنگریزی ؛ رنگ کرنے کا عمل یا فن ؛ کیا ہوا رنگ ؛ کوئی چیز جو رنگنے کے لیے استعمال کی جائے ، مثلاً صبغہ ، خضاب یا مہندی ؛ ظاہری شکل یا روپ بلحاظ رنگ ، جیسے جلد کا رنگ ، امتیازی خصوصیت یا رُجحان ؛ نمایشی رنگ رُوپ ؛ رنگ کاری ؛ رنگ آمیزی ؛ رنگسازی ؛ اُجالنے کا عمل ؛ رنگینی ؛ دھوکا ؛ قلعی ؛ ظاہری ٹیپ ٹاپ ؛ شو/دکھاوا ۔

colorist, (Brit.) colourist, n. رنگ ریز ؛ رنگ کرنے والا ؛ نقاش/پینٹر/آرٹسٹ جس کے کام/تصویروں میں رنگوں کے استعمال کی مہارت جھلکے ؛ نقّاش ؛ رنگساز ۔

colorless, (Brit.) colourless, a. بے رنگ ؛ پھیکا ؛ رنگ سے محروم ؛ زرد و لاغر ؛ ڈھلا ہوا ؛ جوش اور ولولہ سے محروم ؛ بے مزا ؛ غیر دلچسپ ؛ بے لون ۔

color phase, n. جانور کی کھال کے بالوں / پوستین میں عام یا معیاری رنگ سے توالدی طور پر پیدا ہونے والا فرق ؛ وہ جانور جس کی پوستین میں ایسا فرق نظر آئے ؛ عمر اور موسم کے لحاظ سے بدلنے والا سمور کا رنگ ۔

colorsergeant, (Brit.) colour sergeant, n. کوٹ دفعدار : وہ سارجنٹ جو بٹالین یا رجمنٹ کے پرچموں کا ذمّہ دار ہو ؛ سارجنٹ اور وارنٹ افسر کے درمیان کا عُہدہ ۔

colossal, a. دیو قامت بُت کولوسس کی طرح ؛ عمومی یا معیاری جسامت یا حجم سے بہت زیادہ ؛ عظیمُ الجُثّہ ؛ دیو پیکر ؛ عظیمُ الشّان ؛ دیوہیکل ؛ شاندار ؛ بڑے قد کا ؛ دیو کا دیو ۔

Colosseum, Coliseum, n. روم میں واقع دنیا کا سب سے قدیم ایمفی تھیٹر جس کی تعمیر شہنشاہ ویسپاسین نے شروع کی تھی اور اسّی عیسوی میں جسے ٹائیٹس نے مکمل کیا ۔ (چھوٹے c کے ساتھ) دیگر ایمفی اور بڑے تھیٹروں یا جلسہ گاہوں کو بھی کولوسیم کہا جاتا ہے ۔

colossus, n. دیوقامت یا قدرتی جسامت سے کئی گنا زیادہ جسامت کا بُت یا مجسمہ ، مثلاً اپالو کا مجسمّہ جو پہلے قدیم رہوڈز کی بندرگاہ کے داخلی دروازے پر نصب تھا ؛ کوئی بھی بہت بڑی یا دیوقامت چیز ؛ دیو پیکر ؛ مجسمۂ عظیم ؛ غدّار (سیاست) ۔

colostomy, n. (جرّاحی) قولون تراشی ؛ قولون شگافی : عملِ جرّاحی جس کے ذریعہ مصنوعی مقعد ناف کی دیوار کاٹ کر اور قولون میں شگاف کر کے بنائی جاتی ہے ؛ وہ سوراخ جو اس شگاف سے بنتا ہے ؛ آنت کے دو علیحدہ حصّوں کو ملانے یا جوڑنے کا عمل ۔

colostrum, n. لبا : بچّے کی ولادت کے بعد پستانِ مادر سے نکلنے والا پہلا دُودھ جس میں لحمیات کی بڑی تعداد اور ایسے اجزا ہوتے ہیں جو نوزائیدہ کو بیماریوں سے محفوظ رکھتے ہیں ؛ پیوسی ؛ بوہلی ۔

colporteur, n. انجیل فروش ؛ پھیری لگا کر کتابیں بیچنے والا ؛ وہ شخص جو جابجا انجیل اور دیگر مذہبی مطبوعات تقسیم کرتا پھرتا ہے ۔

colportage, n. پھیری لگا کر مذہبی مطبوعات فروخت کرنے والے کا کام ؛ تقسیمِ کُتب مذہبی ۔

colt, n. نوخیز اسپ نر ؛ بچھیرا؛ جوان نر گھوڑا ؛ جوان گدھا یا خچّر ؛ جوان آدمی یا نوآموز شخص ؛ پاگل ؛ احمق ؛ بیوقوف ؛ الل بچھیرا ؛ اناڑی ۔

colter, coulter, n. پھالی ؛ پھال ؛ تیز فولادی پھل یا پہیہ جو ہل کے شہتیر میں زمین کھودنے اور ریگھاری (بیج ڈالنے کی نالی) بنانے میں آسانی پیدا کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے ؛ پھالا ۔

coltish, a. کھلاڑی ؛ جوان گھوڑے کا یا اس کی طرح ؛ چنچل ؛ کود پھاند کرنے والا ؛ بدکنے والا ؛ شوخ و شنگ ؛ کھلنڈرا ؛ وہ جو آسانی سے نہ روکا جا سکے یا آسانی سے قابو میں نہ آ سکے ؛ شوخ ؛ البیلا ؛ ناکتد ؛ بیہودہ ۔

coltsfoot, n. جنگلی ادرک ؛ حشیشہ سعال: حشیشۃُ السُّعال : پُرانی دنیا کی ایک سدا بہار بوٹی ، جس کے پُھول پیلے اور پتّے گول اور بڑے ہوتے تھے جن سے دوائیں بنتی تھیں ۔

colubrid, n. مارِ بے زہر ؛ غیر زہریلا سانپ ؛ دنیا بھر میں پائے جانے والے غیر زہریلے سانپوں میں سے کوئی سانپ ۔

colubrine, a. مارشکل ؛ ماری ؛ سانپ کا یا سانپ کی طرح ؛ سانپوں کے خاندان خصوصاً اس جنس سے متعلّق ۔

colugo, n. کولوگو ؛ اڑنے والا میمون یا لیمور ۔

columbarium, columbary, n. مقبرہ یا کوئی مشابہ عمارت جس میں مُردوں کی راکھ کے مرتبان رکھنے کے لیے طاق یا جوف بنے ہوئے ہوں ؛ ان طاقوں میں سے کوئی ایک ۔ (حیوانیات) کبوتر خانہ ؛ داڑھا ۔

Columbia, n. (شاعری) امریکا کا تانیثی (مؤنث) نام ۔

Columbian, a. ریاستہائے متحدہ امریکا یا کرسٹوفر کولمبس کے متعلّق ۔

columbic, a. (کیمیا) عنصری دھات کولمبیم کا یا اس کے متعلّق ؛ نیوبِک ۔

columbine, a. کبوتر یا فاختہ کی طرح یا اس کے متعلّق ؛ فاختئی رنگ کا ؛ حمامی ؛ فاختئی ؛ کبوتری (رنگ) ۔

columbine, n. کبوتر پُھول ؛ گُلِ کبوتر ؛ گلِ فاختہ : سبـل الغُـراب یا تُلسی کے خانـدان کا ایک پودا جس کے پُھول خوبصورت اور رنگ برنگے ہوتے ہیں ، اِسے کبوتر پُھول اس لیے کہتے ہیں کہ جب پُھول کھلے ہوئے ہوں تو ان کی خمدار پنکھڑیوں اور شہپروں سے مشابہ پُھول کٹوریوں کی وجہ سے لگتا ہے کہ کبوتروں کا جھنڈ درختوں پر بیٹھا ہوا ہے ؛ ساق الحمام ، اکوئیلجیا کائیرولا (Aquilegia. caerula) ؛ ایک امـریکی ریاست کولـوریڈو کا سرکاری /ریاستی پُھول ۔

columbite, n. ایک سیاہ رنگ کا قلمی معدن جو لوہے اور کولمبیم کا مرکّب ہوتا ہے اور جس میں اکثر مینگنیز اور ٹنٹلوم بھی پائے جاتے ہیں ۔

columbium, n. (کیمیا) کولمبیم ؛ نیوبیم (niobium) ۔ عُنصری دھات کا پرانا نام ۔

column, n. (فن تعمیر) کالم ؛ کھمبا ؛ کھم ؛ تھم ؛ ستون ؛ لاٹھ ؛ مینار ؛ ٹیک ؛ لمبا ، پتلا اور سیدھا شافٹ یا ستون؛ بلّی یا چھڑ ، خصـوصـاً سجاوٹی یا تھامنے والا ستون جو کرسی ، استوانہ،لاٹھ اور سرِستون پر مشتمل ہوتا ہے ؛ کوئی بھی ستون نُما چیز ، ڈھیر ، تودہ یا شکل (جیسے : a column of figures یا the spinal column)؛اخباری صفحہ کا کالم ؛ ایک صفحہ پر عمودی چھپی ہوئی دو یا تین سطروں میں سے ایک ؛ اخبار یا رسالے میں مخصوص موضوع (مثلاً سیاست ، فنونِ لطیفہ ، محبت کرنے والوں کو مشورے وغیرہ) کا شُعبہ جس کی تحـریر و ادارت کسی صحـافی/مصنف یا خُود ایڈیٹر کے ذمـہّ ہو ۔ (عسکـری) سپاہیوں کی صف بندی جو چوڑائی میں تنگ اور لمبائی میں ، یعنی سامنے سے پیچھے کی طرف طویل ہو؛سپاہیوں کی قطار ؛ جہازوں کی قطار۔(نباتیات) ثعلب مصری میں زر ریشہ اور بُقچہ کے ملاپ سے بننے والی ستونی شکل ؛ گول ستون ؛ پیل پایہ ، صف ؛ قطار ۔

columned, a. ستونی ؛ کھمبوں والا ؛ کھمبے دار ؛ ستون نُما ؛ ستونی ؛ استوانی ۔

columnar, a. ہم قاشی ؛ کالم کا ، اس کے متعلّق یا کالم/کالموں کی خاصیّت والا ؛ کالم جیسا ؛ کھمب سا ؛ تھم سا ؛ ستون جیسا ۔

columination, n. ستون بندی : کسی ساخت یا ڈھانچے میں کالموں کا استعمال یا ترتیب ۔

columnist, n. کالم نگار : اخبار میں خصوصی کالم لکھنے والا صحافی ، مصنف یا ایڈیٹر۔

colure, n. (فلکیات) دائرہ السمت : کُرہّ فلک کے ان دو بڑے دائروں میں سے ایک دائرہ ، جو قطبین پر ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ بناتے ہوئے کاٹتے ہیں ، ان میں سے ایک دائرۃ البروج کے نُقطۂ دائرۂ انقلاب اور دوسرا نقطۂ دائرۂ اعتدال پر سے گزرتا ہے ، وہ نقاط جہاں وہ ایک دُوسرے کو کاٹتے ہیں نقاط عظیم یا اہم نقطے کہلاتے ہیں ؛ دائرۂ مقاطعہ ۔

coma, n. سبات اغما ؛ کوما ؛ غیر طبعی گہری نیند یا طویل بے ہوشی : عموماً کسی بیماری یا چوٹ کی وجہ سے طویل بیہوشی کی حالت جس سے کسی شخص کو نکالنا محال یا ناممکن ہو ؛ خواب گراں یا غفلت ؛ بے ہوشی کی نیند ۔

coma, n. سحابیت ۔ (نباتیات) بیج کے سرے پر ریشمی ریشوں کا گُچّھا ؛ بیج گُچھّا ؛ بیج ڈاڑھی ؛ بیج ریش ۔ (فلکیات) دُمدار ستارے کے مرکزے کو احاطہ کیے ہوئے سدیمی یا سحابی مادّہ ؛ بالیا ۔ (بصریات) دُھندلی حدود جو مدوّر انحراف کے عدسے سے دیکھنے پر کسی چیز کو گھیرے ہوئے نظر آئیں ۔

comal, a. بالیائی ؛ گچھّے دار ؛ سدیمی ؛ دھندلا ؛ سباتی ۔

Coma Berenices, Berenice's Hair, n. ایک شمالی مجمع الکواکب یا ستاروں کا جھرمٹ ۔

Comanche, n. شمالی امریکا میں میدانی علاقوں کے انڈین جو اصلاً شوشونین ہیں اور اب اوکلاہوما میں رہتے ہیں ؛ کومانچوں کی بولی ۔

Comanchean, a. (ارضیات) ایک ارضیاتی عہد یا شمالی امریکا میں ایسے نظام حجری یا حجری دور کے متعلّق جو عصرِ چاکی یا کھریا جُگ کا ابتدائی دور تھا ۔ (اسم) کومانچی عہد یا حجری دور ۔

comate, a. (نباتیات) ریشیا ؛ بالوں والا ؛ ریشہ دار ؛ روئیں دار ۔

comate, n. رفیق ؛ ساتھی ؛ ریشہ ؛ رواں ؛ بال ۔

comatose, a. بے ہوشی یا غفلت کے متعلّق ؛ اونگھتا ہوا ؛ خواب آلودہ ۔

comb, n. شانہ ؛ کنگھا ؛ کنگھی ؛ کوچ ؛ کوچی ؛ بالوں کو سنوارنے ، ترتیب دینے ، صاف کرنے یا اپنی جگہ پر رکھنے کے لیے ایک دندانے دار آلہ جو ہڈّی ، لکڑی ، دھات ، پلاسٹک یا ربڑ کا بنا ہوتا ہے ؛ کھرکھرا ؛ اون صاف کرنے کا شانہ نُما آلہ ؛ کنگھے جیسا کوئی بھی آلہ یا چیز ؛ مُرغے کا کیس یا کلغی؛کیس ؛ کلغی ؛ تاج خروس ۔

comb, v.t. بالوں میں کنگھی کرنا ؛ کنگھے یا کسی اور چیز سے بال سنوارنا ؛ اُون صاف کرنا ؛ بل نکالنا ؛ اچھی طرح سے تلاش کرنا ؛ کھولنا ؛ دُھننا ؛ جھاڑنا ؛ صاف کرنا ۔ (فعل لازم) موج کا بل کھانا اور ساحل سے ٹکرانا ؛ لڑنا ۔

combat, v.t.v.i لڑنا ؛ مقابلہ کرنا؛ مخالفت کرنا ؛ لڑائی کرنا ؛ جنگ کرنا ؛ سامنا کرنا ۔

combat, n. رزم ؛ مبارزہ ؛ منظم گروہوں (مثلاً فوجوں) یا افراد کے درمیان لڑائی ؛ جنگ میں یا جنگ کے دوران لڑائی یا جھڑپ ؛ جدوجہد ؛کشمکش ؛ ٹکراؤ ؛ جنگ ؛ معرکہ ؛ حالتِ نزاع ؛ پکڑ ؛ کُشتی ؛ دوبدو لڑائی ۔

combatant, a. مبارز؛ جنگجو؛ لڑاکو ؛ لڑنے جھگڑنے کا رجحان رکھنے والا ۔ (نقابت) متشدّد اور بپھرا ہوا جیسے کہ شیر ایک دوسرے کے مقابل ہوتے ہیں ؛ متحارب ؛ جنگ آور ۔ (اسم) جنگ یا لڑائی میں

شرکت کرنے والا ؛ سپاہی ؛ لڑنے والا ۔

combat fatigue, battle fatigue, n. حربی تکان : نفسی خللِ اعصاب جو جنگ کے حالات میں شدید دباؤ ، تھکن ، فکر اور پریشانی سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

combative, a. لڑنے جھگڑنے پر تیار ؛ لڑاکو ؛ مبارزت پسند ؛ مستحارب ؛ نزاع پسند ۔

combatively, adv. جنگجویانہ ؛ لڑائی جھگڑے سے ۔

combativeness, n. جنگ جوئی ؛ لڑاکو پن ؛ جھگڑالو پن ؛ لڑاکا پن ؛ لڑائی جھگڑے یا مقابلے کی عادت یا خصلت ۔

combat jacket, battle jacket, Eisenhower jacket, n.: حربی جیکٹ کمر تک کی جیکٹ یا صدری جو پہلے فوجی وردی کے ایک حصّے کے طور پر پہنی جاتی تھی ؛ جنگی صدری۔

combat zone, n. جنگ کے دوران فوجی کارروائی کا علاقـہ جو لڑائی کے مورچوں سے مواصلاتی علاقوں کی حدوں تک پھیلا ہوتا ہے ۔

combe, comb, coomb, n. (برطانوی) تنگ وادی یا گہرا گڑھا ، خصوصاً ایسا گڑھا جو سوائے ایک طرف کے ہر طرف سے بند ہو ؛ گھاٹی ؛ ڈھلان ۔

comber, n. دُھنیا ؛ مشین یا مشین کار جو روئی یا اُون کو صاف کرے ؛ طویل اور خم کھاتی ہوئی موج ؛ ندّاف ۔

combinable, a. وہ جو جوڑا جا سکے ؛ اتّحاد یا اتصال کے قابل یا جو جوڑے جانے کی گنجایش رکھتا ہو ؛ اتصال پذیر۔

combinability, n. اہلیّتِ اتصال ؛ اتصال پذیری ۔

combination, n. میل ؛ اِتّصال ؛ اِتّحاد ؛ ملانے یا متصل کرنے کا عمل ، اتصال کی حالت ؛ متصل کی ہوئی اشیا یا ان کے جوڑ سے بننے والی چیز ؛ اشخاص یا جماعتوں کا اتحاد ؛ تالہ/قفل کھولنے کے لیے اعداد یا حروف کا وہ مقررہ سیٹ ، ترتیب یا تسلسل جو قفل کی میکانکی ترکیب میں استعمال کیا جائے ، ایسے تالے تجوریوں میں لگائے جاتے ہیں اور ترکیبی قفل یا تالے (combination lock) کہلاتے ہیں ؛ جڑواں بُنیان اور چڈی یا زیر جامہ ۔ (کیمیا) مختلف الخواص مادوں کا اتصال ۔ (ریاضی) ایک مبینـہ تعداد افراد کی مختلف گروہوں میں اس طرح تنظیم کہ ہر گروہ میں افراد کی ایک خاص تعداد ہو ،جیسے ا ، ب اور ج کی گروہی تنظیم : ا ب ، ا ج اور ب ج ؛ کسی گروہ کا قیام ؛ اجتماع ؛ ملاپ ؛ قِران ؛ امتزاج؛ مجموعہ؛ ترکیب ؛ ارتباط ؛ مشارکت ۔

combinational, a. اتّصالی ؛ اکجائی ؛ جڑواں ؛ اجتماعی ؛ ترکیبی ۔

combinative, combinatory, a. اتصال پذیر؛ قابلِ اتحاد ؛ اتصال ، اتحاد ، میل یا جوڑ کے نتیجے میں ۔

combine, v.t. قریبی اِتّحاد یا کل میں متحد کرنا یا شریک کرنا ؛ متحد کرنا ؛ ساتھ ملانا ؛ اشتراک کا جواز پیدا کرنا؛ کسی ذریعہ سے اشـتراک ، اتـحـاد یا ملاپ کا مظاہـرہ کرنـا (جـیـسـے : (a plan which combines the best features of several other plans ؛ گانٹھنا ؛ ملانا ؛ جوڑنا ؛ ایک جگہ کرنا ؛ پیوست کر دینا ۔ (فعل لازم) جمع ہونا یا ایک ہی گروہ/جماعت میں ساتھ ملنا ؛ متحد ہونا ؛ اشتراک کرنا ؛ باہم ترکیب پانا ؛ عموماً عام مقصد یا نصب العین کے لیے متحد ہونا ؛ متحدہ جدوجہد کرنا ؛ مشترکہ کوشش کرنا ؛ جماعت بنانا ؛ جوڑنا ؛ ایک جگہ ہونا ؛ پیوست ہونا ۔

combine, n. مشترکہ تنظیم ؛ افراد یا جماعتوں کی ایسی تنظیم جو مشترکہ مقاصد حاصل کرنے کے لیے بنائی گئی ہو ؛ فصل کی کٹائی کرنے والی مشین جو بیک وقت کاٹنے اور بالیوں سے گندم نکالنے کے دو کام کرتی ہے؛ ہمہ کار مشین؛ جمعی مشین ۔

combine, v.t. ایسی مشین سے گاہنا جو بیک وقت کاٹنے اور بالیوں سے گندم نکالنے کا کام کرے ۔

combings, n., کنگھے سے نوچے ہوئے صاف کیے ہوئے بال ۔

combing wool, n. ایک قسم کا اُون جس کے ریشے لمبے اور مضبوط ہوتے ہیں اور جو خاص طور پر اُونی کپڑوں کے لیے زیادہ مناسب ہوتا ہے ۔

combining form, n. لفظ کا عُنصر جسے دوسرے الفاظ یا لفظی عناصر سے جوڑ کے لیے استعمال کیا جائے (جیسے : Anglo in Anglophile یا اردو میں ''بیکار، بیوقوف'' میں ''بے'' کا استعمال۔

combining weight, n. (کیمیا) مساوی الوزن ۔

combo, n. جازیا رقص کی موسیقی بجانے والا تین یا چار سازندوں کا طائفہ ۔

combust, a. (نجوم) نزقران : کسی سیّارے کی سورج سے اتنی قربت کہ وہ نظر نہ آئے ؛ سوختہ ۔

combustibility, combustibleness, n. آتش پذیری ؛ اشتعال پذیری ؛ آگ پکڑنے کی حالت ؛ آتش پذیر ہونے کی حالت یا صفت ؛ احتراق پذیری ۔

combustible, آتش پذیر؛ اشتعال پذیر؛ آتش گیر ؛ آگ پکڑنے والا ۔ (مجازاً) شُعلہ خو ؛ گرم مزاج ؛ غُصیلا ؛ احتراق پذیر ؛ جلنے جوگ ؛ جلنے کے قابل ؛ سوختنی ؛ بھڑکنے والا ۔ (اسم) آگ پکڑنے اور بھڑک اٹھنے والا مادہ ؛ احتراقی مادّہ ۔

combustion, n. احتراق ؛ سُلگن ؛ اشتعال ؛ افروختگی ؛ آتش گیری ؛ جلنے کا عمل یا طریق کار ؛ آتش پذیر مادّہ پر آگ کا عمل ؛ متشددّانہ جوش یا جذبـات کی برانگیختگی ؛ اضـطراب ، شورش ، ہنگـامـہ ۔ (کیمیا) حرارت اور عمـوماً روشنی کے سبب فوری عمل تکسید ؛ دو چیزوں کا کیمیائی اتّحـاد جس کے نتیجہ میں توانائی کی تخلیق و اخراج ، حرارت اور روشنی کی صورت میں ہو ؛ بلند درجۂ حرارت اور روشنی کی معیّت کے بغیر آہستـہ عمـل تکسید ؛ جلن ؛ افروختگی ؛ سوختگی ؛ سلگن ؛ حرارت پذیری ۔

combustive, a. احتراق/افروختگی کے متعلّق یا اُس سے متصّف ؛ احتراقی ۔

combustor, n. (ہوا بازی) خانۂ احتراق : یہ اِصطلاح ہوائی جہاز میں پُرتابی (ramjet) انجن کے اُس حصّہ کے لیے استعمال ہوتی ہے جس میں احتراق خانہ ، شعلہ دان ، گیرانہ اور تیل پاش کا وہ نظام موجود ہو، جو احتراق کو شروع کرتا اور برقرار رکھتا ہے ۔

come, v.i. آنا ؛ چلنا ؛ آگے بڑھنا ؛ پہنچنا ؛ متکلّم کی جانب یا کسی اور چیز کی طرف حرکت کرنا ؛ واقع ہونا ؛ پاس یا نزدیک آنا ؛ قدم آگے رکھنا ؛ کسی کی طرف آنا ؛ گزرنا ؛ ہو جانا ؛ ہوگزرنا ؛ چلنا ؛ نکلنا ؛ حاصل ہونا ؛ ترادف میں آنا یا پہنچنا (جیسے : When we come to the second chapter) ؛ ملتی جلتی قسم کا یا حسبِ نمونہ ہونـا (جیسے : .This comes closest to what I want) ؛ تبـدیلی کے

ذریعہ کسی حال کو پہنچنا (جیسے : .The water came to a boil) ؛ کسی چیز کے نتیجہ میں ظاہر ہونا (جیسے : This comes of carelessness) ؛ آگے بڑھنا یا ترقی کرکے کامیابی حاصل کرنا (جیسے : to come up the hard way) ؛ کسی حد تک پھیلنا یا پہنچنا (جیسے : the dress comes to her knees) ؛ ہونا ؛ ہوتے ہوئے معلوم ہونا ؛ ثابت ہونا ؛ مقررہ جگہ تک پہنچنا (جیسے : to come true; to come to life; to come loose or untied.) ؛ دماغ میں بات یا خیال کا آنا (جیسے : The name came to him in a flash.) ؛ واقع ہونا یا نازل ہونا ؛ کسی جگہ سے آنا یا تعلق رکھنا (جیسے : He comes from Pakistan) ؛ واقع ہونا یا ظہور میں آنا (جیسے : no good will come of this) ؛ خارج ہونا ؛ ماخوذ ہونا یا آغاز ہونا؛ ایک خاص حالت میں داخل ہونا ؛ استعمال میں آنا یا رائج ہونا (جیسے : to come into use.) ؛ درجہ بند ہونا یا کسی چیز کا حصّہ بننا (جیسے : to come under my jurisdiction) ؛ دستیاب ہونا (جیسے : to come in two colors) ؛ غلّہ کے بیج کا اُگنا ۔ (عوامی) انزال ہونا ۔ (بول چال) اداکاری کا رول یا روپ اختیار کرنا (جیسے : to come as the laughty queen) ۔ (صیغۂ امر) توجّہ دلانا ؛ تاکید کرنا ؛ ملامت کرنا (جیسے : Come, that will do) ۔

come apart at the seams, (عوامی) خود پر اختیار کھو دینا ؛ گھبرا جانا ۔

come at, مہارت یا لیاقت حاصل کر لینا ؛ پا لینا ؛ رسائی ہو جانا ؛ بات کو پہنچ جانا ۔

come by, پڑا ہوا پانا ؛ ہاتھ آنا ؛ مِل جانا ؛ قریب سے گزرنا (جیسے : He comes by his blue eyes honestly) ۔ (بول چال) ملاقات یا ملنے کے لیے آنا ۔

come into, قبضہ پانا (جیسے : .She will come into a fortune) ۔

come through, مشکل حالات یا مصیبت سے صحیح سلامت گزر جانا ۔ (عوامی) روپے پیسے سے یا کسی دوسرے طریقے سے مدد دینا (جیسے : .They usually come through with a gift) ۔ (عوامی) حسبِ توقّع کام کر لینا یا توقع پہ پورا اترنا (جیسے : .We know you will come through) ۔

come to pass, واقع ہونا (it کے ساتھ مستعمل ہے) ۔

come about, v.i. واقع ہونا ؛ ظہور میں آنا ۔ (جہازرانی) تیرتے ہوئے بحری جہاز کا رُخ ہوا کی طرف موڑنا ؛ موڑنا۔

come across, v.t. اتفاقاً ملنا یا پانا ؛ مٹ بھیڑ ہونا ؛ سامنا ہونا ۔ (فعل لازم) قابلِ فہم ہونا یا صحیح ترجمانی کے قابل ہونا (جیسے : .The message of this ad does not come across) ۔ (عوامی) حسبِ وعدہ یا حسبِ استدعا کرنا یا دینا (جیسے : to come across with a loan) ۔

come along, v.i. سدھار یا ترقی دکھانا (جیسے : .The patient is coming along nicely) ؛ پہنچنا (جیسے : the next bus comes along later) ۔ (صیغۂ امر) کسی شخص سے عجلت کرنے کے لیے اصرار کرنا ۔

come around, v.i. بات مان لینا ؛ راضی ہو جانا ؛ ہوش میں آنا ؛ غم و غصہ پر قابو پانا ۔

comeback, n. (عوامی) کھوئی ہوئی مہارت یا عام مقبولیت کو دوبارہ حاصل کرنے کی کامیابؒ کوشش ؛ قوّت یا صحت کی بحالی ؛ دندان شکن جواب ۔

come back, v.i. صحت یاب ہونا ؛ پہلی حیثیّت حاصل کرنا یا کامیابی حاصل کرنا ؛ کسی کی یادتازہ ہونا (جیسے : Your name comes back to me now) ؛ ذہانت یا تُرشی سے جواب دینا ۔

comedian, n. مزاحیہ ڈرامہ/ ناٹک کا اداکار ؛ نقّال ؛ بھانڈ ؛ سوانگی ؛ سوانگیا ؛ تماشاگر ؛ ایکٹر ؛ مضحک ؛ پیشہ ور طربیہ نگار یا تماشاگر جو ناظرین کو لطیفوں اور مختلف مزاحیہ حرکتوں سے خوش کرتا ہے ؛ کومیڈین ؛ کوئی بھی مضحک اور مزاحیہ شخص ؛ بہروپیا ؛ ناٹکی ؛ تمثیل نگار ؛ طربیہ نگار ۔

comedienne, n. مزاحیہ اداکارہ ؛ عورت مزاح نگار ؛ ناٹکی (عورت) ؛ رقّاصہ ۔

comedic, a. مزاحیہ یا خوش انجام ناٹک کا یا اس کے متعلّق ؛ طربیہ یا طربیہ سے متعلّق ۔

comedo, n. جلد کی نالی میں چربی کا سخت گٹّا ؛ زہریلی پھُنسی ؛ نصلہ ؛ چربی دانہ ؛ کیل ۔

comedown, n. (بول چال) عظمت ، اہمیّت یا تموُّل کے رُتبہ سے غیر متوقّع یا ذلت آمیز تنزُّل ؛ گراوٹ ؛ زوال ؛ پستی ۔

come down, v.i. گر جانا ؛ شیخی کرکری ہونا ؛ ذلیل ہونا ؛ رُتبہ یا حیثیت کھونا ؛ نسلاً بعد نسلٍ پہنچنا یا بعد کے زمانے تک روایتاً پہنچنا؛ نیچے آنا؛ اترنا ؛ نازل ہونا ؛ زوال میں آنا ؛(خود کو) بیماری لگنا؛ بیمار ہونا ؛ ادا کرنا ؛ اُتارنا (عموماً with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔

comedy, n. کومیڈی ؛ ہلکا پھُلکا ، مزاحیّہ ، خوش انجام یا طربیّہ ناٹک/تمثیل/ڈرامہ ؛ ڈرامہ جو ہلکے پھُلکے مزاح پر مشتمل ہو اور خوش انجام ہونے کی خصوصیات رکھتا ہو ؛ ڈرامے کی وہ شاخ جو اس ہیئت کی ہو ؛ ڈرامے بالعموم ادب یا زندگی کا مزاحیہ پہلو ؛ کوئی بھی ادب پارہ جو طربیہ سے متعلّق مناسب موضوع پر لکھا گیا ہو یا جس میں طربیہ لکھنے کا اسلوب اختیار کیا گیا ہو ؛ کوئی بھی مزاحیہ یا مضحک واقعہ یا واقعات کا تسلسل ؛ طربیہ ؛ سوانگ ؛ نقل ۔

comedy of manners, n. (ادب) مزاح کی ایک قسم ، جو رسم و رواج ، خصوصاً فیشن ایبل سوسائٹی پر طنزیہ کی شکل میں ہو۔

come-hither, a. لبھانے والی ، معنی خیز اشارہ کرنے والی یا دعوت دینے والی (جیسے : a come-hither look) ۔

come in, v.t. داخل ہونا ؛ فیشن میں ہونا ؛ مستعمل ہونا ؛ مقابلہ یا مسابقت میں جیتنے والوں میں ہونا (جیسے : to come in fourth) ؛ وصول کرنا (for کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) (جیسے : to come in for criticism) ؛ رواج پانا ؛ کارآمد ہونا ؛ اندر آنا ؛ شروع کرنا ؛ برسر اقتدار آنا ؛ کام آنا ؛ وصول ہونا ۔ (صیغۂ امر) مواصلات میں استعمال ہونے والا جوابی اشارہ (جیسے : Come in, New York) ؛ پیداوار دینا یا پکنا ، مثلاً تیل کے کنوئیں سے پیداوار حاصل ہونا یا اناج کی فصل پکنا ؛ حصّہ پانا ؛ لینا ؛ حاصل کرنا ۔

comeliness, n. شکل و صُورت میں دلکشی کی خصوصیّت ؛ خوبصورتی ؛ خوش اندامی ؛ خوش رُوئی ؛ دلکشی ۔

comely, a. خوبصورت ؛ خُوش کُن ؛ قبُول صورت ؛ دِل پسند ؛ خوشنما شکل ؛ سجیلا ؛ شکیل ؛ وجیہہ ۔

come off, v.i. واقع ہونا یا ظہور میں آنا ؛ کامیاب ہونا (جیسے : The play came off well) ؛ کامیابی سے اختتام تک پہنچنا یا کامیابی حاصل ہونا (جیسے : He came off with first place) ۔

come-on, n. (عوامی) کوئی بھی چیز جس کا مقصد کسی کو پھانسنے ، پھندا ڈالنے یا دھوکا دینے کے لیے لُبھانا ہو ۔

come on, v.i. ترقی ظاہر کرنا ؛ پھلنا پھولنا ؛ تمثیل کے عمل یا قدرتی عوامل کا ظاہر ہونا یا شروع ہونا (جیسے The storm came on suddenly) ؛ غیر متوقع طور پر سامنا ہونا (جیسے : to come on or upon a former pupil) ۔ (بول چال ، صیغۂ امر) کسی شخص سے عجلت یا جلدی کرنے کے لیے تقاضا کرنا ۔ (بول چال ، صیغۂ امر) ترغیب دینے یا راضی کرنے کی کوشش کرنا (جیسے : Please, come on) ۔ (عوامی) اپنی شخصیت کا احساس دلانا یا متاثر کرنا (جیسے : to come on strong) ؛ آگے بڑھنا ؛ چلے آنا ؛ آنا ؛ ترقی کرنا ۔

come out, v.i. پوشیدہ یا خفیہ رہنے کے بعد ظاہر ہونا ؛ (چیز کا) دستیاب ہونا یا (شخص کا) کسی کام کے لیے تیّار ہونا ؛ نظریہ یا رائے کا اظہار کرنا ، (جیسے : to come out for the opposition) ؛ کام چھوڑنا ؛ ہڑتال کرنا ؛ شائع ہونا ؛ برآمد ہونا ؛ منکشف ہونا ؛ بیان کر دینا ؛ بولنا یا ظاہر کرنا with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : to come out with a strange tale) ؛ معاشرے میں کسی حیثیّت سے باقاعدہ متعارف ہونا ؛ ختم ہونا یا مُنتج ہونا (جیسے : He came out second in the competition) ۔

come-outer, n. مُصلح ؛ اصلاح کرنے والا ؛ وہ شخص جو کسی موجود تنظیم ، مثلاً سیاسی یا مذہبی جماعت کو چھوڑ دے اور اُسے بدلنے یا اس کی جگہ کوئی نئی تنظیم قائم کرنے کی خواہش کرے ۔

come over, v.i. اپنی رائے بدلنا یا مخالف کا نقطۂ نظر اپنا کر اُس سے مِل جانا ؛ غیر رسمی ملاقات کرنا یا بے ارادہ ملاقات کو آنا ؛ آملنا ؛ آنکلنا ؛ دیکھنے آ جانا ؛ رضامند ہو جانا ؛ سنبھل جانا ؛ غالب آنا ؛ غلبہ پانا ؛ رعب جما لینا ؛ رسوخ جما لینا ؛ طے کرکے آنا ۔ (فعل متعدی) اثر انداز ہونا (جیسے : a strange feeling came over her) ۔

comer, n. آنے والا (جیسے : All comers are welcome) ؛ نووارد ؛ وارد ۔ (بول چال) ہونہار بچّہ جس سے یہ توقع ہو کہ مستقبل میں کار ہائے نمایاں انجام دے گا ۔

come round, come around, v.i. ہوش میں آنا ؛ بیماری سے صحت مند ہونا یا سنبھلنا ؛ دوسرے کے نظریات کو رفتہ رفتہ سمجھنا اور اپنانا ؛ غصّہ یا چوٹ کھائے ہوئے احساسات پر قابو پانا (جیسے : He is angry now, but he will come round) ؛ ماننا ؛ مان جانا ؛ من جانا یا راضی ہو جانا ؛ غیر رسمی ملاقات کو آنا ۔ (جہاز رانی) ہوا کے رخ سے فائدہ اٹھانے کے لیے جہاز کو پلٹا دینا یا ایک طرف کو موڑنا ۔

comestible, a. خوردنی ؛ ماکولات ؛ قابلِ تناول ؛ کھانے کے لائق ۔

comestible, n. کھانے کی کوئی چیز ۔ (عموماً جمع) غذائیں ؛ اشیائے خوردنی ؛ ماکولات ۔

comet, n. دنبالہ دار سیّارہ ؛ جھاڑو تارا ؛ پچھل تارا ، دُم دار ستارہ ؛ ایسے اجرام فلکی میں سے کوئی ایک جو سورج کے گرد چکر کاٹتے ہیں ، ان کے چکّر بیضوی سے لے کر شلجمی شکل کے ہو سکتے ہیں ، ایک چکر پورا ہونے میں چند سال سے لے کر لاکھوں سال تک لگ سکتے ہیں ، ہر دنبالہ دار سیّارے میں ایک گھنا مرکزہ ہوتا ہے جو دُھول اور گیس کے بادلوں میں لپٹا ہوتا ہے ، یہ سحابی مادّہ سیارے کا دنبالہ یا دُم بناتا ہے ؛ ذات الذَنَب ؛ ذُوذنب ۔

cometary, cometic, a. کومٹی ؛ دنبالے دار سیّارے کی طرح یا اس کے متعلق ۔

come to, v.i. اعداد یا مقدار کے برابر ہونا ، (جیسے : My bill came to six dollars) ؛ ہوش میں آنا ۔ (جہاز رانی) ہوا کے رخ پر جہاز کو لنگر انداز کرنا یا چلانا ؛ وارث ہونا ؛ اپنی جگہ پر ٹھہر جانا ۔

comet seeker, comet finder, n. دوربین ؛ کومٹ جُو ؛ طویل فاصلے تک دیکھنے والی دوربین جس سے دنبالے دار سیّارے دیکھے جاتے ہیں ۔

come up, v.i. کسی معاملہ پر بات ہونا یا کسی موضوع کا زیر بحث آنا (جیسے : A matter that did not come up in conversation) ؛ کسی بااختیار جماعت کے سامنے پیش ہونا ، یا پیش کیا جانا (جیسے : a case that comes up in court) ؛ موازنہ یا مقابلہ کیا جانا (جیسے : His new novel does not come up to his earlier ones) ؛ آگے بڑھنا یا قریب آنا ؛ شانہ بشانہ چلنا ؛ اگنا یا پھوٹنا ؛ رائج ہونا ؛ مقبول ہونا ؛ معیار کے مطابق ہونا ؛ پُورا اترنا ۔

come up with, خامی دُور کرنے کے لیے رائے دینا ؛ مسئلہ کا حل بتانا ؛ کھوئی ہوئی چیز فراہم کرنا (جیسے : to come up with the missing jewels یا to come up with an idea) ۔ (برطانوی) یونیورسٹی میں داخل ہونا ۔

come uppance, n. (بول چال) وہ سزا یا ملامت جس کا ملزم مستحق ہو (جیسے : He is flouting the rules now. but he'll get his comeuppance soon.) ۔

comefit, n. خشک مٹھائی ؛ کوئی بھی پھل یا جڑ جسے شکر ملا کر خشک کر لیا گیا ہو ؛ نقل ؛ الائچی دانہ ؛ ہر قسم کی مٹھائی جس کے اندر کوئی خشک پھل یا گری ہو ؛ پاگ ۔

comfort, v.t. افسردگی دور کرنا ؛ اُداسی سے نکالنا ؛ غم یا تکلیف میں تسکین دینا ؛ تسلی و تشفی دینا ؛ اطمینان دلانا ؛ خاطر جمعی کرنا ؛ دلاسا دینا ؛ غم خواری کرنا ؛ آرام پہنچانا ؛ دھیرج باندھنا ؛ آنسو پونچھنا ۔

comfort, n. تکلیف میں افاقہ ؛ تسلّی ؛ طمانیّت ؛ آرام ؛ افاقہ اور تشفّی کا احساس ؛ کوئی شخص یا چیز جو تسلّی و تشفّی کا باعث ہو ؛ افاقہ یا اطمینان کا سبب ؛ درد و افکار سے نجات اور جسمانی ضروریات پُوری ہونے کے بعد سکون کا احساس ؛ وہ اسباب جن سے یہ احساس پیدا ہو ؛ دلاسا ؛ دھیرج ؛ تسکین ؛ اطمینان ، خاطر جمعی ۔ (امریکا) آرام دینے والا ؛ آرام دہ ؛ پلنگ پوش یا بستر کی چادر ۔

comfortless, a. بے آرام ؛ بے چین ؛ رنجور ؛ آرام دہ اشیا کی فراہمی کے بغیر ؛ دُکھی ۔

comfortable, a. آرام دہ ؛ آسایش بخش ؛ اطمینان بخش ؛ آسودہ ؛ خوش حال ؛ آرام و آسایش اور معتدل انبساط ؛ اطمینان بخش ، مدد ، آسانی اور تسلی و تشفی دینے والا ؛ سکُھی ؛ خوش ؛ آرام کا ۔

comfortableness, n. آرام ؛ آسایش ؛ اطمینان ؛ تشفّی ؛ آرام و آسایش میں ہونے کی حالت ۔

comfortably, adv. آرام سے ؛ اطمینان سے ؛ آسانی سے ؛ ایسے طریقے سے جو آرام و تسلّی بخش ہو ؛ سکھ سے ؛ خوشی سے ۔

comforter, n. وہ شخص یا چیز جو اطمینان بخش یا

آرام ده ہو۔ (بڑے C سے) روحُ القُدس ۔ (چھوٹے c سے) اُونی گلوبند یا گلو پوش جسے سردی کے موسم میں گردن سے لپیٹتے ہیں ؛ تسلی دینے والا ؛ تسکین بخش ؛ تشفی ده ؛ غم خوار۔ (امریکا) ہلکی اور گرم رضائی یا بستر کی چادر۔

comfort station, n. پارک/باغ ، ساحل یا تفریحی مقام پر چھوٹی عمارت جس میں عام لوگوں کے استعمال کے لیے غسل خانہ ، بیت الخلا وغیرہ کی سہولتیں مہیّا کی گئی ہوں ۔

comfy, a. (بول چال) آرام ده ؛ اطمینان بخش ۔

comic, a. مزاحیہ ؛ المیہ کے برعکس طربیہ ، اس کے متعلّق یا اس کی خصوصیّت رکھنے والا ؛ طربیّہ ڈرامہ لکھنے والا یا اس میں اداکاری کرنے والا ؛ مضحکہ خیز ؛ ہنسانے والا ؛ خندہ انگیز ؛ تفنّن آمیز ؛ پُر تمسخر۔

comic, n. ظریف ؛ مزاحیہ اداکار ؛ مزاحیہ پرچہ یا رسالہ ؛ مزاحیہ مقالہ ۔

comical, a. طربیّہ تمثیل کے متعلّق یا اس کی خصوصیّت رکھنے والا ؛ طربیہ ڈرامے سے ملتا جلتا ؛ مسرّت انگیز ؛ مزاحیہ ؛ انوکھا ؛ مضحک ؛ عجیب و غریب ؛ ہنسوڑ ؛ ٹھٹھول ؛ نرالا ؛ مضحکہ خیز۔

comicality, n. مزاحیہ یا طربیّہ صفت ؛ کوئی مضحکہ خیز چیز ؛ مسخراپن ؛ مضحکہ خیزی ؛ نرالا پن ۔

comically, adv. مضحکانہ ؛ مسخرے پن سے ؛ انوکھے پن سے ؛ ظریفانہ ۔

comicalness, n. مزاح ؛ مضحکہ خیزی ؛ مسخرا پن ؛ نرالا پن ۔

comic relief, n. سنجیدہ ادبی تخلیق میں اِس مقصد سے مزاحیہ عنصر داخل کرنا کہ المیہ کی شدت میں کمی آئے اور طربیہ و المیہ کے درمیان تضاد کی شمولیت سے تخلیق میں وُسعت پیدا ہو۔

comic strip, n. بیانیہ کارٹون جو عموماً سلسلہ وار اخبار میں چھپتے ہیں ۔

coming, n. رسائی ؛ پہنچ ؛ رسید ؛ رسیدگی ؛ بعثت ؛ ظہور ؛ وقوع ؛ آمد ۔

coming, a. آمدہ ؛ وُہ جو آ رہا ہو ؛ جو پہنچ رہا ہو یا پہنچنے والا ؛ شہرت اور ناموری کی راہ پر کوئی امتیاز یا کامیابی حاصل کرنے والا ۔

comitia, n. کومیشیا ؛ مقنّنہ ؛ قدیم زمانے میں رومیوں کی قانون ساز مجلس ۔

comitial, a. مقنّنہ (کومیشیا) کے متعلّق ۔

comity, n. شایستگی ، نرمی اور خوش خلقی ؛ تعظیم ؛ تکریم ؛ تواضع ؛ اچھی تربیّت ۔ (بین الاقوامی قانون) قوموں کے درمیان احترام اور دوستانہ مراسم جن کی رو سے ایک قوم دوسری قوم کے آئین اور قوانین کا پاس و لحاظ کرتی ہے ؛ حسنِ معاشرت ؛ خوش اخلاقی ؛ بین الاقوامی احترام یا دوستانہ مراسم ؛ قوموں کی برادری ؛ زمرۂ اقوام ۔

comity of nations, n. احترامِ بین الاقوام ؛ وُہ احترام یا رواداری جس کی رُو سے ایک ملک کے قوانین اور ادارے دوسرے مُلک میں تسلیم کیے جاتے ہیں اور ان کا لحاظ کیا جاتا ہے ؛ زُمرۂ اقوام جس میں باہم ایسے دوستانہ تعلّقات ہوں ؛ قوموں کی برادری ۔

comma, commata, n. کوما ؛ سکتہ ؛ علامتِ وقف (،) جس کے ذریعہ جملہ میں خیال کی روانی یا نحوِی ساخت میں مختصر ترین وقفہ/سکتہ ظاہر کیا جاتا ہے ۔ (قدیم عروض) وقفِ توضیحی کا ایک ٹکڑا یا چھوٹا حصہ ؛ ''فاعِلُن'' (یعنی ایک سببِ خفیف اور ایک وتد مجموع) کے چھ ارکانی مصرعہ کا وقفِ شعری ؛ کوئی بھی سکتہ یا وقفہ ؛ واویہ ؛ بُعدِ جزی ۔

comma bacillus, n. ہیضے کے جراثیم ؛ نتارین کیڑے ؛ عصیۂ واویہ : ایک چھوٹا جراثیمی جسمِ نامی جو ایشیائی ہیضے کا سبب بنتا ہے ، اِس کی شکل معمولی مُڑی ہوئی سلاخ جیسی ہوتی ہے ، پہلے اِس کو بیسی لس یا عصیّہ سمجھا جاتا تھا لیکن یہ دراصل لولبی جرثومہ ہے ؛ عصیۂ ہیضہ ۔

comma fault, comma blunder, n. (گرامر) کوما یا علامتِ وقفہ کا غلط استعمال جو جُملے میں واصلی عطف سے نہ جُڑے ہوئے ہم پلّہ ٹُکڑوں کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

command, v.t. کمان کرنا ؛ حکم دینا ؛ فرمانا ؛ ارشاد کرنا ؛ اختیار و اقتدار کی بِنا پر حکم دینا یا ہدایت کرنا ؛ کسی پر اختیار یا قُدرت رکھنا ؛ لینا کسی کے حُکم سے یا بطور بخشش ؛ حقدار ہونے کی وجہ سے لینا یا حاصل کرنا (جیسے : He commands the respect of his pupils)؛ محلِ وقوع کے باعث کسی منظر کا غالب آنا یا صرفِ نظر ہونا (جیسے : a hill commanding the sea) ؛ برّی یا بحری فوج کی کسی یونٹ کا ذمّہ دار ہونا یا اس کی کمان کرنا ۔ (فعل لازم) احکام جاری ہونا ؛ اختیار یا اقتدار رکھنا یا اس کا استعمال ہونا ؛ کمان دار ہونا ؛ حاوی یا غالب حیثیّت میں ہونا ؛ بالا حیثیت یا مقام سے نیچے کے لوگوں یا مناظر کو دیکھنا ؛ حاکم ہونا ؛ بالادست ہونا؛ مسلّط ہونا ؛ (جذبات کو) قابُو میں رکھنا ؛ زیرِ اثر ہونا؛ دسترس میں ہونا ؛ حاوی ہونا ؛ سر پر ہونا ؛ زد میں لیے ہونا ؛ چھایا ہونا ۔

command, n. کمان کرنے یا حکم دینے کا عمل ؛ حکم ؛ فرمان ؛ آرڈر ؛ ارشاد ؛ کمان ؛ ہدایت ؛ سرداری ؛ سپہ سالاری ؛ قیادت ؛ امارت ؛ قبضہ ؛ قابو ؛ اقتدار ؛ بااختیار حکم کا قبضہ ؛ کنٹرول کرنے کا اختیار ؛ کمان کرنے کا رُتبہ یا عہدہ ؛ کمان دار کے زیرِ حکم فوجی دستہ ، ضلع یا علاقہ ؛ محلِ وقوع کے باعث کسی علاقہ کو قابو میں یا نظر میں رکھنے کی طاقت اور نظارے کی گیرائی اور گہرائی ، (جیسے : The bluff overlooks the valley with a wide command) ؛ مہارت (جیسے : good command of the language)؛ کنٹرول کرنے یا قابو میں رکھنے کی اہلیت، (جیسے : to be in command of one's emotions) ؛ برقی حرکت جس سے مشین چالو کی جائے (جیسے : a control in space craft)۔ (کمپیوٹر) کمپیوٹر کی زبان میں کنٹرول کی علامت یا ہدایت ۔

command, a. حکم کی تعمیل میں کیا جانے والا ، (جیسے : a command performance for a royal audience) ۔

commandant, n. کمیدان؛ عہدے سے قطع نظر کسی جگہ یا فوجی دستے کا حاکم/اعلیٰ افسر ، مثلاً بحری جہازوں کی مرمّت گاہ کا کمان دار جو کپتان ہوتا ہے ؛ فوجی سردار ؛ قلعہ دار ؛ جنگی حاکم ۔

commandeer, v.t. عملی فوجی خدمت کے لیے مجبور کرنا یا حُکم دینا ؛ فوجی یا سرکاری مقاصد کے لیے (نجی جائیداد کا) ضبط کرنا یا کام میں لانا ؛ جبراً چھین لینا ؛ رعب جمانا ؛ سِکّہ بٹھانا ؛ حکماً حاصل کر

لینا۔

commander, n. کمانڈر ؛ امیر ؛ بحری سردار ؛ نائٹ کا خطاب ؛کمان دار؛ وہ شخص جسے کمان کرنے کا اختیار دیا گیا ہو ؛ لیڈر یا اعلیٰ افسر خصوصاً عسکری تنظیم کا ؛ امریکی بحریہ کا ایک افسر جو عہدے میں کپتان سے کم تر لیکن لیفٹیننٹ کمانڈر سے برتر ہوتا ہے ؛ پولیس یا آگ بجھانے والے محکمہ کے بعض شعبوں کا اعلیٰ افسر ؛ وہ افسر جو بعض جماعتوں کا صدر ہو ؛ نائٹوں/سورماؤں کی جدید اعزازی تنظیم کے اعلیٰ شعبہ کا رُکن ؛ قلعہ دار ؛ سرگروہ۔

commandership, n. کمانداری ؛ افسری ؛ سربراہی ؛ امارت۔

commander-in-chief, n. کمانڈر انچیف ؛ سپہ سالار ؛ امیرِ افواج ؛ سپناپتی ؛ قوم کی مسلّح افواج کا سب سے بڑا یا اعلیٰ ترین افسر جیسے ریاستہائے متحدّہ امریکا کا صدرِ مملکت ، مُسلّح افواج کا کماندارِ اعلیٰ ہے ۔ ایک بڑی مسلّح فوج کا ذمّہ دار اعلیٰ افسر ، اِس فوج میں عموماً ایک سے زیادہ مسلّح افواج کے افسران و سپاہی یا ایک سے زیادہ ممالک کی افواج کے آدمی شامل ہوتے ہیں۔

commandery, n. بعض خفیہ احکام یا فرامین کو بحفاظت رکھنے کا مقامی دفتر ؛ کماندار کا ضلع ، خصوصاً ازمنۂ وُسطیٰ میں نائٹوں کی بعض تنظیموں کا ضلع ؛ کماندار کا عہدہ۔

commanding officer, n. کمانڈنگ افسر ؛ فوجی تنظیم یا عسکری اڈہ کا ذمّہ دار کمیشن افسر جو عموماً بریگیڈیر جنرل سے کم تر عہدے کا ہوتا ہے۔

commandment, n. خدائی حُکم ؛ حکمِ ربّی ؛ حُکمِ الٰہی ؛ حکم یا فرمان ؛ حاکمیت یا کمان کرنے کا عمل ، حقیقت یا اختیار ؛ فرمانِ مقدّس ؛ اوامرِ عشرہ جو اللہ تعالیٰ نے طورِ سینا پر حضرت موسیٰ کو دیے تھے ۔ (باب خروج ۲۰ : ۲ ـ ۱۷)

commando, n. کمانڈو ؛ گوریلا ؛ سخت اور خطرناک کارِ مفوّضہ کے لیے فوجی دستہ جسے غنیم کے علاقے میں تخریبی کارروائی اور اچانک حملے کرنے کی خصوصی تربیّت دی جاتی ہے ؛ کمانڈو دستہ کا رُکن۔

commando, a. اچانک حملہ کا یا اس کے متعلّق ؛ ایسے سپاہی چھاپہ ماروں ، گوریلا لڑنے والوں یا تخریب کاروں کے متعلّق جو کمانڈو دستوں کی حیران کن ، غیر متوقّع یا اچانک حملوں کی ترکیبیں استعمال کرتے ہیں ؛ گوریلا ؛ فوجی دستہ ؛ جمعیت ؛ چھاپہ مار۔

command pilot, n. امریکا کی فضائیہ میں ہوابازی کی اعلیٰ ترین اہلیت کا درجہ جو دورانِ ملازمت سب سے مشّاق ہوا باز کو دیا جاتا ہے۔

commemorate, v.t. یاد دلانا ؛ عزت اور تعریف سے (تحریر و تقریر میں) یاد کرنا ؛ سنجیدہ تقریب منعقد کرکے یاد منانا ؛ عظمت کی یاد گار ہونا ؛ کسی کی یادگار ہونا ؛ کسی کی یادگار قائم کرنا ؛ منانا۔

commemorable, a. یادمنانے کے قابل ؛ یادگار کے قابل ؛ یادگاری۔

commemoration, n. یادگار ؛ یاد دلانے یا یادمنانے کا عمل ؛ کسی شخص یا واقعہ کی یاد میں دُعا ، فاتحہ ، سروس یا تقریب ؛ عُرس۔

commemorative, a. یاد دلانے والی شے ؛ یاد دلانے والی تقریب ؛ یادگاری۔

commence, v.i. شروع ہونا ؛ ابتدا ہونا؛ بِسْمِ اللہ ہونا؛ آغاز ہونا ؛ چل پڑنا ؛ منبع سے شروع ہونا ؛ پہلے وجود میں آنا ؛ نئی حالت یا نیا کردار اختیار کرنے کی ابتدا کرنا ۔ (فعلِ متعدّی) شروع کرنا ؛ ابتدا کرنا یا آغاز کرنا ؛ کسی پیشہ میں داخل ہونا ؛ کسی شعبہ (ڈرامہ ، پیشہ ، سفر وغیرہ) میں پہلا کام کرنا یا پہلا قدم اُٹھانا ؛ پہل کرنا۔

commencement, n. نفاذ ؛ ابتدا کرنے کا عمل ؛ آغاز ؛ ابتدا ؛ بِسْمِ اللہ ؛ منبع ؛ عطائے اسناد کا جلسہ یا تقریب جو بڑے تعلیمی ادارے یا جامعات میں تعلیمی نصاب کی تکمیل کے بعد منعقد ہوتا ہے ؛ دستار بندی کی تقریب۔

commend, v.t. سونپنا ، سپرد کرنا ، تفویض کرنا یا حوالے کرنا ؛ اعتماد ، توجہ ، لحاظ یا مہربانی کے لائق ظاہر کرنا ؛ سفارش کرنا۔ (ضمیرِ معکوس کے ساتھ) توجہ دلانا یا توجہ کا طالب ہونا (جیسے : This subject commends itself to our attention)؛تعریف کے ساتھ ذکر کرنا ؛ یاد رکھنے کے لیے ذکر کرنا ؛ حوالے کرنا ؛ ذمے کرنا ؛ وسیلہ کر دینا ؛ سراہنا ؛ توصیف کرنا ؛ ثنا یا صفت کرنا ؛ سلام بھیجنا یا سلام کرنا۔ (فعل لازم) منظور ہونا ؛ تعریف کیا جانا۔

commendable, a. سفارش یا تعریف کے قابل ؛ لائق تعریف ؛ پسندیدہ ؛ قابل تحسین۔

commendably, adv. قابلِ تعریف طریقے سے۔

commendation, n. تعریف و توصیف یا سفارش کا عمل ؛ تحسین ؛ تعریف ؛ مدح ؛ سفارش ؛ تعریفی الفاظ میں تعارف ؛ تقریظ ؛ ستایش۔

commendatory, a. تعریف یا سفارش کا ؛ تعریفی رنگ میں پیش کیا گیا ؛ توصیفی ؛ سفارشی ؛ مفوّضہ املاک وقف۔

commensal, n. ہم باش ؛ ہم نوالہ وہم پیالہ ؛ ساتھ کھانے پینے کے عادی ؛ ہم طعام ؛ ہم سفرہ ۔ (حیاتیات) یک جان دو قالب پودے یا جانور۔ (صفت) ایک ہی میز پر کھانا کھانے کے متعلّق ؛ ہم طعام ۔ (حیاتیات) ایسے نامیاتی اجسام کے متعلّق جو طفیلی بنے بغیر ایک دوسرے پر منحصر ہوتے ہیں یا ایک دوسرے کے اندر رہتے ہیں۔

commensalism, n. ہم باشی ؛ ہم نوالہ وہم پیالہ ہونے کی حالت ؛ ہم لحدی ؛ ہم تہذیبّت ؛ ہم طعامیّت ؛ ہم پیالگی۔

commensurable, a. ہم عیار ؛ ہم مقدار ؛ ہم پیمانہ یا ہم عاد ؛ مناسب ؛ متناسب ؛ ہم قِسمتُ ؛ تناسب پذیر؛ ہم انداز ، ہم وزن۔

commensurability, n. ہم مقداری ؛ ہم عادیّت ؛ تناسب پذیری۔

commensurableness, n. ہم عیاری ؛ ہم مقداری ؛ ہم نسبتی وغیرہ۔

commensurably, adv. توافق سے ؛ ہم مقداری سے؛ تناسب پذیرانہ۔

commensurate, a. متوافق ؛ ایک ہی عدد تک گھٹنے والے یا ایک ہی پیمانے سے ناپے جانے والے ؛ ہم جسامت ؛ ہم وقفہ ؛ مقدار، درجہ یا وُسعت میں مساوی ؛ مطابق ؛ مناسب ؛ ہم نسبت ؛ موافق ؛ متناسب ؛ ہم سنگ۔

commensuration, n. ہم نسبتی ؛ ہم وُسعتی ؛ توافق۔

comment, v.i. رائے زنی کرنا ؛ تنقید یا توضیح کرنا ؛ رائے دینا ؛ تفسیر و تعبیر لکھنا ؛ ادب پارے یا کسی عبارت کی توضیح،

تفسیر یا تشریح کرنا ؛ تحشیہ لکھنا ؛ شرح یا ٹیکا لکھنا ؛ حاشیہ چڑھانا ۔ (فعل متعدی) (کسی پر) رائے زنی کرنا ۔

comment, n. رائے ، مشاہدہ ، تنقید یا نکتہ چینی کا اظہار ؛ رائے زنی ؛ کوئی تحریر جس میں کسی ادب پارے کی توضیح ، تنقید یا تشریح کی گئی ہو ؛ تفسیر و تعبیر ؛ تشریح ؛ ٹیکا ؛ حاشیہ ۔

commentary, n. آرا یا تحشیہ جات کا مجموعہ یا سلسلہ ؛ رسالہ یا مضمون جس میں تشریح ہو ؛ حاشیہ یا تفسیر ؛ تشریحی کتاب یا مضمون ؛ یادداشت یا تاریخی بیانیہ (جیسے : the Commentaries of Caesar) ؛ کوئی بھی توضیحی یا تشریحی تقریر یا تحریر ؛ رائے زنی ؛ کھیل کا آنکھوں دیکھا حال یا تبصرہ ؛ کومنٹری ۔

commentarial, a. تشریحی ؛ توضیحی ؛ تفسیری ؛ تنقیدی ۔

commentator, n. شارح ؛ حاشیہ نویس ؛ مفسّر ؛ مُعبِر ؛ کومینٹیٹر ؛ وہ شخص جو کومینٹری کرتا یا لکھتا ہے ؛ وہ شخص جو ریڈیو یا ٹیلیوژن پر خبروں ، موسم یا کھیل کے مقابلوں پر تبصرہ کرتا ہے ؛ مبصّر ؛ تبصرہ کن ؛ مُحشّی ۔

commentate, v.t., v.i. کومینٹری کرنا یا لکھنا ؛ تشریح ؛ توضیح ، تفسیر یا حاشیہ نویسی کرنا ؛ تبصرہ کرنا ؛ کسی پر رائے زنی کرنا ۔

commerce, n. کامرس ؛ تجارت ؛ سوداگری ؛ بیوپار ؛ بیوہار ؛ ملکوں کے درمیان (جیسے : foreign commerce) ؛ ایک ہی ملک کے مختلف حصوں کے درمیان (جیسے : internal commerce)؛سامان یا اشیا کا بڑے پیمانے پر تبادلہ ؛ تجارتی رابطہ یا لین دین ؛ معاشرتی یا سماجی رابطہ ؛ جنسی رابطہ ؛ ساگر بیوپار ؛ تجارتِ بحری ؛ درآمد برآمد ۔

commercial, n. تجارتی مال ؛ ریڈیو یا ٹیلیوژن پر کسی تجارتی چیز ، صنعت یا اشتہاری خدمت کے متعلّق اعلان ؛ تجارتی اشتہار ؛ دلاّل گھر ۔

commercial, a. تجارتی ؛ تجارت کا ؛ متعلق بہ تجارت ؛ تجارتی لین دین کے بارے میں یا اس پر منحصر ؛ تجارتی لین دین پر گزر اوقات ؛ منافع کے مقصد سے بڑے پیمانے پر گھٹیا مال کی پیداوار ؛ سوداگری کا ؛ بیوپاری ۔

commercially, adv. تجارت کی غرض سے یا تجارتی نقطۂ نظر سے ؛ سوداگرانہ ؛ تاجرانہ ۔

commercial bank, n. کمرشل بنک ؛ تجارتی بینک ، ایسا بینک جس کے فرائض یا خدمات میں حسابات کی تنقیح اور تجارت کے لیے کم میعاد کے قرضے دینا بھی شامل ہو ۔

commercialism, n. تجاریّت ؛ تجارت یا تاجروں اور سوداگروں کے نظریے اور طریقے ؛ منافع خوری پر ضرورت سے زیادہ زور ؛ تجارتی ذہنیّت ؛ تجارت پرستی ؛ تجارتی انہماک ؛ تجارت پسندی ۔

commercialist, n. تجارت پیشہ ؛ تجارت پسند ؛ سوداگری میں منہمک شخص ؛ سوداگری پیشہ ۔

commercialistic, a. تاجرانہ ذہنیت کا ؛ سوداگری میں منہمک ؛ تجارتی ۔

commercialize, v.t. کردار ، طریقے اور داخلی اعتبار سے تجارتی بنانا ؛ بیع کے قابل کرنا ؛ فروخت کے لیے رکھنا ؛ تجارت میں منافع کمانے کی کوشش کرنا ؛ بازار میں رواج دینا ؛ بیع و شِرا کے قابل کر دینا ۔

commercialization, n. سوداگری ؛ تاجری ؛ لین دین ؛ بیوپار ۔

commercial paper, n. سکارنے کے قابل یا نقدی میں تبدیلی کے قابل کاغذ جیسے نوٹ ، ڈرافٹ ، ہُنڈی وغیرہ جو تجارتی لین دین میں استعمال ہوتے ہیں ۔

commercial traveler, n. تجارتی کارندہ ؛ کسی تھوک فروش تجارتی ادارے کا نمائندہ یا دلال جو مال کے نمونے دکھا کر فرمایشیں حاصل کرتا پھرتا ہے ؛ پھیری والا ؛ تجارتی دورہ کُنندہ یا تاجر سیّاح ؛ سفری گماشتہ ۔

commie, n. (اکثر بڑے C سے) (عوامی) کیمونسٹ ؛ اشتراکی ۔

commination, n. خدا کا قہر ؛ دھمکی ؛ سزا یا انتقام کی دھمکی ؛ ملامت ؛ عذابِ الٰہی کی پیش گوئی ؛ ترہیب؛تہدید ۔

comminator, n. دھمکی دینے والا ؛ عذابِ الٰہی سے ڈرانے والا ؛ راعب ؛ مہدِّد ۔

comminatory, a. دھمکی آمیز ؛ ملامتی ؛ ترہیبی ؛ تہدیدی ۔

commingle, v.t., v.i. گڈمڈ کرنا ؛ باہم مِلانا ؛ مخلوط کرنا ؛ آمیز کرنا ؛ مِلنا ؛ مخلوط ہونا ؛ جمع ہونا ؛ ملانا ؛ رلانا ؛ خلط ملط کرنا ۔

comminute, v.t. چھوٹا یا باریک کرنا ؛ باریک ذرّوں یا سفوف میں بدلنا ؛ پیسنا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹُکڑے کرنا ؛ پُرزے پُرزے کرنا ؛ تِکّا بوٹی کرنا ؛ چُورنا ؛ توڑنا ؛ سفوف کر دینا ؛ پاؤڈر بنانا ۔

comminute, a. چھوٹے ٹُکڑوں یا ذرّوں میں تبدیل شُدہ ؛ سفوف ؛ چُورا ۔

comminution, n. تسہیم ؛ تقسیم ؛ ٹُکڑے کرنے ، باریک کرنے یا پیسنے کا عمل ؛ سحق ؛ سفوف سازی ۔

commiserate, v.t. ترس کھانا ؛ ازراہِ ہمدردی ، رنج ، درد یا افسوس محسوس کرنا ؛ رافت کرنا ؛ رحم کرنا ؛ غم کھانا ۔

commiserative, a. رؤف ؛ رحیم ؛ ترس کھانے والا ؛ دردمند ۔

commiseratively, adv. دردمندانہ ؛ رحم دلانہ ۔

commiseration, n. دردمندی کا اظہار ؛ دوسرے کی تکلیف یا اذیّت دیکھ کر ازراہِ ہمدردی ، رحم یا ترس کھانے کی کیفیت ؛ رحم ؛ رافت؛ ترس؛ درد ۔

commissar, n. وزیرِ ناظم؛ کمیونسٹ پارٹی کا وہ عہدہ دار جس کے ذمّہ پارٹی کے نظریات کی تعلیم دینا ہو ؛ ماضی میں روسی مملکت میں محکمہ کا سربراہ ؛ ناظر یا افسرِ محکمہ ۔

commissariat, n. کمسریٹ ؛ رسد رسان؛ فوج کا محکمۂ رسد جو سپاہیوں کو سازوسامان اور اشیائے خوردنی فراہم کرتا ہے ؛ اس محکمہ میں افسران کا عملہ ؛ محکمۂ رسد کے فرائض ؛ وہ ضلع یا علاقہ جو محکمہ کے زیرِ انتظام ہو ؛ ۱۹۴۶ء تک روس کی اشتراکی جمہوریہ میں کسی سرکاری محکمہ کا نام جو آجکل وزارت کہلاتا ہے ؛ وِزارت ؛ محکمہ ؛ محکمۂ رسد ۔

commissary, n. داروغہ ؛ مامُور شخص ؛ وہ شخص جِسے مختارِ برتر نے کسی کام کی ذمہ داری سونپی ہو ، کوئی فرض تفویض کیا ہو یا کوئی عُہدہ دیا ہو ؛ سازوسامان اور اشیائے خوردونوش کا ذخیرہ جو فوج ، جنگل میں لکڑی کاٹنے والوں کے پڑاؤ (کیمپ) یا

کان کنوں وغیرہ کے لیے ہو ؛ فلم یا ٹیلیوژن کے عملہ کے لیے کمرۂ طعام عموماً سامانِ خوردونوش کی فراہمی؛ (فوج کا) داروغۂ رسد یا محکمۂ رسد کا اعلیٰ عُہدہ دار یا ناظر ؛ گماشتہ؛ میرساماں ؛ داروغۂ رسد رسانی ؛ امین؛ نائب ؛ نائب اسقف ۔

commission, n. کمیشن ؛ حکم ؛ ہدایت ؛ پروانگی ؛ اختیار ؛ سندِ تقرُر ؛ وفد ؛ خصوصی کمیٹی یا جماعت ؛ ذمّہ دار بنانے یا کوئی ذمّہ داری سونپنے کا عمل ؛ با اختیار منصب یا تحکمّانہ ہدایت ؛ خصوصی کاموں یا تقریبات کے لیے تفویض کردہ اختیار ؛ برّی یا بحری فوج میں کسی افسر کا رُتبہ یا عہدہ ؛ پروانہ یا فرمان جس میں کسی خاص حیثیت سے کام کرنے کا یا کوئی عہدہ دینے کا مجاز ٹھہرایا گیا ہو ؛ اشخاص کی جماعت جسے مخصوص تقریبات منعقد کرنے کا اختیار دیا گیا ہو؛ مخصوص اور بااختیار ذمّہ داری کے تحت ہونے کی حالت ؛ بحریہ میں مُستعمل اس جہاز کی حالت جسے عملی خدمت کے لیے کسی افسر کی تحویل میں دے دیا گیا ہو ؛ اس طرح کسی بھی ایسی چیز کی حالت جو عملی خدمت یا استعمال میں ہو (جیسے : to be in or out of commission)؛ کوئی کام یا معاملہ جو کسی کے ذمّہ یا سپرد کیا گیا ہو ؛ کسی کے ایجنٹ یا مُختار کی حیثیت سے تجارتی سودے کرنے کا اختیار ؛ خدمات کے معاوضہ میں مختار کار یا ایجنٹ کا کمیشن جو یا تو مقررہ رقم یا آمدنی کے کچھ فیصد کی صورت میں ہو سکتا ہے ؛ جرم یا غلطی کا ارتکاب ؛ آڑھت ؛ دلالی ؛ محصلانہ ؛ حق تحصیل ؛ حقّ ؛ رسوم ؛ ارتکاب ؛ اقتدار ؛ جماعت ؛ سپردگی ؛ تفویض ؛ تحویل ؛ پروانہ؛ فرمان؛ سند ؛ محنتانہ ؛ ماموریہ ۔

commission, v.t. کسی کو کمیشن/ذمہ داری دینا؛ اختیار دینا؛ اختیار تفویض کرنا؛ کسی کام کے لیے بھیجنا؛ خدمات یا استعمال کے لیے چالو کرنا ، جیسے کسی جنگی جہاز کو کمیشن کرنا؛ کوئی کام دینا یا کسی کام کا حکم دینا ؛ پروانگی دینا ؛ سند دینا ؛ جنگی جہاز کی سرداری دینا ؛ جنگی جہاز کو سفر یا جنگ پر جانے کی اجازت دینا ؛ معاوضہ یا حقّ خدمت دینا ؛ آڑھت کرنا ؛ جرم کرنا ؛ سند دینا ؛ سرداری دینا ؛ حق الخدمت یا معاوضہ دینا ؛ قول دینا ؛ قید کرنا ؛ ارتکاب کرنا ؛ حرکت کرنا ؛ حوالے کرنا ؛ سونپنا ؛ ذمّے کرنا ؛ سپرد کرنا۔

commissionaire, n. ہرکارہ ؛ یورپ کے شہروں میں وہ شخص جو لوگوں کے مختلف چھوٹے موٹے کام کرتا ہے ؛ قُلی ۔

commissioned, a, n. سندیاب ؛ وہ شخص جسے سند ، اجازت ، اقتدار یا اختیار دیا گیا ہو ، جیسے کمیشن یافتہ افسران — برّی اور بحری فوج کے افسر جو کمیشن کے ذریعہ عہدہ حاصل کرتے ہیں ، ان میں امریکی سیکنڈ لیفٹیننٹ ، نشان بردار اور اِن سے برتر عہدوں کے افسران بھی شامل ہیں؛ حاکم؛ عامِل؛ فوجی افسر؛ تیار (جہاز) ؛ اجازت یافتہ؛ مختار ؛ ناظر ؛ نائب سرکار ؛ وکیل سرکار۔

commissioner, n. کمشنر؛ ناظم ؛ وہ شخص جو کمیشن کرتا ہے یا کسی کام کا حکم یا اختیار دیتا ہے ؛ وہ شخص جسے افسرمجاز نے کسی عہدہ پر کام کرنے یا کوئی کام سرانجام دینے کا اختیار یا اجازت نامہ دیا ہو ؛ وہ افسر جس کے ذمّہ کسی سرکاری محکمہ کا انتظام ہو۔ (کھیل) کھیلوں کی پیشہ ور جماعتوں کا منتظم یا منصرم ؛ نائب؛ مامور؛ مختار کار؛ وکیل ؛ امین ؛ داروغہ ؛ ناظر ؛ کوتوال شہر۔

commission merchant, n. آڑھتیہ ؛ تجارتی دلّال ؛ دوسروں کے لیے کمیشن/آڑھت/دلّالی لے کر سامان کی خرید و فروخت کرنے والا۔

commission plan, n. طریق ماموریہ ؛ مقامی حکومت یا میونسپل گورنمنٹ کا ایک نظام جس کے تحت عاملہ و مقنّنہ کا ہر محکمہ شہر کے منتخبہ کمشنر کے زیرِ انتظام ہوتا ہے۔

commissure, n. جوڑ ؛ جائے اتّصال یا پیوند ۔ (نباتیات) ایک بُقچہ کو دوسرے سے چسپاں کرنے والا جوڑ۔ (تشریح الاعضا، حیوانیات) اعصابی نسیج کو جوڑنے والا ریشہ ؛ گھانٹی ؛ کویا ؛ گوشۂ چشم ؛ ریشے اور نسیں جو دماغ کے دونوں حصّوں اور ریڑھ کی ہڈّی کے دونوں حصّوں کو ملاتے ہیں ؛ رابطہ ؛ درز ؛ باچھ ؛ پیوند گاہ ؛ وصلہ ؛ اعصابی ریشے۔

commissural, a. اتصالی ؛ پیوندی ؛ التقائی ؛ ملتقائی ؛ واصلی ۔

commit, v.t. امانت میں دینا یا تحویل میں دینا ؛ حفاظت کے لیے (کسی کے) حوالے کرنا ؛ (کسی کو) سونپنا ؛ سپرد کرنا؛ تفویض کرنا ؛ حفاظت سے رکھنے کے لیے دینا ؛ (یاد یا تحریر میں) محفوظ رکھنا یا حفظ کرنا (جیسے : to commit to memory, to commit to writing)؛ قبضے میں دینا جیسے پاگل خانے یا قید خانے میں ؛ غور و خوض کے لیے (مجلس کے) سپرد کرنا یا حوالے کرنا ؛ جرم ، غلطی یا حماقت کا ارتکاب کرنا ؛ عہد و پیمان یا یقین دہانی سے پابند کرنا ؛ دینا ؛ ذمّے کرنا ؛ پابند کر دینا ؛ تجاویز پہنچانا ؛ استصواب کرنا ؛ پھنسا لینا ؛ مخدوش کر دینا؛ یاد کرنا ؛ قید کرنا ؛ حرکت دینا ۔

commitment, n. سپردگی ؛ وابستگی ؛ سپرد/حوالے کرنے کا عمل یا سپردگی کی حالت ؛ پیمان یا یقین دہانی سے پابند کرنے کا عمل یا پابند ہونے کی حالت ؛ ہسپتال میں داخل کرنے یا قید خانے میں بند کرنے کا عمل ؛ قید خانے میں بند کرنے کا حکم نامہ/وارنٹ ؛ جرم کا ارتکاب ؛ (مالی ذمّہ داریاں پوری کرنے کی) یقین دہانی یا عہد و پیمان ؛ حوالگی ؛ پابندی ؛ ذمہ داری ؛ عقیدہ ؛ حوالہ ؛ دورہ ؛ فعلِ وقوعہ ؛ فعلِ صادر شدہ ۔

committee, n. کمیٹی ؛ ذیلی مجلس ؛ فرد یا افراد کی جماعت جسے تحقیق و تفتیش کرکے رپورٹ دینے یا مخصوص معاملات میں کارروائی کے لیے مقرر کیا گیا ہو ؛ مقنّنہ کی ذیلی مجلس جو اس کے اراکین نے قانون سازی کے بعض معاملات پر غور کرنے یا عمل کرنے کے لیے منتخب کی ہو ؛ کمیشن ؛ پنچایت ۔

committeeman, n. کمیٹی یا ذیلی مجلس کا رُکن ؛ بلدیہ کے علاقے یا وارڈ کا پارٹی لیڈر ؛ ولی یا محافظ ؛ منتظمِ انجمن ؛ ضامن ؛ ولی ؛ کارکُن ۔

committeewoman, n. خاتون رکن یا پارٹی لیڈر ؛ محافظہ ؛ ولیہ ؛ منتظمۂ انجمن ۔

committee of the whole, n. کُل ایوان کی مجلس یا کمیٹی ؛ مقنّنہ کی کمیٹی جو ایوان کے تمام حلقہ اراکین پر مشتمل ہوتی ہے ، اس کمیٹی میں قانون سازی کے بجائے مجوزّہ قوانین پر ابتدائی غوروخوض اور غیر رسمی مشورے کیے جاتے ہیں۔

commix, v.t, v.i. ملنا ؛ ملانا ؛ آمیز ہونا ؛ مخلُوط کرنا۔

commixture, n. آمیزش ؛ ترکیب ؛ مرکّب ؛ آمیز ہونے کا عمل ؛ ملنے کی حالت ؛ آمیزش سے بننے والا مادّہ یا آمیزہ ؛ مخلوط ۔

commode, n. دراز دار صندوق ؛ ہاتھ دھونے کا برتن ؛ طشت رکھنے کی چوکی ؛ بول و براز کے برتن کی چوکی ؛ بیت الخلا ؛ سترھویں صدی عیسوی میں عورتوں کے پہننے کی اونچی ٹوپی ؛ غسل خانے کی

چوکی ؛ طشت چوکی ؛ پائیخانہ کی چوکی ؛ کموڈ ۔

commodious, a. کشادہ اور سہولت بخش ؛ وسیع اور مناسب ؛ گنجایش دار ؛ فراخ ؛ قابلِ خدمت ؛ کام کا ؛ آرام کا ؛ لائق ؛ معقول ؛ ہلکا پُھلکا ۔

commodiously, adv. کشادگی سے ؛ فراخی سے ؛ معقولیّت سے ۔

commodiousness, n. کشادگی ؛ وسعت ؛ فراخی ؛ آرام ؛ سُکھ ؛ راحت ۔

commodity, n. کارآمد اور قیمتی شے ؛ تجارتی مال یا اشیا ؛ جنس ؛ سودا ؛ اسباب ؛ سوداگری مال ؛ متاع ؛ استعمال کی چیز ؛ مال ۔

commodity exchange, n. بیوپار منڈی ؛ تجارتی اشیا کا تبادلہ ؛ منڈی یا تجارتی مرکز جہاں اجناس ، مثلاً مکھن ، شکر ، کافی یا غلّہ کی خرید و فروخت ہوتی ہے ۔

commodore, n. کموڈور : امریکی بحریہ کا کمیشنڈ آفیسر جس کا درجہ ریئر ایڈمرل سے کم ہوتا ہے ؛ امریکا میں بحری فوج کا کمیشن افسر جو عُہدے میں ریئر ایڈمرل کے بعد ہوتا ہے اور امیرالبحر کی غیر موجودگی میں جنگی جہازوں کے بیڑے کی کمان کرتا ہے (بری فوج کے بریگیڈیر کے عہدہ کے برابر) ؛ معیّت میں چلنے والے تین یا زیادہ جنگی جہازوں کا سینیئر کپتان ؛ تجارتی جہازوں کی قطار کا سینئر کپتان ؛ کشتی رانی کلب کا صدر یا سربراہ ؛ میر بحر ؛ صدرکپتان ؛ صدرنشینِ انجمنِ کشتی رانی ۔

common, a. مشترک ؛ عام ؛ وسیع پیمانے پر سماج، برادری ، معاشرہ یا پبلک کا یا اس کے متعلّق ؛ دو یا دو سے زیادہ افراد کے درمیان مساوی یا مشترک (جیسے : common property) ؛ مُشترک یا متحد (جیسے : common front against the enemy) ؛ عام ، معمولی جو حسب معمول یا بار بار واقع ہو (جیسے : a common headache) ؛ وسیع یا عام (جیسے : commom knowledge) ؛ سادہ یا ابتدائی (جیسے : ommon courtesy) ؛ مبتذل یا غیر مہذّب (جیسے : Her clothes were tasteless and common) ؛ دوسرے درجہ کا ادنیٰ یا گھٹیا (جیسے : The cabinets v ere made of the most common wood) ؛ بے رتبہ یا بے توقیر (جیسے : a common foot soldier) ؛ (گرامر) وُہ لفظ جو عام فرد ، گروہ یا چیز کا اسم ہو (جیسے : a common noun) ؛ ایسا لفظ جو مشترک جنس ظاہر کرے اور جس سے مذکّر یا مونث ہونے کا پتہ نہ چلے (جیسے : person, individual) ؛ ایسے گردانی یا تصریفی نقشے/نمونے سے غیر متعلّق جس میں اسم کی لفظی شکل ، خواہ وہ فاعل ہو یا مفعول ، نہیں بدلتی ۔ (ریاضی) دو یا دو سے زیادہ مقداروں سے مساوی طور پر متعلّق ؛ معمولی ؛ روزمرہ کا ؛ مبتذل ؛ گنوار ؛ پوچ ؛ کمینہ ؛ بسیار ؛ کثیر ؛ اوچھا ؛ ہیچ ؛ استعمالی ؛ سب کا ؛ عام ؛ مشترکہ ؛ مشترک ؛ مشتمل ؛ اکثر ؛ رائج ؛ رسمی ؛ مروّج ؛ مستعمل ۔

commonly, adv. عموماً ؛ بالعموم ؛ علی العموم ؛ عام طور پر ؛ معمولی طور پر ؛ ادنیٰ طور پر ۔

commonness, n. یکسانیّت ؛ عمومیّت ؛ اتحاد ۔

common, n. شاملات : زمین کا وہ ٹُکڑا جو معاشرے یا برادری کے مشترک استعمال میں ہو ۔ (قانون) حقِ شاملات یعنی دوسرے کی زمین سے پانی لینے ، مچھلی پکڑنے یا مویشی چرانے جیسے فوائد حاصل کرنے کا حق ۔ (کلیسیات) گرجا میں عام سروس یا عبادت جو مختلف تہواروں کے لیے بھی مناسب ہو ؛ عام چراگاہ ؛ شراکت میں مشترک ۔

in common, مشترکہ قبضۂ استعمال ، عمل یا تعلّق ؛ مشترکہ شے ؛ مشترک استعمال میں ؛ سب کے حصّے میں ۔

commonage, n. شاملائیت ؛ حقِ شاملات ؛ مشترکہ حقوق ؛ مِلکِ مُشترکہ ؛ کسی بھی چیز کا مشترکہ استعمال ، خصوصاً چراگاہ ؛ شاملات؛عوامیّت ؛ عامۂ النّاس ۔

commonalty, n. عوام ؛ خواص کے برعکس عام لوگ ؛ عوامُ النّاس ؛ خلقِ خدا ؛ عام گروہ ؛ شرکتِ باہمی یا اس کے اراکین ؛ خلقت ؛ طبقۂ عام ؛ ہواج ؛ چھوٹی ذات : تیلی، تنبولی ، دُھنیے، جولاہے وغیرہ ؛ ایرے غیرے ۔

common carrier, n. فرد یا کارپوریشن (ریلوے یا بس کمپنی) جس کا پیشہ سامان یا مسافروں کی نقل و حمل ہو ، عام بار بردار ؛ عام حمّال ۔

common denominator, n. (ریاضی) مشترک نسب نُما ؛ کسور کے ایک سیٹ میں وہ عدد جو سیٹ کے تمام قاسم اعداد کا حاصل ضرب ہو ؛ کسی گروہ یا قوم کے افراد کا مشترک یا عام مخصوص رجحان ، صفت یا خاصیّت ؛ قدر نُما ۔

common divisor, n. (ریاضی) مقسوم علیہ مشترک ؛ وہ عدد جو دو یا زیادہ اعداد کو پُورا پُورا تقسیم کرتا ہو ؛ مقسوم علیہ عام ۔

commoner, n. عامی ؛ ایک عام شخص ؛ عوام الناس کا ایک رکن ؛ آکسفورڈ یونیورسٹی میں وہ طالب علم جو اپنے تعلیمی اور دیگر اخراجات خود ہی برداشت کرتا ہے اور کسی امدادی ادارے سے مدد نہیں لیتا ؛ شاملات میں مشترکہ حقوق رکھنے والا شخص ؛ رکن دارالعوام ؛ دوسرے درجے کا طالب علم ؛ اہلِ شاملات ؛ شریک شاملات ؛ شاملات کا حصّے دار ؛ پنچایت والا ۔

common fraction, n. (ریاضی) کسرِ عام ؛ ایک حسابی تعلّق جو شمارندہ اور نسب نُما کے درمیان ترچھی یا افقی لکیر کھینچ کر ظاہر کرتے ہیں ؛ مثلاً ۳/۴ یا $\frac{۳}{۴}$ ۔

common law, n. قانونِ عمومی ؛ ''کامن لا'' یا رواجی قانون ؛ رومی قانون ، سِول قانون یا عیسائی مذاہب کے قوانین سے ممیّز انگلش قوانین کا نظام ؛ مخصوص نفاذ کے قانون (مثلاً قانونِ بحریہ) سے ممیّز عام نفاذ کا قانون جو کسی مملکت میں ہر جگہ نافذ ہو ؛ خصوصاً انگلینڈ کا غیر تحریری قانون جو مقنّنہ کے بنائے ہوئے قانون کے برعکس رسم و رواج پر مبنی ہوتا ہے ؛ قانونِ عامہ ؛ قدیم یا پرانا دستور ؛ پرانی ریت ، رسم یا چال ۔

common-law marriage, n. غیر رسمی شادی ؛ ازدواج یا شادی جو زن و مرد کے درمیان باہمی معاہدے اور ساتھ رہنے سے قائم ہو لیکن قانونی یا مذہبی طریقوں اور رواج سے وقوع پذیر نہ ہوئی ہو ۔

common logarithm, n. مروّج یا عشری لوگارتھم جس کی بُنیاد دس کا ہندسہ ہوتا ہے ؛ مروّج لوگارتھم ۔

common market, n. مشترک بازار ؛ محاصل درآمد و برامد کے شُعبہ میں اتحاد و اشتراک ؛ اقوام کے درمیان اقتصادی مقاصد کے لیے ساجھے داری یا اشتراک جس کے تحت قومیں باہمی طور پر محاصل درآمد و برآمد کی پابندیاں ختم کر دیتی ہیں اور دیگر تاجر اقوام

پر محاصل کی عائد پابندیاں اختیار کر لیتی ہیں ۔ (بڑے C سے) ۱۹۵۸ء میں بیلجیم ، فرانس ، اٹلی ، لکسمبرگ ، نیدرلینڈز (ہالینڈ) اور مغربی جرمنی کے درمیان قائم شدہ مشترکہ منڈی یا کامن مارکیٹ جو سرکاری طور پر European Economic Commuinity کے نام سے موسوم ہوئی ۔

common measure, n. پیمانۂ عام ۔ (موسیقی) امریکا میں اکائی کے چار ایک چوتھائی سُر؛ ۴/۴یاتال کا عام وقفہ ۔ (شاعری) چار iambic (وزن کے ہر رکن میں پہلا غیر تاکیدی اور دوسرا تاکیدی جُزو) مصرعوں کا قافیہ دار بند ۔

common multiple, n. (ریاضی) ذُواضعاف : وہ عدد جو دو یا دو سے زیادہ اعداد ، مقداروں یا رقوم کا ذواضعاف ہو ۔

commonplace, n. عام یا رسمی موضوع ؛ پامال مضمون؛ پیش پا افتادہ قول ؛ فرسودہ بات ؛ (بے چون و چرا) مان لینے / فرض کر لینے والی بات ؛ اقتباس ؛ معمولی یا گھٹیا بات یا چیز ۔

commonplace, a. وہ جو انوکھا اور پُر کشش نہ ہو ؛ پیش پا افتادہ ؛ پامال ؛ فرسودہ ؛ عام ؛ معمولی ؛ گھٹیا ؛ اقتباسی ؛ روزمرہ ۔

commonplaceness, n. پیش پا افتادگی ؛ عمومیّت ؛ فرسودگی ؛ گھٹیا پن ۔

common room, n. کامن رُوم ؛ مشترک اُطاق ؛ نشست گاہ یا کوئی بڑا کمرہ جو سماجی کاموں اور کھیلوں کے لیے استعمال کیا جائے ، خصوصاً مدرسوں میں ۔

commons, n. برطانوی یا کینیڈا کی پارلیمنٹ کا زیریں ایوان یا عوامی ایوان ؛ دارالعوام ؛ مجلس وکلائے رعایا ؛ عوام ؛ جمہور ؛ طبقۂ ثالثہ (انگلستان میں) ۔ (بڑے C سے) عوامی ایوان کے اراکین ۔ (برطانوی) (چھوٹے c سے) کھانے کی عام یا مشترک میز پر لگایا ہوا کھانا ، جیسا کہ کالج کی اقامت گاہ میں ہوتا ہے ، لہٰذا کھانے کا کمرہ ؛ عمومیات ؛ شاملات ؛ مشترکہ کھانا ؛ سفرۂ عام ۔

common sense, n. عقلِ سلیم ؛ قابلِ عمل اور درست فیصلہ ؛ سوجھ بوجھ ؛ فطری ذہانت یا عمومی طور پر نوعِ انسان کی تفہیم ؛ عقل عامہ ؛ فہم عامہ ؛ عام عقل ؛ موٹی سمجھ ؛ معمولی فہم و فراست ۔ (صفت) مبنی بہ عقل سلیم ؛ سمجھ میں آنے والی ۔

common stock, n. مشترک سرمایۂ حصص ؛ ہُنڈیاں یا حصص جو کسی تجارتی ادارے میں مالکانہ مفاد کا مظہر ہوتے ہیں ، اِن حصص کے مالکان کو منافع ملتا ہے جو جاری قرض ، رہن کے سود اور ترجیحی ذخیرے کی ذمہ داریاں پوری کرنے کے بعد ادا کیا جاتا ہے ؛ مشترک ذخیرہ ؛ عام ذخیرہ ۔

common time, common measure, n. موسیقی کا وقت یا تال کے لحاظ سے سُروں کی ترتیب ؛ موسیقی کا وقفہ جس میں تال کی چار ضربات ہوتی ہیں ؛ چوبری تال ۔

common touch, n. عام لوگوں کے لیے باعث کشش ہونے کی ذاتی صفت ۔

common trust fund, n. مشترک وقف فنڈ ؛ دو یا زیادہ وقف فنڈ کی رقوم کا انضمام تاکہ انتظام بہتر ہو سکے اور تجارتی کاموں میں وقف کی سرمایہ کاری میں خسارے کے خطرے کو کم کیا جا سکے ۔

commonweal, n. عوام کی فلاح ؛ فلاحِ عامہ ۔

commonwealth, n. دولتِ مُشترکہ ؛ کسی قوم ، ریاست یا سیاسی وحدت کے عوام یا ان کی سیاسی تنظیم ؛ قوم یا ریاست جس میں نمائندہ حکومت ہو اور اقتدارِ اعلیٰ عوام کو حاصل ہو ؛ جمہوریہ؛ قومی جمہوری حکومت؛ آزاد ریاست یا قوم؛ حکومت جمہوری ۔ (بڑے C سے) (تاریخ انگلستان) ۱۶۴۹ میں چارلس اوّل (Charles I) کی موت کے بعد سے ۱۶۶۰ء میں بادشاہت کے دوبارہ قیام تک انگلستان کی ریاست ۔ (بڑے C کے ساتھ) آزاد ریاستوں اور ان کے طفیلی علاقوں کی جماعت جو مشترک مقاصد پر مبنی ہو اور باقاعدہ معاہدے کے تحت وجود میں آئے (جیسے : The British Common wealth)؛ برطانوی دولتِ مشترکہ ؛ سابقہ نو آبادیات (خصوصاً وہ نو آبادیات جو پہلے برطانوی دولت مشترکہ کا حصّہ تھیں) کی جماعت ، (جیسے : The Common wealth of Australia) ؛ آسٹریلیائی دولتِ مشترکہ ۔ (بڑے C کے ساتھ) امریکا کی کوئی بھی ریاست ؛ امریکا کی مندرجہ ذیل ریاستوں کا سرکاری نام : کینٹکی، میساچوسٹس ، پینسلوینیا ، ورجینیا ، پورٹوریکو (ایک خود مختار ریاست جو اپنی مرضی سے ریاستہائے متحدہ امریکا میں شامل ہے) کا سرکاری نام ؛ سنگت ؛ ٹولی ؛ منڈلی ۔ (قدیم محاورے میں) فلاحِ عامّہ ؛ بہبودِ مُلک ۔

common year, n. عام سال ؛ جنتری کا یا تقویمی سال جس میں ۳۶۵ دن ہوتے ہیں ؛ وہ عام سال جو لوند کا سال (سالِ کبیسہ) نہ ہو جس میں لوند کے دن (یومِ کبیسہ) کا اضافہ کیا جاتا ہے ۔

commotion, n. اضطراب ؛ بے کلی ؛ لوگوں کی شورش ؛ افراتفری ؛ بلوا ؛ بے چینی ؛ فساد ؛ بغاوت ؛ ذہنی خلل ؛ بے قراری ؛ سیاسی یا سماجی بل چل ؛ ہیجان ؛ ہلچل ؛ کھلبلی ؛ گڑبڑ ؛ فتنہ ؛ ہنگامہ ؛ گھبراہٹ ؛ بے قراری ۔

commove, v.t. زور سے ہلانا ، حرکت دینا ، جھنجھوڑنا ؛ اُبھارنا ؛ بھڑکانا ۔

communal, a. فرقہ ورانہ ؛ معاشرے ، سماج یا برادری سے متعلّق ؛ بستی یا آبادکاری کا ؛ پنچایتی ؛ قریہ داری ؛ فرقہ واری ؛ اشتراکی ملکیّت یا جائیداد کے اشتراکی استعمال سے متصّف (معاشرہ) ؛ قروی ؛ گروہی فرقہ بندی ۔

communalism, n. قُریٰ شاہی ؛ فرقہ واریّت ؛ قرویّت ؛ وہ نظریہ یا نظامِ حکومت جس کے تحت ہر قریٰ (کمیون) تقریباً آزاد ریاست ہوتا ہے اور قوم یا مملکت ایسے کمیونوں کا وفاق ہوتی ہے ؛ حکومت قریٰ کا اصول ؛ بستی بستی کی خودمختاری کا نظام ؛ قرویت پسندی ؛ فرقہ پرستی ۔

communalistic, a. فرقہ پرستانہ ؛ قریوی ؛ فرقہ واری ؛ قروی یا کمیونی زندگی اور اشتراکی ملکیّت کے عقیدوں ، اصولوں یا چلن کے متعلّق ؛ فرقہ وارانہ ؛ قریہ شاہی کا حامی ۔

communality, n. گروہی اتحاد کی مضبوطی ؛ سماجی کردار یا حالت ؛ کسی گروہ میں مِلتے جُلتے خیالات ،آراء اور احساسات ؛ قُریٰ شاہی نظام ۔

Communard, n. ۱۸۷۱ء کے پیرس کمیون کا رکن یا حامی ۔

commune, v.i. گفتگو ہونا ؛ بات چیت ہونا ؛ بے تکلّفی سے باتوں کا ہونا ؛ جذبات کا باہمی اظہار ہونا ؛ راز و نیاز کی باتیں ہونا ؛ خیالات یا احساسات کا تبادلہ ہونا ؛ عشائے ربّانی میں شریک ہونا ؛ دل کی بات کہنا ؛ بات کہنا ؛ مسیحی تسلیم کیا جانا ۔

commune, n. بلدیہ؛ سماج یا برادری ؛ بہت سے یوربی ممالک میں میئر کے زیر حکومت میونسپل کونسل کے تعاون سے

چلنے والا سب سے چھوٹا انتظامی علاقه ؛ چھوٹا دیہی تعلّقه جو اجتماعی وحدت کی شکل میں منظّم کیا گیا ہو ؛ حکومت کی تنظیمی وحدت جو انقلابی یا اشتراکی اصولوں کی پابند ہو ؛ ۱۸۷۱ء کا پیرس کمیون یا فرانس کی قرائی حکومت؛ کمیٹی ؛ پنچایت ؛ فرانسیسی پرگنه ؛ تعلقه یا تحصیل ؛ قریه ؛ گاؤں ـ

communicable, a. متعدّی ؛ چُھوت ؛ مستقل ہونے والی یا لگنے والی ، (جیسے : communicable disease) ؛ اِبلاغ پذیر ؛ بات کرنے کے لیے یا اطلاع دینے کے لیے تیّار ؛ اطلاع کے لائق ؛ قابلِ گوش گزاری ؛ نقل پذیر ؛ قابلِ اطّلاع ؛ بولنے یا کہنے کے لائق ؛ قابلِ خبر دہی ـ

communicant, a. اِبلاغی ، خصوصاً عشائے ربّانی میں شریک ہونے والا ؛ شرکت کی ابلاغی کیفیت ـ

communicant, n. اِبلاغ کرنے والا ؛ بات پہنچانے والا ؛ خبر دینے والا یا اطلاع کرنے والا ؛ عشائے ربّانی میں شرکت کا حقدار یا شریک ہونے والا ؛ گرجا کا رُکن ـ

communicate, v.t. دوسرے کو دینا ؛ عطا کرنا ؛ بخشنا ؛ منتقل کرنا یا لگانا جیسے بیماری ؛ کسی چیز کا علم دینا یا معلومات فراہم کرنا ؛ متعارف کرانا ؛ عشائے ربّانی کی متبرک روٹی دینا یا عشائے ربّانی کی عبادت کرانا ؛ کہنا ؛ لکھنا ؛ اطلاع دینا ؛ خبر دینا ؛ آگاہ کرنا ؛ جتانا ؛ گوش گُزار کرنا ؛ شرکت کرنا ؛ حصّه لینا ؛ ربط پیدا کرنا ؛ رسائی پیدا کرنا ؛ راہ نکالناـ

communicate, v.i. خیالات کا تبادله ہونا ؛ بات چیت یا مباحثه ہونا ؛ کمروں یا عمارتوں کا مِلنا/جُڑنا یا ان کو ملانا/جوڑنا (جیسے : The campus buildings communicate by means of a central court.) ـ

communication, n. اِبلاغ ؛ تبادلۂ خیال ، ترسیل ، گفتگو وغیرہ کا عمل یا حقیقت ؛ ترسیل ؛ تقریر ، تحریر ، علامات یا اشاروں سے خیالات ، آرا یا اطلاعات یا معلومات جو پہنچائی جائیں یا دی جائیں ؛ دستاویز یا پیغام جو نظریات و معلومات بہم پہنچائے ؛ مقامات کے درمیان راستے ہرسائی یا آمدورفت کے مواقع یا راہداری کے وسائل ؛ مراسله ؛ تعلق ؛ رابطه ؛ میل جول ؛ اشتمال ؛ ربط ؛ آگاہی ؛ اطلاع دہی ؛ واقفیت ؛ راسته ؛ آمدورفت ؛ بول چال ؛ خط و کتابت ؛ خبر رسائی ؛ اطلاع ؛ خبر ؛ مکتوب ـ

communication intelligence, n. (عسکری) وہ معلومات جو دشمن کے مواصلات و مراسلات کا تجزیه کرکے حاصل کی جائیں ؛ وہ تنظیم جو ایسی معلومات جمع کرکے تجزیه کے ذریعه خبریں مرتّب کرتی ہے ـ

communications, n. مواصلات ؛ سہولتوں کا نظام جس کے ذریعه پیغامات یا احکام کی ترسیل کی جاتی ہے ؛ وہ تنظیم جو صنعتی اور عسکری شُعبوں میں مواصلات اور ابلاغ کی خدمات سر انجام دے ـ (عسکری) افراد اور سازوسامان کے نقل و حمل کے راستوں یا سہولتوں کا نظام ؛ برقی یا برقیاتی سہولتوں کے ذریعه پیغام رسانی کے نظام کی ٹیکنولوجی یا صنعت ـ دیکھیے : telecommunications ـ ہر قسم کے مؤثّر ابلاغ کا مجموعی مطالعه جس میں تقریر ، تحریر اور ترسیمی و تمثیلی فنون شامل ہیں ؛ رسل و رسائل ؛ حمل و نقل ؛ مراسلات ـ

communications satellite, n. (فضائیات) زمین کے گرد گھومنے والا مصنوعی سیّارہ جو دنیا کے دور دراز حصّوں کے درمیان برقی ابلاغ مثلاً ریڈیو ، ٹیلیفون اور ٹیلیوژن) کے لیے بنایا گیا ہے ـ

communicative, a. خبر رساں ؛ مائل به گفتگو ؛ خبریں یا آرا بتانے یا ان کا انکشاف کرنے کی طرف مائل ؛ باتونی ؛ ابلاغ کا یا اس کے متعلّق ؛ بھڑبھڑیا ؛ جی کا صاف ؛ صادق ؛ پیام دہ ـ

communion, n. عملِ اشتراک ، مشترکه طور پر رکھنا یا مشترک طور پر رکھی گئی چیزوں کی حالت ؛ شرکت ؛ برادری یا سماج ؛ جماعت یا رفاقت ؛ باہمی تعلّق یا رابطه ؛ خیالات و احساسات کا روحانی تبادله ، عموماً انسان اور فطرت یا مافوق الفطرت ہستی کے درمیان ؛ اکثر ، مذہبی ہم مشربی یا رابطه ؛ مذہبی انجمن ؛ ایک ہی مذہبی عقیدہ رکھنے والے اشخاص کی جماعت ؛ مذہبی فرقه ـ (اکثر بڑے C کے ساتھ) عشائے ربّانی میں شرکت ؛ عشائے ربّانی کے تبرکات تناول کرنے کا عمل ؛ عشائے ربّانی منانے کا عمل ؛ عشائے ربّانی ؛ اشتراکِ مذہبی گروہ ؛ اہلِ مشرب ؛ مذہبی گروہ ؛ تعلّق ؛ رابطه ؛ آمدورفت ؛ خط و کتابت ؛ سنگت ؛ صُحبت ؛ ملاقات ـ

communionist, n. اشتراک پسند ـ

communique, n. اعلامیه ؛ سرکاری اطلاع یا اعلان ـ

communism, n. اشتراکیّت ؛ اشتمالیّت ؛ عمرانی تنظیم کا ایک نظریه یا قاعدہ جس کی رُو سے جائیداد کی حقیقی ملکیّت معاشرے یا ریاست کو حاصل ہوتی ہے ، اِس لیے تمام جائیداد اجتماعی یا اشتمالی ملکیّت ہو جاتی ہے ؛ معاشی نظریۂ نظام جس کے تحت پیداوار کے وسائل ، تقسیم کے ذرائع اور صنعتی پیداوار کے استعمال کو ریاست کنٹرول کرتی ہے ، اِس نظام کی پہلی جدید مثال سوویٹ یونین کی ہے ؛ مواخاۃ ؛ مساوات ؛ مزدکیّت ـ (بڑے C کے ساتھ) اشتمالیت کا معیاری نظریه جو کارل مارکس اور فریڈرک اینجلز کی تعلیمات پر مبنی ہے ـ

communist, n., a. اشتمالی؛ اشتراکی ؛ اشتمالیت کا پرچار کرنے والا یا حامی ؛ کمیونسٹ پارٹی کا رکن ـ (بڑے C کے ساتھ) پیرس کمیون کا حامی ؛ اشتراکیت پسند ؛ مزدکی ـ

communistic, a. اشتمال پسندانه ؛ اشتمالی ؛ اشتمالیت پسندانه ؛ اشتراکی ـ

communistically, adv. اشتمال پسندانه انداز سے ؛ کمیونسٹوں کے نظریے کے مطابق یا کمیونسٹوں کے طریقے سے ـ

communitarian, n. اشتمالی یا اشتراکی سماج کا رکن ؛ اہل اشتمالیّت ؛ اہل مواخاۃ ؛ اشتمالی سماج کے قیام کا پرچار کرنے والا ـ (صفت) اشتمالی ـ

community, n. گروہ ؛ مشترکه ہونے کی حالت ؛ سماج ؛ مشترکه ملکیّت ، خوشی ، ذمّه داری وغیرہ ؛ مشترکه کردار ؛ معاہدہ ؛ شناخت ، سماجی میل جول ؛ عمرانی رابطه ؛ میل جول ؛ جماعت ؛ دوسروں کے ساتھ مشترک زندگی ؛ عمرانی حالت ؛ ایک ہی جگه رہنے یا ایک ہی قسم کے قوانین و احکام کے تحت ہونے کے باعث لوگوں کی جماعت سازی ؛ ایسے لوگوں کی تعداد جن کے مفاد مشترک ہوں ؛ رشتوں اور روابطه کے ذریعه باہم منسلک اور ایک ہی علاقے کے باشندے ؛ اس لیے کوئی بھی ایسی جماعت یا گروہ جس کے اراکین ساتھ رہتے ہوں ، خصوصاً خانقاہ کے راہب یا پادری ؛ اشتمالی معاشرہ ، ایک جگه رہنے والے لوگوں کی جماعت ؛ پبلک یا عوام ؛ آبادی ؛ محلّه ؛ برادری ؛ قوم ؛ فرقه ؛ ملّت ؛ جمعیت ؛ سماج ؛ جمہور ؛ پنچایت ؛ شراکت ؛ اتحاد ؛ طبقه ؛ بستی ـ

community center, n. مرکزِ جماعت ؛ جمعیتی مرکز ؛ مرکزِ معاشرہ ؛ حجرہ ؛ چوپال ؛ برادری گھر ؛ سماج گھر ؛ وہ عمارت جو ایک بستی کے لوگوں نے اپنے اراکین کی تفریحی، سماجی اور تعلیمی مشاغل اور کاموں کے لیے مختص کر رکھی ہو۔

community chest, n. سماجی گولک : وہ رقم جو کسی معاشرے یا بستی کے لوگوں نے رضا کارانہ چندوں کے ذریعہ خیراتی کاموں کے واسطے جمع کی ہو۔ (بڑے C کے ساتھ) مختلف خیراتی کاموں کے لیے رقم جمع کرنے کی منظم تحریک ۔

community property, n. کوئی بھی جائیداد جو شوہر اور بیوی کی مشترکہ ملکیّت ہو ؛ اشتراکِ املاک ؛ اشتراکِ المال ۔

communize, v.t. جائیداد کو انفرادی ملکیّت سے نکال کر سماجی ملکیّت میں دینا ؛ کسی مُلک یا قوم پر اشتمالی نظام مسلّط کرنا ؛ اشتراکنا ؛ اشتمالنا ؛ مال مشترکہ بنانا ؛ جمہوری یا قومی بنانا ۔

commutable, a. مبادلہ پذیر ؛ بدل پذیر۔

commutability, commutableness, n. بدل پذیری ؛ مبادلہ پذیری ؛ قابلیت تبدل ۔

commutate, v.t. (برق) بدلنا ؛ ردّوبدل کرنا؛ تبدیلی کے آلہ سے برقی رو کی سمت بدلنا ؛ بالواسطہ برقی رو کی بلاواسطہ رو میں تبدیلی کے لیے یا اس کے برعکس تبدیلی کے واسطے تبدیلی کا آلہ استعمال کرنا؛ ادل بدل کرنا ؛ الٹ پلٹ کرنا ؛ تبادلہ کرنا ؛ ہیر پھیر کرنا ؛ عوض معاوضہ کرنا ۔

commutation, n. تقلیب (رو) ؛ تبدیلی کا عمل یا طریقِ کار ؛ تبادلہ ؛ نعم البدل یا عوض ؛ ایک قسم کی ادائیگی کے بدلے دوسری قسم کی ادائیگی ؛ عقوبت یا سزائے قید کی نرم یا کم سخت سزا میں تبدیلی ؛ تخفیفِ سزا ؛ گھر اور کام کی جگہ کے درمیان بار بار آمدورفت ؛ مبادلہ ؛ زرمبادلہ ؛ زرمبدلہ ؛ تعویض ؛ معاوضہ ؛ عوض ؛ بدل ؛ وظیفہ ؛ ادلا بدلی ؛ اُلٹا پُلٹی ۔

commutation ticket, n. رعایتی ٹکٹ ؛ آمدورفت کا رعایتی ٹکٹ جو ریلوے یا بس کمپنی مقررہ چکرّوں ، راستے یا مدّت کے لیے دیتی ہے ۔

commutative, a. استبدالی ؛ مستبدل ؛ تبدیلی پذیر ؛ استبدالی قانون ؛ قانونِ تبدیلی یا مبادلہ ؛ مبادلت پذیر ؛ مبادلے یا عوض یا ادلا بدلی کا یا اس کے متعلق ؛ باہمی لین دین کے متعلّق ۔ (ریاضی) حساب میں مقداروں کو اِس طرح ملانا کہ نتیجہ مِلائی جانے والی مقداروں کی ترتیب پر منحصر نہ ہو (جیسے : the commutative law of multiplication.)

commutatively, adv. مبادلت پذیری سے ؛ ادلا بدلی سے ۔

commutator, n. (برق) مبادل ؛ آلۂ تبدیل ؛ ایک آلہ جسے برقی رو کی سمت اُلٹانے کے لیے یا بلاواسطہ رو کو بالواسطہ یا اس کے برعکس کرنے کے واسطے استعمال کرتے ہیں ؛ مِبراق/ڈینمو میں ایک کلی دار گھومتا ہوا پُرزہ جس کے ذریعہ برقی رو بُرشوں تک پہنچائی جاتی ہے ؛ مُقلِب ؛ توڑ جوڑ؛ ردّوبدل ؛ ضابطِ رَو ؛ آلۂ تبدیل۔

commute, v.t. مبادلہ کرنا ؛ اُسی قسم کی چیز یا کسی اور چیز سے بدلنا ؛ لین دین کرنا ؛ ادلا بدلی کرنا ؛ ایک قسم کی ادائیگی کو دوسرے قسم کی ادائیگی کے عِوض کے طور پر بدلنا ؛ نرم یا ہلکا کرنے کے لیے (سزا ، جرمانہ وغیرہ کی) نوعیّت بدلنا ۔ (برق) آلۂ تبدیل کے ذریعہ برق کی نوعیت یا سمت بدلنا ؛ معاوضہ دینا ؛ پلٹا کرنا؛ تبدیل کرنا ؛ پھیرنا ؛ بدل دینا ؛ ادل بدل کرنا ؛ تبدیلی کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ یکمشت ادا کرنا ؛ رو بدلنا ۔ (فعل لازم) عوضی کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ عوضی یا نعم البدل کے طور پر کام کرنا ؛ کئی واجبات کے بدلے میں اصل سے کم پر یکمشت ادائیگی کرنا ؛ کمیوٹیشن ٹکٹ استعمال کرنا ؛ کام کے لیے مضافات سے شہر تک کا روزانہ سفر کرنا ۔ (ریاضی) دو یا زیادہ مقداروں پر کام کی ترتیب یا تقدیم و تاخیر سے قطع نظر ایک ہی نتیجہ پر پہنچنا ؛ تبدیلی ہونا ؛ تخفیف ہونا ؛ یکمشت ادائی ہونا ؛ رو کا بدلہ جانا ۔

commuter, n. وہ شخص جو باقاعدگی سے بلاناغہ ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرتا ہے ، جیسے نواحی علاقہ سے شہر تک کام کے لیے ۔

comose, a. بالوں دار ؛ سموری ؛ گُبھے والا ؛ گُبھیلا ؛ کیسو ؛ طرۂ دار ؛ ریشیا ؛ بالیائی ؛ کومادار ؛ کثیر مُو ۔

compact, n. اقرار ؛ معاہدہ ؛ عہدوپیمان یا طرفین کے درمیان سودا یا طے شدہ معاملہ ؛ عام رضامندی ؛ قول قرار ؛ قول ؛ عہد ؛ میثاق ؛ پُختہ مُعاہدہ ؛ شرط ۔

compact, n. آئینے ، پوڈر اور غازے والی چھوٹی ڈِبیّہ جو عموماً خواتین کے بٹوے میں ہوتی ہے ؛ پیٹرول میں کم خرچ ، چھوٹے ماڈل اور معیاری سائز کی موٹر گاڑی ۔

compact, a. بستہ و پیوستہ ؛ جامد اجسام کے ذروّں کی طرح ایک دوسرے میں پیوست اور مضبوطی سے جُڑے ہوئے ؛ کسے ہوئے اور ایک دوسرے کے قریب (حصّے یا ذرّے) ؛ غیر منتشر ؛ لفّاظی کے بغیر ؛ مجمل ؛ متین ؛ منضبط ؛ جامع ؛ پیوستہ ؛ ٹھوس ؛ پُرکار ؛ گف ؛ گاڑھا ؛ چست ؛ تصورِ مجسّم ؛ تہ بہ تہ ؛ پُختہ ۔

compact, v.t. کسنا ؛ پیوستہ کرنا ؛ بھینچنا ؛ مضبوطی سے جوڑنا ؛ جمانا ؛ قریب کرکے مِلانا ؛ مختصر کرنا ؛ کسی نظام کے تحت متحد کرنا ؛ منضبط کرنا؛ جامع بنانا؛ ٹھوس بنانا ؛ پُرکار بنانا ؛ گف کرنا ؛ گاڑھا کرنا یا بنانا ؛ متین بنانا ؛ چُست بنانا ۔

compact disk, compact disc, n. بستہ قرص : ایک صحیح قسم کا بہتر ہندسی ریکارڈ جو زیادہ دیر تک بجنے والے روایتی ریکارڈ سے چھوٹا ہوتا ہے اور جسے عکّاس سوئی کی بجائے لیزر شُعاع سے بجایا جاتا ہے ۔

compactible, a. مٹّی کی طرح نرم یا ڈھیلی خصوصیات کا حامل جسے ٹھوس بنایا جا سکے ؛ ٹھوس یا بستہ بنائے جانے کے قابل ۔

compaction, n. عمل بستگی ۔ (ارضیات) مٹّی کی مقدار میں اوپری جماؤ کے بوجھ ، بخارات یا دیگر وجوہ سے کمی ؛ تراکم ۔

companion, n. (جہاز رانی) روشندان یا تاب دان ؛ جہاز کے برآمدے (عرشے سے نیچے کے کمروں میں جانے کا راستہ) کی چھت یا سائبان کا سرپوش ۔ دیکھیے : companion way ۔

companion, n. رفیق ؛ ساتھی ؛ ساجھی ؛ شریک ؛ حصّہ دار ؛ نائٹوں (بہادُروں) کی تنظیم میں سب سے کم درجہ یا رتبہ کا رکن ؛ وہ شخص جو دوسرے کے ساتھ رہنے یا اس کی مدد کے لیے ملازم رکھّا گیا ہو ؛ مصاحب ؛ سہیلی ؛ کسی چیز کے مقابلہ یا مناسبت کی دوسری چیز ؛ صحبتی ؛ سنگی ؛ یار ؛ ہم راہی ؛ ہم صحبت ؛ ہم نشین ؛ مصاحب ؛ ہم

پیالہ و ہم نوالہ ؛ ہم مشرب ؛ ہم راز ؛ یارِ غار ؛ یکجان ۔

companion, v.t.v.i کسی کا ساتھ دینا ؛ کسی کا ساتھی بننا ؛ ہمراہ ہونا ؛ رفیق ہونا ۔

companionable, a. اچھی رفاقت کے قابل ؛ خُوش صحبت ؛ مِلنے جُلنے والا ؛ یارباش ؛ ملنسار ؛ ملن ہار ؛ یاروں کا یار ؛ زندہ دل ؛ لائقِ صُحبت ۔

companionableness, n. یار باشی ؛ ملنساری ؛ زندہ دلی ؛ رفاقت ؛ خوش صُحبتی ۔

companionably, adv. رفیقانہ ؛ دوستانہ ؛ ملنسارانہ ؛ خوش صحبتانہ ۔

companionate, a. رفیقوں کا یا رفیقوں کی طرح ؛ دوستوں کا یا دوستوں کی مانند ۔

companionate marriage, n. رفاقتی ازدواج ؛ رفاقتی شادی ؛ ایک قسم کی شادی جس کے تحت میاں بیوی بچّے نہ پیدا کرنے اور قانونی طور پر ایک کو دوسرے کے لیے ذمّہ دار نہ ٹھہرانے کا معاہدہ کرتے ہیں نیز اُنہیں باہمی رضامندی سے طلاق کی اجازت ہوتی ہے ۔

companionship, n. رفاقت ؛ ہم سفری ؛ معیّت ؛ ہم نشینی ؛ ساتھی یا رفیق کا رشتہ یا کیفیّتِ رفاقت ؛ رفیق یا دوست کی موجودگی ؛ ساتھیوں کا گروہ یا جماعت ؛ سنگت ؛ ساتھ ؛ صحبت ؛ جماعتِ رفیقاں ۔

companionway, n. (جہاز رانی) جہاز کے عرشہ سے نیچے کیبن کی طرف جانے والے رستے یا زینے سے گھری ہوئی جگہ ؛ ایک عرشے کو دوسرے عرشہ سے مِلانے والا زینہ ۔

company, n. رفاقت ؛ معیّت ؛ ساتھ ؛ سنگت ؛ صُحبت ؛ جماعت ؛ جمع ہونے والے یا جماعت بنانے والے افراد کی تعداد ؛ پارٹی ؛ گروہ ؛ رفیق یا رُفقا ؛ خاص مقاصد کے لیے لوگوں کا اجتماع ؛ ایک یا بہت سے مہمان ؛ معاشرہ یا سماج کا کوئی حصّہ اجتماعی حیثیت میں ، خصوصاً بہت سے لوگ جو کسی اجتماعی عمل کے لیے متحد و منظّم ہو جائیں ؛ ازمنۂ وُسطیٰ کی تجارتی گِلڈ یا وہ کارپوریشن جو تاریخی اعتبار سے گلڈ کی وارث یا نمائندہ ہو (جیسے : the Company of Stationers of the City of London)؛ تجارتی امور سرانجام دینے والا ادارہ/انجمن یا جماعت ؛ کسی تجارتی یا صنعتی ادارے کے وہ اراکین یا حصّہ دار مالکان جن کے نام اِدارے کے نام سے ظاہر نہ ہوں ۔ (عسکری) پیدل فوج کی رجمنٹ یا بٹالین کا ذیلی حصّہ جو کپتان یا میجر کی کمان میں ہوتا ہے ۔ (جہاز رانی) بحری جہاز کا عملہ بشمول افسران ؛ رفیق ؛ شراکت ؛ شراکہ ؛ منڈلی ؛ فوجی دستہ ؛ کمپنی ؛ تجارتی ادارہ ؛ جتھا ؛ ہم راہی ؛ ساجھی ؛ مجلس ؛ جلسہ ؛ طائفہ ۔

keep company, صنفِ مخالف سے تعلق رکھنے والے صرف ایک رفیق کی ہمراہی میں باہر جانا ؛ کسی سے متعلّق ہونا یا اس کا دوست ہونا ؛ ساتھ یا سنگت کرنا ؛ ساتھ لگا رہنا ؛ سنگت یا صُحبت رکھنا ؛ آشنائی کرنا ۔

part company, دوستی چھوڑ دینا یا تعلّق ترک کرنا ۔

company union, n. مزدور اِتّحاد ؛ مزدور یونین جس میں صرف ایک کمپنی یا تجارتی/صنعتی ادارے کے مزدور/ملازم شامل ہوں اور جس کا الحاق کسی قومی یونین سے نہ ہو ۔

comparable, a. موازنہ/تقابل کے قابل ؛ تقابل کے لیے مناسب قرار پانے کے واسطے کئی مشترک خصوصیّات یا صفات کا حامل ؛ ہم پلّہ ؛ ہم رُتبہ ؛ حریف ؛ مدِّ مُقابل ؛ برابر کی ٹکّر ؛ ہم چشم ؛ مقابلے کے لائق ؛ ہمسری کے قابل ؛ تقابل پذیر ۔

comparability, comparableness, n. موازنہ پذیری ؛ ہم رتبگی ؛ تقابل پذیری ۔

comparably, adv. تقابل پذیرانہ ؛ موازنہ کرتے ہوئے ۔

comparative, a. تقابلی ؛ توازنی ؛ بالموازنہ ؛ بالمقابل ؛ متقابل؛ بالنسبت؛ جس کا تخمینہ یا اندازہ موازنہ سے لگایا گیا ہو ؛ جو مثبت یا مطلق نہ ہو ؛ متقابلی طریقِ مطالعہ،خصوصاً ایک ہی شعبۂ علم سے متعلّق چیزوں کا موازنہ (جیسے : comparative anatomy) ؛ مختلف اشیا کا موازنہ کرنے کی اہلیّت (جیسے : the comparative faculty) ۔ (گرامر) تفضیلی درجہ کا اظہار : مطلق درجہ سے زیادہ لیکن بہترین/بدترین سے کم ؛ صفات اور متعلقات فعل کے لیے تفضیلی درجہ ؛ نسبتی ؛ تفضیلی ۔

comparative, n. تفضیلِ بعض ۔ (گرامر) تفضیلی درجہ یا صفت یا متعلق فعل کی وہ شکل جو تفضیلی درجہ ظاہر کرے (جیسے : prettier or more beautiful are the comparatives of pretty and beautiful) ۔

comparative linguistics, n. لسانیات کا تقابلی جائزہ ؛ تاریخ میں لسانی ارتقا کا ایسا سائنسی مطالعہ جس میں ایک ہی مآخذ کی زبانوں اور بولیوں پر زور دیا گیا ہو؛ تقابلی لسانیات ۔

comparative religion, n. مذاہب کا تقابلی مطالعہ ؛ مختلف مذاہب کے باہمی تعلّقات اور اثرات کی ابتدا اور ارتقا کا تقابلی مطالعہ اور درجہ بندی؛ تقابلی مذہبیات ۔

comparator, n. تقابل گر ؛ تقابل پیما ؛ اُن مختلف آلہ جات میں سے ایک ، جو فاصلوں کی طوالت یا رنگوں کی گہرائی کے موازنہ کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ؛ وہ شخص جو ناپ تول کے میعاری پیمانوں سے موازنہ کر کے خلاف ورزی کا سراغ لگاتا ہے ؛ مقابلہ گر ؛ لونی تقابل پیما ۔

compare, v.t. موازنہ کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ جانچ کر کے (دو یا دو سے زیادہ چیزوں ، خیالات یا لوگوں کے درمیان) مماثل اور مختلف باتیں نوٹ کرنا ؛ (دو اشیا یا اشخاص کے درمیان) مماثلت یا فرق ، اتفاق یا اختلاف معلوم کرنا ۔ (گرامر) صفت یا متعلّق فعل کی شکل میں تصریفی تبدیلی کر کے صفت یا طریق عمل کی مطلق تفضیلی یا تفضیلِ کُل کے مختلف درجات کا اظہار کرنا ؛ ملانا ؛ نسبت دینا ؛ مثال یا تشبیہہ دینا ؛ فرق یا بل نکالنا ۔ (فعل لازم) ہم رتبہ ہونا ؛ برابر کا ہونا ، ایک کا دوسرے سے موازنہ ہونا ؛ نسبت دیا جانا ؛ مِلان ہونا ؛ مثال یا تشبیہہ دیا جانا ؛ فرق یا بل نکلنا ؛ مشابہت ہونا ؛ ہم رُتبہ ہونا ؛ برابر کا ہونا ۔

compare, n. موازنہ یا تقابل (جیسے : His craftsmanship is beyond compare)؛مشابہت ؛ مِلان ؛ مثال ؛ تشبیہہ ؛ فرق ؛ بَل ؛ مماثلت ۔

comparer, n. موازنہ کار ؛ موازنہ یا مقابلہ کرنے والا ۔

comparison, n. تقابل ؛ موازنہ ؛ مقابلہ ؛ مماثلت؛ مشابہت ؛ مثال ؛ نظیر؛ دو چیزوں کے درمیان موازنہ ، خصوصاً یہ معلوم کرنے کے لیے کہ ان میں کیا خصوصیات مماثل اور کیا غیر مماثل ہیں ؛

تقابلی تخمینہ یا گوشوارہ ؛ تقابلی یا مماثلتی اہلیّت ۔ (گرامر) صفت ، مُقدار یا شدّت کے تفضیلی درجات ظاہر کرنے کے لیے اسم صفت یا متعلّق فعل میں تصریفی تبدیلی ؛ تمثیل ؛ تشبیہہ ۔

comparison sheet, n. بُنیادی حقائق/اعداد کی تعیین کے لیے زمانی مطالعات کی تفصیلی فرد/ریکارڈ ۔

compart, v.t. الگ الگ حصّوں میں بانٹنا ؛ درجوں یا حُجروں میں تقسیم کرنا ۔

compartment, n. کمپارٹمنٹ ؛ کمرہ ؛ حُجرہ ؛ درجہ ؛ ڈبّا ؛ عام ساخت (مثلاً عمارت ، ریل کار، تصویر یا منصوبہ) کا ایک تقسیم شدہ یا الگ حصّہ ؛ خانہ ؛ جُزوی کامیابی ؛ کوٹھڑی ۔ (فعل متعدی) حصّوں ، درجوں یا حجُروں میں تقسیم کرنا ۔

compartmented, a. الگ الگ حصّوں میں تقسیم شُدہ ؛ منقسم ۔

compartmentalize, v.t. الگ الگ اور ایک دوسرے سے ممیّز حصّوں میں تقسیم کرنا ۔

compass, n. کمپاس ؛ پرکار ؛ قُطب نما ؛ سمتوں کا تعیّن کرنے والا آلہ جس میں محور پر آزاد گھومنے والی مقناطیسی سوئی ہمیشہ مقناطیسی شمال کی طرف رہتی ہے ۔ (کبھی کبھی جمع کی شکل میں) پرکار : دائرے کھینچنے اور فاصلے ناپنے کا آلہ جو عام طور پر دو ایک دُھری متحرک ٹانگوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔

compass, n. کسی رقبہ کو محدود کرنے والی لکیر یا حَد ؛ چاروں طرف کا ناپ (جیسے the dog was confined within the compass of the fence) ؛ حدود کے اندر کی جگہ ؛ رقبہ ، حد ، پہنچ یا وسعت ، جیسے وقت ، جگہ ، مفاد ، تعلق یا علم کی مناسب یا موزوں حدود (جیسے His enthusiasm knew no compass) ۔ (موسیقی) آواز یا ساز کا مکمل گھیرا یا انتہائی پہنچ یا رسائی ؛ احاطہ ؛ گھیرا ؛ وُسعت ؛ رسائی ؛ وصلہ ؛ محیط ؛ دائرہ ؛ دور ؛ دورہ ؛ گھماؤ ؛ چکّر ؛ پہنچ ؛ مقدار ؛ آواز کا پاٹ ؛ لَے کا پھیلاؤ ۔

compass, v.t. آس پاس گھومنا یا چلنا ؛ چکّر لگانا ؛ گھیرنا ؛ چاروں طرف سے بند کرنا ؛ دائرے میں لینا ؛ گرفت میں لینا جیسے ذہن کی ؛ اچھی طرح سمجھنا ؛ حاصل کرنا ؛ مکمّل کرنا ؛ پورا کرنا ؛ کامیاب ہونا (جیسے :- He was unable to compass his ambitions) ؛ کوشش کرنا یا تدبیر کرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ بس یا قبضے میں لانا ؛ پہچاننا ؛ دھیان دینا ؛ چاروں طرف سے گھیرنا ؛ چوگھیرا ڈالنا ؛ چھا جانا ؛ ذہن نشین کرنا ؛ قصد کرنا ؛ عزم کرنا ؛ دل میں ٹھاننا ؛ تدبیر نکالنا ؛ پورا کرنا ؛ انجام کو پہچانا ؛ ڈھب پر لانا ؛ گھیر لینا ؛ گھیرا ڈالنا ؛ محاصرہ کرنا ۔

compass, a. منحنی ؛ خم دار ؛ قوسی (جیسے ؛ a compass window or a roof with compass rafters) ۔

compass card, n. گول پُٹھا یا دفتی جسے جہازی سمت نما کے محور پر لگاتے ہیں ، اس گول دفتی پر چاروں طرف ایک دُوسرے سے برابر فاصلے پر ۳۲ سمت بتانے والے نُقطے ہوتے ہیں اور عموماً ۳۶۰ درجوں کے نشانات بھی لگے ہوتے ہیں ۔

compassion, n. دردمندی ؛ ترس ؛ رحم ؛ دوسرے کی تکالیف اور مصائب دیکھ کر ہمدردی کا جذبہ جس میں مدد کرنے کی خواہش بھی شامل ہو ؛ رافت ؛ تلطّف ۔

compassionate, a. رحیم؛ دردمند ؛ رحمدل ؛ ہمدرد ؛ غمگسار ؛ ترس کھانے والا ؛ رعایت کرنے والا ۔

compassionately, adv. درد مندانہ ؛ رحیمانہ ؛ دردمندی سے ۔

compassionateness, n. درد مندی ؛ رحم دلی ؛ غمگساری ؛ رحیمی ۔

compassionate, v.t. کسی کے لیے رحم و ہمدردی محسوس کرنا ؛ کسی پر ترس کھانا؛ دیا کرنا؛ رحم کرنا ؛ غم خواری کرنا ۔

compassionate grounds, n. ہمدردانہ وجوہ ۔

compass plant, n. قطبی پودا : ایسے کئی درختوں میں سے ایک ، جن کے پتّوں اور شاخوں کا رخ شمالاً جنوباً ہوتا ہے ، خصوصاً قاشدار گوگل (Silphium laciniatum) ، امریکی گیاہستان کا ایک مخلوط پودا؛ پرکار پودا ۔

compass rose, n. گُل قُطب نُما ؛ ایک دائرہ جس پر حقیقی یا مقناطیسی شمال سے گھڑی کی سوئیوں کے رُخ ۳۲ نقاط یا ۳۶۰ درجے لگے ہوتے ہیں اور جو اس غرض سے چارٹ پر چھاپا جاتا ہے کہ قُطب نُما کی سوئی سے جہاز کے مقام کا زاویہ ناپا جا سکے یا جہاز کے رُخ کا تعین کیا جا سکے ؛ اسی قسم کا خاکہ ، اکثر آرایشی ، جو نقشوں پر قُطب نُما کے نقطوں کی نشان دہی کے لیے بنایا جاتا ہے ۔

compathy, n. درد شرکت ؛ مشارکی غم و خوشی ؛ دوسرے یا دوسروں کے احساسات میں اشتراک ؛ دوسروں کے غم اور خوشی میں شرکت ؛ غمگساری ۔

compatibility, compatibleness, n. مطابقت ؛ موافقت ؛ مناسبت ؛ موزونیّت؛ مطابق یا موزوں ہونے کی خصوصیت؛ ہم مزاجی؛ ہم آہنگی ؛ میلان ؛ میل ۔

compatible, a. مطابق ؛ مناسب؛ موزوں؛ موافق؛ ساتھ رہنے یا نباہ کرنے کی خُوبی یا اہلیّت رکھنے والا؛ ملنسار ۔ (ٹیلیوژن) رنگین پروگراموں کو سیاہ و سفید میں دکھانے والا ٹی ۔ وی سیٹ ۔ (کیمیا) ایسے آمیزے سے متعلّق جو کیمیاوی ردّعمل سے نہ تو متغیّر ہو اور نہ ہی اجزا میں تقسیم ہو؛ خود بَارور ۔

compatibly, adv. مطابقت سے ؛ موزونیت سے ؛ مناسبت سے ۔

compatriot, n. ہم وطن (مرد یا عورت) ؛ گرائیں ۔

compatriotic, a. وطنی ؛ دیس کا ۔

compatriotism, n. احساس ہم وطنی ؛ گرائیں پنا ؛ ہم وطنیت ؛ ہم وطنی ؛ گرائیں ہونے کی خاصیّت ۔

compeer, n. ہم رُتبہ ؛ ہم جولی ؛ ساتھی ؛ رفیق ؛ شریک ؛ ہم چشم ۔

compel, v.t. مجبور کرنا ؛ دبانا ؛ کسی کام کو زبردستی کرانا؛ ناگزیر بنا دینا؛ اطاعت کے لیے مجبور کرنا؛ جبروتشدد سے لے لینا؛ بھینچنا ؛ ناچار کرنا ؛ دھکیلنا ؛ پیلنا ؛ بزور داخل کرنا ۔

compellable, a. قابل جبر ؛ جبر پذیر ۔

compeller, n. جابر ؛ مجبور کرنے والا ۔

compellingly, adv. جبر سے ۔

compellation, n. کسی شخص کو مخاطب کرنے کا عمل یا طریقہ ؛ خطاب ، القاب یا عہدہ ؛ تسمیہ ؛ اصطلاحی نام ۔

compend, n. دیکھیے : Compendium ۔

compendious, a. مُختصر ؛ تفصیل کا اجمال ؛ جامع ؛ مجمل ؛ خلاصہ ؛ قلّ و دَلّ (کتاب یا طرز انشا) ۔

compendiously, adv. مختصراً ؛ مجملاً ۔

compendiousness, n. اختصار ؛ اجمال ؛ جامعیّت ۔

compendium, n. خلاصه ؛ ملخص ؛ لب لباب ؛ موجز ؛ بڑی کتاب کا اختصار ؛ تلخیص ؛ فہرست میں اسما یا موضوعات کا اندراج ۔

compensable, a. تلافی یا معاوضه کا حقدار ؛ وہ جس کی تلافی کی جائے ؛ قابلِ تلافی ۔

compensate, v.t. تلافی کرنا ؛ کفاره ادا کرنا ؛ بدلا دینا ؛ پاسنگ لگانا ؛ عوض دینا ۔ (میکانیات) طاقت یا کسی ایسی اور شے میں توازن پیدا کرنا ؛ اتار چڑھاؤ کے سبب عدم توازن دور کرنے یا متوازن بنانے کے لیے پاسنگ لگانا یا ردّوبدل کرنا؛ کسر نکالنا ؛ برابر کرنا ۔

compensate, v.i. ہم پلّہ یا برابر ہونا ؛ ہم پلّہ چیز فراہم کرنا یا ہم پلّہ ہونا؛ تلافی کرنا ؛ نقصان پُورا کرنا؛ تعدیل کرنا؛ تثویب کرنا ؛ کسر نکلنا ۔

compensative, a. عوضی؛ مُعاوض ؛ تلافی کُن ۔

compensator, n. آلۂ تثویب؛ آلۂ تعدیل ؛ پاسنگ ؛ مِعدال ؛ مِثراب ؛ عوضی ۔

compensatory, a. عوضی ؛ تلافی کرنے والا ؛ تعدیلی ؛ تثویبی ؛ پاسنگی ۔

compensation, n. تلافی کا عمل ؛ اجر ؛ مکافات ؛ بدلا ؛ عوض ؛ خدمات، قرض، حاجت، نقصان یا تکلیف کا معاوضه ؛ تلافی ؛ تاوان ؛ برجانه ؛ جزا ؛ سزا ؛ وہ چیز جو کسی اُور چیز کا نعم البدل ہو یا کوئی کمی پوری کرے ؛ تعویض ؛ پلٹا ؛ اجرت ؛ محنتانه ؛ ڈنڈ ؛ خساره ؛ مجرائی ۔

Compensation Act for Workmen, ایسے متعدّد سرکاری قوانین میں سے کوئی ایک قانون جن کے تحت آجر پر یہ فرض عائد ہوتا ہو که وہ کام کرتے وقت مزدور کو حادثه پیش آنے کی صورت میں معاوضه ادا کرے ۔

compete, v.i. موزوں بننا ؛ اہلیت ظاہر کرنا ؛ انعام یا کسی اور چیز کے لیے مسابقه کرنا جیسے کھیلوں یا تجارت میں کیا جاتا ہے ؛ مقابله کرنا ؛ سعی کرنا (کسی کے مقابله میں) ؛ ہمسری کرنا ؛ برابری کرنا ۔

competence, competency, n. موزونیّت ؛ استعداد ؛ صلاحیّت ؛ اختیار ؛ قابلیّت ؛ آسودگی ؛ کفایت ؛ جائیداد اور وسائل کا اتنا ہونا که زندگی کی ضروریات اور سہولتیں مہیّا ہو سکیں ؛ مرفّهُ الحالی ؛ فارغُ البالی ؛ جواز ؛ اہلیّت ؛ قُدرت ؛ مقدرت ؛ مہارت ؛ غنیمت ؛ فراغت ؛ آسوده حالی ؛ خوشحالی ۔

competent, a. موزوں ؛ اہل ؛ تمام ضروریات پوری کرنے والا ؛ مناسب ؛ کافی ؛ قانونی طور پر بااختیار ؛ مجاز ؛ مقتدر ؛ لائق ؛ قابل ؛ مستعد ؛ واجب ؛ مباح ؛ درست ؛ ذی مقدرت ؛ ماہر ؛ مُختار ؛ جائز ؛ صحیح ؛ پکّا ؛ صاحبِ اختیار ؛ قادر ؛ روا ؛ مکتفی ؛ مرفّهُ الحال ۔

competently, adv. موزونیّت سے ؛ مسابقت سے ۔

competition, n. مقابله ؛ مسابقت؛ رقابت؛ مقابلے کا عمل ؛ ایک چیز کے لیے باہمی تگ و دو ؛ ترجیحی اہلیّت یا قابلیّت کا تعیّن کرنے کے لیے مقابلے کا امتحان/آزمایش ؛ مسابقه ۔

competitive, a. مسابقتی ؛ مسابقت ، مقابله یا آزمایش کے متعلّق (جیسے : competitive prices) ؛ مقابلے کا ؛ ہم سر ؛ ہم چشم ؛ برابر ؛ ہم سری کا ۔

competitor, n. مسابق ؛ مسابقت یا مقابله کرنے والا ؛ یکساں یا مشابه اشیائے تجارت کی فروخت میں مقابله کرنے والا ؛ مدِّمقابل ؛ حریف ؛ رقیب ؛ مقابله کُننده ؛ مقابله کار ؛ مسابقه کار ؛ ہم چشم ۔

competitory, a. مسابقانه ؛ حریفانه ؛ رقیبانه ۔

compilation, n. تالیف ؛ ترتیب ؛ تدوین؛ دستاویزات یا کتب سے نکال کر جمع کرنے یا ترتیب دینے کا عمل؛ وہ جسے جمع یا تالیف کیا جائے جیسے تالیف شُده کتاب یا رساله ؛ مؤلفه ۔

compile, v.t. تالیف کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ تدوین کرنا ؛ مختلف اقسام کے مواد کو ایک جلد میں مرتّب کرنا ؛ یکجا کرنا ؛ کمپیوٹر میں استعمال کے لیے مشینی زبان میں ترجمه کرنا ؛ کرکٹ میں رَن بڑھانا یا جمع کرنا ؛ اکٹھا یا یکجا کرنا ۔

compiler, n. مؤلف ؛ جمع کرنے والا ؛ تالیف و تدوین کرنے والا ؛ مدوّن ؛ جامع ۔

complacence, n. اطمینان ؛ دلجمعی ؛ آسوده خاطری؛ اپنی ذات سے مطمئن ہونے کی بُنیاد پر دلی مسرت؛ خاطر جمعی ۔

complacency, n. اطمینان اور آسوده خاطری ، عموماً ایسی صورتِ حال جس میں ظاہر اور مخفی مسائل کی چنداں اہمیت نه ہو؛ دلجمعی؛ خاطر جمعی ؛ اخلاق؛ مروت ۔

complacent, a. اپنے آپ سے خُوش یا اپنی خوبیوں پر مطمئن؛ آسوده خاطر ؛ خوش دل ؛ ملنسار؛حلیم ؛ خلیق ۔

complacently, adv. اطمینان سے ؛ آسوده خاطری سے ؛ ملنساری سے ؛ خاطر جمعی سے ۔

complain, v.i. شکایت کرنا ؛ شکوه کرنا ؛ افسوس ، درد ، بیچینی ، ملامت یا مذمت کا اظہار کرنا ؛ آه و زاری کرنا ؛ بُڑبڑانا ؛ بَین کرنا ؛ دُکھ رونا ؛ دُکھڑا کہنا ؛ جھینکنا ؛ رونا ؛ شیون کرنا ؛ گله کرنا ؛ نالش کرنا ؛ عرضی لگانا ؛ مقدمه دائر کرنا ؛ فریاد سنانا ۔

complain of, کسی شخص کو باقاعده موردالزام ٹھہرانا ؛ کسی پر الزام عائد کرنا ۔

complainable, a. شکایت کے قابل ۔

complainer, n. شاکی ؛ شکایت کرنے والا ؛ شکایت کُننده ۔

complainingly, adv. از راه شکایت ؛ شکایتاً ۔

complainant, n. فریادی ؛ وہ شخص جس نے شکایت کی ہو ؛ شکایت کرنے والا ۔ (قانون) مستغیث ؛ نالش یا استغاثه دائر کرنے والا ؛ مدعی ؛ نالشی ؛ دادخواه ۔

complaint, n. افسوس ، درد ؛ بیچینی ، ملامت یا مذمّت کا اظہار ؛ شکایت ؛ ناله ؛ دکھڑا ؛ شکوه ؛ گِله ؛ آه و زاری ؛ بڑبڑاہٹ ؛ نکته چینی ؛ شکایت کا سبب یا موضوع ، مرض ؛ عارضه ؛ روگ ؛ بیماری ، عموماً چھوٹی موٹی یا ہلکی بیماریاں ؛ الزام ؛ نقصانات یا چوٹوں کا بیان اور فریاد ؛ استغاثه یا دعویٰ ۔ (قانون) دیوانی عدالت میں مدعی کی طرف سے پہلا الزام ۔

complaisance, n. خوش کُن طرز یا رویه ؛ اچھا اخلاق ؛ مروت ؛ نرمی ؛ تہذیب ؛ انکساری ؛ خوش کرنے کی خواہش ؛ کام آنے یا مدد کرنے کا رجحان ؛ خُلق ؛ اخلاق ؛ اہلیّت ؛ سیل ؛ انسانیّت ؛ آدمیّت ؛ ملائمت ۔

complaisant, a. خوش کرنے کی طرف مائل ؛ مددگار ؛ ملنسار ؛ مہربان ؛ فرمانبردار ؛ خلیق ؛ صاحبِ مروت ؛ خوش خلق ۔

complected, a. ۔ (بول چال) جلد کا رنگ (جیسے : dark complected)

complement, n. تکملہ ؛ وہ جو پورا یا مکمّل کرے ، خصوصاً ترکیب نحوی میں وہ لفظ یا الفاظ جو جملہ پورا کریں یا تکملۂ خبر کریں ؛ متمّم فعل ؛ پُوری مقدار یا رقم ؛ پُوری تعداد ، خصوصاً بحری جہاز کا پُورا عملہ ؛ وہ مقدار یا تعداد جس کے اضافہ سے مطلوبہ ہدف پُورا ہو جائے ؛ ایسی دو چیزوں میں سے ایک جو ایک دوسرے کی تکمیل کرتی ہوں ۔ (جیومیٹری) وہ زاویہ جو نوے درجہ سے کم کی قوس کو زاویہ قائمہ کے برابر لانے کے لیے درکار ہو ؛ زاویۂ تکملہ ؛ متمّم زاویۂ ؛ وقفہ جس کا اضافہ اگر ایک دیے ہوئے ، وقفہ میں کیا جائے تو موسیقی کا آٹھواں درجہ مکمل ہو جائے ؛ بھرتی ؛ بھراؤ ؛ تکمیل ۔ (فعل متعدی) پورا کرنا ؛ مکمّل کرنا ؛ کسی کا تکملہ کرنا یا بنانا ۔

complemental, a. تکمیلی ؛ پورا کرنے والا ؛ تکملہ ؛ متمّم ۔

complementary, a. تکمیلی ؛ کمی پورا کرنے والا ؛ متمم ؛ مکمّل کرنے والا ؛ زائد ؛ امدادی ۔

complementary angle, n. زاویہ تکملہ ؛ زاویہ مکمّلہ ؛ متمّم زاویہ ؛ ایک زاویہ جو دوسرے زاویے سے مل کر نوے درجے کا زاویہ قائمہ بنائے ۔

complementary colors, n. تکمیلی یا اتمامی رنگ ؛ طیف میں ثانوی رنگ جو دوسرے رنگوں سے مل کر مختلف رنگ بناتے ہیں ۔

complementation, complementary distribution, n. اتمام ؛ لسانیات کا اصول جو ایسی لسانی وحدتوں کے اراکین کے مابین تعلّق کو منضبط کرتا ہے جن کا ماحول مشترک نہ ہو (جیسے stone اور tone میں پہلے ''t'' کی صوت ''o'' سے مخلوط ہے جب کہ دوسرے کی صوت غیر مخلوط یا سادہ ہے) ۔

complement fixation, n. متمم اضافہ ؛ مناعتی منطقی تجربہ میں ایک عمل جس کے تحت تریاق زا اور ضدِ جسم کی آمیزش سے پیدا ہونے والے مادہ میں ایک تکملہ کا اضافہ کیا جاتا ہے ۔

complete, a. پورا ؛ مکمّل ؛ ثابت ؛ سالم ؛ قطعی ؛ بالکل ؛ تمام ؛ ماہر ؛ جس میں کوئی کمی یا خامی نہ ہو ؛ کسی جُز یا عنصر کی حاجت نہ رکھنے والا ؛ کامل ؛ کسی کسر کے بغیر ؛ ہر لحاظ سے پورا یا مکمّل ؛ مختتم ؛ متمّم ؛ منتج ؛ تیّار ؛ بے باق ؛ کُل ۔

completable, a. قابلِ تکمیل ؛ تکمیل پذیر ۔

completely, adv. پورے طور پر ؛ کامل طور سے ؛ تمام ؛ بالکل ؛ سرتاپا ؛ محض ؛ سراپا ؛ سراسر ۔

completeness, n. مکملیّت ؛ تکمیل ؛ اختتام ؛ اتمام ؛ کمال ؛ کمالیت ۔

completive, a. تکمیلی ؛ اتمامی ؛ اختتامی ۔

completively, adv. تکمیلی طور پر ۔

complete, v.t. پورا کرنا ؛ ختم کرنا ؛ تمام کرنا ؛ مکمّل کرنا ؛ کامل کرنا ؛ انجام کو پہنچانا ۔

complete fertilizer, n. متناسب کھاد ؛ مصنوعی کھاد جس میں مقررہ تناسب میں گندھک کا تیزاب ، پُٹاش اور نائٹروجن شامل ہوتے ہیں ۔

completion, n. اتمام ؛ اختتام ؛ تمام ؛ ختم یا مکمّل کرنے کا عمل ؛ مکمّل ہونے کی حالت ؛ تکمیلی حالت ؛ تکمیل ؛ سرانجامی ؛ نبیڑا ؛ انجام دہی ۔

complex, a. پیچیدہ ؛ ملتف ؛ الجھا ہوا ؛ ایک دوسرے سے جُڑے ہوئے یا متعلّقہ اجزا یا حصّوں سے بنا ہوا ؛ مرکّب ؛ مخلوط یا ملا جلا ؛ خصوصاً اس طرح کہ حصّے ایک دوسرے میں پیوست یا الجھے ہوئے ہوں ؛ تہ بہ تہ ؛ پیچ در پیچ ؛ الجھن والا ؛ مرکّبہ ؛ مختلف الاجزا ۔

complex sentence, n. (گرامر) جملہ ملتف ؛ بڑا جملہ جس میں خاص جُملہ کے تحت ایک یا ایک سے زیادہ ذیلی یا منحصر جُملے ہوتے ہیں ؛ مخلوط جُملہ ؛ مرکّب جُملہ ۔

complex, n. پیچیدہ بات ، معاملہ یا ساخت ؛ ایک سے زیادہ حصّوں یا اجزا سے بنا ہوا کل (جیسے : a school complex or an industrial complex) ؛ اجزا یا جزوی اشیا کا پیچیدہ اجتماع ؛ خلط ۔ (تحلیل نفسی) غیر معمولی دماغی کیفیّت یا ذہنی توہمات کا باعث عموماً وہ اعمال ، خیالات اور رجحانات ہُوا کرتے ہیں جنہیں کسی وجہ سے دبا دیا گیا ہو اور جو ذہنی طریق عمل کی خاص رَو میں شامل یا اس سے ہم آہنگ نہ ہو سکے ہوں ؛ جذباتی تجربہ جو تلخ یا تکلیف دہ ہونے کی وجہ سے دبا دیا گیا ہو ؛ گرہِ احساس ۔ (بول چال) ذہن میں بیٹھا ہوا خیال ؛ مالی خولیا یا خبط کی حد تک غالب خیال ؛ گرہ ؛ حجاب ؛ مخلوطات ؛ الجھاؤ ؛ الجھن ؛ خبط ؛ پیچیدگی ؛ پیچ در پیچ چیز ۔

complex fraction, n. کسر مُلتف ؛ کسر مخلوط ؛ وہ کسر جس میں یا تو شمارندہ یا نسب نما یا دونوں ایک ہی کسر یا مخلوط عدد رکھتے ہیں ؛ کسر مرکّب ۔

complexion, n. رُوپ ؛ قدرتی رنگ ؛ جسمانی یا ذہنی مزاج ، عادت یا قدرتی رجحان ؛ طبعی کردار یا فطرت ؛ جلد (خصوصاً چہرے کی جلد) کا رنگ ؛ کسی بھی چیز کی عام وضع قطع ؛ پہلو ؛ معنی ؛ طبیعت ؛ بُشرہ ؛ رنگت ؛ رُخ ؛ پہلو ؛ خصلت ۔

complexioned, a. ایسے ویسے رنگ روپ کا خصوصاً جلد کی نسبت سے ؛ پہلودار ؛ پُر معنی ؛ خاص پہلو لیے ہوئے ۔

complexity, n. پیچیدگی ؛ الجھاؤ ؛ پیچیدہ ہونے کی حالت یا صفت ؛ الجھی ہوئی یا پیچیدہ چیز ؛ الجھن ؛ گرہ ۔

complexness, n. پیچیدگی ؛ الجھاؤ ۔

compliance, n. تعمیل حکم یا تعمیل مطالبہ ؛ امتثال امر ؛ اطاعت ؛ فرمانبرداری ؛ بجا آوری ؛ دوسروں سے دبنے یا ان کی بات مان لینے کا میلان ؛ رضامندی ؛ مرضی ۔

compliancy, n. اسم مذکورہ بالا معنوں میں ؛ تعمیل حکم ، اطاعت ، بجا آوری وغیرہ ۔

compliant, a. مطیع ؛ فرماں بردار ؛ تابعدار ؛ حکم ماننے والا ۔

complicacy, n. پیچیدگی ؛ پیچیدہ یا اُلجھا ہوا ہونے کی حالت ؛ اُلجھاؤ ۔

complicate, v.t. تہ کرنا یا بل دینا ؛ پیچیدہ کرنا ؛ الجھانا ؛ سانٹنا ؛ لپیٹنا ۔ پھنسانا ؛ مِلانا ؛ چیزوں کا مخلوط کرنا ؛ پیچ ڈالنا ۔

complicate, v.i. پیچیدہ ہونا ؛ الجھا ہوا ہونا ۔

complicate, a. منطبق ؛ آپس میں جڑے ہوئے مختلف ٹُکڑوں سے بنا ہوا ؛ پیچیدہ ؛ ملوث ؛ الجھا ہُوا ۔ (نباتیات) لمبائی میں لپٹا ہوا ؛ نطونی ؛ تلفیفی ۔

complicated, a. پیچیدہ ؛ الجھے ہوئے یا جڑے ہوئے ٹکڑوں

شامل ہونے والا ۔

comport, n. ٹیک والی رکابی جس میں پھل اور مربّہ رکھے جاتے ہیں ؛ مربّہ۔

comport, v.t. (اپنی ذات کے متعلّق) چلن یا طریقہ اختیار کرنا ؛ تمیز سے پیش آنا یا اچھا برتاؤ کرنا ؛ ملانا ؛ موافق کرنا۔ (فعل لازم) مناسب ہونا ؛ موافق ہونا ؛ ملنا ؛ متفق ہونا ؛ زیب دینا ؛ شایان ہونا ؛ ہم ساز ہونا ۔

comportment, n. برتاؤ ؛ وضع قطع ؛ طور طریق ؛ چال ڈھال ؛ رویّہ ؛ میل ؛ اتفاق ؛ ہم سازی ۔

compose, v.t. ترکیب دینا ؛ دو یا زیادہ چیزیں جوڑ کر بنانا ؛ سنوارنا ؛ جوڑ کر یا مِلا کر بنانا ؛ مصنف کی حیثیّت سے لکھنا یا تصنیف کرنا ؛ تالیف کرنا ؛ کتاب یا موسیقی کی دھن بنانا یا تصنیف کرنا ؛ خاموش کرنا ؛ پرسکون کرنا ؛ بہلانا یا خوش کرنا ؛ (تسلی اور دلاسا دے کر) خاموش اور پرسکون کرنا ؛ اختلافات دور کر کے سمجھوتا کرانا ؛ صحیح مقام پر رکھنا ؛ نپٹانا ؛ طے کرنا ۔ (فنون لطیفہ) خاص نکات یا چیزوں کو ترتیب دینا ۔ (طباعت) طبع کرنے کے لیے حروف کو صحیح ترتیب میں تختہ پر جمانا ؛ تصنیف کرنا ؛ انشا کرنا ؛ بنانا ؛ ڈھارس بندھانا؛ ڈھارس باندھنا ؛ شعر کہنا ؛ نظم لکھنا ؛ تسکین دینا ؛ تشفّی دینا ؛ حواس جمع کرنا ؛ دل ٹھکانے کرنا ؛ لکھنا؛ حرف جوڑنا؛ کمپوز کرنا ؛ نظم کرنا ۔ (فعل لازم) ادب ، موسیقی یا فنی تصنیف/تخلیق کی مشق کا کیا جانا ؛ مستقل ہونا ؛ مجتمع ہونا ؛ جُڑا ہُوا ہونا ؛ سنجیدہ ہونا ؛ مِلا ہُوا ہونا ؛ مرکّب ہونا ۔

composed, a. بیچینی ، گھبراہٹ یا جذباتی ہیجان سے آزاد ؛ خاموش؛ مطمئن؛ پُرسکون ؛ مرتب کردہ ؛ مستقل؛ مجتمع ؛ سنجیدہ ؛ ملا ہُوا ؛ جُڑا ہُوا ؛ مرکّب ؛ مستغنی ۔

composedly, adv. اطمینان کے ساتھ ؛ ڈھارس سے ؛ دلجمعی سے ؛ ہوش و حواس سے ۔

composer, n. کمپوزر ؛ نغمه ساز ؛ بنانے ، لکھنے یا ترتیب دینے والا شخص یا شے؛ طبع زاد مصنّف یا فن کار ؛ مصنف ؛ شاعر ؛ عموماً طبع زاد موسیقار یا نغمه نگار ؛ گیت کار ؛ راگ ساز۔

composing stick, n. (طباعت) حروف جوڑ تختی ؛ وصلی ؛ طباعت کے لیے ٹائپ کے حروف جمانے کی دستی طشتری یا ٹرے ۔

composite, a. مخلوط ؛ مرکب ؛ مختلف حصص ، اجزا یا عناصر سے بنا ہوا ؛ مرکب ۔ (فن تعمیر ، بڑے C سے) ایسے کلاسیکی (رومی) طرزِ تعمیر کے متعلق جس میں دیگر تعمیرات کی خصوصیات بھی شامل ہوں ۔ (نباتیات ؛ چھوٹے c سے) جنس مرکب (Compositae) سے متعلق ، یہ ترکاریوں کا سب سے بڑا خاندان ہے ،اس میں ڈیزی ، ککروندا اور تارا پھول شامل ہیں جن کی خصوصیت یہ ہے کہ چھوٹے چھوٹے پھول اس طرح گچھّے میں لگتے ہیں کہ ایک ہی پھول معلوم ہوتا ہے ؛ اجتماعی؛ مجتمع ؛ آمیختہ ؛ پیوستہ ؛ مِلواں ؛ پورا ؛ کامل ۔

composite, n. مخلوط یا مرکب چیز۔ (نباتیات) دوغلا یا مخلوط پودا ؛ مرکب پودا ۔

compositely, adv. مرکب ہو کر ؛ بالاشتہال ۔

compositeness, n. مرکبّیت ؛ شمولیّت ۔

composite number, n. (ریاضی) مقسوم کامل ؛ عدد مخلوط ؛ ایسا عدد جو کسی دوسرے عدد پر ٹھیک ٹھیک تقسیم ہو جائے ؛ پورا

سے بنایا ہوا ؛ ملوث ؛ مشکل سے سمجھ میں آنے والا ۔

complicatedness, n. پیچیدہ پن ؛ پیچیدگی ۔

complication, n. پیچیدگی ؛ الجھاؤ ؛ پیچ ؛ پھندا ؛ ایچ پیچ ؛ پیچیدہ بنانے کا عمل یا پیچیدہ ہونے کی حالت ؛ پھنساؤ ؛ کوئی پیچیدہ چیز ؛ الجھی ہوئی ؛ گڈ مڈ یا جُڑی ہوئی اشیا کا مجموعہ ؛ وہ جو الجھانے یا الجھاؤ کا باعث ہو ؛ الجھن ۔ (طِب) ثانوی بیماری جو خاص بیماری کے دوران ہو جائے ؛ عارضۂ مرض ۔

complicative, a. پیچیدہ ؛ اُلجھا ہوا ؛ پیچ دار۔

complicity, n. ساز باز ؛ سازش ؛ سازشی یا شریک جرم ہونے کی حالت ؛ جرم میں شرکت ۔

complier, n. حکم کی تعمیل کرنے والا ۔

compliment, n. آداب ؛ بندگی ؛ تسلیم ؛ کورنش ؛ سلام ؛ ادب و احترام کا اظہار ؛ نیک خواہش ؛ لطیف خوشامد ؛ تعریف و ستایش کا اظہار ؛ تحسین ؛ آفرین ؛ داد؛ خاطر ؛ تواضع ؛ تحفه ؛ تکلّف ؛ تحائف ؛ صله ؛ انعام ؛ بخشش ۔

compliments, n. ستایش ؛ نیک خواہشات ؛ سلام ؛ نیک تمنائیں ؛ آداب ۔

compliment, v.t. ستایش کرنا ؛ آداب بجا لانا ؛ تعریف و توصیف کرنا ؛ پسندیدگی ، توقیر ، عزّت کے اظہار یا تعظیم و پسندیدگی کے عمل سے دادوتحسین کرنا یا خوشامد کرنا؛ سراہنا ؛ واہ واہ کرنا ؛ تحسین و آفرین کرنا ۔

complimentable, a. قابل ستایش ؛ قابل توصیف ؛ تعریف ، توقیر یا پسندیدگی کے قابل ۔

complimenter, n. ستایش کرنے والا ؛ تعریف و توصیف کرنے والا ؛ مداح ۔

complementingly, adv. احتراماً ؛ خوشامدانہ ؛ مؤدبانہ ؛ از رہ تحسین ۔

complimentary, a. اعزازی ؛ تعریفی ؛ توصیفی ؛ ستایش کے طور پر ؛ دادوتحسین سے پُر ؛ تعریف یا توصیفی کلمات کے اظہار یا ابلاغ کے مقصد سے ؛ ادب ، احترام یاتحسین کا مظہر؛ تعارفی ؛ تکلّفانہ ؛ تکمیلی۔

compline, complin, n. (کلیسیات) نماز عشاء ؛ رومن کیتھولک کتاب نماز میں واجب قرار دی گئی سات نمازوں میں سے آخری نماز ؛ سورج غروب ہونے کے بعد پڑھی جانے والی آخری نماز یا دعا ؛ رات کی نماز۔

comply, v.t. پورا کرنا ؛ عمل درآمد کرنا ؛ حکم بجا لانا ؛ تعمیل کرنا ؛ قبول کرنا ؛ اتباع کرنا ؛ ماننا ؛ تسلیم کرنا؛ منظور کرنا ۔ (فعل لازم) خلیق اور باایثار ہونا ؛ خواہش ، استدعا ، حکم ، ضرورت یا شرط کے مطابق عمل کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ مان لینا ؛ مطابقت کرنا ؛ پورا ہونا ؛ عمل درآمد ہونا ؛ تعمیل ہونا ۔

compo, n. [composition کا مرخّم] خصوصاً صنعتی شُعبه میں مختلف مخلوط مادّوں کا نام ؛ چونے یا گچ کا پلستر ؛ صندله ۔

component, n. ترکیبی جز۔ (طبیعیات) کسی طاقت کا مؤثّر حصّه یا کسی سمت میں رفتار کا زور ؛ ایسی سمتیات میں سے ایک جو سمتیات کے مجموعه میں جمع کی گئی ہوں ؛ جز ؛ ٹُکڑا ؛ ریزہ ۔

component, a. جزوی ؛ ترکیبی ؛ جُز یا حصّه کی حیثیت سے

بٹا ۔

composite school, n. (کینیڈا) جامع مدرسہ ؛ ثانوی تعلیم تک کا مدرسہ جس میں تجارت ، صنعت اور علمی مضامین پڑھائے جائیں ۔

composition, n. بناوٹ یا ترکیب ؛ کل بنانے کے لیے حصص یا اجزا کو ملانے یا جوڑنے کا عمل ؛ ملانے یا جوڑنے کا طریقہ ؛ جوڑنے یا ملانے کا نتیجہ یا حاصل ؛ بناوٹ ؛ ساخت یا ڈھانچا ؛ مرکب یا مخلوط مادہ ۔ (گرامر) الفاظ کی بندش یا مرکب الفاظ کی تخلیق (جیسے : camp fire یا جیسے اردو میں بیل گاڑی)؛ مضمون نگاری، اِنشا ؛ نثر، نظم ، موسیقی کی دُھن یا تصویر کی تخلیق کا عمل یا طریقہ ؛ فنی عمل کا حاصل ؛ مدرسہ میں بطور مشق لکھا گیا مختصر مضمون ؛ ٹائپ یا طباعت کے حروف ترتیب دینے یا جمانے کا عمل ؛ رضامندی سے فیصلہ یا راضی نامہ ؛ معاہدہ یا سمجھوتہ ، خصوصاً وہ سمجھوتہ جس کے تحت ایک قرض دار کُل قرض کی جزوی ادائیگی منظور کرتا ہے ؛ جزوی ادائیگی کی رقم ؛ دماغی ساخت ؛ مصنوعی مادہ یا شے (خاص کر وہ جو اصلی کے بجائے استعمال کیا جائے)؛ اِنشا پردازی ؛ اجزائے ترکیبی ؛ ترتیب ؛ پیوستگی ؛ میل ؛ آمیزش ؛ صلح ؛ راضی‌نامہ ؛ مصالحت؛ تصفیہ ۔ (کیمیائی) بناوٹ ؛ ساخت ؛ تالیف ؛ مزاج ۔

compositive, a. پیوندہ ؛ پیوستہ کرنے والا ؛ شامل کرنے والا ؛ ملانے یا جوڑنے والا ۔

composition of forces, n. (میکانیات) ترکیب قوۃ : ایک ہی یا مختلف سمتوں میں عمل کرنے والی دو یا دو سے زیادہ قوتوں کا ایک ہی مساوی قوت کی صورت میں اتحاد جو ''حاصل'' کہلاتا ہے ؛ بَل میں نکاسی ؛ ترکیب عساکر ۔

compositor, n. (طباعت) حروف چیں ؛ حروف کار ؛ کمپوزیٹر ؛ چھاپے کے حروف (ٹھپے) جمانے والا ؛ ٹائپ سیٹ کرنے والا ۔

compos mentis, a. صحیح العقل ؛ باہوش ؛ صحیح دماغ کا ؛ صحیح الحواس ؛ صحیح الدماغ ۔

compost, n. ملغوبہ؛ مخلوط کھاد ؛ مخلوط شے ؛ مجموعہ : مخلوط یا ملی جلی چیزیں ، خصوصاً مختلف مادوں کا آمیزہ جیسے اُپلوں اور پتوں کا ملغوبہ جو بطورِ کھاد استعمال ہوتا ہے ؛ کھاد ؛ پانس ۔ (فعل متعدی) مخلوط کھاد دینا یا مرکّب کھاد بنانا ؛ مخلوط کھاد بنانا ؛ کھاد ڈالنا ؛ آمیز کرنا ؛ آمیزہ بنانا ؛ آمیزہ تیار کرنا ۔

composure, n. سکون ؛ اطمینان ؛ دلجمعی ؛ حالتِ اطمینان ؛ دماغی سکون ؛ خاموشی ؛ تنہائی ؛ سکونِ قلب ۔

compotation, n. ساتھ مل کر شراب پینے کا عمل ؛ ہم مشربی ؛ ہم پیالگی ۔

compotator, n. ہم مشرب ؛ وہ شخص جو دوسرے کے ساتھ مل کر شراب پیے ؛ ہم پیالہ ۔

compote, n. مربّہ ؛ پھل ، عموماً سخت پھل جیسے ناشپاتی ، خوبانی ، سیب ، چیری وغیرہ ، جن کو شیرے میں جوش دے کر محفوظ کر لیا جاتا ہے اور خاطر تواضع میں استعمال کیا جاتا ہے؛ میٹھے کی سجاوٹی ڈش یا طشت جو اکثر پایوں پر رکھّا ہوتا ہے اور کبھی کبھی سرپوش سے ڈھکا ہوتا ہے ۔

compound, v.t. ملانا؛ ایک کل میں ملا کر رکھنا ؛ جوڑنا؛ آمیز کرنا ؛ اجزا یا عناصر کو ملا کر بنانا؛ ترکیب دینا ؛ ساخت کرنا ؛ ابھارنا ، بڑھانا یا کسی نئی چیز کا اضافہ کر کے قوت بڑھانا یا شدید کرنا (جیسے : His desolation was compounded by her indifference) ؛ باہمی رضامندی یا معاہدے سے معاملہ طے کرنا ، خصوصاً قرض کی کم رقم کی ادائیگی پر راضی ہو جانا ؛ معاوضہ کی رقم یا کسی اور چیز کے بدلے میں مجرم پر مقدمہ نہ چلانے پر راضی ہو جانا ۔ (برق) ڈینمو یا موٹر کے تاروں کو لپیٹنا تا کہ میدانِ مقناطیس کے چھلّوں کا کُچھ حصّہ آرمیچر (ناظر یا محافظ مقناطیس) کے دائری تسلسل سے جڑ جائے اور کچھ حصہ اس سے دور یا علیحدہ رہے اور مشین صحیح طریقے سے کام کرنے لگے ؛ مصالحت یا راضی نامہ کرنا ؛ حصّہ رسدی دینا ؛ شیر و شکر کرنا ؛ نمٹانا ؛ چکانا ؛ فیصلہ کرنا ؛ تصفیہ کرنا ؛ مرکّب کرنا ؛ آمیختہ کرنا ؛ مخلوط کرنا ؛ مرکّب تیار کرنا ؛ معاملہ طے کرنا ؛ قرض کا تصفیّہ کرنا ؛ معاف کرنا؛ درگزر کرنا ۔ (فعل لازم) سودا ہونا؛ معاملہ یا شرائط کا طے ہونا؛ سمجھوتہ ہونا ؛ سمجھوتے کے ذریعہ قرض کا چکایا جانا ۔

compound, a. مرکّب ؛ دو یا دو سے زیادہ حصص ، عناصر یا اجزا سے بنا ہُوا یا ان کا مرکّب ؛ دو یا دو سے زیادہ عوامل یا فرائض کا ؛ مخلوط یا مِلا جُلا ؛ ملواں ؛ آمیختہ ۔

compound, n. اختلاط ؛ ترکیب؛ مرکّب ؛ مخلوط ؛ مجموعہ ؛ کوئی بھی چیز جو حصص ، عناصر یا اجزا کو ملا کر بنائی جائے ۔ (کیمیا) مرکّب ؛ ایک مخصوص مادّہ جس کا نام ایک خاص فارمولا (ضابطہ) پر رکھّا جائے ، جس کے تحت دو یا دو سے زیادہ عناصر کو مقررہ تناسب کی مقدار میں ملا کر یہ مرکب مادّہ بنایا جائے ؛ آمیخت ؛ ملاؤ ؛ میل ؛ آمیزش ۔

compound, n. احاطہ ؛ دیوار یا باڑھ سے گھیرا ہُوا بڑا علاقہ ، مشرق میں ایسے احاطوں کے اندر یورپی باشندوں کے رہایشی مکانات اور کاروباری عمارتیں ہوتی تھیں ، افریقہ میں ایسا علاقہ ، مقامی مزدوروں کی رہایش کے لیے ہوتا تھا ۔ (عسکری) کوئی بھی ایسا احاطہ ، خصوصاً جنگی قیدیوں کے لیے ؛ صحن ؛ آنگن ۔

compound aircraft, n مرکّب طیارہ ؛ ہیلی کاپٹر جس میں پر/بازو اور پنکھا یا جٹ انجن لگے ہوئے ہوں ۔

compound-complex, a. (گرامر) مرکّب ، ملتف (جملہ) ؛ ایسے جملہ کے متعلّق جس میں دو یا دو سے زیادہ اصل جُملے اور ایک یا ایک سے زیادہ ذیلی جملے ہوں ۔

compound fracture, n. مرکب شکستگی ؛ ہڈّی کا اس طرح ٹوٹنا کہ جلد بھی ٹُکڑے ٹُکڑے ہو جائے اور ہڈّی نظر آنے لگے ؛ مرکّب ٹُوٹ ۔

compound interest, n. سود در سود ؛ مرکّب سود ؛ زر اصل میں سود جمع کر کے حاصل پر سود ۔ (نباتیات ، حیوانیات) مرکب الاعضا ؛ جامع الاجزا ۔

compound leaf, n. برگِ مرکّب ؛ ایسا پتّا جس کی کئی پتیّاں ایک ہی ڈنٹھل سے اُگتی ہوں ، یہ پتیّاں یا تو تعداد میں یا پر دار کلیوں کی شکل میں مرکّب ہو سکتی ہیں اور ہر پتّی بجائے خود بھی مرکّب ہو سکتی ہے ؛ مرکّب پتّا ؛ جُڑی پتّی ۔

compound microscope, n. مرکّب خوردبین ؛ چھوٹی چیزوں کو بڑا دیکھنے کا ایک بصری آلہ جس میں مختلف ماسکی فاصلے کے دو شیشے ایک ہی منظر نُما پر لگے ہوتے ہیں ۔

compound number, n. مرکّب عدد ؛ تعداد یا مقدار جو ایک عدد یا وحدت سے زیادہ ہو، جیسے ایک فٹ چھ انچ ؛ مخلوط عدد۔

compound sentence, n. جملۂ عاطفہ ؛ مرکّب جُملہ جس میں حرفِ عطف سے مربوط دو یا دو سے زیادہ مکمّل یا جامع جملے ہوں۔

compound word, n. مرکّب لفظ ؛ وہ لفظ جو دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا ایسا مرکّب ہو کہ ہر لفظ کی علیحدہ شکل اور مفہوم قائم رہے۔

comprador, compradore, n. منیب ؛ کئی ملکوں میں ، کسی غیر ملکی تجارتی ادارے کا مقامی ایجنٹ یا نمائندہ یا منتظم۔

comprehend, v.t. سمجھنا ؛ ادراک کرنا ؛ ذہن میں لانا ؛ سمجھ کر گرفت میں لینا ؛ رکھنا یا خیال کرنا ؛ شامل کرنا یا کسی دائرہ کار میں لانا ؛ کنایتاً یا اشارتاً شامل کرنا ؛ ہم آغوش ہونا یا لپٹانا ؛ مشتمل ہونا ؛ احاطہ کرنا ؛ گھیرنا ؛ شامل رکھنا۔

comprehensibility, n. ادراک پذیری ؛ سمجھ میں آنے کی صفت یا اہلیّت ؛ قابلِ فہم ہونے کی حالت۔

comprehensible, comprehendible, n. قابلِ فہم ؛ ادراک پذیر ؛ قابلِ شمول ؛ سمجھ میں آنے کے قابل ؛ جس کو دماغ سوچ سکے ؛ قرینِ عقل ؛ احاطہ پذیر۔

comprehensibleness, n. ادراک پذیری ؛ فہم ؛ سمجھ داری۔

comprehensively, adv. ادراک پذیری سے ؛ سمجھ داری سے۔

comprehension, n. فہم ؛ ادراک ؛ سمجھ ؛ سمجھنے ، شامل کرنے یا لپٹانے کا عمل ؛ شمولیّت ؛ سمجھنے کی دماغی صلاحیّت ؛ خیالات کی تحصیل و تحفیظ کی قُوّتِ مُدرکہ ؛ جاننے کی صلاحیّت ؛ وسیع الخیالی ؛ جامعیت ؛ احاطہ ؛ سُوجھ بُوجھ۔

comprehensive, a. مدرکہ (قُوّت) ؛ وسیع ؛ محیط ؛ بڑی تعداد یا وسعت کے ادراک یا اشتمال کی صلاحیّت ؛ وسیع اطلاق یا استعمال کا ؛ کارکردگی کے وسیع میدان کا ؛ فہم و ادراک کی قُوّت کا حامل ؛ جامع ؛ محتوی ؛ کامل ؛ فہیم ؛ تیز فہم ؛ سمجھ دار ؛ زیرک ؛ عالی دماغ ؛ حاوی ؛ پھیلا ہوا۔

comprehensively, adv. جامعیت کے ساتھ۔

comprehensiveness, n. جامعیّت ؛ وسعت؛ فراست ؛ گھیر ؛ پھیلاؤ۔

compress, v.t. دبانا ؛ بھینچنا ؛ پیلنا ؛ دبا کر جامد یا ٹھوس بنانا ؛ مختصر کرنا ؛ دابنا۔

compressible, a. دبنے کے قابل ؛ اختصار کے قابل ؛ داب پذیر ؛ پچک پذیر ؛ پچکنے والا۔

compressibility, n. داب پذیری ؛ دبنے کی قابلیت ؛ اختصار پذیری ؛ پچکاؤ ؛ دباؤ۔

compress, n. (طِب) عموماً کپڑے کی بنی ہوئی نرم گدّی جسے دباؤ ، نمی ، سردی یا گرمی پہنچانے یا دیگر طِبّی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ روئی کی گانٹھوں کو دبانے والی مشین یا عملہ ؛ رفادہ ؛ ترپٹی ؛ داب ؛ گدّی ؛ پٹّی ؛ بندھن۔

compressed, a. پچکا ہوا؛ دبا ہوا ؛ چھوٹی جگہ میں دبایا ہوا ؛ مختصر کیا ہوا ؛ بھینچا ہوا۔ (نباتیات) آڑا ترچھا یا لمبائی میں چپٹا کیا ہوا۔ (حیوانیات) طرفین سے کم ہوتا ہوا ، اس لیے چوڑائی کی نسبت لمبائی میں زیادہ ؛ فشردہ ؛ دبی یا بھچی ہوئی۔

compressed air, n. دبی ہوا ؛ منقبض ہوا ؛ مشینی طریقے سے بند کی ہوئی ہوا جسے پھیلاؤ کی قُوّت کے باعث برما جیسا آلہ چلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

compression, compressure, n. تغلیظ ؛ پچکاؤ ؛ دبانے/بھینچنے کا عمل یا دبنے کی حالت ؛ دباؤ ؛ بھچاؤ ؛ داب ؛ انقباض ؛ انجماد ؛ ایجاز ؛ اختصار ؛ دروں احتراقی انجن میں دباؤ بڑھاتے وقت کارگر مادے کا حجم گھٹانے کا طریق کار ؛ داب فشار ؛ فشار ؛ دابا ؛ دبوچا۔

compressional, a. دباؤ والی (شے)؛ منقبض ؛ فشردہ۔

compression chamber,n. (طیرانیات) دباؤ خانہ ؛ انقباضی اُطاق ؛ مضبوط کمرہ جس میں عملہ نیز سازوسامان کی کارکردگی آزمانے کے لیے ہوا کا دباؤ دو یا دو سے زیادہ کُرہ ہائے باد کے داب کے برابر بڑھایا جا سکے۔

compressive, a. فشاری ؛ دابو ؛ دبانے یا بھینچنے کی طاقت کا حامل ؛ دباؤ کا رجحان رکھنے والا ؛ تغلیظی۔

compressor, n. داب مشین ؛ کمپریسر ؛ داب آلہ ؛ دبانے والا ؛ بھینچنے والا ؛ منجمد کرنے والا ؛ موجز۔ (تشریح الاعضا) وہ پٹّھا جو جسم کے کسی حصّے کو دبائے۔ (جراحی) بدن کے کسی حصّے پر دباؤ ڈالنے والا آلہ ؛ ایک مشین جو گیسوں کا حجم گھٹا کر ان کا دباؤ بڑھاتی ہے تا کہ انہیں انجماد کے لیے یا انجن کی حرکی طاقت کے طور پر استعمال کیا جا سکے ؛ فشارندہ ؛ دبالہ ؛ داب گر ؛ دابہ۔

comprise, v.t. رکھنا ؛ شامل کرنا ؛ مشتمل ہونا ؛ محیط ہونا ؛ گھیرنا ؛ کسی شے یا اشیا سے بنا ہوا ہونا (جیسے : The United States comprises various states) ؛ بنانا ؛ ترکیب دینا (جیسے Twenty six characters comprise the English alphabet)۔

compromise, n. سمجھوتا ؛ مفاہمت ؛ طرفین کے درمیان یہ سمجھوتا کہ ثالث کے فیصلہ کی پابندی کی جائے گی ؛ ثالثی ؛ باہمی رعایت یا ''کچھ دو اور کچھ لو'' کی بُنیاد پر اختلافات کا تصفیہ ؛ متضاد دعووں یا اصولوں کا تصفیہ اس بنیاد پر کہ ہر فریق کچھ قربانی یا دست برداری کرے گا ؛ سمجھوتے کا نتیجہ؛ بین بین کا تصفیہ ؛ مصالحت یا خطرے ، شبہ یا بدنامی والی بات ؛ باہم رفع داد ؛ رفع دادِ باہمی ؛ اعتدال۔

compromise, v.t. طرفین کی رضامندی سے جھگڑا چکانا ؛ تصفیہ کرانا ؛ غیر ذمّہ دارانہ کردار کے باعث مشتبہ بنانا ؛ (شہرت کو) خطرے میں ڈالنا ؛ نامساعدانہ ملوّث کرنا؛ ذمّہ لینا؛ اپنے آپ کو اشتباہ میں ڈالنا۔ (فعل لازم) سمجھوتا ہونا ؛ دب جانا ؛ ملوّث ہونا۔

comptroller, n. کمپٹرولر ؛ ناظرِ حسابات ؛ کنٹرولر ؛ محاسب؛ میرِ حسابات؛ ناظر ؛ وہ افسر جو کمپنی کے اخراجات اور حسابات کی تنقیح کرتا ہے۔

comptrollership, n. محاسب کا عہدہ۔

compulsion, n. جبر ؛ دباؤ ؛ زور ؛ زبردستی ؛ لازمی ؛ مجبوری ؛ جبر کرنے کا عمل یا مجبوری کا عالم ؛ کوئی کام کر گزرنے کی شدید اور ناقابلِ ضبط خواہش ؛ اکراہ ؛ اضطرار ؛ لزوم ؛ زور آوری۔

compulsive, a. جبری ؛ مائل بہ جبر ؛ مجبور کُن ؛ ناقابلِ مزاحمت نفسیاتی محرکات یا خواہشات کے تحت ؛ لازمی ؛ اضطراری ؛ قہری ؛ اجباری۔

compulsively, adv. دباؤ سے ؛ مجبوری سے ؛ لازمی طور پر۔

compulsory, a. استحصالی ؛ لازمی ؛ جبری ؛ روکنے والا ؛ مجبوری یا دباؤ کے تحت ؛ حکم کے تحت لازمی (جیسے : a compulsory contribution)۔

compulsorily, adv. لازمی طور پر؛ جبر کے تحت ؛ اجبارانہ ؛ اضطرارانہ ۔

compunction, n. ندامت ؛ پشیمانی ؛ تردّد ؛ تاسُّف ؛ کسی عمل کی اخلاقی حیثیّت پر اعتراض ؛ ضمیر کی خلش ؛ ذہن یا ضمیر کی بے اطمینانی ؛ گناہ ، غلطی یا کسی کو اذیّت دینے کی وجہ سے پچھتاوا ؛ احساسِ گناہ ؛ ندامت یا پشیمانی ؛ افسوس ؛ غم ۔

compunctious, a. نادم ؛ متردد ؛ پشیمان ؛ متأسف ؛ غمگین ۔

compurgation, n. بریّت حلفی ؛ برأت ؛ بریّت (بذریعہ حلف) ؛ پہلے زمانے میں رواجی قانون کے تحت گواہوں کی حلفیہ تصدیق معصومیت کے ذریعے ملزم کی الزام سے برأت ؛ عمومی معنوں میں ، ملزم کی معصومیت کا اثبات ۔

compurgator, n. حلفی گواہ ؛ شاہدِ حلفی ۔

compurgatory, a. حلفی یا قسمیہ (شہادت) ۔

computable, a. قابلِ حساب ؛ لائقِ شمار ؛ جو حساب کے لائق ہو۔

computability, n. شماریّت ؛ حسابیّت ؛ حساب پذیری ۔

computation, n. تخمین ؛ حساب ، شمار یا تخمینہ کا عمل ؛ حساب ؛ حساب کا حاصل ؛ گنتی ۔

computational, a. حسابی ؛ تخمینی ۔

computative, a. قابلِ حساب ؛ لائقِ شُمار۔

computatively, adv. ازروئے تخمینہ ؛ حسابی طور پر۔

compute, v.t. حساب لگانا ؛ حساب کرنا ؛ گننا ؛ شمار کرنا ؛ حساب لگا کر طے کرنا ؛ تخمینہ لگانا ؛ جوڑنا ؛ بچارنا ۔ (فعل لازم) کمپیوٹر یا حسابی مشین سے معلوم ہونا ۔ (اسم) حساب ؛ شمار ؛ گنتی ؛ تخمین ؛ تخمینہ ۔

computer, n. کمپیوٹر ؛ شمارندہ ؛ ایک برقیاتی آلہ جو حساب کے سوال اور پیچیدہ شماریاتی مسئلے ، مقررہ اور پروگرامی ہدایات کے مطابق آسانی سے حل کر لیتا ہے ، پھر ان حسابات کے نتائج یا تو ظاہر کر دیتا ہے یا اپنے پاس محفوظ کر لیتا ہے ؛ حساب کار ؛ وہ جو حساب لگائے ؛ شمار کرنے والا ؛ تخمینہ کرنے والا ؛ گنتی کرنے والا ؛ کیلکولیٹر۔

computerization, n. حساب کاری ؛ حساب لگانے کا عمل یا طریق کار ؛ شمارندگی ۔

computerize, v.t. کمپیوٹر یا حسابی مشین سے کام کرنا ؛ کمپیوٹر فراہم کرنا ؛ حساب کاری کرنا ؛ شمار کرنا ۔

computerized axial tomography, n. کمپیوٹر سمتی ٹوموگرافی ؛ جسم کے حصّوں کے سہ جہتی ایکسرے فراہم کرنے کا نظام ۔

computer language, n. کمپیوٹر کی زبان ؛ حروف ، اعداد اور ریاضی کی علامات کے اتحاد سے تشکیل دی گئی ایسی علامتی زبان جو کمپیوٹر مشین میں بھری جاتی ہے ؛ حساب کاری زبان ۔

computer program, n. کمپیوٹر پروگرام ؛ کمپیوٹر کے ذریعے کسی سوال کا جواب یا مسئلے کا حل معلوم کرنے کا قاعدہ ؛ کمپیوٹر کو فراہم کردہ ہدایات کا مجموعہ ۔

computer science, n. کمپیوٹر سائنس ؛ علمِ شمارندہ ؛ کمپیوٹر کی ساخت اور طریق کار و دیگر تکنیکی امور کا علم۔

computer utility, n. کمپیوٹر افادیّت ؛ حساب کاری افادہ ؛ کنی گاہکوں کو کمپیوٹر کی سہولت مہیّا کرنے کی خدمت ؛ کمپیوٹر سے استفادہ کے لیے تقسیمِ اوقات کا نظام ۔

comrade, n. کامریڈ ؛ ساتھی ؛ رفیق ؛ ہمدم ؛ پکّا دوست یا قریبی ساتھی ؛ پیشہ ، مفاد یا کام میں شریک یا ساتھی ؛ ساتھی سپاہی یا ساتھ مل کر دُشمن کے خلاف لڑنے والا ؛ ہم خانہ ۔ (بڑے C سے) کمیونسٹ پارٹی کا ممبر یا بائیں بازو کے اشتراکی نظریات کا حامل شخص ۔

comradeship, n. رفاقت ؛ کامریڈ ہونے کا احساس ؛ دوستی یا ساتھ ۔

Comsat, n. [Communication satellite کا مخفّف] مواصلاتی سیّارہ : انسان کا بنایا ہوا مشینی سیّارہ جو زمین کے گرد مقررّہ پھیر پر گھومتا ہے ، یہ سیّارہ برقی و مقناطیسی اشارے مواصلاتی مقاصد کے لیے نشر کرتا ہے ۔

Comtian, a. اثباتیّتی ؛ فرانسیسی فلسفی آگسٹے کومٹے (۱۷۹۸ـ۱۸۵۷) یا اس کے فلسفہ کا یا اس کے متعلّق ۔ دیکھیے : Positivism ۔

Comtism, n. آگسٹے کومٹے کا نظامِ فلسفہ ؛ فلسفۂ اثباتیت یا ایجابیت۔

comtist, n. اثباتیت پسند ؛ کومٹے کے فلسفہ اثباتیّت کو ماننے والا۔

con, v.t. ہوشیاری اور توجہ سے دیکھنا یا ملاحظہ کرنا ؛ مطالعہ کرنا ؛ یاد کرنا ؛ حفظ کرنا ۔ (جہازرانی) جہاز کو سیدھا چلانا یا کشتی کھینا ۔

con, adv. مخالف ، جیسے pro and con میں بمعنی موافق اور مخالف ۔ (اسم) کسی مسئلہ یا موضوع کے منفی پہلو کی حمایت میں بیان ، دلیل یا بات (جیسے : to discuss the pros and cons)؛ مثبت اور منفی پہلوؤں پر بحث ۔

con, v.t. (عوامی) دھوکا/فریب دینا ؛ چالبازی سے دغا دینا ؛ دھوکا دے کر راضی کرنا یا ترغیب دینا ؛ یاد کرنا ۔ (صفت) فریبی ؛ چالاک ؛ دغاباز۔

conation, n. (نفسیات) ارادہ ؛ تین ذہنی عوامل (علم ، جذبہ اور ارادہ) میں سے ایک کو کام میں لا کر رغبت یا نفرت پیدا کرنا ؛ ارادی کام کرنے کی شعوری کوشش ؛ سعی ؛ عزم ؛ طلب ۔

conative, a. (نفسیات) ارادی ؛ ارادے کا یا اس کے متعلّق (جاننے اور محسوس کرنے کے علاوہ) ۔ (گرامر) وہ لفظ یا جُملہ جس سے کوشش یا کسی عزم کا اظہار ہو (جیسے : a conative verb ، ارادی فعل) ۔

conatus, n. جہد یا کوشش ۔ (حیاتیات) قُدرتی قوّت یا رجحان جو انسانی کوشش کو ابھارے یا تقویت دے ۔ (فلسفہ) ایک اصطلاح جو اسپنوزا (Spinoza) نے اثباتِ ذات اور تحفّظِ ذات کے لیے تمام جانداروں کی کوشش کے معنوں میں استعمال کی ہے ؛ تمائل ۔

conbrio, adv. (موسیقی) طاقت سے ؛ قوّت کے ساتھ ؛ فن کار کو ہدایت کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

concatenate, v.t. ساتھ جوڑنا ؛ سلسلہ یا زنجیر میں جوڑنا یا

مُبالغہ ۔

conceited, a. خود پسند ؛ خودبین ؛ شیخی باز ؛ اپنی ذات ، صفات اور قابلیّت کے بارے میں مبالغہ آمیز رائے رکھنے والا ؛ مغرُور ؛ گمانی ۔

conceitedness, n. خود پسندی ؛ زعم ؛ پندار ؛ گُمان ؛ خودبینی ۔

conceivable, a. قابلِ فہم ؛ ادراک پذیر ؛ سمجھ یا تصور میں آنے والا ؛ تعقّل پذیر ؛ قریب الفہم ؛ قریب القیاس ۔

conceivability, conceivableness, n. فہم پذیری ؛ ادراک پذیری ؛ تعقّل پذیری ۔

conceive, v.t. حاملہ کرنا ؛ نُطفہ قبول کرنا ؛ دماغ میں تشکیل دینا ؛ خیال یا قیاس کرنا ؛ تصوّر کرنا ؛ تشکیل کرنا ، مثلاً کسی خیال ، رائے یا مقصد کا ؛ تجربہ کرنا یا کسی احساس کا اثر لینا ؛ الفاظ کے ذریعہ اظہار کرنا ؛ سوچنا ؛ بچارنا یا خیال میں لانا ۔ (فعل لازم) حاملہ ہونا ؛ کوئی خیال تشکیل پانا ؛ پیٹ میں رہنا ؛ پیٹ رہنا ؛ پیٹ سے ہونا ؛ اُمیّد سے ہونا ۔

conceiver, n. حاملہ ؛ سوچنے والا ؛ مصوّر ۔

concenter, v.i. ایک مرکز پر جمع ہونا ؛ ایک ہی جگہ ملنا یا متحد ہونا ؛ مرتکز ہونا ایک ہی شے میں ۔ (فعل متعدّی) ایک ہی مرکز کی طرف کھینچنا یا رہنمائی کرنا ؛ مرتکز کرنا ۔

concentrate, v.t. اجتماع کے مشترکہ مرکز یا نُقطۂ اتصال پر لانا ؛ ایک مقام یا نُقطہ پر ساتھ لانے کا باعث بننا ؛ ایک ہی نقطے پر لانا؛ ایک چیز پر سب کو متوجّہ کرنا ؛ غیر ضروری مواد علیحدہ کر کے کیمیاوی عمل کو شدید کرنا ؛ زیادہ طاقتور اور خالص بنانا ؛ متحد المرکز بنانا ؛ مرکوز کرنا ؛ مرتکز کرنا ؛ ارتکاز کرنا ؛ ایک جگہ اکٹھا کرنا ۔ (فعل لازم) ایک ہی نقطہ یا مرکز پر پہنچنا یا ملنا ؛ متحد المرکز ہونا ؛ مرتکز ہونا ؛ مرکوز ہونا ؛ ارتکاز ہونا ۔

concentrative, a. اجتماعی ؛ ارتکازی ؛ متحد المرکز ؛ مرکوزہ ؛ مرتکز ؛ مرکوز ؛ مجتمع ۔

concentrator, n. مجتمع کرنے والا ؛ مرکز پہ لانے والا ؛ مُرتکز ۔

concentrate, n. کسی چیز کی اکٹھا کی ہوئی یا گاڑھی شکل ؛ گاڑھی کی ہوئی چیز ؛ کسی شے کی مجتمع شکل ؛ ارتکاز ؛ اجتماع ؛ ارتکازی پیداوار ۔

concentration, n. اجتماع ؛ ارتکاز ؛ اجتماع یا ارتکاز کا عمل ؛ اجتماعی یا ارتکازی حالت ؛ صرف ایک چیز پر توجّہ کا ارتکاز ؛ دماغ کا پُورا دھیان ؛ کوئی مرتکز چیز ؛ تمرکز ؛ جمعیت ؛ مرکوزیّت ۔

concentration camp, n. نظربندی کیمپ ؛ فوجی پہرے کے اندر حصار بند بارکیں جن میں سیاسی ، معاشی یا نسلی بُنیادوں پر حکومت کے مخالف لوگ سزا کے طور پر نظر بند کیے جاتے ہیں ؛ حراست کیمپ ؛ قید ڈیرہ ۔

concentric,concentrical, a. ہم مرکز ؛ دائروں یا کُروں کی طرح ایک ہی یا مشترک مرکز کے ہم مرکز (دائرے) خصوصاً ایک مشترک مرکز کے گرد معدن کی متوازی پرتیں ؛ متساوی الابعاد ؛ ایک بیج والا ۔

concentricity, n. ہم مرکزیّت ؛ اتّحاد مرکز ؛ وحدت مرکز ۔

concept, n. تصوّر ؛ محمول ؛ مافی الذہن ؛ وہ جو دماغ میں جنم لے یا سوچا جائے ؛ عام خیال یا تصور ؛ تعقّل (عام) ؛ متعلّقہ تخیل ۔

conceptacle, n. (حیاتیات) تُخم دان ؛ بعض فُطرات اور بحری کائی میں باہر نکلا ہوا عُضو یا جوف جس میں تناسلی اجسام بند

متحّد کرنا ، اس طرح کہ کڑیوں سے کڑیاں مل جائیں ؛ مربوط کرنا ؛ سلسلہ ملانا ؛ کڑیاں ملانا ؛ لڑی باندھنا ؛ سلسلہ بندی کرنا ؛ زنجیرہ بندی کرنا ۔

concatenate, a. ہم سلاسل ؛ ساتھ جڑے ہوئے ؛ زنجیرہ دار ؛ مسلسل ۔

concatenation, n. ربط ؛ سلسلہ بندی ؛ تسلسل ؛ لڑی ؛ زنجیرہ بندی ۔

concave, a. مجوّف ؛ مقعر ؛ کھوکھلا اور قوسی یا گول جیسے کُرّے کی اندرونی سطح ؛ اندرونی طور پر قوسی ؛ گنبدی ؛ جوفی ؛ کھوکھلا ؛ خالی ؛ گہرا ۔ (فعل متعدی) مجوف بنانا ؛ مقعر بنانا ؛ جوف دار کرنا ؛ کھوکھلا بنانا ؛ گہرا کرنا ؛ خالی کرنا ۔

concavely, adv. مجوّف طور پر ؛ مقعری انداز میں ۔

concaveness, n. کھوکھلا پن ؛ جوفیّت ؛ مقعریّت ؛ گہرائی ؛ خلا ۔

concave, n. مجوّف سطح ، لکیر یا حصہ ؛ محراب یا قوس ؛ قعر ؛ جوف ۔

concavity, n. مجوف سطح یا اس کے اندر کی جگہ ؛ کھوکھلا پن ؛ قعر ؛ جوف ؛ گہراؤ ؛ تعقر ؛ خلا ۔

concavo-concave, a. مقعرالطرفین ؛ دونوں طرف کی سطحوں پر مجوّف یا کھوکھلا ، جیسا کہ عدسے کو بناتے ہیں ۔

concavo-convex, a. مقعر محدّب ؛ ایک طرف سے مجوف اور دوسری طرف سے محدّب ؛ ایسے عدسے کے متعلّق جس میں مجوّف سطح محدّب سطح کی بہ نسبت زیادہ قوسی ہوتی ہے اور وسط میں عدسہ باریک ترین ہوتا ہے ۔

conceal, v.t. چُھپانا ؛ پوشیدہ کرنا ؛ پنہاں کرنا ؛ نظر سے اوجھل کرنا ؛ نہاں رکھنا ؛ راز میں رکھنا ؛ مشاہدے سے دُور رکھنا ؛ ڈھانپنا یا نظروں سے بچانا ؛ افشا کرنے سے باز رہنا؛ بیان یا اعلان روک لینا؛ اِخفا کرنا ۔

concealable, a. قابلِ اِخفا ؛ چُھپانے کے لائق ۔

concealment, n. اخفا ؛ پردہ داری ؛ پوشیدگی ؛ چھپانے یا راز رکھنے کا عمل ؛ پوشیدہ یا پردے میں رہنے کی حالت ؛ خلوت ؛ آنکھوں سے اوجھل رکھنے کے لیے پناہ گاہ ؛ نظروں سے چُھپے رہنے کے لیے پردہ ؛ راز داری ؛ چھپنے کی جگہ ؛ گھات ؛ پردہ ؛ جائے پوشیدگی ؛ روپوشی ؛ پردگی ؛ ٹیکس چوری ۔

concede, v.t. صحیح ، جائز یا مناسب تسلیم کرنا ؛ منظور کرنا ؛ اعتراض یا جھگڑے کے بغیر ہونے دینا ؛ بطور رعایت منظور کرنا ؛ مجبوراً مان لینا ؛ اجازت دینا ؛ سرکاری فیصلے سے پہلے مخالف کی جیت تسلیم کر لینا ؛ ماننا ؛ تسلیم کرنا ؛ قبول کرنا ۔ (فعل لازم) رعایت ملنا ؛ درخواست یا عرضی منظور یا قبول ہونا ؛ ہار مان لینا ۔

conceder, n. تسلیم کرنے والا ؛ ماننے والا ؛ منظور یا قبول کرنے والا ؛ رعایت کرنے والا ؛ اجازت دینے والا ۔

conceit, n. خودبینی ؛ باطل پندارِ ذات ؛ زعمِ باطل ؛ خود کی قدر یا اہمیّت کے متعلّق مبالغہ آمیز رائے ؛ سوچ ؛ خیال ؛ موافق رائے ؛ لحاظ یا وقعت ؛ تصوّر یا خیال آرائی ؛ وہم و گمان ؛ انوکھا یا فطین خیال یا اظہار ؛ خیالی استعارہ ، خصوصاً بعید از قیاس قسم کا یا جو دور کی کوڑی لانے کے مُترادِف ہو ؛ اس قسم کے استعاروں کا ادبی اسلوب کے طور پر استعمال ؛ خود پسندی ؛ شیخی ؛ غرور ؛ افتخار ؛ بناوٹ ؛

ہوتے ہیں ؛ پھلی ؛ محمولہ ؛ تخمیلیہ ۔

conception, n. خیال ؛ تصور ؛ (ذہنی) تشکیل ؛ حمل ؛ سوچنے کا عمل ؛ حاملہ ہونے کی ابتدا ؛ زندگی کی ابتدا ؛ آغاز ؛ وہ جسے سوچا جائے ؛ جنین ؛ خیال ، تصوّر یا نظریہ تخلیق کرنے کا عمل یا طاقت ؛ ترکیب یا منصوبہ ؛ تعقّل ؛ مفہوم ؛ استقرار حمل ؛ بچار ۔

conceptional, a. خیالی ؛ تصوّراتی ۔

conceptive, a. خیال پذیر ؛ خیال ساز ۔

conceptual, a. تصوّراتی ؛ خیال ، تصوُر یا نظریہ کے متعلّق ۔

conceptualism, n. تصوّریّت ؛ تصوّر کیشی ؛ اسمائیّت اور حقیقت کے بین بین یہ فلسفیانہ نظریہ کہ عام کائناتی تصورات کا وجود ذہن میں ہوتا ہے ؛ یہ نظریہ کہ عام اور مجرّد اصطلاحات یا تصوّرات جیسے گھوڑا ، سرخ وغیرہ خیال میں پُوری طرح حقیقت کی نمائندگی کرتے ہیں ؛ فلسفۂ کُلّی عقلی ۔

conceptualist, n. تصوّر کیش ؛ معتقدِ تصوّریت؛معتقد فلسفۂ کُلی عقلی ۔

conceptualistic, a. تصوّر کیشانہ ؛ تصوریّتی ۔

conceptualize, v.t. تصوّر ، خیال یا نظریہ کی تشکیل کرنا ؛ تصوُر میں لانا ۔ (فعل لازم) تصوّرات میں ہونا ؛ مصوّر ہونا ۔

conceptualization, n. تشکیلِ تصوّر ؛ تصوّرات کی صورت گری ۔

concern, v.t. متعلّق ہونا ؛ کسی سے تعلّق رکھنا ؛ کسی کے لیے دلچسپی یا اہمیت کا حامل ہونا ؛ مؤثر ہونا ؛ دلچسپی پیدا کرنا یا متعلّق/ملوّث کرنا (جیسے : to concern oneself with a matter ؛ to be concerned in a transaction) ؛ مشوش یا فکر مند ہونا (جیسے : he was concerned about my health) ۔

concern, n. تعلّق ؛ لگاؤ ؛ سروکار ؛ اہم تعلّق ؛ دلچسپی ؛ مفاد ؛ شرکت ؛ تشویش ، فکر یا پروا ؛ تعلّق خاطر ؛ معاملہ ؛ ایسا معاملہ جس میں دلچسپی اور توجّہ مرکوز ہوں ؛ تجارتی یا صنعتی کاروبار ؛ ادارہ ؛ کارخانہ ؛ دارُالتجّارت ؛ ضرورت ؛ فکر ؛ پروا ؛ غرض ؛ کام ؛ کاروبار ؛ واسطہ ؛ تجارت گاہ ؛ علاقہ ۔

concerned, a. متعلّقہ ؛ فکر مند ؛ مشوّش ؛ تعلق خاطر کے ساتھ ؛ فریق ۔

concerning, prep. متعلق بہ ؛ سے متعلق ؛ بابت ؛ لیے ؛ واسطے ؛ مارے ۔

concernment, n. تعلّق خاطر ؛ دلچسپی ؛ تشویش یا فکر ؛ کاروبار ؛ فکر مندی ؛ تعلّق ۔

concert, v.t. باہمی رضامندی سے انتظام کرنا ؛ منصوبہ بنانا ؛ تدبیر نکالنا ۔ (موسیقی) مختلف آوازوں یا سازوں کے لیے علیحدہ ٹکڑوں میں ترتیب دینا ؛ ہم آہنگ بنانا ؛ سنگت کرنا ؛ صلاح کرنا ؛ مصلحت کرنا ۔ (فعل لازم) مل کر منصوبے کا بننا یا کام کا ہونا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ سنگت ہونا ۔

concert, n. کنسرٹ : کسی منصوبے یا تدبیر کے سلسلے میں دو یا دو سے زیادہ اشخاص کی رضامندی یا معاہدہ ؛ متحدّہ عمل ؛ اتفاق یا ہم آہنگی ؛ رضامندی ؛ اِتّحاد ؛ میل ؛ سنگت ؛ موسیقی جس میں کئی گانے والے یا سازندے یا دونوں حصّہ لیں ؛ جلسۂ نغمہ و سرود ؛ چوکی ؛ منڈلی ؛ سنگیت ؛ ملاپ ؛ اتفاق ؛ ربس ؛ طائفہ ۔

concert-master, n. کنسرٹ ماسٹر ؛ استادِ سازینہ ؛ سازینہ میں آغاز کرنے والا ، جو عموماً نائب سربراہِ سازینہ بھی ہوتا ہے ۔

concerted, a. رضامندی سے طے کیا ہوا ؛ ساتھ مل کر بنایا ہوا (منصوبہ) ؛ مِل جُل کر کیا ہوا ؛ متفقہ ۔ (موسیقی) چند حصّوں یا وقفوں میں تقسیم یا مرتّب کیا ہوا ؛ مختلف آوازوں یا سازوں کے لیے ٹکڑوں یا حصوں میں ترتیب دیا ہوا؛متحّد ؛ متحدّہ ۔

concertina, n. کنسرٹینا ؛ ایک قسم کا باجا جو دونوں ہاتھوں سے دھونکنی کی طرح دبانے سے بجتا ہے ؛ چھوٹا ، دھونکنی نُما اور کثیر الاضلاع ساز جو اکارڈین کی طرح ہوتا ہے لیکن جس کے سُروں کی وُسعت محدود ہوتی ہے ۔

concertinist, n. کنسرٹینا بجانے والا ۔

concertino, n. (موسیقی) مختصر سازینہ ؛ علیحدہ ساز بجانے والوں کا گروہ ۔

concerto, n. مزامیری نغمہ ؛ موسیقی کی دھن ، جو عموماً ایک خاص ساز کے لیے سمفنی کی شکل میں ہوتی ہے اور جس کے ساتھ پُورا سازینہ بھی بجایا جاتا ہے ؛ ایک قسم کا مزامیری نغمہ ۔

concerto grosso, n. موسیقی کی ایک بدلتی ہوئی ترتیب جس میں کبھی علیحدہ ساز اور کبھی پورا سازینہ بجایا جاتا ہے ۔

concert pitch, n. (موسیقی) سازوں کو سازینہ سے ہم آہنگ کرنے کے لیے سُرکے عام درجہ سے ذرا زیادہ بلند درجہ ۔

concession, n. مراعات ؛ رضامندی ؛ رعایت ؛ منظوری ؛ حق ، مراعات یا دلیل میں کسی نُکتے یا حقیقت کی منظوری یا قبولیّت ؛ وہ جِسے قبول کر لیا جائے ؛ خصوصاً جِسے حکومت یا بااختیار ادارہ تسلیم کرے جیسے عطائے جاگیر ؛ کسی مجاز ادارے کی طرف سے فرد ، تنظیم یا کارپوریشن کو استحقاق ، رعایت یا حقِ رائے دہی کا عطا کردہ حق تاکہ وہ کسی بڑے تجارتی ادارے کی حدود میں رہ کر فروخت کی خاص سرگرمیاں انجام دے سکے جیسے بال گیم کے دوران سگرٹوں کی رعایتی فروخت یا کسی ڈیپارٹمنٹل اسٹور میں بیوٹی پارلر کا کام ؛ عطائے حق ؛ اجابت ؛ عطا ؛ اختیار ؛ عطائے اراضی ۔

concessionaire, concessioner, n. صاحبِ مراعات ؛ رعایت یافتہ شخص جسے حکومت یا تجارتی ادارے کی طرف سے حقوق ملے ہوں ؛ رعایت یافتہ ؛ اجارہ دار ؛ رعایت یاب ؛ رعایتی ۔

concessive, a. مائل بہ رعایت ؛ متعلّق بہ رعایت ؛ رعایت کرنے والا ۔ (گرامر) ایسا حرف یا فقرہ جو کسی رعایت کا اظہار کرے (جیسے : through) ۔

concessive, n. (گرامر) اظہار رعایت کرنے والا لفظ ، فقرہ یا جملہ ۔

conch, n. سنکھ ؛ ناقوس ؛ گھونگا مچھلی یا اس کا گھونگا ؛ سیپ ؛ نرسنگھا ؛ مختلف سمندری حیواناتِ ناعمہ/ معدہ پایان میں سے کوئی ایک ، خصوصاً سٹرومبس گیگس (Strombus gigas) کی کوئی قسم ؛ حیوان ناعمہ کا لمبا مینار نُما گھونگا جسے سنکھ کہتے ہیں اور جو اکثر ٹرمپٹ (ناقوس) کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فن تعمیر) گنبدکی اندرونی مجوّف سطح ؛ جوف گوش یا کان کا کُھگا ؛ حلزونی صدف ؛ کوڑا ؛ مہرا ۔

conchiferous, a. کھپریلا ؛ سنگ پشت ؛ صدفیہ ۔ (حیوانیات) صدف خیز حیوانات کے جنس صدفہ (Conchifera) گروہ جیسے نرم تن صدفیہ،خوردنی صدفہ اور ریگ صدفہ سے متعلّق ۔

conchology, n. شنجیات ؛ صدفیات ؛ حیوانیات کا وُہ شعبہ جو سیپ اور گھونگھوں کی ماہیت ، تشکیل اور درجہ بندی یا اقسام

سے متعلّق ہو۔

conchologist, n. ماہرِ صدفیات ؛ صدف شناس ؛ صدفیات دان۔

concierge, n. دربان : فرانس میں عمارت کے دروازے پر کھڑا ہونے والا پہرے دار۔

conciliar, a. کلیسائی مجلس کے متعلّق ؛ مجلس کے بارے میں یا مجلس کی طرف سے پیش کردہ۔

conciliate, v.t. منانا ؛ راضی کرنا ؛ مصالحانہ طریقوں سے بدگمانی اور دشمنی پر قابو پانا ؛ خُوش کرنا ؛ طرفدار بنا لینا ؛ (کسی کو) ساتھ ملا لینا ؛ جیتنا یا حاصل کرنا (کسی کی مہربانی یا طرفداری) ؛ موافق ، ہم آہنگ یا ہم خیال بنانا ؛ صلح کرنا ؛ مصالحت کرانا ؛ دل ہاتھ میں لینا۔

concinnity, n. فصاحت و بلاغت ؛ اجزا یا حصص کے درمیان ہم آہنگ مطابقت ؛ تقریر یا تحریر میں الفاظ اور فقروں کی شُستگی ؛ ساخت و اسلوب کی شوکت ؛ زورِ بیان کی مثال ؛ نزاکت ؛ خوبی (انشا پردازی اور طرزِ بیان کی)۔

concise, a. موجز ؛ بلیغ ؛ مختصر ؛ کم الفاظ میں زیادہ باتوں کا اظہار ؛ مختصر اور جامع ؛ جس میں غیر ضروری تفصیلات نہ ہوں ؛ خُلاصہ ؛ اختصارِ ماقلّ ودلّ یعنی تھوڑی بات اور بہت مطلب۔

concisely, adv. بالاختصار ؛ مختصرًا ؛ ایجاز سے ؛ مجملاً۔

conciseness, n. اختصار ؛ ایجاز ؛ بلاغت ؛ جامعیّت۔

concision, n. اختصار کی صفت ؛ تلخیص ؛ ایجاز ؛ قطع و برید ؛ کاٹ چھانٹ ؛ ختنہ۔

conclave, n. نجی اجتماع ؛ اجتماعی سری ؛ جلسۂ انتخابِ پوپ ؛ پوپ کے انتخاب کی غرض سے اساقفہ کا نجی جلسہ ؛ اساقفہ کی جماعت ؛ خصوصی اختیار و اثر رکھنے والے افراد کا اجلاس ؛ خُفیہ جلسہ۔

conclude, v.t. بند کرنا (انجیل کا) ؛ شامل کرنا یا ذہن میں لینا ؛ نتیجہ اخذ کرنا یا عقلی دلائل کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ؛ (منطق میں) مقدمات سے اخذ کرنا ؛ منصفی کرنا ؛ اندازہ کرنا ؛ ختم کرنا ؛ پُورا کرنا یا انجام کو پہنچانا ؛ حتمی طور پر فیصلہ کرنا یا طے کرنا (جیسے : to conclude an agreement or a peace) ؛ اخیر کرنا ؛ انجام کرنا ؛ عہد کرنا ؛ رابطہ یا رفاقت پیدا کرنا ؛ چکانا ؛ نبٹانا ؛ نبیڑا کرنا ؛ قرار دینا ؛ صلح کرنا ؛ معنی نکالنا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ مراد لینا۔ (فعل لازم) نتیجہ نکلنا ؛ تصفیّہ ہونا ؛ فیصلہ پر پہنچنا ؛ عزم کرنا ؛ ارادہ کرنا ؛ اختتام کو پہنچنا ؛ نکلنا ؛ منتج ہونا ؛ انجام پانا ؛ ہو چکنا ؛ ختم ہونا ؛ مانع ہونا ؛ ممنوع ہونا ؛ افشا ہونا ؛ اخیر ہونا۔

concluder, n. ختم کرنے والا ؛ نتیجہ اخذ کرنے والا ؛ تصفیّہ کرنے والا ؛ فیصلہ کرنے والا۔

conclusion, n. نتیجہ ؛ خاتمہ یا اختتام ؛ آخری حصّہ ؛ مباحثہ یا گفتگو کا آخری حصّہ جس میں اختصار سے ماحصل بیان کیا جائے ؛ نتیجہ ، انجام یا مآل کار ؛ اخذ کردہ نتیجہ ؛ منطقی مقدمات سے ماخوذ نتیجہ ، فیصلہ یا بیان ؛ حتمی فیصلہ ؛ آخری تصفیہ یا انتظام جو معاہدے کی صورت میں ہو۔ (قانون) عُذرِ عارض یا امر عارض ، تہادیٰ عارض کرنا۔ (گرامر) شرطیہ جملے کا اختتامی حصّہ ، انت ؛ اخیر ؛ انتہا ؛ انجام ؛ اتمام ؛ ختم ؛ حاصل۔

conclusive, a. تصفیہ کُن ؛ قطعی ؛ قائل کرنے والا ؛ مختتم ؛ قاطع ؛ دو ٹوک ؛ شافی ؛ فیصل۔

conclusively, adv. قطعیّت کے ساتھ ؛ قطعاً ؛ مطلقاً۔

conclusiveness, n. قطعیّت ؛ اختتامیّت۔

concoct, v.t. دماغ میں گھڑنا یا بنانا ؛ ترکیب کرنا ؛ ایجاد و اختراع کرنا ؛ منصوبہ بنانا ؛ ساز باز کرنا جیسے کوئی اسکیم بنانا ؛ مختلف اجزا کا ملانا جیسے کھانا پکانے کے دوران ؛ بنانا (کسی مخلوط یا مرکّب شے کا جیسے صابن ، شربت وغیرہ) ؛ تدبیر کرنا۔

concoction, n. اجزا ملانے کا عمل یا بنائی ہوئی چیز ؛ بناوٹ ؛ گھڑت۔

concomitance,concomitancy, n. لزوم ؛ لازم و ملزوم ہونے کی حالت ؛ ساتھ ہونے کی حالت ؛ ایک کا دوسرے سے انسلاک یا تعلّق ؛ موافقت۔

concomitant, a. متلازم ؛ ساتھ یا جوڑ کی (چیز) ؛ ساتھ ہی واقع ہونے والی ؛ چیز یا واقعہ کے ساتھ ناگزیر یا لازمی ؛ مستلزم ؛ لازم و ملزوم ؛ ہم رو۔

concomitant, n. ساتھی یا لازمی شخص یا چیز ؛ ایک چیز کے ساتھ دوسری لازمی چیز ؛ تغیّر موافق۔

concomitantly, adv. متلازمانہ۔

concord, n. اتّفاق ؛ اتّحاد ؛ اشخاص کے درمیان معاہدہ ؛ آراءاور جذبات میں مطابقت ؛ اتفاقِ رائے ؛ معاہدہ ؛ اس لیے امن یا صلح ؛ کبھی کبھی عہدنامے یا صلحنامے کے معنوں میں ؛ اشیا کے درمیان سازگاری ؛ ہم آہنگی۔ (موسیقی) سُروں کا ہم آہنگ جوڑ۔ (گرامر) ایک دوسرے سے مربوط الفاظ کے درمیان تذکیروتانیث ، تعدادؔ واحد و جمع ، مجہول و معروف وغیرہ کے لحاظ سے مطابقت ؛ موافقت ؛ سازگاری ؛ ہمسری۔

concordance, n. اتّفاق ؛ ربط ؛ مطابقت ؛ موافقت ؛ ترتیب ؛ اتحاد ؛ مناسبت ؛ ہم آہنگی ؛ اتحاد یا ہم آہنگی کی حالت ؛ معاہدہ ؛ کسی کتاب کے خاص الفاظ کا ابجدی اشاریہ ؛ جیسے انجیل کا اس عبارت کے حوالے سے جس میں ان کا ہر لفظ آتا ہو اور عموماً متن کے ٹُکڑوں کا حوالہ بھی ہو ؛ مضامین یا موضوعات کا ابجدی اشاریہ ؛ لزومت ؛ مشابہت ؛ سریلا پن ؛ اشاریۂ الفاظ ؛ فہرستِ الفاظ ؛ دم سازی ؛ تال میل ؛ ترکیب۔

concordant, a. موافق ؛ ہم آہنگ ؛ مطابق ؛ ایک میل ؛ ہم سُر ؛ ہم راگ ؛ سُریلا ؛ ملا ہُوا۔

concordantly, adv. ہم آہنگی سے۔

concordat, n. معاہدہ ؛ باہمی عہدوپیمان ؛ خصوصاً پوپ اور لادینی حکومت کے درمیان مذہبی امور کے انتظام و انصرام کے متعلّق معاہدہ ؛ مصالحتِ قارض و مقروض۔

concourse, n. اجتماع ؛ مجمع ؛ بھیڑ ؛ ہجوم ؛ انبوہ ؛ ساتھ مل کر حرکت ، بہاؤ یا دوڑ ؛ سنگم ؛ لوگوں کا اجتماع یا جلسہ ؛ جمع شُدہ لوگ ؛ ہجوم ؛ گلی ، سڑک یا وسیع شاہراہ ؛ میدان جو دوڑ یا دوسرے کھیلوں کے لیے استعمال کیا جائے ؛ کھلی جگہ جہاں لوگ جمع ہوتے ہوں ، جیسے ریل گاڑی کا اسٹیشن ؛ سنگت ؛ جماعت۔

concrescence, n. ہم رُستگی ؛ ایک ساتھ اُگنا ؛ ہم دمیدگی ، جیسے حصّوں یا خلیوں کا ایک ساتھ نشوونما پانا ؛ شرکت ؛ ہم نموئی ؛

ہم بالیدگی ؛ تعاون ؛ ہم روئیدگی ؛ ہم زائیدگی ؛ باہم نمو۔

concrescent, a. ہم رستہ ؛ ہم دمیدہ ؛ ہم نمو ؛ باہم روئیدہ ۔

concrete, a. مادّی ؛ ٹھوس ؛ محسوس ؛ مُوجود ؛ حقیقی ؛ علیحدہ ذرّوں سے مل کر بنا ہوا (ڈھیر یا تودہ) ؛ منجمد ، گاڑھی یا ٹھوس شکل میں یکجا کیا ہوا ؛ کنکریٹ کا بنا ہوا ؛ مادی چیز کا بنا ہوا ؛ ایسے خیال ، اصطلاح یا نام کا جو غیر مرئی صفت کے برعکس حقیقی مادّے یا چیز کی نمائندگی کرے یا اس پر منطبق ہو سکے ، لہٰذا عام مفہوم میں حقیقی چیز یا مثال ؛ عام کے برعکس خاص ؛ غیر مرئی یا غیر محسوس کے بجائے حقیقتوں یا حقیقی مثالوں کے متعلق ۔ (ریاضی) ایسے عدد کی تخصیص جو خاص چیز کے لیے ہو ؛ واقعی ؛ جامد ؛ منجمد ؛ بستہ ؛ ایک جا اکٹھا ۔

concreteness, n. مرئیت ؛ ٹھوس پن ؛ جمود ؛ مادیّت ۔

concrete, n. کنکریٹ ؛ وہ ڈھیر یا تودہ جو مادّی ذرّوں کے جمع ہونے یا اکٹھے ہونے سے وجود میں آئے ؛ عمارت کی بُنیاد میں بھرا جانے والا مصنوعی پتھریلا مسالا جو سیمنٹ ، ریت اور ٹوٹے ہوئے پتھروں میں پانی ملا کر سخت کرکے بنایا جاتا ہے ؛ عمارت سازی میں لوہے ، فولاد کے سریوں یا جالیوں وغیرہ کو مضبوطی سے جمانے کے لیے یہ مسالا استعمال ہوتا ہے (جیسے : "reinforced concrete")؛ کوئی بھی عمارتیں یا فرش بنانے کا مصنوعی مسالا جیسے تارکول ملا ہوا مسالا ؛ ٹھوس خیال یا اصطلاح ؛ مرئی یا حقیقی چیز۔

concrete, v.t. ذرّے جمع کرکے ڈھیر یا تودہ بنانا؛ ٹھوس کرنا؛ صفات کا یکجا کرنا؛ خیال کو مرئی یا مادّی شکل دینا ۔ (فعل لازم) جُڑ کر ڈھیر یا تودہ بننا ؛ ٹھوس بننا ؛ سخت ہونا ۔

concrete, v.t. (بنیادوں میں) کنکریٹ ڈالنا ۔ (فعل لازم) کنکریٹ استعمال ہونا ۔

concretion, n. پتھرّی ؛ حصات ؛ سنگ مثانہ ؛ مادّی یا ٹھوس ہونے کا عمل یا طریق کار ؛ مادّی یا ٹھوس ہونے کی حالت ؛ جُڑنا یا ملنا ؛ جماؤ ، انجماد یا بستگی ؛ ملنے یا جُڑنے سے بننے والا ٹھوس تودہ ۔ (امراضیات) ریت/چونا یا کوئی اور غیر نامیاتی مادّہ جو جسم میں پایا جائے ۔ (ارضیات) کم و بیش گول شکل کا کلسی یا سلیکائی معدنی مادّہ جو ریتیلے پتھر یا مٹّی میں پایا جاتا ہے اور اکثر اِس کی تہیں فوصل (رکاز) ، ریت کے ذرّے اور کسی اور قسم کے مرکزے کے گرد لپٹی ہوتی ہیں ؛ انضمام ؛ انجماد ؛ تحجُّر۔

concretional, a. انجمادی ؛ جماوٹی ؛ مرئی ؛ پتھریلا/پتھریلی ۔

concretionary, a. ذرّہ بستہ ؛ جامد ؛ ٹھوس ۔

concretive, a. جماوٹی ؛ انجمادی ۔

concubinage, n. آشنائی ؛ داشتہ ہونے کی حالت ؛ مذہب و قانون کے خلاف عورت کی مرد کے ساتھ ہم بستری ؛ ناجائز تعلّق ؛ مدخولیت ۔

concubinary, a. داشتہ کا ؛ مدخولہ ۔

concubine, n. داشتہ ؛ مدخولہ ؛ وہ عورت جو قانوناً شادی کیے بغیر کسی مرد کے ساتھ ہم بستری کرے ؛ بعض کثرتِ ازدواج کو جائز سمجھنے والی قوموں میں دوسری بیوی ؛ آشنا ؛ چور محل ؛ خواص ؛ باندی ؛ حرم ۔

concupiscence, n. شہوت ؛ شدید جِنسی خواہش ؛ مستی ؛ نفسانی خواہش ؛ باہ ؛ مدن ۔

concupiscent, a. شہوتی ؛ شہوت پرست ؛ غیر معمولی جنسی خواہش کا حامل ؛ کامی ؛ مست ؛ رسیا ۔

concupiscible, a. شہوتی ؛ شہوت پذیر۔

concur, v.i. متفق یا ہم آہنگ ہونا (جیسے : to concur with a person in an opinion) ؛ اکٹّھا ہونا ؛ متفق الرّائے ہونا ؛ کسی مشترکہ مقصد کے لیے متحّد ہونا ؛ مطابق ہونا ؛ ایک ساتھ واقع ہونا ؛ ملنا ؛ جُڑنا ؛ اتفاق ہونا ؛ باہم ہونا ۔

concurrence, n. اتفاقِ رائے ؛ مطابقت ؛ ہم وقتی ؛ من میل ؛ ایک ساتھ ؛ متفق ہونے کا عمل ؛ ایک ہی وقت میں اور ایک ہی مقام پر واقع ہونے کا عمل ؛ حالات ، واقعات اور کام کرنے والوں کا تطابق اور تعاون ؛ رائے کی ہم آہنگی ؛ اتفاق یا معاہدہ ؛ ہم نقطگی ؛ تسلسل ؛ جوڑ ؛ ایکا ؛ مرضی ؛ منظوری ۔

concurrent, a. متفق ؛ ایک ہی بات پر اتفاق کرنے پر مائل ؛ بیک وقت واقع ہونے والا ، موجود یا پہلو بہ پہلو ؛ مساوی اختیار یا دائرۂ اختیار والا ؛ ہم پلّہ ؛ تعاونی ؛ مل کر کام کرنے والا ؛ ایک ہی مقصد یا ایک ہی معاملے میں تعاون کرنے والا ؛ ہمنوا یا موافق ؛ متوازی ؛ ہم وقت ؛ ایک ساتھ ؛ متراکز ؛ ہم نُقطہ ؛ مشترک ؛ متحد ۔ (اسم) اتفاق کرنے والا شخص یا شے ؛ متفق الرائے ؛ متفق علیہ ۔

concurrently, adv. بالاتصال ؛ ساتھ ساتھ ؛ سنگ سنگ ؛ ہم راہ ؛ پے بہ پے ۔

concurrentness, n. اتفاق ؛ اتصال ؛ اتحاد ؛ توافق ؛ ہم نقطگی ؛ اشتراک ۔

concurrent resolution, n. متفق علیہ قرارداد : مقنّنہ میں وہ تجویز جو دونوں شاخیں منظور کر لیں لیکن جس کے لیے ، مشترکہ تجویز کے برخلاف سربراہِ عاملہ کے دستخط کی ضرورت نہ ہو۔

concuss, v.t. جھنجھوڑنا یا صدمہ پہنچانا ؛ چوٹ سے (دماغ کو) زخمی کرنا۔

concussion, n. صدمہ ؛ چوٹ سے جھنجھوڑنے یا صدمہ پہنچانے کا عمل ؛ ٹکرانے سے صدمہ ؛ ضرب یا گرنے سے دماغ یا ریڑھ کی ہڈّی کا زخم ؛ ارتجاج ؛ دماغی صدمہ ؛ ٹکر ؛ دھکّا ؛ چوٹ ۔

concussive, a. چوٹ کھایا ہُوا ؛ ارتجاجی ؛ دھمکی یافتہ ؛ دھمکایا ہوا ۔

condemn, v.t. بُرا بھلا کہنا ؛ ملامت کرنا ؛ مجرم قرار دینا یا ٹھہرانا ؛ قصور وار ٹھہرانا ؛ مذمّت کرنا ؛ خلاف فیصلہ دینا ؛ ناقابل قبول ہونے کا شدید اظہار کرنا ؛ سزا کا جواز پیدا کرنا (جیسے : His very looks condemn him)؛ مجرم ہونے کا اعلان کرنا ؛ سزا کا فیصلہ سنانا ؛ معتوب کرنا ؛ ناکارہ یا ناقابلِ خدمت قرار دینا ، جیسے جہاز کو ناکارہ قرار دینا ، ضبطی کا حکم دینا جیسے تاوانِ جنگ کے طور پر۔ (قانون) حکومت کی برتری یا حقِ ترجیح کے تحت سرکاری مقاصد کے لیے استعمال سے مشروط کرنے کا اعلان کرنا ؛ جرمانہ یا ہرجانہ عائد کرنا ؛ رد کرنا ؛ نکمّا بتانا ؛ ناکارہ کرنا ؛ کھوٹ بتلانا ؛ دوش دینا ۔

condemnable, a. قابلِ مذمّت ؛ ملامت کے لائق ؛ لعنت ملامت یا مذّمت کا مستحق ؛ قابلِ رد ؛ لائق تعزیر۔

condemner, n. ملامت ، مذمّت یا رَد کرنے والا ؛ سزا دینے والا ۔

condemnation, n. ملامت ؛ ملامت و مذمّت کرنے یا سزا

دینے کا عمل ؛ موردِ ملامت یا مستوجبِ سزا ہونے کی حالت ؛ وجہ ملامت ؛ موجباتِ سزا ؛ ضبطی ؛ حکمِ سزا ؛ ہرجانہ ؛ جُرمانہ ؛ سزا کا حُکم ؛ ڈنڈ ؛ حُکم قصاص ۔

condemnatory, a. تعزیری ؛ پُر از ملامت ؛ اعتراض آمیز۔

condemnation proceedings, n. (قانون) کارروائیِ سزا : مقدمہ جو سرکاری استعمال کے لیے جائیداد کی ضبطی کے واسطے دائر کیا جائے ؛ کارروائی ہرجانہ ، سرکاری املاک یا اشیا کو ناکارہ قرار دینے کی کارروائی ۔

condensable, condensible, a. انجماد پذیر ؛ قابلِ تکثیف ۔

condensate, n. انجماد : عملِ تکثیف کے نتیجہ میں بننے والی چیز ، جیسے بھاپ سے پانی ؛ اختصار ؛ تکاثُف ؛ بستگی ؛ تکثیف ؛ عمل تبرید ۔

condensation, n. عملِ تکثیف ؛ بستگی ؛ گیس یا بھاپ کو رقیق یا ٹھوس شکل میں بدلنا ؛ انجماد ؛ عمل تبرید ؛ عملِ تلخیص ؛ کتاب کا خلاصہ ؛ اختصار (جیسے : the condensation of a novel) ۔

condensational, a. تکثیفی ؛ تلخیصی ؛ انجمادی ۔

condensation trail, contrail, vapor path, vapor scarf, vapor trail, n. فضا میں حرکت کرتے ہوئے ہوائی جہاز کے پیچھے بھاپ یا برف کے ذرّوں کی دکھائی دینے والی لکیر ؛ تکاثفی دنبالہ ؛ جم لکیر ۔

condense, v.t. زیادہ گاڑھا یا بستہ کرنا ؛ (بستہ یا منجمد کرکے) کسی چیز کا حجم گھٹانا ؛ سمیٹنا ، یکجا کرنا یا اکٹھا کرنا ؛ خلاصہ کرنا (جیسے : to condense a magazine article) ؛ گھٹانا یا بدلنا ، مثلاً گیس یا بھاپ کا ٹھوس یا رقیق میں ؛ مجتمع کرنا ؛ ایجاز کرنا– (مجازاً) عطر کھینچ لینا ؛ دھنسنا ؛ منجمد کرنا ؛ کثیف کرنا ؛ کثیف بنانا ۔ (فعل لازم) زیادہ بستہ ہونا ؛ بھاپ سے سیّال میں بدلنا ؛ گاڑھا ہونا ؛ منجمد ہونا ؛ کثیف ہونا ؛ بستہ ہونا ؛ جمنا ۔

condensed, a. ساخت یا بافت میں بستہ ؛ دبایا ہوا ؛ جمایا ہوا ۔ (طباعت) ایسا ٹائپ جو لمبائی کے لحاظ سے کم چوڑا یا سکڑا ہو ؛ ملخص ؛ مکثف ؛ منجمد ؛ گاڑھا ؛ کثیف ۔

condensed milk, n. ماوا ؛ بھاپ اُڑا کر گاڑھا کیا ہوا مِیٹھا دودھ ؛ بستہ دُودھ ۔

condenser, n. کنڈنسر ؛ مکثف ؛ آلۂ تکثیف ؛ وہ شخص یا وہ آلہ جو گاڑھا یا بستہ کرے ؛ بھاپ کو رقیق یا جامد شکل میں تبدیل کرنے والی مشین یا آلہ ۔ (برق) برقی مُکثفہ یا کنڈنسر جو برقی قُوّت کو اپنے اندر جمع اور محفوظ رکھتا ہے ۔ (بصریات) عدسوں کا جوڑ جو روشنی کی شعاعوں کو یکجا کرکے ایک نقطہ پر مرکوز کرتا ہے ؛ جامع النُور ؛ انبیق ؛ مِکثفہ ۔

condescend, v.i. فروتنی کرنا ؛ انکسار کرنا ؛ جُھکنا ؛ کچھ وقت کے لیے اپنی مرضی سے کم تر سطح پر اُتر آنا ؛ دانستہ انکسار اختیار کرنا ؛ مشفقانہ برتاؤ کرنا ؛ تواضع کرنا ؛ دبنا ؛ بات نہ کہنا ؛ التفات کرنا ؛ میل کرنا ؛ مُنھ سے نہ بولنا ۔

condescending, a. منکسر ؛ بااخلاق ؛ متواضع ؛ مشفق ؛ ملتفت ؛ جُھکا ہُوا ؛ مِلانی ۔

condescension, n. انکسار ؛ اخلاق ؛ تواضع ؛ التفات ؛ شفقت ؛ چھوٹوں پر کرم فرمائی ؛ اپنی مرضی سے چھوٹوں کی سطح پر اتر کر اُن کے ساتھ برابری کا برتاؤ ؛ مشفقانہ رویّہ ؛ فروتنی ؛ مدارت ؛ خُلق ۔

condign, a. مستحق ؛ مستوجب ؛ مناسبِ حال ؛ موزوں ؛ اب ہمیشہ سزا یا انتقام کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ شایان ؛ صوابی ؛ جوگ ؛ لائق ؛ واجب ؛ سزاوار۔

condignity, n. (فلسفہ) صوابیت ؛ شایانیّت : لیاقت یا اہلیّت کا ایک پیمانہ جس کے مطابق کارکردگی اور اس کے اجر میں تناسب ہوتا ہے ۔

condiment, n. کھانا محفوظ کرنے کی کوئی چیز ؛ مسالا ؛ ساس ؛ چاشنی ؛ کوئی چٹ پٹی چیز؛ چٹنی ؛ اچار ؛ مسالے دار ؛ چاٹ ؛ بھگار ؛ ذائقے دار۔

condisciple, n. ہم درس ؛ ساتھی طالب علم ؛ ہم جماعت ؛ ساتھ سیکھنے والا ؛ ہم مدرسہ۔

condition, n. شرط ؛ حالت ؛ کیفیت ؛ طور : کوئی چیز جس کا مطالبہ کسی معاہدے کے ضروری جُزو کے طور پر کیا جائے ؛ اقرار ؛ صورتِ حال جو کسی نتیجے کی برآمدگی کے لیے لازم ہو ؛ ناگزیر ؛ وہ چیز جس پر کسی دوسری چیز کا انحصار ہو ؛ شرطِ پیشیں ، پیشگی شرط ، شرطِ اوّل یا لازمی شرط ؛ وہ جس کے ہونے پر کوئی اور بات منحصر ہو ؛ تعلیم کا مقررّہ معیار حاصل کرنے میں کالج کے ناکام طالب علم پر عائد کردہ شرط ؛ وہ مطالعہ یا مضمون جو عائد کردہ شرط سے متعلق ہو ؛ محدود کرنے والی یا روک لگانے والی حالت ؛ حالات سے متعلّق صورت ؛ صحت کی حالت ؛ سماجی رتبہ ؛ صفت یا کردار ؛ خصوصیت۔ (منطق) بیانِ شرطیہ کا وہ جُز جو شرط بیان کرے۔ (گرامر) جملۂ شرطیہ میں تمہیدی فقرۂ شرط ؛ قرار ؛ اقرار ؛ عہد ؛ استطاعت ؛ رُتبہ ؛ مرتبہ ؛ منصب ؛ عہدہ ؛ پایہ ؛ عالَم ؛ رنگ ڈھنگ ؛ حیثیّت ؛ درجہ ؛ مزاج ؛ صورتِ حال۔

condition, v.t. (کسی کام کے کرنے پر) شرط عائد کرنا ؛ مشروط کرنا ؛ شرط کی تشکیل کرنا یا کسی چیز کی شرط ہونا ؛ بطورِ شرط تعیّن کرنا ، محدود کرنا یا روکنا ؛ کسی چیز/کام/بات کو شرط قرار دینا ؛ پیشگی شرط لگانا (طالب علم پر) ؛ خاص صورتِ حال یا حالات سے مشروط کرنا ؛ حالت معلوم کرنے کے لیے جانچنا ؛ صحیح یا مناسب حالت میں لانا؛ عہدوپیمان کرنا ؛ مال کی حالت جانچنا۔ (فعل لازم) شرائط کا لگایا جانا ؛ شرائط کا عائد ہونا ؛ شرط پر راضی ہونا ۔

conditioner, n. شرط عائد کرنے والا شخص یا شے ؛ اناج کے گیلے دانوں کو خشک کرنے والی مشین ؛ چکّی ۔

conditional, a. مشروط : شرائط سے محدود یا شرطوں پر منحصر۔ (منطق) شرطیہ بیان ۔ (گرامر) شرط سے متعلّق یا شرط کا مظہر ؛ شرطیہ ؛ شرطی ؛ قائم بالغیر ؛ منحصر۔

conditionality, n. مشروطیت ۔

conditionally, adv. مشروط طور پر ؛ بالشرط ؛ بشرطیکہ ؛ مشروط بشرط ۔

conditional sale,n. مشروط بیع ؛ بیع بالوفا : ایک قسم کی فروخت جس میں سامان تو خریدار کے حوالے کر دیا جاتا ہے لیکن فروخت کُنندہ کا حقِ ملکیّت اُس وقت تک قائم رہتا ہے جب تک سامان کی پوری قیمتِ خرید ادا نہ کر دی جائے ۔

conditioned, a. مشروط ؛ کسی خاص حالت میں ؛ حالات سے مکلّف یا مجبور ؛ مخصوص مزاج یا طبع کا حامِل ۔ (نفسیات) خاص

ردِّعمل/تاثر ظاہر کرنے میں تربیت یافتہ؛ مکلّف؛ تشریطی ۔

conditioned reflex, conditioned response, n. (نفسیات) جواب مشروط ؛ انعکاس مشروط ؛ تجربی اضطرار ؛ کسی تربیّت کے نتیجے میں دیے گئے خاص مہیّج کی بنا پر پیدا ہونے والا معلوم ردِّ عمل؛ تشریطی اضطرار ۔

condole, v.i. تعزیت یا ماتم پُرسی کرنا ؛ دوسرے کی مصیبت یا غم پر افسوس یا ہمدردی کا اظہار کرنا ؛ پُرسا دینا ؛ آنسو بہانا ؛ مقام دینا (with کے ساتھ مستعمل ہے) ؛ تعزیت کرنا ؛ ماتم پرسی کرنا ؛ کسی کے غم یا بدقسمتی پر اُس کے ساتھ ہمدردی یا افسوس کرنا ۔

condolatory, a. تعزیتی ؛ ہمدردانہ ؛ متأسفانہ ۔

condolence, n. تعزیت ؛ ماتم پُرسی ؛ پُرسا ؛ افسوس اور ہمدردی کرنے کا عمل ۔

condoler, n. تعزیت کرنے والا ؛ پُرسا دینے والا ۔

condom, n. رفالہ ؛ ذکری غلاف ؛ مانعِ حمل ؛ کنڈوم ؛ پتلی جھلّی یا ربڑ کی میان جو جنسی بیماری سے بچاؤ یا حمل روکنے کے لیے جماع کے وقت ذکر پر چڑھا لیتے ہیں ؛ مانع تولید ۔

condominium, n. حاکمیت مشترکہ ؛ مشترکہ حکومت یا اختیار ؛ ایسی عمارت جس میں سکونت کے لیے کئی وحدتیں ہوں اور بعض اجتماعی معاہدوں اور قواعد کے تحت ہر وحدت پر ایک فرد کا حقِ ملکیت ہو ؛ ایسی عمارت میں ایک سکونتی وحدت ۔ (بین الاقوامی قانون) ایک ہی علاقہ پر دو یا زیادہ مملکتوں کا مشترکہ غلبہ یا حکومت ؛ دو قومی یا چند قومی حکومت ۔

condonation, n. اغماض ؛ چشم پوشی ؛صرفِ نظر؛ غلط کام کو نظر انداز کرنے یا معاف کرنے کا عمل ؛ جرم یا غلطی سے اغماض یا معافی ۔

condone, v.t. معاف کرنا ؛ (جرم سے) اغماض کرنا یا صَرفِ نظر کرنا ؛ غلطی کو نظر انداز کرنا ؛ چشم پوشی کرنا ؛ بخشنا ۔ (قانون) ازدواجی معاہدے کی خلاف ورزی کو معاف کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ چشم پوشی کرنا ؛ درگزر کرنا ۔

condor, n. شاہ رُخ ؛ کرگس کلاں ؛ امریکا کا بڑا گِدھ یا کرگس ؛ ولچر گرائی فس (Vultur gryphus) جو انڈیز سلسلۂ کوہ کی بلندیوں پر بھی پایا جاتا ہے ، اِس کا سر اور گردن کا اوپری حصّہ گنجا ، بال و پر سیاہی مائل نیز گردن اور بازوؤں پر سفید نشان ہوتے ہیں ؛ بڑے گِدھ کی تصویر والا اکوئیڈور اور چِلّی میں سونے کا سکّہ ۔

condottiere, n. کرائے کے فوجیوں کے پیشہ ور کپتان یا سردار جو ، خصوصاً چودھویں اور پندرھویں صدی عیسوی کے اٹلی میں برسرِ جنگ شہزادوں یا ریاستوں کی نوکری کرتے تھے ؛ پیشہ ور سپاہی ۔

conduce, v.i. ممّد ہونا (کسی نتیجہ تک پہنچانے میں) ؛ دوسری چیزوں کے ساتھ مل کر کسی نتیجہ کا باعث ہونا ؛ کوئی نتیجہ برآمد کرنے میں مددگار ہونا ؛ رجوع ہونا ؛ مائل ہونا ؛ راہنما ہونا ۔

conducible, a. وہ جو رجوع یا مائل کر سکے ؛ باعث بن سکے ؛ مدد کر سکے ۔

conducibleness, n. ممّد ہونے کی اہلیت ؛ مائل کرنے کی اہلیت ۔

conducive, a. ممّد ؛ راجع ؛ مائل ؛ باعث ؛ وہ جس میں ممد ہونے ، ترقی دینے یا آگے بڑھانے کی صفت ہو ؛ آگے بڑھانے یا نتیجہ برآمد کرنے پر مائل ؛ جھکا ہُوا ۔

conduciveness, n. رجوع ؛ میلان ۔

conduct, v.t. رہبری کرنا یا رہنمائی کرنا ؛ سیادت کرنا ؛ جلو میں ساتھ جانا ؛ راہ اور عمل میں ہدایت دینا ؛ انتظام کرنا؛ کام کرنا ؛ سردار یا لیڈر کی حیثیت سے ہدایت دینا (جیسے : to conduct an orchestra سازینہ کی ہدایت کاری کرنا)؛ برتاؤ کرنا؛ کسی کے لیے ذریعے یا واسطے کا کام کرنا ۔ (طبیعیات) حرارت یا برق کی ترسیل کے لیے موصل کا کام کرنا ؛ انصرام کرنا ؛ اہتمام کرنا ؛ کارروائی کرنا ؛ پیشوائی کرنا ۔

conduct, v.i. رہنما بننا ؛ بطور رہنما کام کرنا ۔ (طبیعیات) حرارت یا بجلی کا ایصال کرنا ۔

conductibility, n. ایصالیّت ؛ ایصال پذیری ۔

conductible, a. موصل ؛ ایصال پذیر ۔

conduct, n. شخصی چال چلن یا اطوار ؛ طور طریقہ ؛ رویّہ ؛ خصوصاً اخلاقی روش یا چلن ؛ رہبری کا عمل ؛ رہنمائی ؛ انصرام ؛ انتظام ؛ عمل درآمد ؛ شعار ؛ سلوک ؛ کردار ؛ وضع ؛ اہتمام ؛ ہدایت ؛ پیشوائی ۔

conductance, n. (برق) ایصالیت ؛ موصل کی برقی رو کو ترسیل کرنے کی طاقت ۔

conduction, n. ایصال یا نقل جیسے پائپ کے ذریعے پانی کا انتقال ۔ (طبیعیات) موصل کے ذریعے انتقال ، مثلاً مادّے کی نظر آنے والی ترسیل کے بغیر جسم کے ذریعے اس کے ذرّوں کا درجۂ حرارت بڑھا کر حرارت کی ترسیل یا محسوس انتقال کے بغیر جسم کے ذریعے برقی قُوّت کی ترسیل ۔ (فعلیات) ہیجان کا انتقال یا ترسیل اعصابی نسیج میں؛ رسائی ۔

conductivity, n. اِیصالیت ؛ مُوصلیّت ؛ حرارت ، برق یا آواز کے انتقال یا ترسیل کی طاقت یا صفت ؛ ناقلیّت ۔

conductive, a. ایصالی ؛ ناقل ؛ موصلی ۔

conductor, n. موصل ؛ کنڈکٹر ؛ رہنما ؛ رہبر ؛ لیڈر ؛ ہدایت کرنے والا ؛ ہدایت کار یا منتظم ؛ سازینہ یا گانے والوں کی منڈلی کا سربراہ جو چھڑی کی حرکت سے لَے اور سُر کی ہدایات دیتا ہے ؛ ریل گاڑی یا دیگر سرکاری گاڑی کا ذمّہ دار افسر یا کارندہ ؛ کوئی بھی مادّہ جو حرارت ، برق یا آواز منتقل کرنے کی اہلیّت یا خصوصیّت رکھتا ہو ؛ برقی چھڑی ؛ ناقل ؛ نگہدار ؛ مہتمم ؛ موصل تار ؛ پیش رو ۔

conductorial, a. موصلی ؛ ناقلی ؛ انصرامی ۔

conductorship, n. رہبری ؛ ناقلیت ؛ خدمتِ رہنمائی ۔

conduit, n. نالی : نل ، پائپ یا کوئی اور ذریعہ جو سیّال اشیا کو منتقل کرے ؛ پلاسٹک یا ربڑ کی ٹیوب ، نلی یا پائپ جس سے بجلی کے تاروں کی حفاظت کی جائے ؛ تاردان ؛ نلوا ؛ آب گزر ؛ نے ۔

conduplicate, a. مستوی دوتہا ؛ لمبا لمبا تہ کیا ہوا ؛ دوہرا تہ کیا ہوا ۔ (نباتیات) کلی کے اندر کی پنکھڑیاں جبکہ وہ درمیان سے اِس طرح تہ کی ہوئی یا مُڑی ہوئی ہوتی ہیں کہ کفِ برگ یا ورقوں کے آدھے حصّے ایک دوسرے سے مِلے ہوئے یا چپکے ہوئے ہوتے ہیں ۔

conduplication, n. تہ کرنے کا عمل؛ دو تہ کاری ۔

condyle, n. (تشریح الاعضا) قفلی یعنی ہڈّی کا وہ گول سِرا جو دوسری ہڈّی (حفرہ) میں جوڑ پر پھنسا ہوا ہوتا ہے ؛ ہڈّی

کے سرے پر گومڑی جو دوسری ہڈّی میں پھنس کر جوڑ یا گرہ کا کام کرتی ہے ؛ مہرہ مفصل ؛ فلطاح ؛ مہر۔

condylar, a. قفلوی۔

cone, n. کون ؛ مخروطہ ؛ ''عمودی مستدیر مخروطہ'': جامد یا اقلیدی شکل جو زاویہ قائمہ والے مثلث کو اس کے عمودی محور پر گھمانے سے بنتی ہے ؛ ''کج مستدیر مخروطہ'' (right circular cone) : مشابہ ٹھوس اقلیدی شکل جس کا محور مثلث کے بُنیادی خط (base) پر کج یا ترچھا ہوتا ہے ؛ ترچھا مستدیر مخروطہ (Oblique circular cone) ؛ ایک اور مشابہ ٹھوس اقلیدی شکل جس کی بُنیاد بیضوی ہوتی ہے ؛ ایک سطح جو خط مستقیم کی حرکت سے بنتی ہے جس کا ایک سرا ساکن رہتا ہے اور ایک ساکن قوس کو مستقلاً چُھوتا ہے ؛ جامد یا ٹھوس شکل جو مستدیر یا مدوّر بنیاد سے شروع ہو کر اُوپر اٹھتی ہے اور بتدریج تنگ ہوتے ہوئے اوپر ایک نقطے پر ختم ہو جاتی ہے ؛ کوئی بھی مخروطی چیز جیسے آتش فشاں کی چوٹی۔ (نباتیات) سرو و صنوبر کے کم و بیش مخروطی پھل ؛ چلغوزہ ؛ مخروطیہ ؛ برمیہ۔

cone, v.t. مخروطہ یا مخروطی شکل کا بنانا۔ (فعل لازم) مخروطی پھل لانا (درخت میں مخروطے لگنا)۔

cone flower, n. گُل پنج ہزاری ؛ زرد ڈیزی کا پودا جس کے مخروطی پُھول ہوتے ہیں ؛ اسی نوع کے پودوں میں سے کوئی پودا جیسے اُودے مخروطی پُھولوں والا برونیریا پرپوریا(Brauneria Purpurea)پودا۔

conelrad, n. کونل ریڈ : ریڈیو کا ہنگامی نشریاتی نظام جس کے تحت دشمن کے حملہ یا کسی ہنگامی صورتِ حال میں شہری دفاع سے متعلّق سرکاری اطلاعات اور ہدایات لوگوں تک پہنچائی جائیں۔ یہ نشریات کچھ اے ایم ریڈیائی نشرگاہوں سے مخصوص فریکنسیوں پر جو ۶۴۰ یا ۱۲۴۰ کلوسائیکل کے درمیان ہوتی ہیں ، متواتر چلتی ہیں اور ان کے اِشارے یا سگنل اِس طرح ترتیب دیے جاتے ہیں کہ دشمن کے بمبار ہوائی جہازوں کو ان سے رہنمائی حاصل نہ ہو سکے۔

conenose, n. مخروط انفہ : ''مخروطی ناک'' یا بڑا کھٹمل : ایک بڑا خون چوسنے والا کیڑا ؛ جان لیوا کھٹملوں کی ایک قسم جو جنوبی اور مغربی امریکا کے گھروں میں پائی جاتی ہے۔

Conestoga wagon, n. کونیسٹوگا گھوڑا گاڑی : چوڑے پہیوں کی چھت والی بڑی گھوڑا گاڑی جسے ابتدائی نوآباد کاروں نے مغربی امریکا کی جانب سفر ہجرت کے بعد استعمال کیا تھا ؛ اسی لیے یہ کونیسٹوگا (پینسلوانیا) سے موسوم ہوئے۔

coney, cony, n. ولایتی خرگوش ؛ یورپی خرگوش ؛ خرگوش کی پوستین ؛ رنگ دیے جانے اور کاٹنے کے بعد سگ ماہی کی طرح کا خرگوش کے سمور کا کوٹ ؛ گروہ میں رہنے والی ایک مچھلی جو بحرِ اوقیانوس کے گرم علاقوں میں پائی جاتی ہے۔

confab, n. (بول چال) بحث ؛ بات چیت ؛ سخن ؛ صحبت ؛ قصّہ۔

confab, v.i. (بول چال) بحث یا گفتگو میں پڑنا ؛ بات چیت ہونا ؛ گپ شپ میں مشغول ہونا۔

confabulate, v.i. بات چیت کا کیا جانا ؛ گفتگو ہونا ؛ بے تکلفی سے بات چیت کا ہونا۔ (نفسیات) حافظہ محو ہونے کا بدل کرنے کے لیے خیال و خواب کی دنیا میں لے جایا جانا ؛ سخن طراز ہونا ؛ بات چیت ہونا ؛ بول چال ہونا۔

confabulation, n. بات چیت ؛ بے تکلف گفتگو ؛ سخن سازی ؛ گفتگو ؛ قصہ خوانی؛ صحبت ؛ قصہ سازی ؛ قیل قال ؛ بول چال۔

confabulator, n. بات چیت کرنے والا ؛ سخن طراز ؛ سخن ساز ؛ گپ شپ کرنے والا ؛ قصہ ساز۔

confect, v.t. (اجزا یا چیزوں سے) بنانا ، مرکّب کرنا یا تیّار کرنا ؛ محفوظ یا دیر تک رہنے والی چیز مثلاً اچار ، وغیرہ بنانا ؛ تشکیل دینا ؛ اجزا کا مِلانا ، آمیز کرنا یا مخلوط کرنا ؛ مٹھائی تیّار کرنا۔ (اسم) مربہ ؛ حلوہ ؛ مٹھائی ؛ معجون ؛ شیرہ ؛ شیرینی۔

confection, n. مُربّہ سازی ؛ مِلانے ، مرکب کرنے ، تیار کرنے یا بنانے کا طریق کار ؛ شکر ، شہد یا شربت کی مدد سے تیّار کردہ دوا ؛ پھل کی رقیق یا خشک میٹھی چیز ، مثلاً مربّہ ، شربت یا میٹھی گولی ؛ شیرینی یا نبات ؛ تیار شدہ لباس ، خصوصاً عورت کے لباس کا کوئی مزین اور خوبصورت حصّہ ؛ معجون ؛ شیرہ ؛ مٹھائی۔

confectionary, a. مٹھائی یا تیار شدہ لباس کے متعلّق ؛ مٹھائی یا اس کی تیّاری کے متعلق۔

confectionary, n. شیرینی ؛ مٹھائی ؛ نبات ؛ معجون۔

confectioner, n. حلوائی ؛ نبات،شیرینی اور کبھی کبھی آئس کریم اور کیک بنانے یا بیچنے والا ؛ مربّہ ساز۔

confectionery, n. مٹھائی کا ذخیرہ یا مٹھائیوں کا اجتماعی نام ؛ مٹھائی کی دُکان ؛ حلوائی کا کام یا پیشہ ؛ حلوائی کی دُکان۔

confederacy, n. اتحادیہ ؛ حکومت اجتماعی ؛ اشخاص یا جماعتوں کا اتحاد : مشترکہ مقاصد حاصل کرنے کے لیے اشخاص جماعتوں یا ریاستوں کی انجمن ؛ غیر قانونی مقاصد کے لیے اشخاص کا گٹھ جوڑ ؛ سازش ؛ حلفیہ اتحاد ؛ معاہدۂ ممالک ؛ عہدوپیمان ؛ قول و قرار ؛ ایکا۔

The Confederacy, n. (امریکی تاریخ) جنوبی ریاستیں جو ۱۸۶۰ سے ۱۸۶۱ تک امریکی وفاق سے علیحدہ رہیں۔

confederate, v.t., v.i. اتحاد انجمن یا دوستی کے معاہدہ کے ذریعے متحد ہونا ؛ سازش میں شریک ہونا ؛ اتحاد کرنا ؛ مل جانا۔

confederate, a. متحدہ ؛ انجمن یا دوستی کے معاہدے کے ذریعے متحد یا سازش میں شریک ؛ ساتھی ؛ رفیق ؛ معاہد۔

Confederate, a. (امریکی تاریخ) امریکا کی جنوبی ریاستوں کے متعلّق جنھوں نے ۱۸۶۰-۱۸۶۱ء میں امریکی وفاق سے الگ ہو کر اپنی علیحدہ حکومت قائم کر لی تھی۔

confederate, n. حلیف : وہ جو دوسروں کے ساتھ انجمن ، اتحاد یا دوستی کے معاہدے میں شریک ہو ؛ گٹھ جوڑ میں شریک ؛ ساتھی ؛ اتحادی۔

Confederate, n. امریکی ریاستوں کے وفاق کا حامی۔

Confederate Memorial Day, n. یوم یادگارِ وفاق : جنوبی امریکا میں وہ دن جو ۱۸۶۰ء کی خانہ جنگی کے دوران اتحادی افواج کی یاد میں مختلف تاریخوں پر یعنی : ۲۶ اپریل کو الاباما ، فلوریڈا، جارجیا اور مسی سپی میں ، ۱۰ مئی کو کیرولینا میں ، ۳۰ مئی کو ورجینا میں اور ۳ جون کو کینٹکی ، لوزیانا اور ٹینیسی میں منایا جاتا ہے۔

confederate rose, cotton rose, Confederate rose, n. جھاڑی ؛ چین میں اُگنے والی بڑے پھل پھولوں کی ایک جھاڑی جس کے پھولوں کا رنگ کھلنے کے بعد گہرا ہو جاتا ہے ۔

confederation, n. عہدیہ ؛ متحّد ریاستیں ؛ وفاق ؛ گروہ بندی ؛ جتھے بندی ؛ عملِ اتحاد یا متحد ہونے کی حالت ؛ گٹھ جوڑ یا دوستی کا اتحاد ؛ شرکا یا اتحادیوں کی جماعت ، خصوصاً وہ ریاستیں جو مشترکہ مقاصد کے لیے تقریباً مستقل طور پر متحد ہوگئی ہوں ۔ (کینیڈا) ۱۸٦۷ء میں بنایا گیا وفاق جو اونٹاریو ، کوئبک ، نوواسکوشیا اور نیوبرنسوک پر مشتمل تھا ؛ عہدیت ؛ عہدیہ مملکتوں کا اتحاد ؛ اتحاد ؛ ایکا ؛ میل ؛ عہد و پیمان ۔

the Confederation, n. کینیڈا : دس صوبوں پر مشتمل مملکت کینیڈا ۔

confederative, a. وفاقی ؛ کانفڈریشن یا وفاق کے متعلّق ۔

confer, v.t. (خطاب ، اعزاز یا ڈگری کا) عطا کرنا یا مرحمت کرنا (confer on or confer upon) ؛ confer کا لفظ bestow سے ان معنوں میں مختلف ہے کہ Confer یا عطا کرنے والا ہمیشہ اونچے یا اعلی رتبہ کا شخص ہوتا ہے ؛ بخشنا ؛ مرحمت کرنا ؛ صلاح لینا ؛ مشورہ کرنا ؛ گفتگو کرنا ؛ رائے لینا ۔ (فعل لازم) کسی خاص موضوع پر مشورہ ہونا ؛ آرا کا تقابل ہونا ؛ پہلے یہ لفظ عام بحث و مباحثہ یا بات چیت کے معنوں میں استعمال ہوتا تھا لیکن اب اہم اور سنجیدہ مسائل پر گفت و شنید کے معنوں میں مستعمل ہے ؛ عطا ہونا ؛ گفتگو ہونا ؛ بخشا جانا ؛ مرحمت ہونا ۔

conferee, n. معطیٰ لہٗ ؛ وہ شخص جسے کوئی چیز عطا کی جائے ۔

conferment, n. عطا ؛ مرحمت ؛ انعام ۔

conferrable, a. قابلِ عطا ؛ لائقِ انعام ؛ قابلِ مرحمت ۔

conferral, a. مرحمتی ؛ مشاورتی ؛ عطا شدہ ۔

conferrer, n. مرحمت کرنے والا ؛ مشورہ کرنے والا ؛ مُعطی ؛ بخشندہ ؛ مُنعم ۔

conference, n. کانفرنس ؛ مشاورت ؛ باہمی صلاح مشورہ کا عمل ؛ افراد یا گروہوں کے درمیان مشورہ ، مباحثہ یا حصولِ ہدایت کا جلسہ ؛ مختلف ملکوں کے نمائندوں کا جلسہ ؛ مقنّنہ کے دو ایوانوں کے نمائندوں کا اجلاس ۔ (کلیسیات) پادریوں کی ، پادریوں اور عام عیسائیوں یا گرجاؤں کی جماعت کا جلسہ ؛ کھلاڑی ٹیموں کی انجمن ؛ مجلس مشاورت ؛ جلسہ ؛ اجلاس ؛ مذاکرہ؛مشورہ ۔

conferential, a. مشاورتی ؛ قابلِ صلاح (معاملات) ؛ مجلسی ؛ مذاکراتی ۔

confess, v.t. اعتراف کرنا ؛ اقرار کرنا ؛ اقبال کرنا ؛ کسی جرم ، قصور یا غلطی کرنے یا قرض لینے (یا کوئی ایسی بات.جو شخصی مفاد یا ذاتی شہرت کے لیے نقصان دہ ہو) کا اقبال کرنا ؛ کسی بات کو اپنے ذمّہ لینا ؛ افشا کرنا ۔ (رومن کیتھولک کلیسا) گناہوں کی معافی کے لیے پادری کے سامنے اعتراف کرنا ؛ پادری کا کسی کے اعترافات سننا ؛ کسی پر اعتقاد کا اعلان کرنا ؛ منظور کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ مان لینا ؛ اقرار جرم کرنا ۔

confess, v.i. معترف ہونا ؛ اعتراف یا اقبال کیا جانا ؛ خامیوں یا قصوروں سے پردہ اُٹھنا ؛ پادری کے سامنے گناہوں کا انکشاف کیا جانا ۔

confessedly, adv. بہ اقرار ؛ معترفانہ ؛ ذمہ دارانہ ؛ البتہ ؛ بلاشک ؛ بلاشبہ ۔

confession, n. اعتراف ؛ اقبال ؛ اقرار ؛ ایجاب ؛ اعتراف یا اقبال کا عمل ؛ اقرار کرنے کا عمل ؛ وہ بات جس کا اعتراف یا اقبال کیا جائے ۔ (رومن کیتھولک کلیسا) پادری کے سامنے گناہوں کا انکشاف اور اعتراف ؛ اعترافات سننے والے (پادری) کے سامنے ضمیر کا بوجھ ہلکا کرنے کا عمل ۔

confession of faith, n. اظہارِ عقیدہ ؛ اقرارِ مذہب ؛ ایسے اعتقادات پر مشتمل بیان جن کو فرد یا کلیسا حق سمجھتا ہو ۔

confessional, n. اعتراف گاہ ؛ چھوٹا کمرہ یا نشست گاہ جہاں بیٹھ کر پادری اعترافاتِ گناہ سُنتا ہے ۔

confessional, a. اقبالی ؛ اعتراف گناہ کا یا اقبالِ گناہ کے متعلّق ؛ اقراری ؛ ایجابی ۔

confessor, n. معترف ؛ اعتراف ، اِقبال یا اقرار کرنے والا ؛ مقر ؛ مجیب ؛ وہ پادری جو گناہوں کے اعترافات سُنے اور جسے توبہ کی قبولیت کا اختیار حاصل ہو ؛ راسخ العقیدہ شخص جو اذیّتوں اور ہر قسم کی سزا کے باوجود اپنے مذہبی عقائد اور نظریات سے منحرف نہیں ہوتا ؛ راسخُ العقیدہ ؛ صاحبِ استقامت ۔

confetti, n. مٹھائی کے نُقل ؛ رنگین کاغذ کی لیریاں یا ٹکلیاں جو شادی بیاہ ، کارنیول ، تہوار یا کسی اور خوشی کے موقع پر پھینکتے ہیں ؛ شیرینی ۔

confidant, n. معتمد ؛ وہ شخص جو دوسرے شخص کا معتمد ہو ؛ ہم راز ؛ قابلِ اعتبار راز دار ؛ محرمِ راز دوست ؛ خانگی یا نجی (خصوصاً محبت کے) معاملات کا معتمد علیہ ؛ محرم ؛ دم ساز ؛ محرم کار ؛ پردہ دار ۔

confidante, n. خاتون ہم راز ؛ محرم راز ۔

confide, v.i. بھروسا ہونا ؛ اعتماد ہونا ؛ اعتبار ہونا ؛ پورا اعتماد یا اعتبار ہونا ؛ اپنے راز بتا کر بھروسے کا اظہار کرنا ۔

confide, v.t. حوالے کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ کسی کی ذمہ داری ، علم اور ایمانداری کے سپرد کرنا ؛ رازداری کے یقین کی بُنیاد پر بتانا ۔

confidence, n. بھروسا ؛ اعتماد ؛ اعتبار ؛ کسی شخص یا چیز کے قابلِ اعتماد یا بھروسے کا اہل ہونے پر پورا یقین ؛ خوداعتمادی ، یقین یا ضبطِ نفس ؛ زعم ؛ داعیہ ؛ اعتمادِ نفس ؛ جرأت ؛ جسارت ؛ دلاوری ؛ بے باکی ؛ ہم رازی ؛ نجی معاملات کے سلسلے میں رازداری ؛ رازدارانہ خط یا پیغام ؛ تفویض ؛ امر مفوضہ ؛ خفیہ تعلّق ؛ تکیہ ؛ اعتقاد ؛ اطمینان ۔

confidence game, confidence trick, n. کاروبار اعتماد ؛ بھروسا چال ؛ فریبی کاروبار ؛ ایک قسم کا فریب یا دھوکا جس میں فریبی یا دھوکے باز اپنے شکار کا اعتماد حاصل کرتا ہے تاکہ وہ اُسے تاش کے کھیل یا شرط میں لوٹ سکے یا تجارت میں رقم لگانے کے بہانے روپیہ لے کر خُردبُرد کر سکے ؛ فریب ؛ جُل ؛ جھانسا ۔

confidence man, n. اعتماد حاصل کرکے دھوکا دینے والا ۔

confident, a. پُر از اعتماد ؛ بھروسہ کرنے والا ؛ یقینی ؛ متیقّن ؛ خود اعتماد ؛ پُراز یقین ؛ بے باک ، کبھی کبھی ضرورت سے زیادہ بے باک ؛ صاحب داعیّہ ؛ جری ؛ ہمراز ؛ محرم ؛ راز دار ؛ معتقد ۔

confidential, a. بصیغۂ راز ؛ وہ جو خفیہ رکھنے کے لیے ہو ؛

راز میں خفیہ طور پر کہا ہوا یا لکھا ہُوا ؛ خفیہ ؛ دوسرے کے اعتماد کا اہل ؛ رازوں یا خفیہ اور نجی معاملات کا مفوضہ ؛ رازداں ؛ واقف اسرار ؛ محرمِ راز ؛ رازدارانہ ؛ سِری ؛ مستور ؛ معتمد ؛ بھیدی ؛ معتبر۔

confiding, a. اعتباری ؛ دوسروں پر اعتماد کرنے کی صفت۔

confidingness, n. اعتباریّت ؛ اعتمادیّت۔

configuration, n. وضع ؛ ہیئت ؛ کسی چیز کے اجزا یا عناصر کی اضافی ترتیب ؛ اس کے نتیجہ میں خارجی/ظاہری ہیئت ؛ مطابقت ؛ ترکیب ؛ ساخت۔ (فلکیّات) سیّاروں یا دیگر اجرام فلکی کی اضافی حیثیّت یا مقاماتِ متناسبہ ؛ ستاروں کا جھرمٹ۔ (نفسیات) گیسٹالٹ (اجزا میں تقسیم) یا وضع۔ (کیمیا ، طبیعیّات) سالمہ میں ایٹموں کے درمیان اور ایٹم میں برقیوں اور مرکزے کے درمیان رشتۂ فصل ؛ تشکلی ؛ رُوپ ؛ تشکیل ؛ تشکیل منظر ؛ صورت۔

configure, v.t. خاص ہیئت میں بنانا یا ترتیب دینا ؛ تطبیق کا باعث بنانا ؛ بنانا ؛ ساخت کرنا ؛ تشکیل کرنا ؛ تشکیل دینا ؛ رُوپ دینا ؛ رچانا۔

confine, n. (عموماً جمع) فرنٹیئر ؛ سرحد ؛ آخری حد ، (جیسے : His remarks went beyond the confines of good taste) ؛ حدّ فاصل ؛ روک۔

confine, v.t. حدود میں رکھنا ؛ روکنا یا روک رکھنا ؛ حد سے باہر نہ ہونے دینا یا حد سے تجاوُز نہ کرنے دینا ؛ بند کرنا یا قید کرنا ؛ حد فاصل قائم کرنا ؛ حد باندھنا ؛ محدود کرنا ؛ پابند کرنا۔

confiner, n. حد میں رکھنے والا ؛ روکنے والا ؛ بند یا قید کرنے والا ؛ روک ؛ رکاوٹ۔

confined, a. گھر یا کمرے میں محدود یا بند ؛ صاحبِ فراش ؛ زچہ خانے میں ؛ بحالتِ زچگی ؛ چارپائی سے لگا ہُوا۔

confinement, n. حدود میں رکھنے ، بند کرنے ، قید کرنے یا روکنے کا عمل ؛ بند ہونے کی حالت ؛ روک ؛ قید ؛ بند ؛ عالَمِ زچگی ؛ صاحبِ فراشی ؛ حبس ؛ وضع حمل۔

confirm, v.t. مضبوط یا زیادہ مضبوط کرنا ؛ پکّا کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ تقویت دینا ؛ جمانا ؛ استقلال دینا ؛ قائم کرنا ؛ یقینی بنانا ؛ گزشتہ شبہ دور کرنا ؛ یقین دلانا ؛ توثیق کرنا ؛ منظوری دینا ؛ تصدیق کرنا ؛ عزم ، مقصد یا رائے میں پختہ یا مستحکم کرنا ؛ عیسائی بچّے کی دینی توثیق کی رسم ادا کرنا ؛ مستقل کرنا ؛ مؤثق کرنا ؛ وعدے کو مضبوط یا مؤثق کرنا ؛ تحقیق کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ برقرار یا بحال کرنا۔

confirmable, a. تثبیت پذیر ؛ لائقِ توثیق ؛ تصدیق کے قابل۔

confirmation, n. مستقلی ؛ توثیق ؛ تاسیس یا استقرار کا عمل ؛ تاسیس یا قیام ؛ تصدیق ؛ جائز قرار دینے کا عمل ؛ وہ جو مستحکم کرے ؛ اثبات ؛ استقلال ؛ تائید ؛ استحکام ؛ برقراری ؛ بحالی ؛ منظوری ؛ رومی ، یونانی اور انگلستانی کلیساؤں کی ایک مذہبی رسم جس میں اسقف (بشپ) بپتسمہ دیے ہوئے اشخاص کے سروں پر ہاتھ رکھ کر ان کے عیسائی ہونے کی توثیق کرتا ہے اور اس طرح اُنہیں عیسائی مراعات کا حقدار بناتا ہے ؛ ایک رسم جس کے ذریعے بالغ ہونے والے یہودی لڑکوں کو ان کی روایتی وراثت کا حقدار بنایا جاتا ہے ؛ معقول گواہی۔

confirmative, a. توثیقی ؛ تصدیقی۔

confirmatory, a. تصدیقی ؛ توثیقی ؛ مزید تقویت ، زور ، استقلال ، استحکام ، یقین یا شہادت فراہم کنندہ ؛ معاون ؛ مثبت ؛ مؤید ؛ مصدّق۔

confirmed, a. پکّا ؛ سخت ؛ مصدّقہ ؛ جما ہوا ؛ کہنہ (عادت) ؛ مزمن (بیماری) (جیسے : a confirmed drunkard or invalid) ؛ تصدیق شدہ عیسائی (جس کی مذہبی رسمِ تصدیق ادا کر دی گئی ہو) ؛ مؤثق ؛ توثیق شُدہ ؛ مستقل ؛ ثابت ؛ مضبوط ؛ قائم ؛ محکم ؛ برقرار۔

confirmedness, n. پکّا پن ؛ استقلال ؛ توثیق۔

confiscable, a. قابلِ ضبطی ؛ لائقِ قُرقی۔

confiscate, v.t. ضبط کرنا ؛ قُرق کرنا ؛ سرکاری خزانے کے حق میں ضبطی کے لیے قبضہ کرنا یا چھین لینا ؛ سزا کے طور پر سرکار کے تصرّف میں لینا ؛ قانونی اختیار کے ذریعے قبضہ کرنا ؛ مختصر قانونی کارروائی کے بعد تصرّف میں لینا ؛ سرکاری بنا لینا۔

confiscate, a. ضبط شدہ ؛ قبضہ میں لی ہوئی ؛ قُرق شدہ ؛ سرکاری تصرّف میں لی ہوئی ؛ قرقی کے باعث قبضہ سے محروم کردہ ؛ منضبَط ؛ مُنقبض۔

confiscation, n. ضبطی ؛ قُرقی ؛ ضبط یا قُرق کرنے کا عمل یا ہونے کی حالت۔

confiscator, n. ضابط ؛ قرق امین ؛ ضبط کرنے والا۔

confiscatory, a. ضبطی کا ؛ قرقی سے متاثر ؛ ضبط کارانہ۔

Confiteor, n. (رومن کیتھولک کلیسا) ایک قسم کی نماز/دعا جو ''کونفٹیر'' سے شروع ہوتی ہے یعنی اعتراف گناہ سے ابتدا کی جاتی ہے۔

confiture, n. مُربّہ ؛ مٹھائی ؛ محفوظ کردہ پھل ، چٹنی ، اچار یا مُربّے کی شکل میں۔

conflagrant, a. شُعلہ ریز ؛ آتشیں ؛ مشتعل ؛ ملتہب ؛ آتش زدہ ؛ مہیب آتشہ۔

conflagration, n. آتش زدگی ؛ بڑی آگ یا بڑی مقدار میں آتش گیر مادّے کا جلنا ؛ شعلہ ؛ لُوکا۔

conflation, n. اختلاط ؛ مختلف عناصر کو مِلانے یا ضم کرنے کا حاصل یا عمل ؛ خصوصاً دو عبارتوں کو ملا کر ایک متن کی تشکیل ؛ مخلوط عبارت یا متن۔

conflate, a. مخلوط ؛ ملا جُلا۔

conflict, n. لڑائی ؛ جھگڑا ؛ مجادلہ ؛ تنازع ؛ اختلاف ؛ آویزش ؛ تضاد ؛ ٹکراؤ ؛ تصادم (جیسے : a conflict in luncheon dates) ؛ کشمکش ؛ نزاع ؛ تعارض ؛ جدل ؛ الجھن۔

conflict, v.i. مخالفت یا دشمنی کے عالم میں بھڑنا ؛ لڑنا ؛ مقابلے میں ہونا ؛ آویزش یا مجادلہ ہونا ؛ کوشش یا جدّوجہد کرانا ؛ مخالفت میں ہونا ؛ متضاد ہونا ؛ برعکس یا مختلف ہونا ؛ ٹکرانا ؛ ٹکّر کھانا۔

conflicting, conflictive, a. مخالف یا متضاد ؛ بے میل ؛ خلاف ؛ برعکس ؛ نقیض۔

confliction, n. مجادلہ ؛ تخالف ؛ مخالفت ؛ کشمکش ؛ تضاد۔

conflict of interest, n. تصادمِ مفاد ؛ ایسی صورت حال کہ سرکاری یا حکومتی عہدہ دار کے نجی مالی مفاد کو اس کے عہدہ کے اثر سے فائدہ پہنچنے کا امکان ہو ؛ ایک شخص کے ذاتی مفاد کی دوسرے کے معاملات میں دخل اندازی۔

confluence, n. سنگم ؛ ہم روانی ؛ دو یا دو سے زیادہ پانی کے دھاروں یا ندیوں کا محلِ اتصال ؛ اِس طرح ملنے والا پانی؛ ملنے یا ملاقات کی جگہ؛ مجمع؛ بھیڑ؛ ملاپ ؛ التقا ؛ اتصال ۔

confluent, a. جُڑواں ؛ باہم جاری یاراں ؛ ساتھ بہنے والے؛ متلاقی ؛ راہ میں مل کر ایک ہونے والے ، جیسے دو نہریں ؛ ہم رو۔ (نباتیات) نشوونما کے دوران کسی حصّے پر ملے ہوئے ؛سنگمی ؛ باہم متصل ؛ ملا ہُوا ؛ ملواں ۔

confluent, n. معاون ندی یا دریا ؛ سنگمی ۔

conflux, n. ہم روی ؛ ملاپ یا اتصال ؛ سنگم ؛ مجمع ؛ ہجوم ؛ جوڑ ؛ میل ؛ اجماع ۔

confocal, a. (ریاضی) ہم ماسکہ : ایک ہی ماسکہ یا ماسکے رکھنے والے ۔

conform, v.t. کسی ہیئت یا کردار کے مطابق بنانا یا کسی نمونے کے مطابق ڈھالنا یا بنوانا (جیسے : to conform anything to a model)؛ مطابق یا موافق کرنا ؛ حالات کا عادی کرنا یا حالات کے مطابق ڈھالنا ؛ اطاعت کرنا ؛ مطیع ہونا ؛ موافق کرنا ؛ ایک میل کرنا ؛ ہم شکل کرنا ؛ ماننا ؛ اطاعت کرنا ۔ (فعل لازم) حکم کے مطابق کام ہونا یا حکم ماننا ؛ انگلستانی کلیسا کے رواج اور رسوم کے مطابق انجام پانا ۔

conformer, conformist, n. مقلّد ؛ کلیسائے انگلستان کا پیرو یا مقلد ؛ پیروی کرنے والا ؛ موافقت کرنے والا ۔

conformism, n. مطابقت ؛ تقلید ؛ مقلدّیت ۔

conformable, a. مشابہ؛ مطابق ؛ خوگر ؛ تربیت پذیر ؛ اصلاح پذیر ؛ ہیئت ، کردار ، اطوار اور آرا میں مطابق یا مشابہ ؛ مطیع و فرماں بردار ۔ (ارضیات) پرتیں جو ایک ہی گہرائی پر متوازی سطح پر پائی جائیں ؛ یکساں؛ ایک رُوپ ؛ یک رنگا ؛ ایک صورت ؛ ایک میل ؛ موافق ۔

conformability, n. مطابقت ؛ تربیت پذیری ۔

conformably, adv. بموجب ؛ حسب الحکم ؛ بمطابق ۔

conformance, n. مطابقت؛ مشابہت ؛ ہم آہنگی ؛ تعمیل ؛ اطاعت ؛ فرماں برداری ۔

conformation, n. مطابقت ؛ خوگری کے لیے مطابقت یا امتثال کا عمل یا طریقہ ؛ ترکیب ؛ اجزا کی مُتشاکل یا متناسب ترتیب ؛ منصوبے یا نمونے سے مطابقت ؛ بناوٹ ؛ ساخت ؛ ڈھنگ ؛ خوگری ؛ امتثال ؛ ساخت اور جسامت خصوصاً جانور کی (جیسے : The horse had a jumper's conformation)؛ ہیئت ؛ شکل نگاری ؛ ڈھانچ ؛ پنجر ۔

conformity, n. مطابقت ؛ ہیئت اور طریقہ میں مطابقت ؛ میل ؛ تطابق ؛ مشابہت ؛ ہم آہنگی ؛ امتثال ؛ تعمیل ؛ پیروی۔ (عموماً بڑے C سے) کلیسائے انگلستان کے رواج اور اصولوں کی پیروی ؛ ترکیب ؛ اعراض ۔

confound, v.t. منتشر یا درہم برہم کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ ایک کا (غلط) گمان دوسرے پر کرنا ؛ جھٹلانا ؛ انتشاری کیفیت میں اضافہ کرنا ؛ دہشت ، تعجب یا حیرت سے گھبرا دینا ؛ حیران کرنا ؛ گڈ مڈ یا بے ترتیب کرنا ؛ ملانا ؛ گھال میل کرنا ؛ مخلوط کرنا ؛ ہکّا بکّا کرنا ؛ متحیّر کرنا ؛ سرگرداں کرنا ؛ ستیاناس کرنا ؛ برباد کرنا ؛ تباہ کرنا ۔

confounded, a. (بول چال) جنجالی ؛ ناگوار ؛ لعنتی ؛ حسنِ ادا سے (جیسے 'a confounded lie') ۔

confoundedly, adv. گڈ مڈ کرکے ۔

confraternity, n. مواخات : لوگوں کی جماعت یا گروہ جو کسی مقصد کے لیے یا ہم پیشہ ہونے کی وجہ سے متحد ہو گئے ہوں ؛ برادری ، خصوصاً ایسی برادری جو کسی مذہب کی تبلیغ یا خیراتی کاموں کے لیے ہو ۔

confrere, n. ساتھی ؛ ہم پیشہ ؛ ہم مذہب ؛ کسی برادری ، مذہب یا پیشہ میں رفیق ؛ ہم رتبہ ؛ ہم منصب ۔

confront, v.t. سامنے یا رُوبرو کھڑا ہونا ؛ سامنا کرنا ؛ مقابل ہونا ؛ مقابلہ کرنا ؛ مقابل ہو کر رکاوٹ پیدا کرنا یا مخالفت سے دو چار کرنا ؛ دشمنی یا مخالفت میں مُلاقی ہونا ؛ مخالفت کرنا ؛ رُوبرو کرنا ؛ امتحان یا تقابل کے لیے آمنے سامنے کرنا ؛ مقابلہ کرنے اور جانچنے کے لیے اشیا کو آمنے سامنے لانا ؛ دوچار کرنا ؛ ٹکرانا ؛ سابقہ پڑنا ؛ رُوبرو کرنا ؛ مقابلہ کرا دینا ؛ سامنا کرنا ؛ مٹ بھیڑ کرنا ؛ مخالفت کرنا ۔

confrontation, confrontment, n. مقابلہ ؛ مقابلہ کرنے یا روبرو ہونے کا عمل ؛ مواجہہ ؛ روبروئی ۔

confronter, n. مقابل ؛ مقابلہ کرنے والا ؛ روبرو ہونے والا ؛ مخالف چیز یا شخص ۔

Confucian, a. کنفیوشسی ؛ چینی فلسفی کنفیوشس کا یا اس کے متعلّق ؛ کنفیوشس کے نظریات یا اس کے مقلّدوں کا یا ان کے متعلّق ۔

Confucian, n. کنفیوشس کا پیرو ۔

Confucianism, n. کنفیوشیت ؛ کنفیوشی مذہب : کنفیوشس کے اخلاقی نظریات جن میں تقویٰ ، عدل اور وفاداری یا نمک حلالی پر زور دیا گیا ہے ۔

Confucianist, n. معتقدِ کنفیوشس ؛ کنفیوشس کا ماننے والا یا کنفیوشس کی تعلیمات میں یقین رکھنے والا ۔

confuse, v.t. گڈ مڈ یا بے ترتیب کرنا ؛ تمیز کے بغیر ہر چیز ایک جگہ پھینک دینا ؛ ابتر ، درہم برہم ، اُوپر تلے کرنا ؛ خلطِ مبحث کرنا ؛ منتشر یا پریشان کرنا ؛ حیران کرنا ؛ شرمندہ کرنا ؛ خجل کرنا ؛ اُلجھانا ؛ درہم برہم کرنا ؛ ہوش بکھیرنا ؛ ہوش بُھلا دینا ۔

confusion, n. تَذبذُب ؛ پرا گندگی ؛ ابتری ؛ گڑ بڑ ؛ انتشار ؛ ایسی حالت جس میں چیزیں پراگندہ یا منتشر ہوں ؛ بے ترتیب ملاوٹ ؛ افراتفری ؛ ہنگامہ ؛ پریشانی؛ برہمی ؛ الجھاؤ ؛ الجھاوا ؛ الجھن ؛ دماغی پریشانی یا پراگندگی ؛ خجالت ؛ شرمندگی ؛ غلط فہمی ؛ شوروغوغا ؛ اختلال ؛ بے ترتیبی ؛ خلط ملط ؛ بوکھلاہٹ ۔

confutation, n. اِبطلال ؛ تردید ؛ غلط ، جھوٹ یا ناجائز ثابت کرنے کا عمل ؛ بطلان ۔

confutative, a. تردیدی ؛ غلط ثابت کرنے کے لیے ترکیب دیا ہوا ۔

confute, v.t. دلیل یا بیان کو دروغ ، خام یا ناجائز ثابت کرنا ؛ رد کرنا ؛ تردید کرنا ؛ بُطلان کرنا ؛ ابطلال کرنا ؛ اُلٹ دینا ؛ استدلال یا ثبوت میں غلطی کا سزاوار ٹھہرانا ۔

conga, n. کانگا : کیوبا کا ایک اجتماعی رقص جو ایک رہنما کے پیچھے لہریا قطار کی صورت میں کیا جاتا ہے ؛ اِس رقص کی موسیقی ۔

conge, congee, n. رخصتی ؛ برطرفی ۔ (فن تعمیر) کھوکھلے سانچے کی ایک قسم ۔

congeal, v.t. جمانا ؛ یخ بستہ کرنا ؛ سردی پہنچا کر یا گرمی دُور کرکے رقیق یا سیّال کو جمانا یا جامد کرنا ؛ گاڑھا کرنا ؛ کسی چیز کے بہاؤ کو روکنا ؛ باندھنا ۔

congeal, v.i. سردی کی وجہ سے سیّال سے جامد ہونا ؛ گاڑھا ہونا ؛ بندھنا ؛ بندھ جانا ۔

congealable, a. قابلِ انجماد ۔

congealment, n. انجماد ؛ عملِ انجماد ؛ یخ بستگی ؛ جماؤ ؛ جمود ۔

congelation, n. انجماد ؛ جماوٹ ؛ بستگی ؛ منجمد ہونے کی حالت ؛ بستہ یا جامد ہونے والی چیز۔

congener, n. ہم جنس ؛ ہم قسم ؛ ہم نوع ؛ ایک ہی قسم یا نوع سے متعلق : پودا یا جانور جو ایک ہی جنس سے متعلّق ہو ؛ ہم اہل ؛ ہم جنسہ۔

congeneric, congenerous, a. ہم جنس ؛ ایک ہی قسم یا درجہ کا ؛ ایک ہی جنس سے تعلّق رکھنے والا ؛ متحد الاصل ؛ ہم وظیفہ ؛ متحد العمل۔

congenial, a. موافق ؛ طبیعت ، مزاج اور احساسات کے اعتبار سے سازگار ؛ ہمدرد ؛ موافق یا پسندیدہ ؛ مل جل کر اور ہم آہنگی کے ساتھ بسر کرنے والے ؛ خوشگوار ؛ ہم مزاج ؛ ہم جنس ؛ سازگار ؛ ملواں ؛ ایک میل۔

congeniality, congenialness, n. سازگاری ؛ ہم آہنگی ؛ موافقت وغیرہ ۔

congenital, a. خلقی ؛ پیدایشی ؛ آبائی ؛ طبعی ؛ مادرزاد ؛ کسی فرد میں پیدایشی طور پر موجود خواص جو موروثی نہ ہوں ؛ پیدایشی بمزاد ۔

conger, conger eel, n. بڑی سمندری بام مچھلی ، کونگر کونگر (Conger conger) ، کبھی کبھی دس فٹ تک طویل ہوتی ہے ، یورپ کے ساحلی علاقوں میں اسے بطورِ غذا استعمال کیا جاتا ہے ؛ جنس کونگری (Congridae) سے متعلق ؛ بام یا بام جیسی دیگر مچھلیاں ۔

congeries, n. (واحد یا جمع) ڈھیر ؛ تودہ ؛ مجموعہ ؛ ذخیرہ ؛ مختلف ذرّوں یا اجسام کا مجموعہ ؛ انبوہ ؛ مجمع ۔

congest, v.t.,v.i. ڈھیر کی شکل میں جمع کرنا ؛ نامناسب مقدار میں اکٹھا کرنا ؛ بہت زیادہ بھر دینا ؛ ٹھس جانا ؛ گنجایش سے زیادہ بھیڑ یا ہجوم ہونا ۔ (امراضیات) جسم کے کسی حصّے کی رگ میں خون کا غیر فطری جماؤ ہونا ؛ اختناق دم ہونا ؛ بھرنا ؛ ٹھس دینا ۔ نامناسب مقدار میں جمع ہونا یا اکٹھا ہونا ؛ جگہ کا پُر ہجوم ہونا ؛ جمع ہو جانا ؛ جماؤ ہونا ۔

congestion, n. یکجا یا انبار ہونے کی حالت ؛ بھیڑ بھاڑ ؛ انجماد ؛ اختناق ؛ کثرتِ آبادی ؛ حبس ۔ (امراضیات) کسی عضو یا عضو کے حصّے میں پانی بھر جانے یا سوجن ہو جانے کی کیفیّت ؛ امتلا ؛ اجتماعِ خون ؛ غلبۂ خون ۔

congestive, a. امتلائی ؛ پُر ہجوم ؛ انجمادی ؛ اختناقی وغیرہ ۔

conglobate, a. انبار گولا ؛ گول ؛ مدّور ؛ بناوٹ میں گیند یا کرۂ سماوی کی طرح گول ؛ ایک ہی تودہ میں جمع ؛ کُرہ نما ؛ غدہ مکبب ؛ کولینہ غدود ۔ (فعل متعدی) جمع کرکے گول بنانا یا گول شکل یا ہیئت بنانا؛ گول شکل دینا ؛ گیند بنانا ؛ گول تودہ بنانا ؛ گولانا ۔ (فعل لازم) گول یا کرہ کی سی ہیئت اختیار کرنا ؛ گولا بننا ؛ گولا ہونا ۔

conglobation, n. تدویر ؛ گول بنانے کا عمل ؛ استدارت ؛ مدوّریت ؛ گول چیز ؛ گولا ۔

conglomerate, v.t. گول ڈھیر یا تودہ کی شکل میں جمع کرنا ؛ ٹھوس مادّہ کی شکل میں ساتھ مِلانا ؛ اجزا کی یکسانیّت یا مناسبت کا خیال کیے بغیر اُن کو جمع کرکے ایک کُل بنانا ؛ گول ڈھیر بنانا ۔ (فعل لازم) گول ڈھیر ہونا ؛ گولا سا بنا ہونا ۔

conglomerate, n. تودہ ؛ کوئی بھی چیز جو مختلف مادّوں یا عناصر سے مل کر بنی ہو ۔ (ارضیات) تحجّر ؛ تراکم ؛ رکمہ ؛ جُڑے ہوئے کنکروں کا تودہ : وہ چٹان جو پانی سے گِھسے ہوئے گول یا بیضوی کنکروں/پتّھروں سے مِل کر بنی ہو ؛ عمدہ سیمنٹ میں مضبوطی سے چسپاں شُدہ شے ؛ بستہ شُدہ بجری کنکر ؛ مختلف صنعتوں کی کئی کمپنیوں پر مشتمل ہیئتِ اجتماعی ۔

conglomerate, a. متراکم ؛ گول تودہ کی شکل میں جمع شُدہ ؛ اس طرح جمع شدہ اجزا کا ؛ گُچّھے دار ۔ (نباتیات) گھنے جُھنڈ کی طرح ۔ (ارضیات) مختلف مادّوں سے ڈھیلے طور پر بستہ یا جُڑا ہوا ؛ تودہ شُدہ ؛ رکمہ ؛ یکجا ؛ پیوستہ ۔

conglomeration, n. رکمہ ؛ تراکم ؛ ڈھیر ہونے کی حالت ؛ تجمع ؛ رکام ؛ وہ اشیا جو ڈھیر میں جمع ہوں ؛ جڑا ہوا ڈھیر ؛ جھنڈ ؛ مختلف اشیا کا اختلاط یا آمیزہ ۔

conglutinate, v.t. باہم چپکانا یا چسپیدہ کرنا ؛ (گوند یا سریش سے) جوڑنا ؛ دوبارہ ایک کرنا ؛ ملانا ؛ پیوستہ کرنا ؛ چسپاں کرنا ۔ (فعل لازم) جُڑنا ؛ چپکنا ؛ چپکانے والے مادّے (گوند یا سریش) کے ذریعہ چسپیدہ ہونا ۔ (صفت) چسپاں ؛ لیس یافتہ ۔ (نباتیات) چپکانے والے مادّے سے چسپیدہ نہ کہ نامیاتی طور پر ؛ چپکواں ۔

conglutination, n. چسپیدگی ۔

Congo color, Congo dye, n. کانگورنگ ؛ کول تاررنگوں (سرخ ، بنفشی یا زرد) کی ایک قسم جس کے استعمال سے روئی یا دیگر ریشوں کو پکا رنگ دینے کے لیے کسی کیمیاوی مادّے یا تیزاب کی ضرورت نہیں پڑتی ۔

Congolese, a. کنگولی ؛ وسطی افریقہ کے مُلک کانگو کی مختلف زبانوں یا لوگوں کا یا ان کے متعلّق ۔ (اسم) کانگو کا پیدایشی یا باشندہ ؛ کانگو میں بولی جانے والی سرکاری زبان ۔

congo snake, Congo eel, n. کانگو سانپ ؛ سانپ کی طرح کا پانی اور خشکی کا جانور جو جنوب مشرقی امریکا میں پایا جاتا ہے ، اس کے اگلے پاؤں چھوٹے اور ہر پاؤں میں کئی انگوٹھے ہوتے ہیں ، اِس کی زیادہ سے زیادہ لمبائی تین فٹ ہوتی ہے ۔

congou, n. کنگو ؛ چین میں پیدا ہونے والی ایک قسم کی کالی چائے ۔

congratulate, v.t. ''مبارک باد'' کہنا ؛ ''مبارک باد'' (یا مبارک بادی) دینا ؛ کسی کی خوش قسمتی یا کامیابی پر اس کی خوشی میں شرکت کا اظہار کرنا ؛ خوشی کے موقع پر تہنیّت پیش کرنا ؛ کسی کے لیے خوشی کی تمنا کرنا ؛ کامیابی پر تعریف کرنا ؛ بدھائی دینا ؛ بدھاوا دینا ۔

congratulant, a. تہنیتی ؛ مبارکباد یا مبارکی سے متعلّق ۔

congratulator, n. مبارک باد دینے والا ؛ تہنیت گزار۔

congratulatory, a. تہنیّتی ؛ مبارک باد کا ۔

congratulation, n. تہنیت ؛ مبارک بادی ؛ مبارک باد ؛ مبارکی ؛ مبارک بادی کا عمل ؛ تہنیت یا مبارکبادی کے لیے استعمال کیے جانے والے الفاظ ؛ بدھائی ۔

congratulations, n. (جمع) شادمانی و خوش قسمتی کے ترجمان مختلف الفاظ ۔

congregate, v.t. اکٹھا کرنا ، مجمع ، انجمن یا مجلس کا؛ عبادت کے لیے جماعت کی صورت میں جمع کرنا ؛ ایک جا کرنا ؛ ذخیرہ کرنا ۔ (فعل لازم) اکٹھا ہونا ؛ جمع ہونا ؛ ملنا ؛ ایک جا ہونا ۔ (صفت) جمع شدہ ؛ اجتماعی شکل میں ؛ اکٹھے ۔

congregative, a. مائل بہ اجتماع ؛ اجتماعی ؛ جمعی ۔

congregativeness, n. رُجحان اجتماعیت ؛ میلانِ اجتماعیت ؛ اجتماعیت پسندی ۔

congregator, n. اجتماع کُنندہ ؛ اکٹھا کرنے والا ؛ جمع کرنے والا ؛ جامع ۔

congregation, n. اجتماع ؛ جلسہ ؛ انجمن ؛ مجلس ؛ سبھا ؛ اکٹھا ہونے کا عمل ؛ جماعت ؛ مجمع ؛ مذہبی عبادت اور ہدایت کے لیے جمع ہونے والے اشخاص کی جماعت ؛ مشترکہ مذہبی عبادت کے مقصد سے اکٹھا ہونے والے اشخاص کا گروہ ؛ تورات کے مطابق بنی اسرائیل ؛ انجیل کے مطابق عیسائی کلیسا یا عبادت گزاروں کا کوئی خاص مجمع ؛ رومن کیتھولک کلیسا کے اساقفہ یا دیگر مذہبی عمائدین کی مجلس ؛ مذہبی برادری یا فرقہ جس کے اراکین کا ایک ہی دستور یا قاعدہ ہو لیکن جو عہد و پیمان کے پابند نہ ہوں ؛ خانقاہوں کی جماعت ؛ جمعیت ؛ مذہبی مجمع ۔

congregational, a. اجتماعی ؛ باجماعت ؛ جماعت یا جماعت کا اختیار تسلیم کرنے سے متعلّق ۔ (بڑے C کے ساتھ) خود مختاری کلیسائی نظام ؛ کلیسا کے ایسے نظام حکومت کے متعلّق / تحت جس میں عبادت گزاروں کی ہر جماعت یا ہر گرجا آزاد و خود مختار ہوتا ہے لیکن دیگر ہم مذہب جماعتوں یا گرجاؤں سے برادرانہ تعلقات قائم رکھتا ہے ۔

Congregational Christian, a. ایک عیسائی فرقہ کے متعلق جو ۱۹۳۱ میں کانگریگیشنل چرچ اور کرسچین چرچ کے انضمام سے امریکا میں وجود میں آیا ۔

congregationalism, n. خودمختار کلیسا ؛ انفرادی جماعتوں/گرجاؤں کے ذریعے کلیسائی حکومت کا اصول ۔ (بڑے C کے ساتھ) کلیسائی خودمختاریت ؛ کانگریگیشنل یا خودمختار گرجاؤں کا نظام حکومت اور نظریہ ۔

congregationalist, n. کلیسائی خود مختار حکومت کا حامی ۔ (بڑے C کے ساتھ) کانگریگیشنل فرقہ کا رکن ۔

congress, n. کانگریس ؛ مجلس انجمن ؛ سبھا ؛ مؤتمر ؛ اکٹھا ہونے کا عمل ؛ آمنا سامنا ؛ انٹرویو یا ملاقات ؛ جنسی جماع ؛ سماجی میل جول ؛ مشترکہ مفاد کے کسی معاملہ پر گفتگو/بحث کے لیے نمائندوں کا باقاعدہ اجلاس ؛ قومی قانون ساز جماعت خصوصاً جمہوری حکومت کی ۔ (بڑے C کے ساتھ) امریکی پارلیمان ؛ امریکا کی قومی مقنّنہ یا منتخب قانون ساز جماعت جو سینٹ اور ایوان نمائندگان پر مشتمل ہے اور دو سال تک قائم رہتی ہے (جیسے : 60th Congress) ۔

congressional, a. مجلسی ؛ کانگریس کا یا کانگریس سے متعلق ۔ (بڑے C کے ساتھ) ریاستہائے متحدّہ امریکا کی کانگریس کا یا اس کے متعلّق ۔

congress boot, n. فُل بوٹ : اونچا جوتا جو دونوں طرف سے نرم اور لچکیلا ہوتا ہے ، ایسے جوتے اُنیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں عموماً پہنے جاتے تھے ۔

congressional district, n. (حکومت امریکا) وفاقی اضلاع میں منقسم ریاست کا ایک ضلع ، جسے انتخابی حیثیّت حاصل ہوتی ہے اور اس کا ایک منتخبہ رُکن ایوان نمائندگان میں ہوتا ہے ۔

Congressional Medal of Honour, n. اعزازی تمغہ ؛ تعظیمی تمغہ ۔

Congressional Record, n. امریکی کانگریس کی کارروائیوں کا ریکارڈ جو کانگریس کے دورانِ اجلاس روزانہ شائع ہوتا ہے ۔

congressman, n. (عموماً بڑے C سے) رکن کانگرس ؛ امریکا کی کانگریس کا رُکن ، خصوصاً ایوان نمائندگان کا ممبر ، مرد یا عورت ۔

congruence, congruency, n. مناسبت (باہمی) ؛ ایک شخص کی دوسرے شخص سے مناسبت ؛ موافقت ؛ تماثل ۔ (ریاضی) یہ بیان کہ دو اعداد ایک دوسرے سے متجانس یا متوافق ہیں ؛ مطابقت ؛ توافق ؛ سنجوگ ؛ تطابق ۔

congruent, a. مطابق ؛ موافق ؛ موزوں ؛ مناسب ؛ منطبق ۔ (جیومیٹری) ایسی اشکال کے متعلّق جو ایک دوسرے پر منطبق ہو جائیں اور تمام اطراف سے برابر ہوں (جیسے : congruent circles) ۔ (ریاضی) ایسے اعداد کے حوالے سے جنھیں اگر ایک ہی عدد سے تقسیم کیا جائے تو باقی بچنے والے اعداد ایک جیسے ہوں ؛ مماثل ؛ متجانس ؛ متوافق ۔

congruity, n. موافقت ؛ مطابقت ؛ موزونیّت ؛ مناسبت ؛ مجانست ؛ موافق یا مطابق ہونے کی حالت ؛ چیزوں کے درمیان موافقت ؛ موزونیت یا مطابقت ؛ اجزا کی ہم آہنگی ۔ (جیومیٹری) ایک دوسرے پر رکھنے سے ٹھیک ٹھیک یا مکمّل تطبیق کی حالت ؛ مجانست ؛ تجانس ؛ انطباق ۔

congruous, a. مطابق ؛ موافق ؛ متجانس ؛ مناسب ؛ موزوں ؛ کردار یا خصوصیات میں ایک دوسرے سے موافق یا ہم آہنگ ؛ ہم صدا ؛ غیر متناقض ؛ اجزا یا حصّوں کے درمیان مناسبت ۔ (جیومیٹری) مطابق یا تطبیق والے ؛ موزوں ؛ متطابق ۔

congruousness, n. مطابقت ؛ موافقت ؛ مجانست ؛ موزونیت ؛ مناسبت ۔

conic, a. مخروطی ؛ تکونی ؛ مخروط کی شکل کا ؛ اس کے متعلق یا اُس کی طرح ۔ (جیومیٹری) (اسم) مخروطی خط ؛ مخروط ؛ مخروطی شکل ۔

conical, a. مخروط کی ہیئت کا ؛ گاؤ دم ۔

conicalness, n. مخروطیت ۔

conics, n. علمِ مخروطات : ریاضی کی شاخ جو قطعاتِ مخروطی یعنی قطع ناقص، قطعِ زائد (ہذ لولی) اور قطع مکافی سے بحث کرتی ہے ۔

conic section, n. (ریاضی) قطع مخروطی : تراشِ مخروطی ، ایک نقطہ کا حیّز یا لوکس جو منحنی خط بناتے ہوئے اِس طرح گھومتا ہے کہ مقررہ

نقطۂ ماسکہ (فوکس) سے اِس کے فاصلے اور ایک مقررہ خطِ مستقیم یعنی مرتّب سے اِس کے فاصلے کے درمیان تناسب نہیں بدلتا ، یہ غیر متبدّل تناسب خروج المرکز کہلاتا ہے ، قطع ناقص اور قطعِ زائد اِس کی مثالیں ہیں ۔

conidium, n. خاکچہ ؛ غُبیرہ ؛ فطرات میں افزایش نسل کرنے والا جسم یا خلیہ جو اپنے منبع اور اعمال کے اعتبار سے ناجنس ہوتا ہے ۔

conidial,conidian, a. غبیری ؛ خاکچی ۔

conifer, n. نوعِ صنوبر : صنوبر کی قسم کا پودا ، سدا بہار درختوں اور جھاڑیوں میں سے کوئی ایک جیسے صنوبر ، سرو اور چیڑ وغیرہ اور دیگر مخروطی شکل کے درخت ۔

coniine, conin, conine, n. قونن : زہر شوکران ؛ ایک نہایت زہریلی اور بخار بن کر اڑنے والی نباتاتی القلی جو شیکران کے تلخ زہر کا خاص عنصر ہوتی ہے ۔

conium, n. قونیون ؛ قونیوم ؛ شیکران زہر : اس پودے کا مرکب جو دوا بنانے کے کام آتا ہے ؛ شوکران ۔

conjectural, a. قیاسی ؛ خیالی ؛ اٹکل پچّو ؛ قیاس کے متعلق یا قیاسی نوعیّت کا ؛ جس میں قیاس کا دخل ہو ؛ پیچیدہ ؛ مشتبہ یا متنازع صحت کا ؛ قیاس یا اٹکل کا عادی ؛ حدسی ؛ احتمالی ۔

conjecture, n. قیاس یا اخذ کیا ہوا نتیجہ جو کسی مفروضہ یا ضعیف روایت/کمزور شہادت پر مبنی ہو ؛ رائے جو ناکافی یا قیاسی شہادت پر مبنی ہو ؛ قیاس ؛ ظن ؛ اندازہ ؛ حدس ؛ احتمال ۔

conjecture, v.t. قیاس کرنا ؛ خیال دوڑانا ؛ اٹکل پر چلنا ؛ ناکافی یا غیر معتبر وجوہ/شواہد کی اس بُنیاد پر کوئی بات فرض کر لینا یا کوئی نتیجہ اخذ کرنا ۔ (فعل لازم) قیاس آرائی کرنا ؛ قیاس دوڑانا ۔

conjoin, v.t. جوڑنا یا جوڑ کر ایک کرنا ؛ ساتھ مِلانا ؛ پیوست کرنا ۔ (فعل لازم) جُڑ جانا ؛ متحد ہو جانا ۔

conjoint, a. جُڑواں ؛ جُڑا ہُوا ؛ مِلا ہوا ؛ متحدہ ؛ مشترکہ ؛ دو یا دو سے زیادہ جُڑی ہوئی چیزوں سے بنا ہوا یا ان کے متعلّق ؛ ملزوم ؛ مقرون ؛ متحد ۔

conjugal, a. ازدواجی ؛ بیاہ کا ؛ نکاحی ؛ بیاہ کے متعلق یا بیاہ کی نوعیت کا ؛ زنا شوئی ؛ زوجین یا زن و شوہر کے درمیان تعلقات کے بارے میں ؛ زواجی ۔

conjugality, n. ازدواجیّت ؛ زواجیّت ۔

conjugant, n. ازدواجی جنسی خلیوں یا نامیوں کے جوڑے کا ایک خلیہ یا نامیہ ۔

conjugate, v.t. (گرامر) فعل کی گردان کرنا ۔ (فعل لازم) (حیاتیات) ازدواج میں جُڑنا یا مِلنا ؛ مواصل ہونا ۔ (اسم) (گرامر ، علم بیان) ایک ہی مادّے سے مشتق الفاظ ؛ مشتقات ۔

conjugate, a. جُفتہ ؛ مُزدوج ؛ ہم مادّہ ؛ مقرون ؛ جُڑے ہوئے یا اِس طرح عمل پیرا کہ گویا جڑے ہوئے ہوں ، جیسے کہ ایک جوڑا ہوتا ہے ؛ جوڑا ۔ (گرامر) مشترکہ مادّہ یا مآخذ رکھنے والے (مشتق الفاظ) ۔ (نباتیات) جوڑے کی شکل کا ، جیسے پردار پتّا ۔ (ریاضی) اِس طرح باہم متعلّق جیسے دو نقطے یا مقداریں جنھیں بعض خصوصیات کے اعتبار سے آپس میں بدلا جاسکے ؛ جوڑدار ؛ جُفت ؛ جُفتہ ؛ زوجی ؛ عقبی ؛ زوج ۔

conjugateness, n. زوجیت ؛ مواصلت ؛ وصل ؛ عقبی قطر ۔

conjugated protein, n. لحمیہ مرکّب : ایک مرکب جو لحمیہ اور غیر لحمیہ کو ملا کر بنایا جاتا ہے جیسے ہوموگلوبین ۔

conjugation, n. مواصلت ؛ ملاپ ؛ تزویج ؛ جُڑائی ؛ پیوند ۔ (گرامر) فعل کی گردان : ایسے افعال کی قسم جن کی گردان ایک ہی طریقہ سے کی جائے ؛ فعل کی گردانی صورتوں کی معینہ ترتیب میں پیشکش ۔ (حیاتیات) دو جنسی خلیوں کا وصل ؛ روئیں دار نُخ، حوینی کا عارضی وصل جس میں مرکزائی مادّے کا تبادلہ ہوتا ہے ؛ سنجوگ ؛ تزوّج ؛ پیوستگی ؛ تصریف ؛ گردان ؛ تربیط ؛ جفتگی ۔

conjunct, a. جُڑے ہوئے ؛ جُڑواں ؛ آپس میں مِلے ہوئے ؛ جوڑ کے ذریعہ بنائے ہوئے ؛ مقرون ؛ مجتمع ۔ (اسم) (منطق) دو جملوں/شرطوں پر مشتمل مخلوط بیان میں ، کوئی ایک جملہ / شرط ۔

conjunction, n. وصل ؛ جوڑ ؛ اتصال ؛ صحبت ؛ ساتھ ؛ میل ؛ تلازم ۔ (فلکیات) کسی سیّارے کا وہ مقام جب وہ زمین یا کسی اور سیّارے اور سورج کے ساتھ ایک ہی قطار میں ہوتا ہے ؛ دواجرامِ فلکی کا قِران ۔ (گرامر) حروفِ عطف یا ایسے الفاظ کا کوئی گروہ (جیسے : and, but, because) جو جملہ میں لفظوں ، جملوں یا فقروں کو مربوط اور ان کے درمیان تعلق قائم کرتے ہیں ؛ مقرون ؛ قِران ؛ اجتماع ؛ اجتماعیت ؛ جمعیت ؛ حرفِ عطف ؛ جفتی ؛ مجامعت ۔

conjunctiva, n. (تشریح الاعضا) آنکھ کی جھلّی (یا ملتحمہ) جو پپوٹوں کی اندرونی سطح پر اور پُتلی کے اوپر چھائی ہوئی ہوتی ہے ۔

conjunctive, a. مربوط ؛ واصلی ؛ جوڑنے والا ؛ مِلانے والا ۔ (گرامر) واصل ؛ عطفی ؛ رابط ؛ عطف کا یا عطف سے مماثِل ؛ عطفی یا واصلی متعلقات فعل ۔ (جیسے : moreover, yet) کی طرح واصِل یا رابط ؛ فعل کا ضمنی رابط ؛ واصل ؛ موصل ؛ عاطف ؛ عطفیہ ۔

conjunctively, adv. واصلانہ ؛ عطفیانہ ۔

conjunctivitis, n. آشوبِ چشم ؛ پپوٹوں کی جھلّی کا ورم ؛ ورمِ ملتحمہ ؛ سوزشِ ملتحمہ ؛ التہابِ ملتحمہ ۔

conjuncture, n. نازک وقت ؛ حالات یا معاملات کا اجتماع ؛ خصوصاً نازک وقت جو حالات کے اِتّصال سے پیدا ہو ؛ معاملات کا بحران ۔

conjuration, n. قسم کے ذریعہ پابند کرنے یا ہونے کا عمل ؛ استدعا (قسم دے کر) ؛ حلف ؛ جادُو ؛ منتر ؛ ٹونا ٹوٹکا ۔

conjure, v.t. دُہائی دینا ؛ مقدّس نام لے کر بلانا ؛ واسطہ دلا کر کہنا ؛ بقسم کہنا ؛ حلف دینا ؛ سوگند دینا ؛ التجا کرنا ؛ مِنّت سماجت کرنا ؛ افسوں یا سحر کرنا ؛ حاضرات کرنا ؛ روح یا بُھوت بُلانا ؛ مؤکل بُلانا ؛ قسم دینا ۔ (فعل لازم) جن ، بُھوت پریت کے عملیات یا منتروں کا کیا جانا ؛ جادو کا استعمال میں لانا ؛ شُعبدہ باز ہونا ۔

conjurer, conjuror, n. جادوگر ؛ عامل ؛ شعبدہ باز ؛ ہاتھ کی صفائی دکھانے والا ۔

conk out, v.i. (عوامی) بیہوش ہو جانا ؛ غش کھا جانا ؛ مشین (مثلاً موٹر کار) کا بند یا خراب ہو جانا ۔

con man, n. (عوامی) بھیدی ؛ بھروسے کا آدمی ؛ رازدار ؛ ہمراز ؛ دھوکا دینے والا ؛ دغا باز ۔ نیز دیکھیے : confidence man ۔

connate, a. بہم رُستہ ؛ پیدائشی ؛ ساتھ پیدا ہونے والے یا ساتھ تخلیق ہونے والے ؛ جڑواں ؛ توام ؛ ہم مزاج یا ہم طبیعت۔ (حیاتیات) متحد فی الاصل ، جسمانی طور پر پیدائشی جڑواں یا توام ؛ پیوست رُستہ ۔

connatural, a. طبعی ؛ طبعاً یا فطرتاً ایک دوسرے سے مُتعلّق ؛ طبعی ؛ خلقی ؛ ہم فطرت ؛ ہم مزاج ؛ ذاتی ؛ ہم فطرت ۔

connaturally, adv. فطری طور پر ؛ فطرتاً ؛ طبعاً ۔

connect, v.t. دو چیزوں کو اکٹھا باندھنا یا گانٹھنا ؛ جوڑنا یا ملانا ؛ منسلک کرنا ؛ لگانا ؛ دو اشخاص یا مقامات کے درمیان ابلاغ یا مواصلت قائم کرنا ؛ کسی سے مواصلت پیدا کرنا ؛ تعلق یا سلسلہ پیدا کرنا ؛ قریب ہونا یا دوستی کرنا ۔ (فعل لازم) متعلّق ہونا ؛ جُڑنا یا ملنا ؛ مواصلت میں ہونا ؛ واصل ہونا ؛ مقررہ اوقات میں چلنے والے ہوائی جہازوں یا ریل گاڑیوں کا ایسے وقت پر پہنچنا کہ مسافروں کو ناجائز تاخیر کے بغیر مطلوبہ مقامات کے لیے ہوائی جہاز/ریل گاڑیاں مِل جائیں ۔

connectable, connectible, a. مل سکنے والا ؛ اتحاد پذیر ؛ قابلِ تعلّق ؛ لائقِ مواصلت وغیرہ ۔

connector, connecter, n. ملانے والا ؛ مواصل ۔

connected, a. بندھا ہُوا ؛ باندھا ہوا یا گانٹھا ہوا ؛ جُڑا ہوا ؛ مسلسل ؛ مربوط ؛ ترتیب یا تسلسل سے۔ مربوط الفاظ یا خیالات ؛ مِلائے ہُوئے ۔

connectedly, adv. بندھے بندھے ؛ مِلے مِلے ؛ ربط کی صورت میں ۔

connectedness, n. رابطہ؛ تعلّق ؛ تسلسل ۔

connecting rod, n. واصل ڈنڈی ؛ چھڑ/سَریا جو متحرک حصّوں کو جوڑنے کا کام دے ، خصوصاً جو بخاری انجن یا گیس انجن میں دستۂ فشارہ (پسٹن راڈ) کو توانائی یا حرکت منتقل کرنے کے کام آئے ؛ جوڑ ڈنڈی ؛ واصل سلاخ ۔

connection, (Brit.), connexion, n. تعلّق ؛ سلسلہ ؛ جوڑ ؛ رشتہ ؛ جوڑنے کا عمل یا جُڑے ہُوئے ہونے کی حالت ؛ میل یا ملاپ (ریل کا جنکشن) ؛ وصل ؛ مناسب ترتیب یا تسلسل سے الفاظ یا خیالات کا ربط ؛ سیاق و سباق کا تعلّق ؛ مواصلت ؛ مصاحبت ؛ شرکت ؛ جنسی تعلّق ؛ کوئی بھی جوڑنے یا مربوط کرنے والی چیز ؛ بندھن ؛ جوڑ یا جوڑنے والا حصّہ ؛ وہ شخص جو ازدواج یا خاندان کی بنیاد پر دوسروں کا رشتہ دار ہو ؛ ایسے افراد کی جماعت جو سیاسی یا مذہبی بندھنوں کے باعث مربوط ہوں ؛ مذہبی فرقہ ؛ مواصلات کے وسائل کا مقامِ اتصال جہاں سے مسافر زیادہ تاخیر کے بغیر دوسرے مقامات کو لے جانے والے ہوائی جہاز یا ریل گاڑی پر سفر کر سکتے ہیں ؛ علاقہ ؛ عطفہ ؛ ہم بندی ؛ سلسلہ بندی ۔

connective, n. واصل ؛ کوئی بھی جوڑنے یا ملانے والی چیز۔ (گرامر) عطفی : وہ لفظ جو الفاظ ، فقرات ، ذیلی جُملوں یا جُملوں کو مربوط کرنے کے لیے بطور عطف استعمال کیا جائے ؛ ربط ساز ؛ رابط ۔

connectivity, n. ربط سازی ؛ وصل ؛ واصلیت ؛ ارتباط ؛ وصلی سلسلہ ۔

connective, a. ربط ساز ؛ جوڑنے کی قُوّت کا حامل ؛ مائل بہ ربط ؛ واصل ؛ رابط ؛ توصیلی ؛ واصلی ۔

connective tissue, n. واصلی بافت ؛ نسیج موصل : وہ نسیج جو دوسرے نسیجوں اور اعضا کو جوڑتا اور مستحکم کرتا ہے یا انہیں اپنی لپیٹ میں لیے ہوتا ہے ، ایسے نسیج مختلف شکلوں میں پُورے جسم میں جا بجا پائے جاتے ہیں ؛ بافتِ ملتحمہ ؛ توصلی بافت ؛ ربطی بافت ؛ نسیجِ واصل ۔

conning tower, n. منظر برج : جنگی جہاز پر ایک نیچا ، مُدوّر اور مسلّح کمرہ جس میں مقابلہ کے وقت کپتان دار بیٹھتا ہے ؛ آبدوز کشتی کا دیدبانی مینار جو آبدوز کے دروازے کا بھی کام کرتا ہے ۔

conniption,conniption fit, n. (بول چال) ہسٹریا یا اختناق الرحم کا دورہ ؛ شِدّتِ جذبات کا یا مجنونانہ دورہ ۔

connivance, connivence, n. چشم پوشی ؛ اغماض ؛ بناوٹی بے خبری یا غلط کام کی درپردہ ہمّت افزائی ۔

connive, v.i. چشم پوش ہونا ؛ اغماض برتنا ؛ قصور یا غلط کام کو نظر انداز کر دینا اور چپ چپاتے یا علم میں لائے بغیر ہونے دینا (ان معنوں میں connive کے بعد عموماً at آتا ہے) ؛ دوسرے لوگ جس بات کے خلاف ہوں اس کے لیے ہمدردی رکھنا (ان معنوں میں بھی connive کے بعد عموماً at آتا ہے) ۔

connivent, a. (حیاتیات) راجع یا مائل بہ مرکز جیسے پھول کی پنکھڑیاں ۔

connoiseur, n. نقّاد ؛ فنون کا مبصر ؛ نکتہ رس ؛ دقیقہ شناس ؛ فن ، خصوصاً فنون لطیفہ اور خوش ذوقی کے معاملات میں صائب الرّائے مُبصّر ۔

connoiseurship, n. پَرکھ ؛ نکتہ رسی ؛ دقیقہ شناسی ؛ ذوقِ سلیم ۔

connotation, n. تعبیر ؛ لفظی معنی کے علاوہ کسی لفظ یا فقرے کا تعبیری یا اشارتی مفہوم ۔ (منطق) تضمین ؛ تضمن ؛ کسی اصطلاح کے لیے ضروری خیال کی جانے والی صفات کا مجموعہ ؛ اشارہ ضمنی ؛ تضمین ؛ مفہوم ۔

connotative, a. مرادف ؛ تعبیری ؛ متضمن ؛ تضمینی ۔

connote, v.t. ثانوی یا اضافی معنی دینا ؛ اصلی کے ساتھ اضافی یا تعبیری مفہوم دینا ؛ پہلو نکالنا یا نتیجہ اخذ کرنا ؛ شرط یا لازمہ کے طور پر شامل کرنا ۔

connubial, a. شادی بیاہ کے متعلّق ؛ عروسی ؛ ازدواجی ۔

connubiality, n. زوجیّت ؛ ازدواجی ہونے کی حالت ؛ عروسیّت ۔

connubially, adv. ازدواجی طریقے سے ؛ میاں بیوی کی حیثیت سے ۔

conoid, a. مخروطی ؛ ہیئت میں مخروطہ سے مشابہ ؛ صنوبری ؛ گاؤ دم ؛ مخروط نُما ۔ (اسم) مخروط ؛ ٹھوس اقلیدسی شکل جو تراشِ مخروطی کے اپنے کسی ایک محور پر گھومنے سے بنتی ہے ؛ اقلیدسی سطح جو ایک خطِ مستقیم کے اس طرح حرکت کرنے سے بنتی ہے کہ وہ ایک ساکن خطِ مستقیم اور ایک ساکن خطِ منحنی کو چھو رہا ہو اور ایک دوسری سطح کے متوازی ہو ؛ کوئی بھی چیز ، مثلاً بندوق کا کارتوس ، جو مخروط شکل سے مشابہ ہو ۔

conoidal, a. مخروطہ کے متعلّق یا مخروطہ کی ہیئت کا ؛ مخروطی شکل سے مشابہ ۔

conquer, v.t. فتح کرنا ؛ زیر کرنا ؛ غالب آنا ؛ جیتنا ؛

تسخیر کرنا ؛ سر کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ حاصل کرنا ؛ اسلحہ (یا مسلح افواج) کے زور سے حاصل کرنا ؛ جنگ میں جیتنا ؛ کوشش کر کے لینا یا حاصل کرنا ؛ طاقت سے قابو پانا یا مغلوب کرنا ؛ غلبہ پانا یا مطیع کرنا ؛ شکست دینا ؛ کسی پر فتح حاصل کرنا ؛ مسخرّ کرنا ؛ دام میں لانا ۔ (فعل لازم) مفتوحہ بنانا ؛ شکست دینا ۔

conquerable, a. قابلِ فتح ؛ قابلِ تسخیر ۔

conqueror, n. فاتح ؛ فتح مند ؛ ظفریاب ؛ غالب ؛ مُظفّر ؛ منصور ؛ جیتنے والا ؛ تسخیر کرنے والا ۔

conquest, n. فتح ؛ فتح یا تسخیر کرنے کا عمل ؛ حصول بہ زور ؛ غلبہ ؛ ظفر ؛ نصرت ؛ تسلط (کسی ملک پر) ؛ محبت یا مہربانی کا تغلّب ؛ تسخیر ؛ مفتوح یا مغلوب ؛ ملکِ مفتوحہ ؛ وہ شخص جو کسی کے عشق میں گرفتار ہو ؛ کُشتۂ محبّت ؛ ظفر مندی ۔

conquian, n. تاش کا ایک کھیل جو دو کھلاڑی کھیلتے ہیں اور جس میں ایک ہی درجہ (مثلاً اکّہ ، نہلا وغیرہ) کے تین یا چار تاشوں کے سیٹ بنائے جاتے ہیں یا رمی کی طرح ایک ہی رنگ (suit) کے تین یا تین سے زیادہ تاشوں کو تسلسل سے درجہ بدرجہ لگایا جاتا ہے ۔

conquistador, n. فاتح ، خصوصاً وہ ہسپانوی فاتح جنھوں نے سولہویں صدی عیسوی میں میکسیکو اور پیرو فتح کیے تھے ۔

consanguine, a. ہم خون ؛ ہم خاندان ؛ ہم نسب ؛ ہم جد ؛ قریبی ؛ قرابتی ۔ (اسم) ایک ہی ماں باپ یا جدّامجد کی اولاد ؛ خون کے رشتہ سے یا ایک ہی جد کی اولاد ہونے کی وجہ سے رشتہ دار ؛ ہم نسبی ؛ یک جدی ۔

consanguineous, a. ہم خون ؛ پیدایشی رشتہ دار ؛ ہم خاندان ؛ خونی رشتہ کے متعلّق ؛ مشترکہ جد ہونے کے سبب رشتہ دار ؛ ہم نسب ؛ یک جدی ؛ قرابتی ۔

consanguinity, n. عزیز داری ؛ قرابت ؛ یگانگت ؛ ہم خون ہونے کی حالت ؛ ہم خاندانی ؛ رشتہ داری ؛ خونی تعلّق ۔ (مجازاً) تعلق ؛ قرابت ؛ برادری ؛ یگانگت ؛ ہم نسبی ۔

conscience, n. ضمیر ؛ عمل اور نیت کے متعلق نیک و بد ، صحیح و غلط یا اچھے بُرے کی اخلاقی تمیز ؛ ایمان ؛ باطن ؛ شعور ؛ آگہی ؛ فرد کی وہ باطنی قُوّت جو اس کے عمل و نیت کی اخلاقی حیثیّت پر فیصلہ صادر کرتی ہے اور اخلاقی قانون کی پابندی کے لیے تاکید کرتی ہے ؛ ایمان داری ؛ تدیُّن ؛ راست بازی ۔ (نفسیات) ماورانی ذات ، خودی یا ایغو کا ایک حصّہ ؛ اپنے دل کی گواہی ۔

in all conscience, تمام تر معقولیت اور انصاف کی رو سے ؛ پوری سچائی کے ساتھ ؛ یقینی طور پر۔

conscience clause, n. ضمیری دفعہ ؛ استثنا بربنائے ضمیر ؛ ایسی ذیلی دفعہ جو ضمیر یا مذہب کی بنیاد پر کسی قانون یا ایکٹ کی پابندی سے انکار کرنے والوں کو استثناً فراہم کرنے والوں کے لیے اس میں شامل کی جائے ۔

conscience money, n. کفّارہ ؛ ضمیر بہا ؛ زرِ ایمان ؛ ذمّہ داریوں سے انحراف یا عدم ادائیگی فرض کے بدلے ، اپنے ضمیر کی خلش مٹانے کے لیے ، ادا کی جانے والی رقم ۔

conscientious, a. باضمیر ؛ متقی ؛ ایمان دار ؛ بااصول ؛ سچّا ؛ انصاف پسند ؛ صاحب ضمیر ؛ متدیّن ؛ راست باز ؛ دیانت دار ؛ ضمیر کے اثر میں رہنے والا ؛ ضمیر کی ہدایت یا نیک و بد میں تمیز کے رائج اصولوں پر سختی سے عمل کرنے والا ؛ سختی سے دیانت داری کے اصول کا پابند یا اس کے مطابق کام کرنے والا ؛ محنتی ؛ حق شناس ؛ ہوشیار ۔

conscientiousness, n. باضمیری ؛ ایمان داری ؛ تقویٰ ؛ تدیّن ؛ راست بازی ؛ دیانتداری ؛ حق شناسی ۔

conscientious objector, n. محتاط معترض ؛ باضمیر معترض ؛ وہ شخص جو اخلاقی عذر/احتیاط/پس و پیش کی بنا پر کسی کام سے انکار کرے یا کسی طریق کار/قانون کی پابندی سے منکر ہو ؛ خصوصاً وہ شخص جو جنگ کے دوران قومی فوج میں بھرتی ہونے سے مذہبی یا اخلاقی اصولوں کی بُنیاد پر انکار کرے ؛ محتاط منکر ۔

conscious, a. صاحبِ شعور ؛ صاحبِ احساس ؛ آگاہ ؛ واقف ؛ ہوش مند ؛ باشعور ؛ باخبر ؛ وہ شخص جو داخلی طور پر اپنے وجود ، جذبات اور خیالات یا خارجی اشیا اور حالات سے باخبر ہو ؛ دماغی طور پر چُست یا (ہوشمند) مستعد ؛ شعور کا حامل ؛ اپنے اعمال سے آگاہ ؛ سمجھ دار ؛ خود آگاہ ؛ کبھی کبھی دانستہ یا بالارادہ ؛ ضرورت سے زیادہ اپنی ذات پر متوجّہ ؛ متوجّہ بالذّات ؛ اپنی ذات کی اہمیّت کا (نامناسب) اظہار کرنے والا ۔

conscious, n. شعور ؛ حیات ذہنی کا اعلیٰ درجہ جو شعور و آگہی سے عبارت ہے ؛ وقوف ؛ واقفیّت ؛ جان کاری ؛ علم ؛ خبر ؛ گیان ۔

consciousness, n. شعور ؛ احساس ؛ آگاہی ؛ گیان ؛ جانکاری ؛ وقوف ؛ علم ؛ باشعور یا آگاہ ہونے کی حالت ؛ کسی چیز کی داخلی حسیّت ؛ ذاتی وجود ، حسیّات اور معلومات کا وقوف ؛ مجموعی طور پر ایک فرد یا عوام کے اوسط خیالات اور احساسات (جیسے : The moral consciousness of a nation) ؛ قوائے ذہنی کا عمل (جیسے : to regain consciousness after fainting) ۔

consciousness-expanding, a. واسعِ شعور ؛ شعور کی وُسعت ؛ ذہنی بصیرت اور آگاہی کو بڑھانے والی (جیسے : LSD is a consciousness expanding drug) ۔

conscript, n. بیگار کا سپاہی ؛ زبردستی بھرتی کیا ہُوا ؛ جبری بھرتی کیا ہُوا ؛ لام بندی کے ذریعے بھرتی کیا ہُوا شخص ۔

conscript, a. داخل کیا ہوا ؛ زبردستی بھرتی کیا ہوا ۔ (فعل متعدی) کارِ خاص (فوجی خدمت) کے لیے متعیّن کرنا ؛ فوجی خدمات کے لیے زبردستی یا قانوناً لازمی قرار دے کر بھرتی کرنا ؛ لام بندی کرنا ؛ جبراً رعیّت کو سپاہی بنانا یا فوج میں بھرتی کرنا ۔

conscript fathers, n. (جمع) اراکین مقنّنہ ؛ روم کی سینٹ (مقننہ) کے اراکین کا لقب ؛ کسی بھی قانون ساز مجلس یا مقننہ کے اراکین ۔

conscription, n. جبری بھرتی ؛ جبری خدمت ؛ اِجبار خدمت ؛ بری یا بحری فوج میں ایک خاص عمر کے مردوں کی لازمی بھرتی ؛ کار خاص یا عسکری خدمت کے لیے قانوناً لازمی تقرر ؛ جنگ کے دوران حکومت کی طرف سے (چندہ کی) جبری وصولی ۔

consecrate, v.t. بعض مذہبی رسوم کے ذریعہ مقدّس بنانا یا مقدّس ہونے کا اعلان کرنا ؛ مذہبی یا مقدس کاموں کے لیے تصرف میں لے آنا ؛ وقف (مذہبی) کرنا ؛ کسی دینی کام کے لیے موسوم یا مخصوص کرنا ؛ دیوتاؤں یا اولیا میں شامل کرنا ؛ اولیا کی فہرست میں باقاعدہ

داخل کرنا ؛ اسقفی رتبہ دینا ؛ مذہبی رسوم کے ساتھ باضابطہ وقف کرنا ؛ تعظیم و تکریم کے لائق قرار دینا ؛ قابل عزّت بنانا ؛ مقدّس بنانا ؛ متبرک ٹھہرانا ۔

consecrative, a. مقدّس ؛ متبرک ؛ وقف کیا ہوا ؛ نذر کیا ہوا ؛ مُسقف ۔

consecrator, n. مقدّس بنانے والا ؛ وقف کُنندہ ؛ نذر دہندہ ؛ بارک ؛ مُسقِف ۔

consecratory, a. وقف سے متعلّق ؛ موقوفہ ؛ وقف ؛ موسومہ ؛ نذر کردہ ؛ متبرک ؛ اسقفی ۔

consecration, n. تقدیس ؛ عام استعمال سے نکال کر مقدّس یا مذہبی کاموں کے لیے وقف کرنے کا عمل/رسم/تقریب ؛ مذہبی رسوم کے ذریعے خدا کی خدمت یا پرستش کے لیے کسی شخص یا چیز کی توقیف ؛ ہدیہ ؛ نذر ؛ انتساب ؛ پادری کو اُسقف کے رتبہ پر ترقی دینے کی تقریب؛ جماعتی نماز/دعا سے عشائے ربّانی کی نان و شراب کی تقدیس ۔

consecution, n. تسلسُل ؛ تواتر ؛ منطقی نتیجہ ؛ پیشرو کی جگہ پر آنا یا جانشینی ؛ توالی ۔

consecutive, a. متوالی ؛ سلسلہ بند ؛ سلسلہ وار ؛ متواتر ؛ لگاتار ؛ مسلسل ؛ وقفہ یا رکاوٹ کے بغیر ایک کے بعد ایک ؛تسلسل یا دوران میں خلل کے بغیر؛ ایک کے بعد ایک منطقی نتیجہ کا ۔ (گرامر) نتیجہ یا جزا کا مظہر ، (جیسے : a consecutive clause) ۔

consecutive points, n. (جمع) (ریاضی) خطِ منحنی کی ایک ہی شاخ پر ایک دوسرے سے بہت نزدیک واقع دو یا دو سے زیادہ نُقطے ؛ متسلسل نقاط ۔

consecutively, adv. لگاتار ؛ ایک دوسرے کے بعد ؛ سلسلے وار ؛ مسلسل ؛ پے در پے ؛ علی التواتر ؛ علی الاتصال ۔

consecutiveness, n. تواتر ؛ تسلسل ؛ توالی ۔

consensual, a. ہم اضطراری ؛ رضامندی یا منظوری سے بنایا ہُوا یا موجود ۔ (فعلیات) ارادی حرکت کے ساتھ عضو کی غیر ارادی یا اضطراری حرکت کے متعلّق جیسے روشنی کے سامنے آنکھ کھولتے ہوئے پردۂ چشم کی ترخیم ۔ (نفسیات) شعوری احساس کے نتیجے میں اضطراری عمل کے متعلّق ؛ ہم احساس ؛ متوافق عمل ۔

consensus, n. عام اتفاق رائے ؛ موافقت یا مطابقت ؛ اکثریت کی رائے ؛ استصوابِ رائے ؛ اتفاق آراء؛ توافق ۔

consent, v.i. رضامند ہونا ؛ مان لینا ؛ قبول کرنا ؛ منظور کرنا ؛ متفق ہونا ؛ اجازت دینا ؛ سمجھانے سے مان جانا ؛ ماننا ؛ راضی ہونا ؛ رضامندی ظاہر ہونا ۔

consent, n. رضا ؛ رضامندی ؛ منظوری ؛ اجازت ؛ اتفاق ؛ قبولیت برضاورغبت ؛ رضایت ؛ موافقت ؛ مطابقت ؛ ذہنی موانست ؛ آراء یا جذبات میں ہم آہنگی یا اتفاق ؛ مرضی ۔

consenter, n. رضا مند ؛ منظور کُنندہ ؛ منظوری یا اجازت دینے والا ؛ قبول کرنے والا ۔

consentaneous, a. متفق ؛ موافق ؛ عمومی یا باہمی اتفاق سے کیا ہوا ؛ متفقہ ؛ ہم آہنگ ؛ ہم رائے ؛ مناسب ؛ متناسب ؛ متوافق ۔

consentaneity, consentaneousness, n. ہم آہنگی ؛ عمومی اتفاق ؛ موافقت ؛ مطابقت ؛ مناسبت ؛ توافق ۔

consentience, n. اتفاق یا موافقت ؛ دیکھیے : consentient ۔

consentient, a. رضامند ؛ راضی ؛ متفق ؛ موافق ؛ متفقہ (رائے) ؛ متفقہ یا ہم آہنگ (عمل) ۔

consequence, n. ثمرہ ؛ نتیجہ ؛ جزا ؛ اہمیت ؛ قدر ؛ اعتبار ؛ منزلت ؛ مرتبہ ؛ کسی عمل ، سبب ، اصولوں یا کاموں کے سلسلے کا اثر ؛ نتیجہ یا ماحصل ؛ کوئی واقعہ یا اثر جو پہلے کسی کام یا سبب کے باعث مرتب ہوا ہو ؛ منطقی نتیجہ ؛ قیاسات یا بیانات سے اخذ کردہ نتیجہ ؛ حاصل ۔

in consequence of, اس کا نتیجہ اس واسطے سے ---- ؛ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ---- ؛ نتیجہ یہ کہ ---- ؛ اس کا اثر یہ ہوا کہ ---- ؛ اس کی وجہ سے یہ ہوا کہ ---- ۔

consequent, a. حاصلاً ؛ منتج ؛ مؤخّر ؛ متعاقب ؛ اثر یا نتیجہ کے طور پر ؛ منطقی اعتبار سے درست ۔

consequently, adv. لہٰذا ؛ نتیجتہً ؛ اس وجہ سے ؛ اس سبب سے ؛ اِس لیے ؛ پس ؛ نتیجہ کے طور پر ۔

consequent, n. اثر ، نتیجہ یا ماحصل ؛ واقعہ ما بعد ؛ (شرط) جزا ۔ (منطق) اخذ کردہ نتیجہ یا ماحصل ۔ (ریاضی) نسبت کا دوسرا عدد یا سیاق ؛ پھل ؛ حاصل ۔

consequential, a. ضمنی ؛ ذیلی ؛ عقبی ؛ مابعد ؛ تبعی ؛ لازمی ؛ نتیجہ/اثر کی بینت کا ؛ اثر یا نتیجہ کے طور پر عقبی (عمل یا منطقی حاصل) ؛ منتج ؛ ماحصل ؛ منطقی طور پر درست ؛ اہم ؛ خود بین ؛ خود پسند ؛ مغرور ؛ متوالی ؛ نتیجے کے طور پر ۔

consequentialness, n. لزوم ؛ عقبیت ؛ اثریت ۔

consequentially, adv. لزوماً ؛ لہٰذا ؛ مابعد ؛ عقبی طور پر ۔

conservable, a. محفوظ رکھنے کے قابل ؛ تحفظ کے لائق ؛ حفظ پذیر ۔

conservancy, n. حفظانِ صحت ؛ (دریاؤں یا جنگلات کا) تحفظ ۔ (برطانوی) کمیشن یا عدالت جو ماہی گیری اور جہاز رانی کی نگراں ہے ؛ تحفّظ صحت ؛ بچاؤ ؛ حفاظت ؛ محافظت ۔

conservation, n. تحفُّظ ؛ حفاظت ؛ بچاؤ ؛ عمل تحفظ ؛ نقصان ، تباہی یا سڑنے گلنے سے حفاظت یا بچاؤ ؛ بقائے توانائی ؛ دریاؤں ، جنگلات اور دیگر قدرتی وسائل کی سرکاری نگرانی ؛ ایسی نگرانی کے تحت کوئی ضلع ۔

conservational, a. تحفّظاتی ؛ حفاظتی ؛ محافظی ؛ استقراری ۔

conservationist, n. محافظ ؛ مُلک کے قُدرتی وسائل کے تحفّظ کا حامی یا اُنہیں تباہی سے بچانے اور ترقی دینے میں کوشاں ؛ تحفظ پسند ؛ وہ شخص جو عام مفاد کے لیے شکار کے جانوروں اور مچھلیوں کو بچانے ،جنگلات کی حفاظت کرنے اور خوراک نیز ایندھن یا قدرتی وسائل کے تحفظ پر مامور ہو ۔

conservation of energy, n. (طبیعیات) بقائے توانائی : یہ اصول کہ ہیئت میں تبدیلی کے باوجود ایک قائم نظام کی مجموعی توانائی برقرار رہتی ہے یا توانائی میں ہیئت کی تبدیلی سے اس کی مقدار میں کمی نہیں ہوتی ؛ تحفّظِ توانائی ۔

conservation of mass, n. (طبیعیات) بقائے مادّہ : یہ اصول کہ ہیئت میں تبدیلی یا اجزا کے درمیان ردّعمل کے باوجود ایک قائم نظام کا مجموعی مادّہ برقرار رہتا ہے ، نیز یہ کہ کوئی شخص مادّہ

کو نہ تو تباہ کر سکتا ہے اور نہ تخلیق کر سکتا ہے ؛ تحفظ مادّہ ۔

conservatism, n. قدامت پسندی ؛ قدیم یا قائم کے تحفظ کا رجحان ؛ جدت یا تبدیلی کی مخالفت ؛ سیاسی قدامت پسندوں کے اصول اور حکمتِ عملی ؛ قدامت پرستی ۔

conservatist, n. قدامت پسند ؛ قدامت پرست ۔

conservative, a. حفاظتی ؛ مائل بہ تحفظ ؛ مستحفظ ؛ موجودہ اداروں اور رسم و رواج کو قائم رکھنے پہ مائل ؛ بڑی تبدیلیوں اور جدّت کا مخالف ؛ معتدل ؛ محتاط ۔

Conservative, a. (برطانوی) قدامت پسندوں یا ان کی سیاسی جماعت کے متعلّق ۔

conservativeness, n. قدامت پسندی ؛ قدامت پرستی ۔

conservative, n. قدامت پسند؛ اصولوں ، طریقوں اور عادتوں کے اعتبار سے اعتدال پسند اور محتاط شخص؛ انتہا پسندی سے دور رہنے والا شخص؛ سیاست میں احتیاط کا حامی ۔ (برطانوی) (بڑے C کے ساتھ) برطانیہ میں Conservative Party کا رکن ۔

conservatoire, n. حجرۂ موسیقی ؛ موسیقی یا دیگر فنونِ لطیفہ کی تعلیم و انعقاد کا ادارہ ؛ غناگاہ ؛ چوکا ۔

conservator, n. محافظ ؛ نگراں ؛ حفاظت سے رکھنے والا ؛ محفوظ کرنے والا ؛ (نقصان یا تباہی سے) بچانے والا ؛ نگہبان ؛ سپُرد دار ؛ دوسروں کے مفاد کی حفاظت کرنے والا شخص یا ادارہ (برطانوی) کنسروینسی کمیشن (تحفظ کمیشن) کے لیے کام کرنے والا ؛ تحفظ کارکُن ؛ ناظم ۔

conservatory, n. محافظت خانہ ؛ محفظہ ؛ شیشے سے احاطہ کیا ہوا پود گھر جہاں پودوں کی نمو اور نمایش کا انتظام ہو ؛ موسیقی کا مدرسہ ؛ تقریری مقابلے اور موسیقی کی درس گاہ ۔

conservatory, a. محافظ ؛ محافظت/تحفظ کی اہلیت رکھنے والا ؛ مُستحفظ ۔

conserve, v.t. حفاظت سے اور ٹھیک حالت میں رکھنا ؛ نقصان ، انحطاط ، ضیاع ، چوٹ یا ٹوٹ پھوٹ سے بچانا ؛ ٹوٹ پھوٹ کے بغیر قائم رکھنا ؛ خراب ہونے یا سڑنے گلنے سے محفوظ رکھنا ، جس طرح پھلوں کو مربّہ بنا کر رکھا جاتا ہے ۔ (طبیعیات) مادّی یا کیمیاوی تبدیلی کے دوران توانائی کا یکساں توازن قائم رکھنا ؛ حفاظت کرنا ؛ محفوظ رکھنا ۔

conserver, n. محفوظ رکھنے والا ؛ اصلی حالت پر قائم رکھنے والا ۔

conserve, n. مستحفَظ شے ؛ محفوظ کی ہوئی چیز ؛ مربّہ ؛ مٹھائی ؛ جام ، رُب یا مُربّہ جو شکر میں پکائے ہوئے مختلف پھلوں پر مشتمل ہوتا ہے ؛ گلقند وغیرہ ۔

consider, v.t. سوچنا ؛ غوروفکر کرنا ؛ تامل کرنا ؛ لحاظ یا توجہ کرنا ؛ سمجھنا ؛ قیاس کرنا ؛ جانچنا ؛ مطالعہ کرنا ؛ دھیان کرنا ؛ مشاہدہ کرنا اور پرکھنا ؛ تعظیم کرنا ؛ پڑتال کرتے ہوئے یا تخمینہ بناتے وقت نظر میں رکھنا یا اہمیّت دینا یا خیال کرنا ؛ پرکھنے کے بعد فیصلہ کر کے سمجھنا (جیسے : to consider a man wise) ؛ ملاحظہ کرنا ؛ معاوضہ دینا ؛ بدل دینا ؛ توجّہ کرنا ؛ بچارنا ؛ خوض کرنا ؛ تأمّل کرنا ؛ لحاظ کرنا ؛ پاس کرنا ؛ خیال کرنا ۔ (فعل لازم) سنجیدگی ، پختگی اور ہوشیاری سے متأمِلّ ہونا ؛ سوچ میں ہونا ۔

considerable, a. قابلِ غور ؛ اہم ؛ ممتاز ؛ مقدار یا وسعت کے لحاظ سے لائقِ توجّہ ؛ معتدبہ ؛ خاصا ؛ معقول ؛ کثیر ؛ بہت ؛ ازحد ۔ (اسم) (بول چال) بہت ؛ زیادہ ؛ بہت سارا ؛ کثیر ؛ بے انت ۔

considerate, a. قدردان ؛ غور یا سنجیدہ فکر کا عادی ؛ محتاط ؛ ہوشیار ؛ دانش مند ؛ دوسروں کے حالات اور احساسات کا لحاظ یا خیال کرنے والا ؛ بالحاظ ؛ بامرّوت ؛ انصاف پسند ۔

considerateness, n. لحاظ ؛ خیال ؛ احتیاط ۔

consideration, n. ملاحظہ ؛ سوچنے کا عمل ؛ غور ؛ دھیان یا فکر ؛ خیال یا عکس ؛ پاس ، لحاظ یا ملاحظہ ؛ جو قابل لحاظ یا لائقِ اہمیّت امر ہو ؛ خدمات کا صلہ یا معاوضہ ؛ بدلہ یا تلافی ؛ دلجوئی یا ہمدردی کے خیال سے لحاظ یا تعظیم ؛ دوسروں کا خیال یا دلجوئی ؛ عزت ؛ وقعت ؛ اہمیت یا نتیجہ ۔ (قانون) وہ رقم یا چیز جو معاہدہ کرنے والا فریق کسی خدمت کے معاوضہ کے برابر تسلیم یا منظور کرتا ہے ؛ کسی وعدے کی قیمت ؛ عوض ؛ معاوضہ ؛ بدل ؛ توجّہ ؛ امور قابلِ لحاظ ؛ خوض ؛ تأمُّل ؛ نیت ؛ مراد ؛ قدر ؛ تعظیم ؛ بدلہ ؛ اجر ؛ جزا ؛ قیمت ؛ مبادلہ۔

considered, a. سوچا سمجھا ؛ سوچ بچار اور جانچ پرکھ کے بعد نکالا ہوا (نتیجہ) یا قائم کی ہوئی (رائے) (جیسے : his considered opinion) ؛ قابلِ تعظیم ۔

considering, prep. بلحاظ اس کے کہ ؛ اس کے پیش نظر کہ ؛ اس لحاظ سے کہ ۔

consign, v.t. دے دینا یا دے ڈالنا ؛ دوسرے کے قبضہ میں منتقل کرنا یا مختلف حالت میں حوالے یا سپُرد کرنا ، (جیسے : to consign a body to the grave) ؛ کسی کی نگرانی یا امانت میں دینا ؛ تفویض کرنا ؛ سونپ دینا ، جیسے سامان کو فروخت کے لیے کسی کے نام ارسال کرنا یا بذریعہ ریل گاڑی بھیجنا ؛ مستقل تحفظ کے لیے سپرد کرنا (جیسے : to consign to writing) ؛ ارسال کرنا ؛ بھیجنا ؛ منتقل کرنا ؛ دلانا ؛ بخشنا ؛ سونپنا ؛ آڑھت کرنا ؛ ٹھہرانا ؛ مخصوص کرنا ؛ خاص کرنا ؛ تخصیص کرنا ؛ مشخّص کرنا ؛ معیّن کرنا ۔

consignation, n. ترسیل ؛ دینے ، حوالے کرنے یا سونپنے کا عمل ؛ تحویل ؛ تفویض ۔

consigner, consignor, n. مُرسل ؛ دینے والا ؛ سونپنے والا ؛ بھیجنے والا ؛ سپرد کرنے والا ؛ ارسال کُنندہ ؛ سَپُرد کُنندہ ؛ حوالہ کُنندہ ؛ فریسندہ ۔

consignee, n. مرسل الیہ : وہ شخص جس کے نام سامان یا اشیأ بھیجی جائیں یا جس کو دی جائیں/سونپی جائیں ؛ پانے والا ؛ سپرد دار ؛ مفوّض الیہ ؛

consignment, n. کھیپ ؛ حوالگی ؛ تفویض ؛ سپردگی ؛ مفوضّہ یا سپرد کردہ مال ؛ دینے یا حوالے کرنے کا عمل ؛ ایجنٹ کو فروخت کے لیے سامان کی ترسیل ؛ مرسلہ یا سپرد کردہ سامان؛ مالِ مرسَلہ ؛ سپردہ مال ؛ روانگیٔ مال ؛ ترسِیل مال ؛ ارسالیہ ۔

consist, v.i. تیّار ہونا ؛ مِلنا ؛ شامل ہونا ؛ بننا ؛ مرکّب ہونا ؛ موافق ہونا ؛ مطابق ہونا ؛ رہنا ؛ کا مرکّب یا پر مشتمل ہونا (in کے ساتھ) ؛ بنا ہوا ہونا : (of کے ساتھ)؛ہم آہنگ یا ہم وجود ہونا (with کے ساتھ)۔

consistency, consistence, n. استواری ؛ ربط ؛ پیوستگی ؛ مضبوطی ؛ استحکام ؛ ثبات ؛ دبازت ؛ ٹھوس پن ؛ کثافت ؛ ثقل نوعی ؛

موافقت ؛ استقامت ؛ وضع داری ؛ یک رنگی ؛ یکساں روی ؛ توافق ؛ میل ۔

consistent, a. ثابت ؛ موافق ؛ مطابق ؛ باوضع ؛ یکساں ؛ یک رنگ ؛ اپنی روش یا وضع سے انحراف نہ کرنے والا ؛ مستقیم ؛ بااصول ؛ استوار ؛ باثبات ؛ ہم آہنگ ۔

consistently, adv. استقامت سے ؛ تضاد کے بغیر ؛ ایک سی ؛ ایک چال سے ؛ ایک ریت یا ڈھنگ سے ؛ ایک موافق ، تسلسل سے ۔

consistory, n. اُطاق مشاورت ؛ مجلس کا کمرہ یا حجرۂ مشاورت ؛ مشورہ گاہ ؛ پادریوں کی جماعت یا عدالت ، خصوصاً مجلس اساقفہ ؛ پوپ کی مجلس ؛ اجتماع یا مجلس ، خصوصاً بعض جدید وضع کے گرجاؤں کی مذہبی مجلسیں یا عدالتیں ؛ پریسبی ٹیرین گرجاؤں میں سیشن عدالت سے مماثل ایک عدالت ؛ جُملہ اساقفہ پر مشتمل رومن کیتھولک کلیسا کی سینٹ جو پوپ کے زیر صدارت کلیسا کے معاملات پر فیصلے صادر کرتی ہے ؛ ایسی کسی بھی مجلس یا جماعت کا جلسہ ؛ وہ جگہ جہاں یہ جلسہ منعقد کیا جائے ۔

consociate, v.t. جمع کرنا ؛ ساتھ ملانا ؛ یکجا کرنا ۔ (فعل لازم) ساتھ ہونا ؛ رفیق ہونا ؛ مجتمع ہونا ؛ یکساں ہونا ۔ (صفت) متحد ؛ ساتھ ملایا ہوا ؛ (حلقہ میں) شامل کیا ہوا ۔ (اسم) جلیس ؛ شریک ؛ ساتھی ؛ ہمدم ؛ ندیم ؛ ہم صحبت ؛ اتحادی ؛ ہم مشرب ۔

consociation, n. رفاقت ؛ مصاحبت ؛ اشخاص کی جماعت یا چیزوں کا ذخیرہ ؛ کلیساؤں کا اتحاد یا وفاق ؛ خصوصاً کانگریگیشنل گرجاؤں کا اتحاد ۔

consociational, a. رفاقتی ؛ جماعتی ؛ اتحادی ۔

consociationism, n. اتحاد پسندی ؛ جلیسیت ؛ اتحادیت ؛ اجتماعیت ۔

consolation, n. تسلّی ؛ تشفّی ؛ دلاسا ؛ ڈھارس ؛ تسلی دینے کا عمل ؛ وہ (شخص یا چیز) جو تسلی دے یا جس سے تسلی ہو ۔ (کھیل) اشک شوئی یا ہمت افزائی کی دوڑ یا بازی ؛ جیتنے والوں کے آخری مقابلہ (فائینل) کا اہل نہ ہونے والے ہارے ہوئے افراد یا ٹیموں کے درمیان مقابلہ ؛ دلجمعی ؛ تسکین ۔

consolatory, a. تسلّی آمیز ؛ تسکین بخش ؛ مائل بہ تشفّی ؛ ڈھارسی ؛ حوصلہ افزا ۔

console, v.t. دل جوئی کرنا (مصیبت زدہ یا اُداس شخص کی) ؛ تسلّی ، تشفّی ، دلاسا دینا ؛ ڈھارس بندھانا ؛ آنسو پونچھنا ؛ غم میں شریک ہونا ۔

consolable, a. قابل تسلی وغیرہ ۔

consoler, n. تسلی دینے والا ۔

console, n. رحل ؛ ٹیک ؛ سہارا ؛ کفچۂ دیوار ؛ چوکھٹا ؛ مُورتی سجانے کی دیوار گیری ؛ ڈیسک کی ساخت کا فرنیچر جس میں ساز کے پردوں کا تختہ ہو اور جسے ساز سے علیحدہ کیا جا سکے ؛ فرش پر رکھّی ہوئی کیبنٹ جس میں ریڈیو ، ٹی وی یا فونو گراف لگا ہو ؛ کمپیوٹر یا کسی میکانکی اور برقیاتی نظام کو کنٹرول کرنے والا واحدہ ۔

console table, n. حائطی میز ؛ میز جو دیوار میں لگے کفچوں یا بریکٹوں کے سہارے کھڑی ہو ؛ میز کے بریکٹوں/کفچوں کی طرح مُڑے ہوئے پائے جن کو دیوار میں لگایا جا سکے ۔

consolidate, v.t. ٹھوس یا بستہ کرنا ؛ سخت کرنا یا بستہ اور مضبوط کرنا ؛ ملا کر بستہ مادّہ یا متحدہ شکل بنانا ؛ مضبوط یا مستحکم کرنا ؛ الحاق کرنا ؛ انضمام کرنا ؛ ملا کر ایک کر دینا ؛ استوار کرنا یا قائم کرنا ۔ (عسکری) گرفت مضبوط کرنے کے لیے حملہ کے بعد دوبارہ گروہی تنظیم کر کے قُوّت کو مجتمع کرنا ؛ جامد بنانا ۔ (فعل لازم) مضبوط اور سخت ہونا ؛ مل کر بستہ یا ٹھوس بننا ؛ جامد ہونا ؛ جمنا ۔

consolidated school, n. انضمامی مدرسہ ؛ پبلک اسکول ، خصوصاً دیہات میں ، جو کئی اضلاع کے اسکولوں کو متحد کر کے بنایا گیا ہو ۔

consolidation, n. استحکام ؛ بستگی ؛ ٹھوس پن ؛ انجماد ؛ پیوستگی ؛ مضبوطی ؛ اجتماع ؛ انضمام ؛ ٹھوس یا بستہ بنانے کا عمل یا بستہ ہونے کی حالت ؛ استواری ؛ کُلّی طور پر متحّد ؛ دو یا دو سے زیادہ اداروں یا تجارتی کمپنیوں کو ضم کر کے ایک نئی کمپنی کی تشکیل یا قیام ؛ تجمّد ؛ اشتمال ؛ یکجائی ؛ ارتباط ؛ جماوٹ ؛ سختی ۔

consolidator, n. جامد ؛ اجتماع کار ۔

consomme, n. یخنی ؛ شوربا ؛ سُوپ ؛ یخنی جو گوشت کو پانی میں ہلکی آنچ پر دیر تک جوش دے کر تیّار کی جائے یہاں تک کہ گوشت کی خوشبو اور کل توانائی کشید کی جا سکے ۔

consonance, consonancy, n. ہم آہنگی (الفاظ یا ترتیل میں) ؛ تجنیس صوتی ؛ ہم آہنگ یا موزوں ہونے کی حالت ؛ ابعاد آہنگ ؛ سریلا پن ۔ (مجازاً) ہم نوائی ؛ اتحاد ؛ موافقت ۔ (موسیقی) بیک وقت سروں کا ملاپ ، مثلاً پہلے اور پانچویں سُر کی ہم آہنگی جو کانوں کو بھلی لگتی ہے ؛ سُریلا پن ؛ ہم صوتی ۔ (طبیعیات) ارتعاش ؛ گونج ۔

consonant, a. ہم آہنگ ؛ صوتی مناسبت رکھنے والے (الفاظ) ؛ موزوں یا ہم آہنگ (اصوات) ؛ موافق ؛ ہم وضع ؛ مطابق ۔ (موسیقی) سُر ملائی ؛ ہم نغمہ ؛ سریلا ؛ خوش آہنگ ؛ خوش نوا ۔ (طبیعیات) ارتعاش یا گونج سے متاصف یا اس کے متعلق ۔

consonantly, adv. ہم آہنگی سے ؛ سریلے پن سے ؛ ہم نغمگی سے ۔

consonant, n. حرف صحیح ؛ بولی یا ترتیل کی جزوی طور پر بند آواز کا حرف جو مقابلتاً زیادہ کُھلی آواز کے حرف علت سے مل کر رکن تہجّی بناتا ہے ؛ حرف علّت کے علاوہ ترتیل کا ایک عُنصر ؛ اس عُنصر یا صوت کا نشان یا حرف ۔

consonantal, a. حرف صحیح کا ، اُس کے متعلّق یا اس کی خصوصیت رکھنے والا ؛ حروف صحیح کی اصوات کا ۔

consonant shift, n. صوتی فرق ؛ کسی زبان یا بولی کی تاریخ میں حروف صحیح کی صوتی ادائیگی میں پیدا ہونے والا فرق ۔

consort, n. شوہر یا بیوی ؛ زوج یا زوجہ ؛ جورو یا خصم ؛ ساتھی ؛ رفیق ؛ ہمراہی ؛ ہمدم ؛ خصوصاً زوج ، بیوی یا شوہر ۔ (جہاز رانی) کوئی بھی جہاز جو دوسرے جہاز کے ساتھ چل رہا ہو ؛ رفیق جہاز ۔

consort, v.t. ساتھ رہنا ؛ ہم نوائی کرنا ؛ عروس بنانا ؛ زوج یا زوجہ بنانا ؛ صحبت کرنا ؛ سنگت کرنا ۔ (فعل لازم) رفیق یا ساتھی ہونا ؛ ہم صحبت ہونا ؛ موافق یا ہم آہنگ ہونا ۔

consortium, n. کنسورشیم ؛ شرکت ؛ انجمن یا جماعت ؛ وسیع مالی وسائل سے اقتصادی امور سرانجام دینے کے لیے مالی اداروں اور

سرمایہ داروں کا اتحاد ۔ (برطانوی) مشترکہ طور پر ایٹمی توانائی کے کارخانے بنانے والی کمپنیوں کا اتحاد ۔

conspecific, a. ہم نوع ؛ ایک ہی قبیل کے ؛ ہم جنس ؛ ہم نسل ۔

conspectus, n. اجمال ؛ اختصار ؛ سرسری جائزہ ؛ خاکہ (مضمون کا) ؛ خلاصہ ۔

conspicuous, a. نمایاں ؛ ظاہر ؛ بیّن ؛ واضح ؛ صریح ؛ آسانی سے نظر آنے والا ؛ صاف دکھائی دینے والا ؛ جاذبِ نظر ؛ جالب توجہ ؛ پُر کشش ؛ ممتاز ؛ کُھلا ؛ اعلانیہ ؛ معروف ۔

conspicuously, adv. صریحاً ؛ واضح طور پر ؛ علی الاعلان ؛ کُھلے بندوں ؛ نمایاں طور پر ۔

conspicuousness, n. نمایاں پن ؛ صراحت ؛ ظاہریت ۔

conspicuous consumption, n. نمایشی خریداری : افادیت کے بجائے شان و شوکت دکھانے کے لیے سازوسامان کی خریداری ؛ خریداری برائے نمود و نمایش ۔

conspiracy, n. سازش ؛ ساز باز ؛ جرم یا کوئی غلط کام کرنے کے لیے دو یا دو سے زیادہ اشخاص کی منصوبہ بندی ؛ اس طرح کا بنایا ہوا منصوبہ یا سازش ؛ سازشیوں کا گروہ ۔

conspirator, n. مُفسد ؛ سازشی ؛ سازش کُنندہ ؛ غلط کام یا جرم کی منصوبہ بندی میں شریک شخص ؛ ساز باز کرنے والا ۔

conspiratorial, a. سازشی ؛ سازش کا یا اس کے متعلّق ؛ سازشیوں کا یا ان کے متعلّق ۔

conspire, v.i. سازش ہونا ؛ ساز باز میں شامل ہونا ؛ کسی غلط یا غیر قانونی کام کے لیے دوسروں سے ، خفیہ طور پر ، متفق ہونا ؛ مذموم یا غیر قانونی مقصد کے لیے متحد ہونا ؛ سازشی منصوبے میں شریک ہونا ؛ ایکا کر کے مذموم مقاصد کے لیے اکٹھے ہونا ؛ کسی نتیجہ یا مقصد کے لیے مشترکہ طور پر شامل ہونا ۔ (فعل متعدی) مذموم اور غیر قانونی مقصد کے لیے منصوبے بنانا ؛ میل کرنا ؛ اتفاق کرنا ؛ سازش کرنا ۔

conspirer, n. سازشی ؛ سازش کرنے والا ؛ ساز باز کرنے والا ۔

constable, n. کانسٹیبل پولیس کا سپاہی ؛ ازمنۂ وُسطیٰ کے شاہی نظام میں صرف خاص ، دربار شاہی یا فوج کا سب سے بڑا عہدا دار ؛ شاہی قلعہ کا نگران یا حاکم ؛ فوجی افسر ؛ موجودہ دور میں کوئی بھی سرکاری ملازم جو امن و امان کا ذمّہ دار ہو اور چھوٹے موٹے عدالتی فرائض بھی سرانجام دے ؛ سرخیلِ قصرِ شاہی ؛ قلعہ دار ؛ چوکیدار ؛ کوتوال ؛ ناظر ۔

constabulary, n., a. انتظامی عسکری پولیس ؛ کانسٹیبلری : کانسٹیبل کے دائرہ اختیار کا ضلع ؛ ضلع یا بستی کے سرہنگوں یا سپاہیوں کی جمعیت ؛ کوتوالی کی جمعیت ؛ فوجی بُنیاد پر منظم امن و امان قائم رکھنے والے افسروں کی جمعیت ؛ قلعہ داری ۔

constancy, n. ثبات ؛ ثابت قدمی ؛ خیال ، عمل یا مقصد میں ثابت قدم رہنے کی صفت ؛ استقامت ؛ وفاداری ؛ وضع داری ؛ قیام ؛ قرار ؛ استقلال ؛ استواری ؛ ٹھہراؤ ؛ استحکام ۔

constant, a. ثابت ؛ ثابت قدم ؛ مستقل ؛ راسخ ؛ غیر متذبذب ؛ وفادار ؛ یکساں ؛ ہمیشہ موجود ؛ وقفہ کے بغیر جاری ؛ استوار ؛ غیر متغیر ؛ مستقلہ ؛ ثابتہ ؛ دائم ؛ قائم ؛ اٹل ؛ قائم مزاج ۔

constant, n. غیر متغیّر مقدار ؛ مستقل ، غیر متغیّر یا نہ بدلنے والی چیز ۔ (ریاضی) ایک مقدار جس کے متعلق یہ فرض کر لیا جائے کہ وہ جب تک زیر بحث رہے گی اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی ۔ (طبیعیات) عددی مقدار جو کسی نسبت یا قدر کی مظہر ہو ، جیسے کسی چیز کی مادّی خصوصیّت جو بعض حالات میں غیر متغیّر رہتی ہے ؛ مقادیرِ مستقلہ و ثابتہ ؛ قائم ؛ قائم مزاج ۔

constellate, v.t. جھرمٹ بنانا (جیسے ستاروں کا جھرمٹ) ؛ جمع کرنا ۔

constellation, n. تاروں کا جُھرمٹ ؛ ستاروں کا جھرمٹ ؛ مجمع الکواکب ؛ مجموعۂ نجوم ؛ تارا منڈل ؛ ثابت ستاروں کے کئی مجموعوں میں سے کوئی ایک ، ان مجموعوں کو مخصوص نام دیے گئے ہیں : دُبّ اکبر ، دُبّ اصغر ، عوّا ، جوزا ، سرطان ؛ ان برجوں یا نجوم کے مجموعوں کی بُنیاد پر آسمانوں کی تقسیم ؛ ستاروں کے بُرجوں یا مجموعوں کے مقامات ، خصوصاً کسی شخص کی پیدایش کے وقت ، جو ازروئے مفروضہ قسمت یا زندگی کے واقعات پر اثرانداز ہوتے ہیں ۔ (مجازاً) ذہین یا باکمال اشخاص کا اجتماع ؛ خوشہ انجم ؛ بُرج ؛ جھرمٹ ؛ اجتماعِ کواکب ۔

consternate, v.t., v.i. حیرت یا پریشانی سے مغلوب کرنا ؛ مبہوت کرنا ؛ بدحواس کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ مضطرب کر دینا ؛ حیرانی میں اضافہ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ دھڑکا لگانا ؛ حیرت زدہ کرنا ؛ خوف دلانا ؛ سرگرداں کر دینا ۔

consternation, n. اضطراب ؛ یاس آمیز حیرانی ؛ خوف جو پریشانی پر منتج ہو ؛ سراسیمگی ؛ ہیبت ؛ مفلوج کن ، حیرت یا مُسکت تعجب ؛ دھڑکا ؛ گھبراہٹ ؛ حیرت ؛ خوف ؛ سرگردانی ۔

constipate, v.t. (طِب) قبض یا یبس (معدہ) کرنا ؛ قبض والا بنانا ۔

constipation, n. قبض ؛ یبوست ؛ قبض کی حالت : رودہ یا آنتوں کی ایسی حالت کہ براز کا اخراج بے قاعدہ یا مشکل ہو ۔

constituency, n. حلقۂ انتخاب ؛ رائے دینے والوں کی جماعت ؛ انتخابی حلقہ ؛ وسیع تر معنوں میں ضلع کے باشندے جن کی نمائندگی ایک منتخب افسر کرے ؛ کوئی ضلع ؛ حامیوں یا گاہکوں کی کوئی جماعت ؛ متعلّقین ؛ مؤکّل ۔ (کینیڈا) ضلع جس کی نمائندگی پارلیمنٹ یا مجلس قانون ساز کا رکن کرتا ہو ؛ حلقۂ رائے دہی ۔

constituent, a. رائے دہندہ ؛ واضع ؛ مامور/مقرر کرنے یا نمائندہ منتخب کرنے کی مختار (جیسے :a constituent body) ؛ سیاسی آئین کو وضع کرنے یا بدلنے کی مجاز (جیسے : a constituent assembly) ؛ کسی چیز کی ساخت میں مددگار و معاون ؛ مختار ؛ جزو ترکیبی ۔

constituent, n. جز ؛ واضع شخص ؛ قائم یا طے کرنے والا شخص ؛ وہ چیز جو کسی ساخت کا جز یا ضروری حصّہ ہو ؛ ضروری جُزو ؛ مقنّنہ یا عاملہ کے لیے نمائندہ منتخب کرنے والا یا اس کے انتخاب میں مدد دینے والا شخص ؛ مؤکّل رائے دہندہ ؛ دستور ساز رُکن حلقۂ انتخاب ۔

constitute, v.t. بنانا ؛ تشکیل دینا ؛ کسی عہدہ پر یا کسی کام کے لیے مقرّر کرنا یا مامور کرنا ؛ تخلیق کرنا یا بنانا (جیسے : to be constituted captain) ؛ قائم کرنا ؛ آئینی یا قانونی صورت دینا ؛ بنانا یا ترکیب دینا عناصر یا مادّے کا ؛ پیدا کرنا ؛ مرکب بنانا ؛ وجود دینا ؛ کھڑا کرنا ۔

constitution, n. دستور ؛ آئین ؛ ساخت ؛ ترکیب ؛ بناوٹ ؛ بنانے کا عمل یا ترکیب پانے کی حالت ؛ قیام ؛ تشکیل ؛ حکم نامہ ؛

فرمان ؛ قانون یا ضابطہ جو اعلیٰ شہری یا مذہبی ادارے نے بنایا ہو ، لہٰذا کوئی بھی مروّجہ نظام یا طریقہ ؛ کسی چیز کو وضع کرنے کا قاعدہ ؛ بناوٹ یا ساخت ؛ خصوصاً قُوّت یا صحت کے حوالے سے جسم کی مادّی حالت ؛ ذہنی ساخت یا کیفیت ؛ سرشت ؛ مزاج ؛ طبیعت ؛ فطرت ؛ آئین یا دستورِ اساسی : بُنیادی اصولوں کا نظام جس کے تحت قوم ، مملکت یا جماعت کا کاروبار چلتا ہے ، یا وہ دستاویز جس میں یہ اصول اور ضابطے تحریر ہوں ؛ عمل کے بنیادی اصولوں کا کوئی بھی نظام ؛ سیرت ؛ تشکیل ؛ نہاد ؛ اجزائے ترکیبی ؛ کیمیائی ترکیب ؛ بناؤ۔

constitutional, a. دستوری ؛ آئینی ؛ کسی چیز کی ساخت یا ہیئتِ ترکیبی کے متعلق ؛ ضروری یا ناگزیر ؛ کسی شخص کی جسمانی یا دماغی بناوٹ سے تعلق رکھنے والا یا اس کا جزولاینفک ؛ جسمانی ساخت پر اثرانداز ؛ آئین مملکت کے تحت یا متعلّق ؛ طبعی ؛ خلقی ؛ جبلّی ؛ جنمی ؛ ذاتی ؛ اصلی ؛ جائز ؛ مباح ؛ شرعی ؛ قانونی ؛ حسبِ قانون ؛ حسبِ ضابطہ ؛ حسبِ سررشتہ ۔

constitutional, n. ہوا خوری ؛ جسمانی صحت کی برقراری کے لیے چہل قدمی یا ورزش ؛ چلت پھرت ؛ کسرت ۔

constitutionalism, n. دستوریت ؛ آئینی حکومت یا اقتدار کا نظریہ یا اصول ؛ آئینی یا دستوری اصول ؛ پابندیٔ آئین ؛ آئین پسندی ؛ آئینی نظام ۔

constitutionality, n. آئین پسندی ؛ آئین پسند یا پابندِ آئین ہونے کی صفت ؛ مملکت یا قوم کے دستور یا آئین کی موافقت/مطابقت/تائید؛ آئینی جواز ؛ دستوریت ؛ دستور خواہی ۔

constitutionally, adv. آئینی /دستوری طریقے سے ؛ قومی آئین یا قانون کے مطابق ؛ جسمانی یا دماغی ساخت کے مطابق ؛ بُنیادی یا ضروری ساخت یا ڈھانچے کے حوالہ سے ۔

constitutive, a. وضعی ؛ تعمیری ؛ ترکیبی یا اساسی ؛ وہ چیز جو بنائے ، وضع کرے ، قائم کرے یا ہیئت ترکیبی میں استعمال ہو۔ (کیمیا) مادّہ میں جوہروں (ایٹم) یا سالموں کی ترتیب و تنظیم کے متعلّق ۔

constrain, v.t. بزور دبانا ؛ مجبور کرنا یا پابند کرنا ؛ جبر سے حاصل کرنا (جیسے : to constrain obedience) ؛ زبردستی روکنا ، باز رکھنا جیسے قید کر کے ؛ اس طرح جکڑبند کرنا ۔ (میکانیات) حرکت پذیری کے عمل کو روکنا (کسی جسم میں) مخصوص طریقے یا سمت کے سوا ؛ مجبور کرنا ؛ زبردستی کرنا ؛ بزور باز رکھنا ؛ دبانا ۔

constrainable, a. روکنے یا رُکنے کے قابل ؛ اِکراہی ؛ جبری ؛ اجباری ۔

coinstrained, a. مجبور ؛ روکا ہوا ؛ باز رکّھا ہوا ؛ مقید ۔

constrainer, n. روکنے والا ؛ رکاوٹ ؛ جابِر ؛ مانع ۔

constraint, n. روک ؛ جبر ؛ دباؤ ؛ بندش ؛ زبردستی ؛ قید ؛ روکنے کا عمل یا رکے ہوئے ہونے کی حالت ؛ مجبوری ؛ پابندی ؛ فطری احساسات اور جبلّت پر قابو یا ضبط ؛ طور طریق یا طرز عمل پر غیر' فطری دباؤ ؛ الجھن یا رکاوٹ ؛ کوئی بھی چیز جو روکے ؛ اکراہ ۔

constrict, v.t. بھینچنا ؛ چاروں طرف سے دباؤ ڈال کر قریب لانا ؛ دبانا یا بستہ کرنا ؛ اینٹھنا یا موڑنا ؛ سُکیڑنا یا سمیٹنا ۔

constrictive, a. مضیق ؛ انقباضی ؛ اینٹھن یا کھنچاؤ کرنے والی ؛ دبانے یا سُکیڑنے والی ۔

constriction, n. انقباض ؛ کھنچاؤ ؛ دباؤ ؛ اینٹھن ؛ ضیق ؛ تنگی ؛ فشار ؛ سمٹاؤ ؛ کھچاوٹ ؛ سکیڑ ۔

constrictor, n. (عضلہ) عاصرہ ؛ وہ جو اینٹھتا ، بھینچتا یا کھینچتا ہے ؛ بڑا سانپ جو اپنے شکار کو کنڈلی میں بھینچ کر مارتا ہے ؛ ثعبان ۔ (تشریح الاعضا) وہ پٹّھا جو دو حصّوں کو سکیڑ کر قریب لاتا ہے ؛ قابض ۔

construct, v.t. بنانا ؛ تعمیر کرنا ؛ تیّار کرنا ؛ مرتّب کرنا ؛ حصّوں کو جوڑ کر تشکیل دینا ؛ ساخت کرنا ؛ ترکیب دینا ؛ وضع کرنا ۔ (جیومیٹری) ہدایات یا شرائط کے مطابق شکل یا خاکہ کھینچنا یا نقشہ بنانا ؛ سجانا ؛ ترتیب دینا ؛ تصنیف کرنا ؛ جملہ بنانا ؛ عبارت بنانا ؛ انشاپردازی کرنا ۔

constructible, a. تعمیر کے قابل ؛ تشکیل یا ترتیب کے لائق ؛ قابلِ ساخت ۔

constructor, constructer, n. معمار ؛ بنانے والا ؛ ترکیب دینے والا ؛ راج ؛ عمارت ساز ؛ مستری ۔

construct, n. (فلسفہ ، نفسیات) شعوری ماحصل ؛ ذہنی ادراک کا نتیجہ اور حواس خمسہ کے ذریعہ چیزوں کے احساسات پر غوروفکر ۔

construction, n. بناوٹ ؛ تعمیر ؛ ترکیب ؛ بنانے یا تعمیر کرنے کا عمل یا فن ؛ بنانے کا طریقہ یا طرز تعمیر ؛ عمارت ؛ بنانے کا عمل یا طریقہ ؛ بندش ۔ (گرامر) تسلیم شدہ یا مستند طریقے کے مطابق جملہ میں الفاظ کی ترتیب اور جوڑ ؛ نحوی تعلّق ؛ قانون ، متن یا کردار کی تشریح ، تعبیر ، تفسیر ، توجیہہ یا تاویل ؛ انشا ؛ عبارت ؛ کلام ؛ ساخت ؛ عمل ۔

constructional, a. تعمیراتی ؛ ترکیبی ؛ تفسیری ؛ تعبیری ؛ ساختیاتی ۔

constructionist, n. شارح ؛ مُفسّر ؛ خصوصاً قوانین کی توجیہہ و تعبیر کرنے والا ۔

constructive, a. تعمیری ؛ مائل بہ تعمیر یا تعمیری رُجحان رکھنے والا ؛ تعمیر کا ، تعمیر کے متعلّق یا تعمیر کی فطرت کا ؛ ساختیاتی ؛ تفسیر و تعبیر سے ماخوذ ؛ تاویلی ؛ حقیقت کے قریب یا تقریباً حقیقی ؛ اصلاحی یا تعمیری (جیسے : constructive criticism) ؛ لازمی ۔

constructiveness, n. تعمیریّت ؛ ساختیّت : تعمیر پسندی ۔

constructivism, n. (اکثر بڑے C سے) ساختیت ؛ مصوّری یا آرٹ کا غیر نمائندہ طرز یا طریقہ جس میں نہایت باقاعدہ اظہار کے لیے سطح اور حجم کی تنظیم و ترتیب میں جدید صنعتی سازوسامان جیسے پلاسٹک یا شیشہ استعمال کیا جاتا ہے ۔

constructor, constructer, n. معمار ؛ بنانے والا ؛ تعمیر کرنے والا ؛ بحری جنگی جہازوں کی تعمیر اور مرمت کا نگراں افسر؛ مستری ؛ عمارت ساز ۔

constructorship, n. معماری ؛ مستری یا راج کا عہدہ ؛ تعمیر کی نگرانی کا کام ؛ مستری پن ۔

construe, v.t. ترکیب دینا یا ترتیب دینا ، جیسے نحوی اعتبار سے الفاظ کو ترتیب دینا ؛ جُملہ کی نحوی ترکیب کا تجزیہ کرنا ؛ ترجمہ کرنا (خصوصاً زبانی) ؛ مفہوم یا مافی الضمیر بتانا ؛ تفسیر یا توجیہہ کرنا (قانون کی) ؛ ذاتی تاویل یا تعبیر کرنا ؛ اپنی تاویل یا تفسیر کی بُنیاد پر

اخذ کرنا ؛ نتیجه نکالنا ؛ معنی کرنا ؛ مطلب لینا ـ (فعل لازم) نحوی تجزیه یا تفسیر کو تسلیم کرنا ـ

construable, a. ترتیب ؛ توجیہہ یا تفسیر کے قابل ـ

construer, n. مُرَتّب ؛ ترتیب دینے والا ؛ توجیہہ یا تفسیر کرنے والا ؛ مفسر ؛ مُوَجِہہ ـ

consubstantial, a. (الٰہیات) عَین ذات ؛ یک ذاتؑ ؛ ایک ہی مادّہ ، جوہر یا ماہیئت کا ؛ متحد الجواہر ؛ واحد فی الثلثه ؛ جوہری ؛ مادّی ؛ ہم جنس ؛ ہم ذات ـ

consubstantiality, n. وحدتِ ذات ـ

consubstantiation, n. (الہیّات) عینیت مسیح یا یہ عقیدہ کہ عشائے ربّانی میں نان و شراب کے ساتھ حضرت عیسٰی کا حقیقی جسم و خون بھی موجود ہوتا ہے ـ

consuetude, n. اجماع ؛ رسم و رواج (خاص کر وہ جسے قانونی قوّت حاصل ہو جائے)؛ دستور ؛ عادت ؛ معاشرت ؛ میل جول ؛ رسم ؛ مراسم ـ

consuetudinary, a. رواجی ؛ مراسمی ـ

consul, n. قونصل ؛ قُنصل : جمہوریہ روما کے دو اعلیٰ حاکموں میں سے ایک ، یہ حاکم ہر سال منتخب ہوتے اور مل کر انتظام کرتے تھے ؛ جمہوریہ فرانس (۱۷۹۹ـ۱۸۰۴ء) کے حُکام ثلاثه میں سے ایک ؛ کار پرداز جو غیر ملک میں اپنی مملکت کے تجارتی مفاد اور اپنے شہریوں کے حقوق کی نگرانی کے لیے مقرر کیا جائے ؛ وکیل ؛ نائب ؛ سفیر ؛ ایلچی ؛ مجسٹریٹ اعلیٰ ؛ حاکم اعلیٰ ـ

consular, a. قونصلر ؛ قنصلی ؛ سفارتی ؛ وکالتی ؛ نیابتی ـ

consulship, n. سفارت ؛ قنصلیت ؛ قنصل کا عہدہ ؛ وکالت ؛ نیابت ـ

consular agent, n. کم اہمیت کے تجارتی مقام پر قونصل کے فرائض انجام دینے والا افسر ـ

consulate, n. قنصل خانه ؛ قنصل کا دفتر یا عہدہ ؛ قنصل کی فرودگاہ ـ

consul general, n. قُنصلِ اعلیٰ ؛ سب سے اعلیٰ قونصلی عہدہ ؛ عمومی قُنصل ـ

consult, v.i. مشورہ لینا ؛ دوسرے سے رائے یا صلاح کا طالِب ہونا ؛ باہم صلاح مشورے کا ہونا ؛ مل کر سوچ بچار کیا جانا ؛ صلاح لینا ؛ رائے لینا ـ (فعل متعدی) کسی کا مشورہ طلب کرنا ؛ اپنے فیصلہ پر دوسرے کی رائے رہنمائی کے لیے طلب کرنا ؛ اطلاع یا ہدایت کے لیے مشورہ لینا ـ

consultant, n. مشیر ؛ مُشاوِر ؛ مشورہ کرنے والا ؛ وہ شخص جو معاوضہ لے کر تجارت یا کسی اور پیشہ کے متعلّق ماہرانہ مشورہ دیتا ہو ـ

consultation, n. مشورت ؛ مشورہ ؛ صلاح ؛ مشاورت ؛ مشورہ کرنے کا عمل ؛ کسی فیصلہ پر پہنچنے کے لیے دو یا دو سے زیادہ اشخاص کا باہم غوروفکر ؛ مریض کے مرض کی تشخیص اور علاج کے متعلق مشورہ کی غرض سے اطبّا کا اجلاس ـ

consultative, consultatory, consultive, a. مشاورتی ؛ مشورہ یا مشورے کے متعلّق ؛ مشورہ دینے کا مجاز ـ

consumable, a. قابلِ صرف ؛ خرچ کرنے کے قابل ـ

consume, v.t. (جلا کر یا سڑا کر) تباہ کرنا ؛ استعمال سے ختم کرنا یا صرف کرنا ؛ استعمال کر ڈالنا ؛ ضائع کرنا ؛ فضول خرچ کرنا ؛ کھا پی جانا ؛ نگل لینا ؛ خرچ کرنا ؛ برتنا ـ (فعل لازم) صرف ہونا ؛ خرچ ہونا ؛ تباہ ہونا ؛ ضائع ہونا ؛ برتا جانا ؛ وقت صرف ہونا ـ

consumedly, adv. (برطانوی) انتہائی ؛ بہت زیادہ ؛ حد سے زیادہ ؛ زیادتی سے ؛ بکثرت ـ

consumer, n. صارفِ ؛ صرف ، خرچ یا استعمال کرنے والا ـ (معاشیات) پیدا کار کے برعکس خریدار ، اشیائے صرف یا خدمات کو خرید کر ان سے متمتع ہونے والا ؛ صرف کار ؛ صرف کُنندہ ؛ خرچ کُنندہ ؛ مُصرِف ـ

consumer credit, n. صارفِ قرضه : اشیائے صرف خریدنے یا ذاتی اخراجات کے لیے قرض جو کسی دکان دار ، بنک یا مالی ادارے کی طرف سے کھاتے ، اقساط یا رقم کی صورت میں کسی فرد کو دیا جائے ـ

consumer goods, n. اشیائے صرف : عام استعمال کی اشیا جیسے کپڑا اور غذائی اجناس ، جو صارف کے لیے پیدا کی جائیں اور جن کو مزید پیداوار کے لیے استعمال میں نہ لایا جا سکے؛ صارفین کا مال ـ

consumerism, n. تحریکِ صارفین : صارفین کے مفادات کو فروغ دینے کی تحریک ؛ صرف اشیا میں اضافے کو تقویّت پہنچانے کی کوشش؛ صارفیت ـ

consummate, v.t. اختتام کو پہنچانا ؛ تکمیل یا اتمام کرنا ؛ پورا کرنا ؛ مکمّل کرنا ؛ خلوتِ صحیحه کے ذریعه شادی کی تکمیل کرنا ؛ شب زفاف منانا؛ پکّا کرنا؛ پُختہ کرنا؛ نباہنا ؛ تمام کرنا ؛ انجام تک پہنچانا ؛ انتہا یا اتمام کو پہنچانا ـ

consummation, n. تکمیلِ زفاف ؛ کمال ؛ نہایت ؛ اتمام ؛ غایت ؛ منزل مقصود ؛ خلوتِ صحیحه ؛ مَطمَحِ نظر ؛ تکمیل شدہ شے ؛ انجام ؛ اختتام ـ

consummate, a. مکمّل یا کامل؛ پورا؛ انتہائی؛ کمال یافتہ؛ اعلیٰ ترین صفات کا حامل؛ پکا؛ پختہ؛ گُھٹا ہوا ؛ اعلیٰ یا انتہا درجے کا ـ

consumption, n. صرف ؛ خرچ ؛ اتلاف ؛ خاتمہ ؛ ضیاع ؛ صرف کرنے کا عمل یا صرف ہونے کی حالت ؛ تباہی؛ انحطاط؛ استعمال سے خاتمہ؛ کھپت ـ (امراضیات) دِق؛ جسم کا رفتہ رفتہ اتلاف یا ضیاع ، خصوصاً پھیپھڑوں کی تپ دق سے ؛ سِل ؛ ضمود ؛ تپِ کُہنہ ـ (معاشیات) اشیا یا خدمات کا صرف/استعمال بمقابلہ پیداوار ـ

consumptive, a., n. مُسرف ؛ مائل بہ اسراف ؛ صرف پذیر ؛ تباہ کن ؛ ضیاع نہاد ؛ استعمال سے خاتمہ کے متعلق ـ (امراضیات) تپ دق سے متعلّق یا اس نوعیت کا ؛ تپ دق کا مریض ؛ مدقوق ؛ دق والا ـ

contact, n. ربط ؛ تعلّق ؛ مس ؛ اتصال ؛ تماس ؛ لمس ؛ چُھوت ؛ چھونے کی حالت یا کیفیت ؛ قربت یا میل جول ؛ رشتہ ؛ تعلق ؛ لگاؤ ؛ برقی حلقہ : دو برقی موصلوں کا اتصال جن میں سے ہو کر برقی رَو گزرتی ہے ؛ تعدیہ ؛ وہ ربط یا وسیلہ جس کی وجہ سے فائدے کے مواقع حاصل ہوں (جیسے : His contacts led to sales)؛ میل جول ؛ ملاپ ؛ ملاؤ ؛ میل ـ (صفت) ربطی ؛ اتصالی ؛ میل جول والا یا ملاقی ـ

contact, v.t. اتصال میں لانا ؛ ملاقی ہونا ؛ دو چار ہونا ـ (بول چال) رابطہ کرنا ؛ چھونا ؛ ٹکر کھانا ـ (فعل لازم) متصل ہونا ؛ ربط میں ہونا ؛ لگنا ؛ ملنا ؛ بھڑنا ؛ ٹکرانا ـ

contact lens, n. اتصالی عدسہ : صحیح دیکھنے کے لیے آنکھ کا چھوٹا عدسہ یا چشمہ جو براہ راست ڈھیلے کے بیرونی پردے پر لگایا جاتا ہے اور آنکھ میں موجود نمی سے سطح پر پیدا شدہ کشیدگی کے باعث اپنی جگہ پر قائم رہتا ہے ؛ تماس عدسہ ۔

contact print, n. (عکاسی) تماس طباعت ؛ عکس کا مثبت چھاپہ یا مثبت چاپی عکس جو منفی عکس (negative) کو حساس عکسی کاغذ ، پلیٹ یا فلم پر رکھ کر اور اس کے آر پار روشنی گزار کر حاصل کیا جاتا ہے ۔

contagion, n. تعدیہ ؛ چھوت ؛ وبا : بلا واسطہ یا بالواسطہ لمس کے ذریعے بیماری کا لگنا یا اس طرح لگنے والی بیماری ؛ وہ درمیانی واسطہ جو بیماری کے جراثیم منتقل کرتا ہے ؛ کیڑے مکوڑوں کا اثر ؛ نقصان دہ صحبت یا اثر ؛ اخلاقی خرابی ؛ متعدی اثر یا کسی بھی رجحان یا جذبہ کا پھیلاؤ ؛ متعدی مرض ؛ متعدی بیماری ؛ لگنی بیماری ؛ امراض وبائی ۔

contagious, a. متعدی ؛ وبائی ؛ اُڑنی یا لگنی (بیماری) ؛ متعدی بیماری کا باعث یا اس کے متعلق ۔ (مجازاً) ایک سے دوسرے کو منتقل ہونے کا رجحان ؛ چھوت چھات والا (جیسے : contagious laughter) ؛ منتقل ہونے والی ؛ فاسد ؛ مضر ؛ زبوں ۔

contagiousness, n. وبائیت ؛ متعدیّت ؛ چُھوت چھات ۔

contagium, n. معد : وہ واسطہ جس کے ذریعہ متعدی بیماری پھیلتی ہے ، جیسے جرثومہ یا وائرس ؛ موادِ چھوت ۔

contain, v.t. اپنے اندر رکھنا ؛ مشتمل ، مرکب یا حامل ہونا ؛ معینہ حدود میں رکھنا ؛ رکھنے کے قابل ہونا ؛ رکھنے کی گنجایش کا حامل ہونا ؛ کے برابر ہونا یا رکھنا (جیسے : A quart contains two pints) ؛ اپنے اندر لیے ہوئے ہونا یا بطور اجزا یا حصص رکھنا ؛ مشتمل ہونا ؛ شامل رکھنا ؛ مناسب حدود میں رکھنا ؛ باز رکھنا ۔ (فعل لازم) روکنا یا قابو میں رکھنا (احساسات اور جذبات کو) ؛ پاس رکھنا ۔ (ریاضی) پورا تقسیم ہونا ۔ (ارضیات) محیط ہونا ؛ حد بندی ہونا یا کرنا ۔ (عسکری) فوج کو روکے رکھنا ؛ ہلنے نہ دینا ؛ روکنا ؛ تھامنا ؛ گھیرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ شامل کرنا ؛ گنجایش رکھنا ؛ رکھنا ؛ لینا ؛ آپے میں رہنا ؛ ضبط کرنا ؛ سمانا ؛ بھرنا ؛ آنا ؛ آ جانا ۔

containable, a. رکھے جانے کے قابل ؛ جس کو روکا جا سکے ؛ لائق ضبط ؛ انضباطی ۔

container, n. سمانہ ؛ سمانی : رکھنے والا برتن ؛ ظرف ؛ محتوی ؛ پیپا ، بالٹی ، بکس یا کوئی اور محتوی جس میں چیزیں رکھی جا سکیں ۔

containerization, n. سمانہ کاری ؛ بحری جہاز کے ذریعہ دوبارہ استعمال ہونے والے محتوی میں اشیا یا سامان کی ترسیل کا طریقہ ، مثلاً ٹرک ، ٹریلر یا ریل کی بوگی جو کھولے بغیر جہاز پر بار کر دی جاتی ہے ۔

containerize, v.t. سمانہ کاری کرنا ؛ جہاز پر بار کرنے کے لیے دوبارہ استعمال ہونے والے یکساں محتویوں میں سامان رکھنا ۔

containment, n. روکنے یا حدود میں رکھنے کی پالیسی ، طریق کار یا نتیجہ ، خصوصاً دشمن ملک کو علاقائی یا نظریاتی پھیلاؤ سے باز رکھنے کے سلسلے میں ۔

contaminant, n. غلاظت ؛ ناپاک ، نجس یا آلودہ کرنے والی چیز ، مثلاً : فضلہ یا کچرا کوڑا جو آب رسانی کے منبع میں ڈال دیا جائے یا وہ ناپاک اور زہریلے ابخرات جو ہوا میں چھوڑ دیے جائیں ۔

contaminate, v.t. لمس یا آمیزش سے ناپاک کرنا یا غیر خالص بنانا ؛ بے حرمت کرنا ؛ پلید کرنا ؛ آلودہ کرنا ؛ نجس کرنا ؛ خراب کرنا؛ بگاڑنا ۔

contaminator, n. ناپاک ، غیر خالص ، نجس یا آلودہ کرنے والا ۔

contamination, n. نجاست ؛ ناپاکی ؛ چُھوت ؛ آلودگی ؛ ناپاک کرنے کا عمل یا ناپاک ہونے کی حالت؛ ناپاک کرنے والی چیز ۔

conte, n. قصہ یا مختصر کہانی ، خصوصاً غیر معمولی اور خیالی واقعات کا بیان ۔

contemn, v.t. ذلیل کرنا؛ حقیر جاننا ؛ کمینہ اور نفرت کے قابل سمجھ کر برتاؤ کرنا ؛ اہانت سے پیش آنا؛ نفرت سے ٹھکرانا یا مسترد کرنا ؛ نجس گرداننا ۔

contemplate, v.t. مراقبہ کرنا ؛ مستقل توجہ یا غور سے دیکھنا ؛ غور و فکر کے ساتھ مشاہدہ کرنا ؛ گہرائی سے سوچنا؛ ارادہ کرنا؛ نیّت کرنا ؛ دھیان کرنا؛ تأمل کرنا ؛ غور کرنا ؛ تصوّر کرنا ۔ (فعل لازم) ماضی کے واقعات اور مستقبل کے امکانات پر غوروخوض کا ہونا؛ گیان دھیان کیا جانا ۔

contemplation, n. مراقبہ ؛ غوروفکر ؛ تصور ؛ گیان دھیان ؛ تفکّر ؛ غوروفکر کا عمل ؛ غوروفکر کے لیے مسئلہ ؛ امکان یا توقع (جیسے : to act in contemplation of probable changes) ؛ مقصد یا ارادہ (جیسے : projects in contemplation) ؛ خوض ؛ دھیان ؛ تامل؛ ادھیڑ بُن ۔

contemplative, n. متأمّل ؛ غور و فکر یا گیان دھیان کرنے والا ؛ مستغرق ؛ دھیانی ؛ فکر مند ؛ متفکر؛ متخیّل ۔

contemplative, a. فکری ؛ استغراقی ؛ تاملی ؛ خیالی ؛ خوضی ۔

contemplativeness, n. عالَم یا حالتِ استغراق ؛ فکریت ؛ تصوریّت ۔

contemporaneous, a. معاصر ؛ ہم عصر ؛ ایک ہی وقت یا زمانے کا ؛ ایک ہی وقت یا زمانے میں واقع یا زندہ ؛ ہم عہد ؛ ہم وقت ؛ ہم زمانہ ۔

contemporaneousness, n. ہم زمانی ؛ معاصرت ؛ ہم عہدی ؛ ہم عصری ۔

contemporary, a. معاصر ؛ ہم عصر؛ ہم عمر؛ ہم سن ؛ ایک ہی زمانے میں یا واقع ؛ ایک ہی عہد یا تاریخ کا ۔

contemporary, n. معاصر/ہم عصر/ہم عمر/ہم سن (شخص) ؛ دوسرے شخص یا اشخاص کے ساتھ ایک ہی وقت یا عہد میں ہونے کی حالت ۔

contemporariness, n. ہم زمانی ؛ ہم عصریت ؛ معاصرت ۔

contempt, n. حقارت ؛ توہین ؛ ذلت ؛ سُبکی ؛ کسی بھی کمین ، بدقماش یا نکمے کے لیے حقارت یا نفرت کا احساس یا عمل ؛ متنفر ہونے کی حالت ۔ (قانون) حکم عدولی ؛ نافرمانی ؛ عدالت یا مقنّنہ کے فیصلوں یا قوانین کی کُھلی خلاف ورزی یا اعلانیہ تحقیر ؛ نافرمانی ؛ عدول حُکمی ؛ سرکشی ؛ تمرّد ؛ سرتابی ؛ اہانت ، توہین یا گستاخئ عدالت ۔

contemptible, a. حقیر ؛ قابل نفرت ؛ لائق حقارت ؛ دنی؛ ذلیل؛ خوار؛ سُبک؛ ہاجی؛ ادنیٰ ؛ رذیل ؛ ناچیز ؛ خفیف ۔

contemptibleness, n. حقارت ؛ حقیر یا قابل نفرت ہونے کی حالت ؛ خفت ؛ رذالت ؛ خجالت ؛ سُبکی ؛ پاجی پن ؛ خواری۔

contemptibly, adv. حقارت آمیزانہ ؛ قابل نفرت طریقے سے ؛ کمینہ پن سے ؛ ایسے طریقے سے جو نفرت و حقارت کا مستحق ہو۔

contemptuous, a. حقارت آمیز ؛ ذلت آمیز ؛ حقارت یا نفرت کا مُظہر ؛ متکبرانہ (طرزِ عمل)۔

contemptuousness, n. حقارت ؛ حقارت آمیزی ؛ تکبّر۔

contend, v.i. لڑنا ؛ جھگڑنا ؛ جدوجہد کرنا ؛ بحث یا حجت کرنا ؛ مسابقت کرنا یا آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ مخالف یا دشمن کے خلاف لڑنا (جیسے : to contend with the enemy for control of the airstrip) ؛ مقابلے میں جیتنے کی کوشش کرنا (جیسے : to contend for first prize) ؛ اپنے دعوے پر زور دینا یا اپنی بات منوانے کے لیے زور دار بحث کرنا (جیسے : He contended he was innocent) ؛ مناقشہ کرنا ؛ تکرار کرنا ؛ ہم چشمی کرنا ؛ برابری کرنا۔

contender, n. مقابلہ کرنے والا ؛ بحث کرنے والا ؛ لڑنے والا ؛ رقیب یا مِدّمقابل ؛ مقابلہ کُنندہ۔

content, a. قناعت پسند ؛ مطمئن ؛ آسودہ خاطر ؛ رضامند یا راضی برضا ؛ قانع ؛ خوش دل۔

content, v.t. مطمئن کرنا ؛ شکایت یا مخالفت ختم کر کے خاموش کرنا ؛ خوش کرنا ؛ کسی بھی صورت حال میں آسان بنانا یا سہولت دینا ؛ راحت پہنچانا ؛ راضی کرنا۔

content, n. (عموماً جمع کے صیغے میں) مظروف/محتوی میں رکھی ہوئی کوئی شے یا کتاب میں لکھا ہوا مواد ؛ دستاویز کی تحریر کا خلاصہ یا حاصل ؛ محوّلہ نظریہ کے تصوّرات یا خصوصیات کا اجمال ؛ معرفت یا وقوف کا حاصل ؛ سمائی ؛ گنجایش ؛ حجم ؛ رقبہ ؛ وسعت ؛ جسامت ؛ ضخامت ؛ مشمولہ ؛ مافیہ ؛ مواد ؛ جز۔

content, n. قناعت ؛ اطمینان یا آسودگی کی حالت یا احساس ؛ اطمینان یا قناعت۔ (برطانوی) برطانوی دارالامرا میں رکن یا رکن کی مثبت رائے ؛ سیری ؛ خاطر جمع ؛ خوشنودی ؛ رضامندی۔

contented, a. مطمئن ؛ قانع ؛ مالی یا عمومی حالات سے مطمئن ؛ آسودہ خاطر ؛ ہر حال میں راضی ؛ بے نیاز ؛ شکایت ، مخالفت یا مطالبات نہ کرنے والا۔

contentedness, n. حالتِ اطمینان ؛ قناعت ؛ خوشنودی ؛ رضامندی ؛ بے نیازی ؛ آسودہ خاطری۔

contention, n. لڑائی جھگڑا ؛ جدل ؛ جدوجہد ؛ بحث ؛ قیل و قال ؛ مناقشہ ؛ تنازع ؛ اعتراض ؛ مقابلہ ؛ سعی ؛ عمل مناقشہ ؛ متحدّہ مخالفانہ سعی ؛ رقابت ؛ مسابقت ؛ مباحثہ میں متنازع نکتہ یا مسئلہ ؛ نزاع ؛ دعویٰ ؛ ادّعا ؛ قضیہ۔

contentious, a. متنازع فیہ ؛ مناقشہ جُو ؛ جھگڑالُو ؛ جدال پسند ؛ حجتی ؛ نزاع انگیز ؛ پُرمناقشہ ؛ نزاعی ؛ جدال پرداز ؛ جھگڑا کرنے والا یا نزاع کا باعث بننے والا (جیسے : a contentious person) ؛ نزاعی خصوصیّت کا (جیسے : a contentious point or issue)۔ (قانون) فریقین کے درمیان نزاعی مسائل یا اسباب کے متعلق ؛ زیرِ نزاع۔

contentiousness, n. مناقشت ؛ نزاع ؛ تنازُع۔

contentment, n. اطمینان ؛ قناعت ؛ دلجمعی ؛ مطمئن یا قانع ہونے کی حالت یا احساس ؛ بے چینی یا کسی حسرت کے بغیر ذہنی سکون اور اطمینان ؛ اپنے حالات سے سمجھوتہ ، قناعت پسندی یا راضی برضا ہونے کی حالت ؛ (قناعت مجہول اور اطمینان معروف ہے ، اوّل الذکر میں بیتابی ، خواہش اور حسرت کا فقدان لیکن آخرالذکر میں مسّرت کا احساس ہوتا ہے)۔

conterminous, conterminal, a. متحدالرأس ؛ مشترک سرحد کا یا ہم سرحد ؛ ایک سرحد پر ؛ ملے ہوئے ؛ متحد الرأس (خطوط جن کے سرے ایک نقطہ پر ملتے ہوں) ؛ مشترک سرحد یا حدود رکھنے والے ؛ مشترک الاحاطہ ؛ ہم بر ؛ پیوستہ سرا ؛ ہم حد ؛ سرحدی ؛ متّصِل ؛ پیوستہ۔

contest, v.t. اعتراض کرنا ؛ مخالفت میں دلیل دینا ؛ بحثنا ؛ جھگڑا کرنا ؛ مبارزت کرنا ؛ جنگ کرنا ؛ رقابت میں مسابقت کرنا ؛ تکرار کرنا ؛ حجّت کرنا۔ (فعل لازم) مقابلہ ہونا ؛ مسابقت ہونا ؛ سعی یا جدوجہد کا ہونا ؛ برابر ہونا ؛ ہمسر ہونا۔

contestable, a. لائقِ جدل ؛ قابلِ مخالفت ؛ برابری کرنے والا ؛ ہمسر ؛ قابلِ حُجّت ؛ مباحثہ طلب ؛ قابلِ تردید۔

contester, n. مبارزت جُو ؛ ہمسر ؛ حجتّی ؛ فریق ؛ مقابل۔

contest, n. تکرار ؛ فتح یا فوقیت کے لیے جدال ؛ مسلح جنگ ؛ جھگڑا ؛ مناقشہ ؛ مباحثہ ؛ مقابلہ ؛ لڑائی ؛ حجّت ؛ ہمسری ؛ ہم چشمی۔

contestant, n. حُجتی ؛ تکراری ؛ مبارز ؛ مجادل ؛ مقابل ؛ حریف ؛ شریکِ مقابلہ ؛ فریق ؛ مقابلہ کُنندہ۔

contestation, n. مقابلہ ؛ حجّت بازی ؛ تنازع ؛ تکرار ؛ مبارزت ؛ جدل۔

context, n. سیاق و سباق ؛ سیاق عبارت ؛ تحریری یا تقریری اِبلاغ کے وہ حصّے جو لفظ ، جُملے یا عبارت کے پہلے یا بعد میں ہوں اور جو اس کے معنی پر اثرانداز ہوں (جیسے : distortion by quoting out of context) ؛ مکمّل تصویر پیش کرنے کے لیے متعلّقہ ماحول ، حالات یا حقائق ؛ قرینہ ؛ عبارت ؛ لکھائی۔

Contexture, n. بُنت ؛ بافت ؛ مختلف اجزا یا حصّوں کی ایک چیز کی صورت میں بُنت کا عمل ؛ طریقِ کار یا طریقہ ؛ بناوٹ ؛ تانا بانا ؛ اِس طرح کی بافتہ چیز ؛ کپڑا ؛ کسی چیز کے اجزا کا ایک دوسرے سے ربط یا بندش ؛ ساخت ؛ ترکیب۔

Contiguity, n. ربط ؛ مربوط ہونے کی حالت ؛ قُرب ؛ محل وقوع یا جگہ کی قربت ؛ تعلّق ؛ انسلاک ؛ اتّصال ؛ مقاربت ؛ جوڑ ؛ میل ؛ پیوستگی ؛ وصل۔

Contiguous, a. ہم پہلو ؛ متصل ؛ منسلک ؛ قریب ؛ ملحق ؛ بہم ؛ ہم سایہ ؛ مقرون ؛ اس طرح واقع کہ ایک دوسرے سے مَس ہو رہے ہوں یا تقریباً چُھو رہے ہوں ؛ سطح یا سرے پر ملتے ہوئے یا جُڑے ہوئے (متصل یا منسلک) ؛ ہم کنار ؛ لگا ہوا ؛ جُڑا ہوا ؛ لگواں۔

contiguousness, n. اتصالیّت ؛ اِنسلاک ؛ ہم کناریت۔

continence, continency, n. عصمت ؛ ضبطِ نفس ؛ پرہیز گاری ، خصوصاً جنسی تعلقات سے پرہیز ؛ احتراز ؛ اجتناب ؛ برہمچری ؛ زُہد ؛ نفس کُشی ؛ تقویٰ ؛ پارسائی۔

continent, a. پرہیزگار ؛ پارسا ؛ متقی ؛ زاہد ؛ محترز ؛ عفیف ؛ مُجتنب ؛ باعصمت۔

continent, n. برّاعظم ؛ مسلسل پھیلاؤ ، دائرہ یا خِطّہ ، مثلاً زمین کا مسلسل یا پھیلا ہوا خِطّہ ؛ اقلیم ؛ قارہ ؛ جزیرے یا جزیرہ نُما کے مقابلے میں خاص زمین کا بڑا خِطّہ ؛ کُرّۂ ارض کے سات بڑے برّی

خطّوں ، ایشیا ، افریقہ ، شمالی امریکا ، جنوبی امریکا ، یورپ ، آسٹریلیا اور قطب جنوبی ، میں سے کوئی ایک ؛ خشکی ۔

the Continent, خاص یورپ ؛ جزائر برطانیہ سے ممیّز یورپ کا بڑا زمینی خِطّہ ۔

continental, n. برّاعظم کا باشندہ ؛ خصوصاً براعظم یورپ (برطانیہ کو چھوڑ کر) کا باشندہ ۔ (بڑے c کے ساتھ) (امریکی تاریخ) انقلابی جنگ میں براعظمی فوج کا سپاہی ۔

continental, n. کرنسی نوٹ جو کونٹینینٹل کانگریس نے جاری کیا تھا اور جس کی قیمت جنگ ختم ہونے سے پہلے گر گئی تھی یا کم ہو گئی تھی؛ اس لیے یہ فقرہ بطور محاورہ رائج ہو گیا تھا : not worth a continental ۔

continental, a. برّاعظمی ؛ براعظم کا ، اس کے متعلّق یا اس کی فطرت و ہیئت کا ۔(بڑے C کے ساتھ) خاص زمین یورپ کا یا اس کے متعلّق ۔ (امریکی تاریخ) انقلابی جنگ کے دوران یا اس کے فوراً بعد نوآبادیات کا یا ان کے متعلّق (جیسے : the Continental Congress) ۔

continental code, n. براعظمی کوڈ ؛ علامتی نظام ؛ ریڈیو ٹیلی گرافی یا ریڈیو مراسلت میں استعمال ہونے والا بین الاقوامی مورس کوڈ (Morse code) یا مورس کا ایجاد کردہ نظامِ علامات ۔

continental shelf, n. (ارضیات) براعظم کا پانی میں ڈُوبا ہوا کنارا ۔

contingence, n. مَس ہونے یا چُھونے کی حالت ؛ اتفاق یا اتفاقی واقعہ ؛ اتفاقی خرچ ؛ سائر خرچ ۔

contingency, n. امکان ؛ اتفاقی ہونے کی حالت یا خصوصیت ؛ اتفاق یا کسی شرط کے پورے ہونے پر انحصار ؛ مشروط یا اتفاقی واقعہ ؛ غیر یقینی حالات پر مبنی یا اُن سے مشروط ؛ منحصر ، ملحقہ یا ملحق ؛ صادرہ ؛ صادر ؛ اتفاقی ضرورت ؛ احتمال ؛ اتفاقی خرچ ۔

contingent, a. اتفاقی ؛ ناگہانی ؛ اتفاقاً یا کسی معلوم سبب کے بغیر واقع ہونے والا ؛ اتفاقیہ ہونے والا ؛ حادثاتی ؛ غیر یقینی ؛ امکانی ؛ اپنے وجود ، وقوعہ یا کردار وغیرہ کے لیے کسی ایسی چیز یا واقعہ پر منحصر ، جو ہنوز غیر یقینی ہو (ان معنوں میں اکثر contingent کے بعد on یا upon آتا ہے) ؛ عارضی طور پر وجود میں آنے ، واقع ہونے یا مؤثّر ہونے کا اہل ؛ مشروط ۔ (منطق) ایسی نوعیّت کا کہ منطق سے جس کا سچ یا جھوٹ ہونا ثابت نہ کیا جا سکے ، البتہ اس کا فیصلہ تجربے یا مشاہدے پر منحصر ہو ؛ احتمالی ؛ امدادی ۔

contingent, n. مشروط صارف ؛ مشروط چیز ؛ اتفاقی واقعہ یا حادثہ ؛ تقسیم کے نتیجہ میں وہ تناسب جو کسی کے حصّے میں آئے ؛ بطورِ امداد بھیجی گئی فوجی ٹکڑی یا طائفہ ؛ اس لیے کسی بڑے اجتماع کے گروہوں میں سے کوئی بھی نمائندہ گروہ (جیسے : The New York contingent at a national convention) ؛ وفد ؛ جماعت ۔

contingent fund, n. مختص رقم ؛ اِتّفاقی مصارف ؛ عارضی مصارف ؛ وہ رقم جو غیر متوقع خرچ یا نُقصان کے لیے مختص کی جائے ۔

continual, a. سلسلہ وار ؛ جاری ؛ رواں ؛ مستمرہ ؛ بغیر وقفے کے ؛ رُکے بغیر ؛ مسلسل ؛ متواتر ؛ اکثر واقع ہونے والا ؛ اکثر دُہرایا جانے والا ؛ پے در پے ؛ لگا تار ۔

continually, adv. تسلسُل سے ؛ مدام ؛ تواتر سے ؛ اکثر ؛ ہمیشہ ۔

continuance, n. سدامت ؛ استمرار ؛ جاری رہنے کا عمل یا حقیقت ؛ قیام ؛ دوام ؛ قرار ؛ تسلسل ؛ سلسلہ یا تواتر ۔ (قانون) آئندہ کسی تاریخ تک کے لیے مقدمے کا التوا ؛ ہمیشگی ؛ ثبات ؛ استقامت ۔

continuant, n. (صوتیات) متمدِّد حرف یعنی f یا v کی طرح وہ حرفِ صحیح جس کی آواز میں تمدُّد یا کھنچاؤ کا امکان ہو ، یہ آواز p یا b حروف کی اصوات سے مختلف ہے کیونکہ p یا b کی ادائیگی کے نتیجہ میں مُنہ بند ہوتا ہے ، آواز فوراً رک جاتی ہے اور تمدّد کا کوئی امکان نہیں رہتا ۔ (صفت) ممدود ؛ مستمر ؛ سلسلہ وارانہ ۔

continuation, n. استمرار ؛ سِلسلہ ؛ تسلسل ؛ تواتر ؛ جاری رکھنے یا طول دینے کا عمل ؛ توسیع یا آگے کے نُقطہ تک پھیلاؤ ؛ ایزاد ؛ اِجرا ۔

continuative, a. مسلسل ؛ استمراری ؛ جاری ؛ رواں ؛ جاری رکھنے یا تسلسل/ایزاد کا سبب ہونے پہ مائل ۔ (گرامر) خیال کے تسلسل کا مُظہر ۔ (اسم) کوئی بھی جاری یا استمراری چیز ۔ (گرامر) رابطہ ؛ عطف ؛ عطفِ بیانہ ۔

continuativeness, n. استمراریت ؛ دوامیت ؛ استقلال ۔

continuator, n. سلسلہ گیر ؛ دوسرے کے آغاز کردہ کام کو آگے جاری رکھنے والا ؛ توسیع دہندہ ؛ جانشین ۔

continue, v.t. جاری رکھنا ؛ ایک نقطہ سے دوسرے نقطہ تک پھیلانا یا بڑھانا ؛ لمبا کرنا یا طول دینا ؛ باقی یا مستقل رہنے کا سبب مہیّا کرنا ؛ ایک ہی جگہ پر قائم یا بر قرار رکھنا ؛ چلائے جانا یا ایک ہی کام کیے جانا ؛ بیان کو وقفہ یا خلل کے بعد جاری رکھنا ؛ جانشین یا جانشینوں کے ذریعے جاری رکھنا ؛ عدالتی کارروائی کا آگے بڑھانا ؛ ملتوی کرنا یا فیصلہ نہ کرنا ؛ پایدار ہونا ۔ (فعل لازم) کسی راہ عمل یا کام میں آگے ہونا ؛ جاری رہنے دینا ؛ التوا یا خلل کے بعد سلسلے کا بحال ہونا ؛ قائم یا برقرار رہنا ؛ اپنے مقام پر رہنا ؛ پایدار رہنا ؛ ایک خاص حالت یا حیثیت میں رہنا ؛ بحال رہنا ۔

continuer, n. جاری رکھنے والا ؛ جانشین ؛ توسیع دِہندہ ۔

continued, a. متسلسل ؛ ایک سار ؛ توسیع شُدہ ؛ طول دیا ہوا یا پھیلایا ہوا ؛ جاری ؛ مسلسل ؛ متواتر ؛ بلا فصل ؛ رکاوٹ کے بغیر یا رُکے بغیر جاری ؛ وقفہ کے بعد دوبارہ شروع کیا ہوا ؛ لگاتار ۔

continued fraction, n. کسرمسلسل ؛ وہ کسر جس کی قسمِ عدد کسری ہو اور اس کسر کا نسب نُما بھی کسری ہو اور اس طرح یہ سلسلہ چلتا جائے ۔

continuing, a. جاری ؛ قائم یا برقرار ؛ زمان و مکان میں خلل کے بغیر جاری رہنے کی خصوصیت والا ؛ مسلسل ؛ متواتر ۔

continuity, n. تسلسل ؛ استمرار ؛ مسلسل ہونے کی حالت یا خصوصیت ؛ کُل سے پیوستہ ؛ خصوصاً منظر نامہ یا اسٹیج ، فلم یا ٹیلیوژن کے لیے لکھّا گیا ایسا مسوّدہ جس میں عمل کا تفصیلی تسلسل دیا گیا ہو ؛ دوام ؛ تواتر ؛ جاری ماندگی ؛ بیہم روانی ؛ مسلسل بیان ؛ پچھلے سے پیوستگی ؛ سلسلہ بندی ۔

continuous, continuing, a. بیہم ؛ علی الاتصال ؛ مسلسل ؛ غیر منقطع ؛ وقفہ یا خلل کے بغیر ؛ اجزا یا حصص کا براہ راست تعلّق یا ربط ؛ وقت ، تواتر ، وجود یا عمل میں وقفہ یا رخنہ کے بغیر ؛ رُکے بغیر بلافصل ؛ متصل ؛ لگاتار ؛ برابر ۔

continuousness, n. استمراریت ؛ استمرار ؛ تسلسل ۔

continuum, n. مسلسلہ ؛ وہ جو مسلسل اور یکساں ہو اور جس سے یہ نہ ظاہر ہوتا ہو کہ ٹُکڑوں یا اجزا سے مل کر بنا ہے ؛ منظّم ، مرتّب اور بے رخنہ وسعت ، تسلسل یا کُل ؛ وسیع تر معنوں میں تسلسل یا استمراریت ۔ (ریاضی) عناصر کا ایسا مجموعہ جس میں دو عناصر کے درمیان ایک تیسرا عُنصر ملحق ہو سکے ؛ تمام حقیقی اعداد کا مجموعہ ۔

contort, v.t. مروڑنا جیسے جسم کا ؛ بل دے کر شکل بگاڑنا ؛ ہیئت بدلنا یا بگاڑنا ؛ شکل بگاڑنا یا توڑ مروڑ کرنا ؛ اینٹھنا ۔

contortion, n. بل پیچ ؛ مروڑی ؛ مروڑنے کا عمل یا مروڑے جانے کی حالت ؛ تشنج (خصوصاً چہرے یا بدن کے رگ پٹھوں کا ، دورہ پڑنے کی صورت میں)؛اینٹھن ؛ توڑ مروڑ ؛ بگڑی ہوئی شکل ؛ مروڑ ؛ بگاڑ ۔

contorted, a. بیچان ؛ بہت زیادہ مروڑا ہوا یا بل کھایا ہوا ؛ تشنُج زدہ ؛ بل دار ؛ پیچیدہ ۔

contortionist, n. عضل نگار ؛ نٹ ؛ رگ پٹھوں کی نمایش کرنے والا یا وہ شخص جو جسم کے اعضا کو بل دے کر کرتب دکھائے ۔

contour, n. محیط ؛ خطوط ؛ خط و خال ؛ شکل یا جسم کا بیرونی خاکہ ؛ وہ خط جو ٹھوس چیز یا جسم کی حدود کے مطابق کھینچا گیا ہو ؛ خط محیط یا حدودِ جسم ؛ ڈول ؛ حُلیہ ؛ (زمین کا) نشیب و فراز ؛ اُبھار ؛ ہیئت ؛ شکل ؛ ساخت ؛ حدودنُما ؛ خطِّ ساحل ؛ ساحل کا پیچ و خم ؛ حائطہ ؛ ارتفاعی خط ؛ تراش ؛ قنطور ؛ احاطہ ؛ صورت ؛ چہرہ ۔

contour, v.t. کسی چیز کی حدود کھینچنا یا خاکہ بنانا ؛ لہریے دار خطوط سے نقشے پر سطح زمین کے نشیب و فراز دکھانا ؛ حدود یا خاکے کے مطابق بنانا/تعمیر کرنا ؛ خطّ و خال بنانا ؛ خطوط نمایاں کرنا ۔

contour, a. (زراعت) احاطی ؛ ہل چلانے یا زمین جوتنے کا ایک خاص طریقہ جس میں زمین کے قدرتی اُبھاروں کے ساتھ ساتھ ہل چلایا جاتا ہے تا کہ زمین کے کٹاؤ میں کمی واقع ہو ۔

contour feather, n. قنطوری پنکھ ؛ پرندے کے جسم پر اُوپر والا کوئی ایک پنکھ جو اس کے جسم کی حدود اور ساخت کو متعیّن کرتا ہے ۔

contour flying, n. قنطوری اڑان ؛ ہوائی جہاز کو ایک مقرّرہ بلندی پر پہاڑی سلسلہ کے ساتھ ساتھ اڑانے کا عمل ۔

contour line, n. (مساحت) لہر یا قنطور؛ خطِّ ہم ارتفاع ؛ وہ خط جو کسی علاقہ میں سطح سمندر سے یکساں بلندی ظاہر کرنے کے لیے کھینچا جائے ؛ نقشہ پر ایسا خط ۔

contour map, n. ارتفاعی نقشہ ؛ قنطوری نقشہ ؛ نقشۂ مقام نگاری یا جغرافیائی نقشہ جس میں زمین کے نشیب و فراز لہر یا لکیروں کے درمیان فاصلے چھوڑ کر واضح کیے جاتے ہیں ، یہ درمیانی فاصلے نشیب و فراز کے وقفے کہلاتے ہیں ۔

contour sheet, n. قنطوری چادر ؛ بستر پر بچھائی جانے والی وہ چادر جس کے چاروں کونوں پر ربر لگی ہوتی ہے جو پلنگ کے کونوں کو پکڑ لیتی ہے اور چادر پر سلوٹیں یا شکنیں نہیں پڑتیں ۔

contraband, n. ممنوعہ شے ؛ غیر قانونی یا ممنوع ترسیل سامان ؛ اسمگلنگ ؛ ممنوع تجارت ؛ قانونی طور پر ممنوع درآمد برامد ؛ سامان یا اشیا جو قانون یا فرمان کی خلاف ورزی کرتے ہوئے درآمد یا برآمد کی جائیں خصوصاً وہ اشیا (مثلاً اسلحہ) جو بین الاقوامی قانون کے تحت غیر جانبدار مملکتوں کے لوگ جنگ میں ملوث ریاستوں کو نہیں بھیج سکتے اور اگر بھیجیں تو وہ ریاست جس کے دشمن کو یہ سامان بھیجا جا رہا ہے اسے پکڑ کر ضبط کر سکتی ہے ؛ امریکا میں خانہ جنگی کے دوران وہ حبشی غلام جو یونین کی حدود میں لایا گیا یا خود فرار ہو کر آ گیا ؛ تجارتِ ممنوع ؛ ممتنع شے ۔

contraband, a. (مجازاً) ممنوعہ ؛ ممنوع ؛ قانون ، فرمان یا معاہدے کے تحت درآمد یا برآمد کے لیے ممنوع ؛ ناجائز ؛ خلافِ قانون ۔

contrabandage, contrabandism, n. چور بازاری ؛ اسمگلنگ ۔

contrabandist, n. اسمگلر ؛ محصول مار ؛ محصول چور ۔

contrabass, n. سارنگی نُما باجا ؛ ایک ساز جس کے سُروں کی وسعت زیریں ترین سُر یعنی کھرج تک ہوتی ہے ؛ ایک قسم کی سارنگی ۔

contrabassoon, double bassoon, n. وہ الغوزہ جو معمولی الغوزے سے ایک سرگم زیریں ہو ؛ شہنائی یا نفیری کے خاندان کا جسامت میں سب سے بڑا اور زیریں ترین یا سب سے زیادہ گہرے سُروں کا ساز ۔

contraception, n. امتناعِ حمل ؛ منعِ حمل ؛ دانستہ تدابیر کے ذریعہ حمل روکنے کا عمل ؛ دفعِ حمل ۔

contraceptive, a. مانع حمل ؛ حمل روکنے پہ مائل یا حمل کی رکاوٹ میں مددگار ؛ مانع حمل کے متعلّق ؛ دافع حمل ۔

contraceptive, n. مانعِ حمل آلہ یا ترکیب ۔

contract, v.t. مختصر یا چھوٹا کرنا ؛ (لمبائی یا چوڑائی کے لحاظ سے) محدود یا تنگ جگہ میں اکٹھا کرنا ؛ اینٹھنا یا مروڑنا ؛ جسامت یا مدت میں گھٹانا ؛ گاڑھا کرنا ؛ خلاصہ کرنا ؛ کم کرنا ؛ بل ڈالنا (تیوری پر) ؛ مول لینا یا سر لینا ؛ اخذ کرنا ؛ منگنی کرنا ؛ خراب عادتیں اختیار کرنا ؛ دوستی کرنا ؛ قرض لینا ۔ (گرامر) حرف یا ہجّا کو متّصل یا حذف کر کے (لفظ کو) مختصر کرنا ؛ سکوڑنا ؛ تنگ کرنا ؛ کوتاہ کرنا ۔ (فعل لازم) ساتھ ملنا یا بستہ ہونا ؛ زیادہ چھوٹا یا زیادہ تنگ ہونا ؛ سُکڑنا ؛ سودے کا طے کیا جانا ؛ دو یا دو سے زیادہ اشخاص کے درمیان معاہدہ یا سمجھوتا ہونا ؛ اقرار نامہ لِکھّا جانا ؛ عہد ہونا ؛ ٹھیکہ دینا یا لینا ؛ سکڑنا ؛ کوتاہ ہونا ۔

contracted, a. منقبض ؛ مختصر کیا ہوا ؛ سُکڑا ہوا ؛ معاہدہ کیا ہوا ۔

contractibility, contractibleness, n. اختصار پذیری ؛ تخفیف پذیری ؛ کشش ؛ انقباضیّت ؛ سکیڑپن ؛ سکڑاؤ ۔

contractible, a. اختصار پذیر ؛ تخفیف پذیر ؛ انقباضی ؛ سکڑنے کے قابل ۔

contract, n. ٹھیکہ ؛ معاہدہ ، اقرار ؛ تعہد ؛ قول و اقرار ؛ دو یا دو سے زیادہ اشخاص کے درمیان زبانی ، تحریری یا بالکنایہ معاہدہ یا اقرار نامہ ؛ زوجیّت یا شادی کا قانونی معاہدہ یا نکاح ؛ نکاح نامہ ؛ شرائطِ شادی ؛ ٹھیکے نامہ ۔ (قانون) ایسا معاہدہ جس کی ازروئے قانون پابندی کرائی جا سکے ؛ اقرار ؛ اجارہ ۔

contract bridge, n. اقراری برج ؛ کنٹریکٹ برج ؛ تاش کے کھیل برج کی ایک قسم جس میں صرف آخری بولی کے ہاتھوں کا شمار ہوتا ہے ؛ باقی ہاتھ اضافی ہوتے ہیں اور شمار نہیں کیے جاتے ۔

contraction, n. کھینچ ؛ اینٹھن ؛ انقباض ؛ تنگی ؛ تحدید ؛ مرخم ؛

ترخیم ؛ اختصار ؛ تخفیف ؛ مختصر ہونے ، بستہ ہونے یا سُکڑنے کا عمل ؛ حصّوں یا اجزا کو ایک دوسرے کے قریب تر کر کے حجم کو چھوٹا ، تنگ یا کم کرنے کا عمل ؛ ایک یا ایک سے زیادہ حروف یا ہجّا کو حذف کر کے لفظ یا الفاظ کو مختصر کرنے کا عمل (جیسے : will not کی بجائے won't یا national کی جگہ nat'l)؛ ترخیم شدہ لفظ ؛ مُخفّف ؛ علامت ؛ اخذ ؛ گراں باری ؛ سکڑاؤ ؛ سمٹن ؛ فروبستگی ؛ سمٹاؤ۔

contractive, a. انقباض انگیز ؛ تنگی کُن ؛ تحدیدی ؛ ترخیمی ؛ انقباضی ؛ مُنقبض وغیرہ ۔

contractor, n. ٹھیکے دار ؛ معاہدہ کرنے والا ؛ اجارہ دار ؛ تعہد کار ؛ صاحب تعہد ؛ متعہد ؛ مستاجر ؛ سُکڑانے والا ؛ مروڑنے یا بل ڈالنے والا ؛ وہ شخص جو مروڑے یا بل ڈالے یا وہ چیز جو اینٹھے یا بل کھائے ؛ وہ شخص جو طے شُدہ قیمت یا شرح پر اشیا مہیا کرنے یا خدمات سرانجام دینے کا معاہدہ کرتا ہے ؛ وہ شخص جو عمارتیں تعمیر کرنے کا ٹھیکہ لیتا ہے ۔ (تشریح الاعضا) وہ پٹّھا جو جسم کے کسی حصّے یا عضو کو سکیڑتا یا بستہ کرتا ہے ؛ (عضلہ) منقبضہ ۔ (برج) آخری بولی دینے والا کھلاڑی یا اس کا ساتھی ۔

contractual, a. معاہدی ؛ ٹھیکے کا ؛ تعہدی ؛ ٹھیکے یا عہد یا معاہدے کی نوعیّت کا یا اس کے متعلق ۔

contracture, n. (طِبّ) انقباض ؛ پٹھے کا تشنّج ؛ زخم یا فالج کے سبب مستقل طور پر سکڑن ؛ سکوڑ۔

contradict, v.t. تردید کرنا ؛ رد کرنا ؛ غلط ٹھہرانا ؛ اِدّعا کرنا کہ ایسا نہیں ہے یا یہ اِدّعا کرنا کہ جو دعویٰ کیا گیا ہے حقیقت اس کے برعکس ہے ؛ انکار کرنا ؛ کسی چیز ، دعوے یا نظریے کے بالکل برعکس ہونا یا متناقض ہونا ؛ اختلاف کرنا ۔

contradictable, a. قابلِ تردید ؛ لائق رد ۔

contradicter, n. تردید کُنندہ ؛ رد کُنندہ ؛ نقیض ۔

contradictious, a. تردیدی ؛ مُتضاد ؛ منکرانہ ؛ حجتّی ؛ تناقض انگیز ؛ مائل بہ تردید ؛ اختلافی ؛ انکاری ؛ تغلیطی ؛ متناقض ۔

contradiction, n. تردید ؛ تضاد ؛ تخالف ؛ تناقض ؛ انکار ؛ تردید و تخالف کا عمل ؛ ادّعائے رَد یا اِدّعائے برعکس ؛ تقابلی اشیا کے درمیان تضاد ؛ نامطابقت ؛ مطلق منطقی نامطابقت یا تناقض ؛ بجائے خود متضاد بیان یا فقرہ ؛ اختلاف ؛ تغلیط ؛ خلاف بیان ۔

contradictory, a. متناقض ؛ تردیدی ؛ متضاد ؛ متضاد یا برعکس کا توثیقی (بیان) ؛ دعوے کی بالکنایہ تردید کرتا ہوا؛ ایک دوسرے سے نا مطابق ؛ براہِ راست برعکس ؛ نقیض ۔

contradictoriness, n. تضادیّت ؛ تضاد ؛ تناقض ۔

contradictory, n. ضد بیان ؛ بیان یا اِدّعا جو دُوسرے بیان کی مکمّل تردید کرتا ہو ؛ متناقض بیان ۔

contradistinction, n. امتیاز یا تفریق (بین اشیا) ؛ تمیز ؛ تمیز متقابل ؛ مختلف صفات یا خصوصیات کی بنا پر فرق یا امتیاز (جیسے ، drama in contradistinction to farce) ۔

contradistinctive, a. تمیزی ؛ امتیازی صفت یا خصوصیت رکھنے والا ؛ خصائص و صفات میں (دوسری چیز کے) برعکس ۔

contradistinguish, v.t. برعکس صفات کا تقابل کر کے پہچاننا یا تمیز کرنا ؛ براہِ راست تقابل کر کے (مختلف اشیا کو) الگ کرنا یا ان میں تمیز کرنا ۔

contrail, condensation trail, n. تکاثفی دُنبالہ ؛ جم لکیر ؛ دکھائی دینے والی منجمد نمی کی لکیر جو ہوائی جہاز ، راکٹ یا میزائل کے گُزرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔

contraindicate, v.t. (طِب) معکوس علامت دینا ؛ غیر موافق علامت دینا ؛ مریض کی حالت یا بیماری کی علامت کا ایسا اشارہ دیناجو کسی خاص یا معمول کی دوا یا علاج کے خلاف ہو۔

contraindicant, n. (مرض) معکوس علامت دار ؛ غیر موافق ؛ مخالف نشان دہی کرنے والی (حالت یا علامت) ۔

contraindication, n. معکوس علامت ؛ غیر موافق علامت ؛ مخالف نشان یا علامت ۔

contraindicative, a. معکوس نُما ؛ غیر موافق نُما ؛ مخالف نشان دہی کرنے والی(علامت یا حالت)۔

contralto, n. (موسیقی) مدھر سُری مغنیہ؛ زنانہ مدھم یا زیریں آواز یا ایسی آواز جو پنجم اور دھیوت کے درمیان ہو؛ اوسط آواز ؛ مدھر سُر میں گانے والی ؛ نیچے سُروں کی گائکہ ۔

contralto, a. مدھم یا زیریں آواز یا اس کے سُروں کے متعلق ۔

contraposition, n. عکسی نقیض ؛ تقابل ؛ مقابلہ ؛ تخالف یا تقابل میں رکھنے کا عمل ؛ مخالف پوزیشن ؛ نقیض نظریہ ۔ (فعل متعدی) مقابلہ میں آنا ؛ مخالفت کرنا ۔

contraption, n. (بول چال) کام چلاؤ ؛ تدبیر ؛ ترکیب ۔

contrapuntal, a. (موسیقی) گُمکی ؛ راگ میں لگائے جانے والے جوڑ کے متعلّق ۔

contrapuntist, n. راگ میں جوڑ لگانے والا ۔

contrariety, n. تضاد ؛ تخالُف ؛ مخالف یا برعکس ہونے کی حالت یا خصوصیّت ؛ حقیقی ، جوہری ، خصوصی یا اصولی مخالفت یا ضد ۔

contrariwise, adv. برخلاف اس کے ؛ برعکس اس کے ؛ دُوسری طرف ؛ اس کے اُلٹ ۔

contrary, a. برخلاف ؛ متضاد ؛ معکوس ؛ مقابل؛ فطرت اور کردار میں متضاد ؛ مخالف یا برعکس ؛ ایک دوسرے کی ضد ؛ مخاصمانہ یا معاندانہ ؛ اس لیے غیر موافق یا ہٹ دھرم ؛ مخالف سمت میں یا مخالف مقام پر یا جہت میں ؛ نا مساعد یا غیر موافق ۔ (نباتیات) زاویہ قائمہ پر ؛ ضد ؛ برعکس ۔

contrarily, adv. مخالفانہ ؛ مقابلے میں ؛ مخاصمانہ یا معاندانہ انداز میں ۔

contrariness, n. تضاد ؛ مخالفت ؛ معکوسیّت ؛ ضِد ۔

contrary, n. برعکس یا برخلاف بات (جیسے : to prove the contrary of a statement) ؛ دو متضاد اشیا ، بیانات یا تجاویز میں سے کوئی ایک ؛ مخاصمت ؛ تردید ؛ مخالفت ۔

by contraries, از راہ مخالفت ؛ خلاف توقُّع ۔

on the contrary, اس کے برعکس ؛ نہیں ، بلکہ ؛ جو کچھ کہا گیا ہے اس کے بالکل متضاد ؛ برخلاف اس کے ۔

to the contrary, مخالف یا مختلف اثر یا نتیجے کے لحاظ سے ؛ کہی گئی بات کی مخالفت میں یا اس کے برعکس ؛ برخلاف ۔

contrast, v.t. تقابل کرنا ؛ فرق دکھانا ؛ اختلاف ظاہر کرنا ؛ فرض یا تضاد ظاہر کرنے کے لیے آمنے سامنے رکھنا ؛ فرق کی بُنیاد پر مقابلہ کرنا ؛ اختلاف پر زور دیتے ہوئے اثر بڑھانے کے لیے (اشیا کا) بالکل پاس پاس رکھنا ؛ کسی شے کو مقابلے میں لانا ؛ برعکس چیز مہیّا کرنا یا تشکیل دینا ؛ مقابلہ کر کے جانچنا ۔ (فعل لازم) مقابلے سے فرق ظاہر ہونا ؛ برعکس یا مختلف چیز ہونا ؛ نمایاں یا ممتاز ہونا ؛ تقابل ہونا ۔

contrastable, a. فرق ثابت کرنے کے لیے قابلِ تقابل ۔

contrastive, a. متقابل ؛ فرق بہم پہنچانے والا ۔

contrast, n. تقابل ؛ تفریق ؛ بین فرق ؛ تفریقی مقابلہ کا عمل ؛ تفریقی تقابل کی حالت ؛ فرق کی واضح نمایش ؛ نمایاں طور پر مختلف چیز ؛ ممتاز یا نمایاں شے ؛ فرق ؛ علیحدہ یا الگ شے ۔ (عکاسی) منفی عکس (negative) اور اس کی مثبت کاپی میں ہلکے اور گہرے یا روشن و تاریک حصّوں کے درمیان فرق ۔

contrasty, a. متبائن ؛ فوٹو کے روشن اور تاریک حصّوں کے تدریجی تغیّرات کا اظہار یا نمایش ۔

contravene, v.t. مزاحمت کرنا یا مزاحم ہونا ؛ کام میں رکاوٹ ڈالنا ؛ خلاف ورزی کرنا ؛ تجاوز کرنا ؛ آڑ بنانا ؛ حائل کرنا ۔

contravener, n. مزاحِم ؛ رکاوٹ ۔

contravention, n. نقض ؛ خلاف ورزی ؛ تجاوز ؛ مزاحمت ؛ خلاف ورزی یا تجاوز کرنے یا مزاحم ہونے کا عمل ؛ مخالفت ؛ اختلاف ؛ تعرّض ۔

contredanse, contradance, n. متقابل لوک رقص ؛ ایک طرح دار لوک ناچ جس میں مرد و عورت ایک دوسرے کے مقابل کھڑے ہو کر رقص کرتے ہیں ؛ رقصِ مربّع یا چوکور ناچ کی ایک قسم ؛ موسیقی کی گت جو اس رقص کے لیے مناسب ہے ۔

contretemps, n. سُوءِ اتفاق ؛ غیر متوقع اور نامناسب واقعہ ؛ شرمندہ کُن موقع ؛ رُکاوٹ ۔

contribute, v.t., v.i. دوسروں کے ساتھ مل کر شراکت میں دینا یا مہیّا کرنا ؛ مشترکہ فنڈ میں یا مشترکہ مقصد کے لیے چندہ دینا ؛ بطور حصّہ ادا کرنا ؛ اشاعت کے لیے مضمون ، وغیرہ دینا ؛ اپنے حصّے کا دینا ؛ اپنے اختیار یا اثر سے ممّد ہونا ؛ کسی کام میں شریک ہونا (اس کے بعد to مستعمل ہے) ۔

contributable, a. چندے کے قابل ؛ شرکت کے قابل ۔

contributor, n. چندہ دینے والا ؛ شرکت کرنے والا ؛ اپنا حصّہ ادا کرنے والا ؛ اخبار یا رسالے کو مضمون دینے والا ؛ مضمون نگار ؛ صحیفہ نویس ؛ شامل ؛ چندہ دہندہ ؛ شرکتی ؛ مددگار ؛ معاون ؛ مُمّد ۔

contribution, n. امداد ؛ چندہ ؛ چندہ دینے ، ممّد ہونے یا بطور شریک اپنا حصّہ/فرض ادا کرنے کا عمل ؛ وہ چیز جو (بطور حصّہ یا مدد) دی جائے ، خصوصاً رسالے کو بغرض اشاعت دیا جانے والا مضمون ؛ حصّہ ؛ چندہ دہی ؛ چنگی محصُول ؛ مضمون ؛ مراسلہ ؛ مقالہ ؛ صحیفہ ؛ حصّۂ رسدی ؛ شرکت ۔

contributive, a. چندے کا ؛ امدادی ؛ شراکتی ؛ امدادی رجحان کا ۔

contributory, a. امدادی ؛ شراکتی ؛ نتیجہ پر پہنچنے میں مددگار ؛ چندہ یا محصول پر منحصر ؛ چندہ یا امداد کے متعلّق یا اس کی نوعیّت کا ۔

contributory, n. شرکت کرنے والا ؛ چندہ یا امداد دینے والا ؛ دیوالیہ یا ٹُوٹنے والی کمپنی کے قرضوں کی ادائیگی میں شریک ؛ ساجھی ؛ شرکتی ۔

contributory negligence, n., a. (قانون) شاملی غفلت ؛ خود مجروح شخص کی غفلت جو حادثے میں اُسے زخم پہنچانے کا باعث بنی ہو ؛ خود غفلتی ۔

contrite, a. نادم ؛ احساسِ گناہ کے باعث متأسّف و محزون ؛ تائب ؛ پشیمان ؛ شرمسار ؛ ندامت آمیز ؛ پُرانفعال ؛ مغموم ۔

contriteness, n. ندامت ؛ پشیمانی ؛ انفعال ؛ غم ؛ پچھتاوا ؛ شرمساری ۔

contrition, n. شرمساری ؛ نادم ہونے کی حالت ؛ سچی توبہ ؛ خشیت ؛ استغفار ۔ (الہیّات) توبہ اور تلافی کے پُرخلوص مقصد سے گناہ پر افسوس اور گناہوں پر ندامت ؛ انفعالیت ؛ توبۃُ النصوح ۔

contrivance, n. تدبیر ، اختراع ، ترکیب یا منصوبہ بندی کا عمل ؛ ایجاد ؛ جدّت ؛ استعداد ؛ آلہ ، پُرزہ ، کل یا کوئی اور بنائی ہوئی چیز ؛ اسکیم ؛ حیلہ ؛ جھانسا ؛ جتن ؛ حکمت ؛ جوڑ توڑ ۔

contrive, v.t. کاریگری سے منصوبہ بنانا ؛ ترکیب لڑانا یا تدبیر کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ مشکلوں کے باوجود تدبیر نکالنا یا کام چلانا ؛ جتن کرنا ؛ حکمت سے کام لینا ؛ تدبیر نکالنا ۔ (فعل لازم) اسکیم بننا ؛ منصوبہ بننا ؛ سازش ہونا ؛ حیلہ کیا جانا ؛ جوڑ توڑ ہونا ؛ اپائے ہونا ؛ تدبیر نکلنا ۔

contriver, n. مختر ع ؛ جوڑ توڑ کرنے والا ؛ تدبیر یا ترکیب کرنے والا ؛ منصوبہ بنانے والا ؛ اختراع کرنے والا ؛ حکمت سے کام لینے والا ۔

contrivable, a. اختراعی ؛ حکمتی ؛ فطرتی ؛ منصوبے باز ۔

contrived, a. نقلی یا بہروپی ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی ۔

control, v.t. روکنا یا ضابطے میں لانا ؛ قابو میں رکھنا یا اختیار میں لانا ؛ غالب آنا ؛ حکومت کرنا ؛ روک میں رکھنا ؛ پابندیوں میں رکھنا ؛ جکڑنا ؛ دبانا ؛ مغلوب کرنا ؛ نگرانی کرنا ؛ کنٹرول کرنا ؛ قید کرنا ؛ تصرّف میں لانا ؛ انضباطی کارروائی کرنا ؛ منضبط کرنا ؛ تصرف کرنا ؛ پابند کرنا ؛ پابندی لگانا ؛ نظم و ضبط قائم کرنا ۔

controllability, n. تسلط پذیری ؛ اقتدار ؛ نظم و ضبط ؛ تصرف ؛ تقید ۔

controllable, a. قابلِ ضبط ؛ تسلط پذیر ؛ انضباطی ؛ متصرّف ۔

controlling, a. مختار ؛ غالب ؛ ضابط ۔

control, n. قابو کرنے کا عمل یا طاقت ؛ نظمُ و ضبط ؛ غلبہ یا اختیار ؛ روک یا پابندی ؛ کوئی بھی چیز جو قابو کرنے یا غلبہ قائم رکھنے میں مدد گار ہو ؛ سائنسی تجربہ میں تقابل کا معیار ؛ محتسب یا وہ شخص جو احتساب کرتا ہے اور جرم و گناہ سے روکتا ہے ؛ اقتدار ؛ حکومت ؛ نگرانی ؛ محاسبہ ؛ جانچ پڑتال ؛ رکاوٹ ؛ قید ؛ بندش ؛ قابو یافتہ شخص ؛ مسلّط روح یا ہم زاد ؛ پیر ؛ مؤکل ۔ (مشین) کنٹرول کرنے والا آلہ یا ترکیب ؛ ایسی ترکیبوں کا سیٹ یا مجموعہ ۔(عموماً جمع) قابو ؛ حُکم ؛ تحت ؛ دباؤ ؛ تصرف ؛ ضبط ؛ کنٹرول ؛ ضابطہ ؛ ضابط پرزے ؛ اختیار ۔

control experiment, n. منضبط تجربہ ؛ وہ تجربہ یا تجرباتی ترکیب جس کے ذریعہ کسی دوسرے تجربہ کی اِدّعائی ایجاد یا دریافت کی صحت کو پرکھا جائے ۔

controller, n. ناظم ؛ کنٹرولر ؛ مختار ناظر ؛ ناظمِ حسابات ؛ محاسب ؛ وہ شخص جو آمد و خرچ کی جانچ یا تنقیح کرتا ہے ؛ وہ شخص جو ضابطوں کا نفاذ اور روک ٹوک کرتا ہے ؛ محافظ ؛ ضابطِ رفتار ؛ ضبطِ گر۔

controllership, n. محاسبی کی خدمت ؛ عہدہ یا دائرہ اختیار ؛ نظارت۔

controlling interest, n. حاوی مفاد ؛ کسی کارپوریشن یا تجارتی کمپنی میں حصص کی اکثریت کی ملکیت جس کی وجہ سے اس کے مالک یا مالکان کے گروہ کو کمپنی کی پالیسی پر کنٹرول کا حق ہوتا ہے۔

control rocket, retro rocket, vernier engine, n. (فضائیات) منضبط راکٹ ؛ کم طاقت کا ضمنی راکٹ انجن جس کے دھواں خارج کرنے کی ٹونٹی (دہانہ) کا رُخ پرواز کی سمت ہوتا ہے تا کہ قذفی میزائل کے رُخ ، رفتار اور میزائل کے مختلف مدارج کی علیحدگی کے درمیان تطابُق قائم کیا جا سکے۔

control tower, n. نگراں مینار ؛ کنٹرول ٹاور ؛ ہوائی اڈا یا طیّارہ گاہ پر واقع مینار جہاں ہوائی اور زمینی آمدورفت کی رہنمائی اور نظم و ضبط کے لیے ضروری عملہ اور آلات موجود ہوتے ہیں۔

controversial, a. نزاعی ؛ متنازع فیہ ؛ مناقشہ انگیز ؛ مباحثہ خیز ؛ نزاعی مسئلہ کا ، اس کے متعلّق یا اس کی بینت کا ؛ حُجتّی ؛ مناقشہ طلب ؛ جھگڑے والی ؛ فسادی ؛ اختلافی ؛ بحث طلب ؛ مباحثہ طلب۔

controversialist, n. نزاع انگیز ؛ مناقشہ پسند ؛ مباحثہ جو ؛ مباحثہ و مناقشہ کا ماہر ؛ جھگڑالو ؛ نزاع پسند۔

controversialism, n. نزاعیّت ؛ نزاع انگیزی ؛ مناقشہ پسندی ؛ مباحثہ جوئی ؛ تنازع پسندی ؛ نزاع پسندی۔

controversy, n. اختلاف ؛ مناقشہ ؛ بحث ؛ نزاع ؛ کسی نظریہ پر اختلاف رائے ؛ مباحثہ ؛ تنازعہ ؛ تحریری بحث ؛ جواب سوال ؛ مناظرہ ؛ قضیہ۔

controvert, v.t. حجت کرنا ؛ نہ ماننا ؛ کسی رائے کے خلاف بحث کرنا ؛ جھگڑنا ؛ انکار کرنا ؛ مخالفت کرنا ؛ مباحثے میں اڑ جانا ؛ قیل و قال کرنا ؛ بحث کرنا ؛ حُجت بازی سے کام لینا ؛ بحثنا ؛ تکرار کرنا ؛ جُھٹلانا ؛ کلام کرنا ؛ جرح کرنا۔ (فعل لازم) مباحثہ میں شامل ہونا ؛ مخالف ہونا ؛ انکاری ہونا۔

controverter, n. حجتّی ؛ بحث پسند ؛ حجت باز ؛ مخالف۔

controvertible, a. مخالف ؛ مباحثہ کے قابل ؛ بحث طلب ؛ انکار کے قابل ؛ مخالفت کے لائق ؛ انکاری۔

contumacious, a. عدول ؛ سرکش ؛ سرکشی کا مظاہرہ کرنے والا ؛ ضدّی ؛ باغی ؛ دانستہ طور پر ضدّی و نافرمان ؛ منکر؛ شورہ پُشت ؛ نافرمان؛ سرتاب؛ متمرّد۔

contumacy, n. عدول حکمی؛ خودسری یا بغاوت؛ دانستہ اور مستقل نافرمانی یا احکام کی خلاف ورزی ؛ سرکشی۔ (قانون) عدالتی حُکم یا طلبی کی دانستہ نافرمانی یا انکار۔

contumelious, a. ڈھیٹ ؛ گستاخ ؛ شوخ چشم ؛ بیہودہ ؛ گستاخی یا بیہودگی کا مُظہر ؛ تحقیری ؛ توہین آمیز ؛ طنزیہ ؛ ملامت یا توہین کرنے پہ مائل ؛ مغرور، گُستاخ یا غرور کی وجہ سے گستاخ ؛ متمرّد ؛ حقارتی۔

contumely, n. گفتگو یا برتاؤ میں خودسری اور حقارت ؛ حقارت زا یا توہین آمیز زبان ؛ خودسری و گستاخی ؛ انکار ؛ حکم عدولی۔

contuse, v.t. رگڑ یا خراش سے زخمی کرنا ؛ مُنڈی چوٹ لگانا ؛ جلد کو پھاڑے بغیر زخمی کرنا ؛ اندرونی مار دینا۔

contusion, n. مُنڈی چوٹ ؛ بھیتری مار یا چوٹ ؛ گرنے سے یا کُند چیز کی ضرب سے ایسی چوٹ جو شدید ہو لیکن جس سے جلد بھٹ کر خون نہ نکلے ؛ اندرونی چوٹ ؛ گُم چوٹ۔

conundrum, n. پہیلی ؛ مُعمّا ؛ وہم و گمان ؛ ذو معنویت ؛ اِبہام ؛ ضلع جُگت ؛ چیستان یا معمّا جس کا جواب ذُومعنی یا لفظوں کا کھیل یا ہیر پھیر ہوتا ہے۔

convalesce, v.i. بیماری سے افاقہ ہونا ؛ بیماری کے بعد صحت بحال ہونا ؛ بیماری کے بعد آرام پانا یا ہونا۔

convalescence, n. بیماری کے بعد صحت و طاقت کی رفتہ رفتہ بحالی ؛ روبصحت ہونے کی حالت ؛ بیماری سے اٹھنے کے بعد صحت مند ہوتے ہوئے شخص کی کیفیت ؛ صحتیابی۔

convalescent, a., n. روبصحت ؛ افاقہ یاب۔

convect, v.t. گیس یا مائع کا منتقل کرنا۔ (فعل لازم) حرارت کا منتقل ہونا ؛ حمل حرارت ہونا۔

convection, n. (طبیعیات) حملِ حرارت ؛ ناہموار درجۂ حرارت رکھنے والے رقیق یا گیس میں کثافت کے فرق اور اس کے نتیجہ میں کششِ ثقل کے باعث حمل رَو ؛ اس عمل کے ذریعہ حرارت کا انتقال یا نقل و حمل ؛ حرارت رسانی ؛ برق رسانی ؛ نقلِ حرارت۔ (موسمیات) ہوا کی رَو کا عمودی بہاؤ ، خصوصاً گرم ہواکی اُوپر کی طرف اُٹھان۔

convection oven, n. حرارت رساں بھٹّی ؛ آتش دان جس میں چُولھے سے آنے والی پنکھے کی گرم ہوا گردش کرتی ہے اور اس سے پکنے کا عمل تیز اور صحیح ہوتا ہے۔

convector, n. حملیہ ؛ ترکیب یا رقیق جس کے ذریعہ حملِ حرارت ہو ؛ حملی گرمالہ۔

convene, v.i. جمع ہونا ؛ مِلنا ؛ ایک ہی جگہ ملنا ؛ انعقاد ہونا ؛ منعقد ہونا ؛ بلایا جانا ؛ طلب کیا جانا۔ (فعل متعدی) جمع کرنا ؛ بلا کر جمع کرنا یا ساتھ بلانا ؛ مجلس بُلانا ؛ عدالت کی طرف سے مِلنے یا حاضر ہونے کے لیے طلب کرنا ؛ انعقاد کرنا ؛ منعقد کرنا ؛ ایکجا کرنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ فراہم کرنا ؛ مجلس کرنا۔

convener, n. داعی ؛ کنوینر ؛ وہ شخص جو دوسروں کو جمع کرتا ہے یا ان سے ملتا ہے ؛ مجلس منعقد کرنے والا یا بلانے والا۔

convenience, n. سہولت ؛ موزونیت ؛ مناسبت ؛ فائدہ مند ، کارآمد یا موزوں ہونے کی خصوصیت ؛ موزوں یا مناسب صورتِ حال یا وقت (جیسے : ,to do a thing at one's convenience) ؛ سہولت کی چیزیں ، مثلاً برتن یا آسانی سے تیّار ہونے والا طعام۔ (برطانوی) آبی قدمچہ یا بیت الخلا ؛ گنجایش ؛ کشادگی ؛ فراغت ؛ فرصت ؛ آرام ؛ آسایش ؛ فائدہ مندی ؛ سُکھ ؛ چین ؛ آسودگی۔

convenient, a. سہل الحصول ؛ آسان ؛ سہولت ، راحت یا فرصت کا ؛ ضرورت یا مقصد کے لیے موزوں ؛ با سہولت یا استعمال میں آسان ؛ مفید ؛ موزوں گنجایش کا ؛ آرام کا ؛ مناسب ؛ با فراغت ؛ معقول۔

convent, n. کانوینٹ ؛ عیسائی اہلِ خانقاہ ؛ عیسائی پادریوں یا سالکین کی جماعت جو ایک مرشد کے تحت مذہبی زندگی بسر کرتے

ہیں ؛ پادریوں ، راہبوں یا راہباؤں کی سوسائٹی ؛ عام زبان میں صرف راہباؤں کی جماعت ؛ وہ عمارت یا عمارتیں جن میں یہ راہبائیں رہتی ہیں ؛ خانقاہ یا عام زبان میں صرف راہباؤں کا کانوینٹ ۔

conventicle, n. مجلس منحرفین ؛ کلیسائے انگلستان کے مخالفوں کی غیر قانونی اور مخفی مجلس ، خصوصاً مذہبی عبادت کے لیے اس دور میں جب کہ قانونی طور پر ان کی مخالفت ممنوع تھی ؛ اس مجلس کا مقام یا جلسہ گاہ ؛ خصوصاً غیر مقلدوں کے ملنے کا مقام ۔

conventicler, n. منحرِف ؛ کلیسائے انگلستان کے مخالفوں کا حمایتی ۔

conventicular, a. منحرَف ؛ کلیسائے انگلستان کا مخالف ؛ انحراف ۔

convention, n. مؤتمر ؛ اجتماع ؛ جلسہ یا مجلس ؛ خصوصاً مخصوص معاملات طے کرنے کے لیے نمائندوں یا وفود کی باقاعدہ مجلس ؛ مجلس بُلانے کا عمل ؛ معاہدہ ، میثاق یا تراضئ طرفین ؛ خصوصاً بین الاقوامی میثاق جو مخصوص معاملات کے متعلّق ہو جیسے پوسٹل سروس وغیرہ ؛ عام معاہدہ یا قول و قرار ؛ تسلیم شدہ رواج ، خصوصاً معیاری طریق کار کے متعلّق ؛ کبھی کبھی رواجیت یا رسمیت کے معنوں میں ؛ ضابطہ ، طریقہ ، معمول یا دستور جو عام رضامندی یا رواج کی بُنیاد پر قائم ہو ۔ (برج کا کھیل) کھلاڑی کی بولی جو اس کے ساتھی کے لیے پہلے سے طے شدہ تفہیم کی بُنیاد پر اپنے تاشوں کے مُتعلّق خفیہ اطلاع ہوتی ہے ؛ عہدوپیمان ؛ معاہدہ ؛ عہد نامہ ؛ رواج ؛ قرار دار ؛ رسم ؛ دستور ؛ مجمع ۔

conventional, a. رواجی ؛ رسمی ؛ جماعتی ؛ میثاقی ؛ جماعت/مجلس ، معاہدہ/میثاق کا یا اس کے متعلّق ؛ عام رضامندی یا رواج کی بُنیاد پر قائم شدہ ؛ از خود یا طبع زاد ہونے کے بجائے روایتی یا تقلیدی ۔ (فنون لطیفہ) تسلیم شُدہ معیار/نمونہ یا روایت کے مطابق یا تقلید میں ؛ فطرت کی ہوبہو نقل کے بجائے اسلوبی یا تزئینی ؛ قرار یافتہ ؛ مروّجہ ؛ روزمرہ کا ۔

conventionalism, n. رواجیت ؛ رسمیت ؛ رسم پرستی ؛ رسم و رواج کی تقلید کا رجحان ؛ کوئی بھی رسمی ، رواجی یا روایتی عمل ، بات یا چیز ۔

conventionalist, n. رواج پسند ؛ رسم پرست ؛ پابند رسوم ؛ مقلد ۔

conventionality, n. تقلید ؛ رسم ؛ آداب مقررّہ ؛ قید رسمی ؛ رسمی خصوصیت یا کردار ؛ رسم و رواج کی پابندی ؛ رواجی عمل ، اصول یا ہیئت ۔ (جمع) رسم و آداب کے رواجی قاعدے ، ان معنوں میں لفظ سے پہلے the آتا ہے ؛ رواج ۔

conventional bomb, n. عام بم ؛ کوئی بھی غیر نیوکلیائی بم جس میں عام دھماکا کرنے کا مادّہ ہو اور جو کیمیاوی یا آتش خیز بم نہ ہو ۔

conventionalize, v.t. رواج دینا ؛ رسمی بنانا ؛ رسم و رواج کے قاعدوں یا ضابطوں کے تحت لانا ؛ معاشرے کے رسم و رواج کے موافق کرنا ؛ رواجی بنانا ؛ عام بنانا ۔

conventioneer, n. شریک مجلس ؛ کنونشن ، مجلس یا جلسہ میں شرکت کرنے والا ۔

conventual, n. کسی خانقاہ یا کانوینٹ کا رُکن ۔ (بڑے c سے) سہل پسند راہب ؛ فرانسسکی عیسائی راہبوں کا ایک فرقہ جو پندرھویں صدی عیسوی میں قواعد و ضوابط کے سختی سے پابند ، کٹر فرانسسکی مقلدّوں سے علیحدہ ہو گیا اور جس نے نرم ضابطے اختیار کر لیے ۔ (صفت) خانقاہی ؛ خانقاہ یا کانوینٹ سے متعلّق یا اس کی خصوصیت کا ؛ رسمی ؛ راہبانہ ۔

converge, v.i. ایک ہی نقطہ یا لکیر پر ملنے کی طرف مائل ہونا ؛ مرتکز ہونا ؛ ایک دوسرے کی طرف جھکاؤ ہونا ، جیسے غیر متوازی لکیروں کا جھکاؤ ۔ (مجازاً) مشترک نتیجہ یا ماحصل کی طرف رُجحان یا اس پر اِتّصال ؛ راستوں کا مِلنا ؛ قریب ہونا ؛ سمٹنا ، جمع ہونا ؛ مائل بہ مرکز ہونا ۔ (فعل متعدی) مرتکز کرنا ؛ استقران کرنا ؛ سمیٹنا ؛ قریب کرنا ؛ جمع کرنا ؛ مائل بہ مرکز کرنا ؛ جُھکانا ۔

covergence, convergency, n. استدقاق ؛ کُلّی میل ؛ مرتکز ہونے یا ایک نقطہ پر ملنے کا عمل یا حقیقت ؛ حالت استدقاق ؛ اجتماع ؛ تقارب ؛ سمٹاؤ ؛ میلان بہ مرکز واحد ۔

conversable, a. ملنسار ؛ ملنے یا گفتگو کرنے کے لائق ؛ خوش بیان یا خوش تقریر ؛ گفتگو کی قابلیت رکھنے والا ؛ گفتگو کا خواہش مند ۔

conversant, a. ماہر ؛ واقف ، علم و تجربہ کے معنوں میں (جیسے : Reading Kept him conversant with current issues) ؛ مشّاق ؛ بے تکلّف ؛ لوگوں سے مستقل یا معمول کا میل جول رکھنے والا ؛ آشنا ؛ آگاہ ؛ جان کار ؛ شناسا ؛ واقف کار ؛ جہاندیدہ ۔

conversance, conversancy, n. گفتگو ؛ بات چیت ؛ کلام ؛ مکالمہ ۔

conversation, n. مکالمہ ؛ گفتگو ؛ گفتگو یا بے تکلف زبانی اِبلاغ ؛ خیالات ، جذبات یا مشاہدات کا الفاظ کے ذریعے تبادلہ ؛ لفظی تبادلے کا عمل ، طریق کار یا مثال ؛ تعلق یا قریبی صحبت ۔ (قانون) اخلاقی کردار یا چال چلن (جیسے : criminal conversation or adultery) ؛ سوال جواب ؛ ذکر مذکور ؛ کلمہ کلام ؛ گپ شپ ؛ بول چال ؛ بات چیت ۔

conversational, a. مکالماتی ؛ گفتگو سے متعلّق ؛ باتونی ؛ بول چال کا ۔

conversationalist, conversationist, n. خوش گفتار ؛ باتیں کرنے کا شوقین شخص ؛ دلچسپ باتیں کرنے والا ؛ خوش بیان ؛ فصیح البیان ؛ فوق تقریر ؛ طلیقُ اللسان ۔

conversation piece, n. کوئی اتنی انوکھی اور غیر معمولی چیز جس کا جابجا چرچا ہو ؛ روزمرہ کے ماحول میں لیا ہوا (عموماً خاندان کا) گروپ فوٹو ؛ کئی اشخاص کی تصاویر پر مبنی نقّاشی ۔

converse, v.i. گفتگو ہونا ؛ بات چیت یا بے تکلّف گپ شپ ہونا ؛ لفظی اِبلاغ کا بے تکلّف تبادلہ ہونا ؛ ہم کلام ہونا ؛ باہم بولنا ؛ ہم سخن ہونا ؛ چرچا ہونا ۔

converse, n. گفتگو یا بحث ؛ ملاقات ؛ تقریر ؛ واقفیت ؛ دعویٰ معکوس ؛ شناسائی ؛ صاحب سلامت ؛ رُوشناسی ؛ بات چیت ۔

converse, a. معکوس ؛ اُلٹ ؛ ضد ؛ مقلوب ؛ قلب مخالف ؛ کوئی چیز جو دوسری چیز کی ضد یا اس کے برعکس ہو ؛ خصوصاً الفاظ کی ایک ہیئت جو دوسری ہیئت کے مقابل ہو لیکن جن کے درمیان الفاظ کے ایک جوڑ کا دوسرے سے معکوس معنوں میں تبادلہ ہو (جیسے : Warm in winter but cold in summer is the converse of cold in winter but warm in summer) ۔ (منطق) قضیہ جو

معکوسیت کا ماحصل ہو۔

conversion, n. تبدیلی ؛ تغیّر ؛ معکوس یا منقلب کرنے کا عمل یا معکوسی حالت ؛ تبدیلِ رُخ ؛ تبدیلیٔ مذہب ؛ انقلاب ؛ معکوسیت ؛ انابت ؛ رجوع ؛ مبادلہ ؛ ایک حالت سے دُوسری حالت میں طبعی تغیّر ؛ کردار ، ہیئت یا عمل میں تبدیلی ؛ تقلیب ؛ تبدل ؛ اصلی ، مناسب یا ارادی استعمال کے بجائے (کسی چیز کا) کوئی اور استعمال ؛ گناہگاری سے پارسائی میں روحانی تبدیلی ؛ مذہب ، سیاسی جماعت یا وفاداری کی تبدیلی ۔ (قانون) دوسرے کی جائیداد پر غیر قانونی قبضہ ۔ (منطق) منطقی قضیوں یا مسائل کی اصطلاحوں کے مقامات کا تغیّر و تبدل ۔ (ریاضی) کسروں کی تقسیم سے ریاضی کے اظہار میں تبدیلی ۔ (فُٹ بال) ٹچ ڈاؤن کے بعد گول کرنے کا عمل ۔ (باسکٹ بال) مخالف کے خلاف پینلٹی کے نتیجہ میں آزادانہ یا بغیر مزاحمت کے جالی میں گیند ڈال کر پوائنٹ حاصل کرنے کا عمل ۔

convert, v.t., v.i. تبدیل کرنا ؛ ایک سے دوسری ہیئت ، حالت یا مجموعۂ خصوصیات میں تغیّر کرنا یا قلب ماہیّت کے انداز میں بدلنا ؛ ایک سِکّہ کا دوسرے سِکّہ میں (شرح تبادلہ کے مطابق) تبادلہ کرنا یا مبادلت کرنا (جیسے : to convert francs into dollars) ؛ بُنیادی یا اصلی استعمال کے بجائے کسی اور استعمال میں لانا (جیسے : to convert a class room into a laboratory) ؛ غلط طور پر اپنے ذاتی کام میں لانا ؛ اعتقاد ، نظریے یا وفاداری کو تبدیل کرنا یا بدلنا ؛ ایک مذہب کو چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرنا یا کرانا ؛ کردار میں تبدیلی لانا ۔ (کیمیا) کسی مادّہ میں کیمیاوی تبدیلی لانا ۔ (قانون) ملکیت کے غیر قانونی یا ناجائز حقوق حاصل کرنا ۔ (منطق) کسی بیان یا قضیہ میں منطقی تبدیلی لانا ؛ تبدیل ہونا ۔ (کھیل) فٹ بال میں ٹچ ڈاؤن کے بعد پوائنٹ حاصل کرنا یا باسکٹ بال میں غلطی کے بعد مد مخالف کے آزادانہ گیند کو جالی میں ڈال کر پوائنٹ حاصل کرنا ؛ بھلا آدمی بنانا ؛ بھلا مانس بنانا ؛ منقلب کرنا ؛ سامنا بدلنا ؛ ماہیّت بدلنا ؛ قلب ماہیّت کرنا ۔

convert, n. نومذہب (جیسے نو مسلم ، نو عیسائی وغیرہ) ؛ وہ شخص جس کا مذہب تبدیل کیا گیا ہو ؛ وہ شخص جو مسلک ، اعتقاد ، مذہب یا وفاداری کی تبدیلی کے تجربہ سے گزرتا ہے ؛ نومرید ؛ نو مسلم ۔

converter, n. بدلنے والا ، مثلاً وہ جو سادہ سوتی کپڑے کو اُجلی ، رنگین یا چمکدار ساخت میں تبدیل کرے ۔ (فلزّیات) وہ ظرف یا برتن جس میں بیسمر (Bessemer) کے طریقہ سے کچا لوہا فولاد میں بدلا جاتا ہے ۔ (برق) ایک ترکیب جس کے ذریعے برقی توانائی کو بلاواسطہ (ڈی سی) سے بالواسطہ (اے سی) یا باری کی رو میں بدلا جاتا ہے ؛ ایک ریڈیائی ترکیب جس کے ذریعے ایک تعدّد ارتعاش کو دُوسرے تعدّد میں بدلا جاتا ہے ؛ ایک ترکیب جس کے ذریعے ٹیلیوژن سیٹ اضافی چینلوں کے پروگرام وصول کرنے لگتا ہے ، خصوصاً UHF چینلوں کے ۔ (طبیعیات) ایندھن کی ماہیّت بدلنے والا ری ایکٹر یا نیوکلیائی متعاملہ ؛ فولاد ساز ؛ مبادلہ گر ؛ پلٹاؤ بھٹی ۔

convertible, a. تغیّر پذیر ؛ تغیّر قبول ؛ مبادلہ پذیر ؛ قابلِ بدل ؛ بدلنے کے قابل ؛ قابل مبادلہ یا مساوی ؛ قابلِ تقلیب ؛ ایسی چھت جو چھتری کی طرح لگائی یا نیچی کی جا سکے ، جیسی کہ موٹرکاروں میں ہوتی ہے ؛ تقلیب پذیر ؛ تبدیل پذیر ؛ بدل پذیر ۔

convertibleness, n. تحوُّل ؛ تغیر پذیری ؛ تغییر ؛ تحویلیّت ۔

convertible, n. قابلِ تبدیل شے ؛ ایسی چیز جو کسی دوسرے کام یا استعمال کے لیے بدلی جا سکے ؛ لپیٹی جانے والی خیمہ سقف کی موٹرکار ؛ مترادف چیز ؛ مُحَوّل چیز ۔

convertible bond, n. (مالیات) بدل پذیر تمسک ؛ تمسّک یا بنڈی جسے اس کا مالک اپنی مرضی سے مقرّرہ قیمت پر کمپنی کے عام حصص سے تبدیل کر سکتا ہے ۔

convertible life insurance, n. بدل پذیر بیمۂ زندگی ؛ محدود قسم کا زندگی بیمہ ، مثلاً میعادی یا گروہی بیمہ ، جو بیمہ کرانے والے کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ بیمہ کو وسیع تر یا زیادہ مستقل شکل میں کسی نئے بیمہ کے لیے ثبوت مہیا کیے بغیر تبدیل کر لے ۔

convertible stock, n. قابلِ تبدیل تمسّک ؛ ترجیحی تمسّک جس کا تبادلہ مالک اپنی مرضی سے عام تمسّک سے کر سکتا ہو ؛ تبدیل پذیر راس المال ۔

convertiplane, convertaplane, n. منقلب طیّارہ ؛ ایک ہوائی جہاز جو گھومنے والے پروں کے ہیلی کاپٹر کی طرح زمین پر دوڑے بغیر اُوپر اٹھ اور نیچے اُتر سکتا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی پروں والے ہوائی جہاز کی طرح تیز رفتار سے دوڑ بھی سکتا ہے ۔

convex, a. حدبی ؛ محدّب ؛ کُروی ؛ ایسی سطح کے متعلق جو گول چیز کی طرح باہر کی طرف گولائی لیے ہو ؛ یہ مجوّف کی ضد ہوتا ہے ؛ قبہ سے متعلّق ؛ اُبھرواں ۔

convexness, n. کرویت ؛ اُبھراؤ ؛ اُبھار پن ۔

convexity, n. انحداب ؛ گولائی ؛ گولائی کی حالت ؛ گول چیز کی بیرونی سطح ؛ تحدّب ؛ حدب ؛ اُبھار ۔

convexo-concave, a. محدّب مقعر ؛ ایک طرف محدب اور دُوسری طرف مجوّف عدسہ ؛ خصوصاً ایسا عدسہ جس کی محدب سمت مجوّف کی بہ نسبت زیادہ گول اور عدسہ کے وسط میں سب سے زیادہ دبیز ہو ۔

convey, v.t., v.i. لے جانا ؛ پہنچانا یا مُنتقِل کرنا ؛ ترسیل کرنا ؛ حوالے کرنا ؛ کسی بھی ذریعے سے (مثلاً الفاظ ، منظر ، جسمانی اشارہ)؛ اِبلاغ کرنا ؛ سمجھانا ؛ بتانا ؛ ذہن نشین کرنا (معنی وغیرہ کا) ۔ (قانون) غیر منقولہ یا منقولہ جائیداد کے حقوق ایک شخص سے دوسرے کو منتقل کرنا ؛ لے چلنا ؛ اٹھا لے جانا ؛ تعلیم کرنا ؛ دینا ؛ دے ڈالنا ؛ بیان کرنا ؛ خبر پہنچانا ؛ پیغام لے جانا ؛ منتقل کرنا ؛ ہبہ کرنا ۔

conveyable, a. قابلِ انتقال ؛ ترسیل پذیر ؛ انتقال پذیر ۔

conveyance, n. حمل و نقل ؛ لے جانے ، اٹھا کر لے جانے ، منتقل کرنے یا پہنچانے کا عمل ؛ ایصال ؛ انتقال ؛ لے جانے یا منتقل کرنے کا ذریعہ ، جیسے کوئی گاڑی ، سواری ، چھکڑا یا باربرداری کا جانور ۔ (قانون) ایک شخص سے دوسرے شخص کو انتقال جائیداد ؛ دستاویز جس کے ذریعے جائیداد منتقل کی جائے ؛ ہبہ ؛ انتقال نامہ ؛ سواری ؛ گاڑی ؛ تحویل ۔

conveyancing, n. (قانون) دستاویز نویسی ؛ حقوق کی جانچ پڑتال اور جائیداد کی منتقلی کے لیے دستاویز کی تیّاری ؛ نقل نویسی ۔

conveyancer, n. نقل نویس ؛ مختار ؛ دستاویز نویس ؛ انتقال جائیداد کی دستاویز کا کاتب یا ٹائپ کرنے والا ۔

conveyer, conveyor, n. (قانون) حامل ؛ وہ شخص یا دستاویز ، جو منتقل کرے (مثلاً ،جائیداد) ؛ ایک مشینی ترکیب جس کے ذریعے سامان وغیرہ عمارت کے ایک حصّہ سے دوسرے حصّے میں منتقل کیا جاتا ہے (جیسے : conveyer belt) ؛ ترسیلی پٹّہ ؛ سامان پٹّہ ۔

convict, v.t., v.i. عدالت کے سامنے مقدّمہ کے نتیجہ میں ملزم کا جرم ثابت کرنا یا اسے جرم کا مرتکب پانا ؛ غلط کام یا غلطی کا ارتکاب ثابت کرنا یا اعلان کرنا ؛ سزا دینا ؛ مجرم ٹھہرانا ؛ مجرم ثابت کرنا ۔

convict, n. مجرم ؛ وہ شخص جسے مقدمہ کے نتیجہ میں عدالت نے سزا دی ہو ؛ سزایاب ؛ جو سزابھگت رہا ہو ؛ سزایافتہ ۔

conviction, n. سزایابی ؛ سزادہی یا سزا کی حقیقت و حالت ؛ اثباتِ جُرم ؛ قائل کرنے کا عمل ، حق کی شناخت یا قائل ہونے کی حالت ؛ توثیق ؛ اِذعان ؛ یقینِ کُلّی ؛ یقین کامل ؛ مضبوط عقیدہ ؛ احساسِ گناہ ۔

convictional, a. اثباتی؛ توثیقی ؛ اذعانی ؛ ایقانی ؛ اعتقادی ۔

convince, v.t., v.i. قائل کرنا ؛ باور کرانا ؛ منوا لینا ؛ منوانا ؛ یقین دلانا ؛ شہادت یا ثبوت کے ذریعے مطمئن کرنا ؛ اطمینان بخش ثبوت یا دلیل کے ذریعے شبہات دور کر کے مکمل یقین دلانا یا بات منوانا ؛ قبولیت کے لیے مجبور کرنا ؛ راسخ العقیدہ بنانا ؛ قائل معقول کرنا ؛ دلنشین کرنا ۔

convincible, a. تیقُّن پذیر ؛ معقولیت پسند ؛ قائل ؛ راسخ العقیدہ ۔

convincing, a. قابلِ یقین ؛ ایسی خصوصیات کا حامل جو کسی چیز کی حقیقت یا اعتبار کا یقین دلا دیں یا قائل کر دیں ؛ یقینی ۔

convincingness, n. معقولیّت ؛ وثوق ؛ تیقّن ؛ منوانے کی قابلیّت ۔

convivial, a. دعوتی ؛ ضیافتی ؛ ضیافت یا تفریحِ طبع کے متعلّق ؛ جشنی ؛ تہواری ؛ یار باش ؛ زندہ دل ؛ خوش طبع ۔

conviviality, n. یار باشی ؛ زندہ دلی ؛ خُوش طبعی ؛ جشن سازی ؛ ضیافتی محفل میں ہنسی مذاق ؛ خوش مزاجی ؛ تہوار ؛ تفریح ؛ دعوت ؛ ضیافت ۔

convocation, n. جلسہ تقسیم اسناد ؛ کنووکیشن ؛ اجتماع کی طلبی ؛ بُلاوا ؛ احتفال ؛ اجتماع ، انجمن یا محفل منعقد کرنے کا عمل ، یا انعقاد کی حقیقت یا حالت ؛ طلبی کی تعمیل میں لوگوں کا ایک جگہ ملاپ ؛ مجلسِ کلیسا ؛ کلیسائے انگلستان کے پادریوں کا جلسہ ؛ امریکی پروٹسٹنٹ ایپسکوپل کلیسا کے علاقائی پادریوں کی مجلس ؛ آکسفورڈ یا ڈرہم یونیورسٹی کی مجلسِ قوانین ؛ اجتماعِ جامعہ ؛ دیوانِ جامع ؛ کلیسائی اجتماع ۔

convocational, a. اجتماعی ؛ جامعی ؛ جلسۂ تقسیم اسناد کے متعلّق ؛ کلیسائی اجتماع سے متعلّق ۔

convoke, v.t. جمع کرنا ؛ جمع ہونے کے لیے طلب کرنا ؛ بُلانا (جلسے میں) ؛ طلبی کے نتیجہ میں جمع ہونا ؛ (جلسہ) طلب کرنا ۔

convoker, n. داعی ؛ جامع ؛ جلسہ یا اجلاس بلانے والا ؛ اکٹھا کرنے والا ؛ بغرضِ اجتماع بلانے والا ۔

convolute, v.t. کُنڈلی مارنا ؛ بَل دینا ؛لپیٹنا؛ بٹنا ؛ لف کرنا ؛ پیچ دار کرنا ؛ لہر دار بنانا ۔

convolute, a. ملفّف ؛ بل دیا ہوا ؛لپیٹاہوا ؛ بٹا ہوا؛ ایک دوسرے پر چڑھا ہوا ۔ (نباتیات) لمبائی میں اس طرح لپٹا ہوا کہ ایک سرا انٹی کے اندر ہو اور دوسرا باہر ، جس طرحِ کلی میں پنکھڑی ہوتی ہے؛ بل کھایا ہُوا ؛ پیچاں ؛ مفتول ؛ پیچ درّ پیچ ؛ لچیلا ؛ باہم پیچیدہ ؛ لہر دار ؛ پیچدار ۔

convolution, n. لپیٹ یا بل ؛ لپٹی ہوئی یا بل کھائی ہوئی حالت ؛ بل کھائی ہوئی چیز کا بَل یا پیچاں چیز کا پیچ ؛ تہ ؛ لچّھے کا ایک چکّر یا مرغولے کا حلقہ ؛ تلفیف ؛ لہریا پن ؛ خصوصاً بھیجے کی سطح پر ابھری ہوئی لہریا لکیریں یا کگرین ؛ لہر ؛ پیچ ۔

convolutional, convolutionary, a. بل دار ؛ بٹا ہوا ؛ لپٹا ہوا ؛ پیچاں ؛ پیچدار ؛ ملفّف ۔

convolve, v.t. لپیٹنا یا اِکٹھا بل دینا ؛ گولا بنانا ؛ لچّھا بنانا ؛ گُچّھا بنانا ؛ توڑنا مروڑنا ؛ لف کرنا ؛ ملفّف کرنا ۔ (فعل لازم) بل کھانا ؛ چکر کھانا ؛ لپٹنا ؛ مُڑنا ؛ تہ ہونا ؛ لف ہونا ۔

convolvement, n. پیچیدگی ؛ بل ؛ چکرّ ؛ لپیٹ ؛ تہ ؛ مروڑ ۔

convolvulus, n. جنگلی لبلاب بیل ؛ عشق بیچہ یا بید پیچاں ؛ ایک پودا جو جنس لبلاب Convolvulus سے تعلّق رکھتا ہے ، جس کی شاخیں بل کھائی ہوئی اور پھول تُرم نما ہوتے ہیں : عام طور پر تزئینی مقاصد کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ۔

convolvulaceous, a. لبلابی ؛ عشق بیچہ کا یا اس کے متعلّق ۔

convoy, v.t. کانوائے کا چلنا ؛ محافظت کے لیے کسی کا ساتھ ہونا یا بدرقہ لے کر چلنا ، (جیسے: a merchantman convoyed by a warship) ۔

convoy, n. کانوائے ؛ بدرقہ ؛ بہ حفاظت لے جانے کا عمل ؛ بدرقہ کی فراہم کردہ نگہبانی ؛ بدرقہ خصوصاً حفاظت کے لیے جیسے مسلّح فوج یا جنگی جہاز ؛ قافلے یا بیڑے کو حفاظت میں لے جانے کا عمل ؛ بدرقہ کی حفاظت ؛ تحفظ کے لیے مامور بدرقہ ، مثلاً مُسلّح دستہ یا جنگی جہاز ؛ مسافر ، سامان رسد یا جہاز جو بدرقہ کی حفاظت میں پہنچائے جائیں ۔

convulse, v.t. جھنجھوڑنا ؛ زور سے ہلانا ؛ شدید بیتابی یا افراتفری پیدا کرنا ؛ خصوصاً یکے بعد دیگرے جھٹکے لگنا (رگ پٹھوں کے سُکڑنے سے) ؛ وقفہ وقفہ سے تشنّج کا اثر ہونا ؛ زور کی ہنسی سے پیٹ میں بل پڑنا یا لوٹ جانا ؛ تشنّج پیدا کرنا ؛ اینٹھن پیدا کرنا ؛ اکڑانا ؛ بل چل پیدا کرنا ؛ اینٹھانا ؛ مروڑنا ؛ بل دینا ۔

convulsion, n. اینٹھن ؛ تشنّج ؛ شدید بیتابی یا افراتفری ؛ ہنگامہ ؛ بل چل ۔ (جمع ، امراضیات) تشنّج کے دورے یا رگ پٹھوں کا شدید تشنّجی سکڑاؤ ؛ اس قسم کے دوروں کا مرض ؛ ہنسی کا شدید دورہ ؛ حال پڑنے کی حالت ۔

convulsionary, a. بلِ چل سے ؛ بیتابانہ ؛ تشنُجی ۔

convulsive, a. تشنج زدہ ؛ متشنّج ؛ مائل بہ تشنُج ؛ تشنُج کی نوعیّت یا خصوصیت کا ؛ تشنّج سے متاثّر ؛ تشنُجی ۔

coo, v.i. نرم اور ہلکی آواز نکلنا جیسے کبوتروں اور فاختاؤں جیسی آواز یا اسی قسم کی کوئی آواز ؛ غٹرغوں کرنا ؛ غوں غوں ، کُوکُویا ہلکی دھیمی آواز میں پیار محبت کی باتیں کرنا ؛ غٹکنا ۔ (فعل متعدی) آہستگی سے بولنا ؛ دبی آواز میں بات کرنا ۔ (اسم) غوں غوں ؛ کوکو کی آواز ۔

cooer, n. غوں غوں کرنے والا ؛ آہستہ بولنے والا ۔

cooingly, adv. دھیمی آواز سے ؛ پیار محبت کے لہجے میں ۔

cook, n. باوُرچی ؛ طبّاخ ؛ نانبائی ؛ وہ شخص جس کا

پیشه کھانا تیّار کرنا ہو ؛ بھٹیارا ؛ رسوئیا ۔

cook, v.i. باوُرچی بننا ؛ بطور باوُرچی کام کرنا ؛ آگ پر یا حرارت سے کھاناپکانا ؛ غذا کا پکنا ۔ (فعل متعدی) حرارت کے عمل سے جیسے اُبال کر ، تنور میں پکا کر یا تل کر کھانا تیار کرنا ؛ (کسی چیز کو) آگ کے زیر عمل لانا ۔ (بول چال) گھڑنا؛ جعلی بنانا ؛ فرضی حساب تیّار کرنا ؛ جعلی حساب بنانا ؛ جھوٹ گھڑنا ؛ اختراع کرنا (ان معنوں میں اکثر cook کے بعد up کا لاحقه آتا ہے) ؛ چھپا کر بدلنا یا جُھٹلانا ۔ (عوامی) برباد کرنا یا بگاڑنا ۔

cookbook, cook book, n. کتابِ طبّاخی ؛ کھانوں کی کتاب ؛ کتـاب جس میں کھـانے بنانے کی تراکیب ، لوازمات اور پکانے کی ہدایتیں لکھی ہوتی ہیں ۔

cookery, n. طبّاخی ؛ باورچی گری ؛ طبّاخی کا فن یا پکانے کی مہارت ؛ نان پُری ؛ باورچی خانه ؛ پکانے کا فن ۔

cookie, cooky, n. کُکی ؛ چھوٹا ، چپٹا اور میٹھا کیک ۔

cookout, n. گوٹ : باہر کسی تفریحی مقام پر کھانا پکا کر کھانے والے دوستوں کی منڈلی ؛ پکوان ۔

cool, a. ٹھنڈا ؛ رُوکھا ؛ معتدل سرد ؛ نیم سرد ؛ نه گرم نه بہت زیادہ سرد ؛ ہلکا ٹھنڈا ؛ خُنک ؛ معتدل سردی کا احساس دینے والا (جیسے : a cool dress) ؛ جذبات سے مغلوب نه ہونے والا ؛ دھیمے یا معتدل مزاج کا ؛ پُرسکون ؛ ضابط ؛ ٹھنڈی مٹّی کا ؛ بُردبار ؛ حلیم ؛ سردمزاج ؛ سردمہر ؛ ادب یا گرم جوشی کے بغیر (جیسے : a cool reception)؛ غیر جذباتی طور پر بے باک اور گستاخ ؛ سرد تاثّر دینے والا رنگ ۔ (بول چال) بلامبالغه ؛ ٹھیک ٹھیک تعداد یا مقدار (جیسے : a cool thousand dollars) ۔ (عوامی) پُرکشش یا بہت اچھّا ؛ کم بیانی سے کام لینے والا یا اہمیت کم کرکے بیان کرنے والا ۔

coolish, a. سردی مائل ؛ خُنکی بخش ؛ خُنک ۔

coolly, adv. اطمینان سے ؛ سرد مہری سے ؛ ضبط سے ؛ بے مروتی سے ۔

coolness, n. ٹھنڈک ؛ بے مروّتی ؛ سردمہری ؛ ٹھنڈ ؛ سردی ؛ خنکی ؛ برودت ۔

cool, v.i. ٹھنڈا ہونا ؛ احساس یا جذبه کی گرمی کا کم ہونا ؛ گرم جوشی میں کمی ہونا ؛ بے مہر ہونا ؛ زیادہ معتدل ہونا ؛ خنک ہونا ؛ بارد ہونا ۔ (فعل متعدی) ٹھنڈا کرنا ؛ ٹھنڈک یا خُنکی کا احساس پیدا کرنا ؛ گرم جوشی یا شدّت میں کمی کرنا ؛ جوش و جذبه کو ٹھنڈا کرنا ؛ اعتدال په لانا ؛ سرد کرنا ؛ خُنک کرنا ؛ ڈھیلا ، دھیما یا مندا کرنا ؛ فرو کرنا ۔

cool, n. سرد چیز ؛ سرد حصّه یا جگه ؛ ٹھنڈا وقت (جیسے : The cool of the evening) ؛ خُنکی ؛ بُردباری ؛ متانت ؛ سردی ؛ ٹھنڈ ۔

coolant, n. مادّۂ تبرید ؛ مُتَبَرِّد ؛ وہ مادّہ (عموماً رقیق یا گیس) جو اوزاروں ، مشینوں یا موٹروں میں استعمال کے وقت پیدا ہونے والی گرمی کو کم کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

cooler, n. کُولر ؛ براّد ؛ برادیه ؛ ٹھنڈا کرنے والا ؛ ظرفِ تبرید یا ٹھنڈا کرنے کا برتن ؛ سردکار ؛ سرد کرنے کی ترکیب ؛ برف سے ٹھنڈی کی ہوئی شراب ؛ خُنک ساز ۔ (عوامی) جیل یا جیل کی کوٹھڑی جہاں متشدّد قیدی بند کیے جاتے ہیں ۔

cool-headed, a. بُرد بار ؛ پُرسکون ؛ جذبه کی شدّت یا گھبراہٹ سے مُبرّا ؛ جو آسانی سے جوش یا غصّه میں نه آئے ؛ حلیم ۔

cool-headedness, n. سردسری؛بُردباری ؛ حِلم ۔

coolie, cooly, n. [اردو] قُلی ؛ مَزدُور ؛ حمّال ؛ سستا مزدور ؛ اجیر ۔

cooling-off period, n. تبریدی مدّت؛ کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کے لیے فضا ساز گاو کرنے کے واسطے تنازُع میں فریقین کے درمیان طے شدہ مدّت ۔ (مزدور تعلقات) ٹافٹ ، ہارٹلے قانون کے تحت امریکا میں مزدوروں سے مذاکرات کے لیے اسّی دن کی میعاد ۔

coon, n. (بول چال) ریکون ؛ خرسک ؛ عیّار ؛ مکّار ؛ ریاکار؛چالاک ۔

coop, n. پیپا ؛ کُپّا ؛ دڑبه ؛ ٹاپا (مرغیوں کا) ؛ کھانچا ؛ ٹوکرا ؛ پھٹکی ؛ ٹوکری ؛ جھلّی یا جال ؛ بڑا صندوق یا کٹھرا جو ایک یا ایک سے زیادہ اطراف میں سلاخوں یا تاروں سے بند ہو اور جس میں پرندے رکھے جائیں ؛ مرغیوں کے لیے احاطه ، پنجرہ یا دڑبه ؛ کوئی بھی تنگ ، محدود یا بند جگه ، جیسے کمرہ ، حجرہ یا کوٹھری ۔ (عوامی) زندان یا قید خانه ۔

coop, v.t. دڑبے یا پنجرے میں رکھنا ؛ تنگ جگه میں بند کرنا ؛ (عموماً up کے ساتھ)، (جیسے : to remain cooped up in one place) ۔

co-op, n. مشترکه ملکیّت؛ مکان ، اسٹور یا کاروبار جو مشترکه ملکیت میں ہو ؛ باہمی شراکت یا کوآپریٹو سوسائٹی ۔

cooper, n. کُپّی گر ؛ پیپا ساز ؛ ٹین ، لکڑی اور لوہے کی اشیا مثلاً پیپا ؛ ٹوکری ، کُپّی ، ٹب ، بالٹی وغیرہ بنانے یا مرمّت کرنے والا ۔ (فعل متعدّی) پیپے ، کُپّی ، ٹب وغیرہ بنانا یا مرمّت کرنا ۔

cooper, v.i. بطور پیپا ساز کام کرنا ۔

cooperage, n. کُپّی گری ؛ کُپّے ساز کا کام یا پیشه یا وہ جگه جہاں یه کام کیا جائے ؛ کُپّے سازی کا کارخانه یا دکان ؛ کُپّے ساز کے کام کی اُجرت ۔

cooperate, v.i. مِل کر یا بالاشتراک کام کرنا ؛ کوئی اثر پیدا کرنے یا کسی نتیجه پر پہنچنے کے لیے متحد ہو کر عمل کرنا ؛ معاشیاتی تعاون کرنا ؛ کام میں ساتھ یا مدد دینا ؛ ممدّ و مددگار ہونا ؛ مُساعد ، سازگار یا مؤید ہونا ؛ مل کر کام کرنا ؛ شریک ہونا ؛ رفاقت کرنا ؛ تعاون کرنا ۔

cooperation, n. امداد باہمی ؛ تعاوُن ؛ اتحادِ عمل ؛ اشتراک ؛ موالات ؛ تعاوُن یا اشتراک کا عمل یا حقیقت ؛ مشترکه عمل؛ پیداوار ، خرید یا تقسیم کے کاموں میں مشترک مفاد کے لیے اشخاص کے درمیان اتّحاد ؛ بستیوں میں زندہ اجسام کے رہنے کی حالت جس میں باہمی فوائد ، بستیوں کے پُر ہجوم ہو جانے کے نُقصانات سے زیادہ ہوتے ہیں ۔

cooperative, a. کوآپریٹو ؛ تعاوُنی ؛ تعاون کُننده ؛ اشتراک کا ؛ تعـاون کا یا تعـاون کے متعلّق ؛ اقتصادی اشتراک کے متعلق (جیسے : a cooperative society or a cooperative store,) ۔ (اسم) معاون ؛ اشتراک کرنے والا ، خصوصاً امدادِ باہمی کی انجمن یا تنظیم کا رُکن ؛ انجمنِ امداد باہمی ؛ تجارتی تنظیم یا دکان جو اس مقصد سے قائم کی جائے که اپنے اراکین کو دیگر لوگوں سے کم قیمت پر اشیا مہیّا

کی جائیں ۔

cooperator, n. تعاون کنندہ ؛ متعاوِن ۔

co-opt, v.t. انتخاب کرنا ؛ ساتھ لینا ؛ موجودہ اراکین کی رائے سے کسی کو منتخب کرکے جماعت میں شامل کرنا ؛ ساتھی یا شریکِ کار چُن لینا ؛ نامزد کرنا ؛ نمائندگی یا نیابت کرنا ۔

co-optation, n. شریک کار بنانے کا عمل ؛ انتخاب شریک؛ شریک جوئی ۔

co-optative, a. شریک جُو؛ شریکِ کار بنانے یا ساتھ لینے کے متعلّق ۔

co-option, n. ساتھ لینے کا عمل ؛ شریک جوئی ؛ شریک انتخابی ۔

coordinate, a. ہم پلّہ یا ہم وزن ؛ ہم رتبہ یا ہم درجہ ؛ ہم قِسم ؛ ایک ہی ترتیب یا ڈگری کا ؛ رتبہ اور اہمیت میں برابر ۔ (ریاضی) محدّد خطوط کے متعلق ؛ ہم نسق ؛ برابر ؛ ہم مقدار ؛ مساوی ؛ ہم قدر ؛ ہم سر ؛ ہم پایہ ۔

coordinateness, n. ہم ربطی ؛ ارتباطیت ؛ ہم ربطیت ۔

coordinate, v.t. ایک ہی ترتیب ، درجہ یا قبیل میں رکھنا ؛ ہم پلّہ بنانا ؛ صحیح ترتیب میں یا مناسب اضافی رُتبہ کے لحاظ سے رکھنا یا منظّم کرنا ؛ تعلّق یا عمل کی ہم آہنگی کے ذریعہ مربوط کرنا ۔ (فعل لازم) ہم پلّہ یا ہم وزن ہونا ؛ مناسب ترتیب یا تعلّق اختیار کرنا ؛ ہم آہنگ ربط سے کام کرنا ۔

coordinative, a. معطوف ؛ مربوط کُن ؛ ہم رابطی ۔

coordinator, n. رابط ؛ ہم آہنگی پیدا کرنے والا ؛ مربوط کرنے والا ؛ رابطہ کار ؛ مربوط کُنندہ ۔

coordinate, n. ہم رتبہ ؛ مساوی ؛ رتبہ و اہمیت میں برابر اشخاص یا اشیا ۔ (ریاضی) معدّد ؛ ایک عدد یا مجموعۂ اعداد کا کوئی عدد ، جو کسی خط یا نظمِ خطوط کے حوالہ سے ایک نقطے کا تعین کرتا ہے ؛ ارتباط ؛ ہم ربطی ؛ تطابق ؛ ہم نسقی ؛ ہم آہنگی ؛ ہم ربطگی ؛ تنسیق ؛ ہم عملی ۔

coordinate, n. (عموماً جمع) لباس یا فرنیچر کا سیٹ جو کئی چیزوں پر مشتمل ہوتا ہے ، جسے ایک ہی یا باہمی مناسبت رکھنے والے خام مواد سے بنایا جاتا ہے اور ایک ساتھ ہی پہنا یا استعمال کیا جاتا ہے ۔

coordination, n. ہم پلّہ ، ہم وزن یا ہم آہنگ کرنے کا عمل یا اِس عمل سے گزرنے کی حالت ؛ ہم پایہ کرنے یا ہونے کا عمل ؛ مناسب ترتیب یا صحیح تعلّق ؛ ہم آہنگ ربط ؛ ہم پایگی ؛ تناسب ؛ موزونی ؛ ہم آہنگی ؛ ہم نسقی ؛ ہم ربطگی ؛ ارتباط ؛ ہم ربطی ؛ تطابق ؛ تنسیق ؛ ہم عملی ۔

coot, n. چَہا ؛ کُوٹ ؛ گنجی مُرغابی ؛ پن ڈُبی ؛ جنس فُلیکا (Fulica) سے تعلّق رکھنے والے مختلف پیراک اور غوطہ خور پرندوں میں سے کوئی ایک ، مثلاً امریکی فُلیکا یا یورپ کی گنجی مرغابی (F. atra) جسے bald coot یا پن ڈُبی بھی کہتے ہیں ۔ (عوامی) احمق یا بیوقوف شخص عموماً old coot کہتے ہیں ۔

cootie, n. بال کیڑا ؛ جُوں ۔

cop, n. اَنٹی ؛ کُکڑی ؛ سوت کی تکونی یا مخروطی پنڈی یا انٹی جو کاتنے کے لیے تکلے پر چڑھائی جاتی ہے ۔

cop, v.t. (عوامی) پکڑ لینا ؛ لپک لینا ؛ چُرالینا ۔ (اسم) (عوامی) کوتوالی کا جوان ؛ پولیس کا سپاہی ۔

copacetic, copesetic, a. (عوامی) ہر طرح اطمینان بخش ؛ مکمل اطمینان بخش ۔

copaiba, copaiva, n. برازیلی بلسان ؛ تیلیا رال جو خوشبودار اور چرپرے مزے کی ہوتی ہے ، یہ رال گرم مرطوب علاقوں ، خصوصاً جنوبی امریکا کے جنسِ کوپیفیرا (Copaifera) کے درختوں سے حاصل کی جاتی ہے ، پہلے زمانے میں اِسے مُمسِک ، دافع بلغم اور پیشاب آور دوا کے طور پر استعمال کرتے تھے ، اب وارنش اور سُنہری روغن بنانے کے کام آتی ہے ؛ کوپیوا درخت ۔

copal, n. قوپال ؛ قدرتی رال ؛ سَند رُوس ؛ سخت اور چمکدار رال جو گرم مرطوب علاقوں کے مختلف درختوں سے حاصل ہوتی ہے اور خاص کر وارنش بنانے کے کام آتی ہے ۔

coparcenary, coparceny, n. مشترکہ وراثت ؛ ساجھے داری ؛ مشترکہ ملکیّت ؛ حصّہ داری ۔

coparcener, n. شریک وارث ؛ شریک ورثہ ۔

copartner, n. مشترک حصّہ دار ؛ ساجھے دار ؛ شریک ؛ دوسروں کے ساتھ ساجھے دار یا حصّے دار ؛ وہ شخص جو کسی کاروبار میں ایک یا زیادہ اشخاص کے ساتھ شریک ہو ؛ حصّے دار ؛ پتی دار ؛ رفیق ؛ ہم شراکت ؛ مشارک ۔

copartnership, n. ساجھے داری ؛ شراکت ؛ رفاقت ؛ مشارکت ؛ شراکتِ باہمی ۔

cope, n. عبا یا چوغہ ؛ ریشم کی لمبی عبا جو پادری جلوس میں یا مخصوص مواقع پر سفید لباس کے اوپر پہنتے ہیں ؛ کوئی بھی عبا کی طرح کا لمبا پہناوا ؛ محرابی سقفِ آسماں ؛ چھجّا ؛ سرقالب ؛ منڈیر ؛ چھت ؛ گنبد ۔

cope, v.t. عبا پہنانا ؛ چھجّا ڈالنا ؛ چھت سے ڈھانکنا ؛ چھجا بنانا ۔ (فعل لازم) منڈیر یا چھجّے کی طرح ڈھلواں ہونا ۔

cope, v.i. برابر کی بُنیاد پر یا برابر کی طاقت سے مقابلہ کرنا یا مسابقت کرنا ؛ نمٹ لینا ؛ سابقہ پڑنا ؛ الجھنا ؛ جدوجہد کرنا ؛ (کام وغیرہ کو) قابو میں لانا ؛ سمیٹ لینا ؛ نپٹنا ؛ ہم سری کرنا ؛ ہم چشمی کرنا ؛ آنکھ ملا کر بات کرنا (with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔

cope, v.t. جوڑنا یا بنانا ؛ دندانہ ڈالنا ؛ جوڑنے یا فِٹ کرنے کے لیے ایک چیز کے باہر نکلے ہوئے حصّے کے برابر دوسری چیز میں دندانہ ڈالنا ۔

Copernican, a. کوپرنیکنی ؛ ماہر فلکیات ، کوپرنیکس (۱۴۷۳-۱۵۴۳ء) کا یا اُس کے متعلّق ، جس نے یہ ثابت کیا تھا کہ زمین اور سیّارے سورج کے گرد مقرّرہ راستوں پر گھومتے ہیں ۔

copestone, n. سرپتّھر ؛ منڈیر پتّھر ؛ عمارت میں اُوپر کا پتّھر ؛ منڈیر یا مانگ کی چھت یا چھجّے میں استعمال ہونے والا پتّھر ۔ (مجازاً) تکمیلی عمل یا آخری دُرستی ۔

copier, n. کاپئر ؛ ناقلہ ؛ نقل کرنے والا ؛ وہ مشین جو عکسی نقول چھاپتی ہے ؛ عکسی ناقلہ ۔

copilot, n. معاون طیّارچی ؛ بعض ہوائی جہازوں میں جہازراں/طیّارہ باز کا مددگار طیّارہ باز ؛ معاون ہوا باز ۔

coping, n. منڈیو ؛ چھجّا ؛ سرِدیوار یا دیوار کا

سب سے اوپر کا حصّہ جسے بالعموم ڈھلواں بناتے ہیں تاکہ پانی بہ جایا کرے ؛ مانگ ؛ لکڑی کا سِرا جو دوسری لکڑی میں بنائے ہوئے دندانے یا کسی سانچے میں فِٹ ہونے کے لیے بنایا گیا ہو ؛ منڈیری ۔

coping saw, n. افریز آرا : جس کا تنگ پھل 'یو' (U) کی شکل کے چوکھٹے میں ہوتا ہے ، یہ آرا لکڑی میں نفیس نمونے کاٹنے کے کام آتا ہے ۔

copious, a. کثیر ؛ بہت زیادہ بھرا ہُوا ؛ زیادتی یا کثرت کا نمایشی (مثلاً کثرتِ الفاظ کی نمایش) ؛ پُرگو ؛ مقدار یا تعداد میں زیادہ ؛ لبریز ؛ کثرت سے ؛ غیر محدود ؛ پُر ؛ وسیع؛ کثیراللغات ؛ فراواں ۔

copiousness, n. افراط ؛ کثرت ؛ فراوانی ۔

copolymer, n. (کیمیا) ہم پالیمر ؛ ہم تکاثف ؛ ہم کثیر ترکیبی : وہ مرکّب جو دو یا دو سے زیادہ یک سالمی مرکّبات کو کثیر سالمی مرکّب بنا کر تیّار کیا جائے ۔

copolymerize, v.t., v.i. ہم پالیمر ہونا ؛ ہم کثیر ترکیبی ہونا : کثیر سالمی مرکب کی طرح تغیر پذیر ہونا لیکن غیر مماثل یک سالمی مرکبوں کی آمیزش کے نتیجے میں ۔

copolymerization, n. ہم پالیمرائی ؛ ہم تکثیف ؛ ہم کثیر ترکیبی ہونے کا عمل ۔

copper, n. (کیمیا) تانبا ؛ مِس ؛ نُحاس ؛ لچیلا (کوٹنے سے بڑھنے والا) دھاتی عُنصر ، خاص طور پر سرخی مائل خاکی ؛ یہ برقی روکا اچھّا موصل ہے ، اِس سے بجلی کے تار ، پیتل اور کانسی کی مرکّب دھاتیں اور برتن بنائے جاتے ہیں نیز برقی قلعی کرنے اور برق پاشی کے کام بھی آتا ہے ؛ تانبے کا سِکّہ ، جیسے انگلش پینی یا امریکی سینٹ ؛ تانبے کا برتن ، خصوصاً کھانا پکانے یا کپڑے دھونے کے لیے بڑا پتیلا ؛ طباعت کے لیے تیّار کردہ تانبے کی منقّش یا کَندہ تختی؛ (صفت) تانبے سے بنا ہوا ؛ تانبے سے متعلّق یا تانبا رنگ ؛ تانبے رنگ کا ۔

coppery, a. مِسی ؛ مِس آمیز ؛ مس نُما ؛ تانبے کی طرح ؛ نحاسی ۔

copper, v.t. تانبے سے ڈھانکنا ؛ تانبے کا وَرَق یا پَتّر چڑھانا یا تانبے کی قلعی کرنا ؛ فارو (تاش سے جوا) کھیل میں یہ بتانا کہ کھلاڑی ایک خاص تاش کے پتّے کے خلاف شرط لگانا چاہتا ہے ؛ (لہٰذا کسی ہاتھ (tip) کے خلاف شرط بدنا)؛مخالفت میں کام کرنا جیسے کسی اسکیم (منصوبے) کی مخالفت میں ۔

copper head, n. تامڑا ؛ امریکا کا زہریلا سانپ ، جس کا سر تانبے کے رنگ کا ہوتا ہے اور لمبائی تقریباً تین فٹ ہوتی ہے ۔ (اکثر بڑے C کے ساتھ) امریکی خانہ جنگی کے دوران وہ شمالی باشندہ جو جنوبی ریاستوں کا ہمدرد تھا ۔

copperplate, n. لوحِ مس یا تانبے کی تختی جس پر طباعت کے لیے کوئی تحریر یا نقوش کندہ کیے جائیں ؛ ایسی تختی کا چھاپہ یا چاپ ؛ اس قسم کی کندہ کاری یا طباعت ۔ (صفت) تانبے پر کندہ کیا ہُوا یا تانبے کی تختی سے چھاپا ہوا ؛ چھاپِ نحاسی ؛ تانبے کی چادر ؛ نقشہ ، تصویر جو تانبے کی پلیٹ پر بنائے جاتے ہیں ۔

copper pyrites, n. دیکھیے : Chalcopyrite ۔

copper smith, n. مس گر ؛ ٹھٹیرا ؛ تانبے کے برتن بنانے والا ؛ نحّاس ؛ کسیرا ؛ تنبیرا ۔

coppice, n. دیکھیے Copse ۔

copra, n. [اردو] کھوپرا ؛ ناریل کی سوکھی گری جس سے کھوپرے کا تیل کشید کیا جاتا ہے ۔

coprolite, n. متحجّر فُضلہ ؛ سخت اُپلا ؛ جانور کا فُضلہ یا گوبر جو پتھرا کر گول اور سخت ہوگیا ہو ۔

copse, n. بیشہ ؛ چھوٹے درختوں یا جھاڑیوں کا جنگل ؛ وقتاً فوقتاً ایندھن یا دیگر کاموں کے لیے کاٹی گئی لکڑی ؛ ہیزم سوختنی وغیرہ ۔

Copt, n. قبط ؛ قبطی ؛ قدیم مصریوں کے خاندان کا مصری باشندہ ؛ یعقوبی فرقے کے عیسائی ؛ مصر کے وہ اصلی باشندے جو اب تک عیسائیوں کے یعقوبی فرقے کے پیرو ہیں ۔

Coptic, a. قبطی ؛ قبطیوں کا یا ان کے متعلّق ۔ (اسم) قبطی بولی یا زُبان ؛ قبطیوں کی زبان جو اب بھی قبطی کلیساؤں میں بولی جاتی ہے ۔

copter, n. (بول چال) دوّارسطح طیّارہ ؛ ہیلی کاپٹر ۔

copula, n. رابط ؛ جوڑ ؛ بند ؛ مفصِل ؛ جوڑنے یا باندھنے والی چیز ۔ (گرامر ، منطق) وہ لفظ یا جملے کا وہ حصہ ، خصوصاً فعل ''ہونا'' کی کوئی شکل ، جو فاعل ، مبتدا یا موضوع اور مسند ، خبر یا محمول کے درمیان تعلق ظاہر کرے ؛ عطف ۔ (تشریح الاعضا) جوڑ کی ہڈی یا غُضروفی استخوان ؛ جُفتہ ۔

copular, a. عاطف ؛ جوڑنے والا ؛ جُفتہ ؛ بندھنی ؛ مفصِلی ۔

copulate, v.i. مباشرت کرنا ؛ جُفتی کرنا ؛ ہم بستر ہونا ؛ مجامعت کرنا ؛ جنسی شہوت سے ہم آغوش ہو کر مل جانا ؛ صحبت کرنا ؛ جماع کرنا ۔

copulation, n. مباشرت ؛ مجامعت ؛ جماع ؛ ہم بستری ؛ صحبت ؛ وصل ؛ بھوگ ؛ ہم آغوشی ۔

copulative, a. جماعی ؛ عطفی ؛ جوڑنے ، مربوط یا معطوف کرنے والا ؛ (جیسے a copulative conjunction like "and, also, but, likewise, further, moreover, as well as")؛مربوط لفظوں ، فقروں یا جملوں کے متعلّق (جیسے : a copulative sentence) ؛ عطفی ہیئت کا (جیسے : a copulative verb, such as become in "He became captain")؛ عطفی فعل (جیسے "He became captain" میں "become") ؛ مجامعت کا یا اس کے متعلّق ؛ مباشرتی ؛ وصالی ؛ جُفتنی ۔ (اسم) عطفی لفظ ؛ حرفِ عطف ۔

copy, n. کاپی ؛ نقل ؛ نُسخہ ؛ چربہ ؛ مسوّدہ ؛ نمونہ ؛ چربہ سازی یا اصل کی نقّالی ؛ ایک ہی کتاب ، کندہ کاری یا ایسی ہی کسی چیز کی کئی نقلوں ، چربوں یا تمثیلوں میں سے کوئی ایک ؛ وہ چیز جس کا چربہ اتارنا یا نقل کرنا مقصود ہو ؛ اخبار یا اشتہار کے لیے لکھا گیا موّاد ؛ ٹائپ میں سیٹ کرنے کے لیے تحریری مواد ۔

copy, v.t.v.i. نقل بنانا ؛ نقل نویسی کرنا ؛ چربہ اتارنا ؛ ریس کرنا ؛ بطور نمونہ یا معیار اپنانا یا پیروی کرنا ؛ نقالی کرنا ؛ کسی چیز کی ہو بہو نقل کرنا ؛ نُسخہ تیّار کرنا ؛ اُتارنا ؛ کاپی کرنا ؛ نقل یا نقلیں تیّار کرانا ؛ کسی کی نقل میں کچھ اُتارنا یا کوئی چیز بنانا ؛

مسودہ تیّار ہونا یا کیا جانا ۔

Copybook, n. اسکول کاپی ؛ مشقی کاپی ؛ بیاض ؛ نقول (مثلاً نقولِ دستاویزات) ؛ بحفاظت رکھنے کی کتاب ؛ طالب علم کے لیے سادہ اوراق کی مشقی کتاب جس میں سوال حل کیے جاتے ہیں یا درس کے اہم نکات یا نمونے لکھے جاتے ہیں ۔

copyboy, n. اخبار کے دفتر میں اوپر کے کام کرنے والا مُلازم لڑکا ۔

copycat, n. تکلیف دہ طور پر دوسروں کی نقل اُتارنے والا ؛ وہ شخص جس میں اپج یا تخلیقی قوّت کی کمی ہو ۔

copy desk, n. کاپی ڈیسک ؛ اخبار کے دفتر میں وہ بڑی میز جس پر کاپی کی ترتیب و تدوین ہوتی ہے ۔

copyhold, n. ادنیٰ حقیّت اراضی ؛ پرانے زمانے میں انگلستان میں جاگیر یا تعلقہ کی زمینوں کا از روئے جمع بندی یا عدالتِ تعلقہ کی مِسل کے تحت پٹا ، اِجارہ یا قبضہ ؛ زمین جو اس طرح پٹّے پر یا قبضہ میں ہو ؛ نقل داری ؛ اجارہ داری ۔

copyholder, n. نقل دار ؛ اجارہ دار ؛ نسخہ بردار ؛ متن کو سامنے رکھنے والا ، خصوصاً ٹائپ کے حروف کو جمانے والے کے لیے ؛ پروف یا بروقہ پڑھنے والے کا مددگار جو متن کو زور سے پڑھتا ہے یا اصل متن سے ملانے کے لیے چھپے ہوئے متن کو بغور دیکھ کر فرق دور کرتا ہے ؛ متن بردار؛مسودہ بردار ۔

copyist, n. نقل نویس ؛ دستاویزات کی نقول تیّار کرنے والا ؛ کاتِب ؛ محرّر ۔

copyreader, n. وہ شخص جو اخبار یا کسی اور چھپنے والی چیز (کتاب یا پمفلٹ وغیرہ) کی کاپی جانچتا ہے یا کاپی کی ترتیب و تدوین کرکے سُرخیاں لگاتا ہے ۔

copyright, n. کاپی رائٹ ؛ حقّ اشاعت ؛ طباعت و اشاعت کا حق ؛ وہ مطلق مراعات یا حقوق جو قانون کے تحت طبع زاد تصنیف کی طباعت ، طبع ثانی ، اشاعت اور فروخت کے سلسلے میں مصنف یا اس کے مختار کو حاصل ہوتے ہیں ؛ مصنف کا ایک خاص میعاد کے لیے اپنی تخلیقات پر بلاشرکت غیرے مالکانہ حقّ ؛ حقِّ طبع ؛ حقِّ ترجمہ ؛ حقِّ نقل ؛ حقِّ تصنیف ؛ حقِّ مصنّفی ۔ (صفت) حقوقِ اشاعت محفوظ شدہ ؛ تحفظِ حقوقِ طباعت و اشاعت کے قانون سے متعلق یا اِس قانون کے تحت محفوظ ۔ (فعل متعدی) تحفظِ حقوقِ طباعت و اشاعت کے قانون کے ذریعہ (کتاب وغیرہ کا) محفوظ کرانا ۔

coquet, v.i. دل لگی کرنا ؛ محبت سے کِھلواڑ کرنا ؛ پریت جتانا ؛ فلرٹ کرنا ؛ نخرہ یا غمزہ کرنا ؛ ناز دِکھانا ؛ چونچلا کرنا ؛ ناز و غمزہ کرنا ۔

coquetry, n. عشوہ گری ؛ غمزہ ؛ نازوادا ؛ نخرہ ؛ عشوہ گر کا دل لگی والا برتاؤ ؛ فلرٹ ؛ ناز و نخرہ ؛ نخرے بازی ؛ چونچلے بازی ۔

coquette, n. البیلی ؛ عشوہ گر؛ وہ عورت جوکسی ذاتی مفاد کے لیے مردوں کی توجّہ یا التفات حاصل کرنے کی کوشش کرے؛ چھیلا ؛ فلرٹ ؛ چُونچلے باز ۔

coquettish, a. چونچلے باز ؛ عشوہ باز ؛ نخرے باز ؛ چھلیا ۔

coquilla nut, n. امریکی ناریل ؛ نخلہ : جنوبی امریکا کے تاڑ کا لمبا بیضوی پھل جس کا چھلکا خاکی رنگ کا اور بہت سخت ہوتا ہے ، یہ اکثر خراد کے کام آتا ہے ۔

coquina, n. سیپ ؛ چٹان ؛ چھوٹی صدفہ یا ایک قسم کی گھونگھا مچھلی جو ماہی دو پیازہ بنانے میں استعمال ہوتی ہے ؛ نرم و سفید چٹان جو سمندری گھونگھوں یا سیپوں کے ٹُکڑوں سے بنی ہو ۔

coracle, n. پن روک ناؤ ؛ چھوٹی کشتی یا ڈونگی جو بید کی شاخوں سے تیّار کردہ ڈھانچے پر چمڑے یا گھوڑے کی کھال کو منڈھ کر بنائی جاتی ہے ، ابتدا میں ایسی کشتی قدیم برطانویوں نے بنائی تھی اور جزائر برطانیہ کے مختلف حصّوں میں استعمال ہوتی تھی ؛ ڈٹ بند ناؤ ۔

coracoid, a. غرابی ؛ زاغنولی : مختلف فِقری یا ریڑھ دار جانوروں ، مثلاً پرندوں اور خزندوں (رینگنے والے جانور) میں ہڈّی یا استخوانی نظام کے متعلّق ، یہ ہڈّیاں شانے سے سینے تک پھیلی ہوتی ہیں ؛ زاغی ۔ (اسم) غرابیہ ؛ زاغنول ؛ استخوانی نظام یا ہڈّی ۔

coral, n. مونگا ؛ کورل ؛ حجر البحر ؛ مرجان ؛ سمندری غیر فِقری جانوروں کے سخت چنیلے اور سُرخ ، سفید یا سیاہ ڈھانچے ؛ یہ ڈھانچے چٹانوں یا جزیروں کی شکل میں بحیثیت مجموعی ؛ مونگا جانور ؛ مرجان کی بنی ہوئی کوئی چیز جیسے زیور ؛ کیکڑے کے خاکی انڈے جو ابالنے پر سرخ مرجان کا سا رنگ اختیار کر لیتے ہیں ؛ مرجانی رنگ عموماً گہرا سُرخ ۔ (صفت) مرجانی ؛ مرجان کا بنا ہوا یا مرجان کا حامل ؛ مرجان کا یا مرجان کی طرح ؛ مونگے کا ۔

coral bells, n. جنوب مغربی امریکا کا ایلم رُوٹ پودا ، اِس کی کئی قسمیں کاشت کی جاتی ہیں ، جن میں گھنٹی کی شکل کے چھوٹے سُرخ پُھول لگتے ہیں ۔

coralberry, Indian currant, n. مرجانی بیری یا گوندنی : شمالی امریکا کی جھاڑی خوشہ ثمرہ (Symphoricarpos) جس میں مرجانی سُرخ رنگ کی گوندنیوں کے گُچھّے لگتے ہیں ۔

coralline, n. سبزۂ مرجانی ؛ مونگا کائی یا مرجانی اُشنہ یا اس کے متعلّقات کی کائی جس کا سُرخ رنگ اور پتھریلے پتوا یا برگ کرف ہوتے ہیں ؛ مرجان سے مشابہ جانوروں میں سے کوئی ایک ؛ حیوان مرجانی ۔ (صفت) مرجانی ؛ مرجان کا یا مرجان کی طرح ؛ مرجان کے رنگ کا ؛ سبزۂ مرجانی کا ؛ مرجان آمیز ؛ نارنجی ؛ مرجان آسا ۔

corallite, n. مرجانیہ ۔ (حجریات) رکازمرجان یا فوصل مونگا ۔ (حیوانیات) مرجانی جانور کا مونگا ڈھانچا ؛ باقیاتِ مرجانی ؛ متحجّر مکڑی ؛ مکڑ کامرجانی ڈھانچا ؛ مرجانی مرمر ۔

coralloid, coralloidal, a. مرجان وش ؛ مرجان کی ہیئت یا ظاہری شکل والا ؛ مرجان نُما ؛ مرجان جسم ؛ مرجان آسا ؛ مرجان صورت ۔

coral reef, n. ساحلی مرجان ؛ مونگے کے چٹان ؛ مرجان کا وسیع چٹانی سلسلہ جو مرجانی اور دیگر نامیاتی مواد کے رفتہ رفتہ جمع ہونے سے ساحلِ سمندر کے پاس وجود میں آتا ہے ، اس کا کچھ حصّہ چونا پتّھر بن جاتاہے ۔

coral snake, n. مارمرجان ؛ مرجانی سانپ ؛ مونگا سانپ : نئی دنیا میں گرم علاقوں کے سانپوں کی زہریلی جنس کا کوئی سانپ ، اِن سانپوں پر سرخ ، سیاہ ، زرد یا سفید چمکدار دھاریاں ہوتی ہیں ، خصوصاً جنوبی امریکا کا سانپ بہت خوبصورت ہوتا ہے ۔

coranto, n. دیکھیے : Courante –

corban, n. تونپا ؛ کاسہ ؛ قربانی ؛ قدیم عبرانیوں

(یہودیوں) میں رائج رسم جس میں خدا کی بارگاہ میں کوئی چیز بطور نذرانہ پیش کی جاتی ہے ؛ نذر و نیاز کا خوان ؛ گرجا کا خزانہ یا مال خانہ ؛ بھیک کی ٹوکری یا کاسہ ؛ کشکول۔

corbeil, n. (فنِ تعمیر) سبد گُل : پھُولوں اور پھلوں سے منقش یا کندہ کی ہوئی پتّھر کی ٹوکری جو خصوصاً سرستون یا کارنس پر لگائی جاتی ہے۔

corbel, n. (فنِ تعمیر) زاغ ؛ موٹھی ؛ توڑا ؛ کڑی ؛ پتّھر، لکڑی یا لوہے کے ٹُکڑے جو دیوار سے آگے کو نکلے ہوئے ہوتے ہیں تاکہ ان پر چھجّا یا سائبان رکھّا جائے ؛ موٹھی کا پتّھر ؛ مورنی۔ (فعل متعدی) (فنِ تعمیر) توڑوں یا کڑیوں پر چھجے یا سائبان کو رکھنا ؛ توڑے یا کڑیاں لگانا ؛ زاغ بندی کرنا ؛ موٹھی بنانا۔

corbeling, corbelling, n. (فنِ تعمیر) زاغ بندی ؛ توڑوں کی تعمیر یا صنّاعی ؛ توڑوں کے بنانے یا لگانے کا کام ؛ خصوصاً پتّھروں کی اِس طرح اُوپر تلے جمانے کی ترکیب کہ اُوپر کی تہ نیچے کی تہ سے آگے نکلی ہوئی ہو ؛ موٹھ بندی۔

corbie, corby, n. غراب ؛ پہاڑی کوّا ؛ کوّا ؛ جنگلی کوّا ؛ زاغ۔

corbiestep, corbel step, crowstep, n. غرابی زینہ : دورُخی چھت کے ڈھلواں رُخوں پر نیچے سے لے کر بالائی تکون تک آگے کو نکلے ہوئے قدمچہ نما یا زینہ نما حصّے یا کھپرے ؛ زینہ نما کنارا۔

corbie gable, n. غرابی کینٹا ؛ غرابی پاکھا ؛ دورخی ڈھلواں چھت جس پر قدمچہ نما کھپرے آگے کو نکلے ہوئے ہوں۔

corbina, n. کوربینا مچھلی : امریکا کی مختلف سمندری اور شکار کی مچھلیوں میں سے کوئی ایک خصوصاً نیلی ، خاکی یا سیاہ دھبّوں والی سفید مچھلی مینٹی کرھس انڈولیٹس (Menticirrhus undulatus)، جو کیلی فورنیا کے ساحل پر مدّ کامل کے وقت شکار کھیلنے والوں میں بہت مقبول ہے۔

cord, n. تار ؛ ڈوری ؛ حبل ؛ طناب ؛ تانت ؛ پتلی رسّی جو کئی سوت بٹ کر بنائی گئی ہو ؛ ڈوری یا رسّی سے مشابہ کوئی بھی چیز ؛ کپڑے کی سطح پر ڈوری نُما اُبھار ؛ اِس لیے ڈوری کے اُبھاروں والا کپڑا یا کارڈرائی۔ (جمع) کارڈرائی کی برجس یا پتلونیں۔ (واحد ، مجازاً) ایسا کوئی بھی اثر جو مانع ہو یا پابندی عائد کرے؛ ڈوری سے ناپا جانے والا لکڑی کی کٹائی کا ناپ جو ۱۲۸ مکعب فٹ یا ۸ فٹ لمبا ،۴ فٹ اونچا اور ۴ فٹ چوڑا کاٹی ہوئی لکڑی کا ڈھیر ہوتا تھا۔ (تشریح الاعضا) ڈوری نما ساخت کے اعضا (جیسے : the spinal cord یا the vocal cords) ۔ (فعل متعدی) ڈوری سے لیس کرنا ؛ ڈوری سے باندھنا ؛ (لکڑیوں کے) گٹھر کا ڈوری یا رسّی سے جکڑنا ؛ رسی سے باندھنا ؛ کسنا ؛ جکڑنا۔

cordage, n. ریسمان ؛ ڈوریاں یا رسیّاں مجموعی طور پر ، خصوصاً بحری جہاز کے مستول کی رسیّاں ؛ کاٹی ہوئی لکڑی کی پیمائش گٹھوں کی صورت میں۔

cordate, a. قلبی ؛ صنوبری ؛ دِل ، پان یا سیب کی شکل کا ؛ قلب نُما ؛ دل کی شکل کا پتّا جس کا ڈنٹھل نیچے دندانے کی طرف ہو۔

corded, a. حبلی ؛ نخاعی ؛ کَسا ، جکڑا یا بندھا ہوا ؛ ڈوری سے لیس ؛ ڈوریوں سے بنا ہوا یا ڈوریوں کی شکل میں ؛ ڈوری نُما اُبھری ہوئی لکیروں کا کپڑا ؛ رسیّوں سے جکڑا ہوا ؛ لکڑیوں کا رسّی سے بندھا ہوا گٹھر۔

Cordelier, n. فرانسسکن فرایر راہب : کورڈیلیر نام اِس لیے پڑا کہ اُس کی کمر میں گانٹھ دار ڈوری کا پٹکا پڑا رہتا ہے۔ (جمع) فرانسیسی انقلاب کے دور میں پیرس کا ایک کلب جس کے اراکین کارڈیلیر یا فرانسسکن خانقاہ میں اکٹھے ہوا کرتے تھے۔

cordelle, n. کشتی کھینچنے کی رسّی جو پہلے زمانے میں دریائی کشتیوں کے لیے امریکا اور کینیڈا میں استعمال کرتے تھے۔ (فعل متعدی) کشتی کو رسّی سے کھینچنا۔

cordial, a. خوشگوار ؛ دل سے نکلا ہُوا ؛ دِلی ؛ قلبی ؛ پُرتپاک ؛ مخلصانہ ؛ با ادب ؛ پُر جوش ؛ محبّت بھرا ؛ پُر خلوص ؛ گرمجوش۔

cordiality, cordialness, n. تپاک ؛ خلوص ؛ گرم جوشی ؛ تعظیم ؛ خندہ پیشانی ؛ دلی جوش۔

cordially, adv. دل سے ؛ گرمجوشی سے ؛ بہ دل و جان ؛ سر آنکھوں سے ؛ بسروچشم۔

cordial, n. یاقوتی ؛ جوارش ؛ مقوّی مفرّح ، محرک مُسکن چیز ؛ خوشگوار و خوشبودار میٹھی شراب ؛ میٹھی اور تیز خوشبودار شراب یا شکردار الکوحل کا شیرہ جو شرابوں میں پڑتا ہے ؛ ایک طبّی مشروب۔

cordierite, n. (معدنیات) ایلومینم ، لوہے اور میگنیشیم کا سلی کیٹ جو نیلے ، بنفشئ اور زرد رنگوں میں اور شیشے کی طرح چمکدار ہوتا ہے۔

cordiform, a. صنوبری ؛ دل کی شکل کا ؛ قلب شکل ؛ قلب نُما ؛ مانند دل۔

cordillera, n. متوازی کوہ ؛ پہاڑوں کا سلسلہ ؛ جبالِ متوازی ، خصوصاً جنوبی امریکا میں انڈیز کا سلسلۂ کوہ۔

cordilleran, a. کوہستانی ؛ جَبَلی۔

cording, n. وزنی ڈوری جو سجاوٹ یا آرایشی مقاصد کے لیے استعمال کی جائے ، اکثر کپڑے یا کپڑے کے برعکس رنگ کے تاگے یا تاروں سے بٹی ہوئی ہوتی ہے۔

cordite, n. بے دُخان بارُود : بارُود ، جو رنگ میں خاکی رسّی سے مشابہ ہوتا ہے اور نائٹروگلیسرین ، گن کاٹن نیز معدنی رُب یا جیلی کی آمیزش سے بنایا جاتا ہے۔

cordon, n. کوردون ؛ فیتہ ؛ حاشیہ ؛ نطاق ؛ ڈوری یا ریشمی فیتہ جو بطور تزئین یا باندھنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ فیتہ جو بہادری یا اعزازی نشان یا تمغہ کے طور پر عموماً سینے پر ترچھا لگایا جاتا ہے ؛ نگہبانی یا حفاظت کے لیے کسی خاص مقام کے گرد پاسبانوں ، فوجی چوکیوں وغیرہ کا گھیرا ؛ ایک حد یا لکیر جس کے پار جانا منع ہو ، جیسے ممنوعہ وبائی ضلع کے گرد حلقہ۔ (قلعہ بندی) دمدمہ پر آگے نکلے ہوئے پتّھر یا فصیل کا کنگرا ؛ کھائی کی ڈھلواں منڈیر۔ (فنِ تعمیر) کور ؛ اُبھرا ہوا حاشیہ جو کسی عمارت کی دیوار کے چاروں طرف ہو۔

cordonbleu, n. نیلے فیتے کے بلّے جو فرانس میں بوربون بادشاہوں کے درباری نائٹ/سورما پہنا کرتے تھے ؛ وہ شخص جو یہ بِلّا یا بیج لگانے کا مجاز ہو ؛ اپنے شُعبہ یا میدانِ کارکردگی میں ممتاز شخص ، خصوصاً سربرآوردہ سردار۔

Cordovan, a. قرطبی ؛ قرطبہ (اسپین) کا یا قرطبہ کے متعلّق۔

coriander, n. کشنیز ؛ دھنیا ؛ کوتھمیر : گاجر کے خاندان کا فصلی پودا جس کے بیج خوشبودار اور اکثر کھانوں کے مسالوں کا ایک جز ہوتے ہیں ، شکردار الکوحل میں بھی ڈالے جاتے ہیں ۔

Corinthian, a. کورنتھی : قدیم یونانی شہر کورنتھ کے متعلّق جو اپنے فن کارانہ حُسن ، اسراف اور عیش پرستی کے لیے مشہور تھا ؛ اِس لیے مزیّن و مرصّع جیسے ادبی اسلوب ؛ عیش و عشرت کا یا آرام دہ ؛ بے لگام عیش پرست ؛ ناپُختہ ۔ (فن تعمیر) کورنتھی طرزِ عمارت یا قدیم یونان کے تین تعمیری اندازوں میں سے ایک کے متعلق ، اِس طرز کی خصوصیت یہ تھی کہ اس کے سرستون یا کارنس کی آرایش شوکۃ الیہود نامی خاردار درخت کے پتوں کی کندہ کاری سے کی جاتی تھی ۔ (اسم) کورنتھی ؛ کورنتھ کا پیدایشی یا باشندہ ؛ اوباش ، عیّاش ، چھیلا ، بے لگام یا بے شرم شخص ؛ فیشن کرنے والا بانکا یا چھیلا ؛ امیر اور نا پختہ کھلاڑی خصوصاً نوآموز یا ناپختہ کشتی ران ۔ (جمع) انجیل میں مکاتیب حواری کے دوباب (یا دو کتابیں) جو سینٹ پال نے کورنتھیوں کو مخاطب کرکے لکھّے ہیں ۔

Coriolis force, n. (طبیعیات) زمین کی محوری گردش کا کسی بھی متحرّک شے (مثلاً راکٹ یا ہوائی جہاز) پر انصرافی یا انحرافی اثر ، جس کی وجہ سے متحرّک شے شمالی نصف کُرّہ میں سمتِ رفتار کی دائیں جانب اور جنوبی نصف کُرّہ میں بائیں جانب مُڑتی یا منحرف ہوتی ہے ۔

corium, n. (تشریح الاعضا) اَدَمہ : بَرادَمہ یا خارجی جِلد کے نیچے جِلد کی قناتی یا رگ دار اور حسّاس تہ؛ اَدَمہ یا جلد حقیقی ؛ غِشاءِ مخاطی کی تہ ۔

cork, n. کارک ؛ شاہ بلوط کی چھال ؛ بحرِ روم کے ساحلی ملکوں میں پیدا ہونے والے ایک قسم کے شاہ بلوط کی اُوپری چھال جو بوتلوں کے ڈاٹ ، حجر اور ترِنے (floats) بنانے کے کام آتی ہے ؛ شاہِ بلوط کا درخت ؛ کوئی بھی چیز جو کارک سے بنائی گئی ہو ؛ کارک کا ٹُکڑا یا کوئی اور چیز جو بوتل کے ڈھکن (کارک) کے طور پر استعمال کی جائے ۔ (نباتیات) چھال کا اُوپری یا خارجی نسیج جو کاک زاکا پیدا کردہ اور اس کے اُوپر ہوتا ہے ۔

cork, v.t. کارک مہیا کرنا یا کارک فِٹ کرنا ؛ ڈاٹ لگا کر روکنا (اِن معنوں میں اکثر cork کے بعد up آتا ہے) ؛ جلے ہوئے کارک سے سیاہ کرنا ؛ ڈاٹ لگانا ؛ ڈٹّا لگانا ؛ کاگ لگانا ۔

corkage, n. بوتل کھلوائی ؛ کاگ کَشی ؛ بوتلوں میں کارک لگانے یا بوتلوں کے کارک کھولنے یا اِس کام کی اجرت ، خصوصاً ہوٹلوں میں اُن شراب کی بوتلوں کے کارک کھولنے اور ان کی شراب گلاسوں میں پیش کرنے کا محنتانہ جو ہوٹل سے نہ خریدی گئی ہوں ۔

corker, n. کاگ بند : وہ شخص یا وہ مشین جو کارک (ڈاٹ) لگائے ۔ (عوامی) ایسی بات جس سے بحث ختم ہو جائے یا جو فیصلہ کن ہو ؛ ایسی بات (خاص کر جھوٹ) جس کے بعد آگے گفتگو کی گنجایش نہ رہے ؛ تعجب خیز یا حیران کن بات ؛ اپنی قسم کی بہت اچھی چیز ۔

corking, a. (عوامی) بہت اچّھا یا نفیس ؛ اعلیٰ ۔

corkscrew, n. کاگ کَش ؛ پیچ کش ؛ کارک نکالنے کا آلہ جو ایک عرضی دستہ میں لگے ہوئے نوکدار فولادی پیچ پر مشتمل

(چھوٹے c کے ساتھ) قرطبی (چمڑا) ؛ ایک قسم کے چمڑے کا ، جو پہلے پہل بکرے کی کھال سے قرطبہ میں تیّار کیا گیا لیکن بعد میں گھوڑے کی کھال سے بھی بنایا جانے لگا ؛ اِس چمڑے کی بنی ہوئی (چیز) ۔ (اسم) قرطبی ؛ قرطبہ کا پیدایشی یا باشندہ ۔ (چھوٹے c سے) قرطبی چمڑا ؛ چرمِ قرطبہ ۔

corduroy, n. کارڈرائی ؛ ڈُوریا گزی ؛ موٹا ڈوریا ؛ ڈوری نُما اُبھری ہوئی لکیروں والا موٹا سُوتی کپڑا ۔ (جمع) اس کپڑے کی بنی ہوئی برجس یا پتلونیں ۔ (واحد) کارڈرائی سڑک : وہ سڑک جو دلدل پر درختوں کے گُدّوں سے بنائی جائے ۔

corduroy, a. کارڈرائی کپڑے کا بنا ہوا ؛ کارڈرائی سے مشابہ ؛ خصوصاً دلدلی علاقے پر لکڑی کے لٹّھوں سے بنائی ہوئی سڑک ۔

corduroy, v.t. لٹّھوں کو عرضاً بچھا کر سڑک بنانا ؛ (دلدلی علاقہ پر) کارڈرائی سڑک بنانا ۔

corduroy bridge, n. (کینیڈا) کارڈرائی پُل ؛ پُل یا سڑک جس کی سطح پر لکڑی کے لٹّھے عرضاً بچھے ہوئے ہوں ۔

cordwood, n. ایندھن میں استعمال کے لیے مناسب لمبائی میں کاٹ کر ۱۲۸ مکعب فٹ کے ڈھیر میں چُنی ہوئی لکڑیاں ؛ تقریباً چار چار فٹ کی لمبائی میں کاٹ کر ڈھیریوں میں چُنے ہوئے لٹّھے ؛ وہ درخت جو عمارتی لکڑی کے معیار پر پورے نہ اترنے کے باعث صرف جلانے کے لیے مناسب سمجھے جائیں ۔

core, n. تخمدان؛قالب؛ گودا ؛ گری ؛ گودے دار پھل کا بیجوں والا مرکزی حصّہ ؛ کسی بھی چیز کا وسط یا مرکز ؛ کسی بھی چیز کا بطن البطون یا اہم اندرونی حصّہ ؛ حدقہ ؛ مغز ۔ (بھٹّی) اندرونی سانچا جو بیرونی سانچے میں اُس خلا کو پُر کرنے کے لیے رکھّا جاتا ہے جسے ڈھلائی میں خالی یا کھوکھلا چھوڑنا مقصود ہے ۔ (برق) لوہے کا ٹُکڑا یا لوہے کے تاروں کا گُچھّا یا اِسی قسم کی کوئی چیز ، جو برقی مقناطیس یا اِمالی لچھّے کے بیچ میں ہوتی ہے ؛ کمپیوٹر سے حاصل ہونے والی یادداشت محفوظ کرنے کا چھلّا ۔ (تار) آبدوز یا زمین دوز کیبل میں مرکزی موصل تاریں ۔ (نجّاری) لکڑی کی تہ جو عمدہ لکڑی کی نفیس اور باریک تہوں یا پتّروں کے لیے بُنیاد کا کام دے ۔

core, v.t. پھل کا گودا نکالنا ؛ کسی چیز کے اندرونی/مرکزی حصے کو کاٹنا ۔ (بھٹّی) بڑے سانچے میں چھوٹا مرکزی سانچا ڈال کر دھات کی ڈھلائی کرنا ۔

core, n. (برطانوی) ایک باری میں کام کرنے والے کان کنوں کا گروہ ؛ وہ وقت جو ایک باری کے کان کَن زمین یا کان کے اندر گزارتے ہیں ۔

coreligionist, n. ہم مذہب ؛ ہم فرقہ : ہم دین ؛ ایک دین کا ؛ ہم مشرب ؛ ہم پیالہ ؛ ہم نوالہ ۔

coreopsis, n. اسی نام و جنس کا کوئی بھی پودا بشمول باغوں میں بویا جانے والا عام کوری اوپسس جس میں پیلے ، کبھی سُرخ یا زرد اور سُرخ پھول لگتے ہیں ۔

co-respondent, n. (قانون) شریک مدعا علیہ ؛ مشترکہ مدعا علیہ یا مدعا علیہ ثانی جس پر (خصوصاً طلاق کے مقدمہ میں) اصل مدعا علیہ کے ساتھ نالش کی گئی ہو ؛ شریک مسئول الیہ ۔

coriaceous, a. چرمی یا چَرم نُما ؛ مضبوط اور چمڑے جیسا ؛ چِرمین ۔

ہوتا ہے ؛ کاگ برما ۔ (صفت) کارک نکالنے کے پیچ سے مشابہ ؛ مرغولہ دار یا چکّر دار مخروطی ۔ (فعل متعدی) چکّردار یا ٹیڑھے میڑھے طور پر آگے بڑھانا ؛ کارک نکالنے کے پیچ سے باہر نکالنا ۔ (فعل لازم) چکّردار رستہ پر چلنا یا چکّروں میں حرکت کرنا ۔

corkwood, n. کاگی لکڑی ؛ کارک ؛ ہلکی اور مسام دار لکڑی ، (بعض درختوں کی) جیسے بلسان ، خصوصاً امریکا میں پیدا ہونے والی مضبوط جھاڑی یا فلوریڈا کا ایک چھوٹا درخت ، جس کے پتّے چمکدار اور جھڑنے والے ہوتے ہیں ؛ اِن درختوں یا جھاڑیوں میں سے کوئی ایک ۔

corm, n. (نباتیات) گنٹھی ؛ جذع ؛ ساقہ ؛ گودے دار یا موٹا اور نرم گٹھلی کی طرح زمین دوز تنا جس کے اُوپری حصّہ پر پتّے اور غُنچے پھوٹتے ہیں جبکہ نچلے حصّے سے جڑیں نکلتی ہیں اور کبھی کبھی جھلّی دار کھپروں سے ڈھکا ہوتا ہے ؛ کرمہ ۔ دیکھیے : bulb, tuber ۔

cormorant, n. قوق ؛ ماہی خور پرندہ ؛ کوئی بھی پرندہ جو جنس فیلیکرو کوریکس (Phalacrocorax) سے تعلّق رکھتا ہو ، اِس جنس میں بڑی جسامت کے اور بہت سے خوردنی آبی پرندے شامل ہیں ، اِس قسم کے پرندے کی گردن لمبی ، جھلّی سے جُڑے ہوئے پنجے اور لمبی چونچ کے نیچے پوٹ ہوتا ہے جس میں وہ پکڑی ہوئی مچھلی رکھ لیتا ہے ؛ مشرقی ایشیا میں اِس پرندے کی مدد سے مچھلی پکڑی جاتی ہے ، اِس مقصد کے لیے پرندے کی لمبی گردن اس طرح باندھ دی جاتی ہے کہ وہ پکڑی ہوئی مچھلی نگل نہ سکے ۔ (بول چال) حریص یا کھاؤ شخص ؛ پیٹو ؛ بسیار خور ۔

corn, n. دانہ ؛ اناج ؛ غلّہ نیز اس کا پودا ؛ چھوٹا اور سخت دانہ یا پھل ، خصوصاً اناج کے پودے کا ؛ مجموعاً ، اناج کے پودوں کے دانے یا بجائے خود پودے ؛ وہ اناج جو بطور غذا استعمال ہوتا ہو ، جیسے گندم ، جئی ، مکئی ، جوار ، باجرا اور دیگر ایسی اجناس ۔

corn, v.t. دانہ دار کرنا (بارود کی طرح)؛دانوں میں نمک لگا کر رکھنا تاکہ خراب نہ ہوں ؛ اچار ڈالنا ؛ گوشت کو نمک لگا کر رکھنا ؛ نمک چھڑکنا یا لگانا ؛ اناج بونا ؛ اناج کھلانا ۔ (فعل لازم) پودوں پر اناج یا دانے لگنا ۔

corn, n. گٹّا ؛ گھٹّا ؛ گوکھرو ؛ اٹن : انگوٹھے ، انگلی یا پاؤں کے کسی حصّے میں کھال کا سخت ہو کر مُردہ ہو جانا یا بدگوشت بن جانا ، یہ بدگوشت جوتے کے دباؤ سے ہوتا ہے اور اکثر بہت درد کرتا ہے ۔

cornaceous, a. کورنیشیس ؛ زغال اختیٔ ؛ اسی نام و جنس کا پودا ، اِس جنس میں جھاڑیاں اور درخت بشمول قرانپا اور ٹُپیلو شامل ہیں ۔

corn borer, n. گُھن ؛ سُرسری ؛ کھپرا ؛ سُل سُلی ؛ ڈھورا ؛ یورپی اصل کے مختلف کیڑوں میں سے کوئی ایک ، اِن کیڑوں کا لاروا اناج کے دانوں میں سوراخ کرکے غلّہ کو تباہ کر دیتا ہے ۔

corn bread, n. اناج سے بنی ہوئی روٹی ۔

corncob, n. لکڑی کا لمبا خول جس میں مکئی کے ایک بُھٹے کے دانے رکھتے ہیں ؛ گلی کا بنا ہُوا تمباکو پینے کا پائپ ؛ تکّا ۔

corn cockle, n. ایک فصلی پودا جس میں سُرخ پھول لگتے ہیں اور جو اناج کی فصلوں کے ساتھ سڑکوں کے کنارے کنارے سبزے کی طرح اُگتا ہے ۔

corn color, n. گندمی رنگ ؛ ہلکا زرد ۔

corn colored, a. گندمی ؛ گندم یا مکئی کے رنگ کا ؛ ہلکے سنہری بالوں کے رنگ کا ۔

corncrib, n. اناج کوٹھی : غیر مُقشّر غلّہ رکھنے کے لیے ہوادار بنڈہ یا گودام ؛ کوٹھی ؛ بھڑولا ۔

corn dodger, n. ایک قسم کا کیک جو اناج کو تل کر یا تنور میں سخت پکا کر بنایا جاتا ہے ، یہ کیک جنوبی امریکا میں بہت مقبول ہے ۔

cornea, n. (تشریح الاعضا) قرنیہ ؛ آنکھ کے ڈھیلے اور پُتلی پرچھائی ہوئی شفاف جھلّی ؛ آنکھ کے ڈھیلے کا بیرونی پردہ ؛ قرنیۂ چشم ۔

corn earworm, n. بال کیڑا : چھوٹی ٹڈی کی قِسم کا ایک کیڑا (سُنڈی) جس کا لاروا اناج ، ٹماٹر اور کپاس کو نُقصان پہنچاتا ہے ۔

corned, a. نمک کے ذریعہ خراب ہونے سے محفوظ کیا ہوا (جیسے corned beef) ۔

cornelian, n. دیکھیے : Carnelian ۔

corneous, a. قرنی ؛ سینگ جیسا ؛ سینگیا ؛ سخت ؛ سینگ کی مانند ۔

corner, n. کونا ؛ گوشہ : نُکڑ ؛ زاویہ ؛ کھونٹ ؛ کور ؛ دو لکیروں ، دیواروں یا سطحوں کا مقام اتّصال (جیسے : the corner of a room)؛خطوط کا بنایا ہوا زاویہ ؛ آگے کو نکلا ہوا زاویہ ، خصوصاً وہ جگہ جہاں دو سڑکیں ملتی ہوں ؛ کبھی کبھی اختتام یا سِرا ؛ مقام اتصال کے نزدیک دو ملنے والی لکیروں یا سطحوں کے درمیان جگہ ؛ کوئی تنگ ، تنہا یا پوشیدہ مقام ؛ کوئی جگہ خواہ کم فاصلہ یا دُور افتادہ ہو ؛ خطّہ یا علاقہ ، سرزمین ، کھونٹ ، (جیسے : all the corners of the earth) ؛ کونے کی حفاظت کے لیے کونی ٹُکڑا ؛ قیمت بڑھانے کے لیے کسی دستیاب جنس یا اس کے ذخیرے کی اجارہ داری ؛ ذخیرہ اندوزی ۔

corner, a. خلوتی ؛ کونے میں واقع ؛ کونے کے لیے مناسب یا کونے میں استعمال کرنے کے لیے موزوں ۔

corner, v.t. کونے بنانا ، نکالنا یا مہیّا کرنا ؛ کونے میں جمانا یا لگانا ؛ مشکل صورت حال میں ڈالنا یا ایسا گھیرنا کہ مفر ممکن نہ ہو ؛ پھانسنا ؛ گھیرنا ؛ مجبور کرنا ؛ زچ کرنا ؛ تیز رفتاری میں موٹر کار سے کونا کاٹنا ؛ بازار سمیٹ لینا یا خرید لینا ؛ ذخیرہ بنانا یا (مال کو) اکٹھا کرنا ، روکنا ؛ احتکار کرنا ؛ ذخیرہ اندوزی کرنا ؛ انبارداری کرنا ۔ (فعل لازم) کونے میں ملنا یا کونے پہ واقع ہونا ۔

cornered, a. کونیا ؛ کونے دار ؛ کونے یا کونوں والا (جیسے : four cornered) ؛ مشکل یا محال صورتِ حال میں ڈالا ہُوا ؛ زچ کیا ہُوا یا اس طرح گھیرا ہُوا کہ بچنے کی جگہ نہ ہو ۔

cornerer, n. کونے میں گھیرنے والا یا زچ کرنے والا ؛ احتکار کرنے والا ؛ ذخیرہ اندوز ؛ خاطئی ۔

cornerstone, n. بُنیادی پتّھر ؛ کونا پتّھر ؛ پایہ ؛ کونیا پتّھر ؛ وہ پتّھر جو دو دیواروں کے کونے پر ہو اور ان کو ملانے کا کام کرے ؛ خصوصاً وہ اینٹ یا پتّھر جو اہم عمارت کی بُنیاد کے کونے پر عموماً رسمی تقریب کے ساتھ حقیقی یا علامتی نقطۂ آغاز کے طور پر نصب کیا جائے ، اکثر اِس کے جوف میں دستاویزات بھی محفوظ کی جاتی ہیں ؛ کوئی

کسی جاتی ہیں ؛ مینڈھیاں ۔

corn snow, n. (اسکیٹنگ) دانہ دار برف ؛ گولیوں یا ٹکڑوں کی شکل میں برف ؛ یخ کی تہ جب پگھلنے کے بعد دوبارہ جمتی ہے تو گولیوں یا ٹکڑوں کی شکل اختیار کر لیتی ہے ۔

cornstarch, n. نشاستہ یا میدہ جو اکثر پڈنگ یا شوربہ کو گاڑھا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

corn sugar, n. دانہ دار شکر ؛ نشاستہ سے بنائی ہوئی شکر ؛ ڈیکسٹروس یا شکرِ انگور ۔

corn syrup, n. اناج کے دانوں سے تیار کردہ میٹھا شربت ۔

cornu, n. سینگ ؛ شاخ ؛ قرن یا سینگ جیسا حصّہ ۔

cornucopia, n. قرن کثرہ : یونانی دیومالا کے مطابق املتھی نامی بکری کا سینگ ، اس بکری نے یونانیوں کے دیوتا زینس کو دودھ پلایا تھا ؛ تصویروں اور مجسموں میں اس سینگ پر پھولوں اور پھلوں کے ہار ہوتے ہیں اور اسے آسودہ حالی کی علامت سمجھا جاتا ہے ، اِس لیے افراط یا ہر چیز کی بہتات مراد ہے ؛ سینگ کی شکل کا یا مخروطی ظرف یا زیور ؛ شبہ سینگ ؛ قرن الخصب ؛ قرنجم ۔

cornucopiate, a. قرنجمی ؛ بکری کے سینگ کی شکل کا ۔

cornute, cornuted, a. قرنی ؛ سینگ دار ؛ سینگیال ؛ سینگ کی شکل کا ۔ (نباتیات ، حیوانیات) سینگ عمل یا سینگ نما اضافی چیز کا حامل یا قرن دار ۔

corn whiskey, n. اناج وھسکی : وھسکی کی شراب جو اکثر غیر قانونی طور پر کم از کم اسّی فی صد اناج کے کچومر یا شعیرے سے کشید کی جاتی ہے ۔

corny, a. گٹے دار ؛ اناج کا ، اناج سے متعلّق یا اناج سے بھرپور ۔ (عوامی) ناگوار طور پر جذباتی یا غیر شریفانہ جیسے کوئی ادب پارہ یا گیت وغیرہ ؛ پاؤں جن پر گٹے پڑے ہوئے ہوں یا ان سے متعلّق ؛ قرنی ۔

corolla, n. (نباتیات) تاجِ گل ؛ چہرۂ گل : پھول کٹوری یا کہامۂ گل (کاسۂ گل) کے اندر پھول کا وہ حصّہ جو ثمر آور اجزا کو گھیرے ہوئے ہوتا ہے اور ایک یا دو پنکھڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے ، یہ پنکھڑیاں اپنی نفاست اور خوش رنگی کے سبب کاسۂ گل سے ممیّز ہوتی ہیں ؛ اکلیلچہ ؛ پھول کی اندرونی پتّی ؛ پھول کا کٹوار ۔

corollate, corollated, a. اکلیلچی ؛ تاجِ گل کا ۔

corollary, n. نتیجۂ صریح : ریاضی کا ثبوت جو کوئی مسئلہ حل کرتے ہوئے ضمنی یا ذیلی طور پر حاصِل ہو جائے ؛ اِس لیے فوری یا آسانی سے اخذ کردہ نتیجہ ؛ قدرتی ماحصل یا نتیجہ ؛ حاصل بدیہی ؛ منطقی نتیجہ ؛ ضمنی نتیجہ ؛ فرع ؛ حاصل ؛ نکلی ہوئی بات ۔

corona, n. ہالہ ؛ حاشیہ ؛ تاج ؛ تاج یا ہار جو خصوصاً قدیم اہلِ رُوما کو اُن کی امتیازی خدمات کے صلہ میں بطور اعزاز پہنایا جاتا تھا ؛ گرجا کے سقف یا محراب سے لٹکا ہوا کرونی فانوس ؛ چمکدار چیز ، مثلاً چاند یا سورج ، کے گِرد سفید یا رنگین ہالہ ۔ (موسمیات) فضا میں ہلکے بادلوں یا کُہرے میں شعاعوں کے انعکاس سے بننے والا ہالہ ۔ (فلکیات) سُورج کے لونی کُرّہ کے بیرون روشنی کا غلاف جو گرہن کے دوران نظر آتا ہے اور جس سے روشنی کے دھارے نکلتے ہیں ۔ (فنِ تعمیر) کارنس کا وہ حصّہ جو دیوار سے آگے کو نکلا

چیز جو اعتقاد یا نظریے کے لیے بُنیادی اہمیت کی حامِل ہو ؛ کونے کا پتھر ؛ بھوڑے کا پتّھر ۔

cornet, n. قرنا ؛ کورنٹ ؛ بوق ؛ ترم کی قسم کا پُھونک سے بجایا جانے والا ساز جس میں صمام یا والو اور متحرّک ڈاٹ یا پسٹن ہوتے ہیں جن کی مدد سے مختلف سُرنکالے جاتے ہیں ؛ کاغذ کا چھوٹا تکون جس میں مٹھائی وغیرہ لپیٹی جاتی ہے ؛ بڑی سفید ٹوپی یا قساوہ جو بعض عیسائی فرقوں کی راہبائیں پہنتی ہیں ؛ ترنی ؛ پڑا (پنساریوں کا) ؛ سنکھ ؛ نَے ۔

cornetist, cornettist, n. قرنایا کورنٹ بجانے والا ؛ قرنا یا کورنٹ نواز ۔

corn flour, (Brit.), cor nstarch, n. نشاستہ ؛ اناج کا آٹا ؛ گندم کا میدہ ؛ مکئی کا آٹا ۔

cornflower, n. ناج بُوٹی ؛ ترنجان ؛ بالنگو ؛ اناج کے کھیت میں اُگنے والی بُوٹیوں میں سے کوئی بوٹی ، جس کے پھول نیلے سے سفید تک ہوتے ہیں ، یہ بُوٹی خود رو ہوتی ہے لیکن امریکا میں کاشت کی جاتی ہے ؛ لیلی ۔

cornflower blue, n. گہرا نیلا رنگ جو ترنجان کے پُھول سے مشابہ ہو ؛ ترنجی رنگ ۔

cornice, n. کارنس ؛ کنگنی ؛ کگر ؛ آگے کی طرف عرضی جُھکاؤ جو دیوار یا عمارت کے اُوپر تعمیر کیا جاتا ہے ؛ چھجّا ؛ ستون کے اُوپر کا آخری حصّہ جو وسطی کڑی پر ہوتا ہے ؛ سجاوٹی کارنس یا کگر جس کے ذریعہ پردے لٹکانے کی چھڑی اور کڑیاں چھپائی جاتی ہیں ؛ سینکا ۔

corniche, n. سڑک جو پہاڑی کے کنارے یا گِرد بنائی گئی ہو ۔

corniculate, a. قرنی ؛ سینگ دار ؛ قرن دار ؛ قونچہ دار ؛ قرنی دار ۔

Cornish, a. انگلستان کے علاقہ کورنوال کے متعلّق ؛ پالتو انگلستانی مرغی یا پرندہ جس کا گوشت استعمال کیا جاتا ہے ۔ (اسم) کورنوال کی قدیم زبان جو کلٹیوں کی بولی ہے ۔

Cornish game hen, n. دوغلی مُرغی : مرغی کی ایک انگلستانی نسل جو دوسری نسلوں سے مِلا کر پیدا کی گئی ہے خصوصاً سالم تل کر کھانے کے لیے ۔

Corn Law, n. (تاریخ انگلستان) قانون غلّہ فروشی : انگلستان کے اُن قوانین میں سے ایک جو اناج کی ملکی اور غیر ملکی تجارت کو ضابطہ میں لانے کے لیے نافذ کیے گئے تھے ، یہ قانون ۱۸۴۶ء میں منسوخ کر دیا گیا ۔

corn meal, n. ناج کھانا ؛ دلیا ؛ گندم یا مکئی کو کوٹ کر یا موٹے ذرّوں میں توڑ کر بنایا ہوا دلیا ؛ جئی کا دلیا ۔ (صفت) اناجی ؛ دلیے کا ۔

corn pone, n. گندمی نان ؛ گندم کی روٹی ، خصوصاً وہ روٹی جو جنوبی امریکا میں مقبولِ عام ہے ۔

corn poppy, n. دیکھیے : Cornrose –

corn rose, corn poppy, n. ناج گُلاب ؛ عام سُرخ رنگ کا گلِ لالہ ؛ سُرخ پُھول کی گھاس ۔

corn row, n. بُھٹا روپ : بال گوندھنے کا انداز جس میں مکئی کے دانوں کی قطار کیطرح سر کے دونوں جانب پٹیاں

ہوا ہو اور جس کے اُوپر لہریا کگر بنی ہوئی ہو ۔ (تشریح الاعضا) کسی عضو کا بالائی حصّہ جیسے ۔ سر یا دانت کا اوپر والا حصّہ ، بالائے جبین ۔ (نباتیات) تاجِ گل ، تاج نُما زائدہ ، خصوصاً کاسۂ گل کا اندرونی زائدہ ؛ اکلیل شمس ؛ چندیا ؛ کنگنی ؛ پُھول کا تاج ۔

Corona Australis, Southern Crown, n. جنوبی مجمع الکواکب ؛ اکلیل جنوبی ، قبہ ؛ جنوبی مجمع الکواکب جو جنوب میں برجِ قوس کے قریب ہے یا اُسے مَس کرتا ہے ۔

Corona Borealis, Northern Crown, n. شمالی مجمع الکواکب ؛ اکلیل شمالی ؛ فکّہ ؛ شمالی مجمع الکواکب جو عوّا اور برقل کے درمیان واقع ہے ۔

coronach, n. نوحہ ؛ ماتم ؛ شیون ؛ آہ وزاری ؛ بینِ میّت ؛ نوحہ جو آئرستان اور اسکاٹستان میں میّت کے پیچھے گایا جاتا ہے ۔

coronal, a. فرقی ؛ اکلیلی ؛ تاج کے متعلّق یا تاج سے مشابہ ۔ (تشریح الاعضا) سر کی ہڈیوں کے جوڑ کے متعلق ، یہ جوڑ کھوپڑی کے سامنے اور اطراف کی ہڈیوں کے درمیان ہوتا ہے ؛ اکلیل کے درمیانی جوڑ کے متعلّق ؛ بینِ اُذنی ؛ بالائے جبین کا ؛ کاسۂ سر اور استخوانِ پیشانی سے متعلّق ؛ کاسۂ سرکا ؛ شاہی تاج جیسا ۔ (اسم) اکلیلی سطخ ؛ تاج ؛ سر پینچ ؛ مکٹ ؛ سہرا ؛ ہار ۔ (تشریحِ الاعضا) کاسۂ سر کا جوڑ ؛ اکلیل کے درمیان کا جوڑ ؛ بین اُذنی سطح ؛ حلقہ ؛ دَور ؛ چھوٹا دائرہ ۔

coronary, a. اکلیلی ؛ تاج کا یا تاج سے مشابہ ؛ دل کی دو رگوں میں سے دونوں یا کسی ایک رگ سے متعلّق ؛ دل کی رگ میں خون بستگی ؛ حائط ؛ مکلّل ۔

coronary bypass, revascularization, n. اکلیلی جرّاحی ؛ بازصمام کاری ۔

coronary thrombosis, n. دلمیّت ؛ دل کی رگ میں خون بستگی یا انجمادِ خون ۔

coronation, n. تاج پوشی ؛ تاج پوشی کی رسم یا تقریب ؛ نئے بادشاہ کی تاج پوشی ؛ کام کا اختتام ؛ تخت نشینی ؛ مسند نشینی ۔

coroner, n. کارونر ؛ تفتیش کُنندۂ ہلاکتِ ناگہانی ؛ حکومت یا بلدیہ کا عہدہ دار جو خصوصاً غیر طبعی اموات کی تفتیش کرتا ہے ؛ مُفتِش عہدہ دار ۔

coronership, n. عہدۂ تفتیشِ اموات ناگہانی ۔

coronet, n. اکلیلک ؛ تاجک ؛ چھوٹا یا گھٹیا تاج ؛ ایسا تاج جو بادشاہت سے کم رُتبہ کا مُظہِر ہو ؛ سر پیچ یا تاج سے مشابہ سر پر پہننے کی چیز یا زیور جس میں سونا یا ہیرے جڑے ہوں ؛ مکٹ ؛ اکلیل ؛ جیغہ ؛ جوڑ ؛ بند ؛ سہرا ؛ تاج سے مشابہ کوئی حصّہ ؛ گھوڑے کے سُم اور ٹخنے کے بیچ کا نچلا حصّہ ؛ مُو دائرہ ؛ بال حلقہ ؛ امیروں کا تاج ؛ کُلاہ ؛ گھوڑے کے سُم کا اُوپر کا حصّہ ۔

coroneted, a. تاج پوش ؛ کلاہ دار ؛ جیغی ۔

coronograph, n. تاج نگار : ایک دُور بین جس میں سُورج گرہن دِکھانے کے پُرزے لگے ہوتے ہیں تاکہ سورج کے ہالے کا مشاہدہ اور عکس بندی کی جا سکے ؛ حاشیہ نگار ۔

corporal, a. جسمی ؛ جسمانی ؛ مادی ؛ انسانی جسم کا یا اس کے متعلّق ۔ (حیوانیات) سَر یا اعضا سے مُمیّز ، مطلق جسم کے متعلّق ۔

corporal, n. (کلیسیات) ؛ مائدہ : خوانِ عشائے ربّانی یا وہ نفیس کپڑا جس پر عشائے ربّانی کی ادائیگی کے وقت متبرکات رکھّے جاتے ہیں ۔

corporality, n. جسمانیت ؛ مادیّت ؛ عضویت ؛ تجسیم ۔

corporal, n. کارپورل ؛ دفعدار : ایک فوجی عہدہ جو کمیشن کے بغیر اور سارجنٹ کے عہدے سے ایک درجہ کم ہوتا ہے ؛ فوجیوں کی ایک کمپنی کا نان کمیشنڈ افسر جو سارجنٹ سے نچلے درجے کا ہوتا ہے ؛ جنگی جہازوں کا ایک چھوٹا افسر جو پولس کے کام کرتا ہے ؛ بحری فوج میں بغیر کمیشن والا کم رتبہ افسر ؛ فوج کا نائک ۔

corporal punishment, n. جسمانی سزا ؛ بدنی سزا ۔

corporate, v.t. ہیئتِ اجتماعی تشکیل دینا ؛ ایک جماعت میں متحد یا شامل کرنا ۔ (صفت) اجتماعی ؛ جماعتی ؛ ایک تنظیم میں متحد ؛ ایسی متحد جماعت کے متعلّق جو بمنزلۂ فرد تصوُّر کی جائے ؛ کارپوریشن یا کمپنی کی تشکیل یا اس سے متعلّق ؛ تنظیم کا ۔

corporately, adv. اجتماعی طور پر ؛ کارپوریشن یا کمپنی کے انداز میں ۔

corporative, a. اجتماعی ؛ تنظیمی ؛ بلدی ؛ شراکتی ۔

corporation, n. کارپوریشن ؛ سند یافتہ ادارہ ؛ ہیئتِ اجتماعیہ ؛ تنظیم کے تحت متحد اشخاص کی ایک تعداد ، خصوصاً وہ مصنوعی اجتماعی شخصیت جو قانون کے ذریعہ تخلیق کی گئی ہو ، جس کا وجود ازروئے قانون مسلسل ہو اور اختیارات و فرائض ممبران کے انفرادی اختیارات و فرائض سے مُمیّز ہوں ؛ جسدیہ ؛ تجارتی انجمن یا جماعت ؛ کارپوریشن یا کمپنی جو قانوناً مثلِ شخصِ واحد ہو ۔ (عوامی) توند ؛ موٹے آدمی کا آگے کو نکلا ہوا بڑا پیٹ ۔

corporatism, corporativism, n. کارپورتیت ؛ وہ نظام ، نظریات یا اصول جو قانونی طور پر کارپوریشنوں کی تشکیل کی بُنیاد ہوں ۔

corporative state, n. (سیاسی فلسفہ) جسدیتی ریاست : ایسی ریاست جس میں انتظامی ، معاشی و سیاسی اقتدار/اختیار اُن اجتماعی کارپوریشنوں اور تنظیموں کو حاصل ہوتا ہے جو پیشہ ورانہ اور تجارتی مفادات کی بنیاد پر قانون کے ذریعہ تخلیق کی گئی ہوں ۔

corporeal, a. مادّی ؛ جسمانی ؛ طبعی جسم کی نوعیّت کا ؛ بَدَنی ؛ مادّے کی طرح کا ؛ محسوس یا ملموس ؛ مادّی چیزوں کے متعلّق ؛ حیوانی ۔

corporeality, n. جسمانیت ؛ مادیّت ؛ جسمیّت ۔

corporeity, n. تجسُّم ؛ مادّی یا جسمی نوعیت یا صفت ؛ مادیّت ؛ مادّی پن ؛ جسم مادّی ۔

corposant, Saint Elmo's Fire, coronadischarge, n. شعلۂ پاک : ایک روشنی جو فضائی بجلی سے پیدا ہوتی ہے اور کبھی کبھی جہازوں کے مستول ، سہاروں کی بلّیوں کے سِروں یا گرجا کے میناروں اور درختوں کی پُھننگوں پر دِکھائی دیتی ہے ؛ بعض ملاحوں کے عقیدے کے مطابق یہ روشنی طوفان کا پیش خیمہ ہوتی ہے ۔

corps, n. جیش ؛ گروہ یا ہمکاروں یا اکٹھے

کام کرنے والوں کی ایک جماعت ۔ (عسکری) فوجی دستہ ؛ کور ؛ منظم فوجی جماعت جو افسروں اور جوانوں یا صرف افسروں پر مشتمل ہو ، (جیسے : Marine Corps, Corps of Engineers یا Signal Corps) ؛ مصافی فوج یا فوج کی وہ وحدت جس میں دو یا زیادہ ڈویژن فوج اور دیگر دستے ہوتے ہیں ۔

corps de ballet, n. سنگت رقاص : بیلے رقص کی کمپنی میں وہ رقص کرنے والے جو ساتھ مل کر رقص کرتے ہیں، اس میں تنہا رقص نہیں ہوتا ۔

corpse, n. لاش : مُردہ جسم، عموماً انسان کا ۔

corpsman, n. معاون طبیب : امریکا کی بحری فوج میں میڈیکل افسر/طبیب افسر کا مددگار ۔

corpulent, a. موٹا؛ فربہ ؛ لحیم شحیم ؛ جسیم ؛ بڑے یا بھاری بدن کا ؛ بھاری بھرکم ۔

corpulence, corpulency, n. فربہی ؛ موٹاپا ؛ جسامت ؛ جسمیّت ۔

corpus, n. جسم ؛ جسد ؛ انسان یا جانور کا جسم ، خصوصاً مُردہ جسم ؛ کسی چیز کا لازمی جزو یا جوہر ؛ مجموعۂ کتب ؛ تحریروں کا مجموعہ ؛ کل کتابوں ، قوانین یا تحریروں کا مجموعہ جو ایک ہی نوعیت کی ہوں (جیسے : the corpus of Romantic poetry) ۔ (مالیات) سود یا منافع سے ممیّز اصل رقم ۔ (تشریح الاعضا) جسم کے کسی عضو کا خاص حصّہ یا عضو کا کوئی حصّہ جو ایک مخصوص ساخت اور مخصوص وظیفہ رکھتا ہو ؛ بولی یا زبان کا تجزیہ کرنے کے مقصد سے ریکارڈ کیے ہوئے تقریری نمونوں کا مجموعہ ؛ بدن ۔

corpus callosum, n. (تشریح الاعضا) جسم صلبی ؛ جسم ثفنی : اعصابی نسیج کی بڑی نس جو انسان اور دیگر میمل جانوروں کے دو دماغی نصف کُروں کو جوڑتی ہے ۔

corpuscle, corpuscule, n. جسیمہ ؛ خویصلہ ؛ ذرۂ جسمیہ ؛ باریک ریزہ ؛ جوہر فرد ؛ باریک جسم جو کسی نامیاتی وجود کا کم و بیش ممتاز یا اہم حصّہ ہو ؛ مادّے کا چھوٹا یا ابتدائی ذرّہ ، جیسے برقیہ ، سالمہ ، ایٹم ۔ (فعلیات) خلیہ ، خصوصاً ایسا خلیہ جو فعل و ہیئت کے لحاظ سے ممتاز ہو ، جیسے خون کے سُرخ و سفید خلیے (Corpuscles) ۔

corpuscular, a. ذرّاتی ؛ ذرۂ جسمیہ کے متعلّق ۔

corpusculated, a. جسمیہ ذرّے کی صفت کا ؛ جسمی ۔

corpus delicti, n. (قانون) بنائے جُرم ؛ واقعاتی شہادت ؛ فوجداری مقدمہ میں کلیدی حقیقت یا عنصر (جیسے قتل کے مقدمہ میں) جو یہ ثابت کرے کہ واقعی قتل ہوا ہے ؛ وہ مادّہ (شخص یا چیز) جو جرم زدہ ہو ، جیسے مقتول کی لاش یا جلائے گئے مکان کی باقیات ۔

corpus luteum, n. (تشریح الاعضا) جسم اصغر ؛ زردی مائل ہارمون زا نسیج جو میمل جانور کے بیضہ دان میں گرافی کیسہ پھٹنے پر بیضہ ریزی کے بعد بنتا ہے اور ایام حمل کے دوران تولیدی ہارمون خارج کرتا ہے ۔ (علم ادویہ) ہارمونی مادّے کی دوا جو خصوصاً تولیدی یا نسلی ہارمون پر مشتمل ہوتی ہے ، یہ دوا خنزیر یا گائے کے جسم اصفر سے بنائی جاتی ہے ، اس سے عورتوں کے بیضہ دان کی بعض بیماریوں کا علاج کیا جاتا ہے ؛ اصفری جسم ۔

corrade, v.t. چھیلنا یا گھسنا ؛ چھیل کر ضائع کرنا ۔ (ارضیات) چٹانوں اور پتھروں کے ٹُکڑوں کا ندی نالوں کے پانی میں بہ کر گھسنے اور آپس میں رگڑ کھانے سے چھوٹا ہونا ؛ پانی سے کٹاؤ ہونا ۔

corrasion, n. گھساؤ ؛ کٹاؤ ۔

corrasive, a. گھسنے والا ؛ چھیلنے والا ۔

corral, n. گھڑک ؛ مویشیوں کا باڑا ؛ گھوڑوں کا اصطبل ؛ حملے سے حفاظت کے لیے گاڑ باڑ ؛ گاڑیوں کی باڑ یا احاطہ جو لشکر یا قافلہ کے پڑاؤ کے گرد ، حملے سے بچاؤ کی خاطر ، گاڑیاں کھڑی کر کے بنایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) گاڑ باڑ بنانا یا گاڑیوں کی باڑ کے گھیرے میں بند کرنا ؛ پکڑنا یا گرفتار کرنا ۔

correct, v.t. اصلاح کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ درست کرنا ؛ تصحیح یا اصلاح کرنا ؛ غلطیاں یا نقائص دُور کرنا ؛ غلطیوں کی نشاندہی کرنا ؛ غلطیوں پر نشان لگانا ؛ تنبیہہ و تادیب کرنا تا کہ غلطی کی اصلاح اور خطا کی تلافی ہو سکے ؛ قاعدے یا ضابطے میں لانا ؛ سزا دینا ؛ نقصان دہ یا بُری چیز کا توڑ کرنا یا اثر زائل کرنا ؛ گھڑی کے وقت کو صحیح کرنا ۔ (ریاضی ، طبیعیات) ردّوبدل یا مطابق کر کے معیار کے برابر کرنا ۔ (صفت) درست ؛ تسلیم شُدہ یا مسلّمہ معیار کے مطابق ؛ مناسب ؛ حقیقت یا سچائی کے مطابق ؛ غلطیوں سے پاک ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ صحیح ؛ مستحسن ؛ پسندیدہ ۔

correctable, correctible, a. اصلاح پذیر ؛ قابلِ اصلاح ؛ تصحیح کے لائق ۔

correctness, n. صحت ؛ درستی ؛ راستی ؛ تعدیل ۔

corrector, n. مُصحّح ؛ درست کرنے والا ؛ تصحیح کرنے والا ؛ اصلاح کرنے والا ؛ معدِّل ۔

correction, n. تصحیح ؛ اصلاح ؛ درستی ؛ تنبیہہ ؛ تادیب ؛ ٹھیک کرنے کا عمل یا اصلاح پذیری کی حالت ؛ غلط کی جگہ صحیح چیز یا مجوزہ صحیح چیز ؛ ردّوبدل ؛ تعدیل ؛ درستی ۔

correctional, a. تصحیحی ؛ تادیبی ؛ تعدیلی ۔

correctitude, n. تادیب ؛ مناسب طرز عمل اور رویہ ؛ تہذیب نفس ؛ اصلاح ؛ روک ٹوک ۔

corrective, a., n. مائل بہ اصلاح ؛ اصلاح کُن ؛ مُصلح ؛ علاجی یا معالجاتی (جیسے : corrective physical exercises) ؛ مصحّح ۔

correlate, v.i. باہمی تعلّق یا رشتہ رکھنا ؛ ایک دوسرے سے لازم و ملزوم ہونا ؛ ہم ضاف ہونا ۔ (فعل متعدی) باہمی تعلّق یا باضابطہ باہمی رشتے کی حالت میں رکھنا یا لانا ؛ لازم و ملزوم بنانا ؛ ہم ضاف بنانا ۔ (صفت) باہم متعلّق ؛ لازم و ملزوم ؛ لاینفک ؛ تضایفی ؛ متلازم ۔ (اسم) لازم یا ملزوم چیز ؛ دو لازم و ملزوم چیزوں میں سے کوئی ایک ؛ جزوِ لاینفک ۔

correlation, (Brit.) corelation, n. ارتباط ؛ ہم ربطی ؛ لزوم ؛ تعلّق باہمی ؛ لازم و ملزوم بنانے کا عمل یا لازم و ملزوم ہونے کی حالت ؛ دو یا دو سے زیادہ چیزوں یا حصّوں کے درمیان باہمی رشتہ ؛ نامی اجسام کے درمیان طریق کار ، صفات اور ساخت کے اعتبار سے مطابقت ؛ ہم رشتگی ؛ ہم بستگی ؛ ہم آہنگی ؛ تضایف ؛ تلازم ؛ لاینفکیت ۔

correlative, a. لازم و ملزوم ؛ متلازم ؛ متماثل ؛ باہم متعلّق : اس طرح متعلّق کہ ایک کا کنایہ دوسرے سے ہو یا ایک دوسرے کا لازمہ ہو ؛ ارتباطی ؛ تضایفی ؛ ہم ضافی ۔ (اسم) دو لازم و ملزوم چیزوں میں سے کوئی ایک ؛ جزو لاینفک ۔

correlativeness, correlativity, n. تلازم ؛ ارتباطیت ؛

تضایفیت ؛ لاینفکیت ؛ ہم ربطیّت ۔

correspond, v.i. مشابہ یا مماثل ہونا ؛ متفق یا موافق ہونا ؛ اتفاق کرنا ؛ خطوط کا تبادلہ کر کے ایک دوسرے سے ابلاغ کرنا ؛ مطابق ہونا ؛ جواب یا جوڑ ہونا ؛ تماثل اختیار کرنا ۔

corresponding, a. مشابہ ؛ مماثل ؛ موافق ؛ مطابق ؛ جوابی ؛ جوڑ کا ؛ متفق ؛ متناظر ؛ متطابق ؛ نظیری ؛ متماثل ۔

correspondence, correspondency, n. مشابہت ؛ مشابہہ ، مماثل یا مطابق ہونے کا عمل یا حقیقت ؛ ایک دوسرے سے مشابہ یا مماثل ہونے کا رشتہ ؛ اتفاق ؛ موافقت ؛ مطابقت ؛ اِبلاغ ؛ تبادلۂ خطّ و کتابت ؛ خطوط جن کا تبادلۂ کیا جائے ؛ اخبار کو لکھے گئے خطوط ؛ ابلاغیت ؛ مراسلت ؛ تناظر ؛ تطابق ۔

correspondence school, n. مراسلاتی اسکول : فاصلاتی مدرسہ : خط و کتابت کے ذریعے تعلیم دینے والا مدرسہ/اسکول ، جو تعلیمی اسباق اور امتحانی پرچے بذریعہ ڈاک ارسال کرتا ہے اور کام کی تکمیل نیز جوابات کی بُنیاد پر اہلیت کا تعیّن کرتا ہے ۔

correspondent, n, a . نامہ نگار ؛ مراسلہ نگار ؛ متماثل کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کے مطابق یا اس کا جواب ہو ؛ وہ شخص جو کسی اور مقام پر رہنے والے شخص سے مستقل طور پر تجارتی لین دین کرتا ہو ؛ آڑھتی یا تجارتی ایجنٹ ، ایک تاجر یا دُکاں جس کا کسی دوسرے تاجر یا دُکان سے خصوصاً غیر مُلک میں کاروبار رہتا ہو ؛ خط و کتابت کرنے والا ؛ مرسل خطوط ؛ اخبار میں لکھنے والا ، خصوصاً نامہ نگار جو کسی جگہ کی خبریں ارسال کرنے پر مامُور ہو ؛ راقم ؛ مراسل ۔

corresponsive, a. متراحم ؛ غمگسار ؛ ایک دوسرے کے ہمدرد ؛ ایک دوسرے کو جواب دینے والے ؛ ایک دوسرے سے اثر پذیر ۔

corrida, n. آدمی اور بیل (سانڈ) کا مقابلہ ؛ کوریڈا ۔

corridor, n. غلام گردش ؛ کوریڈور ؛ عمارت کے قطعوں یا حصّوں کو ملانے والا رستہ یا گیلری ؛ وہ رستہ جو کئی کمروں کے سامنے سے گُزرتا ہے یا جس میں کئی کمروں کے دروازے کُھلتے ہوں ؛ کسی مملکت کا مقبوضہ تنگ قطعۂ زمین جو دوسری مملکت کے مقبوضہ علاقے سے گزر کر سمندر تک جانے کا رستہ ہو ؛ ازج ؛ گزرگاہ ؛ طرفہ ۔

Corriedale, n. گوسفند کوہ ؛ کوریڈیل : گوسفند/بھیڑ کی ایک نسل جو اصلاً نیوزی لینڈ کی ہے اور اعلیٰ اون نیز لذیذ گوشت کی وجہ سے قیمتی خیال کی جاتی ہے ۔

corrigendum, n. تصحیح نامہ : چھپائی یا ٹائپ کی غلطیاں جو طباعت کے بعد دیکھی جائیں اور جن کی تصحیح کا ایک صفحہ بعد میں اضافہ کیا جائے ؛ غلط نامہ ۔

corrigible, a. اصلاح پذیر : وہ شخص جو بُرائیاں دور کر کے صحیح راستہ پر لگائے جانے کے قابل ہو ؛ قابل اصلاح ؛ قابل درستی ۔

corrigibility, n. اصلاح پذیری ؛ درستی ؛ درستگی ۔

corrival, n. رقیب ؛ مقابل ؛ متقابل ۔ (صفت) رقابتی ؛ مسابقتی ؛ رقابت یا مسابقت کی حالت میں ۔

corroborant, a. توثیقی ؛ تصدیقی ؛ تائیدی ؛ تقویتی ؛ تصدیق کُنندہ ؛ مؤثّق ؛ مصدِّق ؛ مؤیّد ؛ مقوّی ۔

corroborate, v.t. تقویت دینا یا اضافی طاقت بہم پہنچانا ؛ تائید کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ تصدیق کرنا ؛ مزید یقین دہانی کرنا یا تائیدی شہادت دینا (جیسے : to corroborate testimony, news) ۔

corroboration, n. تصدیق ؛ توثیق ؛ تائید ۔

corroborative, a. تصدیقی ؛ تائیدی ؛ مؤثّق ؛ توثیقی ۔

corroboratory, a. تصدیق کُن ، توثیق کار ۔

corrode, v.t. رفتہ رفتہ کھا جانا ؛ کیمیاوی عمل سے کھا جانا ، کم کرنا یا گھٹانا (جیسے : Nitric acid corrodes copper,) ۔ (مجازاً) کُترنا ، تحلیل کرنا یا گُھن کی طرح لگنا ؛ گھسنا ؛ آہستہ آہستہ ہضم کرنا ؛ گلانا (تیزاب سے) ؛ گُھلانا ۔

corrodible, a. تحلیل پذیر ؛ گُھن لگنے یا زنگ آلود ہونے کے قابل ؛ متحلل ۔

corrosion, n تحلیل ؛ زنگ سے کھا جانے یا تیزاب سے گل جانے کا عمل ؛ خوردگی ؛ اکل ۔

corrosive, a. اکاّل ؛ دھات یا چیز کو زنگ سے کھانے یا گلانے کی خصوصیّت والا ؛ قارض ؛ زچ کرنے والا ؛ تباہ کُن ؛ تحلیل کُنندہ ؛ خورندہ ۔

corrosive, n. محلِّل ؛ کھا جانے والا زنگ ؛ گلا دینے والا تیزاب ؛ گُھلا دینے والا مرض ؛ آکل ؛ اکاّل ۔

corrosive sublimate, n. (کیمیا) سلیمانی ؛ پارے کا بائی کلورائڈ ، ایک چرپرے مزے کا انتہائی زہریلا نمک جو تصعیدی عمل سے تیّار کیا جاتا ہے اور جراثیم کُش دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ دار شکنجہ ؛ دار چکنہ ۔

corrugate, v.t. جُھرّیاں یا سلوٹیں ڈالنا ؛ نالیاں بنانا ۔ (فعل لازم) جُھرّیاں ، شکن یا بل پڑنا ؛ سلوٹیں پڑنا ۔ (صفت) جُھرّی دار ؛ پُر شکن ؛ نالی دار ؛ سلوٹ دار ۔

corrugation, n. جُھرّی ؛ شکن ؛ سلوٹ ؛ نالی ؛ اُبھار ؛ تیور ؛ جُھرّی یا سلوٹ ڈالنے یا نالیاں بنانے کا عمل ؛ جُھرّی دار یا سلوٹی ہونے کی حالت ۔

corrugated iron, n. نالی دار چادر ؛ لوہے یا قلعی زدہ لوہے کی چادریں جو متوازی نالیوں اور خانوں کی شکل میں مضبوطی سے مڑی ہوئی ہوتی ہیں اور ، بیشتر چھت ڈالنے کے کام آتی ہیں ۔

corrupt, v.t. خراب کرنا ؛ بگاڑنا ؛ فاسد کرنا ؛ اچھی حالت سے فاسد یا سڑی گلی حالت میں تبدیل کرنا ؛ روگی اور گندا بنانا ؛ ناپاک کرنا ؛ اخلاقی طور پر بگاڑنا ؛ گمراہ کرنا ؛ بدچلن بنانا ؛ ایمانداری یا دیانت داری کو تباہ کرنا ؛ ضمیر فروش بنانا ؛ رشوت دینا یا رشوت لینا ؛ زبان یا لفظ کو بگاڑنا ۔ (فعل لازم) مخرب اخلاق ہونا ۔

corruptible, a. فساد پذیر ؛ بگڑنے یا سڑنے والا ؛ مائل بہ فسق ۔

corruptibleness, n. فساد پذیری ؛ فسق پذیری ؛ فسادی پن ؛ اخلاقی بگاڑ ۔

corruptive, a. مُخرب ؛ بگاڑنے والا ؛ بگاڑنے کی خاصیّت رکھنے والا ؛ فاسد ۔

corrupt, a. خراب ؛ سڑا گلا ؛ بیماری کے جراثیم سے متأثر یا گندا ؛ اخلاقی طور پر بگڑا ہوا یا گمراہ ؛ بے ایمان یا ضمیر فروش ؛ مرتشی ؛ راشی ؛ غلطیوں یا تحریف کے باعث بگڑا ہوا متن یا لفظ ؛ رشوت خور ؛ رشوت خوار ؛ بد اطوار ؛ بداعمال ؛ فاسد ۔

corruption, n. خرابی ؛ فساد ؛ نقص ؛ بگاڑ ؛ بدچلنی ؛ بے ایمانی ؛ خراب یا گمراہ کرنے کا عمل یا خرابی و گمراہی کی حالت ؛ سڑن گلن ؛ سڑا گلا مادّہ ؛ اخلاقی گمراہی ؛ بدقماشی ؛ ایمانداری یا اخلاقی وضع داری کی تباہی ؛ بدعنوانی اور بے ایمانی پر مبنی

کارروائی ؛ رشوت ؛ پاک کی ناپاک میں تبدیلی ؛ زبان یا لفظ کا بگاڑ ؛ بدکرداری ؛ بداعمالی ؛ رشوت ستانی ؛ بدعنوانی ؛ بدخصلتی ؛ خیانت ۔

corsage, n. محرم ؛ انگیا ؛ سینہ بند ؛ بریزیر ؛ عورت کے چھوٹے کپڑے ۔

corsair, n. بحری قزّاق ؛ مسلّح نجّی بحری جہاز ، خصوصاً بربری ساحل پر ؛ بحری قزّاقوں کا جہاز ؛ بحری ڈاکو ۔

corselet, corslet, n. کارسٹ یا عورتوں کے پہننے کی تنگ پیٹی دار یا بغیر پیٹی کی بنیان ؛ زرّہ یا چار آئینہ ۔

corset, n. شکم بند ؛ شمیض ؛ کارسٹ ، ایک قسم کا تنگ پیٹی دار بنیان جو عورتیں کمر سے لے کر چھاتیوں تک کے حصّہِ جسم پر کس لیتی ہیں کہ بدن تنا رہے اور سڈول معلوم ہو ۔ (فعل متعدی) کارسٹ پہنانا ؛ شمیض پہنانا ؛ شکم بند اوڑھانا ۔

corseted, a. کارسٹ یا شمیض پہنے ہوئے ؛ شکم بند ۔

corsetiere, n. کارسٹ بنانے اور بیچنے والی عورت ؛ کارسٹ ساز اور کارسٹ فروش عورت ۔

Corsican, a. کارسیکائی ؛ جزیرہ کارسیکا اور اس کے باشندوں کے متعلّق ؛ کارسیکا بحیرۂ روم میں فرانس کا ایک صوبہ ۔ (اسم) کارسیکن ؛ جزیرہ کارسیکا کا باشندہ ۔

cortége, (Fr.), cortege, n. خدم و حشم ؛ جلو میں چلنے والوں کی قطار ؛ جلوس ، خصوصاً جنازے کا جلوس ؛ جلو یا خواصی کے لوگ ۔

cortex, n. قشر ؛ چھال (درخت کی) ؛ چھلکا ؛ پوست ۔ (تشریح الاعضا) عضو کا بیرونی حصّہ ، جیسے بھیجے کی بیرونی تہ یا گُردے یا غدود کی بیرونی جِھلّی ؛ قشرہ ۔

cortical, a. قشرئی ؛ عضو کے بیرونی حصّے کا ، اس پر مشتمل یا اس سے مشابہ ؛ دماغ کی بیرونی تہ سے متعلّق ؛ چھال کا ۔

corticate, corticated, a. قشرہ دار ؛ چھال دار ؛ پوست دار ؛ قشر دار ؛ قشری ۔

corticosterone, n. کارٹیکو سٹیرون ؛ برگردہ کی جِھلّی کا ہارمون ۔

cortin, n. کارٹین ؛ ہارمون جو برگردہ کی جِھلّی سے خارج ہوتا ہے ؛ قشرین ۔

cortisone, n. کارٹزون ؛ کارتسون ؛ برگُردہ غشا یا جِھلّی کا اسٹرائڈ ہارمون ۔ (علم ادویہ) اس ہارمون سے تیّارکردہ دوا کا نام ' یہ دوا مختلف کولاجن بیماریوں کی شدّت میں تخفیف ، نہ کہ شفا ، کے لیے مُنہ یا انجکشن کے ذریعے استعمال کی جاتی ہے ۔

corundum, n. کرنج ؛ کرنڈ ؛ ایلومینم اکسائڈ کی قسم کا ایک معدن جو سخت اور شفّاف ہوتا ہے ، اس قسم میں قیمتی پتّھر ، جیسے نیلم ، یاقوت ، لعل اور دیگر کُھرچنے یا تراشنے کے کام آنے والے پتّھر شامل ہیں ۔

coruscate, v.i. دمکنا ؛ جھمکنا ؛ روشنی دینا ؛ چمکنا ؛ جگمگانا ۔

coruscation, n. جھلملاہٹ ؛ بادلوں یا فضا میں یکایک روشنی کا جھمکنا ؛ چمک دمک ؛ جگمگاہٹ ؛ الہامی روشنی کا اچانک نزول ؛ نُورِذکاوت ؛ روشنئ ادراک ۔

coruscant, a. درخشندہ ؛ چمکیلا ؛ جگ مگ ۔

corvee, n. بیگار ؛ پہلے زمانے میں جاگیر دار کے حکم کی تعمیل میں بلااُجرت کام ، مثلاً سڑک کی مرمت وغیرہ ؛ مزدوری جو سرکاری محصول کے عوض کی جائے ۔

corvette, n. توپ بردار جہاز ؛ پہلے زمانے میں ہموار یا مسطّح عرشہ کی جنگی کشتی جس میں توپوں کی صرف ایک منزل ہوتی تھی ؛ جنگی جہاز جو تباہ کُن جنگی جہاز سے چھوٹا ہوتا ہے لیکن جس میں آبدوز شکن اور طیّارہ شکن توپیں نصب ہوتی ہیں ۔

corvine, a. غرابی ؛ زاغی ؛ کوّے کا یا کوّے جیسا ؛ اسی نام و جنس کا یا اس کے متعلّق ، پرندوں کی اس جنس میں عام کوّے ، پہاڑی کوّے اور یورپی پرندہ ''جے'' شامل ہیں ۔

Corvus, n. (فلکیات) جناح الغراب ؛ جنوب میں سنبلہ اور حیۃ البحر کے درمیان ایک چھوٹا مجمع الکواکب ؛ الخبا ۔

coryphaeus, n. سرطائفہ ؛ قدیم یونانی ڈرامہ میں کورَس یا گانے والوں کی منڈلی کا سربراہ ؛ کسی بھی کورَس یا گانے والوں کی منڈلی کا سربراہ ۔

coryphee, n. ممتاز بیلے رقّاصہ ؛ طائفے میں شامل رقّاصہ ؛ چھوٹے طائف کے رقص میں خاص رقص کرنے والی بیلے رقّاصہ ۔

coryza, n. (امراضیات) شدید زکام ؛ زکام ؛ جوفِ بینی (ناک) کی لعابدار جِھلّی کا شدید ورم ؛ سر کی سردی ؛ پالتو جانوروں کو ہونے والا سانس کی نالیوں کا مرض ؛ ریزش ۔

cos, n. دیکھیے : Romaine ۔

Cosa Nostra, n. کوسانوسترا ؛ امریکا میں مجرمانہ سرگرمیوں کی ایک خُفیہ تنظیم جو اٹلی اور سسلی میں جنم لینے والی مافیا سے متعلّق ہے ؛ خفیہ تنظیم مجرمان ۔

cosecant, n. (جیومیٹری) قاطع التمام ؛ زاویہ قائمہ کے مثلث میں قاعدے (خطِ بُنیاد) کے ۹۰ ڈگری سے کم زاویہ کا قاطع التمام وہ عدد ہے جو وتَر کو عمود سے تقسیم کر کے حاصل ہوتا ہے ؛ اسے جیب زاویہ سے ضرب دی جائے تو یہ ایک کے برابر ہوتا ہے ۔

coseismal, a. متساوی الزلزلہ ؛ خط یا منطقۂ مساوی الرجفہ کے متعلّق ؛ اُس خط یا قوس کے متعلّق جو زمین کی سطح پر ان نقطوں کو ملاتی ہے جن تک زلزلے کی لہر بیک وقت پہنچتی ہے ۔ (اسم) خط یا منطقہ مساوی الرجفہ ؛ متساوی الزلزلہ نقاط ۔

cosignatory, n. شریک دستخط کُنندہ ؛ نوٹ ، معاہدے یا کسی اور دستاویز پر دوسرے شخص کے ساتھ دستخط کرنے والا ؛ شریک دستخط ۔

cosine, n. (جیومیٹری) جیب التمام ؛ زاویہ قائمہ کے مثلث میں قاعدے (خط بُنیاد) کے ۹۰ ڈگری سے کم زاویہ کا جیب التمام وہ عدد ہے جو قاعدے کو وتر سے تقسیم کر کے حاصل ہو ؛ اسے خطِّ قاطع سے ضرب دیا جائے تو یہ ایک کے برابر ہو گا ؛ جیب مستوی ۔

cos lettuce, n. سلاد کاہو ؛ کاہو ؛ جس میں سلاد اور دیگر اقسام شامل ہیں ، اس کے پھنگل کھڑے بیضوی اور پتّے خستہ ہوتے ہیں ۔

cosmetic, a. حسن افروز ؛ خوبصورت بنانے والا ؛ خوبصورتی بڑھانے والا ، خصوصاً جلد کی خوبصورتی ؛ جمال افزا ؛ زیبائشی ۔ (اسم) غازہ ؛ پوڈر ؛ کوئی بھی چیز ، روغن یا غازہ ، جو جلد کو خوبصورت بنائے ، خصوصاً چہرے کی رنگت کو حسن و تازگی بخشے ؛ سنگار اور اس کے لوازمات ۔

cosmic, a. کائناتی ؛ کائنات کا یا اس کے متعلّق (جیسے : cosmic philosophy) ؛ کائنات کی خصوصیّت کا ؛ زمان و مکان میں بے حدوحساب پھیلا ہُوا ؛ وسیع ؛ مادّی کائنات کا جزوی ،

وسیع المشرب بنانا ۔

cosmopolite, n. بے تعصّب ؛ جہاندیدہ ؛ دنیا کا شہری یا وہ جو دنیا کے تمام خطّوں میں اپنائیت محسوس کرتا ہے ؛ وہ شخص جو مقامی یا قومی لگاؤ یا تعصّب سے آزاد ہو ؛ ایسا جانور یا پودا جو دنیا کے تقریباً تمام خطّوں میں پایا جائے ۔

cosmopolitism, n. کائناتیت ؛ عالمیت ؛ بردیسی پن ؛ وسیع المشربیت ۔

cosmos, n. کون ؛ کائنات ؛ کائنات بحثیت مجسم نظم و ہم آہنگی ؛ موجودات ؛ عالمِ ظاہر ؛ عالمِ مشہود ؛ نظام کائنات ؛ عالمِ کون و مکاں ۔ (نباتیات) جنس گُل ستاروی (Cosmos) کا ایک فصلی پودا جس میں شوخ رنگ کے خوبصورت پُھول لگتے ہیں ۔

Cosmos, n. کوسموس : سوویت رُوس کے بے مسافر مصنوعی خلائی سیاروں کے سلسلے کا عام نام ، ان مصنوعی سیّاروں کے مقاصد میں سے ایک یہ ہے کہ مسافر بردار خلائی پروازوں کے لیے سازوسامان کی آزمایش کی جائے ۔

Cossack, n. کاسک ؛ قازق : رُوس کے جنوبی یورپی خطّہ اور ملحقہ ایشیائی علاقوں میں آباد ایک قوم جو گُھڑ سواری کے لیے مشہور ہے ، زار شاہی کے دور میں یہ قوم مراعات یافتہ فوجی طبقہ سے تعلّق رکھتی تھی ۔

cosset, n. پالتو میمنا ، گوسفند یا بھیڑ یا کوئی اور پالتو جانور ؛ پیارا ؛ لاڈلا ۔

cosset, v.t. لاڈ پیار کرنا ۔

cost, n. لاگت ؛ قیمت ؛ مول ؛ دام ؛ کسی چیز کی ادا کی ہوئی یا وصول کردہ قیمت ؛ مصارف یا اخراجات جو وقت یا محنت صرف کرنے کے صلے میں کسی چیز کی تحصیل ، پیداوار ، تکمیل یا اِبقا کے لیے لازمی طور پر کیے جائیں ؛ کسی چیز کے لیے قربانی ، ایثار ، سزا یا جرمانے کا بھگتان یا برداشت ۔ (جمع ، قانون) مقدمہ یا کسی دیگر قانونی کارروائی کے مصارف ؛ خرچۂ عدالت جو اکثر جیتنے والے کو دلوایا جاتا ہے ؛ مصارف ۔

cost, v.t.v.i مول ہونا ؛ قیمت ہونا ؛ قیمت پڑنا ؛ رقم کی متذکرہ لاگت کا طالب ہونا ؛ سعی ، وقت اور محنت کے صرفہ کا طالب ہونا ؛ مخصوص قربانی ، نقصان یا سزا کا لازم ہونا ؛ پیداوار کی لاگت کا تخمینہ یا تعیّن ہونا ؛ نقصان ، سزا یا جرمانہ بھگتانا ؛ کسی چیز کی لاگت کا تخمینہ یا تعیّن کرنا ۔

costa, n. ضلع ؛ پسلی یا پسلی کی طرح کا حصّہ ، جیسے پتّے یا پتنگے کے پر کی اُبھری ہوئی نس ؛ اُبھری ہوئی لکیر یا پہاڑی ؛ رگ ؛ شاہ رگ ۔

costal, costate, a. پسلی کا ؛ جنبی ؛ ضِلعی ۔

cost accounting, n. لاگت شماری ؛ تخمینہ لاگت ؛ پیداواری/تجارتی ادارے کی پیداوار یا خدمات کے لیے درکار مال ، سامان ، مزدوری اور دیگر متفرق اخراجات (مصارف یا لاگت) کی باقاعدہ درجہ بندی ، تقسیم ، اندراج اور تجزیہ ۔

cost accountant, n. حسابدار لاگت ؛ لاگت شمار ؛ لاگت کا محاسب ۔

خصوصاً بیرون زمین حصّہ ؛ باترتیب ، منظّم یا ہم آہنگ ؛ کونی ۔

cosmical, a. کائناتی ۔ (فلکیات) طلوعِ آفتاب کے وقت واقع ہونے والا ، جیسے ستارے کا طلوع و غروب ؛ فلکی ؛ ہم وقت ؛ آفتاب ۔

cosmically, adv. کونیاتی ؛ کائنات کے اصول یا قانون سے ؛ فلکیاتی ۔

cosmic dust, n. کائناتی غُبار : باریک ذرّوں کی شکل کا مادّہ جو فضا میں موجود ہے اور زمین پر گرتا رہتا ہے ۔

cosmic noise, n. (فضائیات) کائناتی/کونی شور ؛ ساکن شور جو بیرونِ زمین مظاہرِ قُدرت (مثلاً سورج کے داغ) کے باعث ہوتا ہے ۔

cosmic ray, n. کونی شُعاع ؛ کائناتی شُعاع ؛ برقی مقناطیسی شعاع جس میں بہت زیادہ تعدّد کی انتہائی توانائی ہوتی ہے ، یہ شعاع بیرونی خلا سے آ کر زمینی کُرّۂ باد کے ذرّوں پر ضرب لگاتی ہے اور اس طرح وسطی سطح پیدا کرتی ہے اور اُن تمام رکاوٹوں سے گزر جاتی ہے جو دیگر تمام شعاع کاریوں کے لیے غیر نفوذ پذیر ہیں ۔

cosmogony, n. تکوینیات ؛ آفرینش کائنات یا تخلیق عالم ؛ تخلیق ؛ کائنات کے پیدا ہونے اور بننے کے متعلّق نظریہ ؛ نظریہ تخلیق ؛ تکوین ۔

cosmogonic, cosmogonical, a. آفرینشی ؛ تخلیقی ؛ تکوینی ۔

cosmogonist, n. ماہرِ تکوینیات ؛ ماہرِ مسئلہ آفرینش کائنات ۔

cosmography, n. تکوین نگاری ؛ احوال عالم ؛ علم جو آسمانوں اور زمین کی نقشہ کشی کرتا ہے اور اس طرح فلکیات ، جغرافیہ اور کبھی کبھی ارضیات بھی اس کے زُمرے میں آ جاتے ہیں ؛ کائنات کا بیان ؛ جہان نگاری ؛ کائنات نامہ ؛ کائنات نگاری ؛ بیانِ تکوین عالم ۔

Cosmoline, n. چربیلی تہ ؛ اسلحہ پر موٹی تہ کی حفاظتی چکنائی ۔ (تجارتی نشان)۔(چھوٹے c کے ساتھ) (فعل متعدی) اسلحہ پر چکنائی کی موٹی تہ جمانا ۔

cosmology, n. تکوینیات ؛ کونیات ؛ علم کائنات ؛ کائنات یا مادّی کائنات ، اس کے حصّوں ، عناصر اور قوانین کے بارے میں عام علم یا نظریہ ۔

cosmologist, n. عالمِ تکوینیات ؛ عالمِ کائنات یا مادّی کائنات کا عِلم رکھنے والا ؛ ماہرِ علمِ تکوینِ عالَم ۔

cosmopolis, n. شہرِ عالَم : ایسا شہر جس میں کئی علاقوں اور مُلکوں کے لوگ آباد ہوں ۔

cosmopolitan, a. بردیسی ؛ جگ دیسی ؛ دنیا کے شہری کے متعلّق یا دنیا کے شہری کی خصوصیت رکھنے والا ؛ دنیا کے تمام خطّوں سے تعلّق رکھنے والا ؛ عالمی ؛ مقامی یا قومی تعصّبات سے پاک ۔ (نباتیات ، حیوانیات) کرّۂ ارض میں وسیع پیمانے پر پھیلا ہوا ؛ ہمہ دیسی ؛ وسیع المشرب ؛ بے تعصّب ۔ (اسم) عالمی شہری ؛ بر دیسی ؛ دنیا کا شہری ؛ جگ دیسی فرد ؛ شہرِ عالَم کا باشندہ ۔

cosmopolitanism, n. بردیسی پن ؛ بردیسیت ؛ عالمیت ؛ وسیع المشربیت ۔

cosmopolitanize, v.t. عالمی کردار کا بنانا ؛

costard, n. سیب کلاں : انگلستان کا بڑا سیب جو ترکاری کی طرح پکایا جاتا ہے ۔

Costa Rican, a. کوسٹاریکی ؛ وسطی امریکا میں پاناما اور نکاراگوا کے درمیان واقع جمہوریہ کوسٹاریکا کے عوام اور ان کے تمدن کے متعلّق ۔ (اسم) کوسٹاریکن : کوسٹاریکا کا پیدائشی یا باشندہ ۔

cost effective, a. مؤثر بہ لاگت ؛ لاگت کی نسبت سے سُودمند ۔

coster monger, n. ؛ (برطانوی) خوانچہ فروش ؛ خوانچے والا ؛ پھیری والا ؛ پھیری لگا کر میوہ ، پھل ، سبزی یا مچھلی فروخت کرنے والا ؛ ریڑھی والا ۔

costive, a. قبض کی شکایت رکھنے والا ؛ مریض قبض ؛ یبوست آور ۔ (مجازاً) بخیل ؛ کنجوس ۔

costiveness, n. قبض ؛ امساک ؛ بخل ؛ کنجوسی ؛ اِنقباض ۔

costly, a. قیمتی ؛ زیادہ قیمت کا ؛ گراں بہا ؛ گراں مایہ ؛ بیش قیمت ؛ گراں قدر ؛ پُرتکلّف ؛ زیادہ اخراجات کا مکلّف ؛ اِسراف ؛ جس کے لیے بہت زیادہ قربانی کی ضرورت ہو ؛ زیاں آور ؛ گراں قیمت ؛ مہنگا ۔

costliness, n. بیش قیمتی ؛ گراں قدری ؛ گراں بہائیت ؛ مہنگائی ؛ گراں مانگی ۔

costmary, n. گُل حِنا ؛ قُسطِ مریم : ایک سدا بہار پودا ، بلسمی گُلِ داؤدی (Chrysanthemum balsamita) جس کے پتّے خوشبودار ہوتے ہیں ، اسے گملے میں لگاتے ہیں اور سلاد نیز خوشبودار مسالے کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں ۔

cost of living, n. مصارفِ زندگی ؛ خرچِ معاش ؛ اشیائے صرف و خدمات کی اوسط قیمت اور انفرادی یا خاندانی آمدنیوں کی قومی سطح کے درمیان نسبت یا تعلّق ۔

cost-of-living index, consumer price index, n. اشاریۂ مصارفِ زندگی؛وہ اشاریہ جو صارفوں کی خریدی ہوئی ۲۹۶ اشیائے ضروری کی میزانی اوسط قیمت بتاتا ہے تا کہ روپیہ کی قُوّتِ خرید میں تبدیلی کے پیش نظر اُجرتیں یا تنخواہیں مقرّر کی جا سکیں ۔

cost-plus, a. مُثبت لاگت ؛ پیداواری لاگت مع اضافی فیس یا طے شدہ منافع کا فی صد (جیسے : cost-plus contract) ؛ زائد لاگتی ۔

costrel, n. لٹکنی بوتل ؛ کُپی : چمڑے ، مٹی ، لکڑی کی بنی ہوئی پرانے زمانے کی بوتل (یا ڈھکن والا برتن) جو اکثر چپٹی شکل کی ہوتی تھی اور عموماً اس کے ایک طرف یا دونوں طرف کُندے ہوتے تھے تا کہ تسمہ یا فیتہ سے لٹکایا جا سکے ۔

costume, n. پوشاک : لباس کی وضع قطع (جس میں کسی قوم ، طبقہ یا زمانے کے ملبوسات ، زیورات اور بال بنانے کے انداز شامل ہوں) ؛ خاص مواقع اور موسموں کے لحاظ سے لباس کا فیشن (جیسے : court costume, winter costume) ؛ بھیس یا پوشاک جو کسی دُوسرے زمانے یا ملک سے متعلّق ہو ، جیسے وہ لباس جو کلاسیکی رقص یا ڈرامہ/اسٹیج کرنے کے لیے پہنا جائے ؛ اُوپر پہننے کے کپڑوں کا جوڑا ، خصوصاً عورت کا لباس ۔ (فعل متعدی) لباس یا پوشاک مہیّا کرنا ؛ مناسب جوڑا یا لباس فراہم کرنا ۔

Costumer, n, پوشاک ساز یا پوشاک فروش ؛ لباس کار ؛ لباس فروش ۔

cosy, cosey, a., n. شہ نشین ؛ آرام دِہ ؛ سکون بخش ؛ چین اور سُکھ سے بیٹھنے کی جگہ ؛ سُکھ چین سے بیٹھا ہُوا یا لیٹا ہُوا (شخص) ؛ ایک قسم کا شہ نشین یا رواق جو کمرے کے کونے میں بنا دیتے ہیں ۔ دیکھیے : Cozy ۔

cot, n. کھاٹ ؛ کھٹولی ؛ چارپائی ؛ چوکھٹے پر پھیلا کر لگائی ہوئی کینوس یا دری کی سفری پلنگڑی ؛ ہلکی کھاٹ ۔ (برطانوی) بچّے کا چھوٹا کھٹولا یا گہوارا ۔ (جہازرانی) کینوس کا جُھولا بستر ۔

cot, n. کُٹیا ؛ جھونپڑی ؛ چھوٹا مکان یا غریب خانہ ؛ سر چھپانے کے لیے چھپر ؛ چھتری ؛ باڑا ؛ اُسارا ؛ میان یا غلاف ؛ انگشت پوش ۔

cotangent, n. (جیومیٹری) مماس التمام : کسی زاویے یا قوس کے متمم کا مماس ؛ زاویۂ قائمہ والے مثلث میں زاویہ حادّہ سے ملحق ضلع اور اس زاویہ کے مقابل ضلع کے درمیان نسبت ؛ مماسِ تمام ۔

cote, n. ڈربا ؛ باڑا ؛ چھوٹے جانوروں کے رکھنے کے لیے چھپر ؛ بھیڑوں ، سؤروں کا باڑا ؛ مرغیوں کا ڈربا ؛ کبوتروں کی کابک ؛ سائبان ، اُسارا ؛ نوہرا ۔ (برطانوی بولی) کُٹیا یا چھوٹا مکان ۔

coteau, n. سطح مرتفع ؛ بلند زمین ؛ درمیانہ بلندی کی پہاڑی جو اوپر سے چپٹی اور چوڑی ہو ۔

coterie, n. حلقہ ؛ جتھا : چند دوستوں کا گروہ جن کو معاشرتی یا ادبی موضوعات پر تبادلہ خیال کے لیے یکجا ملاقات کی عادت ہو ؛ ٹولی ؛ عمائدین کا حلقہ ؛ منڈلی ؛ حلقہ ادبی ؛ ٹولہ ؛ بزم ؛ انجمن ۔

coterminous, a. دیکھیے : conterminous ۔

cothurnus, n. بلند ایڑی جُوتا ؛ کتھرنس : یونانیوں اور رومنوں کا اونچا جوتا ، خصوصاً قدیم یونان و روم میں المیہ ڈرامہ کے اداکار کا اونچا اور موٹے تلے کا جوتا جسے المیے کی علامت سمجھا جاتا تھا ؛ یونانی اور رومی المیہ ڈراموں کو کھیلنے کا اعلیٰ اسلوب ؛ پر شکوہ بیان ۔

cotidal, a. ہم مد ؛ متساوی المد ؛ تطابقِ مد کے متعلّق : اس خط کے متعلق جو ان مقامات کو دکھاتا ہے جہاں وقت واحد میں سمندر کا مدّ آئے ۔

cotillion, cotillon, n. کوٹِلین ؛ چوخانہ رقص کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ؛ امریکا میں ایک پیچیدہ رقص جس میں تفصیلی تصوراتی نمونے پیش کیے جاتے ہیں ؛ اس قسم کے رقص کی موسیقی ؛ امریکا میں ایک رسمی رقص جس میں نوآموز لڑکیوں کو پہلی بار متعارف کرایا جاتا ہے ۔

cotta, n. کوتاہ یا بلاآستین چوغہ : چھوٹی آستینوں کا یا آستینوں کے بغیر چھوٹا سفید جُبّہ جو خصوصاً گرجا کے سرودخواں اپنے لباسوں کے اوپر پہنتے ہیں ۔

cottage, n. جھونپڑی ؛ کُٹیا ؛ چھوٹا رہنے کا مکان یا غریب خانہ ؛ چھوٹا دیہاتی گھر یا الگ تھلگ نواحی مکان ؛ کسی ادارے ، مثلاً صحت افزا مقام یا اسپتال کے کئی الگ تھلگ مکانوں میں سے کوئی ایک : جھیل کے کنارے یا صحت افزا مقام پر عارضی

فرودگاہ ؛ گھر ؛ عارضی ٹھکانا ؛ جُھگی ۔

cottager, n. جھونپڑی نشین ؛ جھونپڑی کا رہنے والا ؛ کٹیا نشین ؛ جھگی باش ۔

cottage cheese, n. خانہ ساز پنیر ؛ بالائی نکلے ہوئے دودھ کے دہی سے بنایا ہوا نرم و سفید پنیر۔

cottage pudding, n. کاٹج پڈنگ ؛ خانہ ساز پڈنگ ؛ ثُقل جو میٹھی چٹنی لگے ہوئے کیک پر مشتمل ہوتا ہے۔

cotter, n. پھانہ ، پچر ، پانہ ، ڈاٹ ، گلّی یا ایسی ہی کوئی چیز جو کسی چیز کے سوراخ میں بٹھاتے یا ٹھونکتے ہیں تا کہ دو چیزیں جڑ جائیں یا جوڑ مضبوط ہو جائیں ۔

cotter, cottar, n. نگھرا مزدور ؛ کھیت مزدور : اسکاٹستان یا آئرستان کا مزارع جسے مزدوری کے عوض مقررہ میعاد کے لیے جھونپڑی اور زمین دے دی گئی ہو۔

cotter pin, n. کاٹرپن ؛ نیم دائرے کی شکل میں دھات کا لمبا پتلا ٹُکڑا جو دوہرا موڑ کر اور دونوں سرے کھلی حالت میں اُوپر کر کے (تا کہ پن اپنی جگہ پر رہے) کسنے یا جوڑنے کے کام آتا ہے۔

cotton, n. روئی ؛ کپاس ؛ سوت ؛ نرم اور سفید روئیں دار ریشے جو منطقۂ حارّہ میں پیدا ہونے والے جنسِ کپاس (Gossypium) کے فصلی پودے کے بیجوں سے حاصل کیے جاتے ہیں اور ان ریشوں سے تاگا اور کپڑا بنتا ہے ؛ کپاس کا پودا جس سے روئی حاصل ہوتی ہے ، مثلاً ''پہاڑی روئی'' (G. hirsutum) یا ''بحری جزیرے کی روئی'' (G.bar-badense) ؛ کپاس کے پودے مجموعی طور پر ، مثلاً کپاس کی کاشتِ کردہ فصل ؛ روئی کا بنا ہوا کپڑا یا تاگا ؛ کوئی بھی نرم اور روئیں دار مادّہ جو روئی سے مشابہ ہو ، مگر کپاس کے علاوہ کسی اور پودے سے حاصل ہوتا ہو ؛ پنبہ ؛ قطن ۔

cottony, a. قُطنی ؛ پنبئی ؛ روئی کا سا یا روئی کا ؛ روئی کی ہیئت کا یا روئی سے مشابہ ؛ روئی سے ملتے جُلتے روئیں سے ڈھکا ہوا ؛ روئی سے بُنا ہوا یا روئی کا بنا ہُوا ؛ پنبہ بافتہ یا پنبہ ساختہ ۔

cotton, v.i. (بول چال) بھائی چارہ کرنا ؛ متفق ہونا یا مل جانا ؛ ہم رائے ہونا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ کسی کا ہو رہنا ۔

cotton to, (عوامی) کسی شخص یا خیال کی طرف راغب ہونا یا کھنچنا ۔

cotton candy, n. قُطنی مٹھائی ؛ پنبہ مٹھائی ؛ بُڑھیا کا کاتا ؛ ایک مٹھائی ، جو شکر کی گاڑھی چاشنی پھینٹ کر تاروں کی شکل میں چھڑی پر لپٹی جاتی ہے یا کاغذی مخروطہ/تکون میں رکھّی جاتی ہے ۔

cotton gin, n. روئی پیل مشین : ایک مشین جو روئی کو بنولہ سے (روئی کے بیج سے) الگ کرتی ہے ، یہ مشین اِلی وھٹنی (Eli Whitney) نے اٹھارویں صدی عیسوی میں ایجاد کی تھی ؛ روئی اوٹ گرنی ۔

cotton grass, n. قطنی گھاس ؛ لمبی نرم گھاس : جنس صوف بردار (Eriophorum) سے تعلق رکھنے والے سینٹھا نُما پودوں میں سے کوئی ایک ، یہ پودے یا گھاس دلدلی علاقوں میں پیدا ہوتی ہے ، اس کے سینٹھے روئی کے ریشوں سے ملتے جُلتے ہیں ۔

cottonmouth, n. قُطنی ناگ ؛ پانی کا مارسیاہ ؛ پانی کا مُکاسن سانپ ۔

cotton-seed, n. بنولہ : روئی کا بیج جس سے تیل نکالا جاتا ہے ، یہ تیل روغنِ زیتون یا گھی کے نعم البدل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ پنبہ دانہ ۔

cotton stainer, n. پنبئی تیلا ؛ پنبہ داغ : ایک قسم کا کیڑا جو کپاس کے اُگتے ہوئے بیج کو نقصان پہنچاتا ہے اور اپنے انمٹ زرد یا سُرخ لعاب سے روئی کو داغدار کر دیتا ہے ؛ کپاس کی سُنڈی ؛ کپاس کا تیلا ۔

cottontail, n. پنبہ دُم خرگوش : جنس سلوی لاگس (Sylvilagus) کا عام شمالی امریکی خرگوش جس کی سفید دُم میں بکثرت روئی جیسے نرم بال ہوتے ہیں ۔

cottonweed, n. جگالی پودا ؛ کپاسی پودا : ایک قسم کا پودا جس کے ڈنٹھل اور پتّوں پر نرم و نفیس رُواں ہوتا ہے ۔

cotton-wood, n. چوبِ پنبہ : درخت حُور کی قسموں میں سے کوئی ایک جس کے بیجوں پر روئی کی طرح کے ریشے ہوتے ہیں ۔

cotton wool, n. قطن ؛ پنبہ : کچی روئی ، جیسی کہ برنڈے پر ہوتی ہے ، یہ روئی لباس میں تہ دینے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

cotyledon, n. (نباتیات) برگ تخم ؛ اکھوا ؛ بیج پتی جو بیج میں سے پھوٹتی ہے ؛ کن سُوا یا ایک روز کا پھوٹا ہوا تخم ؛ بیج پتّا ؛ بیج پتی ؛ فلقۂ جنین ۔

cotyledonal, cotyledonary, a. فلقی ؛ بیج پتیا ؛ اکھوے والا ، کن سوئیا ۔

couch, v.t. لٹانا ؛ نیچے رکھنا (سُلانے کے لیے) ؛ حملہ کرنے کی صورت میں اسلحہ جُھکانا ؛ تولنا (برچھی وغیرہ کا) ؛ الفاظ میں (خیالات کو) ادا کرنا (جیسے : He couched his criticism in formal language) ۔ (فعل لازم) لیٹنا (بستر یا آرام کرنے کی جگہ پر) ؛ جُھکنا ؛ بدن جھکانا ؛ کمین گاہ میں گھات لگانا ۔

couch, n. کوچ ؛ گدے دار صوفا جو کم از کم دو اشخاص کے بیٹھنے اور ایک کے لیٹنے کے لیے کافی ہو ؛ درندے کی کچھار ؛ اُود بلاؤ کا بھٹ یا بِل ۔

couchant, a. اُکڑوں ؛ سگ نشست ۔

couch grass, n. بید گیاہ ؛ دُوب ؛ گھاس کی مختلف قسموں میں سے کوئی ایک ، خصوصاً ایگروپائیرون ریپنس (Ag-ropyron repens) جو تکلیف دہ ہوتی ہے ، کیونکہ اس کی جڑیں تیزی سے بیل کی طرح پھیلتی ہیں ۔

cougar, catamount, mountain lion, panther, puma, n. اسد کوہ ؛ پُوما ؛ امریکی تیندوا ؛ بلّی کے خاندان کا چوپایہ ، امریکی مُلکوں کا سب سے زیادہ خطرناک درندہ ۔

cough, n. کھانسی ؛ کھنکار ؛ کھرا ؛ یکا یک اونچی آواز کے ساتھ ہوا کا پھیپھڑوں سے نکاس ؛ ایک بیماری جس میں یہ حالت ہوتی ہے ؛ سُرفہ ؛ سعال ۔ (فعل لازم) کھانسنا ؛ کھنکارنا ؛ کھوں کھوں کرنا ؛ سعال میں مبتلا ہونا ۔ (فعل متعدی) کھانس کر پھیپھڑوں سے ہوا باہر نکالنا ۔

cough up, (عوامی) رقم حوالے کرنا ۔

could, سکا ؛ ''can'' کا ماضی ۔

couldn't نہ سکا ؛ ''could not'' کا مرخّم ۔

coulee, n. بن گھاٹی ؛ آتش فشانی لاوے کا نالا ؛

counselor, (Brit.) counsellor, n. مشیرِ قانونی ؛ صلاح کار ؛ مشیر ؛ کوئی بھی شخص جو مشورہ یا صلاح دے ؛ وہ شخص جس کا پیشہ قانونی مشورہ دینا یا عدالت میں مقدمات کی پیروی کرنا ہو ؛ قانونی مشیر یا وکیل ۔ (برطانوی) بیرسٹر ؛ بچّوں کے سمر کیمپ (موسم گرما میں تفریحی یا تربیتی کیمپ) کا نگران ؛ رکن مجلس یا جلسہ ۔

counselorship, (Brit.), counsellorship, n. صلاح کاری ؛ مشیر یا صلاح کار کا عہدہ اور فرائض ؛ مشاورت ۔

count, n. کاؤنٹ ؛ نواب ؛ یوروپی ملکوں میں شاہی نظام کے مراتب اشرافیہ کا ایک رتبہ جس سے منسلک کوئی لقب یا خطاب بھی ہوتا تھا ؛ بعض یورپی ملکوں میں اشرافیہ کا ایک لقب جو انگلستان کے ''ارل'' کا مترادف ہے ۔

count, n. شُمار ؛ گنتی ؛ حساب ؛ گننے کا عمل ؛ میزان ؛ حساب کے نتیجے میں حاصل شُدہ عدد ؛ پٹّی کا حساب ؛ حاصل جمع ؛ میزان یا کُل تعداد ؛ حِساب کتاب ؛ لحاظ ، واسطہ یا خیال ۔ (قانون) قرار داد جُرم کی فرد میں خاص یا بڑا الزام ۔ (مُکّے بازی) دس سیکنڈ (دقیقے) کا وقفہ یا مُہلت جو ریفری (منصِف) دس تک گن کر گرے ہوئے مکے باز کو دیتا ہے کہ وہ دوبارہ مقابلے کے لیے سنبھل جائے ورنہ شکست تصوّر ہو گی ۔

count, v.t.v.i گننا ؛ شمار کرنا ؛ آگے بڑھتی ہوئی ترتیب میں وحدت وار یا گروہ وار شُمار کرنا ؛ کل میزان تک پہنچنے کے لیے وحدتوں یا گروہوں کو یکے بعد دیگرے نام لے کر گننا ؛ حساب ملانا یا پٹّی کا حساب کرنا ؛ حساب کتاب کرنا ؛ گنتی گننا ؛ فہرست یا فرد میں مندرجہ اشیا کو گن کر مِلانا یا چیک کرنا ؛ بچارنا ؛ لحاظ یا خیال کرنا ؛ تخمینہ یا اندازہ لگانا. ترتیب سے گروہ وار اعداد کی نشاندہی کرنا ؛ گروہ میں وحدتوں (افراد) کا شُمار کرنا ؛ جمع کرنا ، جوڑنا یا میزان کرنا ؛ قابلِ قدر یا اہم ہونا ؛ خیال میں لانا یا بچارنا ۔

countable, a. شُمار پذیر ؛ شمار کے قابل ؛ اہم ۔

countdown, n. الٹی گنتی ؛ شُمارِ معکوس : میزائل یا خلائی راکٹ کو چھوڑنے سے پہلے یا کسی آتش گیر چیز کو فلیتہ دکھانے یا چلانے سے قبل ، دقیقوں (سیکنڈوں) کی مقررّہ وقت یا صفر لمحے تک (پیچھے کی طرف) اُلٹی گنتی ۔

countenance, n. چہرہ بُشرہ ؛ صورت ؛ شکل ؛ حلیہ ؛ چہرے کی پوری ہیئت ؛ مجموعی خدوخال ؛ شکل و صورت ؛ چہرے کا ظاہری انداز ؛ کسی کی طرفداری ؛ اجازت ؛ خیر سگالی ؛ حمایت ۔

countenance, v.t. اجازت دینا ؛ منظوری دینا ؛ جائز رکھنا ؛ برداشت کرنا ؛ طرفداری کرنا ؛ ہمّت دلانا ؛ مدد دینا ؛ حمایت کرنا ؛ پشت پناہی کرنا ۔

counter, n. تھڑا ؛ پیش تختہ ؛ کاؤنٹر : میز یا تختہ جس پر رقم گِنی جائے ، سودے طے ہوں یا فروخت کے سامان/اشیا کو ملاحظے کے لیے رکھا جائے ؛ ریستوران میں کھانا چُنی ہوئی میز سے خود کھانا لینے کی جگہ جس کے ایک طرف نشست کا انتظام ہوتا ہے ؛ مطبخ یا باورچی خانے میں کام کرنے کی بڑی جگہ جو طعام کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے ؛ کوئی بھی چیز جو حساب رکھنے کے لیے استعمال کی جائے ، جیسے جوئے کے کھیل میں دھات ، ہاتھی دانت ، لکڑی یا کسی اور چیز کا ٹُکڑا یا گٹّا ؛ نقلی سِکّہ ؛ کھوٹا سِکّہ ؛ بساط ۔

counter, n. شُمار کُنندہ ؛ گننے والا : کسی چیز کے چکرّوں

مغربی امریکا میں عموماً خشک ندی یا گھاٹی جس کا رستہ بہتے پانی نے بنایا ہو ۔

coulisse, n. لکڑی کا نال دار ٹکڑا جس میں سے کوئی چیز پھسل سکے ، لیک یا چُول جس پر کواڑ اِدھر اُدھر پھسلایا/ہٹایا جا سکتا ہے اور جو چوکھٹ یا سِروں پر بنی ہوتی ہے ؛ تھیٹر یا تماشے میں ضمنی یا گوشہ منظر ۔

couloir, n. پن کٹاؤ ؛ پہاڑ میں (اُوپر سے نیچے تک) ڈھلوان کٹاؤ ؛ تنگ گھاٹی یا نالی ۔

coulomb, n. [فرانسیسی ماہر طبیعیات ، سی ۔ اے کولوم ، ۱۷۳۶ـ۱۸۰۶ء کے نام پر] کولوم ؛ رطلِ برق یا بجلی کی مقدار جو ایک ایمپیئر برقی رو ایک سیکنڈ میں منتقل کرتی ہے ۔

coulter, n. دیکھیے :Colter

coumarin, cumarin, n. جوہرِٹونکا پھلی : ایک سفید اور شفاف مادّہ جو ونیلا کی طرح خوشبو دیتا ہے اور ٹونکا کی پھلی نیز بعض دوسرے پودوں سے حاصل ہوتا ہے ، مصنوعی بھی بنایا جاتا ہے اور خوشبو یا عطریات کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

coumarone, n. کومرن : ایک بے رنگ رقیق مرکّب جو تارکول نفت سے نکالا جاتا ہے اور کومارون رال بنانے کے کام آتا ہے ، یہ رال چھاپے کی روشنائی ، چپکانے کی اشیا اور پائپ تیل بنانے کے کام آتی ہے ۔

council, n. مؤتمر ؛ مجلس ؛ جماعت ؛ انجمن ؛ کونسل ؛ مجلس شوریٰ جو مشورت ، غوروفکر اور صلاح کے لیے بلائی گئی ہو ؛ جماعت جو مشورے ، انتظامی امور یا قانون سازی کے لیے منتخب یا مقرّر کی گئی ہو ؛ ایسے اشخاص کی مجلسِ عاملہ جو عہدے ، اختیار اور اقتدار میں ایک دوسرے کے برابر ہوں ؛ تنظیموں کی وفاقی جماعت ؛ ایسے وفاق کی مجلسِ حاکمہ ؛ کسی بڑی جماعت کی مقامی شاخ ؛ دیوان ؛ انجیل میں مجلس یہود ؛ مذہبی مجلس ؛ شوریٰ ؛ ایوان ۔

councillor, councilor, n. کونسلر ؛ رکن شوریٰ ؛ کونسل یا مجلس کا رکن ۔

councilman, n. رکنِ کونسل ؛ رکنِ شوریٰ ؛ کونسل یا مجلس کا رکن ۔

councillorship, n. مجلس کی رکنیت ؛ شوریٰ کی رکنیت ۔

counsel, n. مشورہ ؛ صلاح ؛ اطلاع یا رائے جو کسی کو فیصلہ کرنے میں مدد کے لیے دی جائے ؛ مستقبل کے لائحہ عمل کے لیے صلاح مشورہ یا غوروفکر ؛ سوچا سمجھا مقصد یا منصوبہ ؛ خفیہ تجاویز یا مقاصد (جیسے : to keep one's counsel) ۔ (قانون) عدالت میں مقدمہ کی پیروی کے لیے مقرر کیا گیا وکیل ؛ پیروکار ؛ وکیل جو قانونی معاملات میں بطور مشیر مقرر کیا گیا ہو ؛ مشیر قانونی ؛ مستشار ؛ مندوب ۔

counsel, v.t. مشورہ دینا ؛ سوچ سمجھ کر رائے دینا ؛ صلاح دینا ؛ ترغیب دینا ، تنبیہ کرنا ، خطرات سے آگاہ کرنا یا ہدایت کرنا ؛ سمجھانا ؛ سفارش کرنا ۔

counseling, (Brit.) counselling, n. مشورت ؛ پیشہ ورانہ مشورہ یا رائے دینے کا عمل یا طریق کار (جیسے : She asked the Dean of Women for counseling) ؛ صلاح کاری ، خصوصاً کسی فرد کی رہنمائی کے لیے پیشہ ورانہ نفسیاتی طریقوں کا استعمال ۔

یا دوسری قسم کی حرکات کا شمار رکھنے کے لیے ایک آلہ ؛ ایک ترکیب جس سے ایک خاص نلی میں گیس کی روانیت (رواں سازی) کے ذریعے تابکاری ناپی جاتی ہے جیسے گیگر پیما (Geiger counter) سے ؛ شمارندہ ؛ شمار نُما ۔

counter, adv. مخالف سمت میں ؛ مخالفت میں ؛ خلاف ؛ مخالفانہ ؛ تضاد میں ؛ بالمقابل ؛ بالعکس ؛ توڑ ۔ (صفت) جوابی ؛ مخالف ؛ برعکس ؛ متضاد ؛ حریف ؛ مقابل ؛ جوڑ کا ؛ رُکاوٹی ؛ مثنیٰ یا ثانی ۔ (فعل متعدی) مخالفت کرنا ؛ مقابلہ کرنا یا رد کرنا ؛ (مخالف کی) چال یا تدبیر اُلٹی کرنا ؛ دوسرے کی چال یا چوٹ کا جواب دینا ؛ چال کا توڑ کرنا ۔ (فعل لازم) مخالفانہ چال چلنا ؛ مُکّے بازی میں وار روکتے ہوئے وار کرنا ۔

counter, n. وہ چیز جو کسی دوسری چیز کے خلاف ، برعکس یا متضاد ہو ؛ کشتی یا جہاز کے دنبالے یا سرے کا وہ حصّہ جو خطِ آب سے آگے نکلے ہوئے اُوپری حصّے تک ہوتا ہے ؛ جہاز کی کُہنی یا گودنا جو پانی سے اُوپر ابھرا رہتا ہے ؛ جوتے یا بُوٹ کے پچھلے حصّے میں ایڑی سے اُوپر سخت چمڑا جو کونچ کو ڈھانکتا ہے ؛ شمشیر زنی میں گول پینترا بدل کر وار کا رَدّ ؛ دوسرے کا وار کھاتے ہوئے یا خالی دیتے ہوئے وار ، جیسا کہ مُکّے بازی میں کرتے ہیں ۔ (موسیقی) راگ میں خاص آواز سے مختلف آواز کا جوڑ ، (جیسے : the counter-tenor) — توڑ کرنا ؛ مخالف کام کرنا ؛ روکنا

counteract, v.t. یا رکاوٹ پیدا کرنا ؛ شکست دینا یا مخالفانہ عمل سے توڑ کرنا ؛ مزاحمت ، سدباب ، دفاع یا روک تھام کرنا ؛ کاٹ کرنا ؛ دفعیہ کرنا ؛ (دوا یا مخالف عمل سے) اثر کم کرنا ؛ نرمانا ؛ معتدل کرنا ؛ دفع کرنا ۔

counteraction, n. مزاحمت ؛ رُکاوٹ ؛ دفعیہ ؛ توڑ ؛ کاٹ ؛ مخالفانہ عمل ؛ معاوضہ ؛ فعلِ مقابل ؛ مخالف عمل ؛ دعویٰ عکسی ؛ جوابی کارروائی ؛ دعویٰ متقابل ۔

counteractive, a. مائل بہ مزاحمت ؛ دافع ؛ مزاحم ؛ عوضی ؛ مخالف ۔

counteractor, n. دافع ؛ دفعیہ یا توڑ کرنے والا ؛ مخالفت یا مزاحمت کرنے والا ، مزاحم ۔

counterattack, n. جوابی حملہ ؛ دشمن کے حملے کا توڑ کرنے کے لیے حملہ ۔ (فعل متعدی و لازم) دشمن کے حملے کا اثر کم کرنے کے لیے یا بطور جوابی اقدام حملہ کرنا ؛ جوابی حملہ کرنا ۔

counterattraction, n. جوابی کشش ؛ مخالف خصوصیت کی کشش ؛ رقیبانہ ، مخالفانہ یا مسابقانہ کشش ؛ ترغیب مخالف ؛ تجاذُب ؛ کشاکش ۔

counterbalance, v.t., v.i. دھڑا رکھنا ؛ مقابل میں برابر کا وزن رکھنا ؛ توڑ کرنا ؛ کاٹ کرنا ؛ برابر کی طاقت یا اثر سے مخالفت کرنا ؛ دھڑا کرنا ؛ وزن کرنا ؛ تولنا ؛ تعدیل کرنا ۔ (اسم) باہمی توازن ؛ وزن مقابل ؛ توازن ؛ دھڑا ؛ مخالفت میں مساوی وزن ، طاقت یا وسیلہ ؛ متوازن یا ہم وزن ؛ تعدیل ؛ عدل ۔

counterbore, v.t. اتنا لمبا اسطوانی سوراخ کرنا کہ اس میں پیچ کا سِرا سما جائے ؛ کسی چیز میں پیچ ٹھونکنے کے لیے سوراخ یا گھر کرنا ۔

counterbore, n. سوراخ کی وُسعت ؛ سوراخ کرنے کا آلہ ۔

counterbrace, n. (انجینیرئ) وہ تسمہ جو بڑے/خاص تسمہ سے تناؤ یا زور کی منتقلی یا ترسیل مخالف سمت میں کرتا ہے ۔ (فعل متعدی) مخالف سمتوں میں منتقل کرنا یا باندھنا ۔

counterchange, v.t. ادل بدل کرنا ؛ مبادلہ کرنا ؛ مقامات یا خصوصیات کا تبادلہ کرنا ؛ باری بدلنا ؛ متنوع کرنا ۔ (اسم) ادلا بدلی ؛ تبادلہ ؛ مبادلہ ؛ ادّل بدل ۔

countercharge, v.t. جوابی الزام لگانا ؛ مدعی کے خلاف الٹی یا جوابی نالش کرنا ؛ جوابی حملہ کرنا ۔

counter charge, n. جوابی الزام ؛ اُلٹی نالش ؛ جوابی حملہ ۔

counter check, n. کاونٹر چیک ؛ بساط چیک : خالی چیک جو بنک کی طرف سے رقم نکالنے یا کھاتے میں جمع کرنے کے لیے دیا جائے ۔

countercheck, v.t. باز پڑتال کرنا ؛ مخالفانہ عمل سے یا کوئی رکاوٹ پیدا کر کے روکنا ؛ دوبارہ پڑتال کر کے تصدیق کرنا ۔ (اسم) باز پڑتال ؛ انسدادی عمل ؛ توڑ ؛ روک ؛ پڑتال جو پہلی پڑتال کی تصدیق کرے ؛ ترکی بہ ترکی جواب ۔

counterclaim, n. جوابی دعویٰ ؛ مدعا علیہ کی نالش ؛ معاوضہ ؛ باز مطالبہ ؛ باز دعوی ؛ مطالبۂ متقابل ۔ (فعل متعدی و لازم) جوابی دعویٰ دائر کرنا ؛ جوابی نالش کرنا ۔

counterclaimant, n. جوابی دعوی دائر کرنے والا ؛ جوابی مدعی ؛ باز مدعی ۔

counterclockwise, adv., a. ضد ساعت وار ؛ گھڑی کی سوئی کی حرکت کے برعکس ؛ دائیں سے بائیں ؛ ضدِّ ساعتی ۔

counter conditioning, n. باز تشریط : کسی ناپسندیدہ عادت کو پسندیدہ میں تبدیل کرنے کا عمل ۔

counter culture, n. برعکس ثقافت ؛ جوابی ثقافت ؛ کسی زمانے اور مقام کی ثقافت کے منافی رسوم ۔

counterespionage, n. جوابی جاسوسی : وہ اقدام جو کسی قوم کا سراغرساں ادارہ دشمن کی جاسوسی کارروائیوں کا سُراغ لگانے اور توڑ کرنے کے لیے کرتا ہے ۔

counterfeit, a. نقلی ؛ بناوٹی ؛ جعلی ؛ مصنوعی ؛ تلبیس ؛ایسی نقل کہ جس پر اصل کا گمان ہو ۔ (اسم) اصل کی نقل ؛ جعلی چیز ؛ جعلی سکہ؛ شے ملتبس ؛ شے قلبی ؛ تلبیسی چیز ۔ (فعل متعدّی و لازم) نقل کرنا یا نقلی بنانا (دھوکا دینے کے ارادے سے) ؛ جعلی (دستاویز وغیرہ) بنانا ؛ جعل سازی کرنا ؛ حیلہ کرنا ؛ بناوٹ سے یا جھوٹ موٹ ظاہر کرنا ؛ بناوٹی جذبے کا اظہار کرنا ؛ بہروپ بھرنا ؛ ملتبس کرنا ؛ تلبیس کرنا؛ بناوٹی ، نقلی یا جعلی بنانا (مثلاً سکّہ یا کرنسی نوٹ) ؛ گھڑنا یا ایک بات کو کسی دوسری بات کے پردے میں چھپانا ۔

counterfeiter, n. جعل ساز ؛ دھوکے باز ؛ بہروپیا ؛ تلبیس کُنندہ ؛ ملتبِس ۔

counterfoil, n. نصف ثانی یا مثنیٰ ؛ چیک ، منی آرڈر ، رسید ، بہی ، حساب کی کتاب یا ایسی ہی کسی دستاویز کا وہ حصہ جو اصل کی ہو بہو نقل ہو اور جسے دینے والا اپنے پاس بطور ثبوت رکارڈ میں رکھے ۔

counterglow, gegenschein, n. (فلکیات)ضوءِ عکسی : نہایت ہلکی روشنی کا ٹُکڑا جو آسمان میں گہن (کسُوف) کے نزدیک سورج کے ٹھیک سامنے دکھائی دیتا ہے ۔

counterintelligence, n. جوابی استخبار : دشمن مُلک کے سراغرسانوں

اور تخریب کاروں کی کارروائی اور منصوبوں کا پتا لگانے اور ان کا توڑ کرنے کی کارروائی ؛ جوابی جاسوسی ۔

counterirritant, n. (طِب) خدش مقابل : وہ دوا جو جسم کے ایک حصّے میں سوزش ، درد یا ورم کا توڑ کرنے کے لیے دوسرے حصّے میں ویسی ہی علامات پیدا کرے ؛ خراش آور ؛ محمرہ ۔

countermand, v.t. منسوخ یا رد کرنا (پہلے دیے گئے حکم کا) ؛ پہلے حکم کے برعکس حکم یا ہدایت دینا اور اس طرح پہلے حکم کو کالعدم قرار دینا ؛ واپس بُلوانا یا لوٹانا ؛ واپس لینا یا منسوخ کر دینا ؛ واپس بُلوانا ۔ (اسم) منسوخی ؛ استرداد ؛ تنسیخی حکم ؛ تنسیخ ۔

countermarch, v.i. مخالف سمت میں کوچ کرنا ؛ واپس روانہ ہونا یا لوٹنا ۔ (فعل متعدی) واپس روانہ کرنا یا لوٹانا ۔

countermarch, n. بازکُوچ : فوجی قواعد کا ایک طریقہ جس کے تحت معین رفتار سے چلتے ہوئے سپاہی قطار توڑے بغیر سمت بدل لیتے ہیں ۔ (مجازاً) احکام ، اقدام یا کردار کی مُکمّل کایا پلٹ ۔

countermeasure, n. جوابی تدبیر : کسی کارروائی یا تدبیر کے خلاف جوابی عمل یا توڑ ۔

countermine, n. (عسکری) چور سُرنگ ؛ جوابی یا چور سُرنگ جو دُشمن کی سُرنگیں بیکار کرنے یا ان کا توڑ کرنے کے مقصد سے بنائی جائے ؛ جوڑ کا توڑ ؛ سُرنگ درِ سُرنگ ۔ (فعل لازم) جوابی سرنگیں بنانا یا بچھانا ۔ (فعل متعدی) جوابی سُرنگ کے ذریعے مقابلہ کرنا یا شکست دینا ؛ جوڑ کا توڑ کرنا ؛ سُرنگ در سُرنگ بنانا ؛ چور سُرنگ سے توڑ کرنا ۔

counteroffensive, n. (عسکری) جوابی اقدام ؛ جوابی حملہ ؛ دشمن کی حملہ آور فوج کا مقابلہ کرنے کے لیے بڑی فوجی کارروائی ۔

counterpane, n. پلنگ پوش ؛ بستر کی چادر ؛ رضائی ؛ کھیس ؛ دُلائی ۔

counterpart, n. نقل ؛ نصف ثانی ؛ مثنیٰ ؛ جوڑ ؛ وہ چیز جو دوسری چیز سے مناسبت رکھتی ہو ، اس کا تکمیلی جُز ہو یا اس کی کمی کو پورا کرتی ہو ؛ وہ شخص یا چیز جو دوسرے شخص یا چیز سے بہت زیادہ مشابہ یا اس کا جواب ہو ؛ وہ شخص جو عہدے ، اختیار یا ذمہ داری کے لحاظ سے دوسرے شخص جیسا ہو ؛ جواب ؛ مماثل ؛ دستاویز ؛ متقابل شے ۔

counterplot, v.t., v.i. جوابی منصوبے یا تدبیر سے دشمن کی سازش/چال کی مخالفت کرنا یا اسے ناکام بنانا ؛ توڑ کرنا ؛ سازش روکنا یا نہ چلنے دینا ؛ جوابی سازش کرنا ؛ جوڑ کا توڑ کرنا ۔ (اسم) جوابی سازش یا چال ؛ جوڑ کا توڑ ؛ منصوبہ یا تدبیر جو دشمن کی سازش کو ناکام بنانے کے لیے ہو ۔ (ادب) ادب پارے میں ثانوی پلاٹ جس میں تضاد یا تنوع پیدا کر کے خاص پلاٹ کو آگے بڑھایا جائے ؛ سازش کا جواب سازش ؛ جوابی چال ۔

counterpoint, n. (موسیقی) امدادی نغمہ؛ کسی راگ میں کسی دوسرے راگ کا جوڑ یا آواز کا اضافہ ؛ راگ میں مسلمّہ اصولوں کے مطابق دوسرے راگوں یا راگنیوں کے اجزا شامل کرنے کا ہُنر ؛ کثیر الاصواتی یا کئی سازوں کا نغمہ ترتیب دینے کا فن ؛ طباق ؛ لحن بندی ۔

counterpoise, n. دھڑا ؛ پاسنگ ؛ توازن ؛ متوازن بنانے والا وزن ؛ توازن قائم کرنے والا پاسنگ ؛ مقابلہ کی کوئی بھی مساوی طاقت یا قُوّت ؛ متوازن ہونے کی حالت ۔ (فعل متعدی) مقابل کے وزن سے متوازن بنانا ؛ دھڑا کرنا ؛ مقابلہ کی طاقت سے توڑ کرنا ؛ توازن قائم کرنا ؛ ایک چیز کو دوسرے کے مقابلہ میں تولنا ؛ برابر کرنا ؛ کمی پوری کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ پاسنگ رکھنا ۔

counterpose, v.t. مقابل یا سامنے رکھنا ؛ مخالف مقام پر رکھنا ؛ مخالفانہ صورت حال سے دوچار کرنا ۔

counterproposal, n. جوابی تجویز : وہ تجویز جو کسی تجویز کی بجائے یا اس کے نعم البدل کے طور پر غور کے لیے پیش کی جائے ۔

counterpunch, n. جوابی ضرب ؛ جوابی مُکّہ ؛ جوابی چوٹ ؛ فوری دیا جانے والا جوابی مُکّہ یا ضرب جیسے باکسنگ میں ۔

counterrevolution, n. جوابی انقلاب : انقلاب کا توڑ کرنے اور پُرانا نظام بحال کرنے کے لیے انقلاب آوری ۔

countershaft, n. مثنیٰ دُھرّا ؛ درمیانی دُھرّا جو خاص دُھرّے سے جڑی ہوئی پٹّی کے ذریعے گھومتا ہو ؛ سیخ گرداں ۔

countersign, n. خُفیہ اشارہ ؛ اشارہ جو کسی دوسرے اشارے کے جواب میں استعمال کیا جائے ؛ خفیہ لفظ ، فقرہ یا عدد جو گزرنے کے لیے سپاہی کو ضرور بتانا پڑتا ہے ؛ پرول ، مخصوص لفظ جس سے فوجی پہرے دار دوست دشمن میں تمیز کر سکیں ؛ کسی چیز پر پڑا ہوا کوئی نشان یا مارکہ جس سے اس کی شناخت یا پہچان ہو سکے ؛ کسی دستخط کے ساتھ اور کیے ہوئے دستخط جو بغرض تصدیق ہوں جیسے اضافی یا توثیقی دستخط ۔

countersign, v.t. توثیقی دستخط کرنا ؛ کسی دستخط کے مقابل یا دوسرے دستخط میں اضافے کے طور دستخط کرنا ؛ کسی کے دستخط شُدہ کاغذ پر بطورِ تصدیق اپنے دستخط بھی ثبت کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ منظوری دینا ۔

counter-signature, n. تصدیقی یا توثیقی دستخط ؛ اضافی دستخط ۔

countersink, v.t. گھر یا سوراخ بنانا (لکڑی یا کسی اور چیز میں) تا کہ اس میں پیچ یا کھٹکا بٹھایا جا سکے ؛ گھر بنا کر کھٹکے یا پیچ کو سطح کے نیچے یا برابر بٹھانا ؛ پیچ بٹھانے یا ٹھونکنے کے لیے گھر یا سوراخ کرنا ۔

countersink, n. گھر یا سوراخ ؛ جوف ، پیچ یا کھٹکا بٹھانے کے لیے گھر یا سوراخ ؛ پیچ بٹھانے کے لیے بنایا ہوا جوف ۔

counterspy, n. باز جاسوس ؛ دشمن ملک کے تخریب کاروں یا جاسوسی کارروائیوں کا مخبر ۔

countervail, v.t. برابر کی طاقت یا اثر سے توڑ کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ جوڑ کا توڑ کرنا ۔

counterweigh, v.t. پاسنگ کرنا ؛ مخالف پلڑے میں وزن رکھ کر توازن کو درست کرنا ۔

counterweight, n. متقابل تول ؛ مخالف پلڑے میں وزن ؛ وزنِ مقابل ؛ پاسنگ ۔

counterword, n. وہ لفظ جو عام محاورے اور استعمال میں اصل معنی کی تخصیص کھو کر وسعت اختیار کر گیا ہو (جیسے : great, grand , awful , swell) ۔

countess, n. کاؤنٹیس : کاؤنٹ کی بیوی یا بیوہ (براعظم یورپ کے ملکوں میں) لیکن برطانیہ میں اَرل کی بیوی یا بیوہ؛ وہ عورت جسے کاؤنٹ یا ارل کا رتبہ یا خطاب دیا گیا ہو۔

counting house, n. حساب گھر ؛ شعبہ حساب۔(خصوصاً برطانوی) وہ عمارت یا دفتر جہاں حساب کتاب کیا جاتا ہو جیسے کسی تجارتی یا صنعتی ادارہ میں کوئی مخصوص جگہ۔

counting room, n. شمار کمرہ ؛ حساب کمرہ ؛ وہ کمرہ جہاں حساب کتاب یا گنتی کی جاتی ہو۔

countless, a. لاتعداد ؛ جس کا شمار نہ کیا جا سکے ؛ بے حساب ؛ بے گنتی ؛ بے شمار ؛ اَن گِنت ؛ بے حدّوحساب۔

countnoun, n. اسم جمع ؛ عددی اسم ؛ وہ اسم جو بجائے خود جمع ہو اور عددی صفات کے طور پر استعمال کیا جائے (جیسے :many یا few) ؛ اس کے برعکس کمیّتی اسم ہے جو واحد رہتا ہے (جیسے : happiness یا air)۔

countrify, v.t. دیہی بنانا ؛ دیہات یا دیہاتی زندگی کی خصوصیات دینا ؛ دہقانی یا گنوار بنانا۔

countrified, a. دیہاتی طرز ؛ دہقانی ؛ گنوارو۔

country, n. مُلک ؛ مملکت ؛ وطن ؛ خطہ ؛ سرزمین ؛ جغرافیائی یا سیاسی سرحدوں سے قطع نظر غیر محدود وسعت کا خطّہ زمین ؛ علاقہ ؛ ضلع ؛ زمین بحوالہ خصوصیات یا طبعی خدوخال ؛ کسی قوم کا علاقہ ؛ نام ، نسل اور زبان کے لحاظ سے ممتاز ریاست ؛ کسی کی جنم بُھومی یا شہریت کا مُلک یا وطن؛ شہروں اور قصبوں کے برعکس دیہاتی اضلاع ؛ مفصلات ؛ دیہات ؛ کسی ضلعے ، ریاست یا قوم کے لوگ ؛ عوام النـاس ؛ رائے دہنـدگان بحیثیت مجموعی ؛ مقامِ پیدایش ؛ باشندے ؛ جنم بُھوم ؛ جائے پیدایش ؛ دیس ؛ کِشوَر ؛ ولایت ؛ اقلیم ؛ بیرون جات ؛ اطراف ؛ نواح ؛ عوام۔ (قانون) عوام الناس جن کی جیوری نمائنـدگی کرے یا جن کو جیوری میں نمائنـدگی دی جائے۔ (صفت) دیسی ؛ مُلکی ؛ مُلک کا یا کسی کے اپنے مُلک کا یا اس کے متعلّق ؛ دیہات یا دیہاتی اضلاع کے متعلّق ؛ دیہاتی ؛ گنوارو ؛ گاؤدی ؛ گاؤں کا ؛ گاؤں والا۔

country club, n. مضافاتی کلب ؛ دیہات یا شہر کے نواحی علاقے میں واقع کلب جس کی اپنی عمارت اور کھیل کے میدان ہوں اور جہاں گالف، ٹینس اور تیراکی کی سہولتیں میسّر ہوں۔

country-dance, n. دیہی رقص ؛ انگلستان کا دیہاتی رقص جس میں مرد اور عورتیں ایک دوسرے کے سامنے قطار میں کھڑے ہو کر رقص کرتے ہیں ؛ دیہی سنگت ناچ۔

countryman, n. ہم وطن ؛ کسی خاص علاقے کا پیدایشی یا باشندہ ؛ اپنے ہی ملک کا باشندہ یا ہم وطن ؛ وہ شخص جو ملک میں رہتا ہو ؛ دیہاتی ؛ گنوار ؛ دہقانی۔

countryseat, n. (برطانوی) دیہی تعلقہ ؛ دیہاتی جاگیر یا تعلقـہ جس میں مالک سال کا صرف ایک حصّہ گزارتا ہے ؛ دیہی جاگیر ؛ دیہاتی مکان۔

countryside, n. مضافاتی علاقہ ؛ دیہاتی علاقہ ؛ بلدیہ کی حدود سے باہر شہر کا نواحی علاقہ ؛ اس علاقے کے باشندے۔

county, n. کاؤنٹی ؛ امریکا کی کسی بھی ریاست میں سب سے بڑی انتظامی وحدت ؛ برطانیہ ، آئرستان اور بعض دوسرے ملکوں کی انتظامی ، عدالتی اور سیاسی وحدتوں میں سے کوئی ایک ؛ کینیڈا کی بڑی انتظامی وحدتوں میں سے کوئی ایک ؛ ضلع ؛ سرکار؛ محال ؛ باشندگان ضلع ؛ اہلِ ضلع ؛ کاؤنٹی میں رہنے والے لوگ۔

county, a. کاؤنٹی کے متعلّق۔

county agent, n. کاؤنٹی ایجنٹ ؛ امریکا میں ایک سرکـاری ملازم جو وفـاق اور ریاستی حکومت دونوں کی طرف سے دیہاتی علاقوں میں جا کر تقریروں اور مظاہروں کے ذریعہ کسانوں کو کھیتی ، اجناس کی فروخت اور نجی معاشیات کی تعلیم و تربیّت دیتا ہے ؛ دیہی گُماشتہ۔

county seat, n. کاؤنٹی یا ضلع کا صدر مقام۔

coup, n. چوٹ یا ضرب ؛ بھرپور وار ؛ کارگر ضرب یا عمل ؛ اچانک اور نہایت کامیاب ضرب یا چال ؛ فوراً کامیاب ہونے والا فطین منصوبہ۔

coup d'e'tat, n. (فوجی یا ناگہانی) انقلاب؛ سیاست میں اچانک اور فیصلہ کن تدبیر یا سازش ، خصوصاً ایسی سازش جس کے ذریعہ غیر آئینی طور پر یا بزور سیاسی تبدیلی واقع ہو یا حکومت کا تختہ الٹا جائے ؛ کُودَتا۔

coupe , coupe, n. بند بگھی ؛ ایک بند اور چار پہیوں کی بگھی یا فٹن جس میں اندر دو سواریاں اور باہر کوچوان بیٹھتا ہے ؛ دو دروازوں کی بند موٹر کار ؛ ریل گاڑی کا چھوٹا ڈبّہ ؛ کُوپے۔

couple, n. جوڑا ؛ زوجین ؛ میاں بیوی ؛ ایک مرد اور ایک عورت جو ایک دوسرے سے شادی یا منگنی کا رشتہ رکھتے ہوں یا رقص میں ایک دوسرے کا ساتھی ہوں ؛ ایک ہی قسم کے دو جو ایک دوسرے سے مربـوط ہوں یا مربـوط سمجھے جاتے ہوں۔ (میکانیات) مساوی اور متوازی طاقتیں جو ایک دوسرے کی ضد ہوتی ہیں اور مخالف سمتوں میں زور لگا کر مدّور حرکت پیدا کرتی ہیں۔ (بول چال) کم تعداد ؛ چند ؛ دُولہا دُلہن۔

a couple, a. (بول چال) دو (جیسے : ,a couple more streets)۔

couple, v.t. جوڑ یا جوڑوں میں ملانا ، باندھنا ، گرہ لگانا یا وابستہ کرنا ؛ جوڑنا یا مربوط کرنا ؛ مرد و عورت کو نکاح کے رشتے میں یا جنسی تعلّق سے جوڑنا ؛ بیاہ دینا ؛ حلقہ یا کڑی لگانا ؛ کندہ ڈالنا۔ (برق) حر برقی جُفت یا بجلی کے کھٹکے سے برقی رو منتقل کرنے کے لیے مربوط کرنا ؛ جفتی کرنا۔ (فعل لازم) جوڑ ملانا ؛ زوج ہونا ؛ جفتی ہونا ؛ ہم بستر ہونا۔

coupler, n. جفت گر ؛ کانٹا ؛ کھٹکا ؛ حلقہ ؛ کندہ ؛ جوڑنے ، مربـوط کرنے یا منسلک کرنے والا ؛ ساز میں ایک ترکیب جس سے سُروں کی مضـرابـوں یا ساز کے پردوں اور پیر کے بیرم (پیڈل) کے مابین ایسـا ربط ہو جاتـا ہے کہ کئی سُر ایک ساتھ بجتے ہیں۔ (بـرق) حر برقی جُفت یا ایک ترکیب جس سے برقی توانـائی کی رو ایک حلقے سے دوسـرے حلقے میں منتقـل کی جاتی ہے ، جیسے ایک مبـدّل (transformer) جو برقی اِمـالـہ (induction) کے ذریعـہ ریڈیو کے مختلف حصّوں کو ایک دوسرے سے مربوط کرتا ہے ؛ ریل کے ڈبوں/بوگیوں کو ایک دوسرے سے ہوائی عمل کے ذریعے جوڑنے کی ترکیب۔

couplet, n. بیت ؛ ایک ہی قافیہ و ردیف کے دو مصرعے جیسے مطلع۔

coupling, n. جوڑ ؛ جُفتی ؛ جوڑنے یا ملانے کا عمل ؛ جنسی وصل ؛ کوئی بھی جوڑنے والی چیز ؛ جوڑنے ، مربوط کرنے یا منسلک کرنے والی مختلف مشینی ترکیبوں میں سے کوئی ایک ؛ چوپایہ جانور کے جسم کا وہ حصّہ جو پچھلے کو اگلے حصّے سے جوڑتا ہے ؛ وہ ذریعہ جو دو

برقی حلقوں کو جوڑتا ہے تا کہ برقی توانائی کی رو ایک حلقے سے دُوسرے حلقے میں منتقل ہو سکے ؛ جُفت ؛ جُفته ـ

coupon, n. کوپن ؛ منافع کا سرٹیفکیٹ یا تصدیق نامه جو قابل منتقلی بانڈ کے زیریں حصّے میں چھپا ہوتا ہے ، یه کوپن اس لیے کہلاتا ہے کہ مُنافع لیتے وقت اسے علیحدہ کرکے ادائیگی کرنے والے کو دے دیا جاتا ہے ؛ عمومی معنوں میں ، وہ ٹکٹ یا فارم جو جاری کرنے والے کو پابند کرتا ہے کہ وہ مخصوص رقم کی ادائیگی کرے ، بعض خدمات سرانجام دے ، کچھ مراعات دے یا مختلف اوقات گزرنے کے بعد (جب بھی یہ ٹکٹ یا فارم پیش کیا جائے تو) اس کی اصل رقم پر طے شُدہ شرح کے مطابق منافع ادا کرے ـ

courage, n. جُرأت ؛ ہمّت ؛ وہ ذہنی صلاحیت یا خوبی جس کے باعث کوئی شخص خطرات اور مصائب کا مقابلہ مضبوطی اور بے خوفی سے کرتا ہے ؛ بہادُری ؛ دلیری ؛ دلاوری ؛ بے باکی ؛ ہامردی ـ

courageous, a. جرأت مند ؛ باہمت ؛ جرّی ؛ بہادر ؛ بے باک ؛ دلیر ؛ دلاور ؛ ہمت والا ؛ صاحبِ جُرأت و ہمّت ـ

courante, n. کورنٹ ؛ مربع رقص ؛ پرانے فیشن کا رقص جس میں دوڑتے ہوئے یا پھسلتے ہوئے قدم اٹھائے جاتے ہیں ؛ اس رقص کی موسیقی ؛ چار چار کی تال کے بعد کلاسیکی جوڑ کی حرکت ـ

coureur de bois, n. کوریردیٔ بوئے ؛ کینیڈا اور شمالی امریکا کے نواحی علاقوں میں پائے جانے والے فرانسیسی الاصل شکاریوں اور پھندا لگا کر جانور پکڑنے والوں کا ایک طبقه یا برادری ـ

courier, n. پیغام رساں ؛ ہرکارہ ؛ پیک ؛ قاصد ؛ نامه بر ؛ پیامی ؛ ڈاکیه ؛ پیغام رساں جو ضروری پیغام یا خبر پہنچانے کے لیے تیز رفتاری سے سفر کرتا ہے ؛ سواری جو یه پیغام رساں استعمال کرتا ہے ، جیسے خصوصی ہوائی جہاز یا موٹر کار ـ (برطانوی) وہ شخص جسے مسافر سفری انتظامات کرنے کا کام سپرد کرتے ہیں ؛ منصرمِ سفر ؛ مُنتظمِ سفر ـ

course, n. کورس ؛ راسته ؛ نصاب ؛ راسته یا راہ جس پر کوئی چیز حرکت کرے یا چلے ؛ گُزرآب یا گزرگاہِ آب جس میں سے پانی بہتا ہے ؛ ہموار میدان جس پر دوڑ ہو ؛ گزرگاہِ آب جس پر تیراکی کا مقابله یا کشتیوں کی دوڑ ہو ؛ گُھڑ دوڑ کا میدان ؛ وہ سمت جس میں کوئی چیز حرکت کرے یا دوڑے ؛ وقت کی مسلسل رفتار ؛ آگے بڑھنا یا منزل به منزل ترقی ؛ رواجی روش یا روایتی طریقِ کار ؛ واقعات کا قُدرتی نظام یا باقاعدہ سلسله ؛ کارروائی کا خاص لائحۂ عمل ؛ واقعات کی باقاعدہ فطری ترتیب ؛ باقاعدہ یا مِعیّن سلسله جیسے مطالعه ، تقاریر یا علاج معالجے کا ؛ طعام کا ایک حصّه جو ایک وقت میں پیش کیا جائے ؛ دیوار میں یا عمارت کے چہرے (سامنے کے حصّے) پر پتھّروں ، اینٹوں یا مماثل چیزوں کا مسلسل اُفقی یا جُھکتا ہُوا سلسله ؛ شکاری کُتّوں کے ذریعے شکار کا تعاقب ، پیچھا یا کھدیڑ ؛ خرگوش کے پیچھے لگے ہوئے کُتّوں کی دوڑ ؛ رسم ؛ رویّه ؛ طریقِ عمل ؛ دھارا ؛ بہاؤ ؛ رفتار ؛ روش ؛ طریق ـ (جہاز رانی) مربع مستولی جہاز میں مستول کا زیریں ترین مربع بادبان ؛ قطب نما کی وہ سمت جس میں بحری جہاز سفر کر رہا ہو ـ (جمع میں) ماہواری ؛ حیض ـ

of course, یقیناً ؛ عام طریقے سے ؛ قدرتی طور پر ؛ حالات کے لحاظ سے متوقع ؛ واضح طور پر ؛ ظاہراً ـ

course, v.t. پیچھا کرنا یا تعاقب کرنا ؛ توڑتے ہوئے یا اوپر سے نکل جانا ؛ سیدھے نکل جانا ؛ بھگانا ؛ کُتّوں کی مدد سے شکار کا پیچھا کرنا خصوصاً شکار کو دیکھ کر محض اس کی بُو سونگھ کر نہیں ؛ گھوڑا پھیرنا ؛ دوڑانا ـ (فعل لازم) تعاقب کی مشق کرنا ؛ دوڑنا ؛ تیزی سے حرکت کرنا یا چلنا ؛ رسته پر چلنا یا نقشِ قدم پر چلنا ؛ راسته متعیّن کرنا ـ

courser, n. گھوڑا ؛ اسپ باد پا ؛ صبا رفتار ؛ شب دیز ؛ تیز گام ـ

coursing, n. خرگوش کو سامنے دکھا کر اس کے پیچھے کُتّوں کی دوڑ کا مقابله شروع کرانے کا کھیل ؛ کُتّا دوڑ ـ

court, n. عدالت ؛ صحن ؛ بغیر چھت کے کھلا احاطه ، خواہ وہ مکان کے پیچھے ہو یا سامنے یا مکانوں میں گھرا ہو ؛ صحنِ خانه ؛ انگنائی ؛ آنگن ؛ چوک ؛ روش ، گلی ، بند یا تنگ سڑک ؛ بادشاہ یا کسی خودمختار شہزادے کا محل ؛ قصر شاہی کے اردگرد سارا نواحی علاقه ؛ بادشاہ کے درباری یا خدم و حشم کی مجلس ؛ عدالت کا کمرہ یا بڑا ہال ؛ کونسل یا جیوری سے ممیّز مقدمه سننے اور فیصله کرنے کے لیے عدلیه کے منصفوں یا جج صاحبان کی جماعت ؛ کوئی بھی شہری ، فوجی یا مذہبی عدلیه ؛ عدالتی مجلس کی نشست یا بیٹھک ؛ باسکٹ بال ، ٹینس اور اسکواش ریکٹس جیسے کھیلوں کا میدان ؛ موٹل ؛ کسی بااختیار شخص سے کام لینے کی خاطر اپنی طرف اس کی توجه کشی ؛ ادب آداب ؛ خُوشامد درآمد ؛ ترغیب ؛ چاپلوسی ؛ عنایت و مہربانی حاصل کرنے کے لیے خطاب (جیسے : to pay court to a person) ـ

court, v.t., v.i. رجھانا یا خوشامد اور چاپلوسی سے کسی کی عنایت یا مہربانی حاصل کرنے کی کوشش کرنا ؛ مہرومحبت کا طالب ہونا ؛ محبت کے لیے منّت کرنا ؛ شادی کا پیام دینا ؛ طلب گار ہونا ؛ مانگنا یا چاہنا (جیسے : to court applause) ؛ تعریف چاہنا ؛ خواستگار ہونا ؛ لالچ یا ترغیب دینا ؛ اذن دینا ـ

court card, n. (برطانوی) تاش کا تصویری پتّا : بادشاہ ، بیگم یا غُلام ؛ تاش کے کسی رنگ کا تصویری پتّا ـ

courteous, a. خُوش خُلق ؛ خلیق ؛ دوسروں کا خیال یا لحاظ کرنے والا ؛ شایسته ؛ با ادب ؛ مہذّب ؛ متواضع ؛ خُوش اخلاق ـ

courteousness, n. شایستگی ؛ خُلق ؛ تواضع وغیرہ ـ

courtesan, courtezan, n. کورٹیزن ؛ بیسوا ؛ طوائف ، خصوصاً ایسی طوائف جس کے گاہک امیر ، جاگیر دار یا اشرافیه کے لوگ ہوں ؛ ڈیرے دار طوائف ـ

courtesy, n. خُوش اخلاقی ؛ شایستگی ؛ دوسروں کے ساتھ برتاؤ میں نفاست سے مملُو ادب آداب ؛ خُوش خُلقی ؛ تعظیم ؛ تواضع ؛ انکسار ؛ عنایت ؛ مہربانی یا نوازش ـ

courthouse, n. کچہری ؛ عدالت گھر ؛ عدالت کی عمارت ـ (امریکی بولی) کاؤنٹی یا ضلع کا مُستقر ـ

courtier, n. مصاحب ؛ درباری ؛ وہ شخص جو بادشاہ کے دربار میں جانے کا مجاز ہو یا حاضری دیتا ہو ؛ جی حضوری ؛ دربار باش ؛ مصاحب یا ندیم شاہی ؛ خوشامدی ـ

courtly, a. شاہی دربار سے متعلّق ؛ شایسته اور مہذب ؛

پُروقار ؛ مؤدب ؛ خوش خُلق ؛ متواضع ؛ درباری ؛ خوشامدی ۔

courtly, adv. شایستگی سے ؛ تواضع سے ؛ خوشامدانہ ؛ اخلاق سے ؛ خوش خلقی سے ۔

courtly love, n. درباری عشق ؛ ازمنۂ وُسطیٰ میں اشرافیہ کی خواتین اور ان کے عاشقوں کے درمیان عشق بازی جو ایک مثالی اصول کے مطابق ہوتی تھی ۔

court-martial, n. کورٹ مارشل ؛ عسکری عدالت ؛ بَرّی فوج یا بحریہ کے افسروں پر مشتمل عدالت ، جس میں کبھی کبھی پیشہ ور عملہ بھی شامل کیا جاتا ہے ، یہ عدالت فوج یا بحریہ سے متعلق جرائم کے مقدمات کا فیصلہ کرتی ہے ؛ عسکری عدالت کے ذریعہ مقدمہ ۔ (فعل متعدی) عسکری عدالت میں مقدمہ چلانا ؛ عسکری عدالت میں مقدّمہ چلا کر سزا دینا ؛ فوجی عدالت میں پیش کرنا ؛ فوجی عدالت منعقد کرنا ۔

court of appeals, n. (قانون) عدالتِ اپیل ؛ عدالتِ مرافعہ جو امریکا کے وفاق اور بعض ریاستوں کے عدالتی نظام میں زیریں عدالت اور اعلیٰ ترین کے درمیان کی عدالت ہوتی ہے ۔ (برطانوی) لندن کی عدالت عالیہ جس کے فیصلوں کے خلاف مرافعہ یا اپیل صرف دارالامرا میں ہو سکتی ہے ۔

court of claims, n. عدالتِ دعاوی ؛ عدالتِ مطالبات : وہ عدالت جو کسی محکمۂ حکومت کے ذمّے مطالبات کی پڑتال کر کے ان کی ادائیگی کا حکم دیتی ہے ؛ عدالت جو ہر سال واشنگٹن ڈی ۔ سی میں امریکا کی وفاقی حکومت کے ذمّہ مطالبات کی جانچ پڑتال کے لیے بیٹھتی ہے ۔

Court of St. James, n. سینٹ جیمس کی عدالت ؛ لندن (انگلستان) کی شاہی عدالت ۔

court plaster, n. کورٹ پلستر ؛ ایک قسم کا چپکواں ریشمی پلستر ؛ چپک پھایا ۔

courtroom, n. عدالتی کمرہ ؛ عدالت کا کمرہ جس میں مقدمہ کی کارروائی ہوتی ہے ۔

courtship, n. معاشقہ ؛ محبوب کے التفات یا مہروعنایت کے لیے کوشش یا منت و خوشامد ؛ اظہارِ عشق ؛ وہ زمانہ جب کہ محبوب سے اظہار عشق کیا جاتا ہے اور اسے اپنی طرف مائل کرنے یا راضی کرنے کے جتن کیے جاتے ہیں ۔

court tennis, n. درونی ٹینس ؛ ٹینس کی پرانی قسم جو عمارت کے اندر بنے ہوئے سقفی میدان میں کھیلی جاتی تھی ۔

countyard, n. صحن یا احاطہ جو گھر کے گرد یا متصل ہو ۔

cousin, n. عم زاد ؛ چچا ، ماموں ، پھوپھی یا خالہ کا لڑکا یا لڑکی ؛ ایک دادا یا نانا کی اولاد ؛ ابنِ عم یا بنتِ عم ؛ وسیع تر اور اب کم مستعمل معنوں میں وہ فرد جو بھائی اور بہن کے علاوہ ہم جدّی رشتہ دار ہو ؛ ایک ہی نسل کے اجداد اور ایک ہی زبان یا ثقافت سے تعلّق رکھنے والے لوگ یا قوم ؛ لفظ یا اصطلاح جو بادشاہ اپنی اشرافیہ کے کسی رُکن کو مخاطب کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے ؛ قریبی یا عزیز دوست ۔

cousin hood, n. عم زادگی ؛ قرابت ؛ برادری ؛ آپس میں ایک دوسرے کے عم زاد ہونے کی حالت ؛ وہ افراد جو بحیثیّت مجموعی ایک ہی خاندان سے تعلّق رکھتے ہوں ۔

cousinly, a. عم زادانہ ؛ عم زاد کی طرح یا مثلِ عم زاد ۔

cousinship, n. عم زادگی ؛ عم زادیّت ۔

cousin-german, n. پہلا یا سگّا عم زاد جس سے براہ راست رشتہ ہو ؛ حقیقی عم کا لڑکا یا لڑکی ۔

couth, a. نجیب ؛ شایستہ ؛ اچھے خاندان کا ؛ اَچھّے ماحول میں تربیّت یافتہ یا پرورش پایا ہوا ۔ (برطانوی) ملنسار ، مہربان یا خوش خُلق ۔

couture, n. کوچر ؛ فیشن پسند یا جدید لباس کی شوقین خواتین کے لیے پوشاکیں تیّار کرنے ، ان کی نئی ساخت اور جدید نقش و نگار رائج کرنے اور فروخت کرنے کی تجارت یا بیوپار ؛ لباس یا پوشاک کے نئے فیشن یا جدید وضع قطع ایجاد کرنے والے اور ان کے کاروباری ادارے مِن حیث المجموع ۔

couturier, n. پوشاک ساز ؛ وہ شخص جو فیشن پسند خواتین کے لیے پوشاکوں کی نئی وضع قطع ایجاد کرے ، جدید وضع کی پوشاکیں بنائے اور فروخت کرے ۔

couturie're, n. خاتون پوشاک ساز ۔

couvade, n. نرزچگی ؛ بعض غیر مہذّب قبائل میں ایک رواج جس کے تحت بچّے کی پیدایش پر باپ کو بھی پیدایش سے متعلّق بعض رسمیں ادا کرنی پڑتی ہیں ، مثلاً بستر پر پڑے رہنا یا روزہ رکھنا وغیرہ ؛ قوید ۔

covalence, n. (کیمیا) شریک گرفت ؛ مختلف ایٹموں سے ، الیکٹرون یا برقیوں کے جوڑے کی شراکت ۔

covalent, a. شریک گرفتہ ؛ شریک گرفتی ۔

covalent bond, n. (کیمیا) شریک گرفتی بُند ؛ شریک گرفتہ بند ؛ وہ رشتہ یا بندھن جو کیمیاوی عمل کے دوران دو ایٹموں کے درمیان اس وقت پیدا ہوتا ہے جب وہ الیکٹرون کے ایک ہی جوڑے کے ساجھی یا شریک ہو جاتے ہیں ؛ شریکِ گرفت بند ۔

covariant, a. ہم متغیرّہ ؛ کسی ہم موجود جز سے حسابی تعلّق میں تبدیلی کے مطابق تغیّر پذیر ۔

cove, n. کھاڑی ؛ دامنِ کوہ میں جوف یا اندر کی طرف کٹاؤ ؛ چھت دار گوشہ یا کُنجِ عزلت ؛ چھوٹی کھاڑی یا گودی ؛ غار یا گپھا ۔ (فنِ تعمیر) مجوف کمان ؛ جوف نُما محراب یا جُھکا ہوا ستون ؛ گلوبی ؛ جوفی محراب ۔ (فعل متعدی و لازم) جوف یا قوس بنانا یا بن جانا ۔

cove, n. (برطانوی ، عوامی) آدمی یا لڑکا ؛ یار ؛ بندہ ؛ شخص ۔

covellite, n. کوویلت ؛ تانبے کا قدرتی سلفائڈ ؛ جس کا رنگ نیل کی طرح ہوتا ہے اور ڈلوں کی شکل میں پایا جاتا ہے ، اسے کوویلی نے ۱۸۳۹ء میں آتش فشاں کے لاوے میں دریافت کیا تھا ۔

covenant, n. عہد و پیمان ؛ معاہدہ ؛ تعہُد ؛ اقرار نامہ ؛ میثاق ؛سمجھوتا ؛ دو یا دو سے زیادہ اشخاص کے درمیان کوئی کام کرنے یا کسی کام سے پرہیز کرنے کا سمجھوتا ۔ (بائبل) میثاقِ بنی اسرائیل جوخدا تعالیٰ نے اُن سے لیا تھا ۔ (قانون) قانونی اقرار نامہ یا عہد ؛ تعہد ؛ اقرار نامہ کی ذیلی شق ۔

covenantee, n. مُعاہَد ؛ وُہ شخص جس سے اقرار نامہ میں اقرار، عہد یا وعدہ کیا گیا ہو ۔

covenanter, covenantor, n. مُعاہِد ؛ وہ شخص جو

اقرار نامہ میں اقرار ، وعدہ یا عہد کرتا ہے ؛ معاہدہ کرنے والا ـ

covenant, v.i. معاہدہ یا اقرار نامہ کرنا ـ (فعل متعدی) معاہدے یا میثاق کے ذریعہ اتفاق کرنا یا رضامندی ظاہر کرنا ؛ کسی بات کی واضح شرط کر لینا ـ

Covent Garden, n. کوونٹ باغ ؛ سبزی/پھل منڈی ؛ لندن میں تجارتی/سبزی منڈی کا علاقہ ؛ لندن کا ایک مشہور تھیٹر ـ

Coventry, n. (مجازاً) کالا پانی ؛ واروک شائر ، (انگلستان) کا ایک قصبہ کوونٹری ، جہاں وہ لوگ بھیجے جاتے تھے جنہیں برادری سے خارج کر کے حقہ پانی بند کر دیا گیا ہو ؛ اس شخص کی صورت حال جس سے بد کرداری کے باعث معاشرتی تعلّقات ترک کر دیے گئے ہوں اور سماجی بائیکاٹ کیا گیا ہو ـ

cover, v.t. ڈھانپنا ؛ ڈھانکنا ؛ اڑھانا ؛ چُھپا دینا ؛ آڑ میں لینا ؛ سِپر ہونا ؛ چھپانے یا حفاظت کے مقصد سے کوئی چیز اُوپر پھیلانا یا بچھانا ؛ ڈھانکنے والی چیز ، مثلاً پوشش ، سرپوش یا ڈھکن ، اُوپر رکھنا ؛ کپڑے پہنانا ؛ پوشاک پہنانا ؛ سر پر ٹوپی رکھنا ؛ مخالف جوئے باز کی شرط کے برابر شرط لگا کر ہاری ہوئی رقم پوری کرنا ؛ پچھلے کارڈ/تاش کے پتّے سے بڑا پتّا کھیلنا ؛ بازی کی شرائط منظور کرنا ؛ کسی کو آڑ میں لینا یا اُس کی سِپر بننا ؛ اُوپر پھیلانا ؛ سطح پر چھا جانا یا مسلّط ہونا ؛ نر جانور کا مادّہ جانور پر چڑھ کر جُفتی کرنا ؛ (بھینس) بُونا ؛ (گھوڑا) بھرنا ؛ (عورت) مجامعت کرنا ؛ ہم بستر ہونا ؛ جماع کرنا ؛ پرندے کا انڈوں یا بچوں پر بیٹھنا ؛ پناہ دینا یا حفاظت میں لینا ؛ کسی چیز کا دفاع کرنا ؛ نگاہوں سے چھپنا ؛ پردہ ڈالنا ؛ براہ راست کسی چیز کو (پستول یا بندوق کی) شست میں لینا ؛ بدفی زد میں رکھنا ، جیسے کہ قلعہ کے آس پاس ایک مقررہ حد تک علاقہ توپوں کی زد میں ہوتا ہے ؛ شامل کرنا ، مشتمل ہونا یا مہیّا کرنا ؛ واقعات یا کارروائیوں کے متعلق رپورٹر یا فوٹوگرافر ہونا (کسی اخبار کا یا کسی مقام پر) ؛ کسی مقام سے گزرنا یا اس پر سفر کرنا ؛ مصارف کے لیے (رقم کا) کافی ہونا ؛ (کسی منصوبے ، نقصان ، فرض) کے لیے معاوضہ/ہرجانہ دینا یا تلافی کرنا ؛ دلجمعی کرنا ؛ کفالت کرنا ؛ محفوظ رکھنا ؛ دبکانا ؛ اخفا کرنا ؛ مخفی کرنا ؛ ڈھکنا ؛ پاٹنا ؛ مڑھنا ؛ منڈھنا ؛ چھانا ؛ نقاب ڈالنا ؛ پگڑی باندھنا (عسکری) براہ راست پیچھے یا آگے آکر اس کی سیدھ میں آنا جس کی حفاظت مقصود ہے (جیسے : One soldier or one body of troops cover another) ـ (فعل لازم) آڑ مہیّا کرنا یا آڑ کا کام کرنا ؛ غیر حاضر شخص کی جگہ کام کرنا ؛ تاش کے کھیل میں پچھلے کھیلے گئے پتّے سے بڑا پتّا کھیل کر ساتھی کو بچانا ؛ محفوظ ہونا ؛ سر پہ ٹوپی رکھنا ـ

coverer, n. ڈھانپنے والا ؛ آڑ کرنے والا ؛ ڈھال بننے والا ـ

cover, n. ڈھکنا ؛ ڈھکن ؛ سرپوش ؛ ڈھانکنے والی چیز ، مثلاً برتن کا ڈھکنا ، کتاب کی دفتی یا جلد ؛ سر ورق ؛ کتاب پوش ؛ خط کا لفافہ ؛ پوشش ؛ غلاف یا پلنگ پوش ؛ میز پوش ؛ خوان پوش ؛ آڑ ؛ اوٹ ؛ پناہ گاہ ؛ کمین گاہ ؛ پردہ یا برقع ؛ جنگل ، جھاڑی ، جُھنڈ یا لمبی گھاس جس میں جنگلی جانور چُھپتے ہیں ؛ شکار کے جانوروں کے چُھپنے کی جگہ یا پناہ گاہ ؛ حیلہ ؛ بچاؤ کی صورت ؛ محافظ سرمایہ جو نقصان کی صورت میں کام آئے ؛ کھانے کی میز پر پلیٹ ، چمچے ، کانٹے وغیرہ جو ایک شخص کے لیے رکھے جائیں ؛ طباق ؛ تھالی ؛ بہانہ ؛ بناوٹ ؛ مکر ؛ چِپنی ؛ ڈھکتی ؛ ٹٹی ؛ اوجھل ؛ پٹھا ـ

covered, a. ملفوف ؛ پوشش یا تحفظ فراہم کیا ہوا ؛ جسے پوشش یا تحفظ میّسر ہو ؛ کسی خود رو چیز سے ڈھانپا یا چھپا ہُوا جیسے کائی سے ڈھانپا ہُوا ؛ سر کو ٹوپی سے ڈھانکے ہوئے ؛ ڈھکا ؛ منڈھا ہُوا ؛ غلافی ؛ چھتری دار ؛ پوشیدہ ؛ مخفی ؛ پنہاں ؛ ٹوپی دار ؛ نقاب دار ـ

coverage, n. مورد تحفظ ؛ تحفظ یا معاہدے/اقرار نامے کے ذریعے طے شدہ کوئی شرط ، عہد یا وعدہ ؛ وہ جس کو تحفظ فراہم کیا گیا ہو ـ (مواصلات) ریڈیو یا ٹیلی وژن اسٹیشنوں کے ترسیلی و موصولی علاقے ؛ ایک علاقے میں کسی اخبار یا رسالے کے قارئین کی تعداد ؛ خبروں کی تحریر ، اشاعت یا ریڈیو/ٹی وی سے نشروتشہیر ـ (بیمہ) مخصوص خطرے یا خطرات کے خلاف تحفّظ ؛ موردِ بیمہ ـ

coverall, coveralls, n. عبا ؛ ڈھیلی ؛ ایک ہی ٹُکڑے کی عبا جو لباس کی حفاظت کے لیے اوپر پہنی جاتی ہے ـ

cover charge, n. اضافی ادائیگی ؛ نائٹ کلب یا ریستوران میں تفریح یا تواضُع کے لیے مقرّرہ اضافی ادائیگی ـ

cover crop, n. بچاؤ فصل ؛ زرعی جنس جیسے باقلہ یا موٹھ جو سردیوں میں اس لیے کاشت کی جاتی ہے کہ زمین زرخیز رہے ، کھیت سے مٹی نہ بہے ، سبزہ نہ اُگے اور ترویق کی وجہ سے تغذیے کا نُقصان نہ ہو ـ

covered smut, n. اناج کی ایک بیماری جس میں بیج کے گُچھوں کو پھپُھوندی لگ جاتی ہے ؛ ناج پھپھوند ـ

covered wagon, n. چار پہیوں کی چھت دار گاڑی جس کی چھت لکڑی کی موڑ کر لگائی ہوئی محرابی بلّیوں پر کرمچ کا کپڑا ڈال کر بنائی جاتی تھی ، ایسی گاڑیوں میں ہی ۱۹ویں صدی میں امریکا کے ابتدائی مُہم جو آباد کاروں نے مغرب کی طرف سفر کیا تھا ؛ بند گاڑی ـ

covering, n. غلاف ؛ کوئی چیز جو کسی چیز کو چھپانے ، آڑ دینے یا گرمی پہنچانے کے لیے اُس کے اُوپر ڈال دی جائے یا گرد لپیٹی جائے ؛ ملفوف کرنے یا چھپانے کا عمل ؛ پوشش ؛ اوڑھنا ؛ چادر ؛ پلنگ پوش ؛ دُلائی ؛ دوہر ؛ رضائی ـ

covering, a. ڈھانپنے والا ؛ چھپانے والا ؛ تشریحی ؛ توضیحی (جیسے : a covering message) ؛ آڑ دینے والی یا سِپَردارانہ (جیسے a covering barrage of artillery fire) ـ

coverlet, n. پلنگ پوش ؛ چادر ؛ بالا پوش ؛ رضائی ؛ لحاف ؛ گدڑی ؛ خول ؛ غلاف ـ

cover point, n. (کرکٹ ، لیکروس جو شمالی امریکا کا ہاکی کے مانند کھیل ہے) وہ کھلاڑی جو پائنٹ پر کھڑے یا پائنٹ کہلانے والے کھلاڑی کی حمایت یا سپرداری کے لیے کھڑا ہو ؛ فیلڈر جو پائنٹ کے پیچھے کھڑا ہو ـ

coversed, a. (جیومیٹری) سہم التمام ـ

covert, a. خفیہ ؛ ڈھانپا ہوا ؛ پناہ گاہ میں رکھّا ہُوا یا محفوظ ؛ سائے تلے ؛ آڑ کا ؛ اوٹ کا ؛ پناہ کا ـ (مجازاً) مخفی ؛ پوشیدہ ؛ پنہاں ـ (قانون) شوہر یا مالک کے تحفظ میں ـ (اسم) جھاڑی ؛ کُنج ؛ جُھنڈ ؛ پوشش ، آڑ یا سِپر ؛ پناہ گاہ ؛ اخفا ؛ بہروپ ؛ کمیں گاہ ؛ جُھنڈ یا جھاڑی جس میں جنگلی یا شکار کیے جانے والے جانور چُھپتے

بوں ۔ (جمع ، طیوریات) پرندے کے چھوٹے اور کمزور پر جو بازُو اور دُم کے بڑے پروں کی تہ کو ڈھانپے رہتے ہیں ۔

covertly, adv. پوشیدہ طور پر ۔

covertness, n. اخفا ؛ پوشیدگی ؛ جھاڑ پن ۔

covert cloth, n. موٹا کپڑا ؛ دوسوتی کپڑا جو روئی کے بٹے ہوئے تاگے یا بٹی ہوئی اون یا روئی اور اون کے ملے جلے دھاگے سے برساتی اور اوورکوٹ کے لیے بنایا جاتا ہے ۔

coverture, n. پناہ ؛ آڑ یا اوٹ ؛ اخفا ۔ (قانون) سہاگ یا حالتِ زوجیّت جس میں عورت کو شوہر کی حفاظت و تولیّت میں سمجھا جاتا ہے ؛ آسرا ؛ حفاظت ؛ بیتِ نکاح ۔

cover-up, n. اخفا ؛ وہ سب کچھ جو غلطی یا جرم پر پردہ ڈالنے کے لیے کیا جائے ، خصوصاً توجہ ہٹانے کے مقصد سے کوئی کام ، تاکہ تفتیش نہ ہو سکے ؛ ستر پوشی ۔

cover up, v.i. غلطی یا جرم کو چھپانا یا چھوٹا بنا کر پیش کرنا ؛ اخفا کرنا ؛ مخفی کرنا ؛ مستور کرنا ۔

covet, v.t. (کسی چیز کی) شدید خواہش کرنا ؛ نامناسب طور پر یا دوسروں کے حقوق کا خیال کیے بغیر چاہنا ؛ غلط طور پر خواہش کرنا ؛ لالچ کرنا ؛ للچانا ؛ طمع کرنا ؛ ہوس کرنا ؛ حرص کرنا ۔ (فعل لازم) نامناسب یا غلط خواہش رکھنا ۔

covetable, a. قابلِ آز ؛ طمع کے لائق ؛ مرغوب ۔

coveter, n. طامِع ؛ حریص ؛ لالچی ۔

covetous, a. حریص ؛ شدّت سے خواہش مند ، خصوصاً مال و دولت کا مناسب حدود سے متجاوز آرزومند ؛ لالچی ؛ طامع ؛ پُرہوس ؛ آزمند ؛ جس پر حق نہ ہو اُسے حاصل کرنے کا خواہش مند ؛ لوبھی ۔

covetously, adv. حریصانہ ۔

covetousness, n. لالچی پن ؛ ہَوسناکی ؛ لوبھ ؛ حرص ؛ طمع ۔

covey, n. جھول ؛ پال ؛ تیتر ، بٹیر وغیرہ کا چھوٹا غول ؛ جُھنڈ ۔ (مجازاً) دوستوں کی ٹُکڑی یا گروہ ۔

cow, n. گائے ؛ بیل یا بیل کی قبیل کے جانور کی مادہ ؛ گاؤ ؛ بقرہ ؛ خصوصاً پالتو قسم ، سانڈ (Bos taurus) کی مادہ ؛ دیگر بڑی جسامت کے جانوروں کی مادہ ، مثلاً ہاتھی ، وھیل ، سیل یا مگرمچھ ۔

cow, v.t. ڈرانا ؛ ہمت توڑنا ؛ خوفزدہ کرنا ؛ مرعوب کرنا ؛ خوف دلانا ؛ دبانا ۔

cowage, cowhage, cowitch, n. کوانچ ؛ کونچ ؛ پھلی دار پودے کی پھلیوں پر چھوٹا اور سخت یا بے لوچ رُواں جو آسانی سے جِلد میں چُبھ جاتا ہے اور ناقابلِ برداشت خارش پیدا کرتا ہے ؛ یہ رواں اگر شہد یا راب میں ملا کر دیا جائے تو کیڑے مار دوا کا کام کرتا ہے ؛ کونچ پودے کی پھلی ۔

coward, n. بزدل ؛ ڈرپوک ؛ وہ شخص جس میں خطرے یا مشکل کا مقابلہ کرنے کی ہمّت کا فُقدان ہو ؛ رذیلانہ طور پر بزدل شخص ؛ پست ہمّت آدمی ؛ بزدلا (صفت) بُزدل ؛ ہمّت سے عاری ؛ ڈرپوک ؛ نامرد ؛ بیٹا ؛ بھگوڑا ۔

cowardly, a., adv. بزدلانہ ؛ نامردانہ ۔

cowardliness, n. بزدلی ؛ ڈرپوکی ؛ بیٹا پن ؛ نامردی ؛ کم ہمتی ۔

cowardice, n. بُزدلی ؛ فقدانِ ہمّت ؛ شرمناک خوف ؛ بودا پن ؛ نامردی ؛ بیٹاپن ۔

cowbane, n. شوکرانِ آبی ؛ پارسلے (نبات از قسم اجمود) کی قسم کے مختلف پودوں میں سے کوئی ایک ، یہ پودے مویشیوں کے لیے زہریلے سمجھے جاتے ہیں ، ان میں شیکران آب (Cicuta virosa) اور امریکا کا دلدلی پودا ، آکسی پولس رجیڈیور (Oxypolis rigidior) شامل ہیں ؛ زہریلا پودا ۔

cowbell, n. گئوگھنٹی ؛ گھنٹی جو گائے کی گردن سے لٹکا دی جاتی ہے تا کہ اس کے بجنے سے یہ معلوم ہو سکے کہ گائے کہاں ہے ۔

cowberry, n. جھڑ بیری ، گوندنی یا پھل جو چراگاہوں میں اُگنے والی مختلف قسم کی جھاڑیوں میں لگتے ہیں ۔

cowbird, cow blackbird, n. سار ؛ امریکی مینا ؛ گائے پرندہ ؛ جنس مولوتھرَس (Molothrus) کا امریکی سیاہ پرندہ ، خصوصاً شمالی امریکا کا مولوتھرس ایٹر (M. ater) جو مویشیوں کے ساتھ رہنے کے سبب گائے پرندہ کہلاتا ہے ۔

cowboy, n. کاؤ بوائے ؛ گوالا ؛ گوالیا ؛ خصوصاً امریکی گوالا ؛ وہ شخص جو بڑے مویشی خانے یا مویشی باڑے میں گُھڑ سوار ہو کر ڈھورڈنگروں کی دیکھ بھال کرتا ہے ؛ وہ شخص جو گوالے کے کاموں میں ماہر ہو ، خصوصاً وہ گوالا جو روڈیو (مویشیوں کو جمع کرنے کا کام یا چرواہوں کی کرتبوں کی نمایش) سے متعلّق ہو ۔ (عوامی) تیز رفتاری اور لاپروائی سے گاڑی چلانے والا موٹر ڈرائیور ۔ (امریکی تاریخ) امریکی انقلاب کے زمانے میں برطانیہ نواز گوریلا گروہ کا رکن ؛ چرواہا ؛ گلہ بان ؛ محافظ یا رکھوال ۔

cowcatcher, pilot, n. انجن کا چھاج ؛ ریل انجن کے سامنے فولادی چوکھٹا جو رستے سے رکاوٹیں دُور کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے ۔ (عوامی) ریڈیو اور ٹیلی وژن کی نشریات میں ذیلی اور چھوٹی موٹی مصنوعات میں سے کسی ایک کا مختصر اشتہار یا خاص پروگرام سے پہلے پروگراموں کے ناموں اور اوقات کے بارے میں نشریہ ۔

cow college, n. (عوامی) دیہی علاقہ کے لیے موزوں چھوٹا زراعتی کالج ۔

cower, v.i. خوف سے دَبکنا ؛ دہشت سے جُھکنا یا نہڑنا ؛ ڈر سے دبنا ؛ دبکنا یا نُہڑنا ؛ خوف سے جھک جانا ۔

coweringly, adv. دبک کر ؛ جُھک کر ؛ ڈرے ہوئے انداز سے ؛ ڈرتے ڈرتے ۔

cow hand, n. مویشی خانے کا ملازم ؛ گوالا ؛ ملازمِ گئوشالا ۔

cowherd, n. گھوسی ؛ گوپال ؛ گائیوں کی دیکھ بھال کرنے والا پیشہ ور گوالا ؛ اہیر ؛ گائے چریا ۔

cowhide, n. گاؤ چرم ؛ گائے کی کھال ، کچّی یا چمڑے میں تبدیل کی ہوئی ؛ گائے کے چمڑے سے بنا ہوا مضبوط تازیانہ یا کوڑا ؛ گوکھا ؛ گائے یا بیل کا چمڑا ۔ (فعل متعدی) چرم گاؤ کے تازیانے سے مارنا ۔

cowl, n. بادگیر ؛ قاقبا ؛ راہبوں کے پہننے کی قُبّہ دار عبا ؛ قُبّہ یا ٹوپی ؛ کُلاہِ درویش ؛ چمنی/دُود کش یا روشن دان کا قُبّہ نُما ٹوپ یا ڈھکنا ؛ جُبّہ ؛ کفنی ؛ کرتہ ؛ جُبّہ قبا ۔ (فعل متعدی) ٹوپ یا ڈھکن سے ڈھانپنا یا ڈھکنا ۔

cowled, a. کُلہ دار ؛ ٹوپی پہنا ہوا یا

ڈھکنے سے ڈھکا ہُوا ۔

cowlick, n. پیشانی پر بے ترتیب پھیلا ہوا اور اُوپر کو اٹھا ہُوا بالوں کا گُچھّاجو یوں معلوم دے جیسے گائے نے چاٹا ہے ۔

cowling, n. انجن پر دھات کا ڈھکنا ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کے ایک حصّے کی جھول جسے چڑھایا اور اُتارا جا سکتا ہے تاکہ ٹھنڈا کرنے والی ہوا کی آمدورفت کو ضرورت کے مطابق کنٹرول کیا جا سکے ۔

cowl staff, n. (برطانوی ؛ بول چال) گگن بانس : وہ بانس یا ڈنڈا جس کے درمیان پانی یا کسی اور چیز سے بھرا ہوا برتن لٹکا ہو اور سِروں کو کاندھے پر رکھے دو آدمی اس طرح لے جا رہے ہوں جیسے پالکی لے جاتے ہیں ۔

cowman, n. (مغربی امریکا) گوالا ؛ مویشیوں کا مالک ؛ بڑے مویشی خانے کا مالک ؛ کاؤ بُوائے ۔

co-worker, n. ہمکار ؛ رفیق کار ؛ ساتھ کام کرنے والا ؛ تعاوُن کرنے والا ۔

cowpea, black-eyed pea, n. گوارا ؛ رواں ؛ مٹر جیسا فصلی پودا ، وگنا سِنے سس (Vigna sinesis) جو جنوبی امریکا میں جانوروں کے چارے اور زرخیزی کے لیے عام کاشت کیا جاتا ہے ، اس کے دانے بطور غذا استعمال ہوتے ہیں ؛ گُوار کا بیج ۔

Cowper's gland, n. (تشریح الاعضا) غدّہٗ ودی ؛ غدّہٗ کوپر : دو چھوٹے غدّہ ہائے ودی میں سے کوئی ایک ، یہ غدّے مرد کے غدّہ مثانہ/قُدامیہ کے نیچے اور پیشاب کی نالی کے دونوں طرف ہوتے ہیں ، ان سے پیشاب کی نالی کے اندر لیس دار مادہ خارج ہوتا رہتا ہے ۔

cowpoke, n. (عوامی ، مغربی امریکی) گوالا ۔

cowpony, n. چھوٹا گھوڑا ، جو مویشی کے گلے کو کنٹرول کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ٹٹُو ۔

cowpox, n. گوتھن سیتلا ؛ جدری البقر ؛ ایک بیماری جس میں گائے کے تھنوں پر دانے یا پُھنسیاں ہو جاتی ہیں ، ان پُھنسیوں سے خارج ہونے والا مادّہ یا وائرس چیچک کے ٹیکے بنانے کے کام آتا ہے ۔

cowry, cowrie, n. [اردو] کوڑی ؛ سمندری صدفیے کے گھونگے یا سیپیاں جو بعض ایشیائی اور افریقی ملکوں میں بطور سکّہ استعمال ہوتی تھیں ؛ بڑی اور خوبصورت صدف یا سیپی ، جسے سجاوٹ کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے ؛ صدفیہ جانور عام طور پر گرم سمندروں میں پایا جاتا ہے ۔

cowslip, n. گاؤزبان ؛ بسنتی گلاب کے خاندان کا سدابہار پودا جو برطانیہ کے مرطُوب علاقوں میں پیدا ہوتا ہے ، اس کے پُھول خوشبودار زرد ہوتے ہیں ؛ امریکا کا گیندا ؛ دلدلی گلِ اشرفی ۔ (فلکیات) شہابِ ثاقب ۔

coxa, n. (تشریح الاعضا) ورَک ؛ کولا ؛ کُولھے کا جوڑ ؛ سُرین ۔ (حیوانیات) کیڑوں اور دیگر جوڑ دار ہڈّی کے جانوروں کے جُڑے ہوئے استخوانی حصّے یا پاؤں کے جوڑ ؛ حرقفہ ۔

coxal, a. ورکی ؛ سُرینی ؛ جوڑ دار ؛ کولی ۔

coxalgia, n. (امراضیات) وجع الورک ؛ کولہے کا درد ۔

coxalgic, a. وجع الوِرکی ؛ کولہے کے درد کا یا اس کے متعلّق ۔

coxcomb, n. نمایشی اور شیخی خورہ شخص ؛ قابلیّت اور کارہائے نمایاں کا جُھوٹا دعوے دار ؛ خودبیں ؛ خود پسند ؛ چھیلا ؛ بانکا ؛ اکڑ دکھانے والا ؛ طرّہ ؛ شیخی ؛ کیس ؛ گُلِ طُرّہ ؛ گُلِ کلغی ؛ چوٹی ۔

coxcombical, n. بانکا ؛ نمایشی ؛ خودبیں ؛ شیخی باز ؛ چھچھورا ؛ چھیلا ؛اکڑباز ۔

coxswain, n. ناخُدا ؛ کھِوّیا ؛ کشتی کا پتواری ؛ بحری جہاز پر کشتی اور اس کے مانجھیوں کا سربراہ ۔ (کھیل) دوڑ کی ہلکی کشتی میں وہ سربراہ پتواری جو چپّو چلاتے ہوئے اپنی آواز سے پتواریوں کے چپوؤں کی ضربات کو ہم آہنگ کرتا ہے ۔

coy, a. شرمیلا ؛ آشنا یا بے تکلف ہونے سے محترز ؛ لجانے والی ؛ نہ کُھلنے والا ؛ دُور رہنے والا ؛ دقیانوسی ؛ حیادار ؛ کم آمیز ؛ شرمگیں ؛ حجاب پسند ۔

coyly, adv. شرمیلے انداز سے ؛ حیاداری سے ؛ بے تکلّف ہونے سے احتراز کرتے ہوئے ؛ حجاب سے ؛ لاج سے ۔

coyness, n. حجاب ؛ شرمیلا یا حیادار ہونے کی صفت ؛ شرم و حیا ؛ کم آمیزی ؛ حیا داری ؛ بھڑک ؛ لاج ۔

coyote, n. کویوٹی ؛ گُرگِ مرغزار ؛ امریکا کے گیاہستانی علاقے کا بھیڑیا جو رات کو چنگھاڑنے کے لیے مشہور ہے ؛ امریکا میں انڈین لوک گیت(the trickster of the Indian) ۔ (عوامی) قابلِ نفرت شخص ۔

coyotillo, n. میکسیکو کا خولان یا رسوت کے خاندان سے تعلّق رکھنے والا پودا جس کے پھل زہریلے ہوتے ہیں ۔

coypu, n. کوپُو ؛ اُودبلاؤ ؛ جنوبی امریکا کا ایک میمل کُترنے والا جانور جو پانی اور خشکی پر رہتا ہے ، اپنے ملائم اور خاکی سمور کی وجہ سے قیمتی خیال کیا جاتا ہے ۔

coz, n. (بول چال) کزن کا مخفف بمعنی چچا،پھوپھا وغیرہ کا بیٹا یا بیٹی ۔

cozen, v.t. دھوکا دینا ؛ ٹھگ لینا ؛ فریب دینا ؛ بہکانا ؛ پُھسلانا ؛ جُل دینا ؛ دغا دینا ۔ (فعل لازم) ٹھگے جانا؛ پُر فریب کام کرنا ۔

cozenage, n. دغا بازی ؛ فریب دہی ؛ ٹھگی ؛ ٹھگائی ؛ چھل بل ؛ فریب ؛ دھوکا ۔

cozener, n. دغاباز ؛ فریبی ؛ ٹھگ ۔

cozy, a. محفوظ اور سُکھی ؛ آرام سے ؛ آرام دہ ؛ ملنے جُلنے والا ؛ مدنی الطبّع (انسان) ۔

cozie, cozey, n. چائے پوش ؛ ٹکوزی ؛ چائے دانی میں چائے گرم رکھنے کے لیے اُوپر ڈھکنے والا غلاف جو روئی یا اون بھرا ہوتا ہے ۔

cozily, adv. آرام سے ؛ سُکھ چین سے ۔

coziness, n. سُکھ ؛ چین ؛ آرام ؛ سکون ۔

crab, n. کیکڑا ؛ ایک قشری جانور جس کا بدن چھوٹا ، چوڑا اور کم و بیش چپٹا ، بطن یا پچھلا حصّہ چھوٹا اور سینے کی جانب اندر کی طرف مُڑا ہوا ہوتا ہے ؛ اصلی سرطان سے مشابہ کوئی بھی دوسرا قشری جانور ؛ کوئی بھی بڑی،وزن اٹھانے یا کھینچنے کی کل ۔ (عوامی) بدمزاج شخص ؛ تند خو یا چڑچڑا آدمی ۔ (بڑے C سے) بُرجِ سرطان یا سرطان کی صورت منطقۃ البروج ؛ گیگٹا ؛ حبرِّ اثقال ؛ کانٹا ؛ کرک ۔

crab, v.i. کیکڑے پکڑنا ؛ کیکڑے کی طرح پیچھے یا

طرفین میں رینگنا ۔ (فعل متعدی ، عوامی) کیڑے نکالنا؛ شکایت کرنا؛ لڑنا؛ نوچنا؛ کھسوٹنا؛ اُلٹی کھانا ۔

crabby, crabbed, a. بدمزاج؛ ترش ؛ تند ؛ کڑا ؛ کڑوا ؛ بدخُو ؛ چڑچڑا ۔ (عبارت) پیچیدہ ؛ مشکل ؛ کٹھن ؛ دقیق ؛ دُشوار ؛ بدخط ۔

crabbedness, n. بدمزاجی ؛ تندی ؛ ترشی ؛ پیچیدگی؛ کھٹا پن ؛ کڑوا پن ؛ چڑچڑاپن ؛ کج اخلاقی ؛ تُرش رُوئی ۔

crab apple, n. جنگلی سیب ؛ چھوٹا اور کھٹا جنگلی سیب جو جیلی بنانے کے کام آتا ہے ؛ کھٹے سیب کا کوئی درخت ۔

crab cactus, Christmas cactus, n. سرطانی صُبّار یا کیکڑا ناگ پھنی : برازیلی صُبّار جس کے تنے پتّے کی طرح اور پھل پُھول سُرخ ہوتے ہیں ۔

crab grass, n. جنگلی گھاس ؛ فصلی گھاس جس کے پتّے زمین پر لیٹے ہوئے پھیلتے ہیں ، یہ گھاس لان اور سبزہ زاروں کے لیے نقصان دہ ہوتی ہے ۔

crab louse, body louse, n. جوں ؛ چیچڑی ؛ کیکڑا جوں یا جسم میں پڑنے والی جوں : چھوٹا بغیر بازو کے خون چوسنے والا طفیلی کیڑا جو میمل جانوروں کے جسم سے چمٹ جاتا ہے ؛ جم جُوں ۔

crabstick, n. جنگلی سیب کے درخت کی لکڑی سے بنا ہوا ڈنڈا یا دستی چھڑی ۔ (بول چال) بدمزاج یا تند خو شخص ۔

crack, v.t. پھاڑنا ، توڑنا یا پھٹنا ؛ تڑخانا ، ترقانا ؛ شگاف یا دراڑ ڈالنا ؛ تمام حصّوں کو علیحدہ کیے بغیر توڑنا ؛ باہر پھینک دینا یا ہوشیاری یا ذہانت سے چٹر پٹر باتیں کرنا (جیسے : to crack a joke) ؛ تڑاق سے توڑ ڈالنا ؛ بات کاٹنا ؛ کوڑا یا تازیانہ کڑکانا ؛ نقب لگانا ، توڑ کر تجوری کھولنا ، تالہ توڑ کر گھسنا یا حرفی تالے کی خُفیہ کُنجی معلوم کر کے کھولنا ؛ چٹکانا ؛ لڑکانا ؛ بال ڈالنا ؛ درز ڈالنا ؛ شق کرنا ؛ پھٹکارنا ؛ اُنگلیاں چٹخانا ؛ چٹکی بجانا ۔ (فعل لازم) تڑکنا ؛ تڑاخے کے ساتھ ٹوٹنا ؛ پھٹنا ؛ دراڑیں پڑنا ؛ مختلف اجزا میں علیحدہ نہ ہوتے ہوئے ٹوٹ جانا ؛ تیز ، شدید اور اچانک دھماکا ہونا ؛ دباؤ کے تحت ٹُوٹ جانا یا ہار جانا ؛ چٹاخا ہونا ؛ چٹخنا ؛ بال آنا ؛ کڑکنا ۔

crack a book, (عوامی) کتاب کھولنا ، خصوصاً نصاب کی کتاب مطالعے کے لیے کھولنا ۔

crack, n. شگاف یا دراڑ ؛ کسی چیز یا مادّے کے حصّوں کی جزوی طور پر شگاف سے یا بغیر شگاف کے علیحدگی ؛ دھماکا ؛ اچانک تیز اور زور دار آواز ؛ شدید جھٹکا ؛ ذہن یا کردار پر چوٹ ؛ ذہنی یا اخلاقی ضرر یا خلل ؛ خامی ؛ داغ ؛ کڑاکا ؛ سگاف ؛ نشان ؛ کڑک ؛ لکیر ؛ درز ؛ بال ؛ چٹاخا ؛ ضرب ؛ تڑک ۔

crack, a. (بول چال) قابلِ فخر صفات کا حامل ؛ بڑا ؛ عُمدہ ؛ کڑاکے کا ؛ تڑاقے کا ؛ درجۂ اوّلی کا ؛ بہت عمدہ (جیسے : a crack regiment, a crack horse) ۔

crackdown, n. مروجہ قوانین کا اچانک اور سختی سے نفاذ ۔ (فعل لازم) سختی کرنا ؛ سختی سے قوانین نافذ کرنا ؛ سختی سے قوانین پر عمل درآمد کرانا ۔

cracker, n. پٹاخا ؛ گولا ؛ کرارا یا خستہ بسکٹ ؛ آتش بازی کا بارُود بھرا چھوٹا سا گولا جو تیز شور یا وقفے وقفے سے شور و غُل کے ساتھ پھٹے ؛ پھٹ پڑنے والا شخص یا چیز ؛ گپ ؛ سنگھاڑا ؛ مرا ۔

crackers, n. (برطانوی ، عوامی) پاگل ؛ سنکی ۔

cracking, a. بہت اچھا ؛ مُمتاز ۔ (متعلق فعل ، عوامی) جلدی سے ؛ عجلت سے (جیسے : to get cracking) ۔

cracking, n. کشیدِ تیل ؛ کشیدِ پٹرول ؛ پھٹنے ، ٹوٹنے یا الگ الگ ہونے کا عمل ، خصوصاً پٹرول یا مماثل مادّے کی کشید کے سلسلے میں زیادہ حرارت یا دباؤ کے تحت کشید کے ذریعے بعض ہائیڈروکاربنوں کا کم تر درجۂ جوش کے سادہ تر اجزا میں توڑنے کا طریق کار تاکہ کم تر درجہ جوش کی جُزوی کشیدوں سے نسبتاً زیادہ پیداوار حاصل ہو سکے جیسے کہ سادہ کشید کرنے سے حاصل ہوتی ہے؛ انفکاک ۔

crackle, v.i. چٹخنا؛ چرچرانا ؛ کڑکڑانا ؛ تواتر کے ساتھ مدھم مگر اچانک تیز آوازیں نکالنا جیسے جلتی ہوئی لکڑی سے چٹخنے کی آوازیں پیدا ہوتی ہیں ؛ مرتعش یا روشن ہونا (جیسے : Her conversation crackles with enthusiasm) ؛ پھٹنے ، چٹخنے اور دراڑیں پڑنے سے سطح کا تبدیل ہونا (جیسے : Paint, improperly applied may crackle) ۔ (فعل متعدی) مروڑنا یا چٹخنے کی آواز کے ساتھ توڑنا؛ چٹخنے سے بڑی ہوئی چھوٹی چھوٹی لکیروں کا جال بنا دینا جیسا کہ چٹخے ہوئے کانچ یا مٹّی کے برتن پر ہوتا ہے ۔

crackled, a. چھوٹی چھوٹی درزوں یا لکیروں سے بھرا ہُوا جال جیسے ضرب خوردہ کانچ یا چینی کے برتن پر ؛ بُھنے ہوئے گوشت کے ٹُکڑے کی طرح خستہ اور جُھرّیوں سے بھرا ہوا ۔

crackly, a. چٹخنے کی خاصیّت رکھنے والا ؛ آسانی سے چرمر ہونے یا ٹُوٹنے والا ۔

crackle, crackleware, n. چٹخ ؛ بال پڑنے یا چٹخنے کا عمل ؛ درزیں پڑنے یا چرمر ہونے کی آواز ؛ زندہ دلی یا چمک دمک ؛ باریک باریک بال یا لکیروں کا جال جیسا کہ بعض چینی ظروف کے چمکیلے پالش پر ہوتا ہے ؛ اس قسم کے چمکیلے چینی یا دوسرے ظروف ۔

cracklings, n. بُھگڑی ؛ جنوب مشرقی امریکا میں مستعمل اصطلاح جو اس خاکی رنگ کی گُرگُری بھگڑیوں کے لیے مخصوص ہے جو سُؤر کے گوشت کی چربی پکنے کے بعد رہ جاتی ہیں ۔

cracknel, n. کُرکرا بسکٹ ؛ سخت و خستہ کیک یا بسکٹ ۔

crackpot, n., a. خبطی ؛ سنکی ؛ نیم پاگل ؛ باولا ؛ سَربھرا ۔ (عوامی) خبطی یا سنکی شخص جس کے خیالات ہوائی ہوں یا جن سے پاگل پن کا اظہار ہوتا ہو ؛ ہوائی (بات) (جیسے : a crackpot scheme) ۔

crack-up, n. تصادُم ؛ ٹکراؤ ؛ حادثہ یا ٹکر جس کے نتیجے میں گاڑی کی ٹوٹ پھوٹ یا نقصان ہو ۔ (بول چال) کسی شخص کی تندرستی ، خصوصاً ذہنی و جذباتی صحت کی خرابی ؛ سقوط یا ناکامی جیسے مذاکرات ، اتحاد یا سمجھوتے کی ۔

cradle, n. پنگوڑا ؛ پالنا ؛ گہوارا ؛ بچوں کا کھٹولا یا جُھولا ؛ دُودھ پیتے بچّے کا چھوٹا پالنا جو جُھولے کا کام بھی دیتا ہو ؛ ہنڈولا ؛ مہد ؛ جُھولنا ۔ (مجازاً) وہ جگہ جہاں ابتدائی زندگی میں کسی چیز کی پرورش یا پرداخت ہوئی ہو ؛ کوئی بھی چیز جو پنگوڑے سے مشابہ ہو ، مثلاً جہاز کا کٹھرا جس میں بحری جہاز تعمیر یا مرمت کے وقت رکھے جاتے ہیں ۔ (کان کنی) ایک قسم کا مٹی جھاج ، چھلنی یا

شمشویا ؛ ایک خانہ جس میں کان کن سونا ملی مٹّی یا ریت دھوتے اور چھانتے ہیں تا کہ سونا علیحدہ ہو جائے ۔ (زراعت) درانتی کا پنجہ یا درانتی سے جوڑا ہوا لکڑی کا چوکھٹا تا کہ کٹائی کرتے ہوئے گندم کے پودے برابر برابر رکھے جا سکیں ؛ سنگ تراش یا کندہ کار کی چھینی یا فولاد اور تانبے پر نیم رنگ کندہ کاری کا آلہ ؛ سنگ تراش کی چھینی ؛ درانتی پنجہ ؛ چھاج ۔

cradle, v.t., v.i. گہوارے میں ڈالنا ؛ جُھولے چڑھانا (بچّے یا جہاز کو) ؛ ہنگوڑے میں ہونا یا پناہ لینا ؛ کاٹنا (پنجے دار درانتی سے) ؛ کندہ کاری یا نقّاشی کرنا ۔

cradle hill, n. (کینیڈا) چھوٹا ٹیلہ جو درخت کی بیخ کَنی یا اس کو اکھاڑنے سے وجود میں آ جاتا ہے ؛ اونچا ڈھیر ؛ تودہ ۔

craft, n. مہارت ، خصوصاً دستی کام میں ؛ دھوکا دینے کے لیے چالاکی ، تدبیر یا جال ؛ عیّاری ؛ پیشہ یا نوکری جس میں مہارت درکار ہو ؛ کاریگری ؛ دستکاری ؛ تجارت ؛ مجموعی طور پر کسی بیوپار کے لوگ ؛ جہاز جیسے بحری جہاز یا طیّارہ ؛ مجموعی طور پر بحری جہاز یا طیّارے ؛ چھل بٹے ؛ ناؤ ؛ ڈونگا ؛ ڈونگی ؛ چھل جُل ؛ دھوکا ؛ ٹھکائی ؛ فریب ؛ ہُنر ؛ دھندا ؛ پیشہ ؛ حرفہ ؛ کرتب ؛ کام ؛ بیوپار ۔

craftsman, n. دستکار ؛ کاریگر ؛ پیشہ ور ؛ مکینک ؛ دستی کام میں ماہر ؛ صنّاع ؛ ہنر مند ؛ صاحبِ حرفہ ۔

craftsmanship, n. دست کاری ؛ کاریگری ؛ استادی ؛ صنّاعی ؛ حرفیت ؛ ہنرمندی ۔

craft union, n. انجمن کاریگراں ؛ ایک ہی دستکاری یا پیشہ کے مزدوروں کی جماعت یا انجمن ، (جیسے : meat-cutters union) ۔

crafty, a. عیّار ؛ مکّار ؛ حیلہ باز ؛ مہارت یا ہنرمندی کی خصوصیّت کا حامل ؛ چالاک ؛ ہوشیار ؛ کپٹی ؛ چھلیا ؛ دغا باز ۔

craftily, adv. چالاکی سے ؛ عیاری سے ؛ دھوکے بازی سے ؛ چھل سے ؛ فریب سے ؛ جُل سے ؛ دغابازی سے ؛ ٹھگ کر ؛ حیلے سے ۔

craftiness, n. چالاکی ، ہوشیاری ، عیّاری ، مکاری ، مہارت ، ہنرمندی ، فریب دہی ۔

crag, n. ڈھلواں اور ناہموار چٹان ؛ کُھردری اور ٹوٹی پھوٹی چٹان یا اُس کا سِرا ؛ گھاٹی ؛ کڑاڑا ؛ کگر ؛ گلا ؛ گردن ؛ اڑاڑا ؛ ٹیلا ؛ ٹیکری ۔

cragged, craggy, a. ٹوٹی پھوٹی چٹانوں سے بھرا ہُوا ؛ ناہموار ؛ اُونچا نیچا ؛ پتھریلا ؛ کھڑکھڑا ؛ چٹانی ؛ پٹھاری ۔

cragginess, n. ناہمواری ؛ اُونچا نیچا پن ؛ پتھریلا پن ؛ چٹانی ہونے کی حالت ؛ نشیب و فراز ۔

crake, n. کریک ؛ بٹیلو (پرند) ؛ آبچلیکِ صحرائی ؛ لم ڈنگو پرندوں کی مختلف قسموں میں سے ایک ، جو آبچلیک پرندے کے خاندان سے تعلّق رکھتا ہے ۔

cram, v.t., v.i. ٹھونسنا یا (لبالب ، کھچا کھچ) بھرنا ؛ چھکانا ؛ رٹنا ؛ کسی چیز کو دبا کر یا ٹھونس ٹھونس کر برتن کی سمائی سے زیادہ بھرنا ؛ عجلت میں یا لاپروائی سے ٹھونسنا ۔(ان معنوں میں زیادہ تر down یا into کا لاحقہ آتا ہے) (جیسے : to cram all one's belongings into a small suitcase) ؛ ٹھورنا ؛ بہت زیادہ کھلانا ، خصوصاً مرغی کے چوزوں کو تا کہ جلدی سے اُن کا وزن بڑھے اور وہ منڈی میں فروخت کے قابل ہو جائیں ؛ ندیدے کی طرح جلدی جلدی بدتمیزی سے کھانا یا ٹھورنا ؛ دماغ میں عِلم ٹھونسنا یا کم وقت میں امتحان کی تیّاری کے لیے خود رٹنا یا دوسرے کو رٹوانا ؛ ندیدے پن سے کھانا ؛ جلدی میں مطالعہ کرنا جیسے امتحان کے لیے رٹنا ۔

crammer, n. رٹو ؛ رٹنے والا ؛ ٹھونسنے والا ؛ ٹھورنے والا ۔

crambo, n. تُک بندی ؛ قافیہ بازی ؛ انگریزی زبان میں ایک قسم کی بیت بازی ، جس میں ایک شخص ایک لفظ دیتا ہے یا مصرع پڑھتا ہے جس کے جواب میں دوسرا شخص مناسب قافیہ یا مصرع بناتا ہے ؛ کوئی خراب یا سقیم قافیہ ؛ قافیہ پیمائی ؛ بیت بازی ؛ بیت بحثی ۔

cramp, n. آڑ ؛ اڑواڑ ؛ قینچی ؛ قلابہ یا خمیدہ سِروں کی چھوٹی فولادی سلاخ جس سے عمارتی لکڑی ، کڑیاں یا دیوار وغیرہ تھامے رکھنے کا کام لیا جاتا ہے ؛ شکنجہ ؛ سنڈاسی یا ایک اوزار جس کے پیچ کس کر چیزوں کو دبا کے ملایا جاتا ہے ؛ اس لیے ، کوئی بھی شے جو روک ، رُکاوٹ یا بندش بنے ؛ کلاب یا شکنجہ سے پکڑا ہوا یا روکا ہوا حصّہ یا حالت بندش ؛ آنکڑا ؛ سنڈاسی ؛ بند ؛ اٹکاؤ ۔ (فعل متعدی) قلابے یا شکنجے سے پکڑنا یا کسنا ؛ تنگ جگہ میں محدود کرنا ؛ حد بند کرنا ؛ روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ۔ (صفت) مفلوج ؛ کسا ہُوا ؛ پیچیدہ ؛ گنجلک ؛ عسیر الفہم (لفظ یا تحریر) ؛ مشکل ، گانٹھ دار یا اینٹھا ہُوا ؛ شل ۔

cramp one's style, (عوامی) آدمی کو اپنی پوری صلاحیتوں کے استعمال سے روکنا ۔

cramp, n. تشنّج ؛ اینٹھن ؛ مروڑ ؛ موچ آنے یا اچانک سردی کا اثر ہو جانے سے رگ پٹھوں کی اینٹھن ، اکڑن یا مروڑ ؛ اچانک اور شدید دردِ شکم-(جمع) پیڑو میں مسلسل درد جیسا کہ تکلیف دہ ماہواری میں ہوتا ہے ؛ اکڑبائے ۔ (فعل) اینٹھن یا درد سے متأثّر ہونا ؛ اکڑانا ؛ اینٹھانا ؛ متأثّر کرنا ۔

crampfish, n. (علمِ ماہی) رعّاد ؛ برقی شعاع ۔

crampon, crampoon, n. کنڈا ؛ قلابہ ؛ کانٹا ؛ آنکڑا ؛ فولاد کے دو خمیدہ ٹکڑوں پر مشتمل آلہ جو وزنی چیزیں ، مثلاً عمارتی لکڑی یا پتھر اٹھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کیلوں دار فولادی پلیٹ ، جو برف پر چلنے کے لیے جوتے کے تلے کے نیچے لگائی جاتی ہے ۔

cranage, n. کرین/کھالہ یا دَمکلا کے ذریعہ جہاز پر سامان لادنے یا جہاز سے سامان اتارنے کی اُجرت یا کرایہ ۔

cranberry, n. کروندا ؛ سُرخ و تُرش پھل یا گوندنی کے مختلف اقسام کے درختوں میں سے کسی درخت کا پھل ؛ یہ پھل سوس اور جیلی وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے ، خصوصاً امریکن کرین بیری ۔

cranberry tree, snow ball, guelder rose, n. کرین بیری کا پیڑ ؛ ایک درخت یا جھاڑی جس میں سرخ گوندنیاں لگتی ہیں اور سفید گوبیا پُھول ہوتے ہیں ۔

cranberry glass, n. شفاف اور لعلیں بلّور ۔

crandall, n. ہتھوڑا نما اوزار جس سے نرم پتّھر کو چکنا کرتے ہیں ۔ (فعل متعدی) کرینڈل کے ذریعے چکنا کرنا یا بنانا ۔

crane, n. کُونج ؛ کلنگ ؛ لق لق ؛ سارس ؛ جرّ ثقیل ؛ کرین ؛ کوئی بھی لمبی ٹانگوں اور لمبی گردن والا پرندہ ؛ عام طور پر ان سے مشابہ پرندہ ، جیسے نیلا بگلا ، آرڈیا ہیروڈیاز (Ardea herodias) ؛ حمّالہ/دَمکلا : ایک ترکیبی آلہ جس کے ذریعے دو قسم کی حرکات سے بھاری چیز ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جاتی ہے : پہلی عمودی حرکت ، براہ راست اوپر اٹھانے یا نیچے رکھنے کی اور دوسری حرکت اُفقی طور پر لے جانے کی ، یہ آلہ اپنی سادہ ترین شکل میں عمودی طور پر گردش کرنے والے اُونچے کھمبے اور اس کھمبے پر لگے ہوئے ایک لمبے اُفقی بازو پر مشتمل ہوتا ہے، اس بازو میں بھاری چیز لٹکانے کا کندہ نصب ہوتا ہے؛ حمالہ سے مشابہ کوئی اور ساخت، مثلاً انگیٹھی پر پکانے یا گرم کرنے کے لیے برتن لٹکانے کا جھولنے والا افقی بازو ۔ (متحرّک فلم، ٹیلی وژن) کیمرے کو ادھر سے ادھر حرکت دینے والی بَلّی جو اپنے محور پر گھوم سکتی ہے ۔ (بڑے C کے ساتھ) (فلکیات) غرنیق یا کرک نامی جنوبی مجمع الکواکب ۔ (فعل متعدی و لازم) سارس کی طرح گردن کو آگے نکالنا یا پھیلانا ؛ حمّالہ ، دمکلا یا جرّثقیل کے ذریعہ اُوپر اٹھانا ، نیچے رکھنا یا منتقل کرنا ۔

cranial index, n. کھوپڑی کی پُوری لمبائی اور چوڑائی کے درمیان پائی جانے والی نسبت کو سو سے ضرب دینے کا حاصل ۔

cranial nerve, n. قحفی عَصَب ؛ وہ عَصَب یا رگ جو دماغ سے شروع ہو کر کھوپڑی میں سوراخوں سے گزر کر آتی ہے ۔

craniology, n. قحفیات ؛ علمِ سر ؛ کاسۂ سر یا کھوپڑی کی جسامت ؛ حجم ، ساخت اور دیگر خصوصیات کا علم ؛ علم الرأس ۔

craniometry, n. قحف پیمائی ؛ کاسہ سر یا کھوپڑی کے ناپ لینے کا علم/فن ؛ جمجمہ پیمائی ؛ کھوپڑی‌پیمائی ؛ سرکاس پیمائی ۔

cranium, n. قحف ؛ فقری حیوان کی کھوپڑی یا کاسۂ سر؛ کھوپڑی کا وہ حصہ جس کے اندر دماغ ہوتا ہے ؛ جمجمہ ؛ کاسۂ سر؛ کھوپڑی ؛ رأس ۔

cranial, a. قحفی ؛ کھوپڑی کا ؛ جمجمی ؛ سرکاسئی ۔

craniate, a. سرکاسئے ؛ کھوپڑی والا ؛ قحف دار ۔

crank, n. (مشین) کج دُھرا ؛ کرینک ؛ گردانہ ؛ چکر گھنّی ؛ دُھری بھیر ؛ گھمیّا ؛ انتقالِ حرکت کا ایک آلہ یا اوزار جو سادہ ترین شکل میں ایک محور یا دُھری پر زاویہ قائمہ بناتے ہوئے ایک بازو یا دستہ پر مشتمل ہوتا ہے ، یہ بازو عمودی اور دوری دونوں قسم کی حرکتیں دے سکتا ہے ۔ (بول چال) بدمزاج ، چڑچڑا شخص ؛ مراقی ؛ وہ شخص جو خبطی یا ناقابل عمل خیالات کا حامل ہو اور اپنے کٹّر عقائد یا نظریات کا پُرجوش طریقے سے پرچار کرتا رہتا ہو ؛ سنک ، خبط یا وہم ۔ (فعل متعدی) (مشین) کرینک یا گردانہ کے ذریعہ موڑنا یا چکر دینا یا حرکت میں لانا ۔

crankcase, n. گردانہ ڈِبّہ ؛ درون احتراق انجن میں وہ ڈِبّہ جس میں کرینک شافٹ (کج دُھرا) اُس کو دوسرے حصّوں سے جوڑنے والی سلاخیں اور متعلّقہ پُرزے ہوتے ہیں ۔

crankpin, n. کرینک (گردانہ) کے بیرونی سرے کا بیلن یا اُسطوانہ جس میں جوڑنے والی سلاخ لگی ہوتی ہے ۔

crankshaft, n. کرینک شافٹ ؛ کج دُھرا ؛ محور یا دُھرا جو حرکت وصول یا منتقل کرتا ہے ۔

cranky, a. بدمزاج ؛ چڑچڑا ؛ غصہ ور ؛ پیچیدہ ؛ ڈگمگاتا ہوا یا الٹنے پہ مائل (جہاز یا کشتی) ؛ ڈھیلا ؛ بودا ؛ کمزور ؛ علیل ؛ خبطی ؛ مراقی ؛ سنکی ؛ وہمی ؛ متلوّن ۔

crankily, adv. خبطی پن سے ؛ بودے پن سے ؛ جلد بازانہ ۔

crankiness, n. خبط ؛ مراق ؛ بودا پن ؛ کمزوری ؛ وہم ؛ سنک وغیرہ ۔

cranny, n. درز ؛ دراڑ ؛ سُوراخ ؛ چھید ؛ شگاف ؛ روزن ؛ جھری ۔

cranny, v.i. دراڑوں یا شگافوں سے چھلنی ہونا ۔

crannied, a. درز دار ؛ شگاف دار ؛ سوراخ دار ؛ شق دار ؛ پھٹا ہوا ؛ جھری دار ۔

crap, n. ایک قسم کا جُوا ؛ نرد بازی ؛ کریپس میں دو ، تین یا بارہ کی نرد پھینک یا ہارنے والی پھینک ۔ (عوامی) بکواس ؛ ردّی ؛ گمراہ کرنے والے بیان ۔

crap, crap out, v.i. پوائنٹ بنانے سے پہلے سات کا نرد پھینک کر ہار جانا ۔

crap-shooter, n. کریپس کھیلنے والا قمار باز یا جواری ۔

crape, v.t. کریب یا کتان پہنانا یا اڑھانا ۔

crape, n. کتان ؛ جالی ؛ ایک قسم کا باریک چُنٹ دار کپڑا ؛ کریب ۔

crape myrtle, crepe myrtle, n. اصلاً چین کی لمبی جھاڑی جس میں بڑے اور شوخ رنگ پُھول لگتے ہیں ، اب مغربی اور جنوبی امریکا میں بھی سجاوٹ کے لیے کاشت کی جاتی ہے ۔

crappie, n. امریکا کے وسطی علاقوں میں پائی جانے والی چھوٹی قیصانہ ماہی ۔

craps, n. کریپس : ایک جوا یا قسمت کا کھیل جس میں دو نرد ہوتے ہیں ، پہلے جو کھلاڑی سات یا گیارہ کا نرد پھینکے وہ جیت جاتا ہے ، جب کہ پہلی بار دو ، تین یا بارہ کا نرد پھینکنے والا ہار جاتا ہے اور مندرجہ بالا اعداد کے علاوہ کسی اور عدد کو پہلی بار پھینکنے والا اُسی وقت جیت سکتا ہے جب کہ وہی عدد بعد کی پھینکوں میں دُہرایا جائے قبل اس کے کہ سات کا عدد ظاہر ہو ، اگر پہلے عدد کو دہرانے سے پہلے سات کا عدد پھینک دیا تو کھلاڑی ہار جائے گا ۔

crapulous, crapulent, a. شرابی ؛ شراب سے بدمست ؛ بے اعتدالی کی وجہ سے بیمار ؛ شراب پینے سے متعلّق ؛ شراب کا لتی یا دھتّی ؛ مخمور ۔

crapulence, n. کثرتِ مے خواری ؛ شراب زدگی ؛ بے اعتدالی کے سبب بیماری ؛ خمار ۔

crash, v.t. تشدُّد اور شور کے ساتھ ٹُکڑوں میں توڑنا ؛ دھماکے سے توڑنا یا کرچی کرچی کرنا ؛ زور سے اور دھماکے کے ساتھ دھکیلنا ، اندر یا آرپار کرنا یا باہر نکالنا ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کو غیر معمولی حالات میں عموماً ضرر کے ساتھ نیچے اتارنا ۔ (فعل لازم) ٹوٹنا یا گر کر شور کے ساتھ ٹُکڑے ٹُکڑے ہونا ؛ شدید جھنکار یا چھناکے کی آواز پیدا کرنا گویا کہ کوئی چیز ٹکرا کر کرچی کرچی ہو گئی ہے ؛ دھماکے سے یا شور کرتے ہوئے تیزی سے حرکت کرنا یا چلنا ؛ دھماکے سے چوٹ مارنا ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کا غیر معمولی طریقے سے اُترنا ؛

crateral, a. فم البرکانی ؛ آتش فشاں کے دہانے کا یا اس کے متعلّق ۔

cratered, a. آتش فشانی دہانے والا ؛ کاسہ دار ۔

crateriform, a. آتش فشاں کے دہانے کی شکل کا ؛ پیالے کی شکل کا ؛ فم البرکانی ؛ کاسنی ۔

craunch, v.t., v.i., n. دیکھیے : Crunch ۔

cravat, n. گلوبند ؛ مرد کا گلوبند ؛ نک ٹائی ۔

crave, v.t., v.i. خلوص سے مانگنا ؛ خواستگار ہونا ؛ التجا کرنا ؛ استدعا کرنا ؛ التماس کرنا ؛ مہربانی کے لیے گزارش کرنا ؛ آرزو کرنا ؛ طلب کرنا ؛ چاہنا ؛ مانگنا ؛ آرزو مند ہونا ؛ طلبگار ہونا ۔

craver, n. مانگ ؛ ملتجی ؛ طلبگار ؛ طلب ؛ طالب ؛ جویا ۔

craving, n. طلب ؛ شدید اور سچی آرزو ، طلب یا خواہش ؛ دُھن ؛ حسرت ، لَو ؛ لگن ؛ جوع ؛ ہوکا ؛ ہڑک ۔

craven, a. ڈرپوک ؛ بُزدل ؛ بے ہمت ؛ بھگوڑا ؛ بے مایا ۔ (اسم) ڈرپوک ؛ ذلیل ؛ پست ہمت ؛ فرومایہ ؛ وہ شخص جس میں اخلاقی جرأت نہ ہو ؛ بزدلا ؛ ڈرپوک ؛ دَبّو ۔

craw, n. پوٹا ؛ مرغی کے پیٹ سے آگے حلق کی بڑھی ہوئی نالی ؛ اوجھ ؛ جانور کا پیٹ یا معدہ ؛ حوصلہ ؛ کوّا ؛ معدہ پرند ؛ معدہ کِرم ۔

crawfish, n. جھینگا مچھلی ؛ جھینگا ۔ (فعل لازم) وعدے سے پھر جانا یا اپنے مقام سے پسپا ہونا ۔

crawl, v.i. رینگنا ؛ گھسٹنا ؛ کھسکنا ؛ سرکنا ؛ پیٹ کے بل چلنا ؛ جسم کو زمین سے لگا کر اوندھی حالت میں خود کو دھکیلنا یا آہستہ آہستہ حرکت کرنا ؛ ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل دھیرے دھیرے چلنا ؛ پودوں یا بیلوں کا بڑھنا اور پھیلنا ؛ رینگ کر چڑھنا یا رینگتے پھرنا ؛ آہستہ آہستہ یا ڈرتے ہوئے چلنا ؛ یہ محسوس کرنا کہ گویا بدن پر چیونٹیاں رینگ رہی ہیں ؛ سرسری محسوس ہونا ؛ کمینہ یا ذلیل برتاؤ کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ ذلت سے گھسٹنا ؛ بہت آہستہ چلنا ؛ جوں کی چال چلنا ؛ گھٹنیوں چلنا ؛ ہاتھ پاؤں پر چلنا ؛ لُڑھنا ۔

crawl, n. رینگنے یا گھسٹنے کا عمل ؛ رینگنے کی آہستہ حرکت ؛ رینگنے والی تیراکی : تیراکی کا ایک طریقہ جس میں چہرہ نیچے رہتا ہے ، سر دائیں پھر بائیں ہوتا ہے ، ایک کے بعد دُوسرا بازو چلایا جاتا ہے اور پاؤں کے تلوؤں سے پانی کو ٹھوکر ماری جاتی ہے ۔ (برطانوی) ایک شراب خانے سے دوسرے شراب خانے جانا ۔

crawlingly, adv. رینگنے یا گھسٹنے کے انداز سے ۔

crawl, n. سمندر کے کنارے اُتھلے پانیوں میں مچھلیوں اور کچھوؤں کو رکھنے کے لیے گڑھا یا احاطہ ۔

crawler, n. رینگنے یا گھسٹنے والا ؛ بیل ؛ رینگنے والے کیڑے ، مثلاً سانپ اور حشرے وغیرہ ؛ وہ رینگنے والا کیڑا جو مچھلی کو پھانسنے کے لیے بطور چارا استعمال کرتے ہیں ؛ کیچوا ؛ ٹریکٹر کا ہائیدان ؛ بچّے کا لباس ۔

crawl space, n. برچھتی ؛ عمارت میں کھلی جگہ جس میں چیزیں ذخیرہ کی جاتی ہیں اور ہوا کی آمدورفت کا انتظام بھی ہوتا ہے لیکن چھت اتنی نیچی ہوتی ہے کہ آدمی سیدھا کھڑا نہیں ہو سکتا ؛ دو چھتی ۔

crawly, a. سنسنی خیز ؛ رینگتی چیزوں کے لمس کا

دھڑدھڑانا ۔ (اسم) شکستگی ؛ شدید شور کے ساتھ ٹُکڑوں یا کرچیوں کی شکل میں ٹُوٹ پُھوٹ ؛ ٹکرانے اور ٹوٹنے کا دھماکا ۔ (مجازاً) یکا یک اور شدید تباہی یا گراوٹ (جیسے : the stock market crash of 1929) ؛ کسی چیز کے ٹُکڑوں یا کرچیوں میں ٹوٹنے سے پیدا ہونے والا دھماکا یا چھناکا ؛ جھنکار ؛ بجلی کی کڑک ؛ موسیقی میں اونچے سروں کا شور ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کی ٹکرانے سے تباہی ؛ اِرتحال ؛ تصادُم ؛ دھڑاکا ؛ گڑگڑاہٹ ؛ ہبُوط ؛ سقُوط ۔

crash, n. موٹی بافت کا سُوتی یا اُونی کُھردرا کپڑا جس کے تولیے ، کھیس ، پردے وغیرہ بنتے ہیں ؛ جالی ۔

crash, a. ہنگامی حالات میں اہم ، فوری اور شدید کوشش کا یا اس کے متعلّق (جیسے : a crash program to rebuild) ۔

crash dive, n. تیز ڈُبکی یا فوری غوطہ ، جو آبدوز کشتی عموماً طیّاروں یا جنگی جہاز کے حملہ سے بچنے کے لیے لگاتی ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) فوری ڈُبکی یا غوطہ لگانا ۔

crash helmet, n. خود ؛ مضبوط اور اندر سے خوب بھری ہوئی خود یا کلاہ جو حفاظت کے لیے ہوائی جہاز کے پائلٹ ، موٹر سائیکل سوار اور موٹر کار دوڑ میں حصّہ لینے والے پہنتے ہیں ۔

crash-land, v.t., v.i. (ہوا بازی) ہنگامی اتارنا ؛ ہنگامی حالات میں ، جب کہ معمول کے طریق کار پر عمل کرنا ممکن نہ ہو ، ہوائی جہاز کو نقصان پہنچاتے ہوئے زمین پر اتارنا ۔

crash program, n. ہنگامی پروگرام ؛ فوری یا ضروری لائحۂ عمل (پروگرام) جس کو دوسرے تمام پروگراموں پر ترجیح حاصل ہو اور جو سیاسی ، سائنسی یا دیگر اہم شعبوں کے متعلّق ہو ؛ کوئی بھی انتہائی ضروری نصاب یا پروگرام ۔

crasis, synaeresis, n. (گرامر) (سنسکرت) ساندھی ؛ امتزاج حروف علت ؛ دومصوتی انضمام ؛ مصوتی امتزاج ؛ ایک شکل جس کے ذریعے دو مختلف حروف مل کر ایک لمبا حرف بن جاتے ہیں ؛ دو حروفِ علت کی امتزاجی شکل ۔

crass, a. دبیز ؛ بھدّا ؛ موٹا ؛ کُھردرا ؛ وہ رقیق اور جامد اشیا جو نہ پتلی ہوں اور نہ نفیس ہوں ؛ گنجان ؛ احمق ؛ کُند ؛ نپٹ ؛ نہایت ۔

crassitude, crassness, n. دبازت ؛ بھدّا پن ؛ کھردرا پن ؛ موٹا پن ؛ نہایت نادانی ۔

crate, n. کھوکھا ؛ کریٹ ؛ قالب ؛ کالبد ؛ چھابا ؛ ٹوکری یا بید کی بنی ہوئی صندوقچی جس میں چینی یا شیشے کے برتن لے جانے کے لیے رکھّے جائیں ؛ لکڑی کے پتلے تختوں یا پٹّیوں سے بنا ہوا بکس جس میں ترسیل کے لیے چیزیں رکھی جائیں ۔

crate, v.t. ترسیل کے لیے کریٹ یا بکس میں چیزیں رکھنا یا پیک کرنا ۔

crater, n. دہانۂ آتش فشاں ؛ جوالا مکھی ؛ پیالے کی شکل کا گڑھا یا جوف جو آتش فشاں کا سوراخ یا دہن ہوتا ہے ؛ شہاب ثاقب کے گرنے سے بننے والا پیالے کی شکل کا گڑھا ؛ گرم پانی کے چشمہ کا کہاں جیسا منبع یا دہانہ ؛ بم کے پھٹنے سے زمین میں بننے والا سوراخ ، گڑھا یا نشیب ؛ اصلاً ایک بڑا قدح جو قدیم یونانی اور رُومی استعمال کیا کرتے تھے ۔ (برق) مستقل برقی رو استعمال کرنے والے قوسی لیمپ کے مثبت کاربن میں پڑنے والا جوف ؛ بم گڑھا ؛ آتش خیز ۔

احساس ؛ بدن میں سرسری یا سنسنی ڈالنے والا ؛ متلی کا احساس۔

crayfish, crawfish, n. جھینگا مچھلی ؛ میٹھے پانی کی قشری سے تعلّق رکھنے والی بے شمار چھوٹی مچھلیوں میں سے کوئی ایک مچھلی جو لابسٹر سے مشابہ لیکن اس سے چھوٹی ہوتی ہے۔

crayon, n. رنگین کھریا ؛ سفید یا رنگین کھریا سے بنی ہوئی یا موم کی پنسل جس سے کاغذ پر ڈرائینگ (نقاشی) کی جاتی ہے ؛ اس پنسل کی ڈرائینگ یا بنایا ہوا نقش ؛ قلم کھریا۔ (فعل متعدی) کھریا یا موم کی پنسل سے نقش یا خاکہ بنانا۔

craze, v.t. باریک درزیں ، خراش یا بال (چینی یا شیشے پر) ڈالنا ؛ شگاف کرنا ؛ دماغ میں خلل ڈالنا یا حواس کو مخبوط کرنا ؛ پاگل ، سڑی یا دیوانہ بنانا ؛ کچلنا ؛ پیسنا ؛ چُور چُور کرنا ؛ مَسلنا ؛ پاگل کرنا ؛ دیوانہ بنانا ؛ سودائی کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ ناتواں کرنا ؛ رگیدنا ؛ ضعیف کرنا ؛ بل یا طاقت گھٹانا۔ (فعل لازم) بال آنا ؛ (چینی یا شیشے کے ظرف کا) باریک لکیروں والا ہونا ؛ پاگل ہونا۔

craze, n. خراش ؛ برتن کے شیشے ، چینی یا چمکیلے پالش میں پڑا ہُوا بال یا خراش ؛ خبط ؛ حالتِ دیوانگی ؛ کسی دلچسپی والی یا مقبول چیز کے لیے غیر معقول پسندیدگی یا جنون جیسا کہ عوام کے اندر عموماً دیکھنے میں آتا ہے ؛ کسی چیز کے لیے پاگل پن ؛ خبط کی حد تک شوق۔

crazy, a. مجنون ؛ مخبوط الحواس ؛ پاگل ؛ دیوانہ ؛ نادرست ؛ سودائی ؛ مخبوط ؛ سنکی۔ (عوامی) بہت زیادہ شوقین ؛ کسی کے لیے انتہائی آرزومند؛ فریفتہ (ان معنوں میں crazy کے بعد about آتا ہے) ؛ کمزور ؛ بودا ؛ ٹُوٹا ؛ جھوجرا ؛ شِکستہ ؛ حواس باختہ ؛ جھلنگا ؛ باؤلا ؛ بگلا۔

craziness, n. جنون ؛ خبط ؛ دیوانگی ؛ سودا ؛ پاگل پن ؛ سنک ؛ خللِ دماغ ؛ انتہائی آرزو ؛ باؤلا پن۔

crazy bone, کہنی ؛ بدہئیت ہڈی ؛ مرفقہ ؛ شوخ ہڈی۔

crazy quilt, n. رضائی جو عام قاعدے سے ہٹ کر ٹیڑھے میڑھے یاان گھڑبے جوڑ پیوند لگا کر بنائی گئی ہو ؛ رلّی۔

crazyweed, n. لوکو گھاس ؛ حَرکی بیل۔

creak, v.i. چرمرانا ؛ چرمراہٹ یا چوں چوں کی تیز آواز نکالنا جو سخت چیزوں کے باہم رگڑ کھانے سے پیدا ہوتی ہے۔ (فعل متعدی) تیز اور لمبا شور پیدا کرانا ؛ کرکرانا ؛ چرّانا ؛ غرّانا ؛ جھنکارنا ؛ چَرچرانا ؛ چوں چوں کرنا ؛ چیخنا۔ (اسم) چرچراہٹ ؛ چرمراہٹ ؛ رگڑ کی تیز اور سخت آواز۔

creaky, a. چرمر ؛ چرچراتا ہوا ؛ کمزور ؛ بودا۔

cream, n. ملائی ؛ بالائی ؛ کریم ؛ کسی چیز کے اوپر جمنے والی پپڑی یا جھلّی ؛ دُودھ کی چکنائی جو سطح پر جم جاتی ہے ؛ سرِ شیر ؛ کوئی بھی چیز جو ملائی کی حامل یا کھانے میں اس کی لذت سے مشابہ ہو ؛ ایک قسم کی مٹھائی (رس ملائی) ؛ غازہ ملائی۔ (مجازاً) کسی بھی چیز کا بہترین جز ؛ زُبدہ ؛ زردی مائل سفید رنگ ؛ ست ؛ چھالی ؛ لطف ؛ طُرفہ ؛ تحفہ ؛ جوہر ؛ جان ؛ روح ؛ اصل ؛ لبِ لباب ؛ عِطر۔

creamy, a. ملائی دار ؛ ملائی جیسا ؛ چکنا ؛ روغنی ؛ جوہر دار۔

creaminess, n. ملائی پن ؛ چکناہٹ ؛ روغن پن ؛ کریم پن۔

cream, v.t. سنگھار کے لیے مُنہ پر کریم ملنا۔ (عوامی) فیصلہ کن شکست دینا ؛ شکستِ فاش دینا۔

cream, v.i. کریم بننا ؛ اس لیے ، جھاگ اُٹھنا ، جھاگ بننا۔

cream, v.t. دودھ پر ملائی ڈالنا ؛ ملائی نکالنا یا دودھ سے ملائی علیحدہ کرنا ؛ ملائی یا اس کا بہترین حصّہ لے لینا ؛ (چائے یا کافی میں) ملائی ڈالنا۔ (طبّاخی) ملائی اور چینی پھینٹ کر ملائی دار مرکبّ بنانا ؛ ملائی ، دُودھ وغیرہ ملا کر ترکاری کی ہانڈی تیّار کرنا ؛ ملائی اُتارنا ؛ ست یا عطر نکالنا ؛ لُبِ لباب لینا ؛ اُوپر سے چھل لینا ؛ کریم ملانا۔

cream cheese, n. دودھیا یا روغنی پنیر ؛ ملائی یا ملائی کی مقدار کے زیادہ تناسب سے تیّار کردہ کوئی بھی چکنا اور کچّا پنیر ؛ ملائی ملا پنیر۔

creamer, n. ملائی گیر؛ یخ دان : جس میں دودھ کو جمنے اور ملائی بننے کے لیے رکھ دیا جائے ؛ دودھ سے ملائی علیحدہ کرنے کا کفچہ یا آلہ ؛ ملائی رکھنے کا چھوٹا جگ یا ٹھلیا ؛ (مٹی کی گڑوی) یا گاگر۔

creamery, n. مسکہ خانہ ؛ مکھن اور پنیر بنانے کا کارخانہ ؛ دودھ ، ملائی ، مکھن ، کریم وغیرہ فروخت کرنے کی دُکان ؛ وہ جگہ جہاں دودھ کو ملائی بنانے کے لیے رکھا جاتا تھا۔

cream of tartar, n. ٹارٹری ؛ خالص اور شفاف پوٹیشیم بائی ٹارٹریٹ جو بیکنگ پاؤڈر ، ادویات اور کئی ایک دھاتوں کی صفائی میں استعمال کی جاتی ہے۔

crease, n. شکن ؛ سلوٹ ؛ لکیر ؛ چُرس ؛ کریز ؛ خط یا نشان جو کسی چیز کو موڑنے یا تہ کرنے سے پڑ جائے ؛ کوئی بھی ملتا جلتا نشان ، خواہ وہ کیسے ہی پڑا ہو ؛ بعض لکیروں کا نام جو مختلف کھیلوں ، خصوصاً ہاکی ، کے میدان میں بنائی جاتی ہیں ؛ جلد کی جُھرّی ؛ چُنٹ ؛ چین۔

crease, v.t. دوہرا یا تہ کر کے شکن یا سلوٹ ڈالنا ؛ کریز ڈالنا ؛ بندوق کی گولی چھوتے ہوئے گزرنے سے اُوپری زخم آنا ؛ توڑنا ؛ گنجلک ڈالنا ؛ جستہ یا چُرس ڈالنا۔ (فعل لازم) شکن دار یا سلوٹ دار ہونا ؛ جستہ یا چُرس پڑنا ؛ گنجلک پڑنا۔

creasy, a. سلوٹ پڑا ؛ شکن زدہ ؛ لکیر پڑا ؛ جُھرّی دار ؛ گنجلک دار ؛ جستہ دار ؛ چُرس دار۔

creaser, n. ایک اوزار یا سینے کی مشین میں لگا ہوا اضافی پُرزہ جو چمڑے یا کپڑے پر شکن یا نشان ڈالتا ہے۔ (جلد سازی) ایک اوزار جو جلد کی پشت پر فیتے یا ڈوری کے نشان ڈالتا ہے یا سرورق پر شکنیں ڈالتا ہے۔

create, v.t. تخلیق کرنا ؛ وجود میں لانا ؛ پیدا یا خلق کرنا ؛ تخلیق کرنا ، خصوصاً اپنے خیال اور تصوُّر سے ؛ کسی کردار کے پیش کرنے یا اس کی اداکاری میں پہل کرنا ؛ آغاز کرنا ؛ نیا کردار یا نئے کام سونپ کر تشکیل کرنا یا بنانا ؛ ساخت کرنا ؛ بنا ڈالنا ؛ مقرّر کرنا ؛ کسی چیز کا سبب یا موقع ہونا ؛ کسی نتیجہ کے ظاہر ہونے کا باعث بننا ؛ تشکیل دینا ؛ ایجاد کرنا ؛ پیش کرنا ؛ حاضر کرنا ؛ کھڑا کرنا۔ (فعل لازم) وجود میں آنا ؛ پیدا ہونا ؛ تخلیق ہونا ؛ ابتدا ہونا ؛ آغاز ہونا ؛ مقرّر ہونا ؛

پیش ہونا ؛ حاضر ہونا ۔

creation, n. تخلیق ؛ آفرینش ؛ خلقت ؛ کائنات ؛موجودات ؛ پیدایش ، جنم یا تسبّب وجود کا عمل ؛ خصوصاً کائنات کو وجود میں لانے کا عمل ؛ نیا کردار ؛ رتبہ یا اعزاز دینے کا عمل ؛ عطائے خطاب یا مرتبہ ؛ بنانے یا ایجاد کرنے کا عمل ؛ تصنیف ؛ اختراع یا ایجاد ؛ ایسی چیز کی تخلیق جو طبع زاد ، نئی یا خیالی ہو ؛ استقرار ؛ تعیّن ؛ خلق ؛ مخلوق ؛ دُنیا ؛ ہستی ؛ عالم کون و فساد ۔

creational, a. تخلیقی ؛ تخلیق کے متعلّق ؛ جنمی ؛ خلقی ۔

creative, a. تخلیقی ؛ تخلیقی قوّت کا حامل یا تخلیقی عمل کی صلاحیت رکھنے والا ؛ پیدا کار ؛اختراعی ؛ ایجادی ؛ پیدا کرنے والا ؛ ایجاد کُنندہ ؛ مُوجِد ؛ خلاّق ۔

creatively, adv. تخلیقانہ ؛ موجدانہ ۔

creativeness, n. تخلیقی صلاحیت ؛ خالقیت ؛ اختراعیت ؛ قُوّتِ ایجاد ؛ پیداکاری ۔

creativity, n. تخلیقی یا اختراعی صلاحیت ؛ قُوّت و صلاحیّتِ تخلیق ۔

creative evolution, n. (فلسفہ) تخلیقی ارتقا ؛ قُوّت حیات کے باعث کائنات کی مسلسل تشکیل یا تخلیقی ارتقا ۔

creator, n. مُوجد ؛ تخلیق کار ؛ پیدا کار ؛ مسّبب ؛ مُشکِل ؛ خالق ؛ کَرتا ؛ مُختَرِع ؛ پیدا کرنے والا ؛ پیدا کنندہ ؛ آفرینندہ ۔ (بڑے C کے ساتھ) الخالق ؛ الخلاّق ؛ خالقُ الکُلْ ؛ آفرینندۂ کائنات ؛ کرتار ؛ سرجن ہار ۔

creature, n. مخلوق ؛ آفرینش ؛ کوئی بھی جاندار یا بے جان چیز جو تخلیق کی گئی ہو یا بنائی گئی ہو ؛ جاندار وجود ؛ حیوانِ مُطلق ؛ حیوانِ ناطق یا انسان ؛ کوئی چیز جو کسی اور چیز سے پیدا ہو یا جسے کوئی اور چیز پیدا کرے ؛ نتیجہ یا حاصل ؛ آوردہ ؛ پروردہ : وہ شخص جس کی ترقی ، خوش بختی یا تموّل کسی دوسرے شخص کی مہربانی اور اثر کی بدولت ہو ؛ جاندار ؛ پیدایش ؛ جانور ؛ حیوان ؛ خلق ؛ مخلوقات ؛ بندہ ؛ بشر ۔

creaturely, creatural, a. مخلوق یا مخلوقات کا ؛ تخلیق کے متعلّق ؛ حیوانی ؛ بَشَری ۔

creature comforts, n. زندگی کی آسایشیں ؛ جسمانی یا مادّی آرام کی اشیا ، جیسے خوراک ، کپڑا اور مکان ؛ ضروریاتِ زندگی ؛ مایحتاج ۔

creće, n. (برطانوی) دارالصبیّان ؛ وہ ادارہ جہاں کم معاوضہ پر دن بھر کے لیے چھوٹے بچّوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے ؛ بن ماں باپ کے بچّوں کا دارالامان ؛ ناند (دانے کا برتن) اور مقدس خاندان کی تمثیل ؛ دارالاطفال ؛ پرورش خانہ ۔

credence, n. یقین ؛ اعتبار ؛ اعتماد ؛ عقیدہ ؛ ایسی شہادت پر اعتبار جو شخصی معلومات کے علاوہ دیگر ذرائع سے حاصل ہو جیسے دوسرے لوگوں کی گواہی ۔ (کلیسیات) تبرّکات کی چھوٹی میز جس پر عشائے ربّانی کے نان اور شراب قربان گاہ کے قریب نذرونیاز کی رسم سے پہلے رکھے جاتے ہیں ۔

credent, a. اعتقادی ؛ اعتمادی ؛ تیقنی ؛ معتقد ؛ معْتمد ؛ مستند ؛ خُوش اعتقاد ۔

credendum, n. عقائد ؛ وہ چیز جس پر اعتقاد ہو ؛ جزوایمان ؛ عقیدہ ۔

credential, n. وثیقۂ تقرّر ؛ سندِ اعتبار ؛ اعتماد یا ساکھ کی سند ۔(جمع) تعارفی مراسلے ، تصدیق نامے ، وثیقہ جات یا دستاویزات جن سے کسی شخص کا اعتماد ، ساکھ یا اختیار قائم ہو ؛ استوار نامہ ؛ اعتماد نامہ ؛ سند ؛ وثیقہ ؛ مختار نامہ ۔

credential, a. اعتماد کی بُنیاد فراہم کرنے والی ؛ اعتماد ؛ استواری ؛ اسنادی ؛ توثیقی ۔

credenza, n. برتنوں یا کتابوں کے لیے پایوں کے بغیر الماری ۔

credible, a. قابلِ اعتماد ؛ قابلِ یقین ؛ معتبر ؛ ایسا جس پر یقین کیا سکے ؛ سچ اور ٹھیک ہونے کے لحاظ سے معتبر یا بھروسے کے قابل (شخص ، چیز یا روایت) ؛ قرینِ عقل ؛ قابلِ اعتبار ۔

credibility, credibleness, n. ثقاہت ؛ معتبریت ؛ صداقت ؛ اعتمادیت ۔

credibly, adv. معتبرانہ ؛ بالیقین ؛ قابل اعتماد طریقے سے ؛ قابل یقین طور پر (جیسے : to be credibly informed) ۔

credit, v.t. باور کرنا ؛ یقین کرنا ؛ مستقبل میں ادائیگی کی بنیاد پر قرض دینا یا بیچنا ؛ اُدھار بیچنا ؛ بھروسا کرنا ؛ بہی کھاتے میں جمع رقومات کے خانے میں لکھنا یا اندراج کرنا ؛ اعتبار کرنا ؛ کسی شخص یا چیز سے منسوب کرنا ؛ تعلیم میں تحصیلِ علم کے تسلیمی نشان دینا ؛ کریڈٹ ۔

creditable, a. قابلِ قدر ؛ تعریف کے قابل ؛ پسندیدہ ؛ مستحسن ؛ توصیف ، اعتماد ، عزت یا نیک نامی کی شہرت کا مستحق ؛ قابلِ تعریف ؛ قابلِ اعتبار ؛ قابلِ اعتماد ؛ اچھا ؛ خاصا ۔

creditability, n. نیک نامی ؛ ساکھ ؛ اعتبار ؛ شہرت ؛ عزت داری ؛ بھروسا داری ؛ اعتمادیت ۔

creditably, adv. نیک نامی سے ؛ خوبی سے ؛ ذلت یا خامی کے بغیر ؛ لائقِ تعریف طور پر ، اچھی طرح ؛ بخوبی ۔

credit, n. ساکھ ؛ اعتماد ؛ کسی چیز کے صادق یا ثقہ ہونے پر اعتماد ؛ یقین ؛ بھروسا ؛ کسی صفت یا عمل کے لیے کی گئی تائید یا عزت ؛ شہرت یا اثر جو دوسروں کے اعتماد یا اچھی رائے پر مبنی ہو ؛ بھرم ؛ آبرو ؛ نیک نامی ؛ عزت ؛ پت ؛ رفعت ؛ رسوخ ؛ نیک کاموں سے حاصل شدہ اقتدار ؛ تجارت میں بھرم ، پت یا ساکھ ؛ مستقبل میں ادائیگی کی بنیاد پر اشیا کی فروخت یا قرض ؛ اشیا کی فروخت یا اعتماد کی بُنیاد پر خدمات کے معاوضہ کی ادائیگی کے لیے مقررہ میعاد میں توسیع ؛ کھاتے میں جمع رقم جس کی ضمانت پر روپیہ لیا جا سکے ۔ (کھانہ داری) مجرائی رقم جو کھاتے میں جمع کرانے والے کے نام سے چڑھائی جائے ؛ کھاتے کے دائیں جانب اندراجِ ادائیگی یا کوئی اور اندراج جس سے مقروض کے قرض میں کٹوتی یا منہائی ظاہر کی جائے ؛ کھاتے کے دائیں جانب درج کوئی بھی رقم یا رقوم کی کل میزان ؛ جمع ؛ وصول ؛ قرض ؛ یافتنی ؛ اُدھار ؛ کسی سے کسی فعل یا وصف کا انتساب ؛ انتساب ؛ اِتصاف ۔ (تعلیم) کسی خاص تعلیمی نصاب میں طالبِ علم کے مطالعہ یا کام کا اندراج یا تسلیماتی نشان ؛ وقعت ؛ قرضہ ؛ آمد ؛ مان ؛ حُرمت ؛ عزت ؛ اعتبار ؛ امتیاز ؛ دین ۔

credit card, n. کریڈٹ کارڈ ؛ پرچی یا چھوٹا کارڈ جس کا حامل بعض اشیا اور خدمات ، جیسے طعام ، سکونت ، پٹرول یا دیگر

چیزیں نقد ادائیگی کے بغیر حاصل کر سکتا ہے؛ ادھار کارڈ ۔

credit line, n. سطر ماخذ ؛ حاشیہ ؛ مطبوعہ کتاب ، مضمون یا تماشے (فلم ، ڈرامہ وغیرہ) میں ماخذ ، حوالہ یا کسی شخص کی خدمات کا اظہار و اعتراف ؛ دُکان ، بنک یا ایسے ہی کسی ادارے سے ادھار پر سامان یا قرض لینے کی انتہائی حد ۔

creditor, n. قرض خواہ ؛ ساہوکار ؛ لین دار ؛ مہاجن ؛ قرض دہندہ ؛ قرض پر اشیا یا روپیہ دینے والا ؛ وہ شخص جس کی ادائیگی واجب ہو ۔

credit union, n. انجمن قرضہ ؛ انجمن امداد باہمی جس میں اراکین روپیہ جمع کر کے سودی بیوپار کریں اور خود کم شرح سود پر قرض لے سکیں ۔

credo, n. عقیدہ ؛ ایمان : خاص کر وہ مسیحی عقائد جو نیقیہ کی مجلس نے لازمی قرار دیے تھے ؛ عقیدے پر مبنی مناجات یا بھجن ، عمومی طور پر نیقیہ عقیدے کی مناجات ؛ کوئی بھی عقیدہ یا اس کے بُنیادی اصول ؛ اعتقاد نامہ ۔

credulous, a. سریع الاعتقاد ؛ خوش اعتقاد ؛ کافی ثبوت کے بغیر یقین کرنے والا ؛ آسانی سے دھوکا کھانے والا ؛ باتیں بنانے والے اور باتوں میں آ جانے والے کے درمیان تعلّق کا نتیجہ (جیسے : a con man's credulous victim.) ؛ بھولا ؛ سادہ لوح ؛ زودیقین ؛ سیدھا سادا ؛ سادا ۔

credulousness, credulity, n. خوش اعتقادی ؛ سادہ لوحی ؛ بھولا پن ؛ سادہ دلی ۔

Cree, n. شمالی امریکا کا ایک انڈین قبیلہ جو پہلے مینی ٹوبا ، سسکیچوان اور مونٹانا میں پایا جاتا تھا ؛ کری قبیلے کی الگون کوئن زبان ۔

creed, n. معتقدات ؛ عقائد کا مجموعہ ؛ چار رسولوں ، یا نیقیہ کی مجلس یا اثنا سی عقیدے کے مطابق دینِ مسیحی کے ارکان ؛ عمومی معنوں میں کسی بھی مذہب یا فرقے کے ایمانی ارکان کا نظام ؛ عقائد یا نظریات کا نظام ؛ مسلک ؛ مذہب ؛ عقیدہ ؛ دھرم ؛ دین ؛ کلمہ ۔

creedal, credal, a. ایمانی ؛ عقائدی ؛ اصولی ؛ مسلکی ۔

creedless, a. لامسلک ؛ لامذہب ؛ بے اصول ؛ بے ایمان ؛ بے عقیدہ ؛ بے مذہب ۔

creek, n. کھاڑی ؛ خلیج ؛ چھوٹی ندی یا دریا کی شاخ ؛ نالا ۔ (برطانوی) چھوٹی کھاڑی یا خلیج ؛ تنگ اور پیچ دار راستہ ؛ جوف جبال ؛ ندی ؛ کُول ۔

Creek, n. مسکوجین انڈین قبائل کا ایک طاقتور اتحاد جو پہلے الاباما ، جارجیا اور شمالی فلوریڈا کے بڑے حصے پر قابض تھا ؛ کریک انڈین قبائل کی مسکوجین زبان ۔

creel, n. بید کی ٹوکری ؛ خصوصاً وہ ٹوکری جس میں مچھلی کے شکاری پکڑی ہوئی مچھلیاں رکھتے ہیں ؛ مچھلیاں اور جھینگے پھانسنے کے لیے بید کا بُنا ہوا پھندا ؛ تاگا بنانے کے چرخے میں چرخی یا ریل کو تھامنے والا چوکھٹا ۔

creep, v.i. رینگنا ؛ پیٹ کے بل چلنا ؛ خزندہ (رینگنے والے جانور) کی طرح جسم کو زمین سے لگائے ہوئے رینگنا ؛ بچّے کی طرح گھٹنوں اور ہاتھوں کے بل چلنا ؛ آہستہ ، چھپکے چھپکے یا دبے پاؤں حرکت کرنا ؛ پھسلنا ، گھسٹنا یا آہستہ آہستہ ایک جگہ سے دوسری جگہ تک کھسکنا ۔ (فلزیات) ٹھونکنے یا زیادہ درجۂ حرارت کی وجہ سے دھات کا شکل بدلنا ۔ (نباتیات) پھیلنا یا سطح پر اُگ آنا ؛ بیل چڑھنا ؛ سہج سہج چلنا ؛ ہولے ہولے یا دھیمے دھیمے چلنا ۔

creeping, a. رینگتا ہوا ؛ خزندہ ؛ رینگنے والے کے متعلّق (جیسے : a creeping vine.) ۔

creep, n. رینگ ؛ رینگنے کا عمل ؛ خوف کا تکلیف دہ احساس (خوف سے جسم میں سنسنی پیدا ہونا یا چیونٹیاں سی چلنا) ؛ احاطہ جس میں صرف چھوٹے یا بچّے جانور داخل ہو سکتے ہوں ۔ (عوامی) عجیب اور قابلِ نفرت شخص ؛ ایسا شخص جس سے گھن آئے ۔

the creeps, (بول چال) گھن اور خوف کا احساس جیسے سردی کے باعث رونگھٹے کھڑے ہو جانے کی حالت عموماً give کے مفعول کی حالت میں مستعمل ہے ۔

creepy, a. گھبراہٹ ، کپکپاہٹ اور خوف کا احساس پیدا کرنے والا ؛ گھٹیا ؛ سستا ۔

creepiness, n. گھبراہٹ ؛ کپکپاہٹ ، خوف کا احساس ۔

creeper, n. لتا ؛ غلطاں بیل ؛ رینگنے والا ؛ رینگ کر چڑھنے والا (جیسے کوئی پودا) ؛ رینگنے والا شخص یا کوئی شے ؛ چھوٹے پاؤں والی مرغی کی ایک نسل ؛ درختوں یا جھاڑیوں میں رینگنے یا چلنے والے پرندوں میں سے کوئی ایک (جیسے : the black - and - white creeper) ؛ بیل یا وہ پودا جو ڈنٹھلوں کو آگے بڑھا کر زمین پر پھیلتا ہے یا دیوار یا درخت پر چڑھتا ہے (جیسے : Virginia creeper) ؛ آنکڑا یا کانٹا جس میں پھنسا کر دریا کی تہ سے چیزیں نکالتے ہیں ؛ پھسلن روکنے والا جوتے کی ایڑی میں لگانے کا کیلوں دار لوہے کا ٹکڑا ۔ (جمع) الگ الگ ہو جانے والا بچّوں کا لباس جو کپڑے کے ایک ہی ٹکڑے سے بنا ہوا ہو ؛ رینگ بیل ؛ رینگ کیڑا ۔

creese, kris, crease, n. جمبیا ؛ چھوٹی تلوار یا وزنی خنجر جس کا پھل لہریا ہوتا ہے ، اسے ملایا کے لوگ استعمال کرتے ہیں ؛ شکن ؛ سلوٹ ۔

cremate, v.t. آگ سے جلا کر ختم کرنا یا خاک کرنا ؛ جلانا ، خصوصاً مردہ جسم یا لاش کو جلا کر خاک کرنا ۔

cremation, n. احراق نعش ؛ لاش کو جلا کر خاک کرنے کا عمل یا رسم کِریا کرم ؛ میّت سوزی ؛ مردہ سوزی ؛ نعش سوزی ۔

cremationist, n. میت کو دفنانے کے بجائے جلانے کا حامی ؛ حامی لاش سوزی ۔

cremator, n. میّت سوز ؛ لاشوں یا دیگر چیزوں کو جلانے کی بھٹی ۔

crematory, a. میّت سوزی کا یا اس کے متعلّق ۔

crematory, n. مرگھٹ ؛ لاشوں یا دیگر چیزوں کو جلانے کی بھٹی یا جلانے کا کام سرانجام دینے والا ادارہ ۔

crematorium, n. شمشان ؛ مُردہ جسموں یا لاشوں کو جلانے والی بھٹی یا یہ کام کرنے والا ادارہ ؛ لاش بھٹی ۔

créme, n. کریم ؛ ملائی ؛ ملائی کی طرح کا مرکّب یا رقیق ؛ ایک قسم کی گاڑھی ، روغنی یا شربتی شراب ۔

créme de cacao, n. چاکلیٹ اور ونیلا

کی خوشبو والی میٹھی شراب ۔

creme de la créme, n. بہترین ؛ عُمدہ ترین جُز یا حصّہ ؛ عطرِ عطیر ؛ جوہر ؛ لفظی معنی : ملائی کی بھی ملائی ؛ ستُّ الست ۔

creme de menthe, n. پودینے کی مہک والی سبز یا سفید شراب ۔

Cremona, n. (اطالوی) کرمونا : وائیولن یا بیلے کا عام نام ، کیونکہ یہ ساز سترھویں اور اٹھارویں صدی عیسوی میں شُمالی اٹلی کے شہر کرمونا میں بنایا جاتا تھا ۔

crenel, crenelate, crenellate, n. کنگرہ؛ فصیل ؛ قلعہ کی فصیل کے کنگروں میں روزن یا خالی جگہ ؛ گول کٹاؤ یا دندانہ ؛ روزنِ فصیل ۔ (فعل متعدی) فصیل میں کنگروں کے درمیان روزن یا مورچے بنانا ۔ (فن تعمیر) سانچے سے مربع دندانے بنانا ۔

crenelated, crenellated, a. کنگرہ دار ؛ روزن دار ؛ دندانے دار ؛ مورچہ دار (فصیل) ؛ کنگورے دار ۔

crenulate, crenulated, a. پتّے ، گھونگے یا سیپ کی طرح چھوٹے چھوٹے دندانوں میں ، کٹا ہوا(کنارا)؛ کنگرہ دار ؛ کنگورے دار ۔

creodont, n. جنس کریوڈونٹا (Creodonta) سے متعلق ابتدائی گوشت خور میمل جانوروں میں سے کوئی ایک ، اِن جانوروں کے دماغ چھوٹے ہوتے تھے ، انہیں موجودہ گوشت خور جانوروں کا جدّ امجد خیال کیا جاتا ہے ۔

Creole, n. کری اول ؛ اصلاً ، مغربی مجمع الجزائر ہند اور ہسپانوی امریکا میں وہ شخص جو ان علاقوں میں پیدا ہوا ہو مگر جس کے والدین یورپی ، عموماً ہسپانوی ، نسل کے ہوں ؛ اسی طرح ، لوزیانا اور دیگر امریکی علاقوں میں پیدا ہونے والی فرانسیسی والدین کی اولاد ؛ عمومی معنوں میں ، امریکی ملکوں میں پیدا ہونے والا غیر مُلکی سفید فام والدین کا بچّہ ، اس طرح کری اول اصلی باشندوں (آدی باسیوں) کی اولاد یا دوغلی نسل کے بچّوں سے مختلف ہوتا ہے ۔ (صفت) کری اولی ؛ کری اول کا ، اس کے متعلق یا اس کی خصوصیات کا حامل (جیسے : a Creole dialect, Creole French) ۔

creole, a. ملک میں پرورش پانے والا مگر غیر ملکی اصل یا نسل کا جیسے (جانور یا پودا) ۔ (طبّاخی) ٹماٹر اور کالی مرچ سے بنی ہوئی چٹنی کے متعلّق ، جو چاول یا گوشت کے ساتھ کھائی جاتی ہے ۔

creolized, a. ایسی زبان کے متعلّق جو دو زبانوں کا آمیزہ ہو ۔

creosol, n. (کیمیا) ایک بے رنگ اور روغنی رقیق جس کی بُو خوشگوار اور مزا چرپرا ہوتا ہے ، یہ کاربالک تیزاب سے مشابہ رقیق گواکم یا پاک چوبہ درخت کے گندہ بروزہ اور رال سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

creosote, n. (روغن) قطران ؛ ایک روغنی رقیق جس کا مزا چرپرا اور بو تیز ہوتی ہے ، گندہ بروزہ سے کشید کر کے نکالا جاتا ہے اور اسے بطور تحفظی جز یا جراثیم کُش دوا کے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) قطران سے تحفّظ کرنا یا خراب ہونے سے بچانا ؛ قطران سے جراثیم کو مارنا ۔

creosote bush, n. شمالی میکسیکو اور نواحی علاقوں کی ایک سدابہار جھاڑی ، جس کے رالی پتوں سے قطران کی سی تیز بُو آتی ہے ؛ قطران جھاڑی۔

crêpe, crape, n. کریب ؛ ریشم ، روئی یا کسی اور ریشہ کا باریک اور ہلکا پھلکا کپڑا جس کی نفیس سطح شکن دار یا سلوٹی ہوتی ہے ؛ خصوصاً اس قسم کا سیاہ یا سفید ریشمی کپڑا جو ماتمی نقاب بنانے یا کپڑے پر لیس ، فیتہ وغیرہ لگانے کے کام آتا ہے ؛ اس کپڑے کا فیتہ یا ٹُکڑا جو ماتمی نشان کے طور پر باندھا جائے ۔ (فعل متعدی) کریب سے ڈھانپنا ، لپیٹنا یا کریب کا لباس پہنانا ؛ سلوٹیں یا بل ڈالنا ؛ حلقوں یا چھلوں کی شکل دینا ۔

crêpe de Chine, n. چینی کریب ؛ ہلکا پھلکا ، نرم اور باریک ریشمی کپڑا جس کی سطح پر چھوٹی چھوٹی شکنیں ہوتی ہیں ۔

crêpe myrtle, crêpe myrtle, n. مہندی کریب ؛ حنا کریب ۔

crepe paper, n. کریب پیپر ؛ سجاوٹی کاغذ جو کریب کپڑے کی طرح شکن دار ہوتا ہے ، جو پیکٹوں کی نفیس بستہ بندی یا دیگر تزئینی مقاصد کے کام آتا ہے ۔

crepe rubber, n. کریب ربر ؛ کیمیائی طریقے سے تیّار کردہ ربر جس کی سطح شکن دار ہوتی ہے اور جو عام طور پر جوتوں کے تلے بنانے کے کام آتا ہے ؛ کُھردرا ربر جو شکن دار تختوں کی شکل میں بنایا جاتا ہے ۔

crepe suzette, n. نانِ شیریں یا کُلچہ جسے لپیٹ کر یا تہ دے کر نارنگی کی چٹنی کے ساتھ گرم کیا جاتا ہے اور شراب کی مہک دے کر گرم گرم کھانے کے لیے پیش کیا جاتا ہے ۔

crepitate, v.i. چٹخنا ؛ تیز آوازوں کے ساتھ جلدی جلدی ٹوٹنا ، جس طرح آگ میں جلنے سے نمک ٹوٹتا ہے ؛ ٹُوٹنا پُھوٹنا ؛ ایک دم دو ٹکڑے ہونا ؛ چرچرانا ؛ کُڑکُڑانا ۔

crepitant, a. چٹختا ہوا ۔

crepuscule, n. جُھٹ پُٹا ؛ دُھندلکا ؛ شفق ؛ فلق ۔

crepuscular, a. جُھٹ پُٹے یا دُھندلکے کے متعلّق ؛ ٹمٹماتا ہوا ؛ صبح کے جُھٹ پُٹے میں (سورج نکلنے سے پہلے) یا شام کے دھندلکے میں ظاہر ہونے والے یا اڑنے والے (پتنگے) ۔

crescendo, a. (موسیقی) چڑھتا ہوا(سُر): رفتہ رفتہ سُروں کا چڑھنا یا شدت اختیار کرنا ، سُروں کی اُترائی یا گھٹاؤ کے برعکس ؛ (اسم) (سُروں کے) زور یا اونچائی میں اضافہ ؛ چڑھائی کا رستہ ؛ اونچا سُر ؛ تلّانا ؛ آروہی ۔

crescent, n. ہلال ؛ نیا یا آخری ہفتے کا چاند ؛ اپنی پہلی یا آخری چوتھائی میں چاند کی کُروی ، جوفی یا محدّب ، مجوّف شکل ؛ ترکوں یا مسلمانوں کا مِلّی نشان ؛ اس لیے ، ترکوں یا مسلمانوں کی طاقت ؛ کوئی بھی ہلال نُما چیز ؛ مثلاً ہلالی شکل کی نان ؛ قوس یا محراب ؛ قوس ؛ ماہ نو ۔ (صفت) قوسی ؛ ہلالی ؛ بڑھتا یا پھیلتا ہوا ، جیسے پہلی چوتھائی کا چاند ؛ ہلال نما یا ہلالی شکل کا ۔

crescentic, a. ہلالی یا ہلال کی شکل کا ؛ قوسی ؛ محرابی ۔

crescive, a. بڑھتا ہُوا ، نمو پاتا ہوا یا ارتقائی ، نمو پذیر ۔

cresol, n. (کیمیا) تین بے رنگ اور زہریلے ہم ترکیب فینالوں (کاربالک تیزاب) میں سے کوئی ایک ، یہ فینال لکڑی کے یا قدرتی کوئلے میں پایا جاتا ہے اور جراثیم کُش دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

cress, n. کاہو ؛ ہالم ؛ ترہ تیزک ؛ جرجار ؛ شاہی ؛

چنسُر ؛ سلاد کے طور پر استعمال ہونے والے مختلف پودوں میں سے کوئی ایک ، مثلاً آبی کابو جو عموماً ندیوں کے پانی پر اُگتی ہے اور جس کا چرپرا مزا ہوتا ہے یا باغ کی کاشت کردہ چھوٹی سلاد ۔

cresset, n. مشعل ؛ قندیل ؛ شمع دان ؛ چراغ یا آگ کی سگڑی /ہانڈی جسے روشنی کے لیے ستون پر لٹکایا جاتا ہے یا لوہے کی تیلیوں دار ٹوکری یا پنجرے میں رکھّی ہوئی راہ دکھانے والی روشنی ؛ گرجا میں سجاوٹی قندیل ؛ شمع ؛ قمقمہ ۔

crest, n. اوج ؛ فراز ؛ کلغی ، گُچھّا ، تاج ، جٹا یا بالوں کا گُپھّا یا جانور کے سر پر کوئی اور قُدرتی ابھار ، مثلاً مرغ کی کلغی ؛ کوئی بھی چیز جو ایسے اُبھار یا چوٹی سے مشابہ ہو ۔ (نقابت) وہ نشان جو خاندانی مارکہ کی سپَر کے اوپر (اکثر امتیازی شناخت کے لیے) ، نقش کیا جاتا ہے ؛ کسی بھی چیز کا سر یا اُوپر کا حصّہ ؛ پہاڑ کی چوٹی ۔ (مجازاً) بلند ترین یا بہترین قسم یا چیز ۔ (فن تعمیر) سجاوٹی شے جو عمارت یا دیوار پر سب سے اُوپر نصب کی جائے ؛ پہاڑی سلسلہ کا اوپری حصّہ یا سلامی؛چھت کی مگری ؛ گھوڑے یا کُتّے کی گردن کا اوپری حصّہ ؛ چوٹا ؛ مینڈ ؛ ایال ؛ طُرّہ ؛ عُرف ؛ چوٹی ؛ چونڈا ؛ میگری ؛ اُبھار (ہڈّی وغیرہ کا) ؛ گھوڑے کی ایال ؛ موج کا جھاگ دار اوپری حصّہ ۔ (قدیم) چھت یا سامنے کی دیوار پر تزئین کے لیے پتھّر کاری ۔ (فعل متعدی) کیس یا تاج لگانا ؛ چوٹی یا گُپھّے کا کام دینا ؛ تاج پہنانا ؛ چوٹی تک پہنچنا ؛ ٹوپی پہنانا ۔ (فعل لازم) چوٹی بن جانا (موج کی) ؛ پانی کی جھاگ ہو جانا ؛ سَر یا چوٹی پر ہونا ۔

crested, a. گُپھّے دار ؛ چوٹی والا ؛ کلغی دار ؛ طرّے دار ؛ کیس دار ؛ پھنی ؛ پھنیلا ؛ کفچہ دار ۔

cresting, n. دیوار یا چھت کی مگری پر پتّھر ، دھات یا کسی اور چیز کی آرایشی تنصیب ۔

crestless, a. بے کلغی کا ؛ بے تاج کا ؛ چوٹی کے بغیر ۔

crestfallen, a. سرنگوں ؛ افسردہ ؛ حوصلہ ہارا ہوا ؛ پِٹا ہُوا ؛ جُھکا ہُوا ؛ دل شکستہ ؛ شرمندہ ؛ سرجھکائے ؛ دُم دبائے ؛ کان دبائے ؛ من مارے ؛ ہمت ہارے ؛ ٹُوٹے دل ۔

cretaceous, a. چاکی ؛ تباشیری ؛ کھریا کی خاصیّت کا ؛ کھریا کا بنا ہُوا ؛ گچ صفت یا چُونے سے پُر ؛ گچی ؛ کھریا مٹی کی قسم کا ۔ (بڑے C کے ساتھ) (ارضیات) میان حیاتیہ دور کے آخری عہد سے متعلّق ، جو ۷۰ سے ۱۱۱ ملین سالوں تک جاری رہا اور جس میں دیو پیکر رینگنے والے یا خزندہ جانور معدوم ہونے اور میمل جانوروں کی پیدایش کا آغاز ہوا ؛ اس عہد کی ارضیاتی پرتوں کے متعلق جن میں بہت زیادہ چُونا ہوتا تھا ۔

Cretaceous, n. (ار ضیات) عصر چاکی ؛ کھریا جُگ ؛ عہد گچ/گچ ؛ چونے کا زمانہ ۔

Cretan, a. بحر روم کے جزیرہ کریٹ یا اس کے باشندوں کا یا اس کے /ان کے متعلّق ۔

Cretan, n. کریٹ کا باشندہ ۔

cretin, n. کری تن ؛ قمئی ؛ فاترالعقل یا مرض کری تنی میں مبتلا شخص ۔

cretinism, n. (امراضیات) ابلہیت ؛ پرانا یا لاعلاج مرض جو غدّہِ درقیہ میں لعاب کی کمی یا اس کے اخراج میں گڑبڑ کے باعث ہوتا ہے ، اس بیماری کی وجہ سے جسمانی بے ڈول پن ، نشوونما کی رُکاوٹ ، عقل کا فتور اور کئی مریضوں میں گلہڑ (گائٹر) کی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں ۔

cretonne, n. کری ٹون ؛ ایک قسم کا گف اور پھول دار سوتی کپڑا ؛ سطح کی مختلف بُناوٹوں کا سُوتی کپڑا جس پر تصویری اور دیگر نقوش چھپے ہوتے ہیں اور جو پردوں یا صوفے پر چڑھانے کے کام آتا ہے ۔

crevasse, n. درز ؛ دراڑ یا شگاف (عموماً گلیشیر میں پڑنے والی) ؛ امریکا میں دریائی بند میں پڑنے والی دراڑ کو بھی کہتے ہیں ۔ (فعل متعدی) دراڑ ڈالنا ؛ درز ڈالنا ۔

crevice, n. درز ؛ شگاف ؛ دراڑ ؛ روزن ؛ سوراخ ۔

crew, n. ملّاح ؛ مانجھی ؛ کارکنانِ جہاز ؛ جہازی عملہ ؛ ٹولی ؛ جرگہ ؛ جتّھا ؛ مخصوص کام پر متعیّن افراد کا عملہ (جیسے a train crew) ۔ (جہاز رانی) جہاز یا کشتی پر کام کرنے والے اشخاص کی جماعت ؛ جہازی کمپنی کے عام ملاح ؛ جہازی کمپنی کا ایک خاص گروہ جو کسی مخصوص کام کا ذمّہ دار ہو (جیسے : gunnery crew) گروہ یا بھیڑ ، حقارت آمیز معنوں میں ۔

crew cut, n. چھوٹے کٹے ہوئے بال ؛ خشخاشی بال ؛ بالوں کی مخصوص تراش جس میں کھوپڑی پر مہین بال رہ جاتے ہیں ۔

crewel, n. ملا جُلا اونی ، خالص ریشم یا اُون کا عمدہ تاگا ، جس سے کشیدہ کاری اور دیگر نفیس کام کیے جاتے ہیں ؛ کچّے ریشم یا سُوت کی کشیدہ کاری ۔

crewel-work, n. ریشمی یا اُونی تاگے سے کی ہوئی کشیدہ کاری یا کشیدہ کاری کا کام ۔

crib, n. بچّے کا پالنا ؛ پنگوڑا یا کھٹولا جس کے گرد عموماً اونچا کٹہرا لگا ہو ؛ جانوروں کے چارے کی ناند ، کُھرلی ، کُنڈالی یا کھور ؛ احاطہ یا باڑا جس میں مویشی بند کیے جائیں ؛ مرغیوں کا دڑبہ ؛ ماہی ٹوکرا ؛ نیوبھرت ؛ غلہ بھرنے کا کھٹلا ؛ تنگ کمرہ یا کوئی بھی چھوٹی کوٹھڑی ؛ چھوٹی موٹی چوری ۔ (بول چال) ترکیبیں جو طلبہ امتحان میں نقل کرنے کے لیے اختیار کرتے ہیں ، مثلاً صحیح جوابوں کی فہرست ، ترجمہ یا کوئی اور ممنوعہ امدادی پرچی جو چھوٹی گھوڑی کہلاتی ہے ۔ (فعل متعدی) تنگ احاطے یا کوٹھری میں بند کرنا ؛ احاطہ ، دڑبہ یا ناند مہیّا کرنا ؛ لکڑی یا تختوں کی قطار لگانا ۔ (بول چال) کسی مصنف کی عبارت چُرا لینا یا سرقہ کرنا ؛ چوری سے ترجمہ کرنا ۔ (فعل لازم) بند ہونا ۔ (بول چال) چھوٹی موٹی چوری یا سرقہ کرنا ؛ طلبہ کا ترجمے یا کسی اور غیر قانونی ذریعے سے امتحان میں نقل کرنا ۔

cribber, n. نقلچی ؛ بند کرنے والا ؛ چُرانے والا ؛ امتحان میں نقل کرنے والا ۔

cribbage, n. تاش کا ایک کھیل جو دو یا تین یا چار کھلاڑی کھیل سکتے ہیں ، اس کھیل کی خاص بات ''کرب'' ہوتی ہے ، یعنی کھلاڑیوں کے پھینکے ہوئے غیر اہم یا ان کی دانست میں بیکار تاش کے پتّوں کا مجموعہ ۔

cribbing, cribbiting, n. ہوا نکالی ؛ ہوا نوشی ؛ گھوڑے کی خود کو نقصان پہنچانے والی یہ عادت کہ چارا کھاتے وقت زور زور سے سانس لیتے ہوئے دانتوں سے توبڑا بھی چباتا ہے ۔

crib death, n. بچّوں کی ناگہانی موت کا عارضہ ۔

cribriform, a. غربالی ؛ چھلنی کی شکل کا ؛ غربال نما ؛ غربال شکل ؛ چھوٹے چھوٹے سوراخوں سے چھدا ہوا ۔

crick, n. رگ پٹھوں کا تکلیف دہ تشنّج یا اکڑا پن ، خصوصاً گردن یا پشت میں ؛ جھٹکا ؛ اکڑن ؛ اکڑاؤ ؛ تشنّج عضلہ ؛ گردنی تشنّج ؛ کسی عضو کی اکڑن ؛ اینٹھن ؛ کچک ۔ (فعل متعدی) رگ پٹھوں میں جھٹکا آنا ۔

cricket, n. جھینگر ؛ جس کا نر اپنے دونوں بازوؤں کو ایک دوسرے سے رگڑ کر چرغنے اور چوں چوں کرنے کی آواز نکالتا ہے ۔

cricket, n. کرکٹ ؛ گیند بلّا ؛ انگلستان کا ایک مقبول میدانی کھیل جو گیارہ گیارہ کھلاڑیوں پر مشتمل دو ٹیموں کے درمیان گیند ، بلّے اور وکٹوں کی مدد سے کھیلا جاتا ہے ؛ باعزّت یا شریفانہ چلن ۔ (فعل لازم) کرکٹ کھیلنا ؛ گیند بلّا کھیلنا ۔

crier, n. منادٖ ؛ ڈھنڈورچی ؛ بُلارا ؛ مُعلّن ؛ نقیب ؛ چلّانے والا ؛ آواز لگانے والا ؛ عدالت یا بلدیہ کا سرکاری ملازم جو سرکاری اعلانات کرتا ہے ؛ سامان فروخت کرنے کے لیے آواز لگانے والا ؛ پھیری والا ۔

crime, n. جرم ؛ گناہ ؛ خطا ؛ خلاف قانون کام ؛ خلاف ورزیِ قانون ؛ کوئی فعل یا بُھول ، خصوصاً سنگین نوعیت کا جو عوامی بہبود کے لیے نقصان دہ اور خلاف قانون ہونے کے باعث قابل تعزیر ہو ؛ انسانی قانون کی سنگین خلاف ورزی (جیسے : steeped in crime) ؛ عام طور پر کوئی بھی جرم یا قصور جو سنگین نوعیّت کا ہو ؛ اس لیے سنگین غلط کاری ۔

Crimean, a. کریمیائی ؛ شُمال سے بحرِ اسود میں دُور تک پھیلے ہوئے جزیرہ نمائے کریمیا کا یا کریمیا کے متعلّق ، جیسے جنگ کریمیا ، جو ترکی ، برطانیہ ، فرانس اور سارڈینیا نے ۱۸۵۴ء سے ۱۸۵۶ء تک روس کے خلاف ، زیادہ تر کریمیا کے جزیرہ نُما میں ، لڑی تھی ۔

criminal, criminous, a., n. مجرم ؛ فوجداری ؛ مجرمانہ ؛ جرم کا مرتکب ؛ خاطی ؛ ناجائز ؛ خلاف قانون (فعل) ، جرم کی نوعیت کا ؛ ایسے افعال کے متعلّق جو سرکاری قانون کے خلاف ہوں ؛ تقصیر وار ؛ گناہ گار ؛ عاصی ؛ بدکار ۔ (قانون) تعزیری جرائم کے متعلق : دیوانی تنازعات کے برعکس ؛ فاسد ، جرم کا مرتکب شخص ؛ وہ شخص جس کے خلاف جرم کی سزا سنائی گئی ہو یا جسے مقدّمہ کے نتیجہ میں مجرم پایا گیا ہو ؛ خطا کار ؛ بدمعاش ؛ مُوذی ؛ پاپی ۔

criminality, n. معصیت ؛ گنہ گاری ؛ خطا کاری ؛ مجرمیت ؛ بدکاری ۔

criminal law, n. قانون فوجداری ؛ جرم و سزا کے متعلق قانون ۔

criminate, v.t. جرم کا الزام لگانا ؛ قصور وار ٹھہرانا ؛ مطعون کرنا ؛ مجرم گرداننا ؛ قابل ملامت سمجھنا ؛ جرم یا مواخذہ جُرم میں ملوث کرنا ؛ الزام دھرنا ؛ ماخوذ کرنا ؛ مجرم ٹھہرانا ۔

crimination, n. اتہام جرم ؛ قصور وار ٹھہرانے یا مطعون کرنے کا عمل ؛ الزام دہی ؛ الزام جرم ۔

criminative, criminatory, a. الزامی ؛ جرمی ؛ الزام کے متعلّق ؛ جرم کے بارے میں ؛ الزام دہ ۔

criminology, n. جُرمیّات ؛ علم جرائم ؛ جُرم ، عقوبت اور سزایافتہ اشخاص نیز مُجرموں کے طرز عمل کا سائنسی مطالعہ ۔

criminologist, n. ماہر جُرمیّات ؛ جرم و عقوبت کا عالِم ؛ عالِمِ علمِ جرائم ۔

criminological, a. جرمیّاتی ؛ علمِ جرائم یا جرمیات کا ۔

criminologically, adv. جرمیّات کی رُو سے ۔

crimp, v.t. (بالوں کو) گھونگریالا یا لہریا بنانا ؛ کٹاؤ بنانا ، جھالر یا جُھرّیاں ڈالنا ؛ چنٹ یا شکن ڈالنا ؛ موڑنا کناروں کو (دھات کے کاموں میں) ؛ شکل بنانے کے لیے موڑنا ؛ کسی چیز کے سرے ملا کر شکنجہ سے دبانا ؛ مسدود کرنا ، روکنا یا رکاوٹ ڈالنا ۔ (طبّاخی) گودنا یا کچوکے لگانا (مچھلی کے گوشت کو) چاقو سے تا کہ زیادہ سخت ہو کر پکنے میں خستہ ہو جائے ۔ (اسم) کوئی شکن دار یا مڑی تڑی چیز ؛ گھونگریالے یا لہریا بال ؛ موڑنے یا دبانے کی مشین یا شکنجہ ؛ لہریا اُونی ریشے ؛ روکنے یا رکاوٹ ڈالنے والی چیز ؛ جوڑنے جکڑنے یا اٹکانے کے مقصد سے دھات کی تختی پر بنایا ہؤا ابھار یا شکن ۔

crimpy, a. شکن دار ؛ گھونگریالا ؛ لہریا ؛ لہر دار ؛ خستہ ؛ مُڑا ہوا ؛ بُھربُھرا ؛ کرارا ؛ مُرمُری ۔

crimp, n. فوج میں بھرتی یا جہاز کو نوکر فراہم کرنے والا دلال : وہ شخص جو فوج میں بھرتی یا جہاز پر نوکری کے لیے لوگوں کو سبز باغ دکھا کر یا دھوکا دھڑی سے پھانستا ہو (مجازاً) ٹھگ ؛ عیّار ؛ پھانسنے والا ۔ (فعل متعدی) فوج میں بھرتی کے لیے دلالی کرنا ؛ پھانسنا ؛ لالچ دینا ۔

crimson, n. قرمزی ، ارغوانی یا گہرا سُرخ رنگ ؛ گہرے ، شوخ یا ارغوانی سُرخ رنگوں کے سلسلے میں سے کوئی رنگ ۔ (صفت) گہرے سرخ رنگ کا ؛ لال ؛ سُرخ ؛ قرمزی ؛ برمجی ؛ ارغوانی ؛ لالہ گوں ۔ (فعل متعدی) گہرا سرخ رنگنا ؛ سُرخ بنانا ۔ (فعل لازم) گہرے سُرخ رنگ کا ہونا ؛ سُرخ ہونا ؛ شرمانا یا شرم سے سرخ ہونا ۔

cringe, v.i. جُھکنا ؛ دبنا ؛ سُکڑنا ؛ خوف یا غلامانہ ذہنیت کے باعث دبکنا ؛ نہوڑنا ؛ دُم ہلانا یا لَلّو پتّو کرنا ؛ کھینچنا ؛ تاننا ؛ لجاجت کرنا ؛ سماجت کرنا ؛ خوشامد کرنا ۔ (اسم) لجاجت ؛ تملّق ؛ بے غیرتی کی خوشامد ؛ غلامانہ و خوشامدانہ فرمانبرداری ؛ قدم بوسی ۔

cringer, n. چاپلوس ؛ خوشامدی ؛ للو پتو کرنے والا ؛ بے غیرت خوشامدی ۔

crinkle, v.i., v.t. بَل دینا یا موڑنا ؛ شکنیں ڈالنا ؛ ہلکورے یا لہریں پیدا کرنا ؛ چھوٹی اور تیز آوازیں نکالنا ؛ سرسرانا ؛ لپیٹنا ؛ اینٹھنا ؛ جُھرّی ، شکن ، چرس یا جُستہ ڈالنا ۔ (اسم) موڑ یا بل ؛ جُھرّی ؛ ہلکورا ؛ جھنکار ؛ لپیٹ ؛ پیچ ؛ شکن ؛ چُرس ؛ جُستہ ۔

crinkly, a. مُڑا تُڑا ؛ شکن دار ؛ جُھرّی دار ۔

crinoline, n. ایک قسم کا بکرم ؛ کلف دیا ہوا سُوتی کپڑا جو لباس کے بعض حصّوں میں سختی پیدا کرنے کے لیے کپڑے اور استر کے درمیان رکھا جاتا ہے ؛ سخت کپڑے کا پیٹی کوٹ جسے ماضی میں عورتیں لمبے اسکرٹ کے نیچے پہنتی تھیں ؛ گھیرے دار سایا ۔

criollo, n. ہسپانوی امریکہ میں پیدا ہونے والی یورپی ، خصوصاً ہسپانوی والدین کی اولاد ؛ پالتو جانور کی کوئی نسل جس کی نشوونُما لاطینی امریکا میں ہوئی ہو ۔

criosphinx, n. مینڈھے کے سر کا ابوالہول ۔

cripple, n., a. اپاہج ؛ کمتر ؛ لنگڑا لُولا ؛ اعضا سے محروم شخص ؛ معذور ؛ جزوی طور پر ناکارہ یا لنگڑا آدمی یا جانور ؛ لُنجا ۔ (فعل متعدی) اعضا کو توڑ کر ناکارہ بنانا ؛ لنگڑا کرنا ؛ اپاہج بنانا ؛ لُنجا کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ بے دست و پا کرنا ؛ ہاتھ قلم کرنا ؛ بے بس کرنا ۔

crisis, n. بُحران ؛ نازک وقت ؛ پیچیدگی ؛ خطرناک موقع یا حالت ؛ بیماری میں ایسی تبدیلی جو شفا یا موت کی علامت ہو ؛ فیصلہ کُن مرحلہ یا وہ نُقطہ جس پر کوئی معاملہ اپنی انتہا تک پہنچ چُکا ہو اور اب اس کا اختتام یا اس میں کوئی بُنیادی تبدیلی ناگزیر ہو ؛ فیصلہ کُن موڑ ؛ آزمایش کا وقت ؛ آفت ؛ مرحلہ ؛ پیچیدگی ؛ قضیّہ ۔

crisp, a. کُرکُرا ؛ بُھربُھرا ؛ کرارا ؛ خستہ ؛ آسانی سے ٹوٹنے یا ٹُکڑے ٹُکڑے ہونے والا ؛ کرچی کرچی ہونے والا ؛ ایک حد تک مضبوطی اور تازگی رکھنے والا ؛ تازہ ؛ تیز اور جھاگ دار ؛ چمک دار ؛ گھونگر والا یا چھوٹے چھوٹے اور سخت گھونگروؤں یا چھلّوں کی شکل میں بل کھایا ہوا ؛ پیچیدہ ؛ خمیدہ ؛ کھرا ؛ بے ریا ؛ جُھری دار ؛ بل دار ؛ پیچ دار ؛ مُرمُری ۔ (فعل متعدی) گھونگر ڈالنا ؛ چھلّے بنانا ؛ جُھرّیاں ڈالنا ؛ چھوٹے چھوٹے چکرّوں کے گھونگر ڈالنا ؛ ہلکورے ڈالنا ؛ مروڑنا ؛ مروڑ دینا ؛ اینٹھنا ؛ بٹنا ؛ پیچ و تاب دینا ۔ (فعل لازم) چھوٹے چکّر یا گھونگر بنانا یا گھونگریانا ۔ (اسم) (برطانوی) آلو کے باریک تلے ہوئے قتلے ۔

crispness, crispiness, n. کُرکُرا پن ؛ بھربھرا پن ؛ کرارا پن ؛ خستہ پن ؛ گھونگریالا پن ۔

crispy, a. گھونگریالا ؛ چھلّوں کی شکل میں موڑا ہوا ؛ کُرکُرا ؛ سکھایا ہوا تا کہ بُھربُھرا ہو جائے ؛ خستہ ۔

crispate, crispated, a. خستہ ؛ کُرکُرا ؛ گھونگریالا ؛ شکن دار ؛ بل دار ؛ جعدی ۔

crispation, n. تجعید ؛ گھونگریالا بنانے کا عمل یا گھونگریالا ہونے کی حالت ؛ تھوڑی اینٹھن ؛ تھوڑا لہریا پن ؛ لہراہٹ ؛ موجیّت ؛ لہریت ۔

crisper, n. گھنگریالا کرنے یا ہونے والا ؛ کپڑے میں چُنٹّیں ڈالنے والا آلہ ؛ برّادہ یا تبریدی مشین/ریفریجریٹر میں سبزیاں تازہ رکھنے کا خانہ ۔

criss-cross, n. کرم کانٹے ؛ ٹیڑھی ترچھی لکیریں ؛ چلیپا ؛ اس شخص کا بنایا ہوا آڑی ترچھی لکیروں کا نشانِ جو لکھ نہیں سکتا ؛ بچّوں کا کھیل : ٹِک ٹیک ٹو ؛ آڑی ترچھی لکیروں یا لہروں کا جال ۔ (صفت) چلیپائی ؛ آڑی ترچھی ؛ متقاطع ؛ ایک دوسرے کا راستہ کاٹتے ہوئے ۔ (متعلّق فعل) آڑے ترچھے طریقے سے متقاطع طور پر ؛ چلیپائی انداز میں ۔ (فعل متعدّی و لازم) متقاطع لکیریں بنانایا ایسی لکیروں سے نشان لگانا ؛ آڑی ترچھی لکیریں بنانا ؛ کرم کانٹے بنانا ۔

cristate, cristated, a. عرفی ؛ عرف دار ؛ کلغی یا طرہ دار ؛ گُبھّے دار ؛ گبھیلا ۔

criterion, n. کسوٹی ؛ معیار ؛ جانچ کا معیار یا اصول ؛ پرکھنے کی کسوٹی ؛ تسلیم شُدہ قانون ، قاعدہ ، اصول یا حقیقت جس کی روشنیُ میں صحیح فیصلہ کیا جا سکے ؛ محک ؛ امتحان ؛ پہچان ۔

critic, n. نقّاد ؛ تنقید نگار ؛ ناقد ؛ رائے زن ؛ وہ شخص جو بعض معیاروں ، اصولوں یا کسوٹیوں پر پرکھ کر رائے دینے یا تبصرہ کرنے کی مہارت رکھتا ہو ؛ فنونِ لطیفہ کی قدر یا خُوبی جانچنے والا ؛ مصنّف جو خصوصاً ادب و فن کو پرکھتا ہے ؛ تبصرہ نگار ؛ سختی سے پرکھنے والا ؛ نُکتہ چیں ؛ معترِض ؛ خامیاں نکالنے والا ؛ دقیقہ سنج ؛ باریک بیں ؛ خردہ گیر ؛ حرف گیر ؛ نُکتہ سنج ؛ نُکتہ دان ۔

critical, a. تنقیدی ؛ تنقید کے متعلّق ؛ مبصرانہ ؛ معترضانہ ؛ سخن سنجانہ ؛ نقاد کے فن سے متعلّق ؛ ادبی اور فنی تخلیقات پر رائے زنی کرتے ہوئے باریک فرق کی نشان دہی پر مائل ؛ باریک بیں ؛ دقیقہ رس ؛ مشکل پسند/نازک مذاق ؛ پرکھنے میں سختی یا نکتہ چینی پر مائل ؛ بیماری کے بُحران یا نقطہِ انفصال کے متعلّق ؛ کسی بھی بحران کے متعلق ؛ فیصلہ کُن ؛ نتائج کے اعتبار سے اہم ؛ نازُک ؛ نہایت اہم ؛ خطرے سے مملُو ؛ خطرناک ؛ اندیشہ ناک ؛ دقیق ؛ باریک ؛ بُحرانی ؛ انتقادی ؛ دقیقہ سنج یا شناس ۔

critically, adv. تنقیدی طریقے سے ؛ اچھی طرح دیکھ بھال کر یا جانچ پرکھ سے ؛ ٹھیک وقت پر ؛ نازک صورتِ حال ، مقام یا حالت میں ۔

criticalness, n. نقد و نظر ؛ نزاکت ۔

critical angle, n. (بصریات) زاویہِ فاصل : ایک واسطے سے دوسرے کم انعطافی واسطے میں داخل ہونے والی شعاع کا اُس وقت زاویہ وقُوع جب کہ وہ محتوی سطح پر آتی ہے ۔

critical point, n. (طیرانیات) نُقطہِ فاصل ؛ طیّارے کی اڑان کے دوران وہ مقام یا نُقطہ جہاں سے منزل تک پہنچنے میں اتنا ہی وقت لگے جتنا مقامِ پرواز پر واپس آنے میں لگتا ہے ۔

critical temperature, n. (طبیعیات) فاصل تپش : گیس کا وہ درجۂ حرارت جس کے اُوپر کوئی بھی دباؤ ، خواہ کتنا ہی زیادہ کیوں نہ ہو اُسے رقیق نہیں بنا سکتا ۔

criticism, n. تنقید ؛ نقد ؛ تبصرہ ؛ ادب یا کسی فنِ لطیفہ کی تخلیق کے محاسن و معائب کو پرکھنے کا فن ؛ کسی بھی کام کی قدر جانچنے کا طریقہ ؛ تنقیدی فیصلہ ؛ ادبی متون کی تاریخ ، ابتدا وغیرہ کا تفصیلی اور تنقیدی جائزہ ؛ تنقید یا نقدونظر ؛ انتقاد ؛ دقیقہ سنجی یا شناسی ؛ نُکتہ چینی ؛ حرف گیری ؛ خُردہ گیری ۔

criticize, (Brit.) criticise, v.i. محاسن و معائب کا اندازہ لگاتے ہوئے تنقیدی طریقے سے پرکھا جانا ؛ عیب چین ہونا ؛ نُکتہ چین ہونا ۔ (فعل متعدی) تنقیدی طریقے سے جانچنا یا پرکھنا ؛ جانچنے کے بعد خوبیوں یا خامیوں کے متعلق فیصلہ کرنا ۔

criticizable, a. قابلِ تنقید ۔

critique, n. فنِ انتقاد ؛ تنقید ؛ فنِ تنقید ؛ فنِ نقد ؛ تبصرہ ؛ تقریظ ؛ تنقیدی تحقیق ؛ کسی کام ، خصوصاً ادب پارہ یا دیگر فنون لطیفہ کی تخلیق کی قدر کا تحریری اندازہ ؛ تقریض ۔

critter, n. (امریکی بولی) مخلوق ؛ پالتو جانور ۔

croak, v.i. گلے سے دھیمی اور بیٹھی ہوئی آواز نکال کر مینڈک یا کوے کی طرح شور کرنا ؛ دھیمی اور کھوکھلی آواز میں باتیں کرنا ؛ بُری فال نکالنا ؛ شکایت کرنا ؛ بڑبڑ کرنا ۔ (عوامی) مر جانا ۔ (فعل متعدی) دھیمی اور کھوکھلی آواز میں بولنا ؛ کُھس پُھس کرنا یا کانا پُھوسی کرنا ؛ دھیمی اور لگی ہوئی آواز میں اعلان کرنا ۔ (عوامی) مار ڈالنا ؛ مرنا ؛ ٹر ٹر ، کائیں کائیں یا گُھوں گُھوں کرنا ؛ بُڑبُڑانا ؛ بُری آواز نکالنا ؛ جان سے گُزرنا ؛ مصیبت کے شگون نکالنا ؛

زمانے میں دھات کا کوئی بھی آکسائیڈ ؛ آج کل لوہے کے آکسائیڈ کا سفوف جس سے دھات کے برتنوں پر جلا کی جاتی ہے ؛ آہنی قلعی۔

croft, n. (برطانوی) مزرعہ ؛ باڑا ؛ زمین کا چھوٹا قطعہ جس کے گرد جنگلا یا باڑ لگی ہو اور جو کاشت کے لیے یا چراگاہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہو ؛ بہت چھوٹا زراعتی کھیت جیسے کہ اسکاٹ لینڈ میں کسانوں کے کھیت ہوتے ہیں ؛ گھیر۔

crofter, n. (برطانوی) شریک مزارع ؛ چھوٹے کھیت میں کاشت کرنے والا ؛ اسکاٹ لینڈ میں چھوٹے کھیت کا مزارع ؛ شکمی کاشتکار ؛ شکمی پٹّے دار ؛ شریک کاشتکار۔

crofting, n. مزارعت ؛ چھوٹے کھیت کی شکمی پٹّے داری یا شریک کاشت کاری ؛ مزارع کا چھوٹا کھیت ؛ زراعت کاری ؛ شکمی کاشت کاری ؛ شریک کاشت کاری۔

croissant, n. آٹے کی ہلالی شکل کی روٹی جس کی ابتدا فرانس میں ہوئی۔

Croix de Guerre, n. ایک فوجی تمغہ جو فرانس میں امتیازی بہادری کے اعتراف میں دیا جاتا ہے۔

Cro-Magnon, a. [فرانس کے ایک غار کرومینن کے نام پر] کرومینني ؛ ما قبل تاریخ کے اُس گروہ کے متعلّق جس کے لوگ سیدھے اور لانبے قد کے ہوتے تھے ، جنوب مغربی یورپ میں رہتے تھے اور ہڈیوں اور پتھروں کے اوزار استعمال کرتے تھے۔(اسم) کرومینني انسان۔

cromlech, n. مینار ؛ لاٹھ ؛ زمانۂ ما قبل تاریخ میں (غالباً) قبر کی یادگار جو دو یا زیادہ ناتراشیدہ زمین پر کھڑے پتھّروں پر ایک بڑا آڑا پتھّر رکھ کر بناتے تھے۔

crone, n. بُڑھیا ؛ ڈھڈّو ؛ چنڈال ؛ بوڑھی بھیڑ ؛ بوڑھی عورت کے لیے حقارت آمیز اصطلاح۔

crony, n. یار غار ؛ قریبی ساتھی ؛ لنگوٹیا یار ؛ گہرا دوست ؛ سہیلی ؛ بہنیلی۔

crook, n. ترسول ؛ آنکس ؛ آنکڑا ؛ مُڑا ہُوا یا خمیدہ اوزار یا کوئی چیز ؛ ہُک ؛ کسی بھی چیز کا مڑا ہُوا حصّہ ؛ آلہ یا اوزار جس کا ایک حصّہ مڑا ہُوا ہو ، جیسے گڈریے کا ڈنڈا یا اسقف (بشپ) کا عصا ؛ ٹیڑھا کرنے یا موڑنے کا عمل ؛ موڑ ، خم ، بانک ۔ (بول چال) بے ایمان آدمی ؛ خصوصاً بدمعاش ، دھوکے باز ، چور ۔ (فعل متعدّی) کسی چیز کو ٹیڑھا کرنا یا زاویہ نُما بنانا ؛ جُھکانا ؛ خم دار بنانا ؛ خمیدہ کرنا موڑنا ؛ اندر کی طرف موڑنا ۔ (بول چال) دھوکا دینا یا چرانا ۔ (فعل لازم) جُھکنا ؛ مڑنا ؛ کج یا خم ہونا۔

crooked, a. مُڑا ہُوا ؛ وہ جو سیدھا نہ ہو ؛ خم دار ؛ خمیدہ ؛ بل کھایا ہُوا ؛ مسخ شُدہ ؛ ٹیڑھا ؛ کُبڑا ؛ بے ڈول ؛ کُوزہ پُشت ؛ خمیدہ کمر ؛ بنگا ؛ بے ایمان ؛ دھوکے باز ؛ غیر متمدّن ؛ کھوٹا ؛ چال باز۔

crookedness, n. ٹیڑھ پن ؛ ٹیڑھا پن ؛ چالاکی ؛ دھوکے بازی ؛ خمیدگی ؛ چال ؛ فریب ؛ عیّاری ؛ کھوٹ۔

crooked knife, n. (کینیڈا) ٹیڑھے پھل کا چاقو جس کو انڈین ڈونگی اور برف پر چلنے کے لیے جُوتوں کے چوکھٹے بنانے کے واسطے استعمال کرتے ہیں۔

Crookes tube, n. [انگریز سائنس دان سر ڈبلیو کُروکس کے نام پر] کُروکس نلی ؛ ایک نلی جس میں سے ہوا نکال کر خلا پیدا کر دیا جاتا

بلاؤں کی پیشگوئی کرنا۔

croak, n. دھیمی اور بیٹھی ہوئی تُند آواز جیسی کہ مینڈک یا کوے کی آواز ہوتی ہے ؛ ٹرٹر ؛ ٹراہٹ ؛ کائیں کائیں ؛ غائیں غائیں۔

croaky, a. ٹرانے یا بُڑبُڑ کرنے والا۔

croaker, n. ٹر ٹر یا کائیں کائیں کی آواز نکالنے والا شخص یا چیز ؛ ایک مچھلی جو بیٹھی ہوئی آواز نکالتی ہے ؛ عادی شکایت کرنے والا یا بُڑبُڑ کرنے والا ؛ بدفال گو۔

Croatian, Croat, a. بحر ایڈریاٹک کے مشرق میں واقع علاقہ کروشیا ، اس کے عوام اور ان کی سلاوی بولی کے متعلّق۔

crochet, n. کروشیا ؛ آنکڑا ؛ سوزن کاری ؛ کروشیا کاری ؛ ایک قسم کی بُناوٹ جو ایسی سوئی سے کی جاتی ہے جس کے ایک طرف ہک یا آنکڑا ہوتا ہے جس کے ذریعے تاگا یا سوت کھینچ کر پھندے کی جگہ لاتے ہیں ؛ سوزن کاری سے بنائی ہوئی چیز ؛ موزہ کاری۔ (فعل متعدی و لازم) کروشیا سے بُننا یا بافت کرنا ؛ کاڑھنا ؛ موزہ یا شال بُننا۔

crocheter, n. کروشیا کار ؛ سوزن کار ؛ کروشیا سے بُننے والا۔

crock, n. مٹّی کا برتن ۔ (برطانوی بولی) صراحی یا مٹکا ؛ برتن یا کیتلی کی کالک ؛ کُوزہ ؛ ٹھیکرا ۔ (فعل متعدی) (برطانوی بولی) زخمی یا اپاہج کرنا ؛ کالک سے گندا کرنا ؛ تھکا دینا ؛ رہ جانے پر مجبور کرنا ۔ (فعل لازم) (برطانوی بولی) بیمار پڑنا ؛ رگڑنے پر کپڑے کا رنگ چھوڑ دینا۔

crockery, n. مٹّی کے برتن ؛ پکّی ہوئی مٹی یا چمکدار چینی کے ظُرُوف ؛ چینی کے برتن ؛ کراکری۔

crocket, n. پُھول بُوٹے ؛ ایک عمارتی سجاوٹ جو مڑے ہوئے پتّوں کی شکلیں کنگروں ، چھتری اور کھڑکی کے جُھکے ہوئے چھجّے پر بنا کر کرتے ہیں۔

crocodile, n. نہنگ ؛ مگر مچھ ؛ گھڑیال ؛ اسی نسل اور قبیل کا کوئی بھی گرگٹ سے مماثل ، بڑا اور موٹی کھال کا رینگنے والا جانور جو افریقہ ، ایشیا ، آسٹریلیا اور امریکا کے گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے ؛ خصوصاً دریائے نیل کا مگرمچھ ؛ وسیع تر معنوں میں اسی قبیل کا کوئی بھی جانور بشمول امریکی گھڑیال اور ہندوستانی مگرمچھ ؛ ان جانوروں کی کھال جس کے کمائے ہوئے چمڑے سے مختلف اشیاءمثلاً جُوتے ، بیگ ، کمر پٹی ، بٹوے وغیرہ بنائے جاتے ہیں ۔ (مجازاً) مگرمچھ کے آنسو بہانے والا ، دکھاوے کی اشکباری یا ریاکارانہ اظہارِ غم کرنے والا۔

crocodilian, a. مگر مچھ سے متعلّق ؛ ریاکارانہ ۔ (اسم) مگرمچھ کی خصوصیّات کا شخص ؛ ریاکار ؛ مکّار ؛ ٹسوے باز۔

crocodile bird, n. مگر طیر ؛ مگر پرندہ ؛ زقزاق یا طیرباراں : ایک افریقی پرندہ ، جو اکثر مگر مچھ کی پیٹھ پر بیٹھتا ہے۔اور اس کی کھال میں ہونے والے طفیلی کیڑے مکوڑے کھاتا ہے۔

crocus, n. جنس زعفران ؛ کُرکم ؛ سوسنی جنس کاکوئی بھی گٹھیلی جڑ کا پودا جو اپنے خوبصورت تنہا پُھول کی وجہ سے کاشت کیا جاتا ہے ، اس کا پُھول ابتدائی موسم بہار میں پتے آنے سے پہلے لگتا ہے ، اس پودے کی ایک قسم کروکس سیٹی وس (Crocus sativus) سے زعفران حاصل ہوتا ہے اور اس کا پُھول موسم خزاں میں لگتا ہے ؛ پہلے

ہے اور جسے منفی شعاع کی خصوصیّات کا مظاہرہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

crookneck, n. کج گردنی : ایک قسم کا کدو جس کی گردن لمبی اور ٹیڑھی ہوتی ہے ۔

croon, v.i. گنگنانا ؛ آہستہ منہ ہی منہ میں بولنا یا گانا (اسکاٹستان اور شمالی انگلستان) چلّانا یا دھاڑنا ۔ (فعل متعدی) گنگنانا ؛ آہستہ آواز میں گیت گانا ؛ دبی آواز میں الاپنا ۔ (اسم) گنگنانے کا عمل یا آواز ؛ گنگناہٹ ۔

crop, n. پیداوار ؛ فصل ؛ کاشت کردہ زمین کی پیداوار ، مثلاً غلہ یا پھل ؛ غلہ اُگی ہوئی یا کاٹی ہوئی حالت میں اور پھل درخت پر لگی ہوئی یا توڑی ہوئی حالت میں ؛ فصل یا ایک خاص موسم میں کاشت کا حاصل ؛ کسی دوسری موسمی پیداوار کا حاصل ؛ پیداوار کی فراہمی ؛ تازیانے کا دستہ ؛ گھوڑے کی سواری میں استعمال کا چھوٹا تازیانہ جس میں کوڑے کے بجائے پھندا ہوتا ہے ؛ جانور کی سالم کھال کا کمایا ہوا چمڑا ؛ فصل کاٹنے کا عمل ؛ حجامت یا مُوتراشی ؛ سَر کے بال چھوٹے یا خشخشی رکھنے کی وضع یا سر جس پر ایسے بال ہوں ؛ کٹے ہوئے کان کی علامتِ شناخت ، خصوصاً جانوروں کے کان کی ۔ (ارضیات) باہر نکلی ہُوئی پرت یا تہ یا زمین کے شگاف کی معدنی پیداوار ؛ کئی پرندوں میں گلے کے نیچے پوٹا جس میں کھانا معدے میں ہاضمے کے لیے جانے سے پہلے نرم ہوتا ہے یا دوسرے جانوروں میں مماثل عضو ؛ پوٹا ؛ اوجھ ۔

crop, v.t. قلم کرنا (پودے کو اُوپر سے) یا کاٹ کر الگ کرنا ؛ سِروں کو کاٹنا چھانٹنا ؛ کاٹ کر چھوٹا کرنا ؛ تراشنا (بالوں یا کانوں کو) ؛ جڑ سے کاٹنا (بالوں کو) ؛ مونڈنا ؛ تنگ کاٹنا (کتاب کا حاشیہ) ؛ کاٹ کر کسی چیز سے علیحدہ کرنا ؛ فصل کاشت کرنا یا زمین سے پیداوار لینا ؛ کترنا ؛ کاٹنا ؛ جھاڑنا ؛ تراشنا ؛ بونا ؛ تُخم پاشی کرنا ؛ کھیتی کرنا ؛ کھیتی اُگانا ؛ فصل کاٹنا ۔ (فعل لازم) پود لگنا یا فصل کی پیداوار ہونا ؛ معدنی رگ یا پرت کا زمین کی سطح پر آنا (اِن معنوں میں عموماً crop up یا crop out کہتے ہیں) ۔ (مجازاً) اتفاقاً یا غیر متوقع طور پر ظاہر ہونا (عموماً up یا out کا لاحقہ) ؛ کھیتی اُگنا ؛ پیداوار ہونا ؛ آ پہنچنا ؛ آ دھمکنا ؛ کھیتی ہونا ۔

crop-eared, a. گوش بریدہ ؛ گوش بریدہ برائے شناخت ، (جیسے : a crop-eared horse ، کان کٹا گھوڑا) ۔ (برطانوی تاریخ) چھوٹے یا خشخشی بال تراشنا تاکہ کان واضح نظر آئیں ، ایسے بال ابتدا میں کٹّر عیسائیوں اور ''گول سر'' (Round heads) کہلانے والوں کے بطور سزا ترشوائے گئے تھے ؛ کن کٹا ؛ خشخشی بالوں والا ۔

cropper, n. برندہ ؛ کاٹنے یا بونے والا (آدمی یا آلہ) ؛ بٹائی پر یا زمین کے مالک سے حصّہ داری میں فصل کاشت کرنے والا ؛ پودے /درخت جن سے غلے /پھلوں کی فصل حاصل ہوتی ہو ؛ کپڑا کاٹنے کی مشین ؛ برپوٹا (کبوتر) ۔

come a cropper, زور سے گرنا جیسے چلتے ہوئے گھوڑے سے ؛ سنگین ناکامی سے دوچار ہونا یا ڈھے جانا ؛ اڑا اڑا دھم ہونا ۔

croquet, n. گیند بازی ؛ کروکے : ایک قسم کا کھیل جو لان (گھاس کے میدان) میں کھیلتے ہیں ، اس کھیل میں موگری سے لکڑی کی گیندیں وکٹوں (زمین پر گڑی ہوئی بلیّوں) میں مارتے ہیں ؛ اس کھیل میں اپنی گیند سے مار کر مخالف کی گیند کو ہٹانے کا عمل ۔ (فعل متعدی) کروکے سے گیند کو مار کر دُور بھگانا ۔

croquette, n. گولی کے کباب ؛ کوفتے ؛ ایک قسم کے کوفتے یا کباب ؛ گوشت یا مچھلی کے قیمے کو چاول ، آلو یا کسی اور کھانے کی چیز سے آمیز کر کے گول ، تکونی یا لمبی شکلیں بنا کر اُوپر سے ڈبل روٹی کا چُورا لگا کے چربی میں تل لیتے ہیں ۔

croquignole, n. بالوں کا ایک خاص فیشن جس میں بال گھونگر بنانے والے چھلّوں کی مدد سے سَر کے اُوپر لا کر گول دائرے جیسے بنا لیے جاتے ہیں ۔

croquis, n. ابتدائی خاکہ ؛ نامکمل یا موٹا (کام) ۔

crosier, crozier, n. عصائے اُسقف (بشپ یا ایبٹ) جو گڈریے کے ڈنڈے کی طرح ایک طرف سے مُڑا ہوا ہوتا ہے ۔ (نباتیات) پودے میں نیا نکلا ہوا ورق نُما خمیدہ عضو ؛ ترسول ؛ خرطونی ؛ پیچوانہ ۔

cross, n. چلیپا ؛ صلیب ؛ ایک آلہ جس پر چڑھا کر پہلے زمانے میں مجرموں کو موت کے گھاٹ اُتارا جاتا تھا ، یہ آلہ لکڑی کے دو تختوں یا پھٹوں سے اس طرح بنایا جاتا تھا کہ ایک پھٹا دوسرے کو + ، T یا X کی شکل میں منقطع کرتا تھا ۔ (بڑے C کے ساتھ) وہ صلیب جس پر حضرت عیسیٰ مصلوب ہوئے ؛ عیسائی مذہب کا نشان ۔ (مجازاً) عیسائی مذہب ؛ صلیب کی شکل کا زیور ؛ عقیدت کے جذبات جگانے کے لیے یادگاری عمارتوں یا بازار کی دکانوں پر صلیب کا نشان ؛ کوئی بھی شکل ، نشان یا علامت جو صلیب کی طرح ہو یا ایک دوسرے کو قطع کرتی ہوئی دو لکیروں سے بنائی گئی ہو ، مثلاً لکیروں سے بنایا ہوا صلیب کا وہ نشان جو ان پڑھ لوگ دستخط کی بجائے بناتے ہیں ؛ عصائے صلیبی ؛ کوئی بھی مزاحم یا پریشان کُن چیز ؛ رُکاوٹ ، پریشانی ، بدبختی یا مخالفت ؛ دو نسلوں کی آمیزش ؛ دوغلا ؛ دو نسلا ؛ پیوند ؛ جوڑ ؛ آمیزش ؛ میل ؛ فریب ؛ دغا ؛ یادگاری نشان ؛ زحمت ؛ مشقت ؛ آزمایش ؛ ابتلا ۔ (صفت) آڑا ؛ ترچھا ؛ اُریب ؛ متقاطع ؛ قطع کناں ؛ جُھولتا ہوا ؛ بین بین ؛ ایک دوسرے کو کاٹتے ہوئے ؛ مخالف ؛ مزاحم ؛ معارض ؛ کٹکھنا ؛ چڑچڑا ؛ منحرف ؛ برگشتہ ؛ ضدی ؛ تنک مزاج ؛ تُرش رو ؛ بدمزاج ؛ چرانده ؛ جھلّا ؛ متضاد ؛ پریشان کُن ؛ مخالف فریق کا بنایا ہوا یا پیش کردہ (جیسے a cross question) ؛ منحوس ؛ بددیانت ۔

cross, v.t. لکیر کھینچنا یا قلمزد کرنا ؛ چلیپائی یا انقطاعی نشان اُوپر بنا کر یا ان نشانوں سے کاٹ کر منسوخ کرنا ؛ کسی چیز پر صلیب کا نشان بنانا ؛ (کسی چیز کے) ادھر سے اُدھر آنا جانا ؛ گزارنا ؛ عبور کرانا ؛ پار اتارنا ؛ گزر جانا (ایک دوسرے کے پاس سے) ؛ ملاقی یا دوچار ہو کر نکل جانا ؛ رستے میں ملنا ؛ روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ حائل ہونا ؛ دشواری پیدا کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ جُھٹلانا ؛ مخالفت کرنا ؛ ٹکر لینا یا ٹکرانا ؛ کسی کی حمایت میں ثابت قدم نہ رہنا یا غیر وفادار ہونا ؛ دو مختلف نسلوں کے جانوروں کی دوغلی نسل پیدا کرانا ؛ پیوند لگانا ؛ دوغلا بنانا ؛ چلیپا بنانا ؛ صلیب بنانا ؛ کانٹا بنا دینا ؛ عبارت پر لکھنا ؛ جُفت کرنا ۔ (فعل لازم) جھوٹ بولنا یا خلاف ہونا ؛ دو چار ہو کر آگے بڑھ جانا یا سامنے سے گزر جانا ؛ پار ہونا ؛ اترنا ؛ طے کر جانا ؛ حائل ہونا ۔ (متعلّق فعل) غیر متوازی ؛ متقاطع ؛ چلیپائی ۔

cross one's path, غیر متوقع طور پر مڈبھیڑ ہونا ؛

ملاقی ہونا ؛ دوچار ہونا ؛ رستہ کاٹنا ؛ حائل ہونا ؛ مخالفت کرنا ؛ روکنا ـ

crossed check, n. : (برطانوی) کراس چیک ؛ خط کشیدہ چیک : وہ چیک جس پر دو لکیریں کھینچ کر ان کے درمیان یا تو یہ لکھا ہو کہ جس کے نام چیک ہے اسی کے کھاتے میں چیک کی رقم جمع ہو یا ''اینڈ کو'' (and Co) تحریر ہو، یہ تدبیر اس ضمانت کے لیے اختیار کی جاتی ہے کہ جس کے نام چیک ہے اُسی کو رقم کی ادائیگی کی جائے ـ

crossing, n. تقاطع ؛ قطع کرنے والے کا عمل ؛ چوراہا ؛ چوپڑ ؛ مقامِ انقطاع : دو راستوں یا لکیروں کے ایک دُوسرے کو قطع کرنے کا مقام یا نقطہ ؛ سڑک یا ریل کی لائن پر وہ مخصوص جگہ جہاں مخالف سمتوں سے آنے والی گاڑیاں ایک دوسرے کے پاس سے گزر سکیں ؛ گزرگاہ ؛ متقاطع ؛ خط کَشی ؛ دوراہا ـ

crossly, adv. غُصّے یا بدمزاجی سے ؛ مخالفت میں ؛ کاٹ کرتے ہوئے ؛ بدقسمتی سے ؛ چڑچڑے پن سے ؛ دِق ہو کر ـ

cross-bar, n. آڑی چھڑی ؛ قاطع چھڑی ، لکیر یا پٹّی ؛ افقی چھڑی یا ڈنڈا جو جمنازیم کے کرتبوں یا نَٹ بازی کے لیے استعمال کیا جائے ـ

crossbill, n. متقاطع چونچ ؛ مختلف قسم کی ایسی چھوٹی چڑیوں میں سے کوئی ایک جن کی چونچ کے اوپر اور نیچے کے حصّے مخالف سمتوں میں مُڑے ہوئے ہوں اور چونچ کے ملنے والے سرے اوپر نیچے نکلے رہتے ہوں ـ

crossbones, n. (جمع) تنبیہی علامت ؛ علامتِ خطرہ ؛ موت کی علامت جو بازو یا ران کی آڑی یا متقاطع ہڈّیوں پر انسانی کھوپڑی رکھ کر بنائی جاتی تھی اور اسے عموماً بحری قزاقوں کے جہازی پرچم کا نشان سمجھا جاتا تھا ؛ علامتِ انتباہ ـ

crossbow, n. آڑی کمان ؛ ازمنۂ وسطیٰ کا ایک ہتھیار جو کمان کو ڈنڈے پر آڑا یا عرضاً رکھ کر بنایا جاتا تھا اور اس میں سے تیر یا پتھّر پھینکے جاتے تھے ـ

crossbred, a. دوغلا ؛ دونسلا : مختلف نسلوں کے نر اور مادہ جانوروں کی جُفتی سے پیدا کیا گیا (جانور)ـ

crossbreed, n. دوغلی نسل ؛ مخلوط النّسل ؛ پار نسل : وہ نسل جو دو مختلف نسلوں کے نَر اور مادہ سے پیدا ہو ؛ دو نسلی جانور ـ (فعل متعدی ولازم) ایسی نسل پیدا کرنا ـ

crossbreeding, n. پارنسلیّت : جانوروں کی نسل کَشی کا طریق جس کے تحت مختلف نسلوں یا قسموں کے نر اور مادہ گھوڑوں ، مویشیوں ، کُتّوں ، بھیڑوں وغیرہ کے ملاپ سے دوغلی نسلیں پیدا کی جاتی ہیں ؛ دوغلا پن ـ

cross bun, n. (برطانوی) صلیبی بند ؛ صلیبی کُلچہ ؛ گرم بند یا نان جس پر صلیب کا نشان بنا ہو ـ

cross-check, v.i., v.t. باز دید کرنا ؛ دوبارہ جانچ کرنا یا دیگر احکام یا سندوں سے مِلا کر دیکھنا ؛ دوبارہ ملا کر دیکھنا ـ (ہاکی) مخالف کھلاڑی کو روکنے کے لیے بے قاعدہ حرکت کرنا ؛ دو رُخی پڑتال یا باز پڑتال کرنا ـ

cross-country, a. کھیت کھلیانوں یا دیہات کے کُھلے علاقے میں (سڑکوں یا شاہراہوں پر نہ چلتے ہوئے) ؛ جنگلی یا میدانی راستے سے ـ (اسم) کوئی بھی کھیل جو میدانوں سے ہٹ کر کھلے دیہاتی علاقوں میں کھیلا جائے ؛ جنگل میدانی کھیل (جیسے : cross coun-try race)ـ

crosscurrent, n. ٹکّر رو ؛ کاٹ رَو ؛ آر دھارا ؛ ہوا یا پانی کی رَو جو بڑی رَو کو کاٹتی ہوئی چلے ؛ جذبات یا آرا کا ٹکراؤ ؛ عمل و ردِّعمل ـ

crosscut, n. آڑی کاٹ ؛ راستوں کا مقام انقطاع یا اتصال ؛ پاس کا راستہ ؛ وہ جو انقطاع کرے یا راستہ کاٹے ؛ ترچھی کاٹ ؛ کان میں دھات کی پرت کو کاٹنے والی کاٹ ؛ چلیپائی کاٹ ؛ پاس کا راستہ ؛ بھیّے دار یا چک پھیری کھڑاؤں ـ (صفت) چلیپائی کاٹ دار ؛ آڑی کاٹ دار ؛ آر پار کاٹنے کے مقصد سے بنائی ہوئی یا استعمال کی ہوئی ؛ ترچھی کاٹ والی ؛ چک پھیری ـ (فعل متعدی) آر پار کاٹنا ؛ انقطاع کرنا ؛ راستہ کاٹنا ؛ حائل کرنا ؛ روکنا ؛ مزاحم بنانا ـ

crosscut saw, n. لکڑی کو پرتوں کی دھاریوں کے مطابق چیرنے والا آرا ـ

cross dress, v.i. معکوس لباس پہننا ؛ متضاد لباس پہننا ؛ صنفِ مخالف کا مروجہ لباس پہننا ـ

crosse, n. لکروس کھیل میں استعمال ہونے والا لمبے دستے کا بَلّا ـ

crossexamine, v.t. (قانون) جرح کرنا ؛ پچھلی شہادت کی صداقت جانچنے کے لیے نئے سِرے سے گواہ سے جرح کرنا ؛ گُھما پھرا کے پوچھنا ؛ سوال در سوال کرنا ـ

cross-examination, n. (قانون) جرح ؛ ایک فریق کے گواہ سے مخالف فریق یا اس کے وکیل کا سوال جواب یا جرح ؛ سوالاتِ جرح ؛ سوالاتِ فریقِ ثانی ـ

cross-eye, n. دیکھیے : Strabismus ـ

cross-fertilization, n. (نباتیات) پار بار وَری ؛ پیوند ؛ ایک پودے کے تخمک کی دوسرے پودے کے زرِ گُل سے بارورَی ؛ پتنگوں یا ہوا یا پانی کے ذریعہ زرِ ریشہ زا کے اتصال سے بقچوی یا مادہ پودے کی بارورَی ـ (حیاتیات) ایک ہی قبیل کے علیحدہ افراد کے نر اور مادہ گمیٹوں یا مذکّر و مونث زاوجوں کے انضمام سے نامی جسم کی بارورَی ـ

cross-fertilize, v.t. پار بارور کرنا ؛ پیوند کاری کرنا ؛ دونسلا بنانا ـ

cross-fertilizable, cross-fertile, a. پار باروَر ؛ دو نسلا ؛ پار بارورَی پذیر ـ

cross-file, v.i. (سیاسیات) سیاسی دوغلا بننا : ابتدائی/زیریں اداروں کے انتخاب میں ایک سے زیادہ پارٹیوں کے لیے امیدواری کے کاغذات داخل کرنا ـ

cross fire, n. (عسکری) ترچھا فائر ؛ آڑا فائر ؛ آڑی باڑھ ؛ دشمن پر ترچھے مقام سے اس طرح فائر کرنا کہ ایک ہی وار میں بہت سے دشمن گولی کی زد میں آ سکیں ؛ سخت الفاظ کا تبادلہ ؛ تُرکی بہ تُرکی جواب ـ

cross-grained, a. آڑے دانہ دار ؛ اُلٹے ریشوں والی ؛ پرتوں کی آڑی ترچھی یا بے قاعدہ دھاری والی جیسے لکڑی ؛ اوندھی کھوپری کا ؛ سَرپھرا ؛ نافہم ؛ گمراہ ؛ بد ؛ مُنہ زور ؛ بے قابو ـ

cross hair, n. تصلیبی خط : سنگ مُردہ یا کسی دوسری چیز پر بہت نفیس و باریک تار یا شیشے پہ کھینچا ہوا باریک خط جو

دوسرے خط کو قطع کر کے صلیب کی شکل بنائے اور جسے دوربین یا خُوردبین میں بصری خط کا تعیّن کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ تصلیبی بال یا ریشہ ۔

crosshatch, v.t. چوخانے بنانا ؛ پہلے عرض میں اور پھر طول میں متوازی لکیریں کھینچنا ، اس طرح کہ عرض کی لکیریں طول کی لکیروں کو قطع کرتی ہوں ؛ چلیپا کاٹنا یا کندہ کرنا ۔

crosshatcher, n. چوخانے بنانے والا ؛ چلیپا کار ۔

crosshatching, n. چوخانہ بنائی ؛ چوخانکاری ؛ چلیپا کاری ۔

crosshead, n. (مشین) راڈ : وہ چھڑ یا سلاخ جو جوابی انجن کے پسٹن کے سرے تک پھیلی ہوئی ہو اور متوازی ضابط پُرزوں کے درمیان حرکت کرتی ہو ۔ (طباعت) اخبار میں وہ سُرخی جو پورے کالم کے اوپر ہو یا متن کے اندر پیراگراف کے شروع میں لگائی جائے ؛ جَلی سُرخی ۔

cross-link, n. (کیمیا) رابطہ اکائی : سیڑھی کے ڈنڈوں سے مشابہ کیمیاوی طور پر مربوط ایٹم (جوہر) یا ایٹموں کا مجموعہ جو لحمیہ یا پلاسٹک یا دیگر مرکب سالمے میں ایٹموں کی زنجیروں کو مربوط کرتے ہیں ۔ (فعل متعدی) رابطہ اکائیوں کے ذریعے جوڑنا ۔ (فعل لازم) رابطہ اکائی بننا یا ہونا ۔

Cross of Lorraine, n. لورین صلیب : ایک قسم کی صلیب جس میں اوپر کا بازو چھوٹا اور نیچے کا نسبتاً لمبا ہوتا ہے ۔

crosspatch, n. (بول چال) بدمزاج شخص ؛ تند خُو شخص ۔

crosspiece, n. آڑا ٹُکڑا : کسی چیز کا ٹُکڑا جو دوسری چیزوں پر عرضاً یا اُفقی پڑا ہوا ہو ؛ آڑا رکھّا ہوا ٹُکڑا ۔

crosspollination, n. (نباتیات) پارزیرگی ؛ پار باروَری ۔

crosspollinate, v.t. پار زیرہ کرنا ؛ پار باروَر کرنا ۔

cross-purpose, n. مختلف یا متضاد مقصد ؛ غلط فہمی ؛ تلّون ؛ عدم اِستقلال ؛ غیر مُستقِل مزاجی ۔

cross-question, v.t. جرح کرنا ؛ سوال در سوال کرنا ؛ جوابی سوال کرنا ۔

cross reference, n. حوالہ در حوالہ ؛ پار حوالہ ۔ کتاب ، فہرست یا مسل کی پرچی کا حوالہ جس میں وہ دوسرا حوالہ دیا گیا ہو جس تک رسائی حاصل کر کے زیرِ مطالعہ موضوع پر مزید یا اضافی معلومات حاصل ہو سکیں ۔

cross-refer, v.t., v.i. حوالہ در حوالہ دینا یا ہونا ؛ پار حوالہ دینا یا ہونا ۔

crossroad, n. چوراہا ؛ چار سُو ؛ چوپڑ کی سڑک ؛ چوک ؛ وہ لمحہ جہاں لازماً کوئی اہم فیصلہ کرنا پڑے ؛ لمحۂ فیصل ۔

crossruff, n., v.t., v.i. (برج کا کھیل) متواتر ہاتھ بنانے کا سِلسِلہ جو دو ساتھی (پارٹنر) اس طرح بناتے ہیں کہ ایک تاش چلتا ہے اور دوسرا اس پہ ترپ لگا کر ہاتھ بناتا ہے ، پھر دوسرا ساتھی پتا پھینکتا ہے تو پہلا ترپ سے کاٹ کر ہاتھ بناتا ہے ۔

cross section, n. عمودی تراش ؛ قطعِ عمودی : زاویہ قائمہ بناتے ہوئے لمبائی میں کسی چیز کی کٹائی ، یہ طریقہ اکثر ظاہر ہونے والی سطح کو جانچنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ آڑی تراش ؛ ایسا نمونہ جو تمام پہلو ظاہر کرتا ہے ؛ کُھلی کاٹ ۔

cross-sterile, a. ناقابلِ باروَری ؛ غیر پار باروَر : ایسے دو انفرادی پودے یا پودوں کی دو قسمیں جو پارباوَری کرنے سے باہم باروَری کے ناقابل یا بنجر ثابت ہوں ۔

cross-sterility, n. غیر پار باروَری ۔

cross-stitch, n. آڑا ٹانکا ؛ زنجیرہ ؛ چوپارہ ٹانکا ؛ سلائی کا زنجیرہ یا کشیدہ کاڑھنے میں چوپارے کے ٹانکے ؛ ایک قسم کی سلائی جس میں ایک ہی لمبائی کے دو آڑے ٹانکے ایک دوسرے کو بیچ میں زاویۂ قائمہ پر قطع کرتے ہوئے لگائے جاتے ہیں ؛ تُرپائی ۔

cross street, n. چوپڑ گلی ؛ چوراہا ؛ چوہٹا : وہ گلی جو دوسری گلی کو قطع کرتی ہوئی گزرے یا ایسی سڑک جو بڑی سڑکوں کو عرضاً قطع کرے ۔

cross talk, n. تداخُل : مِلی جُلی آوازیں جو ریڈیو یا ٹیلیفون سے دوسرے آلۂ برقی ترسیل کی آوازوں کی مداخلت کے سبب سنائی دیں ؛ کئی لوگوں کے بیک وقت بولنے سے مِلی جُلی آوازوں کا شور ؛ گڈمڈ آوازیں ۔

crosstie, n. آڑی بندش ؛ آڑا یا سہارے کا جوڑ ، مثلاً ریل پٹڑی کے ٹکڑوں کو مضبوطی سے مربوط کرنے کے لیے نیچے کی طرف لگایا ہوا آڑا جوڑ ۔

crosswalk, n. عبور پٹی ؛ سڑک یا شاہراہ کو پیدل پار کرنے کے لیے نشان لگائی ہوئی پٹّی ۔

crosswise, crossways, a., adv. مثل صلیب ؛ چوپارے کی شکل میں ؛ آر پار ؛ چوپٹّی کی طرح ؛ بہ انداز چلیپا ۔

crossword puzzle, n. لفظی معمّا ؛ ایک قسم کا معمّا جس میں دیے ہوئے معنی کے الفاظ چوخانے کے خالی خانوں میں حرف بھر کر بنائے جاتے ہیں ، حروف عام طور پر ترچھے اور سیدھے خالی خانوں میں ایک دوسرے سے مطابقت رکھتے ہوئے بھرے جاتے ہیں ۔

crotch, n. کانٹا ؛ آنکڑا ؛ سول ؛ نوک ؛ سیمن ؛ بھال ؛ دوسینگی ؛ دوشاخہ ؛ انسانی جسم کا وہ حصّہ جہاں دونوں ٹانگیں ملتی ہیں ؛ جنگاسا ؛ پاجامے یا پتلون کا وہ حصّہ جہاں دونوں ٹانگیں ملیں ؛ میانی ۔

crotchet, n. ترنگ ؛ عجیب دماغی کیفیت ؛ خیال یا موج ؛ گمراہ کن یا غلط پندار ؛ للک ؛ اُمنگ ۔ (طباعت) بریکیٹ ۔ (جرّاحی) ایک آنکڑے دار اوزار جو پیٹ سے بچّہ نکالنے کے کام آتا ہے ؛ کوئی بھی غیر معمولی یا عجیب آلہ ؛ آنکڑا ؛ کانٹا ۔ (موسیقی) چوتھائی سُر کی علامت ۔ (فن تعمیر) اڑواڑ ؛ اڑوال ؛ کانٹا ؛ کروشہ ؛ ہک ۔

crotchety, a. موجی ؛ نرالا ؛ انوکھا ؛ عجیب ؛ اکھرا ؛ اکھل کُھرا ؛ ٹیڑھا ؛ کج ؛ خمیدہ ؛ کروشئی ۔

crotchetiness, n. موجی پن ؛ نرالا پن ؛ کجی ؛ خمیدگی ؛ کروشئیت ؛ اکھل کُھرا پن ۔

croton, n. جمال گوٹا : گرم علاقوں میں پیدا ہونے والا جنس کروٹن (Croton) کا کوئی بھی پودا ، اس کی ایک نوع جمال گوٹا ہے جس کا تیل تیز جُلّاب ہوتا ہے ؛ خوبصورت پھول والے پودوں میں جنس فلوریا (Phyllaurea) یا کوڈیم (Codiaeum) سے تعلّق رکھنے والا کوئی پودا ؛ حبُ السّلاطین ۔

crouch, v.i., v.t. اعضا زمین سے لگا کر جُھکنا یا دبکنا ؛ جانور کی طرح زمین سے پیٹ لگا کر لیٹنا ؛ دُبکی لگانا ؛ پاؤں پڑنا ؛ پیروں میں لوٹنا ؛ لجاجت کرنا ؛ دبنا ؛ دب کے بیٹھنا ؛ لجاجت یا خوف سے کسی کے سامنے جھکنا یا سجدہ کرنا ۔

croup, n. خناق : التہاب یا ورم حلق جس سے سانس لینے میں تکلیف واقع ہوتی ہے اور زور کی کھانسی اُٹھتی ہے ؛ ہَبّا ڈَبّا ؛ ورمِ حلق ؛ حلقومی کھانسی ؛ کروپ ۔

croupy, a. کھانسی والا ؛ سُرفہ دار ؛ خناقی ؛ کروپی ؛ کروپ زدہ ۔

croup, n. کفل اسپ ؛ دھڑ کا پچھلا حصّہ ؛ پُٹھا ؛ پڑا ؛ چوتڑ ؛ دُم گزا ؛ چوپائے ، خصوصاً گھوڑے کے پچھلے دھڑ کا سب سے اونچا حصّہ ؛ کمر کے پیچھے جانور کا پُٹھا ۔

croupier, n. محاسبِ قِمار خانہ ؛ جوئے گھر کا ملازم ، یا جواریوں کا خزانچی جو میز کے ایک سرے پر بیٹھ کر کھیل کی نگرانی کرتا ہے ، شرطیں یا داؤ قبول کرتا ہے اور جیتنے والوں کو رقمیں ادا کرتا ہے ؛ وہ شخص جو پبلک ڈنر میں میز کے نچلے سرے کی کرسی پر بیٹھ کر نائب صدر کے فرائض ادا کرتا ہے ؛ نال والا ۔

croustade, n. سموسہ ؛ پتلا اور خستہ خول جس میں قیمہ ، مچھلی یا دیگر کھانے بھر کر تلنے یا پکانے کے بعد پیش کرتے ہیں ۔

crouton, n. کروٹن : ڈبل روٹی کا تلا ہوا یا سینکا ہوا ٹُکڑا جو سلاد یا سُوپ کی پلیٹوں میں سجاوٹ کے طور پر پیش کیا جاتا ہے ۔

crow, n. کوّا ؛ زاغ ؛ کاگا ؛ کاگ : جنسِ غراب (Corvus) سے متعلّق چمکیلے سیاہ پروں اور کائیں کائیں کی کرخت آواز میں بولنے والے پرندوں میں سے کوئی ایک ؛ دوسرے خاندانوں کا کوئی مماثل پرندہ ؛ ذرا مُڑے ہوئے سرے والی لوہے کی تیکھی سلاخ ؛ سابر ؛ سبل ؛ کسّی ؛ کس ؛ اڑا ؛ چونچ دار گدالا ۔ (فلکیات) (بڑے C سے) کوروس ؛ غراب نامی جنوبی مجمع الکواکب ۔ (بڑے C سے) مشرقی مونٹانا کے سیوآن انڈین قبیلے کا ایک فرد ؛ اس قبیلے کی زبان ۔

as the crow flies, سب سے زیادہ سیدھا راستہ ؛ عموماً خط مستقیم ؛ ناک کی سیدھ میں جاتے ہوئے ۔

crow, n. مرغے کی بانگ ، اذان یاککڑوں کوں ؛ انسانی خوشی کی آواز ؛ کِل کاری ؛ کاں کاں ؛ کائیں کائیں ۔ (فعل لازم) مُرغے کی طرح بانگ دینا ؛ خوشی میں شور مچانا ؛ شیخی بگھارنا ؛ فخر کرنا ؛ کِلکاری مارنا ۔

crow bar, n. کروبار ؛ سبل ؛ اڑا ؛ لوہے یا فولاد کی چونچ دار مڑی ہوئی اور کبھی کبھی دو شاخہ سلاخ جو بطور بیرم (لیور) استعمال ہوتی ہے ؛ کسّی ؛ کُس ؛ چونچ دار گدالا ؛ سابر ؛ چبل ۔

crowboot, n. (کینیڈا) نعل الغراب : ایک قسم کا جوتا جس کے بنانے میں کرموش / امریکی چھچھوندر کا سمور اور شمالی امریکی ہرن کے چمڑے کا تلا استعمال ہوتا ہے ؛ کاگ جُوتا ۔

crowd, n. ہجوم ؛ انبوہ ؛ ازدحام ؛ جمِ غفیر ؛ بھیڑ ؛ جمگھٹا ؛ بھیڑ بھاڑ ؛ بھیڑ بھڑکّا ؛ دھاڑ ؛ دھڑلّا ؛ جمگھٹ ؛ کثرت ؛ گٹ ؛ مجمع ؛ اجتماع ؛ بہت سے اشخاص یا اشیا جنھیں ایک دوسرے سے ملا کر یا دبا کر رکھا ہوا ہو ؛ اشیا کا ڈھیر ؛ اٹالا ؛ تودا ؛ انبار ؛ حاضر مجمع یا حاضرینِ محفل ؛ لوگوں کا ایسا ہجوم جس میں کوئی نظم و ضبط نہ ہو ؛ عوام الناس ؛ آبادی ؛ جمہور ؛ خلقت ؛ گروہ ؛ ٹولی ؛ مجمع ۔

crowd, v.i. آگے دھسنا ؛ دھکا دیتے ہوئے آگے بڑھنا ؛ بڑی تعداد میں جمع ہونا ؛ ہجوم کرنا ؛ بھیڑ ہونا ؛ ہجوم ہونا ۔ (فعل متعدی) دھکا دے کر گُھسانا ؛ دبا کر ٹھونسنا ؛ دبانا ؛ کم جگہ میں ٹھسا ٹھس بھرنا ؛ پورا بھرنا یا گنجایش سے زیادہ بھرنا ؛ دبا کر یا ٹھونس کر بھرتی کرنا ؛ بڑی تعداد کا بار ڈالنا یا زیادہ بوجھ لادنا جیسے تعداد کی زیادتی سے ۔ (بول چال) ترغیب کے ذریعے اصرار کرنا یا اصرار سے ناراض کر دینا ۔

crowd sail, (جہاز رانی) بال یا بادبان کھولنا ؛ (غیر معمولی تعداد میں) وہ تمام بادبان کھول دینا جو جہاز سہار سکتا ہے ۔

crown, n. تاج ؛ مکٹ ؛ سہرا ؛ سرپیچ ؛ آرایشی سرپیچ ؛ عموماً پُھولوں کا ہار ، جو قدیم زمانے میں بزرگوں کی طرف سے فتح و کامرانی کے اعزازی یا امتیازی نشان کے طور پر باندھا جاتا تھا ؛ لہٰذا اعزازی امتیاز یا انعام ؛ خصوصاً سجاوٹی سرپیچ یا سر پر رکھنے یا سر ڈھانپنے کی آرایشی چیز (تاج ، پگڑی وغیرہ) جو اقتدارِ اعلیٰ یا بادشاہت کی علامت کے طور پر پہنی جاتی تھی ؛ چھتری ؛ چتر ۔

the Crown, n. بادشاہ ؛ سرکار ؛ کوئی بڑی شخصیت جیسے سربراہ مملکت یا بادشاہی نظام میں حکومت کا حاکمِ اعلیٰ ۔

crown, n. اعلیٰ یا خاص وصف ؛ مختلف سِکّوں میں سے کوئی ایک ، اصلاً وہ جس پر تاج یا تاج پہنے ہوئے سر کی تصویر ہوتی تھی ؛ پہلے زمانے میں پانچ شلنگ کا برطانوی چاندی کا سِکّہ ؛ کبھی کبھی کرون یا کرونا ؛ کوئی چیز جو تاج سے مشابہ ہو جیسے پُھول کا کرونا یا تاج نُما مکھڑا ؛ کسی بھی چیز کا سب سے اونچا یا اعلیٰ حصّہ ، جیسے سر یا کھوپری ، سر کی ٹوپی ، پورا سر ، چاند ، چندیا ، پہاڑ کی چوٹی ، درخت کی پھننگ ، کسی چیز کا سِرا ، راس ، ٹیکری ؛ ٹوپی کا چندوا ؛ ترشے ہوئے ہیرے کی چوٹی ؛ دانت کا وہ حصّہ جو مسوڑھے سے باہر ہوتا ہے ؛ اِس حصّے کا سونے یا چینی سے بنا ہوا مصنوعی نعم البدل ؛ دانت کی پیسنے والی سطح ؛ درخت کے پتّے اور ہری شاخیں ؛ کسی چیز کی اعلیٰ ترین اور مکمّل حالت ؛ تاج شیشہ یا عمدہ قسم کا آئینہ ؛ دیہیم ؛ افسر ؛ اکلیل ؛ بادشاہ یا ملکہ ؛ تاج نما زیور (مختلف اقسام کے) ۔ (عمارت) چھتر یا محراب کا گولا ؛ کاغذ کی ناپ ۱٫۵″ × ۲٫۰″ ۔ (صفت) شاہی ؛ بادشاہی ؛ تاج یا تاج پوش بادشاہ کا یا اس کے متعلّق ؛ مختار اعلیٰ یا اس کے اختیار کا یا اس کے متعلّق ؛ سرکاری ۔ (فعل متعدی) سر پر تاج پہنانا یا پھولوں کا ہار رکھنا ؛ خصوصاً شاہی تاج یا شاہی جاہ و اقتدار دینا ؛ تخت نشین کرنا ؛ تاج پوشی کرنا ؛ تاج سے سرفراز کرنا ؛ انعام دینا ؛ جاہ و عزت بخشنا ؛ توقیر و آبرو دینا ؛ عالی مرتبہ کرنا ؛ ممتاز کرنا ؛ زیبایش کرنا ؛ تاج پہن کر بلند ہونا یا غالب آنا ؛ تاج کی طرح اونچا ہونا ؛ سب سے بڑھ کر ہونا ؛ طُرّہ ہونا ؛ لیاقت کے ساتھ مکمّل کرنا یا کامیابی کے ساتھ پایہ تکمیل کو پہنچانا یا انجام کو پہنچانا ۔ (دندان سازی) دانت کے مسوڑھے سے باہر والے حصّے پر مصنوعی خول چڑھانا ۔ (بول چال) سر پر مارنا ۔

crown antler, n. سرشاخ آہو : بارہ سنگھے کے سینگ کی سب سے اُونچی شاخ ۔

crown colony, n. سرکاری نوآبادی : برطانوی نوآبادی جس پر برطانیہ کی شاہی حکومت کو قانون سازی اور عاملہ کے اختیارات حاصل ہوں ، یہ حیثیت ڈومینین کی حیثیت سے مختلف ہے کیونکہ ڈومینین کا اپنا دستور اور نمائندہ حکومت ہوتی ہے ؛ شاہی نوآبادی ۔

crowner, n. (برطانوی بولی) دیکھیے : coroner ۔

crown glass, n. کراؤن گلاس ؛ عمدہ قسم کا آئینہ ؛ حلبی آئینہ ؛ کلسی شیشہ ؛ نفیس شیشہ جس میں سیلیکون ، پوٹیشیم یا سوڈیم اور کیلسیم ہوتی ہے لیکن سیسہ نہیں ہوتا ، اس شیشے کے تختے کھڑکیوں میں استعمال ہوتے تھے ؛ کم انعطاف کا بصری شیشہ جو چونے کے القلی سلی کیٹ سے بنتا ہے ؛ گول شیشہ ۔

crown land, n. زمینِ شاہی ؛ خالصہ ؛ صَرفِ خاص کی جاگیر ؛ املاکِ شاہی ؛ شاہی اراضی جس کی آمدنی حکمران بادشاہ کے ذاتی مصارف کے لیے وقف ہوتی ہے ؛ شاہی نج زمین ؛ سرکاری اراضی ۔

crown lens, n. (بصریات) محدب نفیس شیشہ جو بے رنگ عدسے کا جز ہو ۔

crown prince, n. ولی عہد ؛ جانشین ؛ بادشاہ کا ولی عہد ؛ گدّی کا وارث ۔

crown princess, n. ولی عہد کی بیوی ؛ خاتونِ ولی عہد ؛ ولیۂ عہد ۔

crow's-foot, n. (یہ لفظ عموماً جمع کے صیغہ میں بولتے ہیں) شکنِ گوشۂ چشم ؛ آنکھ کے بیرونی کونے کی جُھرّی یا شکن ؛ گوکھرو ؛ گُھڑ سوار فوج کو روکنے کے لیے خار دار لوہے کی گیندیں ۔ (خیاطی) تکونی کشیدہ شکل جو سلائی یا سیون کے سرے پر یا آخر میں بنائی جاتی ہے ؛ آنکھ کی جُھرّیاں ۔

crow's-nest, n. (جہاز رانی) دیدبانِ کشتی : کشتی کا دیدبان جو مستول کی چوٹی کے پاس ہوتا ہے ۔

croze, n. نال کھانچا : بندوق کی نال سے جڑی ہوئی لکڑی کی پٹّیوں کے آخر میں کھانچا جس میں نال فِٹ ہوتی ہے ؛ اس کھانچے کو کاٹنے کا اوزار ۔

crozier, n. دیکھیے : crosier ۔

crucial, a. قطعی ؛ فیصلہ کُن (دوآرا یا اندازوں کے درمیان) ؛ ناطق ؛ نازک ؛ معرکے کا ؛ دو ٹوک ؛ آڑا ترچھا ؛ چلیپائی ؛ چوپارے کی شکل کا ؛ معیاری ؛ جازم ۔

cruciate, a. چلیپائی ؛ چوپاری ؛ صلیب نما ؛ صلیب دار ؛ صلیبی ؛ تصالبی ۔

crucible, n. کٹھالی : مٹّی ، چینی ، گریفائٹ ، پلاٹینم یا ایسی ہی کسی چیز سے بنا ہوا برتن جس میں دھاتیں پگھلائی یا گرم کی جا سکیں ؛ دھات پگھلانے کی بھٹی کی تہ میں جوفی حصّہ جس میں پگھلی ہوئی دھات جمع ہوتی ہے ؛ سخت آزمایش ؛ مُشکل امتحان ؛ نازُک موقع ۔

crucible steel, کٹھل فولاد ؛ کٹھالی میں بنایا ہوا فولاد ، خصوصاً اعلیٰ قسم کا فولاد جو منتخبہ دیگر اجزا کے ساتھ ملا کر تیّار کیا گیا ہو ۔

crucifer, n. صلیب بردار : عیسائیوں کے مذہبی جلوس میں صلیب لے کر چلنے والا ۔ (نباتیات) صلیبی پودا ؛ صلیبی ۔

cruciferous, a. صلیب نُما ؛ صلیب بردار ؛ صلیب در گلو ؛ صلیب کا حامل ۔ (نباتیات) ایک قسم کا پودا ، جس کے پُھول کی چار پنکھڑیاں صلیب نُما ہوتی ہیں ؛ صلیبی پودا ۔

crucifix, n. صلیب ؛ حضرت عیسیٰ کی مصلوب تصویر ؛ صلیب بطورِ علامتِ عیسائیت ۔

crucifixion, n. تصلیب ؛ مصلوب کرنے کا عمل ۔ (بڑے C کے ساتھ) حضرت عیسیٰ کو صلیب پر چڑھانے کا عمل ، اس کی تصویر یا ایسی تصویر کَشی ؛ سخت بے رحمانہ ظلم ،اذیت یا تکلیف ۔

cruciform, a. صلیب کی شکل کا ؛ صلیب صورت ؛ صلیب نما ؛ چلیپائی ۔

crucify, v.t. صلیب پر چڑھانا ؛ سُولی دینا ؛ صلیب پر ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں جڑ کر مارنا یا بصورت دیگر سُولی پر ٹانگ دینا ؛ گلا گھونٹنا یا بے رحمی کا برتاؤ کرنا ؛ سخت بے رحمانہ سلوک کرنا ؛ مشکیں کسنا ؛ صلیب بنانا ۔

crucifier, n. صلیب پر چڑھانے والا ؛ سُولی دینے والا ؛ مُصلِّب ۔

crude, a. کچّا ؛ خام ؛ غیر پختہ ؛ غیر منہضم ؛ ادھُورا ؛ ناتمام ؛ ادھ بنا ؛ نامہذّب ؛ بے ڈھنگا ؛ بے ڈول ؛ دریدہ دہن ؛ کندۂ ناتراش ؛ گنوارو ؛ بھونڈا ؛ کم جِلا کیا ہوا ؛ خام اور ادھوری (مصنوعات) ؛ ناپُختہ و نامکمل (خیالات و آرا) ؛ نفاست اور فنی پُختگی سے عاری (ادبی و فنّی تخلیقات) ؛ تہذیب ، شایستگی اور مہارت وغیرہ سے مبرّا (اشخاص یا ان کا رویہ یا گفتگو) ؛ غیر خالص ؛ ناخالص ۔

crudeness, n. بھونڈا پن ؛ خامی ؛ گنوار پن وغیرہ ۔

crudity, n. خام ، گنوارو ، بھونڈا وغیرہ ہونے کی حالت ؛ خام ، ادھوری ، بے ڈھنگی چیز یا غیر مہذب ، ناپختہ ، گنوار شخص ؛ کچّائی ؛ ادھورا پن ؛ خامی ؛ کچا پن ۔

crude oil, n. ناصاف تیل ؛ غیر صاف پٹرولیم ؛ خام تیل ۔

cruel, a. ظالم ؛ سفّاک ؛ بے رحم ؛ بے درد ؛ نِردئی ؛ پُرجفا ؛ کٹھور ؛ کڑا ؛ سنگدل ؛ نٹھر ؛ وحشی ؛ بہائم سیرت ؛ جلّاد ؛ دوسروں کو جسمانی یا ذہنی اذیت پہنچانے کی طرف مائل ؛ رحم ، ترس یا مہربانی سے عاری (شخص) ؛ بے رحمی کا مظاہرہ کرنے والا یا بے رحمانہ عمل کرنے والا ؛ درد ، غم یا اذیّت دینے والا ؛ غیر انسانی ؛ اذیّت ناک ؛ دردناک ؛ الم انگیز ؛ پریشان کُن ۔

cruelness, cruelty, n. ظُلم ، سفّاکی ، بے رحمی وغیرہ ؛ سفاک یا بے رحم ہونے کی حالت یا خصوصیت ؛ وحشیانہ یا ظالمانہ فطرت ؛ کوئی بھی ظالمانہ فطرت ؛ کوئی بھی ظالمانہ ، غیر منصفانہ یا بے رحمانہ عمل ۔

cruet, n. شیشی یا چھوٹی بوتل ، خصوصاً میز پر سرکہ یا تیل رکھنے کی بوتل ؛ تیل کُپّی ؛ سرکہ دانی ؛ عشائے ربّانی کا برتن ؛ لٹکنی ۔

cruise, v.i. بحری گشت کرنا : جہاز کا ادھر سے ادھر یا ایک جگہ سے دوسری جگہ دشمن جہازوں کی تلاش میں یا تفریح کی غرض سے لانا لے جانا ؛ کسی خاص مقصد یا منزل کے بغیر گُھمانا ، یا فرض کی ادائی یا خدمت کے سلسلہ میں حاضر رہنے کے لیے چکر لگوانا جیسے پولیس کی گاڑیاں چکر لگاتی رہتی ہیں ؛ پوری رفتار کی نسبت ہوائی جہاز کا کم رفتار سے چلوانا ۔ (فعل متعدی) سمندر یا دریا پر جہاز چلانا ۔ (جنگلات) عمارتی لکڑی کی مقدار اور قیمت کا اندازہ لگانے کے لیے جنگل کے علاقے کا جائزہ لینا ؛ جہاز پھرانا ؛ دشمن کو تلاش کرنا ۔ (اسم) دریا گردی ؛ گشت ؛ گھومنے پھرنے کا عمل ؛ بحری سفر ؛ سیرِ دریا ؛ بحری گشت ۔

cruiser, n. کروزر ؛ گشتی جہاز : گشت کرنے والا شخص یا جہاز ؛ مسلّح جہاز یا جنگی جہاز جو کافی یا تیز رفتار سے چلتا ہو اور جس کے فرائض میں قومی تجارت کا تحفظ ، دُشمن جہازوں سے جنگ یا دیگر تفویض شُدہ امُور کی انجام دہی ہو ؛ جنگی جہاز کی ایک قسم جو مسلّح کروزر سے ایک درجہ کمتر ہوتی ہے ؛ پولیس دستے کی گشتی موٹرکار ۔

armored cruiser, نیم مسلّح جنگی جہاز : جنگی جہاز کی ایک قسم جو بڑے جنگی جہاز سے کم درجہ کا اور اس سے کم مسلّح لیکن تیز رفتار ہوتا ہے ؛ بحرگرد جنگی جہاز۔

battle cruiser, جنگی گشتی جہاز : تیز رفتار مسلّح کروزر جس کا درجہ بڑے جنگی جہاز اور مسلّح کروزر کے درمیان ہوتا ہے ۔

protected cruiser, n. جنگی عرشے کا جہاز ؛ محفوظ گشتی جہاز ؛ کروزر جنگی جہاز جس کا عرشہ مدرع (زرہ دار) ہوتا ہے لیکن پہلوؤں پر زرہ نہیں ہوتی ۔

cruller, kruller, n. خمیری کیک : ہلکا میٹھا کیک جو آٹے کی تہ کی ہوئی لوئی کو گول کاٹ کر موٹی چربی میں تل کر بناتے ہیں ۔

crumb, n. بھورا ؛ چُورا ؛ خبز ریزے ؛ ڈبل روٹی یا کیک کے چھوٹے ذرّے یا ٹُکڑے جو ٹوٹ جاتے یا گر پڑتے ہیں ؛ ڈبل روٹی کا نرم اندرونی حصّہ یا گُودا ؛ کسی شے کا چھوٹا سا ٹکڑا یا حصّہ ؛ قدر قلیل ۔ (عوامی) نکمّا یا قابل نفرت شخص ۔ (فعل متعدی) ذروّں یا ٹکڑوں میں توڑنا ؛ چُورا کرنا ؛ کرچی کرچی کرنا ؛ ریزہ ریزہ کرنا ؛ بھورا بھورا کرنا ۔ (طبّاخی) روٹی کے چُورے سے غلافنا یا تیّار کرنا ۔

crumble, v.t. ذروں یا ٹکڑوں میں توڑنا ؛ ریزہ ریزہ کرنا ؛ چُورا کرنا ؛ بھورا کرنا ۔ (فعل لازم) گر کر ریزہ ریزہ ہو جانا ؛ الگ الگ ہو جانا ؛ منتشر ہو جانا ؛ چُورا چُورا ہونا ؛ ٹکڑے ٹکڑے بُرادہ جھڑنا ؛ کھنڈنا ۔ (اسم) (بولی) چھوٹا ریزہ یا ٹُکڑا ؛ کوئی بھی ٹوٹتی ہوئی یا ڈھے کر گری ہوئی چیز ؛ ریز پارہ ۔

crumbly, a. بوسیدہ ؛ چُورا ہو جانے والا ؛ بُھربُھرا ؛ ٹوٹن ہارا ۔

crumbliness, n. بوسیدگی ؛ بُھربُھرا پن ؛ پارہ ریزگی ۔

crumblings, n. بوسیدہ ٹوٹنے والی چیزیں ؛ پارہ ریز۔

crump, v.t. دانتوں سے کٹ کٹ کی آواز کے ساتھ کاٹنا ۔ (فعل لازم) زور سے مارنا ؛ چرمُر یا کرم کرم کی آواز کا نکلنا جیسے برف پر چلنے یا برف پر پھسلنے سے آواز پیدا ہوتی ہے ؛ زور کی آواز جیسی توپ چلنے یا بم پھٹنے سے پیدا ہو ؛ زور سے گرنا ۔ (اسم) پھٹا ہوا گولہ ؛ چُرمُر کی آواز ۔ (برطانوی) بھاری یا شدید ضرب ؛ پھٹنے کی زور دار آواز جیسے گولے کی ؛ بڑے ، پھٹنے والے بم کو سپاہی کا دیا ہوا نام ۔

crumpet, n. (خصوصاً برطانوی) ایک قسم کا ہلکا اور نرم کیک جو کُلچے سے ملتا جلتا ہے اور توے یا کڑھائی میں پکایا جاتا ہے اور اکثر کھانے سے پہلے سینکا جاتا ہے ۔ (عوامی) دلکش لڑکی یا پُرکشش عورت ۔

crumple, v.t. ٹیڑھا کرنا ؛ خمیدہ کرنا ؛ مروڑی دینا ؛ بل دینا ؛ البیٹ دینا یا بٹنا ؛ مسل کر شکنیں چُنٹیں یا جُھرّیاں ڈالنا ؛ سلوٹیں ڈالنا ؛ جھول ڈالنا ؛ مَل دَل ڈالنا ؛ ہلکورے یا لہریں ڈالنا ۔ (فعل لازم) جُھریوں دار یا شکن دار ہونا ؛ سکڑنا ؛ جُھرّی پڑنا ؛ کھنچنا ؛ جھول ہونا ؛ شکن ، چین ، چرس یا سلوٹ پڑنا ؛ مُرجھا کر یا سُوکھ کر جُھرّی دار ہو جانا ۔ (اسم) مُرجھانے ، سُوکھنے یا سکڑنے سے پڑنے والی بے قاعدہ سی جُھرّی ، چُنٹ ، سلوٹ یا شکن ۔

crumply, a. شکنوں ، سلوٹوں یا جُھرّیوں سے بھرا ہوا ؛ شِکن دار ؛ چُنّٹ دار ؛ سلوٹوں بھرا ۔

crunch, v.t. دانتوں سے چُرمر یا کرم کرم کر کے چبانا ؛ چرمر کرنا ؛ کرم کرم کرنا ؛ دانتوں سے چپ چپ کی آواز نکالتے ہوئے چبانا ؛ شور کرتے ہوئے توڑنا یا پیسنا ۔ (فعل لازم) ٹوٹنے کی آواز سے چبایا جانا ؛ چبانے یا پیسنے کی آواز کا پیدا کیا جانا یا روندتے ، کھندلتے ہوئے آگے بڑھنا ۔ (اسم) چبانے ، پیسنے یا توڑنے کا عمل یا آواز ؛ چرمراہٹ ۔

crunchy, a. مُرمُری ؛ چُرمُری ۔

crunode, n. (جیومیٹری) وہ نقطہ جس پر خط منحنی اپنے آپ کو قطع کرے ۔

crupper, n. نقل اسپ ؛ دُمچی ؛ لید خورا ؛ چمڑے کی پٹّی جو زین کے پچھلے حصّے کے ایک طرف سے شروع کر کے گھوڑے کی دُم کے نیچے سے نکال کر زین کے دوسری طرف باندھی جاتی ہے تا کہ زین اپنی جگہ سے کِھسکنے نہ پائے ؛ گھوڑے کا پُٹّھا یا سرین ۔

crural, a. ساق ، ران ؛ ٹانگ یا پچھلے عضو کے متعلّق ؛ جڑ یا صرف ٹانگ کا یا اس سے متعلّق ؛ پنڈلی کا ؛ ٹانگ کی شکل کا ؛ لتیا ۔

crus, n. ساق ؛ ساقچہ ۔ (تشریح الاعضا، حیوانیات) پاؤں یا پچھلی ٹانگ میں ران اور ٹخنے کے درمیان کا حصّہ ؛ پنڈلی ؛ ٹانگ کی طرح کے مختلف اعضا میں سے کوئی ایک ؛ جیسے امدادی اعضا کا کوئی جوڑ ؛ جڑ ؛ ٹانگ ؛ ران ۔

crusade, n. (اکثر بڑے C کے ساتھ) صلیبی جنگ : ان مذہبی جنگوں میں سے کوئی ایک جو یورپ کے عیسائیوں نے گیارھویں ، بارھویں اور تیرھویں صدی عیسوی کے دوران میں مسلمانوں سے بیت المقدس حاصل کرنے کے لیے لڑی تھیں ؛ کوئی بھی جنگ جو پوپ کی منظوری سے لڑی جائے ؛ مسیحی جہاد ؛ عمومی معنوں میں جہاد جو کسی نیک مقصد یا نظریے کو فروغ دینے کے لیے ہو یا کوشش جو کسی بداخلاقی کو روکنے کے لیے ہو۔ (فعل لازم) صلیبی جنگ پر جانا ؛ صلیبی جنگ میں حصّہ لینا ؛ جنگ آزما ہونا ۔

crusader, n. صلیبی ؛ مذہبی جنگ کرنے والا ۔ (اکثر بڑے C سے) ان میں سے کوئی ایک جنھوں نے ازمنہ وُسطیٰ کی صلیبی جنگوں میں حصّہ لیا تھا ؛ دین پر مرنے یا دین کے لیے لڑنے والا ۔

cruse, n. کوزۂ گِل ؛ مٹی کا برتن ؛ بوتل یا رقیق مادوں کے لیے کوئی اور چھوٹا ظرف ۔

crush, v.t. دبانا یا بھینچنا ؛ پیسنا ؛ داب دینا ؛ پیلنا ؛ مسلنا ؛ کُچلنا (جیسے دو سخت اجسام یا پاٹوں کے درمیان) دبانا اور رگڑنا ؛ بھینچنا یا دبا کر شکل بگاڑ دینا ؛ مسل دینا ؛ زور یا تشدّد سے دبانا یا بھینچنا ؛ زیر کرنا ، مغلوب کرنا یا پوری طرح دبا لینا ؛ کُچل ڈالنا یا تباہ کر دینا ؛ شدید ظلم کرنا ؛ توڑ کر ریزہ ریزہ کرنا جیسے دھات یا پتھّر ؛ دبا کر یا بھینچ کر تہس نہس کرنا ؛ دابنا ؛ توڑنا ؛ کُچل ڈالنا ؛ روندِ ڈالنا ۔ (فعل لازم) دب جانا یا پس جانا ؛ بِھیڑ کے درمیان بھنچی

ہوئی حالت میں آگے بڑھنا ؛ بھنچ بچھا کے گھس آنا یا رستہ پا لینا ؛ دبنا ؛ بھچنا ؛ روندا جانا ؛ کُچلا جانا ۔ (اسم) دبانے یا بھینچنے کا عمل یا بھینچنے کی حالت ، خصوصاً اشخاص یا اشیا کے ہجوم کی صورت میں یا بڑے اجتماع یا بھیڑ بھاڑ میں ؛ جمگھٹا ؛ بھیڑ بھڑکا ؛ دھکا پیل ؛ روندن ؛ ریلا ؛ دھکم دھکا ؛ دباؤ ، ٹکر ؛ دھڑاکا ؛ کھڑکھڑاہٹ ؛ چٹکارا ؛ چٹاخا ۔ (بول چال) شدّید اور والہانہ فریفتگی (وقتی) ؛ بھینچ ؛ کُچل ۔

crusher, n. کرشر ؛ ساحق ؛ دبانے یا بھینچنے والا ؛ معدنیات یا پتھّر پیسنے یا ریزہ ریزہ کرنے کی مشین/چکّی ؛ کُچل کار ؛ پیس کار ۔

crushing, a. رگڑاؤ ؛ دباؤ ؛ سحق ؛ کُچلاؤ ۔

crust, n. قشر ؛ پپڑی ؛ پرت ؛ چھلکا ؛ ڈبل روٹی کے اُوپر کی سخت پپڑی ؛ انگریزی کھانے ''پائی'' کے اُوپر کی جمی ہوئی پرت ؛ کوئی بھی اُوپر جمنے والی سخت چیز یا تہ ؛ منجمد سطح آب ؛ کُھرنڈ ؛ قشرارض یا زمین کی بالائی سطح جس کی جانچ آسانی سے ممکن ہے ؛ باہر کا سخت قشر یا کسی جانور یا پودے کا غلاف ؛ بکّل ؛ چھال ؛ خول ؛ بالائی یا سطحی چیز ؛ لفافہ ؛ کھپرا ؛ پاپڑ ؛ مانڈا ؛ جلبہ ؛ قشرارض ؛ قشرہ ؛ جھاؤ ؛ میل ؛ پوست ۔ (فعل متعدی) لپیٹنا ؛ چھلکا ڈالنا یا پپڑی جمانا ؛ پرت چڑھانا ؛ پوست چڑھانا ؛ غلاف چڑھانا ۔ (فعل لازم) پپڑی جم جانا ؛ چھلکا آ جانا ؛ خول جمنا ؛ پپڑیانا ؛ جم جانا ؛ میل بیٹھنا ؛ پپڑانا ؛ پپڑی بندھنا ۔

crustacean, a. قشری ؛ خول دار ؛ عام طور پر ایسے جانور جن کے اجسام پر سخت خول یا پپڑی جمی ہوئی ہو جیسے چنگری ، جھینگا ، کیکڑا ، سیپ مچھلی اور خرخاکی وغیرہ ۔ (اسم) قشری جانور ؛ قشری حیوان ؛ قشریہ ۔

crustaceology, n. قشری جانوروں کا علم یا مطالعہ ۔

crustaceous, a. قشر دار ؛ خول یا قشر کی ہیئت کا یا اس کے متعلق ؛ سخت کھال والے ، جانور کی طرح ؛ خول دار ؛ قشری ؛ قشری صنف سے متعلّق ؛ چھلکے دار ؛ پرت دار ؛ پوست دار ۔

crustacea, n. قشریات ؛ ذوات القشر ؛ حیوانات قشریہ ؛ جنس قشری ؛ خول والے جانور جیسے کیکڑا وغیرہ ۔

crustal, a. اوپر کی پرت کا یا اس سے متعلّق جیسے زمین کی پرت ۔

crusty, a. چھلکے دار ؛ اوپر کی پرت یا پپڑی کی ہیئت کا یا اس سے مشابہ ؛ پپڑی والا ؛ برتاؤ یا گفتگو میں اکھڑ ؛ اکھل کُھرا ؛ بدمزاج ؛ پاپڑ یا چھلکا سا ؛ پپڑیا ۔

crutch, n. کرَچ ؛ عکازہ ؛ بیساکھی : لنگڑے یا معذور شخص کو چلنے میں مدد دینے کے لیے عصا یا ڈنڈا جس کے ایک سِرے پر افقی لکڑی کا ٹکڑا لگا ہوتا ہے تا کہ وہ بغل کے نیچے رکھّا جا سکے ؛ اس سے ملتی جلتی شکل یا استعمال والی مختلف ترکیبوں میں سے کوئی ایک ؛ سہارے کا دوشاخہ عصا ؛ مُڑا ہوا عصا؛انسانی جسم کا وہ حصّہ جہاں دونوں ٹانگیں ملتی ہیں ؛ دو شاخہ رکّاب ؛ کاٹھی کا اگلا اُٹھا ہوا حصّہ ؛ وسائل کے ناکافی ہونے کی صورت میں سہارا دینے والی چیز ؛ ٹیکا ؛ سہارا ؛ مختلف قسم کی اڑواڑیں ؛ لاٹھی ؛ عصا ۔ (فعل متعدی) بیساکھی سے یا بیساکھی کی طرح سہارا دینا ؛ ٹیک/آسرا دینا یا تھام کر قائم رکھنا ؛ لاٹھی ٹیک کر چلنا ؛ بیساکھی پر اُچھلنا ۔

crux, n. صلیب ؛ معمّا ؛ پیچ ؛ عُقدہ ؛ دشواری ؛ مرحلہ ؛ مشکل معاملہ ؛ چلیپا یا مشکل چوپارا معمّا ؛ بُنیادی نُکتہ ؛ کوئی چیز جو معمّے کی طرح ہونے کے سبب پریشان کُن ہو ؛ پریشان کُن مُشکل ؛ مشکل مرحلہ ۔ (بڑے C کے ساتھ) (فلکیات) صلیبِ جنوبی مجمع الکواکب جس کے چار خاص ستارے صلیب کی شکل بناتے ہیں ۔

crux ansata, n. دستہ دار صلیب ؛ صلیب T کی شکل میں اور جس کے اوپر ایک پھندا ہو ۔

cry, v.i., v.t. زور سے پُکارنا ، آواز نکالنا یا بُلایا جانا ؛ چیخنا ؛ چِلاّنا ؛ غم یا ماتم کی کیفیت میں بین کی بے ربط و مہمل آوازیں نکالنا ؛ آنسو بہانا ؛ رونا ؛ جانوروں کا آوازیں نکالنا یا اپنی مخصوص بولیاں بولنا ؛ کُتّوں کا بھونکنا جیسے شکار کے پیچھے دوڑتے ہوئے ؛ زور سے بولنا یا اعلان کرنا ؛ آواز دینا ؛ سب کے سامنے زبانی اعلان کرنا ؛ آواز لگا کر بیچنا ؛ شادی کا اعلان کرنا جو نکاح سے پہلے گرجا میں تین بار کیا جاتا ہے ؛ مدد چاہنا ؛ دُہائی دینا ؛ فریاد کرنا ؛ مدد مانگنا ؛ منادی کرنا ؛ بُرا کہنا ؛ الزام لگانا ؛ آواز یا صدا لگانا ؛ ڈھنڈورا پیٹنا یا پٹوانا ؛ چنگھاڑنا ؛ چکارنا ؛ شکوہ کرنا ؛ شکایت کرنا ؛ اہانت کرنا ؛ بلک بلک کر رونا ؛ واویلا کرنا یا مچانا ؛ بچّوں کی طرح رونا ؛ للکارنا ؛ روکا دینا ؛ توبہ دھاڑ ڈالنا ؛ آواز دینا ؛ نالہ کرنا ؛ رونا پیٹنا ؛ بلبلانا ؛ بلکنا ؛ جھینکنا ؛ گریہ کرنا ؛ آہ و زاری کرنا ۔

cry down, اعلانیہ مذمّت کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ تحقیر کرنا ؛ الزام دینا ؛ اہانت کرنا ۔

cry up, تعریف کرنا ؛ بڑھانا چڑھانا ؛ بڑائی کرنا ؛ سراہنا ؛ ثنا کرنا ۔

cry wolf, خطرے کا جُھوٹا اعلان کرنا ؛ شیر آیا،شیر آیا کہنا ۔

crying, a. چیختا ہوا ؛ شاکی ؛ ماتم کناں ؛ گریہ کناں ؛ تلافی کا متقاضی یا صریحی فاسد (جیسے : a crying evil) ۔

cry, n. چیخ ؛ چِلاّہٹ ؛ چیخنے چِلاّنے کی آواز یا عمل ؛ کوئی بھی زور سے ادا کیا گیا بول یا صوتی اظہار ؛ اضطراری آواز ؛ شوروشغب ؛ ہنگامہ ؛ غوغا ؛ بین ؛ فریاد یا التجا ؛ آہوزاری ؛ زبانی اعلان یا منّادی ؛ بولی (نیلام کی) ؛ صدا ، آواز (خوانچے ، پھیری والے کی) ؛ صدائے خلق ؛ عام آوازہ ؛ عام رائے ؛ چرچا ؛ افواہ ؛ للکار ؛ جنگ کا نعرہ ؛ سیاسی نعرہ ؛ دورۂ گریہ ؛ جانور کی چیخ یا مخصوص بولی ؛ شکار کا تعاقُب کرتے ہوئے کُتّوں کی بھونکار ؛ اس لیے پیچھا کرنے والا گروہ ؛ تعاقُب ؛ بانگ ؛ نالہ ؛ کُوک ؛ واویلاّ ؛ گریہ و زاری ؛ بلبلاہٹ ؛ رونا ؛ غُل ؛ شور ؛ بولی ؛ چیخم دھاڑ ؛ ہانک ۔

crybaby, n. رونا بچّہ ؛ بچّوں کی طرح ذرا سی بات پر رونے یا شکایت کرنے والا شخص ؛ روتی صورت ۔

crymotherapy, n. دیکھیے : Cryotherapy ۔

cryobiology, n. برودیات ؛ بردیات : حیاتیاتی نظاموں پر بہت گرے ہوئے درجۂ حرارت یا بہت زیادہ سردی کے اثرات کا مطالعہ ۔

cry off, v.i. (برطانوی) وعدے سے پھر جانا ؛ معاہدے ، وعدے ، اقرار ، بات سے ہٹنا یا مُکرنا ؛ خرید یا معاملہ کرنے سے باز آنا ؛ دست بردار ہو جانا ۔

cryogen, n. انجمادی آمیزہ ؛ درجہ حرارت گرانے والا ایک مادّہ ؛ برف جمانے والا آمیزہ یا مسالا ؛ بردزا (مسالا) ۔

cryogenic, a. انجمادی ؛ بردزا ۔

cryogenics, n. (جمع لیکن استعمال میں واحد) بردیّات ؛ علمِ تبرید ؛ طبیعیات کی وہ شاخ جو کم سے کم درجہ ہائے حرارت کا مطالعہ کرتی ہے جن پر آکسیجن جیسی گیسیں بھی رقیق میں تبدیل ہو جاتی ہیں ۔

cryogenic lake, n. (ارضیات) مستقلاً برف سے منجمد علاقے کی ایک جھیل جہاں مقامی گداختی سے پانی بنتا رہتا ہے ۔

cryolite, n. (کیمیا) کرائیو لائٹ ؛ گرینا ینڈی بِلّور ؛ سوڈیم اور ایلومینم کا کلورائڈ جو ایلومینم آکسائڈ سے ایلومینم کشید کرنے کے لیے بطورِ برق پاش استعمال ہوتا ہے ، فنِ کُوزہ گری میں اور کیڑے مار دوا کے طور پر بھی برتا جاتا ہے ۔

cryometer, n. برودت پیما ؛ بَرد پیما ؛ کم درجہ ہائے حرارت کو ناپنے والا تھرمامیٹر جس میں پارے کے بجائے الکحل استعمال ہوتا ہے ۔

cryonics, n. انجمادیات ؛ مُردہ اجسامِ نامی کو اس امید پر منجمد کر دینے کا نظام کہ مستقبل میں انہیں دوبارہ زندہ کر کے استعمال کیا جا سکے ۔

cryonic, a. (صفت) انجمادی ۔

cryophyte, n. (نباتیات) یخ نبات ؛ اُشنہ ، کبھی کبھی کائی یا سماروغ/پھپھوند یا بکٹیریا کی شکل میں برف یا یخ پر اُگنے والا پودا جس کے بکثرت اُگنے سے برف کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے ۔

cryoscopy, n. (طبیعیات) بَردنمائی ؛ بَردبینی ؛ رقیق یا سیّال چیزوں کے نقطہ ہائے انجماد کا تعیُّن جو عموماً رقیق کے اجزا معلوم کرنے اور محلول میں منحل کے اضافے سے نقطۂ انجماد میں تبدیلی کے اثرات کا مطالعہ کرنے کے کام آتا ہے ؛ نقطۂ انجماد بینی ؛ انجماد نُمائی ؛ برف نُمائی ۔

cryoscopic, a. برف نُما ؛ نقطۂ انجماد کے تعین سے متعلّق ۔

cryoscope, n. (طبیعیات) بردبین ؛ بردنما ؛ نُقطۂ انجماد بین ؛ ایک آلہ جو رقیق کے نقطۂ انجماد کا تعیّن کرتا ہے ۔

cryostat, n. مبرد قرار ؛ تبرید نُما ؛ حرّسکونی آلہ جو گرا ہُوا درجہ حرارت یا تبرید قائم رکھنے کے کام آتا ہے ۔

cryosurgery, n. برد جرّاحی : عملِ جرّاحی جو بیمار نسیج کو ختم یا علیحدہ کرنے کے لیے انتہائی تبرید استعمال کرنے والے مخصوص اوزاروں سے کیا جاتا ہے ؛ برودتِ جرّاحی ؛ برف جرّاحی ؛ تبریدی جرّاحی ۔

cryotherapy, crymotherapy, n. تبریدی علاج ؛ سردی یا تبرید کے ذریعے بیماری کا علاج ؛ برف علاج ۔

crypt, n. غار ؛ زمیں دوز حجرہ ، خصوصاً گرجا کے بڑے ہال کے نیچے تہ خانہ یا سردابہ جو بطورِ مدفن استعمال ہوتا ہے ؛ غار ، گُپھا یا کھوہ ۔ (تشریح الاعضا) غدّہ ؛ غدودی جوف ؛ سردابۂ کلیسا ؛ خافیہ حجرہ ؛ طاقہ ؛ خُفیہ درز ؛ تھیلی ؛ کیسک ۔

cryptal, a. زمیں دوز ؛ اندرونی ۔

cryptanalysis, n. مخفی تحریری علامتوں یا اشاروں کا مُطالعہ اور حل یا کُنجی ۔

cryptic, cryptical, a. چُھپا ہوا ؛ مخفی ؛ باطنی ؛ پُراسرار ؛ پوشیدہ علامت یا اشارت کے استعمال کا مُظہر ۔ (حیوانیات) چھپانے کے لیے مناسب ؛ خفی ؛ خافی ۔

crypto, n. وہ شخص جو کسی گروہ یا جماعت کا خفیہ یا پوشیدہ طور پر رکن ہو ۔

cryptoclastic, a. (ارضیات) خافی متکسّر ؛ اتنے چھوٹے ذرّوں سے بنا ہوا جن کو آنکھ خوردبین کی مدد کے بغیر نہ دیکھ سکے ۔

cryptocrystalline, a. خافی قلمائی ؛ باریک کرسٹل دار ؛ مبہم قلمی : ایسی چٹانوں کے متعلّق جن کی قلمیں اتنی باریک اور چھوٹی ہوں کہ خوردبین سے بھی واضح طور پر نظر نہ آ سکیں ۔

cryptogam, n. (نباتیات) نِس پُھول ؛ گُمزاد پودے ؛ بے گُل پودا : پودوں کی ایک ایسی جنس جس میں زربَر اور بقچۂ گُل نہیں ہوتے جس کے سبب پُھول اور بیج بھی نہیں لگتے ، ایسے پودوں میں فرن (کزف ، سرخس) ، مختلف کائیاں اور تالوسی پودے شامل ہیں ؛ بے تخم پودا ۔

cryptogamic, a. گُمزاد ؛ بے گُل ؛ بے تُخم ؛ بن پھلیا ؛ بے گُل پودے کا یا اس کے متعلّق ؛ نس پھولدار ۔

cryptogamous, a. گُمزادی ؛ بے گُل پودے کی خصوصیات کا حامل ۔

cryptogamia, n. خف زوجہ ۔

cryptogenic, a. پیدایشی خفی ؛ جس کی اصل یا ابتدا نامعلوم ہو ؛ پیدایش نامعلوم ، جیسے کوئی مرض یا بیماری ۔

cryptogram, n. رمز نگار ؛ خط رمز کی تحریر ؛ رمزی تحریر ؛ تحریر رمز ؛ اشاری تحریر ۔

cryptogrammatic, a. رمزی ؛ اشاری ؛ رمزی تحریر سے متعلق ۔

cryptograph, n. رمزی تحریر ؛ خط رمز کا قاعدہ یا نظام ؛ خط اشارت یا علامتی خط ؛ خفیہ علامتوں کی تحریر کا قاعدہ و طریقہ ؛ تحریر رمزی ؛ تحریرِ اشاری ۔

cryptograph, v.t. رمزی خط میں لکھنا ۔

cryptography, n. رمز نویسی ؛ خطِ رمز ؛ خُفیہ حروف یا رمزی علامات میں لکھنے کا فن ۔

cryptographic, a. رمزی ؛ اشاری ۔

cryptographer, cryptographist, n. رمز نویس ؛ رمّاز ؛ ماہر اشاری تحریر ۔

cryptology, n. رمزیات ؛ باطنی یا چیستانی زبان ؛ خطِ رمز ؛ رمزی حروف یا علامات میں لکھنے کا فن ؛ رمز نویسی ؛ مخفی تحریری علامتوں یا اشاروں کا مطالعہ اور حل یا تجزیہ ۔

cryptonym, n. خُفیہ نام ؛ رمزی نام ۔

cryptonymous, a. رمزی نامدار ؛ خفیہ نام کا ؛ گُمنام ؛ نامعلوم ۔

cryptozoite, n. خف حیوانچہ ؛ خافی ملیریائی جرثومہ : ملیریائی طفیلی جرثومہ اپنی زندگی کے اُس دور میں جبکہ وہ خون کے خلیوں پر حملہ آور ہونے سے پہلے نسیجی خلیوں میں خاموشی سے نشوونما پاتا ہے ۔

crystal, n. بلّور ؛ قلم ؛ کرسٹل ؛ صاف و شفاف دھات جو برف سے مشابہ ہو ، خصوصاً خالص سنگِ مُردہ کی صاف شفاف یا تقریباً شفاف شکل ؛ اس طرح کے مادّے سے بنی ہوئی یا اس سے ملتی جُلتی کوئی بھی چیز ؛ بہت زیادہ چمکدار بلّور یا شیشہ ؛ تراشیدہ بلور ؛ گھڑی پر شیشے کا ڈھکن ۔ (کیمیا ، معدنیات) قلمی مادّہ ؛ مخصوص اندرونی

قلم پذیری کے اصولوں ، قلموں کی اشکال نیز ساخت وغیرہ کے متعلّق تعلیم و تدریس ؛ کرسٹل نگاری ۔

crystallographer, n. ماہرِ قلمیات ؛ قلمیات یا بِلّوریات کا عالم یا محقق ؛ شناسائے عِلمِ کرسٹل نگاری ۔

crystalloid, a. بِلّور آسا ؛ بِلّوری ؛ قلم نُما ؛ قلمیّہ ؛ کرسٹل نُما ؛ قلم آسا ۔

crystalloid, n. (کیمیا) مادۂ زُلال : ایک مادّہ ، مثلاً نمک ، جو قلمی شکل اختیار کرتا ہے ، صحیح محلول بناتا ہے اور محلول کی شکل میں آسانی کے ساتھ جھلّی سے گزر سکتا ہے ۔ (نباتیات) زُلال نُما مادّہ جو باریک قلمی شکل میں بعض بیجوں کے خُلیوں میں پایا جاتا ہے ۔

crystalloidal, a. قلمی شکل ؛ بِلّورین اصل ؛ زلالی ۔

crystal violet, n. (کیمیا) بلوریں بنفشی رنگ ؛ تشخیصی دوا میں داغ اور تیزابی اصل کے طور پر استعمال ہونے والا کلورائڈ ۔

crystal vision, n. مُکاشفہ : حاضرات کے ذریعے دُور دراز کے واقعات یا مستقبل کا بصری انکشاف ؛ شبیہہ یا شبیہیں جو دکھائی دیتی محسوس ہوتی ہیں ۔

ctenoid, a. کنگھی کی طرح کے (کھپرے) شانہ نما کھپرے کی حامل(مچھلیاں یا آبی جانور)۔

ctenophore, n. شانہ بردار ؛ شانہ بردار مچھلی ؛ اسی نام و جنس سے متعلق اور جیلی مچھلی سے مماثل آزادانہ تیرنے والے آبی جانوروں میں سے کوئی ایک ۔

cub, n. پِلاّ ؛ پٹّھا ؛ بعض جانوروں ، مثلاً لومڑی ، ریچھ یا کسی درندے کا ، بچّہ ؛ نامہذّب اور بے تمیز لڑکا ؛ اخبار کا ناتجربہ کار نامہ نگار ۔

cub, n. یک انجنی ہوائی جہاز ؛ یک تیل کلی طیّارہ ؛ ایک انجن والے چھوٹے اور ہلکے مِلتے جُلتے مگر مختلف ہوائی جہازوں میں سے کوئی ایک جن کی کیبن بند ہوتی ہے ۔

Cuban, a. کیوبائی : مغربی مجمع الجزائربند کے جزیرے کیوبا کا یا اس کے متعلّق ۔ (اسم) کیوبا کا پیدائشی یا باشندہ ۔

Cuban heel, n. کیوبائی ایڑی : عورتوں کے جوتوں کی چوڑی ، تھوڑی سی خمیدہ اور درمیانی اونچائی کی ایڑی ۔

cubature, cubage, n. تکعیب ؛ کسی جامد کی مکعبی جسامت کا تعیّن ؛ گنجایشِ مکعب ؛ مافی المکعب ؛ کعبیت ؛ جسامت ؛ مساحت ؛ حجم ؛ مساحتِ جسم ۔

cubby, n. کُنجِ راحت ؛ محفوظ و آرام دہ بند جگہ ؛ چھوٹی کوٹھڑی ۔

cubbyhole, n. چھوٹی بند جگہ ؛ بہت چھوٹا اور محفوظ و آرام دہ کمرہ یا جگہ ؛ اُطاق محروس ۔

cube, n. (جیومیٹری) شش پہلو ؛ مکعب ؛ کعب ؛ مسدس مستوی ؛ شش پہلو : ایک جامد جس کی چھ سطحیں چھ برابر کی مربع یا چہار گوشہ شکلیں ہوں اور کسی بھی دو مِلی ہوئی مربع سطحوں کے درمیان قائمہ زاویہ بنتا ہو ۔ (ریاضی) کسی مقدار کی تیسری یا تیسرے درجے کی قوت ، مثلاً ۴ کا مکعب ۴ × ۴ × ۴ یا ۶۴ ؛ شش در ۔ (فعل متعدی) جسامت مُکعب ناپنا ؛ تیسرے درجے کی طاقت تک اُٹھانا ؛ عدد مُکعب

ساخت کا حامل جسم جو واحد عنصر یا مرکب کے جامد ہونے سے تشکیل پانے والی موزوں و متناسب شکل کی سطحوں میں ملفوف ہو ۔ (ریڈیو) کچّے سیسے کا ٹکڑا ، کرندہ (کاربورنڈم) یا ایسی ہی کوئی چیز جو قلمی شناسندہ (detector) کا ضروری جُز یا بجائے خود قلمی شناسندہ ہو ؛ بِلّورہ ۔ (صفت) بلوریں ؛ شیشہ ساخت ؛ شفاف سنگِ مُردہ یا بلّور کا بنا ہوا یا اس سے مشابہ ؛ صاف ؛ شفاف ۔ (ریڈیو) قلمی شناسندہ سے متعلّق یا اِس سے کام لینے والا ؛ بلورین ؛ قلمی ؛ موتی سا ؛ کرسٹلی ؛ بلّور سا ؛ چمکتی ہوئی ؛ شفاف ۔

crystalliferous, crystalligerous, a. کرسٹل دار ، کرسٹل کا حامل یا کرسٹلی ؛ بلوریں ۔

crystal detector, n. قلمی شناسندہ : ایک ترکیب جس کے ذریعہ ریڈیو سیٹ میں بدلتی رَو (A.C.) کو راست رَو (D.C)میں تبدیل کیا جا سکتا ہے کیونکہ سیٹ میں قلمی شناسندہ یا کچّے سیسے کا یا کاربورنڈم کا شناسندہ ہوتا ہے جو برقی رو کو صرف ایک سمت میں آزادی سے گزرنے کی اجازت دیتا ہے ؛ قلم کاشِف ؛ قلم شناسندہ ۔

crystal gazing, n. بِلّوربینی : سنگِ مُردہ یا بِلّور کے شفّاف گولے یا کسی اور صاف شفّاف چیز کے اندر نظریں گڑا کر دیکھنا تا کہ مستقبل کے واقعات کی تصویریں سامنے آ جائیں ؛ عملِ حاضرات جو شیشے یا روشنائی پر نگاہ جما کر کیا جائے (آئندہ حالات معلوم کرنے کے لیے) ؛ ضروری حقائق کی تائیدوحمایت کے بغیر فیصلے کرنے یا مستقبل کی پیش گوئیاں کرنے کا عمل ۔

crystal gazer, n. بِلّوربین : حاضرات کے ذریعے ماضی و مستقبل کی باتیں بتانے والا ۔

crystalline, a. بِلّوری ؛ بِلّوریں ؛ قلمی ؛ قلمائی ؛ چمکدار ؛ قلموں کا حامل ؛ قلموں کے متّعلق یا ان سے تعلّق رکھنے والا ؛ بلّور آسا ؛ خالص ؛ صاف ؛ شفاف ؛ واضح ؛ بلور سا ؛ موتی سا ۔

crystalline lens, n. (تشریح الاعضا) عدسۂ چشم ؛ آنکھ کا عدسہ ؛ آنکھ کا موتی ؛ جلیدیہ ۔

crystallite, n. بلّورَک : دھات کا ریزہ جو قلم پذیری کے نتیجہ میں بنتا ہے اور آتشیں چٹان میں پایا جاتا ہے ۔

crystallitic, a. بلّورکی ؛ چھوٹے چھوٹے قلمی ریزوں کا حامل ؛ دھات کے چھوٹے ذرّوں کا حامل ۔

crystallize, v.t. اس ترکیب سے جمانا کہ قلمیں بن جائیں ؛ قلمیں بنانا ؛ بلّوریں شکل دینا ۔ (مجازاً) قطعی یا مرئی شکل دینا ؛ قند بنانا ؛ مصری تیّار کرنا ۔ (فعل لازم) قلمیں بنوانا ؛ قلمِ بلّور کی ہیئت اختیار کرنا ۔ (مجازاً) قطعی یا مرئی شکل اپنانا ؛ قند ہونا ؛ مصری بننا ۔

crystallized, a. تقلیمی ؛ قلم بند ؛ قلموں کی شکل کا یا قلموں کی صورت میں بنا ہوا ؛ شفّاف ؛ صاف شُدہ ؛ قلمی ۔

crystallizer, n. قلماؤ ؛ قلم ساز ؛ قلمیں بنانے والا ؛ صاف و شفّاف کرنے والا ۔

crystallizable, a. قلم پذیر ؛ قلم بننے کے قابل ؛ مائل بہ قلم بندی ۔

crystallization, n. عملِ قلماؤ ؛ قلمیّت ؛ قلم پذیری ؛ قلم بننے کی صلاحیت ؛ قلم بننے یا بنانے کا عمل ؛ قلمیں بنانے کا طریق کار ؛ قلمی جسم یا تشکیل ؛ تقلیم ؛ قلم بندی ۔

crystallography, n. قلمیّات : بِلّوریات ؛

معلوم کرنا ؛ مکعب بنانا ۔

cube root, n. جذر الکعب ؛ تیسرے درجے کا اتار یا وہ ہندسہ (مقدار) جس کا دیا ہوا ہندسہ (مقدار) مکعب ہے : جیسے اگر دی ہوئی مقدار ٦٤ ہے تو ٤ اس کا جذرالکعب ہے ۔

cube, n. کیوب : امریکا میں گرم علاقوں کے ایسے کئی پودوں میں سے ایک جن سے کیڑے مار دوائیں اور مچھلی کے زہر تیّار کیے جاتے ہیں ؛ زہر ناب پودا ۔

cubeb, n. [عربی] کبابہ ؛ کباب چینی ؛ سیتل چینی ؛ مسالے دار یا چٹپٹے مزے کی گوندنی جو شرق الہند کے سیاہ مرچی خاندان کی جھاڑی نما بیل میں لگتی ہے ، اس بیل کو کچّی حالت ہی میں خُشک کیا جاتا ہے : پہلے زمانے میں اسے پیشابی اور قصبی (نرخرے کی) امراض کی دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا نیز تمباکو کی جگہ سگریٹ میں بھر کر پیتے تھے ۔

cubic, a. کعبی ؛ مکعب ؛ مکعب کی شکل کا ؛ سہ رُخا ، جامد ، یا جامد جسامت کے متعلّق (جیسے : a cubic foot) ، یعنی ایسا مکعبی حجم جس کا ہر ضلع ایک فٹ لمبا ہو ۔ (ریاضی) تین کی طاقت یا تیسرے درجے کا ۔(قلمیات) عملِ قلماؤ کے کعبی نظامِ اشکال کا یا اس کے متعلّق ؛ درجہ سوم کی ؛ درجہ سوم یا تیسرے درجے کی مساوات ۔

cubic measure, n. حجم ؛ جسامت ؛ حجم کا ناپ مکعبی اکائیوں کے حساب سے ؛ حجم کے ناپ کا مکعبی قاعدہ جس کے تحت١٧٢٨ مکعب انچ برابر ہوتے ہیں ایک مکعب فٹ کے اور ٢٧ مکعب فٹ برابر ہوتے ہیں ایک مکعب گز کے ۔

cubical, a. مکعب ؛ کعبی ؛ مکعبی ۔

cubicalness, n. کعبیت ؛ مکعبیّت ۔

cubicle, n. کعبیہ ؛ اُطاقچہ : یک بستری خواب گاہ ، خصوصاً چھوٹے چھوٹے حصّوں میں تقسیم شُدہ سونے کے بڑے کمرے کا ایک حصّہ ؛ منقسمہ چھوٹی جگہ یا کمرہ ؛ کتب خانے میں صرف ایک شخص کے علیحدہ بیٹھ کر پڑھنے کی جگہ ؛ کیوبیکل ۔

cubiform, a. مکعب شکل ؛ مکعبِ کی شکل کا؛ کعبی ؛ مکعبی ۔

cubism, n. کعبیت ؛ مکعبیت ؛ کعبی نقّاشی یا مصوری : بیسویں صدی کے اوائل میں پیرس کے شہر میں پروان چڑھنے والی جدید مصوّری کی انقلابی تحریک جس کے تحت کسی چیز کی مکمّل ساخت کے تصوّر کا اظہار حقیقی تصویر یا عکس سے قطع نظر اقلیدسی اشکال اور سطحوں سے کیا جاتا تھا ؛ کعبی نقّاشی ۔

cubit, n. ساعد ؛ بانہہ ؛ ہاتھ ؛ ناپ : لمبائی کا قدیم پیمانہ ، یعنی کہنی سے درمیانی انگلی کے سرے تک کی لمبائی جو ١٧ سے ٢١ انچ تک ہوتی ہے ؛ نیم گز ؛ ہاتھ بھر ۔

cubital, a. ساعدی ؛ ہاتھ یا بانہہ کے اگلے حصّے سے متعلّق ؛ ہاتھ کی لمبائی کا ؛ ہاتھ بھر ؛ ادھ گزا ۔

cubitus, n. (تشریح الاعضا) بانہہ کا اگلا حصّہ ؛ ساعد ؛ ذِرَاع ؛ پیش بازُو ؛ پیش پا ؛ کُہنی ۔

cuboid, a. مکعب نُما ؛ کعب آسا ؛ مکعب سا ؛ کعب شکل ؛ مکعب سے مشابہ ہیئت کا ۔ (تشریح الاعضا) ٹخنے کی ہڈّیوں میں سب سے اُوپر کی آخری ہڈّی کے متعلق ۔ (اسم) مکعب نُما ؛ مکعب سے مشابہ شکل کی چیز ۔ (تشریح الاعضا) ٹخنے کی ہڈّیوں میں سب سے اُوپر کی آخری ہڈّی ؛ عظم الکعب ؛ ٹخنے کی ہڈّی ؛ نردی ہڈّی ۔ (ریاضی) علی القوائم متوازی السطوح ۔

cuboidal, a. کعب آسا ؛ مکعبی شکل کا ؛ سطح مستوی کا ؛ مکعب سانی ۔

cub scout, n. ابتدائی اسکاؤٹ : امریکا میں بوائے اسکاؤٹس کی اس شاخ کا رُکن جس میں ٨ سے ١١ سال تک کے لڑکے ہوتے ہیں ؛ آموزگار اسکاؤٹ ؛ چھوٹا اسکاؤٹ ۔

cucking stool, n. عتاب کُرسی : پرانے زمانے میں ایک عقوبتی طریقہ جس میں مجرم ، مثلاً بے ایمان تاجر کو کرسی پر بٹھا کر رسیوں سے باندھ دیا جاتا تھا اور لوگ اسے بُرا بھلا کہتے ، مذاق کرتے ، پتھّر مارتے اور کبھی کبھی کُرسی سمیت پانی میں بھی غوطہ دے دیا کرتے تھے ۔

cuckold, n. بیوفا بیوی کا شوہر ؛ قرّم ساق ؛ بھاڑو ؛ دیُوث ؛ بھڑوا ۔

cuckold, v.t. (شوہر کو) قرّم ساق یا دیُوث بنانا ۔

cuckoldly, adv. دیُوثانہ ؛ قرّم ساقانہ ۔

cuckoldry, n. دیوثی ؛ قُرّم ساقی ۔

cuckoo, n. پیک ؛ کُکُو ؛ کوئل جیسا پرند : جنسِ کوکولس کا کوئی بھی پرند ، خصوصاً یورپ کا عام نقل مکانی کرنے والا موسمی پرندہ ، جو اپنی مخصوص میٹھی آواز اور دوسرے پرندوں کے گھونسلوں میں انڈے دینے اور اس طرح اپنے بچّوں کی پرورش دوسروں سے کرانے کے لیے مشہور ہے ؛ ککو کی بولی یا اس کی نقل ؛ بیوقوف یا سادہ لوح ؛ کوئل نما پرند ؛ کوکل ۔ (فعل متعدی و لازم) کُو کُو کرنا ؛ ککو کی بولی بولنا یا اس کی نقل کرنا ؛ ایک ہی آواز میں بولتے جانا ۔

cuckoo, a. (عوامی) احمق ؛ سنکی ؛ مُنہ پھٹ ؛ لاأبالی ۔

cuckoo clock, n. کوئل گھڑی : ککو گھڑی جو ککو کی آواز کی طرح ہر گھنٹہ ختم ہونے پر بجتی ہے ۔

cuckooflower, n. رشاد ؛ سُنبل ؛ کاہُو ، گُلِ لاوَن ، جرجار یا چنیر کی قسم کے پودوں میں سے کسی ایک پودے کے پُھول ۔

cuckoopint, wake-robin, n. جنگلی سوسن ؛ آرم ؛ عجالہ ؛ یورپ کی عام سوسن ۔

cuckoo-spit, n. لعاب کرم ؛ لعابی کِرم : پودوں پر پایا جانے والا جھاگ دار لعاب جس میں کیڑے (مثلاً ٹِڈّے) اپنے انڈے لپیٹ دیتے ہیں ؛ کیڑوں کا لُعاب ۔

cuculiform, a. کوئل شکل ؛ ایک قسم کے پرندوں کے متعلّق ، جس میں ککو بھی شامل ہے ۔

cucullate, cucullated, a. کُلاہ دار ؛ قُبّہ دار ؛ کُلاہ پوش ؛ قُبّہ ، کلاہ یا ٹوپی سے مشابہ ؛ غلافی ؛ ٹوپی دار ؛ ٹوپا دار ۔

cucumber, n. کھیرا ؛ ککڑی ؛ خیار ؛ ککڑی کی قسم کی بیل ، جو کھیتوں میں بوئی جاتی ہے ، اس کا پھل لمبا اور موٹا ہوتا ہے جو عموماً سلاد کے ساتھ کچا کھایا جاتا ہے اور اچار ڈالنے کے لیے اسے چھوٹا ہی توڑ لیتے ہیں ؛ اس پودے کا پھل ؛ اس سے مماثل مختلف پودوں میں سے کوئی بھی پودا یا اس کا پھل ۔

cucumber tree, n. شجر خیار : امریکا کے مختلف مگنولیا یا چمپا کی قسم کے پودوں میں سے کوئی ایک ، خصوصاً میگنولیا ایکوميناٹا (Magnolia acuminata) ؛ دیگر مماثل درختوں میں سے کوئی ایک ، مثلاً جزائر شرق الہند کا ایوربوابلیمی (Averrhoa

(bilimbi)۔

cucumiform, a. کھیرا شکل ؛ خیار شکل ؛
کھیرے یا خیار کی شکل کا ؛ تقریباً بیلن کی طرح ۔

cucurbit, n. جنس کدو ؛ کوئی بھی خیاری نوع کا پودا ؛ گول
برتن جو کبھی سامان کشید کے زیریں حصّے کا کام دیتا تھا ۔

cucurbitaceous, a. خیاری قسم کے پودوں سے تعلّق
رکھنے والا جیسے : کدّو ، پُھوٹ ، کھیرا ، خربُوزہ ، تربُوز اور اندرائن
وغیرہ کے پودے ۔

cud, n. جُگالی ؛ پاگُر ؛ غذا جو چوپایہ جانور اپنے
پہلے معدے سے مُنھ میں واپس لا کر دوبارہ چباتا ہے ؛ تھوڑا سا تمباکو
جو مُنھ میں رکھ کر چبایا جاتا ہے ؛ تمباکو ، نسوار وغیرہ کا اَنٹا ؛ جرہ ۔

chew the cud, (مجازاً) سوچنا ؛ سوچ بچار کرنا ؛
غوروفکر کرنا ؛ سوچ میں غرق ہونا ؛ جُگالی کرنا ؛ جگالنا ؛ پگارنا ؛
پگرانا ۔

cudbear, n. سُرخ یا بنفشی رنگ جو مختلف کائیوں سے بنایا
جاتا ہے اور ادویہ نیز کھانے رنگنے کے کام آتا ہے ۔

cuddle, v.t. محبّت سے چمٹانا یا بغل گیر ہونا ؛ پیار سے
گلے لگانا ؛ لاڈ پیار کرنا ۔ (فعل لازم) لپٹ کے آرام سے سونا ؛ چمٹ کر
بیٹھنا یا لیٹنا ؛ ٹانگیں سکیڑ کر سونا ؛ کنڈلی منڈلی مارنا ۔ (اسم) چمٹانے
یا لپٹ کر سونے کا عمل ؛ ہم آغوشی ؛ بغل گیری ۔

cuddy, n. جہاز یا کشتی میں چھوٹا حُجرہ ، خصوصاً
پچھلے حصّے کے اُونچے عرشے کے نیچے ؛ چھوٹا کمرہ ؛ الماری ؛
اُطاقچہ ؛ جہاز میں کھانے کا دالان ۔

cuddy, n. (اسکاٹستان و انگلستان کی بولی) گدھا ؛ خر ۔
(مجازاً) احمق آدمی ؛ بُدھّو ۔

cudgel, n. لٹھ ؛ لاٹھی ؛ چھوٹا اور موٹا ڈنڈا ؛
عصا ؛ سونٹا ؛ بانڈی ؛ گتکا ۔

cudgel, v.t., v.i. عصا یا موٹی چھڑی سے مارنا ؛ عام طور پر مارنا
پیٹنا ؛لٹھیانا ؛ پیٹنا ؛ دُکھ دینا ؛ تکلیف اُٹھانا ؛ مغز ماری کرنا ۔

cudgel one's brain, سوچنے سمجھنے یا یاد کرنے
کی کوشش کرنا ؛ سوچ بچار کرنا ؛ دماغ لڑانا ؛ دماغ کاوی ، دماغ
سوزی ، مغز ماری کرنا ۔

cudweed, n. کتان بُوٹی ؛ ایک قسم کا کپاسی پودا ؛
(چارا یا سانی جو اُن مویشیوں کو دیتے ہیں جن کی جگالی کی عادت
جاتی رہی ہو) ؛ کپاسی اور سوسنی بُوٹی یا گھاس ؛ اس قسم کی دیگر
بوٹیاں ۔

cue, n. ایما ؛ اشارہ ؛ کنایہ ؛ رمز ؛ تھیٹر کے ڈرامے یا
ناٹک میں وہ آواز ، لفظ یا حرکت جو اس بات کا اشارہ یا کنایہ ہوتا ہے
کہ اس کے بعد کیا آواز پیدا کی جائے کونسا لفظ بولا جائے یا کیا
حرکت کی جائے ؛ ہدایتی کنایہ یا اشارہ ؛ (ڈرامہ میں) خاص موقع پر
کھیلا جانے والا پہلا حصّہ ؛ لازمی طور پر اختیار کیا جانے والا لائحہ
عمل ۔ (موسیقی) تقریبی ٹیپ یا تان ؛ تمہید ؛ تنبیہہ ۔

cue, v.t. اشارہ کرنا ۔

cue in, کسی کو اطلاع دینا ۔

cue, n. بالوں کی چوٹی یا مینڈھی ؛ گُندھے ہوئے
بالوں کی لٹکتی لڑ ؛ قطار : ایسے اشخاص کی جو باری کے منتظر ہوں ؛
بلیرڈز یا پول کے کھیل میں گیند کو مارنے کی سیدھی اور لمبی چھڑ
جس کے مارنے والے سرے پر نرم گدّا سا لگا ہوا ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی)
بالوں کو بل دے کر چوٹی یا مینڈھی یا جُوڑا بنانا ؛ چھڑ سے گیند کو
مارنا ۔

cue ball, n. (بلیرڈز) وُہ گیند جس کو چھڑ سے مارا گیا
ہو نہ کہ وہ گیند جس پر دُوسری گیند سے ضرب لگی ہو ۔

cuesta, n. ایسا پہاڑ جو ایک طرف سے تو تھوڑا تھوڑا
اونچا ہوتا جائے مگر دوسری طرف بالکل ڈھلوان ہو ۔

cuff, n. کف (آستین کا) ؛ سلوٹ ، فیتہ موڑ یا مختلف
طریقوں سے بنائی ہوئی آستین کی کلائی پر پٹّی ؛ پتلون کی موہری یا
پائنچے کا موڑ ؛ علیحدہ یا علیحدہ ہو جانے والا کپڑے کا فیتہ یا کف
جو کلائی پر آستین کے اندر یا باہر پہنتے ہیں ؛ ہتھکڑی ؛ تنگ موہری ۔
(فعل متعدی) کف بنانا یا پہننا ؛ ہتھکڑی پہنانا یا ڈالنا ۔

off the cuff, (عوامی) بے سوچے سمجھے یا تیّاری کے
بغیر بول پڑنا ؛ غیر سرکاری طور پر مشورہ ، اطلاع یا معلومات فراہم
کرنا ۔

on the cuff, (عوامی) اس سمجھوتے کے ساتھ
کہ ادائیگی بعد میں کی جائے گی ؛ قرض پر یا ادھار ۔

cuff, n. مُکّا ؛
دھول ؛ تھپّڑ ؛ چانٹا ؛ تپاچا ؛ مُٹھی کا گھونسا ؛ ضرب ۔ (فعل متعدی)
کسی کو مُکّے سے مارنا ؛ دھول لگانا ؛ چانٹا مارنا ؛ تھپّڑ مارنا ؛ چانٹا
لگانا ۔

cuirass, n. چار آئینہ ؛ جوشن ؛ زرہ بکتر ؛ دھڑ کو
ڈھانپنے والی لوہے کی چادر ؛ زنانہ سینہ بند یا صدری ؛ زرہ سینہ ؛ صدار ۔
(فعل متعدی) زرہ بکتر پہننا یا پہنانا ۔

cuirassier, n. زرہ بکتر پوش (سپاہی) ؛ چار آئینہ دار ؛ جوشن پوش ۔

Cuisenaire rod, n. حسابی چھڑ ؛ گِنتارا ؛ لکڑی کے یکساں
ڈنڈوں کے سیٹ میں سے کوئی ایک ، جو مدرسہ کی ابتدائی جماعتوں
میں ریاضی کی مبادیات سمجھانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ،
ڈنڈوں کے اس سیٹ میں مختلف رنگوں کے چوبی ڈنڈوں کے دس
مجموعے ہوتے ہیں ، ہر ڈنڈے کی چوڑائی اور موٹائی ایک سینٹی میٹر
ہوتی ہے لیکن ڈنڈے کا ہر مجموعہ صرف لمبائی میں مختلف ہوتا ہے ،
لمبائی میں فرق ایک سے لگا کر دس سینٹی میٹر تک اس طرح ہوتا ہے
کہ ہر مجموعہ اپنے سے پہلے والے مجموعے سے ایک سینٹی میٹر زیادہ
لمبا ہوتا ہے ۔

cuisine, n. کھانا پکانے کا طریقہ ، خصوصیت اور سلیقہ ؛
طبّاخی کا طرز ؛ طبّاخی ۔

cuisse, n. (نقابت) ران بند ؛ ران پوش (جنگ میں حفاظت کے لیے) ۔

culch, n. دیکھیے : cultch —

cul-de-sac, n. کیسۂ حیوانی؛ بند گلی ؛ اندھی گلی ؛
کوچۂ سربستہ ؛ جوف ، نلی یا ایسی ہی کوئی چیز جو صرف ایک سرے
پر کھلی ہوئی ہو ، جیسے کانی آنت ؛ سڑک ، گلی یا رستہ جو ایک طرف
سے بند ہو ۔ (عسکری) پُشت کو چھوڑ کر ہر طرف سے محصور فوجی
دستے کی صورت حال ؛ کوئی بھی ایسی حالت جس میں حرکت اور
ترقی رُکی ہوئی ہو ؛ پوٹلی ؛ تھیلی ۔

culet, n. ترشے ہوئے ہیرے کی ہموار پُشت ؛

ازمنۂ وُسطیٰ کے زرہ بکتر کا وہ حصّہ جو کمر سے نیچے پُشت کی حفاظت کرتا تھا ۔

culex, n. بعوضہ ؛ عام مچھر ؛ مچھروں کا وہ بڑا گروہ جس میں شمالی امریکا اور یورپ میں پائے جانے والے مچھر بھی شامل ہیں ۔

culicid, n. بعوضہ ؛ مچھر ؛ دو پرے (culicidae) کیڑوں کی جنس میں سے ، جن میں مچھر بھی شامل ہے ، کوئی ایک ۔ (صفت) ان کیڑوں سے متعلّق ؛ دوپرا (culicidae) جنس سے تعلق رکھنے والے ۔

culinary, a. مطبخ یا فنِ طبّاخی کے متعلّق ؛ مطبخی ؛ پکانے کے قابل ؛ مطبخ سے تعلّق رکھنے والا ؛ باورچی خانے کا ۔

cull, v.t. چُننا یا انتخاب کرنا ؛ توڑنا ؛ اٹھانا ؛ اکٹھا کرنا یا جمع کرنا ؛ چھانٹنا ؛ چھانٹ کر خاص چیزیں یا حصّے الگ کرنا ؛ نکالنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ بیننا ؛ چگنا ؛ چُن لینا ۔ (اسم) چننے یا چھانٹنے کا عمل ؛ چھانٹی کردہ ، چھنٹیل یا وہ چیز جسے گھٹیا یا کمتر قرار دے کر الگ رکھ دیا گیا ہو ۔

cullender, n. دیکھیے : Colander ۔

cullet, n. کِرچی ؛ شیشے کا ٹوٹا ہوا بیکار ٹُکڑا جسے پھر پگھلا کر شیشہ بنا لیا جائے ۔

cullis, n. (فن تعمیر) میزاب ؛ پرنالہ ؛ چھت پر پانی کے نکاس کی نالی یا موری ۔

cully, n. آدمی یا شخص ؛ اسامی ؛ وہ شخص جو آسانی سے رُعب میں آ جائے یا دھوکا کھا جائے ؛ سادہ لوح ؛ احمق ؛ بھولا ؛ سیدھا سادا ؛ ابلہ ۔ (فعل متعدی) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ چالبازی کرنا ؛ جُل دینا ؛ ٹھگنا ؛ چھلنا ؛ بہکانا ؛ ٹھگ لینا ؛ دغا دینا ۔

culm, n. غُبارِ کوئلہ ؛ کوئلے کی گرد یا چُور ؛ کوئلے کا غبار ؛ پتھریلا گھٹیا کوئلہ ۔

culm, n. (نباتیات) گیاہ بَن : گھاس کے جڑواں ڈنٹھل یا تنے جو زیادہ تر سبزے یا بُوٹی کی طرح پھیلتے ہیں لیکن بانس میں درخت کی طرح اوپر جاتے ہیں ؛ نرکل ؛ نرسل ؛ پودا ؛ ساقِ گیاہ ؛ کھوکھلی گرہ دار نلی ۔

culmiferous, a. ساقہ دار ؛ جڑواں تنے کا ؛ متعدد تنوں کا پودا ؛ ایسا پودا جس کی جڑ سے بہت سے تنے نکلیں ؛ نرسل دار ۔

culminant. a. ذی معارج ؛ اَوج یا شَرَف رسیدہ ؛ سمت اُلراس پر پہُنچا ہُوا ؛ متکبّر ؛ برنصف النہار ۔

culminate, v.i. رُتبہ ، طاقت ، کسی خصوصیت ، صفت یا ترقی کے لحاظ سے بلند ترین مقام تک پہنچنا یا انتہا پر ختم ہو جانا ؛ اختتام پذیر ہونا یا آخر ہونا ؛ نتیجہ پر پہنچنا ؛ اوج پر ہونا ؛ اونچائی پر آنا ؛ معراج کو پہنچنا ۔ (فلکیات) جرم فلکی کا سمت الرأس یا نُقطۂ نصف النہار پر ہونا ؛ اوج پر پہنچنا ؛ سمت الرأس کو پہنچنا ؛ عُروج پر ہونا ؛ چڑھنا ؛ اونچا ہونا ؛ بلند ہونا ۔ (فعل متعدی) نقطۂ عروج یا نتیجے پر پہنچانا ؛ کمال کو پہنچانا ؛ چوٹی یا رأس پر لے جانا ۔

culmination, n. اوج ؛ عروج ؛ نقطہ عروج یا نتیجہ پر پہنچنے کا طریق عمل ؛ مقامِ عروج ؛ بلندی ؛ چوٹی ؛ انتہا ؛ نصف النہار ؛ سمت الرأس ؛ غایت ؛ اوج ۔ (فلکیات) جرم فلکی کا اپنی سمت الرأس سے گزر ؛ اختتام ۔

cullotte, culottes, n. سایا ؛ لہنگا ؛ عورت کا سایا یا لہنگا جو پتلون یا پائیجامے کی طرح دو حصّوں میں ہوتا ہے لیکن اس کی کاٹ ایسی ہوتی ہے کہ سایا یا لہنگا معلوم ہو ۔

culpable, a. مجرمانہ ؛ قابلِ مذّمت ؛ قابلِ گرفت ؛ قصوروار ؛ لائقِ مُواخذہ (عموماً لوگوں اور ان کے چال چلن کے متعلّق کہا جاتا ہے) ؛ بدکردار ؛ سزا کا مستوجِب ؛ مستوجبِ سزا ؛ سزاوار ۔

culpableness, n. مجرمیّت ؛ بدکرداری ؛ معصیت ؛ سزاواری ۔

culpably, adv. مجرمانہ ؛ ازراہِ خطا ؛ سزاوارانہ ۔

culprit, n. مجرم ؛ وہ شخص جس پر جرم کا الزام عائد کیا جائے یا جس کے خلاف استغاثہ دائر کیا جائے ؛ قصور وار ؛ خطا کار ؛ عاصی ؛ گنہگار ؛ خاطی ۔

cult, n. مسلک ؛ مذہبی پرستش کا نظام ، خصوصاً اس کے طریقوں اور رسموں کے حوالے سے ؛ ایسا فرقہ جس کے اراکین ایک ہی عقیدے ، نظریے یا رہبر کو مانتے ہوں ، خصوصاً اپنی وفاداری اور عقیدت مندی میں کٹر ہوں ؛ کسی شخص یا چیز کے لیے مداحوں کے گروہ کی اندھی ، تقریباً مذہبی ، عقیدت ؛ طریق ؛ عبادت ؛ دین ؛ دھرم ؛ مذہب ؛ آئینِ دینی ؛ پرستش ۔

cultch, culch, n. کستورا مچھلی/صدفہ مچھلی کے انڈے ؛ ان انڈوں کے لیے بطور بستر استعمال ہونے والے پتھر ، گھونگے یا دیگر چیزیں ۔ (فعل متعدی) صدفہ مچھلی کے انڈوں کے لیے ، پتھر گھونگھوں وغیرہ کا بستر بنانا ۔

cultigen, n. نامعلُوم جنس کا کاشتہ پودا ۔

cultivar, n. ایک قسم کا جسمِ نباتی جو پیدا کیے جانے کے بعد صرف کاشت کرنے سے باقی رہ سکتا ہے ۔

cultivate, v.t. زراعت کرنا ؛ کھیت جوتنا یا فصل اگانے کے لیے زمین تیّار کرنا ؛ جوتنا ؛ زمین پر ہل چلانا یا قلبہ رانی کرنا ؛ محنت اور دیکھ بھال سے (پودوں کی) نشوونما کرنا ، ترقی دینا یا اصلاح کرنا ؛ تعلیم و تربیت کے ذریعہ ترقی دینا یا سنوارنا ؛ سکھانا ؛ شایستہ یا نفیس بنانا ؛ سائنس یا آرٹ کی نشوونما یا ترقی کو بڑھاوا دینا ؛ اپنے آپ کو کسی فن ، ہُنر یا مہارت سیکھنے کے لیے وقف کر دینا ؛ واقفیت ، دلچسپی یا ذوق کے لیے خواہاں ، کوشاں یا طالِب ہونا ؛ کسی سے واقفیت یا دوستی کے لیے کوشش کرنا ؛ تردّد کرنا ؛ سعی کرنا ؛ پالنا ؛ پوسنا ؛ پَرورش کرنا ؛ سُدھارنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ شایستہ کرنا ؛ تربیت یا تہذیب دینا ؛ کوشش کرنا ۔

cultivation, n. زراعت ؛ کاشت ؛ فلاحت ؛ سعی ؛ کوشش ؛ پرورش ؛ نشوونُما ؛ کھیتی باڑی ؛ جوت ؛ کھیتی ؛ تہذیب ؛ کِشت کاری ؛ قلبہ رانی ؛ تعلیم ؛ تربیّت ؛ سُدھار ؛ بہتری ؛ اصلاح ؛ پیداوار ۔

cultivable, cultivatable, a. قابلِ کاشت ؛ قابلِ زراعت ۔

cultivated, a. مزروعہ ؛ کاشتہ ؛ زراعت کے لیے تیّار کی ہوئی یا کاشت کردہ (زمین) ؛ کاشت کے ذریعے پیدا کیا ہوا یا سنوارا ہوا (پودا) ؛ تعلیم و تربیت سے سنوارا ہوا یا شایستہ بنایا ہوا ؛ متمدّن ؛ مہذّب ؛ شایستہ ؛ کاشت شُدہ ؛ تربیّت یافتہ ۔

cultivator, n. کاشتکار ؛ مزارع ؛ وہ شخص یا وہ اوزار جو کاشت کرے ؛ کسان ؛ آلہ کشاورزی ؛ کاشت کار ؛ ناگر ؛ ہل ؛ قلبہ ؛ یک زراعتی آلہ جو اُگے ہوئے پودوں کی قطاروں کے درمیان اُگے ہوئے سبزے یا ضرر رساں بُوٹیوں کو اکھاڑ پھینکتا ہے ؛ اسامی ۔

cultrate, cultrated, a. چاقو نما ۔ (نباتیات) دھاری والا اور پتّے کی طرح

نوک دار۔

cultural, a. تہذیبی؛ ثقافتی؛ کلچر یا تمدن کا یا اس کے متعلّق؛ تعلیمی؛ شایستہ؛ پودوں کی کاشت کا، اس کے متعلّق یا اس کا پیدا کردہ؛ فلاحتی؛ کلچری۔

cultural anthropology, n. ثقافتی انسانیات؛ ثقافتی / تمدّنی بشریات؛ انسانی معاشروں کی ابتدا، تغیّر پذیری، ارتقا اور تاریخ و تہذیب کا مطالعہ۔

cultural lag, culture lag, n. (عمرانیات، بشریات) ثقافتی تفرُّق: ایک ہی تمدن کے مختلف ثقافتی شعبوں کے درمیان ارتقائی درجات کا بیّن فرق جو اسوقت رونما ہوتا ہے جب کہ ٹیکنالوجی کے ساتھ غیر مرئی (روحانی و اخلاقی) شُعبے قدم بقدم ترقی کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔

culture, n. ثقافت؛ تہذیب؛ کلچر؛ کاشت؛ گروہ یا فرد کی اکتسابی اہلیّت یا قابلیت جس کے ذریعے وہ عام طور پر مسلّمہ جمالیاتی اور ذہنی ذوق کی شناخت اور تحسین کر سکتا ہے؛ تہذیب کا جمالیاتی و ذہنی حاصل؛ کسی قوم یا عہد کے حوالے سے تہذیب کا ایک خاص ارتقائی درجہ یا حالت (جیسے : Chinese culture) ۔ (ثقافتی بشریات، عمرانیات) انسانی چلن یا بیوہار کے نمونوں اور ٹیکنالوجی کا مجموعہ جو ایک سے دوسری نسل کو منتقل ہوتا رہا ہے۔ (حیاتیات، طِب) سائنسی مطالعہ یا طبعی استعمال کے لیے چھوٹے نامی اجسام (مثلاً کیڑوں یا جراثیم) کی پیداآوری؛ اس قسم کی پیداآوری کے نتیجے میں حاصل یا نشونما۔ (زراعت) زمین کو جوتنے یا کاشت کرنے کا عمل یا مہارت؛ کاشت؛ پودوں یا مویشیوں کی پرورش، بالخصوص انھیں ترقّی دینے کے مقصد سے؛ پرورشِ جراثیم؛ ترقّی؛ فصلِ جراثیم؛ زرع؛ کاشت کاری؛ تربیّت؛ تہذیب اخلاق؛ پرورش؛ کشت۔ (فعل متعدی) کاشت کرنا؛ سنوارنا۔ (حیاتیات، طب) مصنوعی طریقے سے جراثیم پرورش کرنا؛ متمدّن بنانا۔

cultureless, a. غیر متمدّن؛ غیر تربیت یافتہ؛ بے تہذیب؛ غیر مہذّب۔

cultured, a. مہذّب؛ متمدن؛ روشن خیال یا شایستہ؛ مصنوعی ماحول میں پیدا کیا ہوا یا پروردہ؛ تربیّت یافتہ؛ تربیّت شدہ۔

cultured pearl, n. کِشت موتی؛ کلچر موتی؛ وہ موتی جسے مصنوعی طریقے سے اس طرح بنوایا جاتا ہے کہ چُنیدہ سیپیوں کے گودے میں خارجی مادّے کے ٹُکڑے رکھ دیے جاتے ہیں جو کچھ عرصے سیپیوں میں رہ کر موتی بن جاتے ہیں۔

culture shock, n. ثقافتی صدمہ؛ ثقافتی بُحران؛ سماجی ماحول میں کسی بڑی تبدیلی سے پیدا ہونے والی رُخ گردانی یا بحران۔

culturist, n. حامیِ ثقافت؛ کاشتکار؛ کسان؛ تمدن و ثقافت کا وکیل یا پرستار؛ زراع؛ فلاّح؛ حامیِ تہذیب۔

cultus, n. دیکھیے: cult ۔

cultus, cultus cod, n. دیکھیے: Lingcod ۔

culver, n. (برطانوی بولی) کبوتر؛ فاختہ۔

culverin, n. ایک قسم کی بندوق جو ازمنہ وُسطیٰ میں استعمال کی جاتی تھی؛ بھاری توپ جو سولھویں اور سترھویں صدیوں میں استعمال ہوتی تھی۔

culvert, n. پٹی موری؛ پُلی نلیا؛ پانی کے بہاؤ کے لیے زمین دوز نالی جو سڑک کے کنارے کنارے بنائی گئی ہو؛ زمین دوز بدرو؛ پٹی ہوئی نالی؛ خصّی موری۔

cum, prep. ساتھ؛ سے؛ مع؛ بشمول۔ (صفت) شامل؛ بشمول (جیسے : cum dividend ; magna cum laude)۔

cumber, v.t. گنجایش سے زیادہ بوجھ لادنا؛ طاقت سے زیادہ بار ڈالنا؛ بوجھل بنانا؛ لدّھڑ بنانا؛ رکاوٹ ڈالنا؛ بوجھ ڈالنا؛ بوجھل کر دینا؛ بھاری کرنا۔ (اسم) رکاوٹ؛ ہرج؛ بوجھل پن؛ بھاری پن۔

cumbersome, a. گراں بار؛ بوجھل؛ بھاری؛ بھدا؛ بے ڈھنگا؛ کڈھب؛ بے ڈول؛ گراں؛ اجگر؛ اٹل۔

cumbersomeness, n. بوجھل پن؛ گراں باری؛ اٹل پن۔

cumbrance, n. وہ جو بوجھ ہو یا جو بوجھل بنائے؛ بارِ گراں۔

cumbrous, a. بھاری؛ بوجھل؛ گراں بار؛ گراں؛ بڑا؛ اجگر؛ اٹل۔

cumbrousness, n. بوجھل پن؛ گراں باری؛ بارگراں۔

cumin, n. کمون؛ زیرہِ سفید؛ زیرہ: ایک چھوٹا پودا، جو اصلاً مصر و شام کے جمود یا خراسانی اجوائن کے خاندان سے تعلّق رکھتا ہے، اس کے بیج نما پھل خوشبودار ہوتے ہیں اور مسالے نیز دوا کے طور پر کام آتے ہیں؛ اس پودے کے پھل یا بیج۔

cum laude, a., adv. عزت سے یا باعزت: یہ الفاظ درسی تعلیم میں اوسط سے اُوپر درجہ حاصل کرنے والے طالب علم کے لیے استعمال کیے جاتے تھے اور جو magna cum laude اور Summa cum laude سے کم درجہ شمار ہوتا تھا۔

cummerbund, n. [اردو] کمر بند؛ پٹکا؛ پیٹی؛ حائطہ؛ ازاربند۔

cumquat, n. دیکھیے: Kumquat ۔

cumshaw, n. کمشا؛ جُھونگا؛ خوشامدی تحفہ؛ چینی رواج کے مطابق وہ تحفہ جو دُکان دار خریدے ہُوئے سامان کے ساتھ گاہک کو دیتا ہے؛ کوئی چیز جو اظہارِ ستایش یا خیر سگالی کے لیے دی جائے؛ زرِ انعام؛ ٹِپ وغیرہ۔ (عسکری) عنایات یا اشیا (مثلاً کافی وغیرہ) جو دو فوجی یونٹ یا دستے ایک دُوسرے سے تبادلہ کریں کیونکہ یہ اشیا سرکاری طریقے سے یا تو حاصل نہیں ہو سکتیں یا انھیں حاصل کرنے میں بہت مشکل پیش آتی ہے۔

cumulate, v.t. ڈھیر لگانا؛ جمع کرنا؛ اکٹھا کرنا؛ ذخیرہ کرنا؛ ڈھیر کرنا۔

cumulate, a. ڈھیر کیا ہُوا؛ جمع کردہ؛ ذخیرہ شدہ؛ اکٹھا؛ انباری۔

cumulation, n. ڈھیر؛ ذخیرہ؛ انبار۔

cumulative, a. اجتماعی؛ جمعی؛ افزایش پذیر؛ جمع ہوتے رہنے یا متواتر اضافوں کے باعث بڑھتا ہوا؛ اجزا یا عناصر کے جمع ہونے یا ان کے متواتر اضافوں کے نتیجے میں بنا ہوا؛ اضافہ کرنے یا برابر اضافہ کرتے رہنے سے کسی چیز کی مقدار یا طاقت میں بڑھوتری یا افزونی؛ ڈھیر یا ذخیرے کے متعلّق یا ڈھیر کی خصوصیّت والا؛ بیش پذیر؛ متواتر؛ مجموعی؛ یکجا؛ اضافی۔

cumulatively, adv. افزایش پذیرانہ؛ بیش پذیری کے ساتھ؛ بڑھتے ہوئے۔

cumulativeness, n. بیش پذیری ؛ یکجائی ؛ اضافیت ؛ اجتماعیت ۔

cumulative dividend, n. اجتماعی حصّۂ منافع : وہ منافع جسے بروقت پورا ادا نہ کیے جانے کے باعث مشترکہ اسٹاک پر منافع کی ادائیگی سے پہلے لازمی طور پر ادا کیا جائے ؛ مجموعی یا اضافی مقسوم ۔

cumulative preferred stock, n. اجتماعی ترجیحی حصّص سرمایہ : وہ اسٹاک (تمسکات) جس پر مالکوں کو پچھلے منافع کا دوسروں سے پہلے حق حاصل ہو ۔

cumulative system of voting, n. یکجائی طریق رائے دہی : تعدد آرا کا قاعدہ جس کے تحت ہر رائے دہندہ (ووٹر) کے اتنے ہی ووٹ ہوتے ہیں جتنے کہ امیدوار ہوتے ہیں ، رائے دہندہ چاہے تو سب ووٹ ایک امیدوار کو دے دے اور چاہے تو امیدواروں میں مساوی یا نامساوی تقسیم کر دے ۔

cumulocirrus, n. دیکھیے : cirrocumulus ۔

cumulonimbus, n. بارشی دَل بادل ؛ ابرمطیر ؛ بادل جس کی چوٹی تودے کی طرح اور تہ (کرسی) ہالے کی طرح ہو ، ایسے بادل گھن گرج اور طوفانی بارش کا پیش خیمہ ہوتے ہیں ؛ گرجنے والا بادل ۔

cumulostratus, n. دیکھیے : Stratocumulus ۔

cumulus, n. تودۂ ابر ؛ ڈھیر یا انبار ؛ گنبد جیسا بادل یا گول گول ڈھیریوں کی شکل کا بادل جو صاف موسم میں نظر آئے ؛ دَل بادل ۔

cumulous, a. سحابی ؛ دل بادل کا ؛ تودۂ ابر سے متعلّق ۔

cunctation, n. آہستہ کام ؛ سست روی ؛تاخیر ۔

cunctatory, a. تاخیری ؛ سستی کا ؛ سست روی کا ۔

cunctator, n. سُست رو ؛ تاخیر کرنے والا ۔

cuneate, cuneated, a. پچّر کی طرح ؛ فانہ نُما ؛ جڑ کی طرف مخروطی یا نوک دار مثلث شکل کا (پتّا) ؛ پچّر نما ؛ تکونیا ۔

cuneiform, a. پچّر شکل ؛ میخی ؛ پانہ یا پچّر کی شکل کا ؛ پانہ یافانہ نُما ؛ پیکانی ؛ سفنی ہڈّی ؛ جیسے کہ قدیم ایرانی یا آشوری زبان کے حروف ہوتے ہیں ؛ اس قسم کی تحریر (خطِ میخی) یا رسم الخط کے متعلّق ۔ (تشریح الاعضا) مختلف فانہ نُما ہڈّیوں (مثلاً کف پا یا تلوے کی ہڈّیوں) میں سے کوئی ایک یا ان سے متعلّق ۔ (اسم) پچّر شکل شے ؛ میخ ؛ فانہ نما حروف یا رسم الخط ؛ خط میخی ۔ (تشریح الاعضا) پانہ نُما ہڈّی ؛ سفنی ہڈّی ؛ عُظم سفنی ؛ پیکان ۔

cuneiformist, n. ماہر خطِ میخی ؛ فانہ نُما رسمُ الخط کے موضوع کا عالِم ؛ ماہر خط پیکانی ۔

cuniculus, n. نقب ؛ زمین دوز رستہ ؛ جیسے ، بدرو ، بِل یا بھٹ ؛ سرنگ ۔

cunner, n. کنّر ماہی ؛ برطانوی اور شمالی امریکا کے سواحل کی دو قسم کی خوردنی مچھلیوں میں سے کوئی ایک ۔

cunnilingus, cunnilinctus, n. فُرج لیسی ؛ فُرج کی چَٹائی کے ذریعہ شہوانی تحریک ؛ فُرج پر زبان لگا کر یا چاٹ کر شہوت پیدا کرنے کا عمل ۔

cunning, n. مکّاری ؛ چالاکی ؛ قابلیّت ، اہلیّت ، مہارت یا استادی ؛ مہارت جو چالاکی سے استعمال کی جائے ؛ ماہرانہ فریب ؛ کاریگری ؛ فریب کاری ؛ ہوشیاری ؛ عیّاری ؛ چتر پن ؛ روباہ بازی ۔

cunning, a. مکّار ؛ عیّار ، طبّاع ؛ مکّار یا چالاک ؛ کاریگر ؛ استاد ؛ ریاکار ؛ ہوشیار ؛ فریبی ؛ نادر یا عجیب طریقے پر خوش کُن یا پُرکشش ؛ چتر ؛ روباہ باز ؛ سیانا ؛ گُھنا ؛ متفنّی ۔

cunningness, n. چالاکی ؛ عیّاری ؛ مکاّری ؛ سیانا پن ؛ روباہی ۔

cup, n. پیالہ ؛ کٹورا ؛ کُوزہ ؛ جام ؛ ساغر ؛ چینی مٹّی یا دھات کا چھوٹا کُھلے مُنھ کا دستے والا یا دستے بغیر برتن جو خصوصاً پینے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ عشائے ربّانی کے موقع پر استعمال ہونے والا پیالہ یا شراب ؛ جامِ محبّت ؛ قیمتی دھات کا آرایشی پیالہ ، جام یا کوئی اور چیز جو مسابقت میں کامیابی کے انعام کے طور پر پیش کی جائے ؛ قدح یا ایسی ہی مشابہ چیز کا گنجایشی حصّہ ؛ کوئی بھی پیالہ نما برتن ، عضو ، حصّہ یا جوف ؛ شیشۂ ساغر ؛ پیالہ مع مافیہ ؛ پیالے میں رکھی ہوئی مقدار ؛ مختلف مشروبات میں سے کوئی ایک ، مثلاً شراب اور مختلف اجزا کا آمیزہ (جیسے : claret cup) ۔ (مجازاً) کوئی چیز ، مثلاً قسمت یا مصیبت ، جس سے گزرنا یا جس کو برداشت کرنا ناگزیر ہو ۔ (جمع کے صیغہ میں) نشہ آورشراب نوشی ؛ نشہ کی حالت ۔ (بڑے C کے ساتھ) (فلکیات) جنوبی مجمع الکواکب کاس ۔ سینگی ؛ فنجان ؛ کاسۂ گُل ۔ (فعل متعدی) پیالے میں لینا یا پیالے میں بھرنا ؛ کسی کے سینگی لگا کر خُون لینا ؛ بھری سینگی لگانا ؛ جام دینا ۔ (فعل لازم) پیالے کی شکل کا ہونا ؛ سینگی سے خون لینا ؛ دَور چلنا ؛ بھری سینگی لگوانا ؛ جام لینا ۔

cupful, n. پیالہ بھر ؛ بقدر یک جام ؛ کاسہ بھر ۔

cupped, a. کاسی ؛ پیالہ نُما ۔

cupbearer, n. مُغ بچّہ ؛ ساقی ؛ مہمانوں کو شراب کے جام پیش کرنے والا ؛ آب دار ۔

cupboard, n. نعمّت خانہ ؛ برتنوں کی الماری ؛ دراز دار الماری ؛ دراز دار میز ۔ (برطانوی) کوئی بھی چھوٹی الماری یا صندوق ۔

cupcake, n. کاسی کیک ؛ پیالہ کیک : چھوٹا کیک جو ایک فرد کے لیے ہو ، اس کیک کو ایک پیالے کی شکل کے سانچے میں پکایا جاتا ہے ۔

cupel, n. پیالہ نُما کُٹھالی ؛ کھرِیا یا کٹھالی ، سونے یا چاندی کو تاؤ دینے کی ؛ پیالے کی طرح چھوٹا مسام دار برتن جو عموماً سونے یا چاندی سے سیسہ علیحدہ کرنے کے لیے ہڈّی کی راکھ سے بنایا جاتا ہے ؛ برتن یا چھوٹی بھٹّی جس میں چاندی کو صاف کیا جاتا ہے ؛ بوتہ ۔ (فعل متعدی) پیالہ نُما کُٹھالی میں گرم کرنا یا گرم کر کے ملاوٹ علیحدہ کرنا ۔

cupellation, n. تاؤ ؛ تپائی ؛ بوتہ کاری ۔

cupholder, n. کپ یافتہ ؛ انعام یافتہ ؛ کھلاڑی جس نے کسی مُقابلے میں انعامی کپ یا ایسا ہی کوئی انعام جیتا ہو اور اسے برقرار رکھا ہو ۔

Cupid, n. کیوپڈ ؛ کام دیو ؛ حضرتِ عشق ؛ محبّت کا رومی دیوتا جو حسن کی دیوی وینس کا بیٹا ہے ، اس دیوتا کا عمومی تصوّر ایک تیر کمان ہاتھ میں لیے پردار لڑکے کی صورت میں کیا جاتا ہے ۔ (چھوٹے c کے ساتھ) ایک مماثل پردار ہستی جو خصوصاً محبّت کی علامت ہے ۔

play cupid, محبّت یا شادی کا جوڑ ملانا ؛

محبّت کرنے والے جوڑے کو ملانا یا ملانے کا ذریعہ بننا۔

cupidity, n. لوبھ ؛ طمع ؛ لالچ ؛ آز ؛ حرص ؛ کوئی چیز حاصل کرنے کی شدید خواہش ؛ دولت و طاقت کے حصول کی غیر معقول یا غیر قانونی آرزو۔

Cupid's bow, n. کیوپڈ کمان ؛ کمان کام دیو ؛ تیرِ عشق ؛ کمان جو روایتاً محبّت کے رومی دیوتا کیوپڈ سے منسوب ہے ؛ وہ قوس جو اس کمان کے قوس سے مشابہ ہو ، خصوصاً اوپر کے ہونٹ کے خم کی طرح۔

cupola, n. (فنِ تعمیر) قُبّہ : چھتری ؛ محراب یا گنبد جو گول یا کثیرالاضلاع کُرسی پر تعمیر کیا گیا ہو اور جس کی گول چھت یا سقف ہو ؛ مماثل چھوٹی عمارت جو چھت یا گنبد کے اُوپر ہو اور گھنٹہ گھر ، چھوٹے مینار یا دیدبان کا کام دیتی ہو ؛ کوئی بھی گنبد نما ساخت۔ (فلزّیات) لوہا پگھلانے کے لیے عمودی اسطوانی شکل کی بھٹّی ؛ بُرجی ؛ قُبّہ دار بھٹّی ؛ گول بھٹّا ؛ گنبد بھٹّی ؛ گمٹ۔

cupolated, a. گنبد دار ؛ محرابی ؛ گنبد شکل۔

cupping, n. سینگی لگائی ؛ سینگی سے خُون کا نکاس ؛ چھوٹے شگاف پر سینگی لگا کر خُون کو کھینچ کے باہر نکالنا یا بغیر شگاف کے سینگی کے ذریعے خُون کو جِلد کی سطح تک لانا ، پہلے زمانے میں اس طریقے سے خُون کا اندرونی جماؤ دور کیا جاتا تھا ؛ بھری سینگی۔

cupper, n. شاخ کَش : وہ شخص جو سینگی لگانے کے لیے جلد میں شگاف کرتا ہے اور سینگی سے خون نکالتا ہے ؛ سینگی والا۔

cupping glass, n. مِحجَمہ ؛ سینگی ؛ پنچھنا ؛ سینگی یا شیشے کا مخصوص پیالہ جس میں حرارت سے یا سانس کے ذریعہ جزوی خلا پیدا کیا جاتا ہے تا کہ خون کھینچا یا نکالا جا سکے۔

cup plant, n. کاسی پودا : ایک لمبا ، زرد پُھولوں والا دیسی امریکی پودا (جو سیلفیئم پرفولیئیٹم (Silphium perfoliatum) کے دوغلے خاندان سے تعلق رکھتا ہے) جس کے پتّے بڑے اور دوہرے ہوتے ہیں ، اوپر کا جوڑا نیچے سے جُڑا ہوا ہونے کی وجہ سے پیالے کی طرح کا جوف بناتا ہے ؛ رالی گھاس۔

cupreous, a. (کیمیا) مِسّی ؛ تانبے پر مشتمل یا تانبے کا حامل ؛ تانبے کے رنگ کا ؛ تانبے سے مماثل ؛ تانبادار۔

cupric, a. (کیمیا) کیوپرک ؛ دوگرفتہ شکل کے تانبے کا حامل ، جیسے کپرک آکسائڈ ؛ مِس آمیختہ ؛ تانبا ملا۔

cupriferous, a. (کیمیا) تانبا آمیز ؛ جس سے تانبا حاصل ہو ؛ مِسّی۔

cuprite, n. مِسّی کچدھات ؛ کچّا تانبا ؛ ایک سرخی مائل معدن ، کپرس آکسائڈ ؛ اہم کچ دھات جو ٹُکڑوں یا دانوں کی شکل میں پائی جاتی ہے۔

cuprous, a. (کیمیا) کپرسی ؛ یک گرفتہ شکل میں تانبے کا حامل ، جیسے کپرس آکسائڈ ؛ سُرخ مِسّی۔

cup shake, n. ہوا کا ارتعاش۔

cupule, n. (نباتیات) فنجانک ؛ کاسہ شکل ؛ کاسہ نُما ؛ پیالے کی شکل کا خول یا اوراقہ جو شاہ بلوط کے پھل کی مانند ایک دوسرے سے مربوط سخت ورقیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ (حیوانیات) پیالے کی شکل کا چُوسنے والا عضو یا مُنہ ؛ تغارہ ؛ کاسک ؛ کاسہ۔

cupulate, cupular, a. کاسی ؛ پیالے سے مماثل ؛ کاسۂ نُما ؛ فنجانی۔

cur, n. بیکار ، لینڈی یا بازاری آوارہ کُتا ؛ مجہول النسل کُتّا ؛ مخلوط النسل یا دوغلا کُتّا ؛ کمینہ ؛ قابلِ نفرت شخص ؛ نکمّا ، پاجی ، رذیل ۔ خو آدمی ؛ دُم دَباؤ ؛ بُزدل ؛ لنڈورا ؛ دُم کٹا کُتّا ؛ ناکارہ آدمی ؛ نگوڑا۔

curable, a. علاج پذیر ؛ قابلِ شفا ؛ قابلِ علاج ؛ ممکن الشفا۔

curability, curableness, n. علاج پذیری۔

curacao, curacoa, n. مفرح شراب جس میں نارنگی کے چھلکوں ، الائچی اور جاوتری کی خوشبوئیں بسائی جاتی ہیں ، اس کا نام جزیرہ کراسو پر ہے جہاں یہ پہلی بار بنائی گئی تھی۔

curacy, n. کیوریٹ یا نائب پادری کا عُہدہ۔

curare, curari, n. کورارا ؛ زہرِمکو ؛ کوراری : رال کی مانند سیاہی مائل زہریلا مادّہ یا گُوند جو بعض گرم علاقوں میں پیدا ہونے والے درختوں سے حاصل ہوتا ہے ، جنوبی امریکا کے انڈین اس زہر میں تیر بُجھاتے ہیں نیز عضوی فعلیات کے تجربات میں اسے اعصاب کو سُن کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ درخت جس سے یہ مادّہ حاصل ہو۔

curarize, v.t. کوراری دینا یا جرّاحی کے لیے کوراری دے کر اعصاب کو سُن کرنا۔

curarization, n. کوراری دینے کا عمل۔

curassow, n. امریکی فیل مُرغ : جنوب اور وسطی امریکا سے تعلّق رکھنے والے مختلف اقسام کے بڑے روکھ باسی پرندوں میں سے کوئی ایک ، یہ پرندے ٹرکی سے مشابہ ہوتے ہیں اور کبھی کبھی پالے بھی جاتے ہیں۔

curate, n. کیوریٹ ؛ نائب پادری ؛ وہ پادری جو ریکٹر یا وکار (vicar) کا نائب مقرر کیا جائے۔

curative, a. شافی ؛ شفابخش ؛ شفا یا علاج کے متعلّق ؛ علاجی۔

curative, n. شفا بخش عامل ؛ علاج ؛ دوا۔

curativeness, n. علاجیّت ؛ شفا بخشی ؛ شفا۔

curator, n. مُہتمم عجائب گھر ؛ عجائب خانے یا آرٹ گیلری کا ناظم ، مہتمم یا محافظ ؛ ولی ؛ اوورسیئر۔ (قانون) خصوصاً جائیداد کا متولّی جو عدالت کی طرف سے مقرّر ہو ؛ رکھوال۔

curatorial, a. محافظانہ ؛ متولیّانہ ؛ محافظ سے متعلّق۔

curatorship, n. سرپرستی ؛ تولیّت ؛ مُہتممی ؛ حفاظت ؛ محافظیت۔

curb, (Brit.) kerb, n. قید ؛ پابندی ؛ کوئی بھی چیز جو روکے یا کنٹرول کرے ؛ روک یا رکاوٹ ؛ گھوڑے کو روکنے یا قابو میں رکھنے کی لگام ؛ مینڈ یا حد بندی ؛ روش کے بیرونی کناروں پر اینٹوں یا پتھّروں کی حد یا مینڈ ؛ حلقہ ؛ کنارہ ؛ پٹّی ؛ دہانہ ؛ زنجیر ؛ گردنی یا طوق ؛ ایسی بنڈیوں کی فروخت کا بازار جن کا لین دین صرافہ بازار یا اسٹاک ایکسچینج میں نہیں ہوتا ؛ دباؤ ؛ دہانے کی زنجیر ؛ مناہی۔ (فعل متعدی) دہانے کی زنجیر یا دہانہ لگانا (خاص کر مُنہ زور گھوڑے کو) ؛ روک سے قابو میں کرنا ؛ روکنا ؛ تاننا ؛ کھینچنا ؛ سنبھالنا ؛ اٹکانا ؛ مزاحمت کرنا ؛ دبانا ؛ جکڑنا ؛ باندھنا ؛ روک تھام کرنا ؛ رکاوٹ فراہم کرنا یا رکاوٹی پتھّر یا کسی اور چیز سے تحفّظ کرنا : بس

میں کرنا ۔

curb bit, n. گھوڑے کی روک دار لگام ۔

curbable, a. قابل باز داشت ؛ روکنے کے قابل ؛ متورم ؛ ورم پذیر ۔

curbing, n. تقید ؛ وہ چیز ، مثلاً پتھر وغیرہ ، جو روکنے کے لیے استعمال کی جائے ؛ روک یا روک کا حصّہ ۔

curbless, a. روک کے بغیر ؛ بلا روک ؛ پابندی کے بغیر ؛ بے لگام ۔

curblike, a. روک کی مانند ؛ مزاحمت نُما ؛ مزاحمتی ۔

curb roof, n. ایسی چھت جو چو ڈھالیا ہو یا جس کے دونوں طرف دوہرا ڈھال ہو ۔

curbstone, n. سنگ حاشیہ ؛ کوئی ایک پتھر یا روش کے کنارے قطار میں چُنے ہوئے پتھروں میں سے کوئی ایک قطار جو روش کے بیرونی کنارے کے ساتھ ساتھ روک بناتی ہو ۔

curculio, n. کرم دانہ ؛ سُرسری ؛ کوئی بھی تھوتھنی دار جھینگر/کیڑا یا کرم دانہ ، خصوصاً وہ جو پھلوں کے لیے نقصان دہ ہوتا ہے ۔

curcuma, n. جنس ہلدی ؛ ہلدی ؛ ہلدی کا پودا ؛ کرکُم ؛ جزائر شرق الہند میں پیدا ہونے والی اسی جنس کے پودوں میں سے کوئی ایک ، ان گرم علاقوں کے پودوں سے ہلدی اور خاندان زنجبیل کی دیگر جڑی بوٹیاں حاصل ہوتی ہیں ؛ زرد چوبہ ۔

curd, n. (عموماً جمع) دہی ؛ دوغ ؛ پھٹکی ؛ کھویا ، کندا ؛ چربی ؛ آنٹھی ؛ جبنین یا پنیر جو دودھ جما کر بنایا جاتا ہے اور بطور غذا استعمال ہوتا ہے ؛ اس سے ملتا جُلتا کوئی اور مادّہ ۔ (فعل متعدی و لازم) دودھ کو دہی میں تبدیل کرنا یا کرانا ؛ دہی جمانا یا جمنا ۔

curdle, v.i. دُودھ کا جمنا ؛ گاڑھا ہونا یا دہی میں تبدیل ہونا ؛ منجمد ہونا ؛ جمنا ؛ دودھ کا پھٹ جانا ؛ خراب ہونا ؛ بستہ ہونا ؛ بندھ جانا ؛ چکّا ہونا ۔ (فعل متعدی) منجمد کرنا ؛ دہی میں تبدیل کرنا ؛ بستہ کرنا ؛ دہی جمانا ؛ جمانا ؛ کھٹا کرنا ؛ دودھ کو پھاڑنا یا خراب کرنا ؛ چکّا کرنا ؛ بٹھانا ۔

cure, v.t. شفا دینا ؛ تندرست کر دینا ؛ کسی تکلیف دہ یا نقصان دہ چیز (مثلاً ، خراب عادت) سے چھٹکارا یا نجات دلانا ؛ بیماری کو دوا علاج سے دور کرنا ؛ بدی کا علاج کرنا یا برائی کو دور کرنا ؛ کسی غذا مثلاً مچھلی یا گوشت کو نمک لگا کر یا خشک کر کے خراب ہونے سے محفوظ کرنا ؛ ربڑ کو گندھک ملا کر مضبوط کرنا ؛ درست یا ٹھیک کرنا ؛ کھوٹ یا عیب نکالنا ؛ صحیح کرنا ؛ اصلاح دینا ؛ اچھا کرنا ؛ بھلا چنگا کرنا ؛ دور کرنا یا کھونا ۔ (فعل لازم) تندرست ہونا ؛ شفایاب ہونا ؛ شفا پانا ؛ چنگا ہونا ؛ اچّھا ہونا ۔

curer, n. شافی ؛ شفا دینے والا ؛ معالج ؛ علاج کُنندہ ۔

cure, n. علاج ؛ دوا ؛ ضلع یہ گرجا کے حلقے میں لوگوں کی روحانی نگرانی یا ذمّہ داری ؛ ایسے ذمہ دار نگران شخص کا عہدہ یا ضلع ؛ بیماری کے علاج کا طریقہ یا تدبیر ؛ مرض کا کامیاب علاج ؛ بازیافت صحت ؛ شفا یا بازیابیٔ صحت کا وسیلہ ؛ دوا یا علاج ؛ گوشت یا مچھلی کو خراب ہونے سے محفوظ کرنے کا عمل یا طریقہ ۔

cure, n. فرانسیسی میں پیرش یا ضلع کا پادری ۔

cure-all, n. اکسیر اعظم ؛ ہر مرض کا علاج ؛ امرت دھارا ۔

curette, n. قاشق جرّاح ؛ جراحی کا چمچی نما آلہ جس سے خارجی مادّہ یا زخموں کا فاسد مواد نکالتے ہیں نیز جسم کے جوف (مثلاً رحم) کی دیواروں سے اُبھرے ہوئے دانے کھرچتے ہیں ؛ جراح کی چمچی ؛ جرافہ ۔ (فعل متعدی) جراحی چمچی سے کھرچنا ۔

curettage, n. جراحی طریق علاج ۔

curfew, n. کرفیو ؛ درون خانہ بندی ؛ خانہ بندی کا حکم یا وقت ؛ پولیس یا فوج کا حکم کہ ایک خاص وقت پر لوگ اجتماع کے مقامات اور سڑکیں چھوڑ کر گھروں کو چلے جائیں نیز کاروبار بند کر دیں ؛ خاص وقت پر آگ بجھانے کی گھنٹی کی علامتی آواز کہ آگ بجھانے کی مشق کی جائے ، یہ رسم ازمنۂ وُسطیٰ کے یورپ میں عام تھی ؛ شام کے اختتام اور رات کے آغاز پر علامتی گھنٹہ جس کا مطلب ازمنۂ وُسطیٰ کے یورپی شہروں میں یہ ہوتا تھا کہ لوگ اب گھروں کو چلے جائیں ؛ گھنٹہ بجنے کا وقت یا گھنٹے کی آواز ؛ خانہ بند ہونے کا حکم یا وقت ۔

curia, n. برادری ؛ عشیرہ ؛ قدیم رومن شہریوں کے تین قبیلوں میں سے ہر قبیلے کی سیاسی ذیلی وحدتوں میں سے کوئی ایک ؛ وہ عمارت جس میں یہ ذیلی وحدت یا گروہ عبادت یا مشورت کے لیے جمع ہوتا تھا ؛ قدیم روما کی مجلس اعیان ؛ قدیم اطالوی شہروں کی سینیٹ ؛ محکمۂ قضا ، کچہری یا عدالت یا انتظامیہ ۔ (عموماً بڑے C کے ساتھ) پوپ کی عدالت ؛ پوپ اور اس کے عمّال جو رومن کیتھولک کلیسا کا نظم و نسق چلاتے ہیں ۔

curial, a. عشیرتی ؛ مجلسی ؛ عدالتی ۔

curiage, n. کیوری کے پیمانے یا پیمایش سے ریڈیائی تابکاری کی طاقت ۔

curie, n. (کیمیا)[ریڈیم کے دریافت کنندگان میری کیوری اور پیرے کیوری کے نام پر] کیوری اکائی ؛ ریڈیائی تابکاری کی تسلیم شدہ بین الاقوامی اکائی ، یعنی 3.70×10^{10} تکسُرات فی لمحہ ۔

Curie point, n. [ریڈیم کے دریافت کنندگان پیرے کیوری اور میری کیوری کے نام پر] (طبیعیات) نُقطۂ کیوری یا تپش کیوری ؛ درجہ حرارت کا وہ نقطہ جس پر کوئی جسم (مثلاً لوہا) اپنی مستقل مقناطیسیّت کھو دیتا ہے ۔

curio, n. نادرہ ؛ نادر ؛ کوئی چیز ، فنون لطیفہ یا نوادرات کا نمونہ ، مثلاً تصویر ، مجسمّہ ، برتن ، فرنیچر وغیرہ ، جو نادر ، انوکھا یا قدیم ہونے کی وجہ سے قابل قدر اور قیمتی ہو ۔

curiosa, n. نوادر ؛ کتابیں یا کتابچے جو غیر معمولی ، انوکھے یا عاشقانہ موضوعات پر لکھے گئے ہوں ۔

curiosity, n. تجسُّس ؛ شوق تحقیق ؛ تلاش ؛ استعجاب ؛ متجسس ہونے کی حالت یا متجسس ہونے کا احساس ؛ نئی چیز دیکھنے یا نامعلوم کو دریافت کرنے کی شدید خواہش ؛ نئے اور غیر معمولی کو دیکھنے یا نئی دریافتوں سے دماغی تسکین حاصل کرنے کی طلب ؛ دریافت طلبی ؛ عجیب یا یکتا چیز ؛ راز جوئی ۔

curious, a. متجسّس ؛ مشتاق ؛ آگہی طلب ؛ طالب ؛ محتاط (باریک بیں) ؛ عجیب ؛ نرالا ؛ انوکھا ؛ حیرت انگیز ؛ معلوم کرنے یا جاننے کا خواہش مند ؛ اکثر دریافت طلب یا سُن گن لینے والا ؛ غیر مانوس یا نیا ہونے کے باعث توجّہ یا دلچسپی پیدا کرنے والا ؛ عجیب و

غریب ؛ کتب فروش کی دکان یا ذخیرۂ کتب میں غیر شایستہ یا فُحش کتابیں ؛ باریک ؛ مہین ؛ نازک ؛ کھوجی ؛ رازجُو ؛ مستفسر ؛ شوقین (تحقیقات) ۔

curium, n. (کیمیا) کیوریم ؛ چاندی جیسا فلزی تابکار عنصر جو جوہری ضربات کے ضمنی حاصل کے طور پر بنتا ہے ۔

curl, v.t. گھونگریالا یا چھلّے دار بنانا ؛ موڑنا ؛ چکر دار یا بل کھائی ہوئی چیز بنانا ؛ کُنڈلی بنانا ؛ خم یا اتار چڑھاؤ پیدا کرنا ؛ گھونگریالا بنانا ؛ پیچ دینا ؛ بل دینا ؛ چھلّے ڈالنا ؛ لچھیانا ؛ حلقے یا چھلّے بنانا ؛ پیچ و تاب دینا ؛ سکیڑنا ؛ اینٹھنا ؛ چھلّا بنانا ۔ (فعل لازم) (بالوں کا) گھونگریالا یا چھلّے دار ہونا ؛ چھلا بننا ؛ کنڈلی دار ہونا ؛ خمیدہ ہونا ؛ بل کھانا ؛ پیچ کھانا ؛ خم دار ہونا ؛ لپٹنا ؛ پیچ و تاب کھانا ؛ مڑنا ۔ (کھیل) پتھر کنڈلی کھیلنا ؛ چھلّے کھیلنا ۔ (اسم) (بالوں کا) گھونگر ؛ کوئی بھی بل کھائی ہوئی یا چکّر دار چیز ؛ تشنج ؛ پیچ ؛ پودوں کی کوئی بھی بیماری جس میں پتّے مُڑ جاتے ہیں ؛ گھونگر یا چھلّے بنانے کا عمل ، گھنگرالا یا چھلے دار ہونے کی حالت ؛ چھلّا ؛ گھرچی ؛ مروڑ ؛ بل ؛ خم ؛ شکن ؛ حلقہ ؛ خمیدہ شے ؛ زُلف ؛ گیسو ؛ کاکُل ؛ موڑ ؛ پیچ ؛ جعد ؛ لَٹ ۔

curler, n. وہ شخص یا چیز جو گھونگر ، بل یا پیچ ڈالے ؛ چھلّے یا پتھر کنڈلی کھیلنے والا ۔ (دیکھیے : curling) ۔

curlew, n. کرلی ؛ کراکل ؛ پن کُکڑی ؛ مرغابی ؛ موسمی (نقل مکانی کرنے والے) ساحلی پرندوں میں سے کوئی ایک ، جن کی لمبی ، نازک اور مڑی ہوئی چونچ ہوتی ہے اور جو جنس نیومینیئس (Numenius) کی قبیل آرکوئیٹس (arquatus) (جو عموماً یورپ میں پائی جاتی ہے) یا امریکا کی لانگی روسٹرس (longirostris) (جس کی چونچ زیادہ لمبی ہوتی ہے) سے تعلّق رکھتے ہیں ؛ مماثل پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

curlicue, curlycue, n. نفیس گھونگر یا مرغولہ دار خم ۔

curlicue, v.t., v.i. گھونگر یا خم دینا ؛ گھونگریالا یا خم دار ہونا ۔

curling, n. (کھیل) پتھّر کنڈلی کھیل : ایک کھیل جو برف سے ڈھکے ہوئے میدان میں چار چار کھلاڑیوں کی دو ٹیمیں کھیلتی ہیں ، اس کھیل میں پتھر کنڈلیاں ''ٹی'' کہلانے والے ہدف کا نشانہ لے کر ، پھسلائی یا دھکیلی جاتی ہیں ۔

curling stone, n. کرلنگ سٹون : بڑا بیضوی شکل کا پتھر (کبھی کبھی لوہے کا) جو پتھّر کنڈلی کے کھیل میں استعمال ہوتا ہے ، اس کی سطح ایک طرف چکنی اور دوسری طرف کھردری ہوتی ہے اور اس پر لوہے کا مُڑا ہوا دستہ یا کندہ لگا ہوتا ہے ۔

curling iron, curling irons, curling tongs, n. گھونگر کہانی : گھونگر بنانے کا آلہ جو عموماً لوہے کا چمٹا ہوتا ہے اور جسے گرم سلاخ پر بالوں کو لپیٹنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

curlpaper, n. گھونگر پٹی ؛ گیسوؤں کو بل دینے والا کاغذ جو اسوقت تک بالوں میں لگا رہتا ہے جب تک ان میں بل نہ پڑ جائیں ۔

curly, a. مرغولی ؛ خمیدہ یا خم پذیر ؛ گھونگریالا (جیسے : curly maple) ؛ لہریا ؛ پیچ در پیچ ۔

curliness, n. خم پذیری ؛ گھونگریالا پن ؛ لہریا پن ۔

curmudgeon, n. خسیس ؛ بدمزاج ، سنکی ، تندخُو ، بخیل اور بدتمیز شخص ، خصوصاً بوڑھا آدمی ؛ شوم ؛ لئیم ۔

curmudgeonly, a. اسم صفت مذکورہ بالا معنوں میں ؛ بخیلانہ ۔

curn, n. (اسکاٹ لینڈ) دانہ ؛ کم مقدار یا کم تعداد چیز ؛ حقیر ؛ معمولی ۔

curr, v.i. مدھم،کانا پُھوسی کی سی آواز پیدا کرنا جس طرح کہ بلّی خرخر کرتی یا فاختہ ہوکتی ہے ۔

currant, n. مویز ؛ منقّی ؛ یُونانی کشمش ؛ آب جوش ؛ چھوٹی اور بغیر بیج کی کشمش جو خاص کر کیلی فورنیا اور لیونٹ میں پیدا ہوتی ہے ، کھانوں میں ڈالی جاتی ہے ، اس کی جیلی بھی بناتے ہیں ؛ خوردنی چھوٹا گول پھل یا جنس رائبس (Ribes) کی جنگلی یا کاشت کردہ جھاڑی کی گوندنی ؛ بجائے خود یہ جھاڑی ؛ کوئی بھی مماثل پَھل یا جھاڑی ۔

currant worm, n. کرم کشمش ؛ کشمشوں کو لگنے والا کیڑا یا حشرہ ۔

currency, n. رائج سکّہ ؛ سکّہ یا کاغذی سکّہ رائج الوقت کی گردش ؛ زمانۂ حال میں رائج ذریعۂ مبادلہ ؛ زیر استعمال سکّہ یا روپیہ ؛ زرمروّجہ ؛ عام قبولیّت ؛ رواج ؛ نفاذ (عام) ؛ دور ؛ دوران ؛ زمانہ ؛ شُہرت یا اَشاعت (خیالات یا اطلاعات و اخبار کی) ؛ زر رائجہ ۔

currency exchange, n. مبادلۂ زر : ایک قسم کا کاروبار جس میں مبادلۂ زر کے سلسلہ میں خدمات ، مثلاً ، چیک بھنانے ، منی آرڈر جاری کرنے یا منی آرڈر وصول کرنے کے عوض فیس لی جاتی ہے ۔

current, a. رائج الوقت ؛ مروّجہ ، عام طور پر تسلیم شُدہ یا عہد حاضر میں رائج ، (جیسے : current styles)؛مانا ہوا ؛ زمانہ حال کا ؛ حال سے قریب ترین ، (جیسے : The current issue of a magazine) ؛ گردش میں رہنے والا یا ایک ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ میں جانے والا ، جیسے سکّۂ رائج الوقت ؛ اعلان شُدہ یا مشتہرہ ، (جیسے : current information) ؛ چلتا ؛ دست بدست ۔

current, n. رَو ؛ بہاؤ یا روانی جیسے ندی کی ؛ بہنے والی شے ندی کی طرح ؛ دھارا ؛ دھار ؛ پانی کا ریلا یا ہوا کا جھونکا جو خاص سمت میں حرکت کر رہا ہو ؛ سَیل ؛ کوئی قابل فہم رویّہ ، میلان،چلن یا عام رُجحان جیسے زمانے یا واقعات کا ۔ (برق) برقی رو کی حرکت یا بہاؤ جو ایمپرس (Amperes) کے پیمانے سے ظاہر ہو ؛ روانی ؛ رفتار ؛ سلسلہ ؛ تسلسل ۔

current assets, n. (مالیات) بدل پذیر اثاثے ؛ کمپنی کے اثاثے جن کے متعلّق معقول توقّع کی جائے کہ معمول کے رواں دورانیے میں اُن کو نقدی میں تبدیل کیا جا سکے گا یا وہ بک جائیں گے یا صرف ہو جائیں گے ؛ اثاثہ جات جاریہ ۔

current liabilities, n. (مالیات) ادائی واجبات ؛ کسی کاروبار یا کارپوریشن کے وہ قرضہ جات جو ایک سال کے اندر واجب الادا ہوں ؛ موجودہ ذمّہ داریاں ۔

curricle, n. دواسبہ بگھی ؛ دو پہیہ گاڑی جس میں دو گھوڑے دوش بدوش جوتے جائیں ۔

curriculum, n. نصاب تعلیم ؛ مقررّہ یا مروّجہ درسیات ؛ درس گاہ (یونیورسٹی ، کالج یا اسکول) میں درس یا مطالعہ کا مقررّہ

نصاب ؛ مدرسہ میں پڑھائے جانے والے تمام نصابوں کا مجموعہ ؛ درسیہ ۔

curriculum vitae, n. تعلیمی کوائف ؛ کوائف تعلیم و تجربہ ؛ تعلیمی لیاقت اور پیشہ ورانہ تجربہ کے کوائف کا خُلاصہ جو عموماً ملازمت کے لیے درخواست کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے ؛ سوانحی خاکہ ۔

currier, n. دبّاغ ؛ چرم ساز ؛ کمائے ہوئے چمڑے کو ہموار کر کے رنگنے والا ؛ گھوڑے کا مالشیا ؛ سائیس ۔

curriery, n. دبّاغی ؛ سائیسی ؛ دباغ یا سائیس کا پیشہ یا کاروبار یا وہ جگہ جہاں یہ پیشہ یا کاروبار کیا جائے ۔

currish, a. سگ مجہول النسل یا بازاری کُتّے کا یا اس کے متعلّق ؛ سگ صفت ؛ کُتّے کی طرح ؛ غُرّانے والا ؛ جھگڑالو ؛ قابلِ نفرت ؛ بھونکنے والا ۔

currishness, n. کُتّا پن ؛ کلبیّت ۔

curry, currie, n. [اردو] شوربا ؛ کڑھی ؛ سالن ؛ شرق الہند کی چٹنی یا چٹ پٹا کھانا جو کئی انواع کا ہوتا ہے اور عموماً ہلدی ، مسالے ، بیج ، ترکاریاں اور پھل ڈال کر تیار کیا جاتا ہے ، اسے چاول کے ساتھ کھاتے ہیں یا اِس میں گوشت ، مچھلی یا دیگر غذائیں بھی ملائی جاتی ہیں ؛ اس قسم کے شوربے یا کری سفوف سے تیار کیا ہوا کھانا ۔

curry, v.t. شوربے کے مسالوں یا کری سفوف سے سالن تیار کرنا ۔

curried, a. شوربے دار ؛ سالن دار ۔

curry, v.t. کمائے ہوئے یا پکائے ہوئے چمڑے کو بنانا یعنی کھرچنا ، صاف کرنا ، پیٹ کر ہموار کرنا اور رنگنا ؛ کھریرے سے (گھوڑے کے بدن کو) رگڑنا اور صاف کرنا ؛ کمانا ؛ تیّار کرنا ؛ صاف کرنا ؛ دباغت کرنا ؛ لتاڑنا ؛ جھاڑنا ؛ کُوٹنا ؛ ٹھوکنا – (بول چال) مارنا پیٹنا ۔

curry favor, v.t. خوشامد ، تعریف اور ستایش سے خوشنودی اور مراعات حاصل کرنا ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنا ؛ خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ۔

currycomb, n. کھرکھرا ؛ کُھریرا ؛ گھوڑے کے بدن پر پھیرنے اور اس کی صفائی کے لیے لوہے کے چھوٹے دانتوں کا کنگھا یا بُرش ؛ کَھرکنا ۔

currycomb, v.t. کھریرا کرنا ؛ کھریرے سے رگڑنا یا کنگھا کرنا ؛ مالش کرنا ۔

curse, v.t. بددُعا دینا ؛ کوسنا ؛ کسی کے خلاف بُری خواہش کا اظہار کرنا ؛ لعنت بھیجنا ؛ شہرت یا نام کو بَٹّا لگانا ؛ کیڑے ڈالنا ؛ بڑی آفات کی بددُعاؤں سے دق کرنا ، پریشان کرنا یا اذیّت دینا ۔ (فعل لازم) بددُعائیں یا کوسنے زبان پر لانا ؛ کُفربکنا ؛ تکفیری یا گندی زبان بولنا ؛ قسمیں کھانا ؛ گالیاں بکنا ؛ لعنت بھیجنا ؛ بدگوئی کرنا ۔ (اسم) لعنت ؛ بددُعا ؛ سراپ ؛ دوسرے کے لیے ، بُری خواہش کا اظہار ؛ آفت ، قہر یا عذاب ؛ اذیّت ؛ سخت پریشانی ؛ گناہ گاروں کے لیے سزا یا عذاب الٰہی ؛ کلمۂ کفر ؛ بدگوئی ؛ دُشنام ؛ تکفیر ؛ مذہب سے اخراج کا فتویٰ ؛ کوسنے ؛ پھٹکار ؛ بلا ؛ وبال ؛ غضب ؛ بپتا ؛ مصیبت ؛ دُکھ ۔

cursed, a. لعنتی ؛ لعین ؛ ملعون ؛ بددُعا کے زیر اثر ؛ نگوڑا ؛ ناس گیا ؛ قابل نفرت ؛ لائق اکراہ ؛ شنیع ؛ شقی ؛ بدمعاش ؛ پریشان کُن ؛ تکلیف دہ ؛ مردُود یا کم بَخت ۔

curst, a. بدخو ؛ بدطینت ؛ جھگڑالو ؛ لعنتی ۔

cursive, a. شکستہ یا رواں (خط) ؛ جُڑے ہوئے حروف کے الفاظ کا رواں خط خواہ وہ ہاتھ کا لکھا یا چھپا ہوا ہو ؛ (خط) شکستہ ؛ کیتھی ۔ (اسم) خطِّ شکستہ ؛ چھپا ہوا رواں خط جو ہاتھ کی رواں تحریر کی نقل کے لیے استعمال ہو ؛ مسوّدہ جو رواں حروف میں لکھا جائے ۔

cursor, n. کرسر ؛ بصری پردے پر حرکت کرنے والا آلہ جو مقام کی نشاندہی کرتا ہے ۔

cursorial, a. (حیوانیات) سبک پا ؛ دوڑ کے لیے مناسب اعضا جیسے جانور کے ؛ بعض پرندوں اور کیڑوں کے اعضا جو تصرّف سے یا ضرورت کے تحت دوڑ کے لیے موزوں بنا لیے گئے ہوں ؛ پُھرتیلا ؛ چالاک ۔

cursory, a. سرسری (نظر) ؛ عاجلانہ ؛ جزئیات پر دھیان دیے بغیر جلدی میں کیا ہوا ؛ رواداری کا ؛ طائرانہ (جائزہ) ؛ چلتے ہوئے ؛ جلد ؛ چلتی نظر ؛ اجمالی نظر ؛ ایک نظر یا نگاہ ۔

cursorily, adv. بہ عَجلت ؛ سرسری طور پر ؛ عاجلانہ ۔

cursoriness, n. عجلت ؛ رواداری ؛ سرسری نظر ؛ طائرانہ نظر ۔

curt, a. رُوکھا ؛ مُختصر یا مُختصر کیا ہوا ؛ مختصر اور جامع،جیسے گفتگو یا اسلوب ؛ بے ربط یا گُستاخی کی حد تک مُختصر، جیسے گفتگو یا انداز؛ ٹکا سا ؛ بے اعتنائی یا کج ادائی کا ۔

curtness, n. اِختصار ؛ رُکھائی ۔

curtail, v.t. کاٹنا ؛ کوتاہ کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ کسی بھی لحاظ سے چھوٹا کرنا ؛ خُلاصہ کرنا ؛ گھٹانا ؛ قطع کرنا ؛ کم کرنا ۔

curtailment, n. کاٹ چھانٹ ؛ تخفیف ؛ قطع و برید ؛ اختصار ۔

curtail step, n. قدمچہ اوّل یا آخر ؛ زینے کی پہلی یا نچلی سیڑھی جب کہ وہ بیرونی سِروں پر قوسی خط بناتے ہوئے ختم ہوتی ہو ؛ مُڑی ہوئی نِچلی سیڑھی ۔

curtain, n. اوٹ ؛ چلمن ؛ مسہری ؛ پردہ ؛ کپڑے ، ٹاٹ یا چٹائی وغیرہ کا ٹُکڑا جو پردہ کرنے ، چُھپانے یا سجانے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ کوئی بھی چیز جو بند کرنے ، اوٹ میں لینے ، تحفّظ دینے یا چھپانے کا کام کرے (جیسے : a curtain of artillery fire) ۔ (تھیٹر) اسٹیج پر لٹکتا ہوا خوبصورت پردہ جو سماعت گاہ (آڈیٹوریم) کو اسٹیج سے الگ کرتا ہے ؛ اسٹیج سے پردہ اُٹھنے کا مقررہ وقت جو ڈرامہ شروع ہونے کی علامت ہوتی ہے ، ڈرامہ کے منظر یا ایکٹ کے اختتام پر پردے کے گرنے کا عمل ۔ (قلعہ بندی) دو بُرجوں کو جوڑنے والی دیوار یا فصیل کا حصہ ۔ (فنِ تعمیر) دو میناروں ، گنبدوں ، یا آگے کی طرف نکلے ہوئے حصّوں یا انھیں جوڑنے والی سیدھی دیوار کا ایک حصّہ ؛ چِک ۔

curtain, v.t. پردہ مہیّا کرنا یا پردوں سے بند ، پوشیدہ ، یا علیحدہ کرنا یا سجانا ؛ قصہ ختم کرنا ؛ پردہ ڈالنا ؛ پردہ گرانا ؛ الگ کرنا ؛ پردہ چھوڑنا ۔

curtain lecture, n. بیوی کی لعن طعن ؛ پسِ پردہ یا خلوت میں سرزنش ، اصلاً ، سوتے وقت بیوی کی طعن و تشنیع ، خاوند کو ؛ جورُو کے طعنے ؛ بیوی کی نصیحت ۔

curtain raiser, n. تمہیدی ناٹک ؛ چھوٹا ڈرامہ جو خاص بڑے ڈرامے سے پہلے کھیلا جائے ؛ تمہیدی نقل جو اصل ڈرامے سے پہلے کی جائے ۔

curtain call, n. ناظرین کی تعریفی تالیوں کے جواب میں ڈرامے کے اداکاروں یا ثقافتی فن کاروں کے طائفے کی اسٹیج پر دوبارہ حاضری ۔

curtate, a. مُختصر کیا ہوا یا گھٹایا ہوا ؛ تلخیص شُدہ ۔

curtilage, n. (قانون) گھر سے متعلّق زمین ؛ مضافات خانہ ؛ زمین کا وہ رقبہ جس پر رہنے کا مکان ، اس کا صحن اور بیرونی عمارتیں (نوکروں کے گھر وغیرہ) ہوں اور یہ رقبہ یا تو واقعی احاطے کے اندر ہو یا محدود سمجھا جاتا ہو ؛ گھر کی اراضی ؛ صحن یا پائیں باغ ؛ خانہ باغ ۔

curtsy, n. مُجرا ؛ خواتین کی کورنش جو وہ گھٹنے جُھکا کر جسم کو نیچا کر کے بجا لاتی ہیں ؛ زنانہ کورنش ۔

curtsy, v.i. کورنش بجا لانا ؛ مُجرا کرنا ؛ آداب و سلام پیش کرنا ۔

curule, a. دیوان اعلیٰ ؛ مسند خاص ؛ خاص قسم کی کُرسی یا نشست کے حوالے سے جو قدیم روم میں اعلیٰ ترین مجسٹریٹ استعمال کیا کرتے تھے ؛ اس کُرسی پر بیٹھنے کا مستحق ؛ اعلیٰ ترین عُہدے کا ۔

curvaceous, a. (بول چال) متناسب جسم اور اُبھری ہوئی گولائیوں والی عورت کا ؛ سُنبلی عورت کا ۔

curvature, n. انحنا ؛ موڑ ؛ جُھکاو ؛ خم ؛ بانک ؛ گولائی ؛ خمیدگی ؛ مُڑنے یا موڑنے کا عمل ؛ مڑی ہوئی یا خمیدہ حالت ؛ جُھکاؤ یا خم کا زاویہ ؛ خمی ۔

curve, n. منحنی ؛ خطِ منحنی ؛ زاویے بنائے بغیر مسلسل بل کھاتی ہوئی لکیر ؛ کوئی بھی منحنی خطِ محیط ، خاکہ ، شکل یا حصّہ ؛ موڑ ؛ نقشہ نویس کے استعمال کا منحنی پیمانہ ۔ (ریاضی) وہ خط جس کا کوئی بھی حصّہ سیدھا نہ ہو اور جس کے خطوطِ مرتّبہ ایک ہی غیر منحصر اور مستقل منحنی کے مسلسل تفاعل ہوں ۔ (بیس بال) وہ گیند جو گُھما کر پھینکنے کی وجہ سے ٹپّا کھا کر دائیں یا بائیں مُڑ جائے ؛ انحنا کَش (آلہ) ۔ (فعل متعدی و لازم) موڑنا ؛ جُھکانا ؛ موڑ کی شکل میں جُھکانا ؛ موڑ کے رستہ پر ڈالنا یا موڑ کا رستہ اختیار کرنا ؛ مُڑنا ؛ جھکنا ؛ مڑا ہوا ہونا ؛ خمیدہ ہونا ؛ جھکا ہوا ہونا ؛ خم دینا ؛ خم ہونا ۔

curve, curved, a. مُڑا ہوا ؛ جُھکا ہوا ؛ خمیدہ ؛ بینکا ؛ منحنی ؛ ٹیڑھا میڑھا ۔

curvedness, n. خمیدگی ؛ انحنا ؛ ٹیڑھا پن ۔

curvet, n. پوئیا ؛ جستِ اسپ ؛ گھوڑے کی ایسی اُونچی جست کہ اگلے پاؤں اُوپر اٹھنے کے فوراً بعد ہی پچھلے پاؤں اوپر اُٹھ جائیں اور ایک لمحے کے لیے چاروں پاؤں ہوا میں معلّق ہوں ۔ (مجازاً) اُچھل کود ؛ لنگُوری کلیل ؛ اچھل ؛ الول ۔ (فعل لازم) گھوڑے کا اُونچی جَست لگانا ۔ (مجازاً) کُودنا ؛ چھلانگ مارنا ؛ جست کرنا ؛ پھاندنا ۔ (فعل متعدّی) اُونچی چھلانگ لگوانا ۔

curvilinear, curvilineal, a. خم خطی ؛ منحنی خط کی شکل کا ؛ منحنی خطوط پر مشتمل یا منحنی خطوط سے محدود ؛ انحنائی ؛ مُڑواں ؛ منحنی ۔

curvilinearity, n. انحنائیت ؛ خم خطیّت ۔

curvilinearly, adv. منحنی طور پر ؛ خم خطّانہ ۔

cusec, n. کیوسک ؛ کعب ثانیہ ؛ ایک مکعب فٹ فی سیکنڈ کی شرح سے بہاؤ کی رفتار ؛ مکعب فٹ فی ثانیہ ۔

cushaw, n. کج گردن لوکی ؛ ٹیڑھی گردن کے کدّو کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک خصوصاً موچاٹا (moschata) نسل کا کدو ۔

cushion, n. تکیّہ ؛ گدّی ؛ مسند ؛ گدّا ؛ گدیلا ؛ تھیلے جیسی چیز جس میں نرم روئی وغیرہ بھر کر بیٹھنے ، جُھکنے یا ٹیک لگانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ گاؤ تکیہ ؛ کوئی اور چیز جو گاؤ تکیہ یا تکیے سے ملتی جُلتی ہو ؛ انٹے کی میز یا بلیرڈ ٹیبل کے گُدگُدے کنارے ؛ کوئی ترکیب یا چیز (مثلاً گدّے ، ہوا یا بھاپ) جو مشین کے چلتے ہوئے پُرزوں کے جھٹکوں کی شِدّت کو جذب یا کم کر سکے ؛ غیر متوقع اخراجات کے لیے محفوظ رقم ۔ (کینیڈا) برفانی ہاکی کھیلنے کے میدان کی برفیلی سطح ۔ (فعل متعدی) گدّا رکھنا یا گدّے کا سہارا دینا ؛ گدّا یا گدّے لگانا یا مہیّا کرنا ؛ بھاپ کے کُشن یا روک سے فشارے (پسٹن) کی حرکت چیک کرنا ؛ کسی چیز ، مثلاً بھاپ کو کُشن یا روک میں تبدیل کرنا ؛ نظر انداز کر کے خاموشی سے دبا دینا ؛ ہلکا کرنا یا اثر کی شِدّت کو کم کرنا (جیسے : Her criticism was cushioned by a soft smile) ؛ تکیوں سے گلا گھونٹ کر مارنا ۔

Cushitic, n. [قدیم زمانے میں دریائے نیل کے نزدیک واقع مقام کش کے نام پر] کشتکی ، زبانیں ؛ زبانوں کا ایک گروہ جو افریقی ، ایشیائی زبانوں کے عظیم تر خاندان سے تعلّق رکھتا ہے ، یہ زبانیں مشرقی افریقہ کے مختلف علاقوں ، خصوصاً اتھوپیا اور صومالیہ میں بولی جاتی ہیں ۔ (صفت) کشتکیائی ۔

cushy, a. (عوامی) خوشی کا ؛ سہل ؛ آرام دہ اور آسان (جیسے : a cushy job) ۔

cushily, adv. آسانی سے ؛ آرام سے ؛ بسہولت ۔

cusk, n. کسک ؛ پِچک سَری مچھلی ؛ ایک خوردنی سمُندری مچھلی جو شمالی بحرِاوقیانوس کے مشرقی اور مغربی دونوں ساحلوں پر پائی جاتی ہے ؛ امریکی بُربوٹ یا بام جیسی مگر پِچکے سَر کی مچھلی ۔

cusp, n. راس ؛ نوک یا نوک دار سرا ۔ (فلکیات) پہلی رات کے چاند کا کنارا ۔ (نجوم) زائچے کے حساب میں کسی خانے کا داخلہ ؛ جنم پتری کے حساب میں کسی بُرج کا قرن ۔ (جیومیٹری) وہ نُقطہ جہاں ایک منحنی خط کی دو شاخیں ملیں ، ختم اور مماس ہوں ۔ (فنِ تعمیر) دو قوسوں کے ایک دوسرے کو قطع کرنے سے بننے والی سجاوٹی شکل ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات ، نباتیات) نوک ، آگے نکلی ہوئی چیز یا اُبھار ، جیسا کہ مسوڑھے کے باہر دانت کا ہوتا ہے ؛ نعل نما یا ہلال شکل ؛ قرن ؛ چوٹی ؛ اسنان ؛ انی ؛ نوک ؛ کنگرہ ؛ کنگورہ ۔

cusped, cuspate, cuspated, a. نوک دار ؛ اسنانی ؛ راسی ۔

cuspid, n. ناب ؛ کُچلی ؛ باہر نکلا ہوا دانت ؛ کُچلی دانت ؛ ڈاڑھ ؛ کنگورہ ۔

cuspidal, a. نوک یا اُبھار والا ؛ نکیلا ؛ انی دار ؛ قرن نما ؛ ہلال آسا ؛ کُچلی دار ؛ کنگورہ دار ۔

cuspidate, cuspidated, a. انی دار ؛ نوک یا اُبھار والا ؛ کُچلی دانت کی طرح نوک والا یا نکیلے سرے کا ؛ یک نوکہ ؛ یک شرفہ ؛ اسنان دار ۔

cuspidation, n. متقاطع قوسین سے عمارت کی سجاوٹ ۔

cuspidor, n. اُگالدان ۔

cuss, n. (بول چال) بددعا ؛ آدمی یا بندہ (تحقیری لہجے میں)۔(فعل متعدی و لازم ، بول چال) کوسنا ؛ سخت نکتہ چینی کرنا ۔

cussed, a. لعنتی ؛ کمینہ ۔

cussedness, n. گمراہی کا رُجحان ؛ سرکشی ؛ ہیکڑی ؛ بدطینتی ؛ بدخوئی ۔

custard, n. کسٹرڈ ؛ دُودھ ، انڈوں اور چینی کا آمیزہ جسے پکاتے ، اُبالتے یا جماتے ہیں ۔

custard apple, n. اتّا ؛ شریفہ ؛ سیتا پھل ؛ مغربی ہند کے گرم علاقوں کے درخت کا بڑا ، گہرا خاکی اور گول پھل ؛ امریکا کے گرم علاقوں میں پیدا ہونے والے نرم گُودے کے مختلف خوردنی پھلوں میں سے کوئی ایک ؛ کوئی بھی درخت یا جھاڑی جس میں ایسے پھل لگتے ہوں ؛ شمالی امریکا کا پاپاؤ نامی درخت یا اس کا پھل ۔

custard glass, n. ناشفّاف اور ہلکے زرد رنگ کا شیشہ ۔

custodian, n. تحویل دار ؛ رکھوالا ؛ نگراں ؛ محافظ ؛ نگہبان ؛ وہ شخص جو کسی چیز کو اپنی تحویل اور نگرانی میں رکھے ؛ متولی ؛ نگاہ بان ؛ مُختار ۔

custodianship, n. تحویل داری ؛ تولیّت ؛ نگرانی ؛ سرکاری سرمایہ کی حفاظت ۔

custody, n. تحویل ؛ نگہبانی ؛ حفاظت ؛ نگرانی ؛ تفویَض ؛ رکھوالی ؛ ولایت (بچّوں کی) ؛ تحویل ، تحفُّظ یا نگرانی میں رہنے کی حالت ؛ قید ؛ حراست ؛ بندھن ۔

custodial, a. نگہداشتہ ؛ تحویل یا نگرانی کے متعلّق ؛ مفوّضہ ؛ تحویلی ۔

custom, n. عادت پہ مبنی عمل (فرد یا گروہ کا) ؛ مروَّجہ/مُتداول/ استعمال ؛ محُوّلہ حالات میں معمول کا طریقِ عمل ؛ رواج ؛ رسم ؛ رِیت ؛ ضابطہ ؛ دستور ؛ قاعِدہ ؛ قرینہ ؛ طریقہ ۔ (قانون) عرصہ دراز سے رائج رواج جسے قانون کا درجہ حاصل ہو چکا ہو ؛ کسی تجارتی ادارے یا دُکان کی (گاہکوں کی طرف سے) عادتاً سرپرستی ؛ مجموعی طور پر کسی تجارتی ادارے کے گاہک ؛ جاگیر دار کی طرف سے مزارعوں پر عائد کردہ محصول جو واجب الادا ہو ؛ خراج یا بیگار ؛ چنگی ؛کروڑ گیری ؛ کر گیری ۔ (جمع) قانوناً عائد کردہ درآمد و برآمد کے محصولات ۔ (صفت) حکم یا فرمائش پر ، کسی فرد کے لیے بنایا گیا (جیسے : custom-made shoes) ؛ حکم یا فرمائش پر بنائی گئی اشیا کا کاروبار یا فرمائشی کام (جیسے : custom tailor) ۔

customable, a. رسم و رواج کے مطابق ۔

customary, a. رواجی ؛ رسمی ؛ رسم و رواج کے مطابق ؛ عام ؛ معمولی ؛ معتاد ؛ عام دستوری ؛ مروّجہ ؛ مقررّہ ؛ عام مروّجہ ؛ رائج ؛ بدستور ؛ معہود ؛ ریت کا ؛ رواج کی ۔ (اسم) رسم و رواج ؛ دستور نامہ یا وہ کتاب جس میں کسی جگہ کے قانونی رسم و رواج اور حقوق تحریر ہوں ؛ معمول ؛ دستور ۔

customarily, adv. عادتاً ؛ حسب معمول ؛ رواجاً ؛ رسماً ۔

customariness, n. معمول پن ؛ رسمیّت ؛ رواجیّت ۔

custom-built, custom-made, a. گاہک کی ہدایات کے مطابق بنایا ہوا ؛ فرمائش پر بنایا گیا ؛ ناپ کے مطابق تیّار کیا ہوا ۔

customer, n. گاہک ؛ خریدار ؛ ججمان ؛ بنجوٹا ؛ مُشتری ؛ خریدنے والا ۔ (بول چال) وہ شخص جس کا کسی شخص سے واسطہ پڑتا رہتا ہو : ساتھی ، ہم کار ، رفیق ، یا ہم پیشہ کے مفہوم میں (جیسے : a queer customer) ۔

customer's man,
registered representative, n. (بازارِ حصّص) اسٹاک ایکسچینج کی ممبر فرم کا رجسٹرڈ نمائندہ جو بنڈیوں اور حصّص کے کاروبار کے سلسلہ میں مبادلہ کے تقاضے اور ضروریات پوری کرنے کے لیے موجود رہتا ہے ؛ مُسلَّم نمائندہ ؛ رجسٹر شدہ نیابتی ۔

custom house, n. کسٹم گھر ؛ محصول خانہ ؛ محصول گھر ؛ دفتر کروڑ گیری ؛ گمرک خانہ ؛ سرکاری دفتر جو محصولات وصول کرتا ہے اور جہازوں کو راہ داری کے پروانے دیتا ہے ۔

customize, v.t. گاہک کی ضرورت ، ہدایت یا نمونے کے مطابق ترتیب دینا ، بنانا ، فِٹ کرنا یا تبدیلی کرنا ۔

custom-made, a. دیکھیے : Custom-built ۔

cut, v.t. جُدا کرنا یا کاٹنا ؛ چیرنا ؛ گھاؤ ڈالنا ؛ دھار دار آلے سے یا دھار دار آلے کی طرح حصّوں میں علیحدہ یا تقسیم کرنا ؛ شگاف ڈالنا ؛ کسی چیز یا سلسلے کا یکا یک اختتام کرنا ؛ توڑ دینا ؛ تیزی سے کوڑے کی طرح ضرب مارنا ؛ خلاصہ کرنا یا چھوٹا کرنا ، جیسے ادارت میں ۔ (فلم) کسی سلسلے کی منظر بندی یا تصویر کشی کرنا ۔ (ریڈیو ، ٹیلی وژن) ٹیپ رکارڈ ، براڈ کاسٹ یا ٹیلی کاسٹ کے عمل کو روک دینا ۔ (تاش کا کھیل) تاش کے پیک یا گُڈّی کو دو یا تین حصّوں میں اندازاً برابر تقسیم کرنا ۔ (کھیل) اس طرح ترچھا بَلّا مارنا کہ گیند گھوم کر راستہ بدل دے ؛ درخت کو کاٹ کر گرانا یا درخت کی طرح گرنا ؛ گھاس یا فصل کی طرح کٹائی کرنا ؛ کاٹ کر الگ یا جُدا کرنا جیسے ناخنوں یا بالوں کا ؛ کاٹ کر یا کندہ کر کے سجاوٹ یا نقاشی کرنا ؛ قلم کرنا ؛ کندہ کرنا ؛ بچّے کا مسوڑھوں سے دانت نکالنا ؛ کسی کے جذبات یا ذوق کو مجروح کرنا ؛ گہرا اثر چھوڑنا ؛ دو ٹکڑے کرنا ؛ قطع کرنا (جیسے : one line cuts another) ۔ (بول چال) کسی سے مزید واسطہ نہ رکھنا ؛ ترک تعلق کرنا یا چھوڑ دینا ؛ بے اعتنائی برتنا یا ذلیل کرنا ؛ کہیں سے غیر حاضر ہونا (جیسے : to cut a class) ؛ قتلے کرنا ؛ پار کرنا ؛ تراشنا ؛ لباس کا قطع کرنا یا کاٹنا ؛ تراش خراش کرنا ؛ کتر بیونت کرنا ؛ بدھیا کرنا ؛ خصّی کرنا ؛ آختہ کرنا ؛ کھودنا ؛ نقش کرنا ؛ رُوپ بنانا ؛ شکل دینا ؛ کاٹ لینا ؛ منہا کرنا ؛ مجرا یا وضع کرنا ، کمتی کرنا ؛ چاک کرنا ؛ چھیدنا ؛ بیندھنا ؛ گودنا ؛ جی میں گھاؤ یا زخم ڈالنا ؛ تنقید یا نُکتہ چینی سے ٹُکڑے اُڑانا ؛ دھجیّاں بکھیرنا ؛ پرخچے اڑانا ۔

cut, v.i. کاٹے جانے یا کسی کی بے اعتنائی کا معترف ہونا ؛ یکایک سمت بدلنا ۔ (فلم ، ٹی ۔ وی) یکا یک ایک منظر سے دوسرے منظر کی طرف منتقل ہونا ۔ (عوامی) بھاگ جانا ؛ کٹنا ؛ چرنا ؛ گھاؤ کھانا ؛ چھوڑ بیٹھنا ؛ دست بردار ہونا ؛ کُٹی ہونا ؛ کترا جانا ؛ کٹ جانا ؛ بٹنا ؛ جدا ہونا ؛ الگ ہونا ؛ علیحدہ ہو جانا ۔

cut, n. قط ؛ کاٹ ؛ کاٹنے کا عمل ؛ چاقو کا شگاف یا کوڑے کی ضرب ؛ احساسات مجروح کرنے والا کام یا بات ؛ کسی حصّے کی کٹائی یا حذف ، کٹوتی یا تخفیف ؛ کاٹا ہوا یا حذف کیا ہوا حصّہ ؛ گوشت کا کاٹا ہوا ٹکڑا یا بوٹی ؛ کاٹی ہوئی مقدار ؛ قیمت

کی گراوٹ یا قیمت میں کمی ؛ سیدھا ، آر پار راستہ (جیسے : a short cut)؛ چھوٹا راستہ ؛ کاٹنے کا طریقہ یا قرینہ ؛ اسلُوب ؛ طرز ؛ قِسم ؛ کاٹنے کا نتیجہ ، جیسے شگاف یا زخم ؛ کاٹ کر یا کھود کر بنایا ہوا راستہ یا سرنگ ؛ کٹائی ؛ قطع ؛ تراش ؛ وار ؛ کٹاؤ ؛ کاٹ ؛ چرکا ؛ خراش ؛ ضرب (بَلّے یا دھار دار آلے کی) ؛ ترچھا ہاتھ ؛ بے اعتنائی ؛ وضع ؛ قطع ۔ (طباعت) چھاپنے کے لیے کندہ کیا ہوا بلاک یا تختی یا اس کا عکسِ نقش ؛ کَندہ چھاپ ۔ (بول چال) دانستہ ناواقفیت کا اظہار ۔ (بول چال) بوقت ضرورت غیر حاضری ؛ تاش کی گڈّی کی کئی حصّوں میں اندازاً تقسیم ؛ قُرعہ ڈالنے کے لیے بنائے گئے کاغذ کے پُرزوں میں سے کوئی ایک (جیسے : to draw cuts for a thing) ۔ (بول چال) حصّہ یا منافع کا فی صد ۔ (بیس بال) گیند مارنے کے لیے بَلّے کا گُھماؤ ؛ درز ؛ دراڑ ۔

a cut above, (بول چال) نسبتاً بہتر ؛ ایک درجہ اوپر ۔

cut, a. تراشیدہ ؛ کاٹا ہوا یا تراشا ہوا (جیسے : a cut diamond) ؛ پانی ملائی ہوئی یا ہلکی کی ہوئی (جیسے : a cut whisky)؛ گھٹایا ہوا ؛ خصّی کیا ہوا ۔

cut-and-dried, a. پہلے سے مقرّر یا طے شُدہ ؛ تازگی یا بے ساختگی سے محروم ؛ دیے ہوئے نمونے کے مطابق ؛ گھڑی گھڑائی ؛ فرسُودہ ۔

cutaneous, a. کھال کا ؛ جلدی ؛ جلد کے متعلّق یا جلد کو متاثّر کرنے والا ؛ جلد کے اُوپر کا ۔

cutaway, a. دامن کٹا (کوٹ) یا ایسے کوٹ کے متعلّق جس کے سامنے کا سایا کمر سے قوسی شکل میں چاک کیا گیا ہو ۔ (اسم) چاک دامن کوٹ ۔ (متحرک فلم ، ٹی ۔ وی) ایک منظر سے دوسرے مختلف مگر متعلّق منظر کی طرف یکا یک منتقلی ۔

cutback, v.t. تخفیف کرنا ؛ کمی کرنا ؛ سرا کاٹ کر چھوٹا کرنا ؛ چھانٹی کرنا ؛ کوتاہ کرنا ۔ (فعل لازم) گزشتہ سے پیوستہ کا بیان ہونا یا فلم میں کہانی دکھاتے ہوئے گزشتہ زمانے میں واپس ہو جانا اور اس زمانے کی یادوں یا واقعات کا پیش کیا جانا ۔ (فٹ بال) یکایک ایک مختلف سمت میں دوڑنے لگنا ۔

cutback, n. تخفیف ؛ کمی ؛ پیداوار میں کمی یا کٹوتی ، طلب کم ہونے کے باعث ؛ جنگی سامان کی رسد کے حکم کی تنسیخ ۔

cutch, n. دیکھیے : Catechu ۔

cut down, v.t. گھٹانا ؛ کم کرنا یا کوتاہ کرنا (جسامت ، تعداد یا مقدار سے غیر ضروری حصّے کم کر کے) ؛ قطع کرنا؛ تباہ کرنا ؛ ضرب سے گرا دینا یا مار ڈالنا ؛ قلم کرنا ؛ چھانٹنا ۔ (فعل لازم) مقدار یا حجم کا کم ہونا یا گھٹنا ۔ (اسم) کمی ؛ مِنہائی ؛ گھٹائی ؛ قطع و برید ؛ تباہی ؛ ضرب ؛ ہلاکت ؛ کاٹ چھانٹ ۔

cute, a. (بول چال) حسین ؛ ذہین ؛ انوکھے پن سے خوش کُن یا پُرکشش ؛ چالاک ؛ فطین ؛ ہوشیار ؛ تیز دماغ ؛ انتہائی خُوبصورت ۔

cuteness, n. فطانت ؛ ذہانت ؛ انوکھا پن ؛ کشش ؛ حُسن ؛ تیز دماغی ۔

cut glass, n. نقشین گلاس ؛ شیشہ جس کی سطح پر نقش و نگار کی سجاوٹ کی گئی ہو ؛ کٹ گلاس ۔

cut-grass, n. کٹیلی گھاس : ایسے مختلف سبزوں/گھاسوں میں سے کوئی ایک ، جن کے نکیلے پتّوں کی رگڑ سے جسم میں خراشیں پڑ جاتی ہیں ، خصوصاً دنتیلی گھاس ۔

cuticle, n. پوست ؛ چھال ؛ خول جِلد یا جِلد کا اوپری حصّہ ؛ مُردہ کھال جس سے اُنگلیوں اور انگوٹھوں کے ناخن بنتے ہیں ؛ پوست ، جھلّی یا اس قسم کی کوئی چیز ۔ (نباتیات) بہت باریک اَور شفاف غِشا (جھلّی) جو پودوں کی بیرونی جِلد بناتی ہے اور برادَمی کے خلیوں کی اوپری سطح سے بنتی ہے ؛ بُھوسی ؛ جھلّی ؛ چھلکا ۔

cuticular, a. جلدی ؛ جِھلّی والا ؛ پوست دار ۔

cutie, n. (عوامی) چَھلیا ؛ چالاک شخص جو دوسروں سے بازی لے جانے کی کوشش کرے ؛ ذہین و ہوشیار شخص ۔ (بول چال) خصوصاً ذہین اور پُرکشش لڑکی ۔

cut in, v.i. بیچ میں دخل دینا ، بول پڑنا یا بات کاٹنا ؛ خود کو زبردستی ایسے مقام پر لے آنا جو دوسروں کے لیے مختص ہو یا ایسی جگہ پہنچانا جو ترتیب کے لحاظ سے باری کے بغیر ہو ؛ ناگہاں داخل ہونا یا شامل ہونا ؛ گفتگو یا بحث میں دخیل ہونا ؛ رقصاں جوڑے میں سے ایک کے ساتھ ناچنے کے لیے رقص میں خلل انداز ہونا ۔ (اسم) بغلی شے ؛ کوئی بھی قطع شُدہ یا دخل زدہ چیز ؛ قطع کرنے ، دخل دینے یا خلل ڈالنے کا عمل ۔ (بول چال) حصّہ (جیسے : a cut-in on a fee) ۔ (متحرّک فلم) منظر کے تسلسل میں خلل ، جیسے کسی کا چہرہ قریب سے دکھا کر ۔ (ریڈیو ، ٹیلیوژن) نشریے کے درمیان اشتہاروں یا اعلانات کے مدخولات ۔

cut-in, a. قاطِع ؛ دخیل ؛ مخل ؛ بغلی ۔

cutis, n. در جِلد ؛ اندر کی کھال ؛ پوستِ زیریں ؛ اوپر کی جِلد کے نیچے صحیح پوست ۔

cutis vera, n. جلد حقیقی ؛ اصل کھال ۔

cutlass, n. کٹلس ؛ چھوٹی ، بھاری اور تھوڑی سی مڑی ہوئی تلوار ۔

cutlery, n. چُھری کانٹے ؛ کاردگری ؛ کٹلری ؛ چاقو ، چُھری ، کانٹے ، چمچے اور دیگر کاٹنے یا کھانے کے کام آنے والے اوزاروں کو بنانے ، تیز کرنے ، مرمّت کرنے یا بیچنے کا کاروبار ؛ ایسے اوزاروں (خصوصاً کاٹنے اور کھانے سے متعلّق) کا اجتماعی نام ۔

cutler, n. کاردگر یا کاردفروش ؛ چاقو چُھری تیز کرنے والا ۔

cutlet, n. تِکّہ یا قتلہ ؛ گوشت اُبالا یا تلا ہوا قتلہ ، اصلاً یہ تِکّے یا قتلے بکرے کی پسلی کے ہوتے تھے ، لیکن اب عام طور پر بچھڑے یا بکرے کی ران کے ہوتے ہیں ؛ چپٹی شکل کا بھرا ہُوا کباب یا کوفتہ جو قیمے ، مرغ کے قیمے یا جھینگے کا بنایا جاتا ہے ۔

cut off, v.t. الگ کرنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ (الگ رکھنے کے لیے) بند کرنا ؛ ورثہ سے محروم کرنا ؛ راستہ روکنا یا بیچ میں روکنا ؛ دخل دینا ؛ خلل ڈالنا ؛ یکا یک ختم کرنا ؛ کاٹ کر پھینک دینا ؛ بُھٹّا سا اُڑا دینا ۔ (اسم) الگ تھلگ فرد یا شے ؛ کوئی کاٹنے والی چیز ؛ کم تر فاصلے کا راستہ ، خصوصاً وہ راستہ جو موڑ کو چھوڑ کر آر پار گزرے ؛ انجن کے اسطوانے میں بھاپ یا رقیق کے گُزر یا اس پر اثر انداز میکانکی عمل کی روک ۔

cutoff point, n. (فضائیات) انفصالی نُقطہ ؛ قذفی میزائل (پرتاب) یا دیگر خلا میں بھیجے گئے اجرام کے خطِ حرکت پر وہ نُقطہ جس پر ایندھن ختم ہو جاتا ہے یا بند کر دیا جاتا ہے ؛ انقطاعی مقام/لمحہ ۔

cut out, v.t. قطع کرنا ؛ کاٹ کر یا کندہ کر کے الگ کرنا ؛ جُدا کرنا ؛ منقطع کرنا ؛ کاٹ کر یا تراش کر شکل دینا یا وضع کرنا ؛ حریف کو نکال باہر کرنا ؛ حریف کی جگہ چھین لینا ۔ (جہاز رانی) جہاز پر قبضہ کر کے بندرگاہ سے لے جانا ۔ (فعل لازم) (بول چال) ختم ہونا یا بند ہونا ؛ عجلت میں چھوڑنا یا رخصت ہونا ۔ (اسم) کٹنی ؛ کٹ آؤٹ ؛ انقطاع ؛ کاٹ کر الگ کرنے والی چیز ؛ ایک آلہ جس کو برقی رو میں خلل ڈالنے یا برقی رو کے ایک حصّے کو ختم کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ کٹ آؤٹ یا گیس روزن : اندرونی سوزش کے انجن کی گیس خارج کرنے والی نلی میں ایک پرزہ جو کھل کر انجن کی گیس براہِ راست باہر ہوا میں پھینک سکتا ہے ؛ کوئی چیز جو کسی اور چیز سے الگ کر دی گئی ہو ۔

cutover, n. جنگل کا وہ رقبہ جہاں سے سارے درخت کاٹ لیے گئے ہوں ۔

cutover, a. کاٹا ہوا ۔

cutpurse, n. جیب کترا ؛ گرہ کٹ ؛ پرانے زمانے کا وہ چور جو مَردوں کی کمر سے بندھے ہوئے بٹوے چُراتا تھا ۔

cut-rate, a. کم شرح ؛ عام قیمت سے کم قیمت پر بیچا ہوا ۔

cutter, n. تراشندہ ؛ قاطع ؛ کاٹنے والا شخص یا چیز ؛ برندہ ؛ لباس قطع کرنے والا ؛ چپّو یا بادبان سے چلنے والی درمیانہ جسامت کی کشتی یا لانچ جو جنگی جہاز سے تعلّق رکھتی ہو ؛ ایک مستولی کشتی جس کا ڈھانچا غُراب کی طرح قدرے لمبا اور تنگ ہوتا ہے ؛ سرکاری دُخانی کشتی جو خلاف قانون درآمد و برآمد روکنے نیز کسٹم کے قوانین پر عملدرآمد کرانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ ایک گھوڑے کی سلیڈ (بغیر پہیوں کی برف پر چلنے والی گاڑی) ۔

cut throat, n. قاتل ؛ گردن مار ؛ گلا کاٹنے والا شخص ۔ (صفت) خونی ؛ بے رحم ؛ سفّاک ؛ جلاد ؛ گردن کُش ؛ مُوذی ؛ تاش کے بعض کھیلوں کا یا ان کے متعلّق ، جیسے تین ہاتھ کا پوکر یا کٹ تھروٹ کانٹریکٹ ؛ انتہائی سخت(مقابلہ)۔

cuthroat trout, n. گل کٹی ٹراؤٹ : ایک قسم کی سفید دھبّے دار ٹراؤٹ مچھلی جس کے نچلے جبڑے پر سرخ لکیر ہوتی ہے ۔

cutting, n. کَترن ؛ کٹائی ؛ چھیلن ؛ کاٹنے والے آدمی یا شے کا عمل ؛ کاٹ کر الگ کی گئی چیز ؛ بونے کے لیے درخت سے کاٹی گئی چھوٹی شاخ یا اکھوا ؛ ایک بار کی ریکارڈنگ ؛ کترائی ؛ تراش ؛ کاٹ ۔ (برطانوی) اخبار سے خبر کا تراشہ یا کترن ؛ کاٹ کر بنائی ہوئی کوئی چیز ؛ اونچی جگہ یا ٹیلے کو سڑک کے لیے ہموار کرنے کی غرض سے کُھدائی یا کٹائی ؛ چھپٹی ؛ قتلہ ؛ قلم تراش ؛ تخفیف ؛ کمی ۔ (صفت) چُبھنی ؛ کٹائی کے متعلق یا کٹائی سے تقسیم شدہ ؛ کاٹنے یا چُبھنے والی ، جیسے ٹھنڈی ہوا ؛ احساسات کو شدّت سے مجروح کرنے والا ، جیسے کوئی طنز ؛ چبھتی یا سخت (بات) ؛ کٹیلی ۔

cuttle, n. قیرماہی ؛ کٹل مچھلی یا دوشاخہ مچھلی ؛ سمندر جھاگ ؛ سپیداج ۔

cuttlebone, n. صدف قیرماہی : اصلی کٹل مچھلی کی آہکی یا چونے دار اندرونی استخوانی تختی جس کا سفوف فلزّی ظروف کو چمکانے کے لیے یا زرد چڑیا کی کنگنی کے طور پر کام آتا ہے ؛ سمندر جھاگ ۔

cuttlefish, n. سیپیا ؛ قیرماہی ؛ کٹل مچھلی ؛ مختلف سرپایاں میں سے کوئی ایک ، خصوصاً وہ جو جنس سیپیا (Sepia) سے تعلق رکھتے ہیں ، اس کے بازو چوسنے (Sucker) ہوتے ہیں اور یہ خطرے کے وقت اپنے مُنہ سے سیال رال نکالتی ہے ؛ سپیداج ۔

cutup, n. (بول چال) نقّال ؛ نقلچی ؛ دبقانیوں ، احمقوں کی نقلیں اتارنے والا بھانڈ ؛ شوخی شرارت کرنے والا شخص ؛ نقلیا ؛ مسخرا ؛ بہروپیا ۔

cutwater, n. بن کٹ : جہاز یا کشتی کا اگلا حصّہ جو نکیلی ساخت کی وجہ سے پانی کو کاٹتا ہے ؛ پُل کے ستونوں یا پشتوں کے نکیلے یا دھار دار کنارے جو پانی یا برف کو کاٹ کر اس کے دباؤ کو روکتے ہیں ۔

cutwork, n. کٹ گُل گاری ؛ ایک قسم کی زر دوزی کی گُل کاری جس میں سوزن کاری کے اندر پُھول پتّیوں کی کٹائی کی جائے ۔

cutworm, n. کاٹ کیڑا : ایک قسم کی تیتلی کا لاروا (کملا) جو رات کے وقت پودوں کی پنیری کو جڑ کے قریب سے کاٹ دیتا ہے ۔

cuvette, curvette, n. (کیمیا) امتحانی نلی : تجربہ گاہ میں استعمال ہونے والی چھوٹی اور شفّاف نلی یا برتن ۔

cyanamide, n. (کیمیا) سائنامائیڈ : سفید قلمی مرکّب جو سائنوجن کلورائڈ پر امونیا کے کیمیاوی عمل سے تیّار کیا جاتا ہے ۔

cyanate, n. (کیمیا) سائنیٹ ؛ سایانک ایسڈ یا نیلین کے تیزاب کا نمک ۔

cyanic, a. سائنک ؛ کبودی ؛ نیلا ؛ یہ لفظ خصوصاً پُھولوں کے رنگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے جن میں نیلے اور نیلاہٹ لیے ہوئے تمام رنگ شامل ہیں ؛ سایانوجن یا نیلین کے متعلّق یا اس کا حامل ۔

cyanide, n. (کیمیا) سایاناڈ ؛ سایانوجن کا کسی عُنصر یا اصلیّہ (جزوِ مستقل) کے ساتھ مرکّب ، مثلاً پوٹیشیم سایاناڈ جو ایک طاقتور زہر ہے ۔ (فعل متعدی) سایاناڈ سے (کیمیاوی) عمل کرنا ، جیسے سونا حاصل کرنے کے لیے معدنی مادّے پر سایاناڈ کا عمل کرنا ۔

cyanide process, n. کیمیا گری ؛ سایانائیڈی طریقِ عمل ؛ معدنی مادّے سے سونا اور چاندی کھینچنے کا سایانائیڈی طریقہ ۔

cyanine, n. سایانین ، گلابین : فوٹوگرافی کی فلموں کو زیادہ تعداد میں رنگوں سے حسّاس بنانے کے لیے استعمال کیے جانے والے رنگ آمیزوں کے مختلف زُمروں میں سے کوئی ایک ؛ کبودین ۔

cyano, a. (کیمیا) نیلین ؛ سایانوجن کی حامل یا سایانوجنی زمرے سے متعلّق ۔

cyanoacrylate, n. سایانواَکری لیٹ : ایک سالمی اکرائیلی مرکّب جو زخموں کو بھرنے اور صنعتوں میں چسپاندے کے طور پر کام آتا ہے ۔

cyanocobalamin, n. (کیمیا) سایانوکوبلامن ؛ حیاتین ب ۱۲۔

cyanogen, n. سایانوجن آمیختہ ؛ نیلین ؛ واحدگرفتہ اصلیّہ (جزوِ مستقل) ، جس میں ایک ایٹم کاربن کا اور دوسرا نائٹروجن کا ہوتا ہے اور جو مختلف مرکّبات میں پایا جاتا ہے ، جن میں سے کچھ کا رنگ نیلا ہوتا ہے ؛ ایک زہریلی اور آتش گیر گیس ۔

cyanogenetic, cyanogenic, a. سایانوجینائی ؛ نیلینی ۔

cyanosis, n. (امراضیات) سیاہ یرقان ؛ خُون میں ناکافی آکسیجن کی وجہ سے جلد کی نیلاہٹ یا سرمئی پن ؛ یرقانِ اسود یا نیلا یرقان ؛ زرّاق ۔

cyanotic, cyanosed, a. یرقانِ اسود ؛ زرّاقی ۔

cybernate, v.t. صنعت کو ایسی خودکار و خود ضابط مشینوں سے لیس کرنا کہ اس پر انسان کے کنٹرول کی ضرورت بہت کم یا نہ ہونے کے برابر رہ جائے ۔

cybernetics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) انضباطیّات اجزا ؛ انضباطیّاتِ اعضا ؛ حیوانوں ، انسانوں اور مشینوں کے درمیان ضبط و اِبلاغ کے نظاموں کا مُطالِعہ ۔

cybernetic, a. انضباطیاتی ۔

cyborg, n. سائبورگ ؛ وہ جسم نامی جس کے ساتھ کوئی برقی آلہ نصب ہو یا کسی عضو سے وہ آلہ متعلّق ہو تاکہ جسم کی فعلیاتی خرابی اس سے دُور ہوتی رہے ، جسم کے نامساعد ماحول میں بھی جسم کا فعل معمول کے مطابق رہے یا جسمانی طاقت و اِستعداد میں بھی وُسعت پیدا ہو ۔

cycad, n. کرف نخلی ؛ فرنِ نخلی ؛ ایک قسم کا تاڑ ؛ اسی نام و جنس کا کوئی بھی درخت ، اس خاندان کے درخت گرم علاقوں میں ہوتے ہیں ، ان میں مخروطی پھل لگتے ہیں ، شباہت میں یہ درخت فرن اور تاڑ کے بین بین ہوتے ہیں ، ان میں سے کئی کے تنے بغیر شاخوں کے ، موٹے اور ستونی ہوتے ہیں اور ان کے اوپر شاخوں اور پتّوں کی چھتری ہوتی ہے ۔

cyclamen, n. پنجۂ مریم ؛ پہاڑی کنول ؛ ایک قسم کی جھاڑی جس کے پُھول بہت خوبصورت اور جڑیں موٹی گُودے دار ہوتی ہیں ؛ بخورِ مریم ۔

cycle, n. آسمان میں (سیّارے کا) مدار ؛ سنین کا دَور یا وقت کا دُہرایا جانے والا عرصہ ، خصوصاً جس میں بعض واقعات یا قدرتی مظاہر اپنے آپ کو سابقہ ترتیب اور وقفہ سے دُہرائیں ؛ اس لیے ، سالوں کا کوئی بھی لمبا عرصہ ؛ ایک یُگ ؛ واقعات کا کوئی بھی دور ؛ ایک تسلسل جو خود کو دُہرائے ؛ کوئی بھی کامل سلسلۂ عمل ، خصوصاً دروں احتراقی انجن کے اُسطوانے میں محرّک رقیق (پٹرول ، پانی) کی تبدیلیوں کا کامل سلسلہ ؛ متبادل برقی رو کی کایا پلٹ کا کامل یا دُہرا تبادُل ؛ دورہ ؛ گردش ؛ چکّر ؛ قرن ؛ ایام ؛ زمانِ تکمیل ؛ عرصۂ تکمیل ؛ کسی دیومالائی یا رزمیہ موضوع پر نظم و نثر کا بیانیہ سلسلہ (جیسے : the Charlemagne or the Arthurian cycle، سلسلۂ رام چندر ، سلسلۂ کرشن ، سلسلۂ حضرت امیر حمزہ) ؛ بائیسکل ؛ ٹرائی سِکل وغیرہ ؛ سائیکل سے سفر ؛ دَور ؛ فلک ؛ دوریہ ؛ حلقہ ۔

cycle, v.i. گُھومنا ، چرخ کھانا ، چکّر کھانا ؛ دائرے میں حرکت کرنا ؛ گول گردش میں ہونا ؛ بائیسِکل یا ٹرائی سکل پر چلنا ؛ سائیکل پر محوِ سفر ہونا ۔

cycler, n. سائیکل چلانے والا ؛ سائیکل سوار ۔

cycle, n. (کمپیوٹر) دوریہ ؛ چکر ؛ کم سے کم عرصہ جس میں کمپیوٹر اپنا کام پورا کر سکے ؛ کاموں کا ایک سلسلہ جسے کمپیوٹر واحد عمل کے طور پر دُہرائے ؛ حلقہ ۔

cyclic, cyclical, a. دائروی ؛ دوری ؛ حلقوی ؛ دَور ، دائرے یا حلقے کا یا اس کے متعلّق ؛ متدائر ؛ قَرنی ؛ متعلّق قرن یا دور ؛ دائروں میں گُھومتا ہوا یا بار بار واقع ہوتا ہوا ؛ ادوار میں دُہرائے جانے کی خصوصیت کا حامل ۔ (نباتیات) حلقوں میں ترتیب دیے ہوئے ، جیسے پُھول کی پنکھڑیاں ؛ ایسے پُھول کے متعلّق جس کی پنکھڑیاں دائروں میں ترتیب دی گئی ہوں ؛ حلقہ دار ؛ چرخی ؛ گردشی ؛ چکری ۔ (کیمیا) ایسے مرکب کا یا اس کے متعلّق جس کے ترکیبی فارمولے میں زنجیر متصل یا سالموں کے حلقے شامل ہوں ۔

cyclical stocks, n. (جمع) (بازار حصص) مستدیر تمسکات : بعض تمسکات یا حصص ، مثلاً کپڑے اور فولاد کی صنعتوں کے حصص جو مجموعی طور پر ان صنعتوں کے تجارتی اداروں میں اتار چڑھاؤ کے رجحانات کے مطابق چڑھتے یا اُترتے ہیں ؛ دَوری حصص ؛ متدائر ذخائر ۔

cyclical theory, n. متدائر نظریہ : یہ نظریہ کہ تجارتی حالات میں اتار چڑھاؤ وقت کے مخصوص عرصوں میں پیش گویانہ نمونے کے مطابق واقع ہوتے ہیں ؛ دَوری نظریہ ؛ مستدیر اصول ؛ دَوری قیاس ۔

cyclist, n. سائیکل سوار : بائیسکل ، ٹرائی سکل یا موٹر سائیکل پر سواری کرنے والا شخص ؛ سائیکل چلانے والا ۔

cyclograph, n. قوس نگار ؛ قوسیں ، منحنی خطوط یا دائرے کھینچنے کا آلہ یا ترکیب ۔ (عکاسی) ایک قسم کا کیمرہ جو کسی چیز کا مسلسل مرقّع یا سیربینی تصویر لے سکتا ہو ؛ دائرہ نگار ؛ شکل نگار ؛ منظر نگار ۔

cycloid, a. مستدیر ؛ دائرہ نُما ؛ مستدیریہ ؛ ہموار اور ہیئت میں کم و بیش مستدیر مع ہم مرکز تخطیط ، جیسے بعض مچھلیوں کے کھپرے ہوتے ہیں ؛ مچھلی جیسے کھپرے والا ؛ دوری جنونی ؛ دور آسا ؛ دائری ؛ دوری ۔ (جیومیٹری) وہ منحنی خط جو دائرے کے محیط پر نُقطہ اس وقت بناتا ہے جب کہ دائرے کو خطِّ مستقیم پر لڑھکایا جائے اور سطح کو ہمیشہ یکساں رکھا جائے ؛ مستدیری کھپروں والی مچھلی ؛ دَور آسائی ۔

cycloidal, a. مستدیری ؛ تدویری ۔

cyclometer, n. دائرہ پیما ؛ دور پیما ؛ گردش پیما ؛ دَوری فاصلہ پیما : ایک آلہ جو پہیے کے چکّروں کا حساب رکھتا ہے اور چکروں کی تعداد سے یہ معلوم کر سکتا ہے کہ پہیے دار گاڑی نے کتنا فاصلہ طے کیا ہے ؛ ایک آلہ جو مستدیری قوسوں کو ناپتا ہے ۔

cyclone, n. سائیکلون ؛ گردبار ؛ بگولا ؛ طوفانی ہوا ؛ گردابی طوفان ؛ گردکش ؛ ہوا کا چکردار یا تدویری طُوفان جو ۲۰ سے ۴۰ میل فی گھنٹہ کی انتہائی تیز رفتار اور تباہ کُن طاقت کے ساتھ شمالی نصف کُرے میں دائیں سے بائیں اور جنوبی نصف کرے میں بائیں سے دائیں گھومتا ہوا آگے بڑھتا ہے ۔

cyclonal, a. گردبادی ۔

Cyclopean, a. غولی ؛ عفریتی ؛ جنّاتی ؛ بہت بڑا ؛ ایک اساطیری عفریت کا جس کی پیشانی کے وسط میں صرف ایک آنکھ ہوتی تھی یا اس کی خصوصیّت رکھنے والا ۔ (بعض اوقات چھوٹے c کے ساتھ) عظیم ؛ کھلی ؛ بہت وسیع ۔ (عموماً چھوٹے c کے ساتھ) بہت

بڑی جنّاتی عمارت جو ناتراشیدہ پتّھروں سے بنائی گئی ہو۔

cyclopedia, cyclopaedia, n. دیکھیے : encyclopedia ۔

cyclopropane, n. سائیکلوپروپین ؛ احتراقی گیس : آتش گیر گیس جو سُن کرنے والی دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

cyclorama, n. محیطی منظر ؛ مدوّر سیربین : ایک تصویری منظر (مثلاً کوئی بڑی منظر یا جنگ کا سین) جو اسطوانی کمرے یا ہال کی دیوار پر دکھایا جائے اور ناظرین کو پس منظر کے ساتھ نظر آئے ؛ اسٹیج کی پُشت پر پردے کا اسطوانی یاقوسی پس منظر۔

cyclostome, n.,a. مدور دہن مچھلی : بام مچھلی کی طرح آبی اور فقری مخلوق بشمول تنبو مچھلی اور علقی ماہی میں سے کسی قسم کی مچھلی جن کے تھیلیوں جیسے گلپھڑے اور چُسنی دار مُنھ ہوتے ہیں۔

cyclothymia, n. (طب نفسی) جنون دَوری : دوری اختلالِ دماغی کی قسم کا ہلکا نفسی عارضہ جس میں شخصیت کبھی (بے سبب) اُداسی اور کبھی (بے وجہ) خوشی کی کیفیّات سے دوچار رہتی ہے۔

cyclothyme, n. مجنونِ دَوری ؛ جنونِ دَوری میں مبتلا شخص۔

cyclothymic, a. جنونِ دَوری سے متعلّق ؛ دَوری جنونی۔

cyclotron, n. (طبیعیات) سائیکلوٹرون ؛ دوّاریّہ : ایک آلہ جو برقائے ہوئے ذرّات یا ایٹموں کو بار بار نسبتاً کم وولٹیج کے تبادلی برقی میدان (جس میں سے ذرّات مقناطیسی کشش کی رہنمائی میں چکر دار راستے سے گُزرتے ہیں) سے گزارنے کے متواتر مجموعی اثر کے طور پر زیادہ توانائی اور رفتار دیتا ہے۔

cygnet, n. بط بچّہ ؛ جوان ہنس ؛ ہنس کا چوزہ ؛ بڑی بطخ کا بچّہ۔

Cygnus, n. (فلکیات) دُجَاجہ : کہکشاں میں شُمالی مجمع الکواکب ہنس ، جس میں روشن ستارہ زنب الدجاجہ بھی شامل ہے۔

cylinder, n. سلنڈر ؛ اُسطوانہ ؛ بیلن ؛ اُسطوانیہ ؛ اقلیدسی جامد جو مستطیل کے اپنے ایک ضلعے کو لپیٹتے ہوئے گھومنے سے بنتا ہے ، اِس طرح کہ اس کی شکل دو متوازی دوری قاعدوں اور ایک قوسی سطح (جن کے اجزا ''قائمہ دوری اسطوانہ'' نامی قاعدوں سے عمودی ہوتے ہیں) سے محدود ہوتی ہے ؛ ''غیر قائمہ مدّور اسطوانہ'' نامی ایک مماثل جامد جس میں قوسی سطح کے اجزا مستدیری قاعدوں سے محرّف ہوتے ہیں ؛ کوئی بھی جامد جو دو متوازی سطوح مستوی اور ایک منحنی سطح سے محدود ہو اور جسے ایک خط مستقیم کو اس طرح حرکت دے کر بنایا جائے کہ وہ مستقل ایک معین قوس کو چھوئے اور اس کے اصل مقام سے ہمیشہ متوازی ہو ؛ اس طرح سے بنائی ہوئی منحنی یا قوسی سطح : کوئی بھی اُسطوانہ نُما چیز یا جُز ، خواہ وہ ٹھوس ہو یا کھوکھلا ؛ پستول یا رِیوالور کا گھومنے والا حصّہ جس میں گولیاں رکھنے کا خانہ بنا ہوتا ہے ؛ انجن کا گول خانہ جس میں کام کرنے والا رقیق مادّہ (پٹرول وغیرہ) فشارے یا پسٹن پر کام کرتا ہے ؛ پمپ کی اُسطوانی نلی جس میں پسٹن رقیق مادّے کو متحرک کرتا ہے ؛ طباعت کی بعض مشینوں میں گھومتے ہوئے بیلن جو چھاپے کا مواد کاغذ پر مُرتسم کرتے ہیں یا دو بیلنوں میں سے کوئی ایک ، جو ایک دوسرے کے مقابل متضاد سمتوں میں گھومتے ہیں۔ (آثاریات) مٹّی یا پتھّر کی اُسطوانی ٹکیہ جس پر مخروطی حروف کندہ ہیں اور جو بابل نیز متعلّقہ علاقوں کے لوگ مُہر یا تعویز کے طور پر استعمال کرتے تھے۔

cylinder, v.t. اُسطوانہ یا اُسطوانے مہیا یا نصب کرنا ؛ اسطوانہ یا اُسطوانوں کے عمل سے گزارنا۔

cylindric, a. اُسطوانی ؛ اُستوانی ؛ اسطوانے یا بیلن کا ، اس کے متعلّق یا اس کی شکل کا ؛ بیلنی ؛ سلنڈری۔

cylindroid, cylindrical, n. اُسطوانہ نما ؛ بیلن نما ؛ جامد یا ٹھوس چیز جس کی شکل اُسطوانے یا بیلن کی ہو اور جس میں ویسے ہی متوازی اور بیضوی قاعدے ہوں ؛ بیلن شکل۔

cyma, n. (فن تعمیر) شط ؛ کگر ؛ کنگنی ؛ کارنس کی کُروی کگر ؛ ایسی کگر جس کے ایک رُخ پر دوہری لہریں یا موڑ ، مجوف کو محدّب سے جوڑ کر دیے جاتے ہیں؛آرایشی حاشیہ یا محراب جس میں مسلسل دہرے انحنا پائے جائیں۔ (نباتیات) گوبھی ؛ گُبھیا ؛ گوبیا ؛ وہ پودا جس کی ایک شاخ پر ایک ہی پھول کھلے ؛ لہریا گولا۔

cymatium, n. (فن تعمیر) لہر یا کگر ، خصوصاً شُرفہ کنگنی جو عمارت کے تاج پر ہوتی ہے۔

cymbal, n. سنج ؛ جھانجھ یا مجھیرا : ایک ساز جو کانسے یا پیتل کی دو گول اور جوفی رکابیوں پر مشتمل ہوتا ہے ، ان رکابیوں کو ایک دوسرے پر ترچھا مار کر تیز اورجھنجھناتی آواز نکالی جاتی ہے ؛ جلاجل ؛ کھڑتال۔

cymbalist, n. جھانجھیا ؛ جھانجھ یا مجھیرا بجانے والا ؛ سنجی ؛ مجھیرا نواز۔

cymbidium, n. ثعلبِ مصری ؛ ایک قسم کی بوٹی جس کے کشتی نُما مختلف رنگوں کے خوش نما پھول اکثر عورتیں سینہ بند پر سجاتی ہیں۔

cyme, n. (نباتیات) شط ؛ کوبیا ؛ ایک خاص قسم کی پُھول واری یا پُھول دار جھاڑی جس کے پُھول عنبیا یا گُچھے دار ہوتے ہیں ، پُھولداری میں مرکزی پُھول پہلے کِھلتے ہیں ؛ گھبیا ؛ کلی خوشہ۔

cymose, a. شطیہ ؛ کوبی دار ؛ پھول داری کا حامل یا پُھول داری کے متعلّق ؛ پُھول داری کی شکل کا۔

cymene, n. (کیمیا) سائمین ؛ رقیق ہائیڈروکاربن جو خوشبودار ہوتا ہے ، یہ عام سفید زیرے کے بُخارات بن کر اڑ جانے والے تیل میں پایا جاتا ہے ، اسے رال اور دھاتوں کی قلعی بنانے کے لیے نیز بطورِ محلّل استعمال کرتے ہیں۔

cymogene, n. (کیمیا) سائموجین ؛ہائیڈروکاربنوں کا آمیزہ ؛ آتش گیر اور بخار بن کر اڑنے والی ہائیڈروکاربنوں کا خصوصاً بیوٹین (بے رنگ ہائیڈررکاربن گیس) کا آمیزہ جو غیر صاف شدہ پٹرول کی کشید کے آغاز میں حاصل کیا جاتا ہے ، یہ آمیزہ کم درجۂ حرارت پر بُخارات اٹھانے یا بُخار بنا کر اڑانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

Cynic, n. (فلسفہ) کلبی ؛ فلسفۂ کلبیہ کا پیرو ؛ قدیم یونان کے فلسفہ کلبیہ کے ماننے والوں میں سے ایک ، جن کی تعلیم تھی کہ اگر خوشی کو خوشی کے لیے حاصل کرنے کی کوشش کی جائے تو وہ ایک بُرائی یا بدی ہے ، یہ لوگ دولت اور عیش و مسّرت سے نفرت کا اظہار کرتے تھے۔ (چھوٹے c کے ساتھ) طعنہ زن ، نُکتہ

چیں ؛ انسان کی نیک طینتی پر یقین نہ رکھنے والا اور جو اپنی بدگمانی کا اظہار طنز و تشنیع اور استہزا سے کرے ؛ روکھا ؛ تُرش رُو ؛ نک چڑھا ؛ نوع انسان کی نیکی کا مُنکِر ؛ خشک مزاج ۔

Cynic, a. کلبی ؛ کلبی فلسفہ یا کلبی فلسفیوں کا یا ان کے متعلق ؛ کلبی یا بدگمان ؛ خُشک مزاج ؛ سگ نُما ؛ سنکی ۔

cynicism, n. کلبیت ؛ کلبی چلن ؛ زندگی کی مسرّتوں اور فنون سے بیزاری ؛ نک چڑھا پن ؛ تُرش رُوئی وغیرہ ؛ خشک مزاجی ؛ بدخوئی ؛ بدبینی ۔

Cynical, a. شعرائی ؛ کلبی ؛ کلبیّوں یا ان کے نظریات کا ، ان کے متعلّق ، ان سے مشابہ یا ان سے ماخوذ ۔ (چھوٹے c سے) کلبی کی طرح یا اس کی خصوصیّات کا حامل ۔

cynicalness, n. کلبیّت ؛ کلبی انداز ۔

cynosure, n. قطبی تارا ۔ (بڑے C سے) دُبِّ اصغر نیز قطب تارا ؛ مجمع الکواکب دُبّ اصغر (Ursa Minor) کا پرانا نام ، اس میں قطب تارا بھی شامل ہے جس کی وجہ سے یہ ملاحوں اور دوسرے لوگوں کے لیے زمانۂ قدیم سے جانا پہچانا مجمع الکواکب ہے ۔ (چھوٹے c سے) کوئی بھی نہایت پرکشش چیز ؛ مرجع نظر ؛ مرکز توجّہ ؛ منظر ؛ ہدف ؛ نگاہ ۔

cypher, n. دیکھیے : Cipher ۔

cypres, n.,adv (قانون) تاامکان حسبِ وصیّت ؛ موصی کی وصیّت کردہ خواہشات اور ہدایت پر ممکنہ حد تک عمل ، ایسی صورت میں کہ یہ خواہشات اور ہدایات ناممکن یا قانون کے خلاف ہوں ۔

cypress, n. سرو ؛ صنوبر ؛ شمشاد ؛ صنوبر خاندان کے سدابہار درختوں میں سے کوئی ایک ، ان درختوں کے پتّے گہرے سبز ، لمبے ، خار نما اور اُوپر تلے ہوتے ہیں ، لکڑی سخت اور پائیدار اور شاخوں کا پھیلاؤ تناسب و تشاکل کے ساتھ ہوتا ہے ؛ جنوبی امریکا کے صنوبر سے ملتے جلتے دیگر صنوبری درختوں میں سے کوئی ایک ؛ ان درختوں میں سے کسی ایک کی لکڑی ؛ صنوبر سے مشابہ دیگر اقسام کے مختلف درختوں میں سے کوئی ایک ؛ صنوبر یا سرو کی شاخیں جو سوگ کی علامت کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں ۔

cypress vine, n. سرونُما بیل ؛ باغ میں لگائے کا موسمی پودا ، جس کے نفیس ترشے ہوئے پتّے اور سُرخ یا سفید نلکی نُما پُھول ہوتے ہیں ۔

Cyprian, Cypriote, n. قبرصی ؛ قبرص یا سائپرس کے متعلق ، مشرقی بحرروم میں واقع جزیرہ جو حُسن کی دیوی افرو ڈائٹ کی جائے پیدایش اور اس کے پُجاریوں کا قدیم وطن ہے ؛ عیّاش ؛ اخلاقی قیُود سے آزاد ؛ آوارہ ۔

cypripedium, n. پاپوش گل ؛ اسی نام و جنس سے تعلّق رکھنے والا کوئی بھی پودا جس کے ثعلبِ مصری کے پودے کی طرح بڑے جُھکے ہوئے پُھول ہوتے ہیں اور ہر پُھول کا تھیلی نُما لب آگے کو نکلا ہوتا ہے ؛ خاتون کی پاپوش ؛ صاف گُل پودا ۔

cyrtosis, n. (امراضیات) خمیدگی ؛ ریڑھ کی ہڈّی اور دیگر اعضا میں غیر معمولی خم ۔

cyrtostyle, n. (فن تعمیر) خمِ اسلوبی ؛ سقفی پیشِ دہلیز ، رواق یا ڈیوڑھی جس کے ستونوں کی ترتیب آگے کو نکلی ہوئی قوس بنائے ۔

cyst, n. مثانہ ؛ کِیسہ ؛ پُھکنا ؛ تھیلی ؛ بُلبُلہ ؛ آبلہ ۔ (امراضیات) حیوانی نسیج میں بننے والا جوف یا آبلہ جس کے اندر رقیق یا نیم رقیق فاسد مادّہ بھرا ہو ۔ (حیوانیات) حفاظتی غلاف یا خول جو خاص طور پر بعض جانوروں کے نسیج میں پلنے والے چھٹے کیڑے یا جراثیم اپنے گرد بنا لیتے ہیں ۔ (نباتیات) خلیہ یا جوف جس میں تناسلی اجسام بند ہوں ؛ بچہ دانی ؛ بیضہ دانی ؛ انبان ؛ سلعہ ۔

cystectomy, n. (جراحّی) مثانہ براری ؛ مرارہ براری ؛ مرارہ شگافی ؛ آبلے یا تھیلی میں عمل جراحی سے شگاف ڈالنا ؛ مثانہ شگافی ؛ سلعہ براری ۔

cystic, a. پتوی ؛ مثانوی ؛ تھیلی یا آبلے کے متعلّق ؛ تھیلی یا آبلے کا حامل ؛ مثانوی تھیلی کا ؛ خانۂ فضلات کے متعلّق ؛ پتّے کا ؛ مراری ؛ تھیلی نُما ؛ دویری ؛ انبانی ۔

cystic fibrosis, n. (امراضیات) انبانی کیفیّت ؛ موروثی بیماری جس سے بچپن ہی میں لبلبہ اور پھیپھڑے متأثّر ہو جاتے ہیں ۔

cystitis, n. (امراضیات) ورمِ مثانہ ۔

cystocele, n. (امراضیات) فتق ؛ فتقِ مثانہ ؛ مثانے کی نلی کا اندامِ نہانی میں اُتار ؛ آنت اُترنے کا عمل یا عارضہ ۔

cystoid, a. دویرہ نُما ؛ مثانہ نما لیکن جھلّی کے بغیر ؛ مثانے کی طرح ۔ (اسم) مثانہ نُما ساخت ۔

cystoscope, n. (طِب) مثانہ بین : ایک آلہ جس سے مثانے کے اندرون کی جانچ یا تشخیص کی جاتی ہے ؛ آلۂ امتحانِ مثانہ ۔

cystoscopic, a. مثانہ بینی کے متعلّق ۔

cytoarchitecture, n. خلا یا ساخت نسیج ؛ جسم کے نسیج یا حِصّے کی خلوی ساخت ۔

cytochemistry, n. خلوی کیمیا ؛ زندہ خلیوں کی ساخت اور کیمیا کا عِلم ۔

cytochromes, n. خلوی الوان ؛ خلوی رنگتیں ؛ فولاد کے حامل لحمیات کی ایک قسم جو آکسیجن پر منحصر جانوروں اور پودوں کے خلیوں میں پائی جاتی ہے ۔

cytogenesis, cytogeny, n. (حیاتیات) خلوی تشخیص ؛ حیوانی اور نباتاتی اجسام میں خلیوں کا آغاز اور ارتقا ؛ خلوی تولید ؛ خلیہ زائی ۔

cytogenetics, n. خلیہ جینیات ۔

cytokinesis, a. حرکیّتِ خلوی ؛ تقسیمِ خلوی ؛ باروَری نیز خلوی تقسیم کے وقت خلیہ مائی تبدیلیاں ۔

cytology, n. عِلمُ الخلایا ؛ خلویات ؛ خلیوں کا عِلم ؛ عِلمِ خلیات ؛ خلیوں کی ساخت ، تفاعل اور دورِ حیات کا سائنسی مطالعہ ۔

cytologist, n. ماہر عِلمُ الخلایا ؛ علمِ خلیات کا فاضل ؛ عالِمِ خلویات ۔

cytological, a. خلویاتی ؛ عِلمِ خلیات کا ۔

cytolysis, n. (فعلیات) خلیہ پاشیدگی ؛ خلیہ پاشی ؛ خلیوں کی تحلیل یا انحطاط ۔

cytomegalovirus, n. (طب) تکبیر خلوی وائرس ؛